
تجلّیات حکمت

کتاب ........................................ تجلیات حکمت

مولف .................................. سید اصغر ناظم‌زاده قمی

ترجمه و کمپوزنگ ................. سید قمر عباس هندی

زیر نظر .......................... المؤسسة الإسلامیة للترجمة

مطبع ......................................... اسماعیلیان

طبع ............... اول ـ فروری سنه ۱۹۹۶ع مطابق شوال سنه ۱٤۱٦ ھ

تعداد ............................................ ۱۵۰۰

ناشر ............................................ مولف

مکان توزیع : انصاریان پبلکیشنز ـ پوسٹ بکس نمبر ۱۸ ـ ۱۸۵ ، ۲ ـ قم جمہوری اسلامی ایران
ٹیلی فون نمبر ۴۴ ، ۴۱ ،

* * *

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

# تجلیات حکمت

امیرالمومنین علی علیہ السلام کے مختلف موضوعات پر منتخب کلمات

در ۲۲۵ موضوع

سید اصغر ناظم زادہ قمی

ترجمہ : سید قمر عباس

بسم الله الرحمن الرحيم

# انتساب

جمہوری اسلامی ایران کے بانی امام خمینی کی روح پرفتوح
کے نام جن کی کوششوں اور بلند پایہ افکار نے عصر حاضر
میں اسلام کو حیات نو بخشی ۔

اور

اپنے بزرگ و محترم والد سید عبّاس ناظم زادہ کی روح کے
نام جنھوں نے اپنی پوری زندگی اہل بیت کی محبّت ان عظیم
شخصیتوں کے در پر خدمت اور ان کی عزاداری کے لئے
وقف کر دی تھی ۔

اور

اپنے عزیز بھائی الحاج سید حسین ناظم زادہ کی روح کے نام
جن کا خورشید حیات بڑی جلدی غروب ہو گیا ۔

# عرض مترجم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

زیرنظر کتاب "تجلیات حکمت" حضرت علی علیہ السلام کے منتخب کلمات کا مجموعہ ہے، کلام امام، امام کلام ہوتا ہے یوں بھی ائمہ سے مختلف کتب میں تواتر کے ساتھ یہ حدیث نقل ہے کہ معصوم کا کلام قرآن کی طرح بہت سے معانی و مفاہیم لئے ہوتا ہے۔ لہٰذا اس کتاب میں موجود احادیث کے جو معنی میری ناقص فہم نے درک کئے، میں نے وہی لکھے ممکن ہے قارئین کے ذہنوں میں کسی حدیث کے کوئی اور معنی بھی آئیں مگر یہاں یہ وضاحت ضروری ہے کہ "ان حدیثوں کا یہی ترجمہ نہیں ہے بلکہ یہ بھی ایک ترجمہ ہے" بلاشبہ حضرت علی علیہ السلام کے کلام کا لفظ لفظ مرحب ضلالت کے لئے ذوالفقار کی حیثیت رکھتا ہے مگر یہ عربی کی بات ہے ترجمہ میں اس کی دھار کس حد تک سلامت رہی اس کا فیصلہ تو بہرحال باخبر قارئین ہی کر سکتے ہیں۔ ترجمہ کے دوران میری یہی کوشش رہی ہے کہ جہاں تک ممکن ہو لفظی ترجمہ کروں کیونکہ میری کوتاہ فکری اور ان کلمات کی ناقابل ادراک وسعتوں نے مجھے اپنی طرف سے مفہوم اخذ کرنے سے باز رکھا مگر بعض مقامات پر عربی زبان کی ہمہ گیری اور اردو کی اپنی مجبوریوں کی وجہ سے کچھ اضافے ناگزیر ہوگئے اور نہ چاہتے ہوئے بھی بعض مقامات پر کچھ اضافے کرنا پڑ گئے البتہ اس طرح کے اکثر مقامات پر قوسین کا سہارا لیا گیا ہے۔

زبان میں چاشنی کے فقدان اور احتیاط کی تلخیوں نے بھی ترجمہ کی شیریں بیانیوں پر براہ راست اثر ڈالا جس کی وجہ سے میں یہ دعویٰ تو نہیں کر سکتا کہ یہ ترجمہ نہایت اعلیٰ ادبی ذوق رکھنے والے قارئین کے مذاق کے مطابق ہے مگر اس کے باوجود میں مطمئن ہوں کہ خدمت حق کے لئے ہر ایک کو اپنی بساط بھر کوشش کرنا چاہیے اس کم مایہ مخلوق کی طرح جو آتش نمرود کے بھڑکتے شعلوں کو بجھانے کی کوشش کر رہی تھی ---- اس کم حیثیت خریدار کی طرح جس نے ہیرے جواہرات کی جگمگاہٹوں اور درہم و دیناروں کے ڈھیروں کے ساتھ آئے ہوئے یوسف کے خریداروں میں، محض چند سکوں کے عوض اپنا نام درج کرا لیا ---- دریا سے مل جانے کے خواہاں اس قطرے کی طرح جس کا مقصد، دریا میں اضافہ کرنا نہیں، بلکہ خود پر دریا کا اطلاق کرانا ہوتا ہے۔

بزرگ و اہل علم حضرات سے مثبت تنقید کی توقع ہے۔

قمر عباس۔ فروری سنہ ۱۹۹۶۔ قم

# مقدمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت علی علیہ السلام کا پر معنی کلام درحقیقت اس قیمتی خزانے کی طرح ہے جو انسانی تہذیب و ثقافت کے ماتھے پر گوہر آبدار کی طرح درخشاں ہے۔ یہ عظیم میراث سخن سنجوں کی نگاہ میں ایسا کلام ہے جو، کلام خالق کے بعد کلام مخلوق میں سب سے بلند مرتبے کا حامل ہے۔

یہ کلمات اس عظیم و بزرگ شخص کی زبان اور ذہن کی گوہر افشانیاں ہیں جو ایک بلند و بالا پہاڑ کی طرح ہے جس کی چوٹی سے (علم و حکمت کا) سیلاب بہہ رہا ہو اور جہاں پرندہ بھی پر نہیں مار سکتا۔ (۱) وہی جو یعسوب کلام ہے، وہ جس کے عظیم خاندان سے کلام کے درخت کی جڑیں ملی ہیں اور جن کے سروں پر اس کی شاخوں کا سایہ ہے (۲) ایسا رہنما جو سید رضی کے جملوں میں: "فصاحت کا آبشار و بلاغت کی اصل اور جڑ ہے۔ بلاغت کے مخفی اسرار اس کے ذریعے ظاہر ہوئے اور اس کے تمام قوانین اسی کی دین ہیں۔ تمام بولنے والے، خطیب اسی کا اتباع کرتے ہیں اور ہر واعظ اسی کی باتوں سے مدد مانگتا ہے اس کے باوجود کوئی بھی اس کے کلام کی بلندیوں کو درک نہ کر پایا بلکہ لوگ اس سے کافی پیچھے رہ گئے کیونکہ اس کا کلام تو خدا نے وعدہ کے لازوال کلام کی ایک علامت ہے اور اس کے کلام میں خوشبوئے نبوت رچی بسی ہے۔" (۳)

یا پھر ابن ابی الحدید کے بقول: " حکمت نظری سے متعلق حضرت علی علیہ السلام کے اقوال، افلاطون و ارسطو کے اقوال سے کہیں زیادہ بلند پایہ، حکمت عملی میں سقراط کے کلام سے زیاد عمیق اور فصاحت میں ابن وائل و

---

(۱) نہج البلاغہ، خطبہ ۳: "ینحدر عنی السیل ولایرقی الی الطیر"

(۲) وہی خطبہ نمبر ۲۳۳: "وانالامراءالکلام وفینا تنشبت عروقہ وعلینا تھدلت غصونہ"

(۳) سید رضی مقدمہ نہج البلاغہ

قیس بن ساعدہ کے کلام سے زیادہ فصیح ہیں۔(۱)

چونکہ یہ باتیں ایسے ذہن کے چشمے سے نکلی ہیں جس کے سوتے حکمت متعالیہ سے پھوٹتے ہیں اور جس کی تربیت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے کی ہے۔لہذا یہ کلمات لطافت کے لحاظ سے.بہار کی اس شبنم کی طرح ہیں جو دلوں کو جلا بخشتی ہے اور روحوں کو بالیدہ کر دیتی ہے مگر سختی و صلابت میں یہ کلمات اس چٹان کی مانند ہیں جو زبردست و منہ زور آندھیوں کا زور توڑ دیتی ہے اور فصاحت میں آپ کے کلام کا آہنگ، کوہستانوں میں نغمہ ریز آبشاروں کے سحر انگیز زمزموں کی طرح انسان کے احساسات کی گہرائیوں میں اتر جاتا ہے۔

ایسے اہم اور قیمتی کلمات کی حفاظت،شرح اور تفسیر ایک نہایت اہم ذمہ داری تھی جس کا احساس کرتے ہوئے شیعہ و سنی علماء نے شروع سے لے کر اب تک.بہت سی کتابیں اس ضمن میں لکھی ہیں ہر کتاب اپنی جگہ پر ایک مشعل کی حیثیت رکھتی ہے جو علوی علوم و معارف کو انسانی سماج کے سامنے واضح کرتی ہے اور انسانی ثقافت کی راہوں پر روشنی ڈالتی ہے۔

مگر اس کے ساتھ ہی یہ بھی ضروری تھا کہ احادیث کی مختلف کتابوں میں بکھرے ہوئے حضرت علی علیہ السلام کے کلمات قصار کو اکٹھا کر دیا جائے تاکہ محققین و خطباء حضرات کو سہولت ہو سکے۔اسی مقصد کی تکمیل کے لئے زیر نظر کتاب لکھی گئی ہے۔اس سلسلے میں چند باتوں کا تذکرہ ضروری ہے۔

۱۔یہ کتاب ۲۲۵ ابواب اور تقریباً ۵۰۰۰ حدیثوں پر مشتمل ہے جن کی ترتیب حروف تہجی کے اعتبار سے رکھی گئی ہے۔(عربی میں)

۲۔بعض مقامات پر ایک ہی حدیث کئی موضوعات سے مربوط ہونے کی وجہ سے دہرائی گئی ہے۔

(۳) امکان.بھر تمام احادیث پر اعراب لگایا گیا ہے تاکہ عربی گرامر سے نا آشنا افراد کو پڑھنے میں آسانی ہو

(۴) اس کتاب میں مذکور.بہت سے جملے موضوع کی مناسبت سے حضرت علی علیہ السلام کے مختلف خطبوں اور خطوط سے نکالے گئے ہیں۔یہ بھی اس کتاب کا ایک امتیاز ہے کیونکہ اس کتاب کے علاوہ اس موضوع پر لکھی گئی تمام کتابوں میں صرف حضرت علی علیہ السلام کے کلمات قصار ہی کا ذکر کیا گیا ہے آپ کے خطبات، خطوط

---

(۱) ابن ابی الحدید ج ۴ محمد بن ابو بکر کی شہادت کے بعد ابن عباس کو لکھے گئے ایک خط کی وضاحت کے دوران

اور طویل روایتوں کی طرف کوئی توجہ نہیں دی گئی ہے ۔یہیں پر یہ کہتا چلوں کہ ان میں سے بعض روایتوں کی ابتدا "و" یا "ف" سے ہورہی تھی جنھیں عدم مناسبت کی وجہ سے حذف کر دیا گیا ہے ۔

۵۔ شیعہ و سنی کتابوں کے مختلف حوالے کتاب کے آخر میں ذکر کئے گئے ہیں تا کہ کتاب کا حجم بھی زیادہ نہ ہونے پائے اور اس کے صفحات کی خوبصورتی بھی برقرار رہے ۔

۶۔ ایک روایت کے لئے بعض مقامات پر ہم نے کئی حوالے ذکر کئے ہیں ان میں پہلا حوالہ تو اس مذکورہ روایت سے پوری طرح مطابقت رکھتا ہے مگر اس کے بعد والے حوالے بعض مقامات پر پوری طرح سے اس حدیث یا روایت سے مطابقت نہیں رکھتے ۔

۷۔ اس کتاب کو ہر عیب و نقص سے پاک رکھنے کی پوری کوشش کی گئی ہے مگر اس کے باوجود بھی قارئین کو اگر کسی بھی طرح کی کوئی غلطی نظر آجائے تو ہمیں مطلع کر دیں تا کہ آئندہ اڈیشن میں اس کی اصلاح ہو سکے ۔

آخر میں، میں "المؤسسة الاسلامية للترجمة" کا بھی شکر گزار ہوں جس نے اس کتاب کے ترجمہ و طبع کے لئے میری حوصلہ افزائی کی ۔

حوزہ علمیہ قم
ناظم زادہ قمی

# فہرست


١ ـ الآخرة ١۔آخرت ........ ١
٢ ـ الاجتهاد ٢۔سعی ........ ۵
٣ ـ الاجل ٣۔اجل ........ ۶
٤ ـ الاحسان ۴۔احسان ........ ۹
٥ ـ الاخلاص ۵۔اخلاص ........ ۱۳
٦ ـ الاخلاق ۶۔اخلاق ........ ۱۶
٧ ـ الاخوة ۷۔اخوت ........ ۲۰
٨ ـ الادب ۸۔ادب ........ ۲۲
٩ ـ الارحام ۹۔قرابت ........ ۲۵
١٠ ـ الاستبداد ۱۰۔خودسری ........ ۲۷
١١ ـ الاستغفار ۱۱۔استغفار ........ ۲۸
١٢ ـ الاستقامة ۱۲۔پائیداری ........ ۳۰
١٣ ـ الاسراف ۱۳۔اسراف ........ ۳۱
١٤ ـ الاسلام ۱۴۔اسلام ........ ۳۲
١٥ ـ الاعتبار ۱۵۔عبرت ........ ۳۵
١٦ ـ الاعتذار ۱۶۔عذرخواہی ........ ۳۷
١٧ ـ الاقتصاد ۱۷۔میانہ روی ........ ۳۹
١٨ ـ الاكل ۱۸۔پرخوری ........ ۴۰
١٩ ـ الامامة ۱۹۔امامت ........ ۴۲
٢٠ ـ الامانة ۲۰۔امانت ........ ۴۴
٢١ ـ امربالمعروف ۲۱۔امر بالمعروف ........ ۴۶
٢٢ ـ الامل ۲۲۔آرزو ........ ۴۸
٢٣ ـ الامنية ۲۳۔تمنائیں ........ ۵۲
٢٤ ـ الانتقام ۲۴۔انتقام ........ ۵۴
٢٥ ـ الانصاف ۲۵۔انصاف ........ ۵۶
٢٦ ـ اهل البيت ۲۶۔اہل بیت ........ ۵۸
٢٧ ـ الايمان ۲۷۔ایمان اور مومن ........ ۶۲
٢٨ ـ الباطل ۲۸۔باطل ........ ۶۸
٢٩ ـ البخل ۲۹۔بخل ........ ۷۰
٣٠ ـ البدعه ۳۰۔بدعت ........ ۷۴
٣١ ـ البر ۳۱۔نیکی (بھلائی) ........ ۷۶
٣٢ ـ البغی ۳۲۔سرکشی ........ ۷۸
٣٣ ـ التبذير ۳۳۔فضول خرچی ........ ۷۹
٣٤ ـ التجربة ۳۴۔تجربہ ........ ۸۰
٣٥ ـ التدبير ۳۵۔تدبیر ........ ۸۳
٣٦ ـ التقوى ۳۶۔تقوی ........ ۸۴
٣٧ ـ التواضع ۳۷۔تواضع ........ ۸۸
٣٨ ـ التوانی ۳۸۔سستی ........ ۹۰
٣٩ ـ التوبة ۳۹۔توبہ ........ ۹۱
٤٠ ـ التوحيد ۴۰۔توحید ........ ۹۴
٤١ ـ التوفيق ۴۱۔توفیق ........ ۹۶
٤٢ ـ التهمة ۴۲۔تہمت ........ ۹۸
٤٣ ـ الثقة ۴۳۔بھروسہ ........ ۹۹
٤٤ ـ الثناء ۴۴۔ثنا ........ ۱۰۱

٤٥ ـ الثـواب ۴۵۔ ثواب ............... ۱۰۳
٤٦ ـ الجـزع ۴۶۔ بیتابی ............... ۱۰۵
٤٧ ـ الجماعة ۴۷۔ گروہ ............... ۱۰۷
٤٨ ـ الجنّة ۴۸۔ جنت ............... ۱۰۸
٤٩ ـ الجوار ۴۹۔ پڑوس ............... ۱۱۰
٥٠ ـ الجود ۵۰۔ جود ............... ۱۱۲
٥١ ـ الجهاد ۵۱۔ جہاد ............... ۱۱۳
٥٢ ـ الجهل ۵۲۔ جہالت ............... ۱۱۶
٥٣ ـ الحاجة ۵۳۔ حاجت ............... ۱۲۱
٥٤ ـ الحب ۵۴۔ محبت ............... ۱۲۳
٥٥ ـ الحج ۵۵۔ حج ............... ۱۲۷
٥٦ ـ الحذر ۵۶۔ احتراز ............... ۱۲۸
٥٧ ـ الحرام ۵۷۔ حرام ............... ۱۲۹
٥٨ ـ الحرص ۵۸۔ حرص ............... ۱۳۱
٥٩ ـ الحرمان ۵۹۔ حرمان ............... ۱۳۴
٦٠ ـ الحرّية ۶۰۔ آزادی ............... ۱۳۵
٦١ ـ الحزن ۶۱۔ حزن ............... ۱۳۶
٦٢ ـ الحساب ۶۲۔ حساب ............... ۱۳۷
٦٣ ـ الحسد ۶۳۔ حسد ............... ۱۳۸
٦٤ ـ الحسنة ۶۴۔ نیکی (حسنہ) ............... ۴۲
٦٥ ـ الحظ ۶۵۔ نصیب ............... ۱۴۳
٦٦ ـ الحق ۶۶۔ حق ............... ۱۴۴
٦٧ ـ الحقد ۶۷۔ کینہ ............... ۱۴۹
٦٨ ـ الحكمة ۶۸۔ حکمت ............... ۱۵۱
٦٩ ـ الحلم ۶۹۔ حلم ............... ۱۵۴
٧٠ ـ الحماقة ۷۰۔ حماقت ............... ۱۵۸
٧١ ـ الحياء ۷۱۔ حیا ............... ۱۶۲
٧٢ ـ الخديعة ۷۲۔ دھوکا ............... ۱۶۵
٧٣ ـ الخرق ۷۳۔ سخت گیری ............... ۱۶۶
٧٤ ـ الخصومة ۷۴۔ دشمنی ............... ۱۶۷
٧٥ ـ الخطيئة ۷۵۔ خطا ............... ۱۶۸
٧٦ ـ الخلاف ۷۶۔ اختلاف ............... ۱۷۰
٧٧ ـ الخوف ۷۷۔ خوف ............... ۱۷۱
٧٨ ـ الخيانة ۷۸۔ خیانت ............... ۱۷۳
٧٩ ـ الخير ۷۹۔ خیر ............... ۱۷۵
٨٠ ـ الدعاء ۸۰۔ دعا ............... ۱۷۹
٨١ ـ الدنيا ۸۱۔ دنیا ............... ۱۸۳
٨٢ ـ الدواء ۸۲۔ دوا ............... ۱۹۱
٨٣ ـ الدَّين ۸۳۔ قرض ............... ۱۹۲
٨٤ ـ الدِين ۸۴۔ دین ............... ۱۹۳
٨٥ ـ الذكر ۸۵۔ ذکر ............... ۱۹۷
٨٦ ـ الذلة ۸۶۔ ذلت ............... ۲۰۰
٨٧ ـ الذم ۸۷۔ مذمت ............... ۲۰۲
٨٨ ـ الذنب ۸۸۔ گناہ ............... ۲۰۳
٨٩ ـ الرأی ۸۹۔ رائے ............... ۲۰۷
٩٠ ـ الرئاسة ۹۰۔ ریاست ............... ۲۱۰
٩١ ـ الرجاء ۹۱۔ امیدواری ............... ۲۱۲
٩٢ ـ الرزق ۹۲۔ رزق ............... ۲۱۴
٩٣ ـ الرغبة ۹۳۔ رغبت ............... ۲۱۷
٩٤ ـ الرفق ۹۴۔ نرمی ............... ۲۱۸
٩٥ ـ الرواية ۹۵۔ روایت ............... ۲۲۰
٩٦ ـ الرياء ۹۶۔ ریاکاری ............... ۲۲۱

١٤٩ ـ العفو ۱۴۹۔معافی ............ ۳۲۷
١٥٠ ـ العقل ۱۵۰۔عقل ............ ۳۲۹
١٥١ ـ العلم ۱۵۱۔علم ............ ۳۳۵
١٥٢ ـ العمر ۱۵۲۔عمر ............ ۳۴۷
١٥٣ ـ العمل ۱۵۳۔عمل ............ ۳۴۹
١٥٤ ـ العهد ۱۵۴۔عہد ............ ۳۵۴
١٥٥ ـ العيب ۱۵۵۔عیب ............ ۳۵۵
١٥٦ ـ الغبن ۱۵۶۔غبن ............ ۳۵۸
١٥٧ ـ الغدر ۱۵۷۔عہد شکنی ........ ۳۵۹
١٥٨ ـ الغضب ۱۵۸۔غضب ........ ۳۶۰
١٥٩ ـ الغنى ۱۵۹۔تونگری ........ ۳۶۳
١٦٠ ـ الغيّ ۱۶۰۔گمراہی ........ ۳۶۵
١٦١ ـ الغيبة ۱۶۱۔غیبت ........ ۳۶۶
١٦٢ ـ الغيرة ۱۶۲۔غیرت ........ ۳۶۷
١٦٣ ـ الفتنة ۱۶۳۔آزمائش ........ ۳۶۸
١٦٤ ـ الفجور ۱۶۴۔فجور ........ ۳۷۰
١٦٥ ـ الفحش ۱۶۵۔گالی ........ ۳۷۲
١٦٦ ـ الفخر ۱۶۶۔نازوفخر ........ ۳۷۳
١٦٧ ـ الفرصة ۱۶۷۔فرصت ........ ۳۷۴
١٦٨ ـ الفرقة ۱۶۸۔تفرقہ ........ ۳۷۵
١٦٩ ـ الفقر ۱۶۹۔تنگ دستی ...... ۳۷۶
١٧٠ ـ الفقه ۱۷۰۔فقہ ........ ۳۸۰
١٧١ ـ الفكر ۱۷۱۔فکر ........ ۳۸۱
١٧٢ ـ القتل ۱۷۲۔قتل ........ ۳۸۳
١٧٣ ـ القَدَر ۱۷۳۔قضاوقدر ........ ۳۸۶
١٧٤ ـ القَدْر ۱۷۴۔مقدار ........ ۳۸۸
١٧٥ ـ القرآن ۱۷۵۔قرآن ........ ۳۹۰
١٧٦ ـ القلب ۱۷۶۔دل ........ ۳۹۴
١٧٧ ـ القناعة ۱۷۷۔قناعت ........ ۳۹۸
١٧٨ ـ الكبر ۱۷۸۔تکبر ........ ۴۰۰
١٧٩ ـ الكذب ۱۷۹۔جھوٹ ........ ۴۰۲
١٨٠ ـ الكراهة ۱۸۰۔ناپسندیدگی ...... ۴۰۵
١٨١ ـ الكرم ۱۸۱۔کرم ........ ۴۰۷
١٨٢ ـ الكفاف ۱۸۲۔قدرضرورت ...... ۴۱۰
١٨٣ ـ الكفر ۱۸۳۔کفر ........ ۴۱۲
١٨٤ ـ الكلام ۱۸۴۔کلام ........ ۴۱۴
١٨٥ ـ اللّجاج ۱۸۵۔ہٹ دھرمی ...... ۴۱۸
١٨٦ ـ اللسان ۱۸۶۔زبان ........ ۴۱۹
١٨٧ ـ اللّين ۱۸۷۔نرمی ........ ۴۲۳
١٨٨ ـ المال ۱۸۸۔مال ........ ۴۲۴
١٨٩ ـ المراء ۱۸۹۔کٹ حجتی ........ ۴۲۹
١٩٠ ـ المرض ۱۹۰۔مرض ........ ۴۳۱
١٩١ ـ المروة ۱۹۱۔مروت ........ ۴۳۳
١٩٢ ـ المزاح ۱۹۲۔مزاح ........ ۴۳۶
١٩٣ ـ المشاوره ۱۹۳۔مشورہ ........ ۴۳۸
١٩٤ ـ المصيبة ۱۹۴۔مصیبت ........ ۴۴۲
١٩٥ ـ المعاد ۱۹۵۔قیامت ........ ۴۴۴
١٩٦ ـ المعرفة ۱۹۶۔معرفت ........ ۴۴۶
١٩٧ ـ المعروف ۱۹۷۔نیکی واحسان ...... ۴۴۸
١٩٨ ـ المعصية ۱۹۸۔نافرمانی ........ ۴۵۱
١٩٩ ـ الملالة ۱۹۹۔اکتاہٹ ........ ۴۵۵
٢٠٠ ـ الموت ۲۰۰۔موت ........ ۴۵۶

٩٧ ـ الزكـــاة ٩٧ـ زكات .......... ٢٢
٩٨ ـ الزمـــان ٩٨ـ زمانه .............. ٢٢٣
٩٩ ـ الزنـــا ٩٩ـ زنا ............... ٢٢٥
١٠٠ ـ الزهـد ١٠٠ـ زہد .............. ٢٦
١٠١ ـ السؤال ١٠١ـ سوال .......... ٢٢٩
١٠٢ ـ السخاء ١٠٢ـ سخاوت .......... ٢٣٠
١٠٣ ـ السخط ١٠٣ـ ناراضگی وغضب . ٢٣١
١٠٤ ـ السرّ ١٠٤ـ راز .............. ٢٣٣
١٠٥ ـ السرور ١٠٥ـ سرور .......... ٢٣٥
١٠٦ ـ السريرة ١٠٦ـ باطن .......... ٢٣٧
١٠٧ ـ السعادة ١٠٧ـ سعادت .......... ٢٣٨
١٠٨ ـ السفه ١٠٨ـ بیوقوفی .......... ٢٤٠
١٠٩ ـ السلامة ١٠٩ـ سلامتی .......... ٢٤٢
١١٠ ـ السماح ١١٠ـ درگذشت ........ ٢٤٣
١١١ ـ السنة ١١١ـ سنت .............. ٢٤٥
١١٢ ـ السيئة ١١٢ـ برائی .............. ٢٤٨
١١٣ ـ الشبهة ١١٣ـ شبہ .............. ٢٤٩
١١٤ ـ الشجاعة ١١٤ـ شجاعت ........ ٢٥٠
١١٥ ـ الشرّ ١١٥ـ شر .............. ٢٥١
١١٦ ـ الشرف ١١٦ـ شرف .......... ٢٥٥
١١٧ ـ الشرك ١١٧ـ شرک .......... ٢٥٦
١١٨ ـ الشفاعة ١١٨ـ شفاعت ........ ٢٥٧
١١٩ ـ الشك ١١٩ـ شک .............. ٢٥٨
١٢٠ ـ الشكـر ١٢٠ـ شکر .............. ٢٦٠
١٢١ ـ الشكوى ١٢١ـ شکوہ .............. ٢٦٣
١٢٢ ـ الشهوة ١٢٢ـ شہوت .......... ٢٦٥
١٢٣ ـ الصـبر ١٢٣ـ صبر .............. ٢٦٩
١٢٤ ـ الصحة ١٢٤ـ صحت .......... ٢٧٥
١٢٥ ـ الصداقة ١٢٥ـ دوستی .......... ٢٧٦
١٢٦ ـ الصدق ١٢٦ـ صدق .......... ٢٧٨
١٢٧ ـ الصدقة ١٢٧ـ صدقہ .............. ٢٨٠
١٢٨ ـ الصلاة ١٢٨ـ نماز .............. ٢٨٢
١٢٩ ـ صلة الرحم ١٢٩ـ صلہ رحم .......... ٢٨٣
١٣٠ ـ الصلح ١٣٠ـ صلح .............. ٢٨٦
١٣١ ـ الصمت ١٣١ـ خاموشی .......... ٢٨٧
١٣٢ ـ الصـوم ١٣٢ـ روزہ .............. ٢٨٩
١٣٣ ـ الضحك ١٣٣ـ ہنسی .......... ٢٩١
١٣٤ ـ الضيافة ١٣٤ـ ضیافت .......... ٢٩٢
١٣٥ ـ الطاعة ١٣٥ـ اطاعت .......... ٢٩٣
١٣٦ ـ الطب ١٣٦ـ طب وطبیب .... ٢٩٩
١٣٧ ـ الطـمع ١٣٧ـ طمع .............. ٣٠١
١٣٨ ـ الظـلم ١٣٨ـ ظلم .............. ٣٠٣
١٣٩ ـ الظـن ١٣٩ـ گمان .............. ٣٠٦
١٤٠ ـ العاقبة ١٤٠ـ عاقبت .......... ٣٠٩
١٤١ ـ العبادة ١٤١ـ عبادت .......... ٣١٠
١٤٢ ـ العتاب ١٤٢ـ عتاب .......... ٣١٢
١٤٣ ـ العداوة ١٤٣ـ عداوت .......... ٣١٣
١٤٤ ـ العـدل ١٤٤ـ عدل .............. ٣١٦
١٤٥ ـ العذاب ١٤٥ـ عذاب .......... ٣٢٠
١٤٦ ـ العــز ١٤٦ـ عزت .............. ٣٢٢
١٤٧ ـ العـزم ١٤٧ـ عزم .............. ٣٢٣
١٤٨ ـ العـفة ١٤٨ـ پاکدامنی ........ ٣٢٥

٢٠١ ـ المودة ٢٠١ـ مودت ............ ٤٦١
٢٠٢ ـ الموعظة ٢٠٢ـ وعظ و نصيحت .. ٤٦٣
٢٠٣ ـ النـار ٢٠٣ـ جهنم ........... ٤٦٦
٢٠٤ ـ النجاة ٢٠٤ـ نجات ........... ٤٦٨
٢٠٥ ـ النـدم ٢٠٥ـ پشيمانى ......... ٤٧٠
٢٠٦ ـ النصيحة ٢٠٦ـ نصيحت ........ ٤٧٢
٢٠٧ ـ النعمة ٢٠٧ـ نعمت ......... ٤٧٤
٢٠٨ ـ النفاق ٢٠٨ـ نفاق ........... ٤٧٨
٢٠٩ ـ النفس ٢٠٩ـ نفس ............ ٤٨٠
٢١٠ ـ النوافل ٢١٠ـ مستحبات ........ ٤٨٦
٢١١ ـ النـوم ٢١١ـ نيند .............. ٤٨٧
٢١٢ ـ الورع ٢١٢ـ پرہيز گارى ...... ٤٨٨
٢١٣ ـ الوسط ٢١٣ـ وسط ............ ٤٩١
٢١٤ ـ الوطـن ٢١٤ـ وطن ............. ٤٩٢
٢١٥ ـ الوعـد ٢١٥ـ وعده ............. ٤٩٣
٢١٦ ـ الوفـاء ٢١٦ـ وفا ............... ٤٩٤
٢١٧ ـ الولاية ٢١٧ـ ولايت .......... ٤٩٥
٢١٨ ـ الولادة ٢١٨ـ ولادت .......... ٤٩٧
٢١٩ ـ الهداية ٢١٩ـ ہدايت .......... ٥٠٠
٢٢٠ ـ الهدية ٢٢٠ـ ہديہ .............. ٥٠٢
٢٢١ ـ الهَمّ ٢٢١ـ غم واندوه ....... ٥٠٣
٢٢٢ ـ هوى النفس ٢٢٢ـ خواہش نفس ... ٥٠٦
٢٢٣ ـ اليأس ٢٢٣ـ مايوسى ......... ٥٠٩
٢٢٤ ـ اليقين ٢٢٤ـ يقين ........... ٥١١
٢٢٥ ـ اليمين ٢٢٥ـ قسم ............. ٥١٤
المصادر مصادر روايات ......... ٥١٧

# [۱]
# الآخرة = آخرت

١ ـ يا أيّها الناس، إنّما الدنيا دارُ مَجازٍ و الآخِرةُ دارُ قَرارٍ فَخُذُوا مِن مَمَرِّكُم لِمَقَرِّكُم، ولا تَهتِكُوا أستارَكُم عِندَ مَن يَعلَمُ أسرارَكُم.

(۱) اے لوگو دنیا صرف ایک گزرگاہ ہے اور آخرت جائے استقرار ہے لہذا تم لوگ اپنی گزرگاہ سے اپنے مستقر کا کچھ سامان کرلو اور اپنے اسرار کا پردہ اس کے سامنے نہ اٹھاؤ جو ان سے واقف ہے۔

٢ ـ مَن أَصلَحَ أَمرَ آخِرَتِهِ، أَصلَحَ اللهُ لَهُ أمرَ دُنياه.

(۲) جو اپنی آخرت سنوار لے گا اللہ اسکی دنیا سنوار دے گا۔۔۔

٣ ـ مَن طَلَبَ الآخِـرَةَ طَـلَبَتهُ الدُّنـيا حَـتّىٰ يَستَوفِيَ رِزقَهُ مِنها.

(۳) جو آخرت چاہتا ہے اسے دنیا چاہتی ہے۔یہاں تک کہ وہ اسی (دنیا) سے اپنا رزق مہیا کرلیتا ہے۔

٤ ـ عَجِبتُ لِمَن أَنكَرَ النَشأَةَ الأُخرىٰ وهُوَ يَرَى النَّشأَةَ الأُولىٰ، وَعَجِبتُ لِعامِرِ دارَ الفَـناءِ وتارِكِ دارَ البَقاءِ.

(۴) مجھے اس شخص پر تعجب ہے جو اپنی دوسری خلقت سے انکار کرتا ہے جبکہ وہ اپنی پہلی خلقت کا مشاہدہ کر رہا ہوتا ہے اور دار بقا کو چھوڑ کر دار فنا کو آباد کرتا ہے۔

٥ ـ و قال ﷺ لرجل سأله أن يَعِظَه: لاَ تَكُن مِمَّن يَرجُو الآخِرَةَ بِغَيرِ العَمل.

(۵) آپ نے موعظہ کی خواہش کا اظہار کرنے والے ایک شخص سے فرمایا "ان لوگو میں سے نہ ہونا جو عمل کے بغیر آخرت کے طلب گار ہوتے ہیں"۔

٦ ـ في وَصِيَّتِهِ لِلحَسَنِ ﷺ: وَاعلَم ـ يا بُنَيَّ ـ أَنَّكَ إِنَّما خُلِقتَ لِلآخِرَةِ لا لِلدُّنيا، ولِلفَنَاءِ لاَ لِلبَقَاءِ، وَلِلمَوتِ لاَ لِلحَياة.

(۶) امام حسن علیہ السلام سے وصیت میں فرمایا "جان لو بیٹا تم آخرت کی لئے پیدا کئے گئے ہو نہ کہ دنیا کے لئے، تم فنا کے لئے پیدا کئے گئے ہو نہ کہ بقا کے لئے اور تم موت کے لئے پیدا کئے گئے ہو نہ کہ زندگی کے لئے۔

٧ ـ مَرارَةُ الدنيا حَلاوةُ الآخِـرَة، و حـلاوةُ الدنيا مَرارَةُ الآخرة.

(۷) دنیا کی تلخی، آخرت کی مٹھاس اور دنیا کی حلاوت آخرت کی تلخی ہے۔

٨ ـ أَبَى اللهُ إلاَّ خَـرَابَ الدُّنـيَا وَ عِـمارَةَ الآخِرَة.

(۸) اللہ نے دنیا کو خراب اور آخرت کو آباد کرنے والوں کے علاوہ سب سے منہ موڑلیا ہے۔

٩ ـ مَن أَصبحَ والآخِرَةُ هَمُّهُ استَغنىٰ بِـغَيرِ مـالٍ، و استَأنَسَ بِـغَيرِ أَهـلٍ، وَ عَـزَّ بِـغيرِ عَشيرَةٍ.

(۹) جس نے اپنے دن کی ابتدا آخرت کی فکر میں کی وہ بغیر دولت کے غنی، بغیر اہل کے مانوس اور بغیر خاندان کے عزت دار ہو جاتا ہے۔

١٠ ـ الدُّنيا بِالأَموالِ، وَالآخِرَةُ بِالأَعمالِ.

(۱۰) دنیا، دولت سے حاصل کی جاتی ہے اور آخرت اعمال سے۔

١١ ـ بَضاعَةُ الآخِرَةِ كاسِدَةٌ، فاستَكثِر مِنها في أَوانِ كَسادِها.

(۱۱) متاع آخرت (دنیا میں) سستی ہے لہٰذا اس وقت اس کی زیادہ خریداری کرو۔

١٢ ـ الَّـذِي يَستَحِقُّ اسمَ السَّـعادَةِ عَـلى الحَقيقَةِ، سَعادَةُ الآخِرَة، وَهيَ أَربَـعَةُ أَنـواعٍ: بَقاءٌ بِلا فَناءٍ، وَ عِلمٌ بِلا جَهلٍ، وَ قُـدرَةٌ بِـلا عَجزٍ، وَ غِنىً بِلا فَقرٍ.

(۱۲) حقیقتاً جس پر سعادت کا عنوان صادق آتا ہے وہ آخرت کی سعادت ہے اور اس کی چار قسمیں ہیں ایک ایسی بقا جس میں فنا نہیں، ایک ایسا علم جس میں جہل نہیں، ایک ایسی قدرت جس میں عجز نہیں اور ایک ایسی بے نیازی جس میں فقر نہیں۔

١٣ ـ مَن أَصلَحَ أَمرَ آخِرَتِهِ أَصلَحَ اللّٰهُ لَه أَمرَ دُنياه.

(۱۳) جو اپنی آخرت سنوار لیتا ہے اللہ اس کی دنیا سنوار دیتا ہے۔

١٤ ـ الآخِرَةُ فَوزُ السُّعَداءِ.

(۱۴) آخرت خوش قسمتوں کی کامیابی ہے۔

١٥ ـ الـرّابِحُ مَن بـاعَ العاجِلَةَ بِالآجِلَة.

(۱۵) فائدہ میں وہی شخص ہے جس نے دنیا کو آخرت کے لئے فروخت کر دیا۔

١٦ ـ المالُ والبَنُون زِينَةُ الحَياةِ الدُّنيا، والعملُ الصالِحُ حَرثُ الآخِرة.

(۱۶) مال و اولاد دنیوی زندگی کی زینت ہیں اور اعمال صالح آخرت کی کھیتی ہیں۔

١٧ ـ احوالُ الدُّنيا تَتبَعُ الإتِّفاقَ، و حُـظُوظُ الآخِرَةِ تَتبَعُ الإستِحقاقَ.

(۱۷) حالات دنیا اتفاقات پر، اور احوال آخرت تواتر پر مبنی ہوتے ہیں۔

١٨ ـ الدُّنيا عَرَضٌ حاضِرٌ، يأكُـلُ مِـنهُ البِرُّ والفاجِرُ، والآخِرةُ دارُ حقٍّ يَحكُمُ فيها مَـلِكٌ قادِرٌ.

(۱۸) دنیا (ایک بچھے ہوئے) دستر خوان کی طرح ہے جہاں نیک و بد سب ہی (ایک ساتھ) کھاتے ہیں مگر آخرت دار حق ہے اور وہاں ایک قادر بادشاہ کا حکم چلے گا۔

١٩ ـ الحازِمُ مَن لَم يَشغَلهُ غُرُورُ دُنـياهُ عَـنِ العملِ لِأُخراه.

(۱۹) دور اندیش وہ ہے جسے دنیا کی فریب کاریاں آخرت کے لئے کام کرنے سے باز نہ رکھ سکیں۔

٢٠ ـ الآخِرَةُ دَارُ مُستقرِّكُم، فَجهِّزُوا إليها ما يَبقىٰ لكُم.

(۲۰) آخرت دار مستقر ہے لہٰذا اسکے لئے ایسی چیزیں تیار رکھو جو تمہاری خاطر باقی رہنے والی ہوں۔

٢١ ـ أَلاٰ مُتَزَوِّدٌ لِآخِرتِهِ قَبلَ أُزُوفِ رِحلَتِهِ.

(۲۱) ہے کوئی جو اپنی آخرت کے لئے رحلت قریب ہونے سے پہلے کوئی سامان کرے؟

٢٢ ـ أَغنَى النّاسِ فِي الآخِرَةِ أَفقَرُهُم في الدُّنيا.

(۲۲) آخرت کے مالدار ترین، دنیا کے فقیر ترین افراد ہیں۔

٢٣ ـ إنَّ اليومَ عَمَلٌ ولاحِسابَ وغداً حِسابٌ ولاعَمَل.

(۲۳) بلاشبہ آج عمل ہے حساب نہیں اور کل حساب ہو گا عمل نہیں۔

٢٤ ـ إنَّكَ مَخلُوقٌ لِلآخِرة فَاعمَل لَهَا.

(۲۴) یقیناً تم آخرت کے لئے پیدا کئے گئے ہو لہٰذا اسی کے لئے عمل کرو۔

٢٥ ـ خَيرُ الاستِعدادِ ما أَصلَحَ المَعادَ.

(۲۵) بہترین استعداد وہ ہے جو قیامت میں کام آئے۔

٢٦ ـ حَلاوَةُ الآخرَةِ تُذهِبُ مَضاضَةَ شَقاءِ الدُّنيا.

(۲۶) آخرت کی مٹھاس دنیا کی تکلیفوں اور بدبختیوں کو ختم کر دیتی ہے۔

٢٧ ـ دارُ البَقاءِ مَحلُّ الصِّدِّيقِينَ، وَ مَوطِنُ الأَبرارِ و الصّالِحينَ.

(۲۷) دار بقا صدیقین کی جگہ اور نیک و صالح لوگوں کا مقام ہے۔

٢٨ ـ حَصِّلُوا الآخِرةَ بِتَركِ الدُّنيا، و لا تُحَصِّلُوا بِتَركِ الدِّينِ الدُّنيا.

(۲۸) ترک دنیا سے آخرت حاصل کرو دین کو ترک کر کے دنیا حاصل نہ کرو۔

٢٩ ـ ذِكرُ الآخِرةِ دَواءٌ وشِفَاءٌ.

(۲۹) ذکر آخرت دوا اور شفا ہے۔

٣٠ ـ طَالِبُ الآخِرة يُدرِكُ أَمَلَهُ، وَيأتِيهِ مِنَ الدُّنيا مَا قُدِّرَ له.

(۳۰) آخرت کو چاہنے والا اپنی مراد بھی پالیتا ہے اور اس کی تقدیر میں جو کچھ دنیا سے ملنا لکھا ہوتا ہے وہ بھی اسے مل جاتا ہے۔

٣١ ـ غايَةُ الآخِرةِ البَقاءُ.

(۳۱) مقصد آخرت بقا ہے۔

٣٢ ـ كُلُّ شيءٍ مِنَ الآخِرَةِ عَيانُهُ أَعظَمُ مِن سَماعِه.

(۳۲) آخرت کی ہر شئے کا مشاہدہ اس کے سننے سے زیادہ عظیم ہے

٣٣ ـ كُنْ فِي الدُّنيا بِبدنِكَ، وفِي الآخِرَةِ بِقَلبِكَ و عَمَلِك.

(۳۳) دنیا کے لئے جسمانی قوتیں صرف کرو اور آخرت کا انتظام قلب و عمل سے کرو۔

٣٤ ـ مَن أَيقَنَ بِالآخِرَةِ لَم يَحرِص عَلَى الدُّنيا.

(۳۴) جسے آخرت کا یقین ہوتا ہے وہ دنیا کی حرص میں مبتلا نہیں ہوتا۔

۳۵ـ مَن ابتَاعَ آخِرَتَهُ بِدُنياهُ رَبِحَهُما.

(۳۵) جو اپنی آخرت اپنی دنیا کے عوض خرید لے اسے دونوں میں نفع ہو گا۔

۳٦ـ مَن باعَ آخِرتَهُ بِدُنياهُ خَسِرَهُما.

(۳۶) جس نے اپنی آخرت، دنیا کے عوض فروخت کر دی اسے دونوں میں نقصان ہو گا۔

۳۷ـ مَن أَصلَحَ المَعادَ ظَفِرَ بِالسَّداد.

(۳۷) جس نے اپنی آخرت سنوار لی وہ استحکام و پائیداری میں کامیاب ہو گیا۔

۳۸ـ مَن رَغِبَ فِي نَعِيمِ الآخِرَة قَنَعَ بِيَسِيرٍ مِنَ الدُّنيا.

(۳۸) جو آخرت کی نعمتوں کی طرف راغب ہو گا وہ تھوڑی سی دولت پر بھی قانع رہے گا۔

۳۹ـ مَن كانَتِ الآخِرَةُ هِمَّتَهُ بَلَغَ مِن الخَيرِ غايَةَ أُمنِيَّتِهِ.

(۳۹) جسکی لگن آخرت ہو گی وہ خیر کے گوہر مقصود تک پہنچ جائے گا۔

٤٠ـ مَا زادَ فِي الدُّنيا إلاَّ نَقَصَ فِي الآخِرَة.

(۴۰) جس کی دنیا میں جتنا اضافہ ہوتا ہے اسکی آخرت سے اتنا ہی کم ہو جاتا ہے۔

٤١ـ مَا أَخسَرَ مَن لَيسَ لَهُ فِي الآخِرَة نَصِيبٌ.

(۴۱) وہ کتنے گھاٹے میں ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہ ہو۔

٤٢ـ لاَ يُدرِكَ أَحدٌ ما يُرِيدُ مِن الآخِرَةِ إلاَّ بِتَرك مَا يَشتَهِي مِنَ الدُّنيا.

(۴۲) آخرت میں دل خواہ چیزیں اس وقت تک نہیں مل سکتیں جب تک دنیا کی پسندیدہ چیزوں کو ترک نہ کیا جائے۔

٤٣ـ يَنبَغِي لِمَن عَرَفَ دَارَ الفَناءِ أَن يَعمَلَ لِدارِ البَقاءِ.

(۴۳) دار فنا کو پہچاننے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ دار بقا کے لئے کام کرے۔

[ ۲ ]
# الاجتهاد = سعی و کوشش

۱ ـ مِن واجِب حُقوقِ اللهِ عَلی عِبادِهِ النَّصیحةُ بِمبلغِ جُهدِهِم و التَّعاوُنُ عَلی اِقامةِ الحقِّ.

(۱) اپنی کوشش بھر نصیحت کرنا اور اقامہ حق کے لئے تعاون کرنا بندوں پر اللہ کے حقوق ہیں۔

۲ ـ لیس علی الامام الّا ما حُمِّلَ مِن أمرِ ربِّه: الإبلاغُ فی الموعِظَةِ، و الاجتهادُ فی النصیحة والاحیاءُ للسُّنَّةِ و إقامةُ الحدودِ علی مُستَحقّیها وإصدارُ السُّهمان علی أهلِها.

(۲) امام پر بس وہی واجب ہے جو اس کے رب کی طرف سے اس پر لازم کیا گیا ہے۔ (الف) بہت زیادہ موعظہ کرنا (ب) محنت اور لگن سے مستحقوں پر حدود قائم کرنا۔

۳ ـ [ الی عثمان بن حنیف ] ألا و إنّ إمامَكُم قد اكتَفىٰ مِن دُنياهُ بِطِمْرَيهِ، و مِن طُعْمِهِ بِقُرصَيهِ، ألا و إنّكُم لا تَقدِرُونَ علی ذلكَ، وَلكن أَعينُوني بِوَرَعٍ و اجتِهادٍ، و عِفَّةٍ و سَدادٍ.

(۳) آپ نے عثمان بن حنیف کو لکھا "باخبر ہو جاؤ بلاشبہ تمہارے امام نے اپنی دنیا میں سے محض ایک موٹے کھردرے کپڑے پر ہی اکتفا کیا اور اپنی غذا کے معاملہ میں دو روٹیوں پر قانع رہا یقیناً تم ایسا نہیں کر سکتے لہٰذا تمھیں چاہیے کہ تقویٰ و کاوش اور پاکدامنی و التزام کے ذریعہ میری مدد۔

٤ ـ أَشَدُّ الناسِ اجتهاداً مَن تَرَكَ الذُّنُوب.

(۴) سب سے زیادہ محنتی اور جفا کش وہ ہے جو گناہوں کو ترک کردے۔

۵ ـ الإجتهادُ أَربَحُ بضاعَةٍ.

(۵) اجتہاد (سعی و کوشش) سب سے زیادہ نفع بخش جنس ہے۔

٦ ـ العَاقِلُ يَجتَهِدُ في عَمَلِهِ و يُقَصِّرُ مِن أَمَلِهِ.

(۶) عاقل اپنے عمل میں کوشاں رہتا ہے اور اپنی آرزوؤں کو کوتاہ کرتا ہے۔

۷ ـ مَن أَعمَلَ اجتهادَهُ بَلَغَ مُرادَهُ.

(۷) جس نے اپنی سعی و کوشش کو کارفرما کیا اس نے اپنی مراد پالی۔

۸ ـ لا تَترُكِ الإجتهادَ في إصلاحِ نَفسِك فإنّه لايُعِينُكَ عليها إلاّ الجِدّ.

(۸) اصلاح نفس کے لئے کوشاں رہو کیونکہ اس معاملہ میں صرف کوشش ہی تمہاری معاون ہو سکتی ہے۔

# [٣] الأجل = اجل

١ ـ إنّ أجَلَهُ [ الانسان ] مستورٌ عنه و أمَلَهُ خادعٌ لَه.

(۱) انسان کی موت اس سے پوشیدہ ہے اور اسکی آرزوئیں برابر اسے دھوکا دیتی رہتی ہیں۔

٢ ـ إنَّ مَعَ كُلِّ إنسانٍ مَلَكَينِ يَحفَظانَهُ، فَإذا جاءَ القَدَرُ خَلَّيا بَينَهُ وبَينَهُ، وَإنّ الأجَلَ جُنَّةٌ حَصِينَةٌ.

(۲) ہر انسان کے ساتھ دو فرشتے ہیں جو اس کی حفاظت کرتے رہتے رہتے ہیں لہذا جب اس کا وقت آجاتا تو وہ اسکے درمیان سے ہٹ جاتے ہیں بلاشبہ اجل ایک مضبوط سپر ہے۔

٣ ـ مَن جَرَى فِي عِنانِ أَمَلِهِ عَثَرَ بِأَجلِهِ.

(۳) جو آرزوؤں کے ساتھ چلے گا موت اسکی قسمت ہو گی۔

٤ ـ مِسكِينٌ ابنُ آدَمَ، مَكتُومُ الأجلِ، مَكنُونُ العِلَلِ، مَحفُوظُ العَمَلِ، تُؤلِمُهُ البَقَّةُ، وتَقتلُهُ الشَّرقَةُ، وتُنتِنُهُ العَرقَة.

(۴) کتنا بیچارا ہے اولاد آدم، اسباب مرض نامعلوم، عمل محفوظ، کھٹمل اسے اذیت دیتا ہے، اچھو اس کی موت کا سبب بن جاتا ہے اور پسینہ اسے بدبودار کر دیتا ہے۔

٥ ـ لَو رأى العَبدُ الأجَلَ و مَصِيرَهُ، لَأبغَضَ الأمَلَ وغُرُورَه.

(۵) بندہ اپنی موت اور عاقبت کا مشاہدہ کرے تو یقیناً وہ اپنی آرزوؤں اور اسکی فریب کاریوں سے متنفر ہو جائے گا۔

٦ ـ إنَّ أَولياءَ اللهِ هُمُ الذِينَ نَظَرُوا إلى باطِنِ الدُّنيا إذا نَظَرَ النَّاسُ الى ظَاهِرِهَا، واشتَغَلُوا بِآجِلِها إذا اشتَغَلَ النَّاسُ بِعاجِلِها.

(۶) اولیاء خدا وہ لوگ ہیں جو دنیا کے باطن کو دیکھتے ہیں جبکہ لوگ اس کے ظاہر کو دیکھ رہے ہوں اور اس دنیا کے (آنے والے) "کل" کا انتظام کرنے میں اس وقت مشغول رہتے ہیں جب اہل دنیا، دنیا کے "آج" کے لئے کوشاں رہتے ہیں۔

٧ ـ إعلَم يَقِيناً أنّك لَن تَبلُغَ أَمَلَكَ، ولَن تَعْدُو أَجَلَكَ.

(۷) یقیناً جان لو کہ تم کبھی اپنی آرزوؤں کی تکمیل نہیں کر پاؤگے اور نہ ہی اپنی اجل سے زیادہ جی سکوگے۔

٨ ـ إنّكَ لَستَ بِسابِقٍ أجَلَكَ، وَ لاَمَرزُوقٍ ما لَيسَ لَك.

(۸) تم اپنی اجل پر سبقت نہیں لے جا سکتے اور نہ اپنی تقدیر سے زیادہ رزق حاصل کر سکتے ہو۔

٩ ـ بادِروا العَمَلَ، و خافُوا بَغتَةَ الأَجَل.

(۹) عمل (صالح) میں تیزی دکھاؤ اور دفعتاً آنے والی اجل سے ڈرو۔

١٠ ـ جَعَلَ [ الله ] لِكلِّ شَيءٍ قَدْراً، ولِكُلِّ قَدْرٍ أَجَلاً، ولِكُلِّ أَجَلٍ كِتاباً.

(۱۰) اللہ نے ہر چیز کی ایک مقدار اور ہر مقدار کے لئے ایک مہلت اور ہر مہلت کے لئے حساب و کتاب معین کر دیا ہے۔

١١ ـ إنَّ لِكُلِّ أَجلٍ وَقتاً لا يَعدُوهُ، و سَبَباً لا يَتجاوزُه.

(۱۱) ہر اجل کا ایک وقت ہے جس سے تجاوز ناممکن ہے۔

١٢ ـ بادِرُوا المعادَ، وَسابِقُوا الآجالَ. فإنَّ النّاسَ يُوشِكُ أَن يَنقَطِعَ بِهِمُ الأَمَلُ، وَيَرهَقَهُمُ الأَجَلُ، ويُسَدُّ عَنهُم بابُ التَّوبةِ.

(۱۲) معاد کے لئے جلدی کرو موت سے پہلے اعمال صالح انجام دو کیونکہ عنقریب لوگوں کی امیدیں ٹوٹ جائیں گی اور موت انہیں آ لے گی اور باب توبہ بند ہو جائے گا۔

١٣ ـ كفىٰ بِالأجلِ حارِساً.

(۱۳) اجل انسان کی حفاظت کے لئے کافی ہے۔

١٤ ـ لِكلِّ حياةٍ أَجلٌ.

(۱۴) ہر زندگی کے لئے اجل ہے۔

١٥ ـ نَفَسُ المَرءِ خُطاهُ الى أَجلِهِ.

(۱۵) آدمی کی ہر سانس موت کی طرف ایک قدم ہے۔

١٦ ـ وقِيلَ لَهُ ﷺ: كَيفَ الرِّزقُ والأَجَلُ. فَقالَ ﷺ: إنَّ لكَ عِندَاللهِ رِزقاً، ولهُ عِندكَ أَجلاً، فَإذَا وَفاكَ ما لكَ عِندَهُ أَخَذَ ما لَهُ عِندَك.

(۱۶) آپ سے پوچھا گیا رزق اور موت کیسی ہے؟ تو آپ نے فرمایا "تمہارے لئے اللہ کے پاس رزق ہے اور اللہ کے لئے تمہارے پاس اجل ہے لہذا جب وہ اپنے پاس موجود تمہاری چیز (رزق) دے لیتا ہے تو تمہارے پاس موجود اپنی چیز (زندگی کی مہلت) بھی واپس لے لیتا ہے۔"

١٧ ـ مَن عَرَفَ أَجلَهُ قَصُرَ أَملُه.

(۱۷) جو اپنی اجل کو پہچان لیتا ہے اس کی امید کوتاہ ہو جاتی ہے۔

١٨ ـ صِلَةُ الرَّحِمِ مَثْراةٌ لِلمالِ ومَنسأَةٌ لِلأَجَل.

(۱۸) صلہ رحم، مال میں اضافہ اور اجل کو ٹالنے کا باعث ہوتا ہے۔

١٩ ـ مَوتُ الإنسانِ بِالذُّنوبِ أَكثَرُ مِن مَوتِهِ بِالأَجَلِ.

(۱۹) قضا سے زیادہ لوگ گناہوں کے سبب مرتے ہیں۔

٢٠ ـ الأَجَلُ يَصْرَع.

(۲۰) اجل پچھاڑ دیتی ہے۔

٢١ ـ الأَجَلُ جُنَّةٌ.

(۲۱) اجل ایک سپر ہے۔

٢٢ ـ الأَجلُ حِصنٌ حَصِينٌ.

(۲۲) اجل ایک مضبوط قلعہ ہے۔

٢٣ ـ الآجَالُ تَقطَعُ الآمال.

(۲۳) اجل امیدوں کو منقطع کر دیتی ہے۔

٢٤ ـ الأَجلُ يَفضَحُ الأَمَل.

(۲۴) اجل امید کو خراب کر دیتی ہے۔

۲۵ ـ ألأَجَلُ حَصادُ الأَمَل.

(۲۵) اجل امیدوں کی محصول ہے ۔

۲٦ ـ أَلا وإِنَّكُم في أَيّامِ أملٍ مِن وَرائِهِ أجلٌ، فَمَن عَمِلَ في أَيّام أَمَلِهِ قَبلَ حُضُورِ أَجلِهِ فَـقد نَفَعَهُ عَمَلُهُ، وَلَم يَضرُرْهُ أَجلُهُ، و مَن قَصَّرَ في أيّامِ أمَلِهِ قبلَ حُضُورِ أجلِهِ فقد خَسِرَ عَمَلَهُ وَ ضرَّهُ أجَلُه.

(۲٦) باخبر ہو جاؤ، تم آرزؤوں کے ایام میں ہو جن کے تعاقب میں اجل ہے، پس جس نے امیدوں کے دنوں میں اجل کے آنے سے پہلے اچھے اعمال انجام دیئے تو یقیناً اسے اس کا عمل فائدہ پہنچائے گا اور اسے اس کی اجل کوئی نقصان نہیں پہنچائے گی اور جس نے اپنی آرزوؤں کے دنوں میں اجل سے پہلے کوتاہی برتی اس نے علم کے میدان میں نقصان اٹھایا اور اجل اس کے لئے نقصان دہ ہو گی ۔

۲۷ ـ أَقرَبُ شَيءٍ الأَجَل.

(۲۷) سب سے نزدیکی چیز اجل ہے ۔

۲۸ ـ أَصدَقُ شيءٍ الأَجَل.

(۲۸) سب سے سچی چیز اجل ہے ۔

۲۹ ـ إذا بلغتُم نَهايَةَ الآمالِ فَاذكُرُوا بَغَتاتِ الآجال.

(۲۹) جب تم اپنی آرزؤوں کو پالو تو (ذرا) اجل کے یکایک آنے کو بھی یاد کر لیا کرو ۔

۳۰ ـ آفَةُ الآمَالِ حُضُورُ الآجال.

(۳۰) اجل کا آجانا امیدوں کی آفت ہے ۔

۳۱ ـ عِندَ حُضُورِ الآجَالِ تَظهَرُ خَيبَةُ الآمال.

(۳۱) اجل کے وقت امیدوں کی ناپائیداری ظاہر ہوتی ہے ۔

۳۲ ـ عِندَهُجُومِ الآجَالِ تَفضَحُ الأَمانيُّ والآمال.

(۳۲) اجل کی یورش کے وقت آرزوئیں اور تمنائیں برباد ہو جاتی ہیں

۳۳ ـ لِكُلِّ أَجلٍ حُضورٌ.

(۳۳) ہر اجل ایک دن حاضر ہو گی ۔

۳٤ ـ لَو فَكَّرتُم في قُرْبِ الأَجـلِ وَحُـضورِه، لأَمَرَّ عِندكُم حُلوُ العَيشِ وسُرُورِه.

(۳٤) اگر تم اجل کے قرب و حضور کو سوچ لو تو یقیناً زندگی کی شیرینی و مسرت تمہارے لئے کڑوی ہو جائے گی ۔

۳۵ ـ مِنَ الآجالِ إنقِضاءُ السّاعات.

(۳۵) ساعتوں کا گزرنا اجل میں شامل ہے ۔

۳٦ ـ نِعمَ الدَّواءُ الأَجَل.

(۳٦) بہترین دوا اجل ہے ۔

۳۷ ـ لاَ جُنَّةَ أَقوى مِنَ الأَجَل.

(۳۷) اجل سے زیادہ مضبوط کوئی ڈھال نہیں ہے ۔

[٤]

## الإحسان = احسان

١ ـ عَاتِب أخاكَ بِالإحسَانِ إلَيه، واردُد شرَّهُ بالإنعام عليه.

(۱) اپنے بھائی پر اس کی سرزنش کر کے عتاب کرو اور اس کی بدی کو اسے انعام عطا کر کے اپنے سے دفع کرو۔

٢ ـ كَم مِن مُستَدرَجٍ بِالإحسانِ إلَيه، و مَغرُورٍ بِالسترِ عَلَيه، و مَفتُونٍ بِحُسنِ القَولِ فِيه، وَ مَا ابتَلَى اللهُ أَحَداً بِمِثلِ الإملاءِ لَه.

(۲) کتنے ایسے لوگ ہیں جو خدا کی طرف سے احسان کے ذریعہ ہلاکت کی طرف بڑھ جاتے ہیں اور اس کے برائیوں کو چھپانے سے دھوکا کھا جاتے ہیں اور تعریف و تمجید سے فریب میں مبتلا ہو جاتے ہیں حالانکہ اللہ مہلت دینے سے زیادہ سخت کوئی امتحان نہیں لیتا۔

٣ ـ أَحسِن كَمَا تُحِبُّ أَن يُحسَنَ إلَيك.

(۳) احسان کرو جیسے تم چاہتے ہو کہ تم پاحسان کیا جائے۔

٤ ـ لاتَكُونَنَّ عَلى الإساءَةِ أَقوىٰ مِنكَ عَلى الإحسان.

(۴) برائی پر نیکیوں سے زیادہ قوی نہ ہونا۔

٥ ـ أَحسِن إلىٰ مَن أَساءَ إلَيكَ، و كافِىء مَن أَحسَنَ إلَيك.

(۵) جس نے تمہارے ساتھ برائی کی ہو اس کے ساتھ احسان کر کے اس کا بدلہ دو۔

٦ ـ الإحسانُ يَقطَعُ اللِّسَان.

(۶) احسان (بدزبانوں کی) زبان بند کر دیتا ہے

٧ ـ أَحسِن إلىٰ مَن شِئتَ تَكُن أَمِيرَه.

(۷) جس کے ساتھ چاہو احسان کرو تم اس کے امیر ہو جاؤ گے۔

٨ ـ الإحسانُ التَّفَضُّل.

(۸) احسان فضیلت (کی علامت) ہے۔

٩ ـ وَقَالَ ﷺ يوماً: مَـا أَحسَـنتُ إلَىٰ أَحَـدٍ قَطُّ. فَرَفَعَ النَّاسُ رُؤوسَهُم تَعَجُّباً، فَقَرأَ ﷺ: ﴿إن أَحسَنتُم أَحسَنتُم لأَنـفُسِكُم و إن أَسَأتُم فَلَها﴾.

(۹) ایک دن حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا "میں نے کسی کے ساتھ احسان نہیں کیا"۔ لوگوں نے تعجب سے سر اٹھا کر امام علیہ السلام کو دیکھا تو آپ نے قرآن کی یہ آیت تلاوت فرمائی "اگر تم نے احسان کیا تو خود اپنے لئے اور اگر تم نے کوئی برائی انجام دی تو بھی اپنے ہی لئے"

١٠ ـ النَّاسُ أَبنَاءُ مَا يُحسِنُون.

(۱۰) لوگ اپنے اچھے کاموں کے فرزند ہیں۔

١١ ـ أَنتَ مُخَيَّرٌ فِي الإحسانِ إلىٰ مَن تُحسِنُ إلَيهِ، وَمُرتَهَنٌ بِدَوامِ الإحسَانِ إلىٰ مَن أَحسَنتَ إلَيهِ، لأنَّكَ إن قَطَعتَهُ فَقَد أَهدَرتَهُ، وَإن أَهدَرتَهُ فَلِمَ فَعَلتَه؟

(۱۱) تمہیں کسی کے ساتھ بھی احسان کرکا اختیار حاصل ہے مگر اس کے بعد تم احسان میں دوام کے پابند ہو کیونکہ اگر تم نے احسان کا سلسلہ ختم کر دیا تو (گویا) تم نے اپنے احسان کو بیکار کر دیا اور اگر اسے بیکار ہی کرنا تھا تو پھر انجام ہی کیوں دیا تھا۔

١٢ ـ إسَاءَةُ المُحسِنِ أَن يَمنَعَكَ جَدوَاهُ، وَإحسَانُ المُسِيءِ أَن يَكُفَّ عَنكَ أَذاه.

(۱۲) اچھے کی برائی یہ ہے کہ وہ تمہیں اپنے سے دور دے اور برے کا احسان یہ ہے کہ وہ تمہیں اذیت نہ پہنچائے۔

١٣ ـ الإحسانُ يَستَرِقُّ الإنسان.

(۱۳) احسان لوگوں کو (بے دام) غلام بنالیتا ہے۔

١٤ ـ لاَ يَزَالُ المُسلِمُ يُكتَبُ مُحسِناً مَادَامَ سَاكِتاً، فَإذا تَكَلَّمَ كُتِبَ مُحسِناً أَو مُسِيئاً.

(۱۴) مسلمان جب تک خاموش رہتا ہے نیک لوگوں میں شمار ہوتا ہے مگر جب بول پڑتا ہے تو (کلام کے لحاظ سے اچھا یا برا ہو جاتا ہے۔

١٥ ـ الإحسانُ إلى المُسِيءِ يَستَصلِحُ العَدُوَّ.

(۱۵) برے سے نیکی دشمن کو صلح جو بنا دیتی ہے۔

١٦ ـ الإحسانُ إلى المُسِيءِ أَحسَنُ الفَضل.

(۱۶) برے کے ساتھ اچھائی، بہترین فضیلت ہے۔

١٧ ـ الإحسانُ ذُخرٌ، والكَرِيمُ مَن حَازَه.

(۱۷) احسان خزانہ ہے اور کریم وہ شخص ہے جس نے اس خزانے کو پالیا۔

١٨ ـ الإحسانُ رَأسُ الفَضل.

(۱۸) احسان نیکیوں میں سر فہرست ہے۔

١٩ ـ الإحسانُ غُنمٌ.

(۱۹) احسان (مال) غنیمت ہے۔

٢٠ ـ الإحسانُ مَحَبَّةٌ.

(۲۰) احسان محبت ہے۔

٢١ ـ المُحسِنُ مُعَانٌ.

(۲۱) احسان کرنے والا صاحب نصرت ہے۔

٢٢ ـ المُحسِنُ حَيٌّ وإن نُقِلَ إلىٰ مَنازِلِ الأَموات.

(۲۲) احسان کرنے کرنے والا زندہ رہتا ہے بھلے ہی اسے مردوں کے گھروں (قبرستان) میں منتقل کر دیا گیا ہو۔

٢٣ ـ المُحسِنُ مَن عَمَّ النَّاسَ بِالإحسَان.

(۲۳) محسن وہی ہے جو تمام لوگوں پر احسان کرے۔

٢٤ ـ الفَضلُ مَعَ الإحسان.

(۲۴) فضیلت احسان کے ساتھ ہے۔

٢٥ ـ الكَرِيمُ مَن بَذَلَ إحسانَه.
(٢٥) سخی وہی ہے جو دولت احسان لٹائے۔

٢٦ ـ الجَزاءُ عَلَىٰ الإحسانِ بالإسَاءَةِ كُفرانٌ.
(٢٦) اچھائی کا بدلہ برائی سے دینا کفر ہے۔

٢٧ ـ إتباعُ الإحسَانِ بالإحسانِ مِن كَمَالِ الجُود.
(٢٧) پے در پے احسان کرنا جود کی انتہاء ہے۔

٢٨ ـ أَحسِن إلىٰ مَن أَسَاءَ إلَيكَ، و اعفُ عَمَّن جَنىٰ عَلَيك.
(٢٨) جس نے تمہارے ساتھ برا سلوک کیا ہے اس کے ساتھ تم اچھائی کرو اور جس نے تمہیں ستایا ہو اسے معاف کر دو۔

٢٩ ـ أَحسِن إلىٰ المُسِيءِ تَملِكْهُ.
(٢٩) برے کے ساتھ اچھائی کرو تم اس کے مالک جاؤگے۔

٣٠ ـ أَحسِن يُحسَن إلَيك.
(٣٠) احسان کرو تم پر بھی احسان کیا جائے گا۔

٣١ ـ إجعَل جَزاءَ النِّعمَةِ عَلَيكَ الإحسانَ إلىٰ مَن أَساءَ إلَيك.
(٣١) جس نے تمہارے ساتھ برائی کی ہو اس کے ساتھ احسان کرکے (اپنے اوپر اللہ کی) نعمتوں کا بدلہ دو (یعنی شکر کرو)۔

٣٢ ـ أَحسِن إلىٰ مَن تَملِكُ رِقَّهُ، يُحسِنُ إلَيكَ مَن يَملِكُ رِقَّك.
(٣٢) جس کے تم آقا ہو اس کے ساتھ اچھا سلوک کرو تو تمہارا آقا بھی تمہارے ساتھ اچھا برتاؤ کرے گا۔

٣٣ ـ أَحسِن تَسْتَرِق.
(٣٣) نیکی کرو، نرم طبیعت ہو جاؤگے۔

٣٤ ـ أَفضَلُ الإيمانِ الإحسان.
(٣٤) ایمان کا بہترین جزء احسان ہے۔

٣٥ ـ إغتَنِمْ صَنَايِعَ الإحسانِ، و أرعَ ذِمَمَ الإخوان.
(٣٥) احسان کی نیکیوں کو غنیمت جانو اور اپنے بھائیوں کے حقوق کی رعایت کرو۔

٣٦ ـ إنَّكَ إن أَحسَنتَ فَنَفسَكَ تُكرِمُ، وإلَيهَا تُحسِن.
(٣٦) اگر تم نے احسان کیا تو خود اپنے کو عزت دار بنایا اور خود اپنے اوپر ہی احسان کیا۔

٣٧ ـ أَحَقُّ النَّاسِ بِالإحسانِ مَن أَحسَنَ اللهُ إلَيهِ، وبَسَطَ بِالقُدرَةِ يَدَيه.
(٣٧) احسان کا سب سے زیادہ حقدار وہ شخص ہے جس پر اللہ نے احسان کیا ہو اور اپنے دستہائے قدرت کو اس کے لئے کھول دیا ہے۔

٣٨ ـ إنَّ المُؤمِنِينَ مُحسِنُون.
(٣٨) بلاشبہ مومنین احسان کرنے والے ہوا کرتے ہیں۔

۳۹ـ بِالإحسانِ تَملِكُ القُلوب.
(۳۹) احسان سے دلوں پر حکمرانی کی جاتی ہے۔

۴۰ـ آفَةُ القُدرَةِ مَنعُ الإحسان.
(۴۰) قدرت وسطوت کی آفت احسان کی کی مخالفت ہے۔

۴۱ـ جُحُودُ الإحسانِ يُوجِبُ الحِرمان.
(۴۱) احسان کا انکار محرومیت کا باعث ہوتا ہے۔

۴۲ـ خَيرُ العِبادِ مَن إذَا أَحسَنَ استَبشَرَ، وَ إذا أَسَاءَ استَغفَرَ.
(۴۲) بہترین بندہ وہ ہے جو اچھائی کرے تو خوش ہو اور بدی کرے تو استغفار کرے۔

۴۳ـ رَأسُ الإيمانِ الإحسانُ إلى النّاس.
(۴۳) لوگوں کے احسان ساتھ ایمان کا سرمایہ ہے۔

۴۴ـ زِينَةُ الإسلامِ إعمالُ الإحسان.
(۴۴) اسلام کی زینت احسان کرنا ہے۔

۴۵ـ صَاحِبِ الإخوانَ بِالإحسانِ، وَتَغَمَّدِ الذّنُوبَ بِالغُفران.
(۴۵) بھائیوں کے ساتھ احسان کرتے رہو اور استغفار کے ذریعہ گناہوں کو چھپادو۔

۴۶ـ صَنَايِعُ الإحسَانِ مِن فَضَائِلِ الإنسان.
(۴۶) احسان کی اچھائیاں انسان کی فضیلتوں کا حصہ ہیں۔

۴۷ـ ضَادُّوا الإسَاءَةَ بِالإحسان.
(۴۷) برے سلوک کی مخالفت اچھے برتاؤ سے کرو۔

۴۸ـ ظَلَمَ الإحسَانَ واضِعُهُ فِي غَيرِ مَوضِعِهِ.
(۴۸) نااہل کے ساتھ احسان کرنے والا احسان، احسان پر ظلم کرتا ہے۔

۴۹ـ عَلَيكَ بِالإحسانِ فَإنّهُ أَفضَلُ زِراعَةٍ وأَربَحُ بِضَاعَة.
(۴۹) تم احسان لازم ہے کیونکہ یہ برترین سرمایہ ہے۔

۵۰ـ فَضِيلَةُ الانسانِ بَذلُ الإحسان.
(۵۰) انسان کی فضیلت احسان کرنا ہے۔

۵۱ـ مَن مَنَعَ الإحسانَ سُلِبَ الإمكان.
(۵۱) جو احسان کو روک لیتا ہے اس سے (امکان احسان) سلب ہو جاتا ہے۔

۵۲ـ مَن كَتَمَ الإحسانَ عُوقِبَ بِالحِرمان.
(۵۲) جس نے احسان چھپایا اس کی عاقبت محرومیت ہوگی۔

۵۳ـ مَن قَطَعَ مَعهُودَ إحسَانِهِ قَطَعَ اللهُ مَوجُودَ إمكانِه.
(۵۳) جو اپنے موجودہ احسان کا سلسلہ ختم کر دیتا ہے تو اللہ بھی اس کے آئندہ امکانیات کو روک دیتا ہے۔

٥٤ ـ مَن وَثِقَ بإحسانِكَ اَشفَقَ عَلى سُلطانِك.

(۵۴) جس نے تمہارے احسان پر بھروسہ کیا اس نے تم پر تمہارے سلطان (خدا) کو شفیق بنا دیا۔

٥٥ ـ مَن كَثُرَ إحسَانُهُ أَحَبَّهُ إخوانُه.

(۵۵) جس کا احسان زیادہ ہو جاتا ہے اس سے اس کے بھائی محبت کرنے لگتے ہیں۔

٥٦ ـ مَن كَثُرَ إحسَانُهُ كَثُرَ خَدَمُهُ وَ أَعوانُه.

(۵۶) جس کا احسان بڑھ جاتا ہے اس کے خدمت گذار اور مدد گار بہت ہو جاتے ہیں۔

٥٧ ـ لاَ فَضِيلَةَ أَجَلُّ مِنَ الإحسان.

(۵۷) احسان سے زیادہ گراں قدر کوئی دوسری فضیلت نہیں ہے

[ ۵ ]

# الإخلاص = اخلاص

١ ـ أوّلُ الدّين مَعرفَتُهُ وكمالُ مَعرِفَتِهِ التَّصديقُ به، وكمالُ التَّصديقِ بِهِ تَوحيدُهُ وكمالُ تَوحيدِهِ الإخلاصُ له، وكمالُ الإخلاصِ لهُ نفيُ الصفاتِ عنه.

(۱) آغاز دین اللہ کی معرفت اور کمال معرفت اس کی تصدیق ہے اور کمال تصدیق اس کی وحدانیت کا یقین ہے اور کمال توحید اس کے لئے اخلاص ہے اور اخلاص کی انتہا اللہ سے صفات کی نفی ہے

٢ ـ [ المتق ] قد أخلَصَ لله فاستَخلَصَه.

(۲) (متقی نے) اللہ کے لئے خلوص اختیار کیا تو اللہ نے بھی اسے اپنے لئے خالص کر دیا۔

٣ ـ مَن لَم يَختَلِف سِرُّهُ و عَـلانِيَتُهُ و فِـعلُهُ و مَقالَتُهُ فقد أدّى الأمانةَ و أخلَصَ العِبادَةَ.

(۳) جس کا ظاہر و باطن، قول و فعل الگ الگ نہ ہو اس نے امانت ادا کر دی اور وہ عبادت میں با اخلاص رہا۔

٤ ـ [ قال لابنه الحسن عليه السلام : ] و أخـلِص في المسألةِ لِربِّك، فإنّ بيدِهِ العَطاءَ و الحِرمان.

(۴) آپ نے اپنے بیٹے امام حسن علیہ السلام سے فرمایا۔ "اپنے مسائل میں اللہ کے حضور کے با اخلاص ہو جاؤ کیونکہ عطا و حرمان اسی کے ہاتھ میں ہے۔"

٥ ـ [ عهده الى الأشتر النخعي: ] وَليَكُن في خاصَّةِ ما تُخلِصُ بِهِ لله: دِينَك إقامةُ فرائِضِهِ التي هِيَ لَهُ خاصَّةً.

(۵) اپنے ایک خط میں آپ نے مالک اشتر کو لکھا۔ "من جملہ ان کاموں کے کہ جن کی انجام دہی کے لئے خلوص و اخلاص لازم ہے، ان واجبات و فرائض کو بجالانا ہے جو مخصوص بہ ذات خدا ہوں۔

٦ ـ تَمامُ الإخلاصِ تَجَنُّبُ المَعاصِي.

(۶) اخلاص تمام گناہوں سے اجتناب ہے۔

٧ ـ ألا أدُلُّكُم عَلى ثَمرةِ الجَـنّةِ؟ لا إله إلا الله بِشرطِ الإخلاص.

(۷) کیا میں تمھیں بہشت کے میوے کا پتہ بتاؤں؟ (وہ کلمہ) لا الہ الا اللہ ہے مگر بشرط اخلاص۔

٨ ـ أجلُّ ما يَصعَدُ مِن الأرضِ الإخلاص.

(۸) زمین سے بلند ہونے والی سب سے جلیل القدر شئے اخلاص ہے۔

٩ ـ بِالإخلاصِ يَكونُ الخَلاص.

(۹) اخلاص کے ذریعے ہی گلو خلاصی ہو گی۔

١٠ ـ الإخلاصُ أعلَى الإيمان.

(۱۰) اخلاص، ایمان کا بلند ترین مقام ہے۔

١١ ـ الإخلاصُ مِلاكُ العِبادة.

(۱۱) اخلاص عبادت کی کسوٹی ہے۔

١٢ ـ الإخلاصُ ثَمَرَةُ اليَقين.

(۱۲) اخلاص یقین کا پھل ہے۔

١٣ ـ الإخلاصُ غَايةُ الدِّين.
(۱۳) اخلاص مقصود دین ہے۔

١٤ ـ الإخلاصُ عبادَةُ المُقـرَّبين.
(۱۴) اخلاص مقربین (خدا) کی عبادت ہے۔

١٥ ـ الإخلاصُ ثَمَرَةُ العبادة.
(۱۵) اخلاص بندگی کا پھل ہے۔

١٦ ـ الإخلاصُ خيرُ العَمل.
(۱۶) اخلاص بہترین عمل ہے۔

١٧ ـ أماراتُ السَّعادَةِ إخلاصُ العَمل.
(۱۷) اخلاص عمل، کامیابی کی نشانیوں میں سے ہے۔

١٨ ـ إخلاصُ العَملِ مِن قُوّةِ اليَقينِ وصَلاحِ النيّةِ.
(۱۸) عمل میں اخلاص، یقین کی قوت اور نیت کی درستگی سے پیدا ہوتا ہے۔

١٩ ـ أفضلُ العَملِ ما أُخلِصَ فيه.
(۱۹) بہترین عمل وہی ہے جس میں اخلاص پایا جاتا ہو۔

٢٠ ـ أفضلُ الإيمان الإخلاصُ والإحسانُ، و أفضَلُ الشِيَمِ التَّجافي عن العُدوان.
(۲۰) ایمان کے بہترین اجزاء اخلاص و احسان ہیں اور بہترین خوبی تجاوز (سرکشی) سے احتراز ہے۔

٢١ ـ إن تُخلِصْ تَفُز.
(۲۱) اگر اخلاص اختیار کروگے تو کامیاب ہوگے۔

٢٢ ـ آفَةُ العَملِ تَركُ الإخلاصِ فِيه.
(۲۲) عمل کی مصیبت اس میں اخلاص کو ترک کر دینا ہے۔

٢٣ ـ تَقَرُّبُ العَبدِ إلى اللهِ سبحانَهُ بإخلاصِ نيّتِهِ.
(۲۳) بندے کا اللہ سے تقرب اخلاص نیت کے ذریعے ہوتا ہے۔

٢٤ ـ ثَمرةُ العِلمِ إخلاصُ العَمل.
(۲۴) علم کا ثمرہ، عمل میں اخلاص ہے۔

٢٥ ـ زِينةُ القُلوبِ إخلاصُ الإيمان.
(۲۵) دلوں کی زینت ایمان میں اخلاص ہے۔

٢٦ ـ سَادةُ أهلِ الجَنَّةِ المُخلَصون.
(۲۶) اہل جنت کے سردار مخلص لوگ ہیں۔

٢٧ ـ فَضيلةُ العِلمِ الإخلاصُ فيه.
(۲۷) فضیلت علم اس میں اخلاص برتنا ہے۔

٢٨ ـ فازَ بالسَعادةِ مَن أَخلَصَ العِبادة.
(۲۸) جس نے خلوص سے عبادت کی وہ کامیابی سے ہمکنار ہوگیا۔

٢٩ ـ مَن رَغبَ فيما عِندَ اللهِ أخلَصَ عَمَلَه.
(۲۹) جو شخص اللہ کے پاس موجود اشیاء (نعمتوں) سے رغبت رکھتا ہوگا وہ اپنے عمل میں اخلاص برتے گا۔

٣٠ ـ مَن أَخلصَ النيّةَ تَنزَّهَ عَنِ الدَنيّة.
(۳۰) جس نے اپنی نیت میں خلوص پیدا کرلیا وہ گندگیوں سے منزہ ہوگیا۔

[٦]

# الأخلاق = اخلاق

١ ـ التُّقىٰ رئيسُ الأخلاق.

(۱) تقویٰ اخلاق کا بادشاہ ہے۔

٢ ـ أُسترُ خَلَلَ خُلُقِك بحِلمِك.

(۲) اپنے اخلاقی عیوب کو اپنے حلم کے ذریعے چھپاؤ۔

٣ ـ أكرمُ الحَسَبِ حُسنُ الخُلق.

(۳) خوش اخلاقی، بہترین حسب ہے۔

٤ ـ لا قَرينَ كَحُسنِ الخُلق.

(۴) حسن اخلاق سے بہتر کوئی ساتھی نہیں۔

٥ ـ مُقارَبَةُ الناس في أخلاقِهِم أمنٌ مِن غَوائِلِهِم.

(۵) لوگوں سے ان کے آداب و اخلاق میں قربت، ان کی عداوتوں سے امن وامان کا ذریعہ ہے۔

٦ ـ نِعْمَ الخُلُقُ التَّصَبُّرُ في الحقِ.

(۶) بہترین اخلاق حق کے معاملے میں صبر کرنا ہے۔

٧ ـ مَن ضَاقَ خُلُقُهُ مَلَّهُ أهلُه.

(۷) جس کا اخلاق تنگ (اور برا) ہو جاتا ہے اس سے اس کے گھر والے بھی اکتا جاتے ہیں۔

٨ ـ مَن رَضِيَ زَلَّةَ نفسِهِ رَضِيَ زَلَّةَ غَيرِه.

(۸) جو اپنی غلطی سے راضی ہوگا وہ دوسروں کی غلطیوں سے بھی راضی ہوگا۔

٩ ـ مَن حَسُنت عَلانيتُهُ فنحنُ لِسَريرَتِهِ أرجىٰ.

(۹) جس کا ظاہر اچھا ہوتا ہے ہم اس کے باطن کی خوبی کے لئے زیادہ امیدوار ہوتے ہیں۔

١٠ ـ في سَعةِ الأخلاقِ كُنوزُ الأرزاق.

(۱۰) اخلاق کی وسعتوں میں رزق کے خزانے ہیں۔

١١ ـ تَخَيَّرْ لِنفسِكَ مِن كلِّ خُلُقٍ أحسَنَهُ، فإنَّ الخَيرَ عادةٌ.

(۱۱) اپنے لئے بہترین صفتیں چن لو کیونکہ نیکی ایک عادت ہے۔

١٢ ـ حُسنُ الخُلُقِ خَيرُ قَرينٍ.

(۱۲) حسن خلق سب سے اچھا ساتھی ہے۔

١٣ ـ لا تَعمَل بِالخَدِيعةِ، فإنّها خُلُقٌ لئيمٌ.

(۱۳) دھوکا دھڑی سے کام نہ لو کیونکہ یہ ایک مذموم عادت ہے۔

١٤ ـ لا قُربَةَ كَحُسنِ الخُلق.

(۱۴) حسن خلق سے بہتر کوئی قرابت نہیں۔

١٥ ـ إذا كانَ في رَجلٍ خَلّةٌ رائعةٌ فانتَظِر أخواتِها.

(۱۵) اگر کسی آدمی میں کوئی اچھی صفت ہو تو اس جیسی دوسری اچھی صفتوں کے منتظر رہو۔

١٦ ـ فسادُ الأخـلاقِ مُـعاشَرةُ السـفهاءِ، و صَلاحُ الأخلاقِ مُعاشَرةُ العُقلاء.

(۱۶) اخلاق کی خرابی احمقوں کی معاشرت میں، اور اخلاق کی اصلاح دانشوروں کی معاشرت میں ہے۔

١٧ ـ حُسنُ الخُلقِ يَبلُغُ دَرجةَ الصائمِ القائمِ.

(۱۷) اچھے اخلاق والا نمازی اور روزہ دار کے برابر ہے۔

١٨ ـ رُبَّ عَزيزٍ أذلَّـهُ خُـلقُهُ، وذليـلٍ أعـزَّهُ خُلقُه.

(۱۸) بہت سے باعزت اشخاص ہیں جنھیں ان کی بداخلاقی نے رسوا کر دیا اور بہت سے ایسے رسوا افراد ہیں جنھیں ان کی خوش اخلاقی نے عزت دار بنا دیا۔

١٩ ـ إنّ اللهَ تعالىٰ جَـعَلَ مَكـارِمَ الأخـلاقِ وُصلَةً بَينَهُ وبين خَلقِهِ، فَـحَسْبُ أحَـدكُم أن يَتَمسَّكَ بخُلُقٍ مُتَّصلٍ باللهِ عزّوجلّ.

(۱۹) اللہ تعالی نے اپنے اور بندوں کے کے درمیان اخلاقی خوبیوں کو وسیلہ بنایا دیا ہے لہذا تمہارے لئے کسی ایسی خوبی سے آراستہ ہو جانا کافی ہے جو اللہ کی طرف سے ملی ہو۔

٢٠ ـ مَن حَسُنَ خُلقُهُ سَهُلَتْ له طُرُقُه.

(۲۰) جس کا اخلاق اچھا ہو گا اس کی راہیں آسان ہو جائیں گی۔

٢١ ـ اصـحَبِ النـاسَ بأيِّ خُـلُقٍ شِـئتَ، يَصحَبُوكَ بِمثلِهِ.

(۲۱) لوگوں سے جیسا برتاؤ چاہو کرو کیونکہ وہ بھی تمہارے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کریں گے۔

٢٢ ـ مَن لَم يُصلِحْ خَلائـقَهُ، لَم يَنفعِ النـاسَ تأديبُه.

(۲۲) جس نے اپنے اخلاق کی اصلاح نہ کی اس کی نصیحت لوگوں کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔

٢٣ ـ المِرآةُ التي يَنظُرُ الإنسانُ فيها إلى أخلاقِهِ هي الناسُ، لأنّه يَرىٰ مَحاسِنَهُ مِـن أولـيـائِهِ مِنهم، ومَساوِيهِ مِن أعدائِهِ فِيهِم.

(۲۳) عوام وہ آئینہ ہیں جس میں انسان اپنے اخلاق کو دیکھتا ہے کیونکہ وہ اپنی خوبیوں کو اپنے دوستوں کے ذریعہ اور اپنی برائیوں کو اپنے دشمنوں کے ذریعہ دیکھتا ہے۔

٢٤ ـ مَكارِمُ الأخلاقِ عَشرُ خِصالٍ: السَخاءُ، و الحَياءُ، والصِدقُ، وأداءُ الأمانَةِ، و التواضُعُ، و الغَيرةُ، والشَجاعَةُ، والحِلمُ، والصَبرُ، و الشُكر.

(۲۴) دس خصلتیں اخلاقی خوبیوں میں شمار ہوتی ہیں: سخاوت و حیا و صدق و امانت داری و تواضع و غیرت و شجاعت و بردباری و صبر و شکر۔

٢٥ ـ سوءُ الخُلقِ يُعدِي، و ذاك أنّـه يَـدْعُو صاحِبَك إلى أن يُقابِلك بِمثلِه.

(۲۵) تمہاری بداخلاقی دوسروں میں سرایت کر جاتی ہے وہ اس طرف کہ وہ تمہارے ساتھی کو تمہارے مقابلہ میں اسی طرح کے

عمل کے لئے اکساتی ہے۔

٢٦ ـ السَفرُ مِيزانُ الأخلاق.
(۲۶) سفر اخلاق کی میزان ہے۔

٢٧ ـ أشرفُ أخلاقِ الكريمِ كَثرَةُ تَغافُلِهِ عَمّا يَعلَم.
(۲۷) مرد کریم کا بہترین اخلاق (لوگوں کے عیوب کے متعلق) اپنی معلومات سے تغافل کرنا ہے۔

٢٨ ـ الكافِرُ شَرِسُ الخَليقةِ، سَيِّءُ الطَريقَة.
(۲۸) کافر بداخلاق و بداطوار ہوتا ہے۔

٢٩ ـ المُؤمنُ لَيِّنُ العَريكةِ، سَهلُ الخَليقَة.
(۲۹) مومن خوش اخلاق اور سبک رفتار ہوتا ہے۔

٣٠ ـ الخُلقُ المذمُومُ مِن ثِمارِ الجهل.
(۳۰) برا اخلاق جہالت کا نتیجہ ہوتا ہے۔

٣١ ـ السَّيِّءُ الخُلقُ كَثيرُ الطَيشِ، مُنغَّصُ العَيش.
(۳۱) بداخلاق بہت زیادہ طیش میں رہتا ہے اور اس کے پاس راحت کا وجود نہیں ہوتا۔

٣٢ ـ الخُلقُ السَّيِّءُ أحدُ العَذابَين.
(۳۲) بداخلاقی دو عذابوں میں سے ایک عذاب ہے۔

٣٣ ـ الخُلقُ المَحمودُ مِن ثِمارِ العَقل.
(۳۳) اچھا اخلاق عقل کا ثمرہ ہے۔

٣٤ ـ إنّ كَرامَتَكَ لا تَتَّسِعُ لِجميعِ النـاس، فَتَوخَّ بها أفاضِلَ الخَلق.
(۳۴) یقیناً تمھاری کرامت و سخاوت تمام لوگوں کا احاطہ نہیں کر سکتی لہٰذا اسے اچھے اخلاق والوں کے لئے مخصوص کر دو۔

٣٥ ـ إذا حَسُنَ الخُلقُ لَطُفَ القَول.
(۳۵) جب اخلاق اچھا ہو جاتا ہے تو باتیں بھی لطیف ہو جاتی ہیں۔

٣٦ ـ بِحُسنِ الأخلاقِ تَدُرُّ الأرزاق.
(۳۶) خوش اخلاقی کے ذریعہ رزق میں اضافہ ہوتا ہے۔

٣٧ ـ حُسنُ الأخلاقِ بُرهانُ كَرَمِ الأعراق.
(۳۷) اچھا اخلاق کریم النسب ہونے کی دلیل ہے۔

٣٨ ـ حُسنُ الخُلقِ أفضلُ الدين.
(۳۸) اچھا اخلاق دین کا بہترین حصہ ہے۔

٣٩ ـ حُسنُ الأخلاقِ يَدُرُّ الأرزاقَ، و يُونِسُ الرفاق.
(۳۹) حسن اخلاق روزی کو زیادہ کرتا ہے اور دوستوں میں باہمی میل ملاپ اور انس پیدا کر دیتا ہے۔

٤٠ ـ رأسُ الإيمانِ حُسنُ الخُلقِ، والتَّحلّي بِالصدق.
(۴۰) حسن اخلاق اور زیور صدق سے آرائش ایمان کا سرمایہ ہے۔

٤١ ـ سُوءُ الخُلقِ شُؤمٌ، والإساءَةُ إلى المُحسنِ لُؤمٌ.
(۴۱) بداخلاقی نازیبا ہے اور محسن کے ساتھ برائی مذموم ہے۔

٤٢ ـ سُوءُ الخُلقِ يُوحِشُ النَفسَ، وَيَرفَعُ الأُنس.
(۴۲) بداخلاقی نفس کو متوحش اور انس کو ختم کر دیتی ہے۔

٤٣ ـ كُلُّ داءٍ يُداوىٰ إلاّ سُوءُ الخُلق.
(۴۳) ہر مرض کا علاج ہے سوائے بداخلاقی کے۔

٤٤ ـ لا سُؤدَدَ لِسيِّءِ الخُلق.
(۴۴) بداخلاق کے پاس کسی طرح کی مسرت آفرینی نہیں ہوتی۔

٤٥ ـ لا عَيشَ أهنأُ مِن حُسنِ الخُلق.
(۴۵) خوش خلقی سے زیادہ پر مسرت کوئی زندگی نہیں۔

٤٦ ـ مَن حَسُنَتْ خَليقَتُهُ طابَت عِشرَتُه.

(۴۶) جس کا اخلاق اچھا ہوتا جاتا ہے اس کی بات چیت کا انداز اور لوگوں سے میل جول اچھا ہو جاتا ہے۔

٤٧ ـ مَن سَاءَ خُلقُهُ عَذَّبَ نَفسه.

(۴۷) بد اخلاق خود ہی کو اذیت میں مبتلا کرتا ہے۔

٤٨ ـ مَن ساءَ خُلقُهُ ضاقَ رِزقُه.

(۴۸) جس کا اخلاق خراب ہو گیا اس کا رزق بھی تنگ ہو گیا۔

٤٩ ـ نِعمَ الشِيمةُ حُسنُ الخُلق.

(۴۹) بہترین خصلت خوش خلقی ہے۔

٥٠ ـ نِعمَ الإيمانُ جميلُ الخُلق.

(۵۰) دلکش اخلاق والا بہترین ایمان والا ہے۔

[۷]

# الأُخوّة = اخوت

۱ ـ نِظامُ المُرَوَّةِ حُسنُ الأُخُوّةِ، و نِظامُ الدِّين حُسنُ اليَقين.

(۱) نظام مروت، بہترین بھائی چارگی ہے اور نظام دین اچھا یقین ہوتا ہے۔

۲ ـ مَن أَمِنتَ مِن أَذِيَّتِه فارغَب في أُخُوَّته.

(۲) جس کی اذیت رسانی سے تم محفوظ ہو اس سے برادری اور دوستی کے مشتاق رہو۔

۳ ـ شرُّ الإخوانِ مَن تُكُلِّفُ لَه.

(۳) بدترین بھائی وہ ہے جس کے لئے زحمت اٹھانا پڑے۔

٤ ـ أعجزُ الناسِ مَن عَجَزَ عنِ اكتسابِ الإخوان، و أعجزُمِنه من ضَيَّعَ مَن ظَفِرَ بِهِ مِنهم.

(۴) ضعیف ترین شخص وہ ہے جو کسی کو بھائی بنانے پر قادر نہ ہو اور اس سے زیادہ کمزور وہ ہے جو کامیاب ہونے کے بعد کسی بھائی کو کھودے۔

٥ ـ خَيرُ إخوانِكَ مَن واساك.

(۵) تمہارا سب سے اچھا بھائی وہ ہے جو تمہارے ساتھ تعاون کرے

٦ ـ مَن عَذُبَ لِسانُه كَثُرَ إخوانُه.

(۶) جس کی زبان شیریں ہوگی اس کے دوست بھی بہت زیادہ ہو جائیں گے۔

۷ ـ مِن كَرَمِ المَرْءِ حِفْظُه قَديمَ إخوانِه.

(۷) پرانے دوستوں کی حفاظت انسان کی کرامت میں سے ہے۔

۸ ـ شَرُّ الإخوانِ مَن يَحتَشِم ويَتَكلَّف.

(۸) بدترین بھائی وہ ہے جو (اپنے بھائی سے کچھ مانگنے میں) شرم و تکلف کرے۔

۹ ـ إيّاكَ وكَثرَةَ الإخوان، فإنَّه لا يُؤذِيكَ إلّا مَن يَعرِفُك.

(۹) زیادہ احباب سے بچو، کیونکہ تمہیں تمہارے شناسا ہی تکلیف پہنچائیں گے۔

۱۰ ـ الإخوان صِنفان: إخوانُ الثِّقَةِ، وإخوانُ المُكاثَرة. فأمّا إخوان الثِّقةِ فَهُم كالكَفِّ والجَناحِ والأهلِ والمالِ، فإذا كنتَ مِنْ أخيك على ثِقَةٍ فابْذُل له مالَكَ ويدَك، وصافِ مَن

(۱۰) بھائیوں (یعنی دوستوں) کی دو قسمیں ہوتی ہیں، بھروسہ مند دوست اور ہنسی مذاق والے دوست۔ جہاں تک بھروسے مند اور قابل اطمینان دوستوں کی بات ہے تو یہ لوگ ہتھیلی، بازو، خاندان اور دولت کی طرح ہوتے ہیں لہٰذا اگر تم اپنے کسی بھائی (دوست)

صافاهُ، وعادِ مَن عاداهُ، وأكتُم سِرَّه، وأعِنهُ، و أظهِر مِنهُ الحَسَن، و أعلَم - أيّها السائل - نّهم أعَزُّ مِـن الكـبريتِ الأحـمرَ. و أمـا إخـوانُ المكاشَرة فإنَّك تُصيبُ منهم لذَّتكَ، فابذُل لهم ما بَذَلوا لك مِـن طَـلاقَةِ الوَجـهِ، وحَـلاوَةِ اللِّسان.

پر بھروسہ کرتے ہو تو اس پر اپنی دولت طاقت سب نچھاور کر دو اسکے احباب سے دوستی اور اسکے دشمنوں سے دشمنی رکھو اسکے اسرار کی حفاظت کرو اس کی مدد کرو اسکی اچھی باتوں کو بیان کرو۔ اور اے پوچھنے والے! تو یہ جان لے کہ یقیناً یہ لوگ آب حیات سے زیادہ اہمیت کے حامل ہیں۔ اور ہنسی مذاق والے احباب سے تم لطف اندوز ہوتے ہو لہذا وہ لوگ تمہارے ساتھ جس طرح سے پیش آتے ہیں تم بھی ان سے اسی طرح ہشاش بشاش چہرے اور میٹھے بول کے ساتھ ملو۔

١١ - مَن حاسَب الإخوان على كلِّ ذَنبٍ قَلَّ أصدِقاؤه.

(۱۱) جو اپنے دوستوں کا ہر بات میں محاسبہ کرتا ہے اس کے دوست کم ہو جاتے ہیں۔

١٢ - الإخوانُ في الله تعالى تَـدومُ مَـوَدَّتُهم لِدَوامِ سَبَبِها.

(۱۲) اللہ کے لئے کی جانے والی دوستی ہمیشہ باہمی محبت پر استوار رہتی ہے کیونکہ ایسی دوستی کا سبب (یعنی خدا) دائم ہے۔

١٣ - إخوانُ الصِّدقِ زينَةٌ في السَّرّاءِ، وعُدَّةٌ في الضَّرّاء.

(۱۳) سچے دوست خوشیوں میں زینت اور پریشانیوں میں سہارا ہوتے ہیں۔

١٤ - خيرُ الإخوانِ أنصَحُهُم، وشَرُّهم أغَشُّهُم.

(۱۴) بہترین بھائی وہ ہے جو سب سے زیادہ نصیحت کرے اور بدترین بھائی وہ ہے جو سب سے زیادہ دھوکا دے۔

١٥ - خَيرُ الإخوانِ مَن إذا فَقَدتَهُ لَم تُحِبُّ البَقاءَ بَعدَه.

(۱۵) بہترین بھائی وہ ہے جسے کھو دینے کے بعد جینے کی آرزو نہ ہے

١٦ - خَيرُ الإخوانِ أقَلُّهُم مُصانَعَةً في النَّصيحَة.

(۱۶) بہترین بھائی وہ ہے جو نصیحت کرنے میں تکلف نہ کرے۔

١٧ - شَرُّ إخوانِكَ مَن تَثَبَّطَ عن الخَيرِ وثَبَّطَكَ مَعه.

(۱۷) بدترین بھائی وہ ہے جو خود بھی نیکیوں سے دور رہے اور تمہیں بھی دور رکھے۔

١٨ - شَرُّ إخوانِكَ مَن أرضاكَ بالباطِل.

(۱۸) تمہارا بدترین بھائی وہ ہے جو غلط بات پر تمہیں راضی کرے۔

١٩ - ما أكثَرُ الإخوانِ عند الجِفان، وأقَـلَّهُم عند حادِثات الزَّمان.

(۱۹) بڑے بڑے دیگوں (یعنی نعمتوں) کے وقت کتنے زیادہ بھائی بن جاتے ہے اور حوادث روزگار کے وقت کتنے کم؟!

[۸]

## الأَدَب = ادب

١ ـ أيُّها النَّاس، تَوَلُّوا مِن أَنفُسكُم تَـأْدِيبَها، وَاعدِلُوا بِها عَن ضَراوَةِ عاداتِها.

(۱)اے لوگو! اپنے نفس کو مودب کرنے کی ذمہ داری سنبھال لو اور اسے بری عادتیں اپنانے سے روک دو۔

٢ ـ كَفاكَ أَدَباً لِنَفسِكَ اجتِنابُ مَا تَكرَهُهُ مِن غَيرِك.

(۲) تمہارے لئے بطور ادب یہی کافی ہے کہ تم ان اشیاء سے اجتناب کرو جو تمہیں دوسروں میں اچھی نہ لگیں۔

٣ ـ الآدَابُ حُلَلٌ مُجَدَّدَةٌ.

(۳) آداب پالش کئے ہوئے زیور ہیں ۔(یا نئے کئے ہوئے)

٤ ـ لاَ مِيراثَ كَالأَدَب.

(۴)ادب جیسی کوئی میراث نہیں ہے۔

٥ ـ العاقِلُ يَتَّعِظُ بِالآدابِ، وَالبَهائِمُ لاَ تَتَّعِظُ إلاَّ بِالضَّرب.

(۵)عقل مند آداب کے ذریعہ سدھر جاتا ہے اور چوپائے صرف مار ہی سے سیدھے ہوتے ہیں۔

٦ ـ حقُّ الولدِ على الوالد أن يُحسِّنَ اسمَـهُ و يُحسِّنَ أدَبَهُ و يُعَلِّمَهُ القُرآن.

(۶)باپ پر بیٹے کا یہ حق ہے کہ وہ اس کا اچھا نام رکھے، اس کی اچھی تربیت کرے اور اسے قرآن کی تعلیم دے۔

٧ ـ الحَزمُ كياسَةٌ، وَ الأَدَبُ رِئاسَةٌ.

(۷)دوراندیشی چالاکی ہے اور ادب ریاست۔

٨ ـ ذَكِّ قَلبَكَ بِالأَدَبِ، كَـما تُـذَكَّـى النَّـارُ بِالحَطَب.

(۸)اپنے دل کو ادب کے ذریعہ پاک کرو جس طرح آگ لکڑی کے ذریعہ پاک کی جاتی ہے۔

٩ ـ الشَّرَفُ بِالعَقلِ والأَدَبِ، لا بِالأَصلِ والنَّسَب.

(۹)شرف و بزرگی عقل و ادب سے ہے حسب نسب سے نہیں۔

١٠ ـ الأَدَبُ خَيرُ مِيراثٍ.

(۱۰)ادب بہترین میراث ہے۔

١١ ـ أَكرَمُ النَّسبِ حُسنُ الأَدَب.

(۱۱)بہترین نسب والا وہ ہے جو بہت مودب ہو۔

١٢ ـ الأَدَبُ صُورَةُ العَقلِ، فَحَسِّن عقلَكَ كَيفَ شِئت.

(۱۲)ادب عقل کا چہرا ہے لہذا جیسے چاہو اپنی عقل کو بہتر بناؤ۔

١٣ ـ لاَ شَرَفَ مَعَ سُوءِ أَدبٍ.

(۱۳)بے ادبی کے ساتھ کوئی شرف نہیں۔

١٤ ـ العُقُولُ مَواهِبُ، وَالآدابُ مكاسِبُ.

(۱۴) عقلیں عطیات ہیں اور آداب کمائی۔

١٥ ـ الأَدَبُ يُغني مِنَ الحَسب.

(۱۵)ادب، حسب نسب سے بے نیاز کر دیتا ہے۔

١٦ ـ لاَ حَسَبَ أَنفَعُ مِنَ الأَدَب.

(۱۶)ادب سے زیادہ مفید کوئی حسب نہیں۔

١٧ ـ حُسنُ الأَدَبِ يَنُوبُ عَنِ الحَسَب.

(۱۷)بہترین ادب اپنے حسب نسب کا نمائندہ ہوتا ہے۔

١٨ ـ الأَدَبُ عِندَ الأَحمَقِ كَالماءِ العَذبِ في أُصُولِ الحَنظَلِ، كُلَّما ازدادَ رِيّاً ازدادَ مَرارةً.

(۱۸)بیوقوف کے سامنے ادب دکھانا ایسا ہی ہے جیسے اندرائن (ایک بہت ہی کڑوا پھل) کی جڑوں میں میٹھا پانی ڈالا جائے جتنا ہی وہ سیراب ہو گا اتنا ہی کڑوا ہوتا جائے گا۔

١٩ ـ لاَ تُقسِرُوا أَولادَكُم عَلَى آدابِكُم، فَإِنَّهُم مَخلُوقُونَ لِزَمانٍ غَيرَ زَمانِكُم.

(۱۹)اپنی اولاد کو اپنے آداب و طریقے اپنانے پر مجبور نہ کرو، کیونکہ وہ تمہارے زمانے کے لئے نہیں بلکہ دوسرے زمانے کے لئے پیدا کئے گئے ہیں۔

٢٠ ـ عَلَيكُم بِالأَدَبِ، فإِن كُنتُم مُلُوكاً بَرَزتُم، و إِن كُنتُم وَسَطاً فُقتُم وإِن أَعوَزَتكُمُ المَعِيشَةُ عِشتُم بِأَدبِكُم.

(۲۰)ادب تمہارے لئے لازم ہے کیونکہ اگر تم حاکم ہوئے تو (اسکے سبب) تمہاری شخصیت لوگوں کے سامنے ابھر جائے گی اور اگر متوسط طبقے کے ہوئے تو تمہاری حالت مستحکم ہو جائے گی اور اگر تمہاری معیشت تنگ ہوئی تو تم اپنے ادب کے ذریعہ زندہ رہوگے

٢١ ـ الأَدَبُ كَمالُ الرَّجلِ.

(۲۱)ادب مرد کا کمال ہے۔

٢٢ ـ الأَدَبُ فِي الإِنسانِ كَشَجَرةٍ، أَصلُها العَقل.

(۲۲)ادب کی حیثیت ایک پیڑ کی سی ہے جس کی جڑ عقل ہے۔

٢٣ ـ أَفضَلُ العَقلِ الأَدب.

(۲۳)عقل کا برتر ین جزء ادب ہے۔

٢٤ ـ أَفضَلُ الشَّرفِ الأَدَب.

(۲۴)سب سے اچھا شرف ادب ہے۔

٢٥ ـ إِنَّ بِذَوِي العُقُولِ مِنَ الحاجَةِ إِلى الأَدَبِ كَما يَظمأُ الزَّرعُ إِلى المَطَر.

(۲۵)ذوی العقول کو ادب کی اتنی ہی ضرورت ہے جتنا کھیتی کو بارش کی۔

٢٦ ـ إِنَّ النَّاسَ إِلى صالِحِ الأَدَبِ أَحوَجُ مِنهُم إِلى الفِضَّةِ وَالذَّهب.

(۲۶) بلاشبہ لوگوں کو اچھے ادب کی سونے چاندی سے زیادہ ضرورت ہے۔

٢٧ ـ أفضلُ الأدبِ أن يَقِفَ الإنسانُ عندَ حدِّهِ ولا يَتَعدَّى قَدرَه.

(۲۷)بہترین ادب یہ ہے کہ انسان اپنی حد میں رہے اور اپنی مقدار سے تجاوز نہ کرے۔

٢٨ ـ بِالأَدَبِ تُشحَذُ الفِطَن.

(۲۸)ادب سے ذہانت جلاء پاتی ہے۔

۲۹ ـ بِئسَ النَّسَبُ سُوءُ الأَدَب.
(۲۹) بدترین نسب بے ادبی ہے۔

۳۰ ـ ثَمرةُ الأَدَبِ حُسنُ الخُلق.
(۳۰) خوش اخلاقی ادب کا پھل ہے۔

۳۱ ـ حُسنُ الأَدَبِ يَستُرُ قُبحَ النَّسب.
(۳۱) ادب نسب کی خرابیوں کو چھپا دیتا ہے۔

۳۲ ـ طَالبُ الأَدَبِ أَحزَمُ مِن طالِبِ الدُّنيا.
(۳۲) ادب کا خواہاں طالب دنیا سے زیادہ دور اندیش ہوتا ہے۔

۳۳ ـ كُلُّ شَيءٍ يَحتاجُ إلى العَقلِ، وَالعَقلُ يحتاجُ إلى الأَدَب.
(۳۳) ہر شئے عقل کی محتاج ہے اور عقل ادب کی۔

۳٤ ـ مَن قَلَّ أَدَبُهُ كَثُرَت مَساوِئُه.
(۳۴) جس کا ادب کم ہو گیا اس کی برائیاں بڑھ جاتی ہیں۔

۳٥ ـ مَن قَعَدَ بِهِ حَسَبُهُ نَهَضَ بِهِ أَدَبُه.
(۳۵) جس کو حسب پست کر دیتا ہے اس کو ادب بلند کر دیتا ہے۔

۳٦ ـ مَن وَضَعَهُ دنائَةُ أَدَبِه لم يَرفَعْهُ شَرفُ حَسَبِه.
(۳۶) جسے بے ادبی نے پست کر دیا اسے اعلیٰ نسبی بھی بلند نہیں کر سکتی۔

۳۷ ـ مَن طَلَبَ خِدمَةَ السُّلطَانِ بِغَيرِ أَدبٍ خَرَجَ مِنَ السَّلاَمَةِ إِلَى العَطَب.
(۳۷) جس نے ادب کے بغیر خدمت سلطان چاہی اس نے خود کو سلامتی سے ہلاکت کی طرف ڈھکیل دیا۔

۳۸ ـ مَن لَم يَصلَح عَلى أَدَبِ اللهِ، لَم يَصلَحْ عَلَى أَدَبِ نَفسِه.
(۳۸) جو اللہ کے ادب کے لائق نہ ہو وہ خود اپنی تادیب پر قادر نہیں ہو سکتا۔

۳۹ ـ نِعم قَرِينُ العَقلِ الأَدَب.
(۳۹) عقل کا بہترین ہم نشیں ادب ہے۔

٤۰ ـ نِعم النَّسبُ حُسنُ الأَدب.
(۴۰) بہترین نسب حسن ادب ہے۔

٤۱ ـ لاَ أَدبَ لِسَيِّءِ النُّطق.
(۴۱) بد زبان کے پاس کوئی ادب نہیں ہوتا۔

٤۲ ـ لاَ عَقلَ لِمن لاَ أَدبَ له.
(۴۲) بے ادب کے پاس عقل نہیں ہوتی۔

٤۳ ـ لاَ يَرأَسُ مَن خَلاَ عَنِ الأَدَبِ وصَبا إلى اللَّعب.
(۴۳) ادب سے خالی اور لہو ولعب میں ڈوبا شخص سرداری نہیں کر سکتا۔

## [۹]
# الأرحام = قرابت

١ ـ المَوَدَّةُ قَرابَةٌ مستَفادَةٌ.

(۱)مودت مفید قرابت ہے۔

٢ ـ الكَرَمُ أَعطَفُ مِنَ الرَّحِم.

(۲) جود و کرم رحم سے زیادہ مہربان ہے۔

٣ ـ مَن ضَيَّعَهُ الأَقرَبُ أُتِيحَ لَهُ الأَبعَد.

(۳) جسے قریب ترین افراد چھوڑ دیتے ہیں اسے دور کے لوگ مل جاتے ہیں۔

٤ ـ مَوَدَّةُ الآباءِ قَرابَةٌ بَينَ الأَبناءِ، وَالقَرابَةُ إِلَى المَوَدَّةِ أَحوَجُ مِنَ المَوَدَّةِ إِلى القَرابَة.

(۴)باپ کی محبت بیٹوں کے درمیان قرابت (کا سبب) ہے اور قرابت کو مودت کی ضرورت، مودت کو قرابت کی ضرورت سے زیادہ ہے۔

٥ ـ إِنَّ وَلِيَّ مُحَمَّدٍ ﷺ مَن أَطاعَ اللهَ وَإِنَ بَعُدَتْ لُحْمَتُهُ، وإِنَّ عَدُوَّ مُحَمَّدٍ ﷺ مَن عَصَى اللهَ وَإِن قَرُبَت قَرابَتُه.

(۵) بلاشبہ محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا دوست وہی ہے جو خدا کا اطاعت گذار ہو بھلے ہی اس کی آپ سے دور کی نسبت ہو اور بلاشبہ محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا دشمن وہ ہے جو اللہ کی نافرمانی کرے بھلے ہی وہ آپ کے قرابت داروں میں سے کیوں نہ ہو۔

٦ ـ أَقِمِ الحُدودَ في القَرِيبِ يَجتَنِبُها البَعيد.

(۶) قریبی لوگوں پر حدود جاری کرو (نتیجتاً) دور کے لوگ خود ہی اس سے اجتناب کریں گے۔

٧ ـ يَنبَغي لِذَوي القَراباتِ أَن يَتزاوَرُوا ولا يَتجاوَرُوا.

(۷) رشتہ داروں کو ایک دوسرے سے ملاقات کرنا چاہئے، لیکن ایک دوسرے کا پڑوسی نہیں ہونا چاہئے۔

٨ ـ صِلوا أَرحامَكُم وَإِن قَطَعُوكُم.

(۸) اپنے نہایت قریبی رشتہ داروں (ارحام) سے تعلق بنائے رکھو بھلے ہی وہ لوگ تم سے دوری اختیار کریں۔

٩ ـ مَن كانَ لَهُ مالٌ فَلیَصِل بِهِ القَرابَةَ، وَلْيُحسِنَ مِنهُ الضِيافَةَ وَليَفُكَّ بِهِ العاني وَالأَسيرَ، فَإِنَّ الفوزَ بِهذِهِ الخِصالِ مَكارِمُ الدُّنيا وَشَرَفُ الآخِرَة.

(۹) مالدار دولت کے ذریعہ قرابت داری کا لحاظ اور مہمان نوازی کرے۔ اس دولت کے ذریعہ پریشان حال افراد اور قیدیوں کو آزاد کرائے پس جو ان خصلتوں کا مالک ہو گا وہ دنیا اور آخرت میں عزت دار ہو جائے گا۔

١٠ ـ القَريبُ مَن قَرَّبَتهُ المَودَّةُ وإن بَعُدَ نَسبُهُ، وَالبَعيدُ مَن باعَدَتهُ العَداوَةُ وَإن قَرُبَ نَسَبُهُ، وَلا شَيءَ أقرَبُ مِن يَدٍ إلى جَسَدٍ، وَإنّ اليدَ إذا فَسَدَتْ قُطِعَتْ، وَإذا قُطِعَت حُسِمَت.

(۱۰) قریب وہ ہے جسے محبت و الفت نے قریب کیا ہو بھلے ہی اس کی نسبت دور کی ہو اور بعید وہ ہے جسے عداوت نے دور کر دیا ہو بھلے ہی وہ رشتہ داری کے لحاظ سے قریب ہو، (چنانچہ) ہاتھ سے زیاد جسم کے کون قریب ہو گا مگر جب خراب ہو جاتا ہے تو اسے بھی کاٹ دیا جاتا ہے جس کے بعد پھر اس کا (جسم میں) شمار نہیں ہوتا

١١ ـ المَودَّةُ إحدَى القَرابَتين.

(۱۱) مودت، قرابت کی دو قسموں میں سے ایک قسم ہے۔

١٢ ـ عَداوَةُ الأقارِبِ أَمَضُّ مِن لَسعِ العَقارِب.

(۱۲) رشتہ داروں کی دشمنی بچھوؤں کے ڈنک مارنے سے زیادہ اذیت ناک ہوتی ہے۔

١٣ ـ رُبَّ قَريبٍ أبعَدُ من بَعيدٍ و ربَّ بَعيدٍ أقربُ مِن كلِّ قَريب.

(۱۳) بہت سے قریبی، دور والوں سے بھی زیادہ دور ہوتے ہیں اور بہت سے دور افراد تمام اقرباء سے زیادہ قریب ہوتے ہیں۔

١٤ ـ صِلُوا أرحامَكُم ولو بِالتسليم.

(۱۴) اپنے رشتہ داروں سے تعلقات برقرار رکھو۔ بھلے ہی ایک سلام کے ذریعہ۔

١٥ ـ أكرِم ذَوِي رَحِمِكَ و وَقِّرْ حَليمَهُم و احلُم عن سفيهِهِم و تَيَسَّر لِمُعسِرِهِم فإنَّهم لك نِعمَ العُدَّةُ في الشَّدَّةِ و الرَّخاء.

(۱۵) قریبی رشتہ داروں کا احترام کرو ان میں سے حلیم افراد کی توقیر کرو، اور ان میں سے کم عقلوں کے سامنے حلم و بردباری کا مظاہرہ کرو۔ اپنے رشتہ داروں میں بدحال اشخاص کے لئے آسانیاں فراہم کرو کیونکہ یہی لوگ پریشانی و خوشحالی میں (تمہارے) بہترین مددگار ہوں گے۔

١٦ ـ بِرُّ الرجلِ ذَوِى رَحِمِهِ صَدَقَةٌ.

(۱۶) آدمی کا اپنے قریبی رشتہ داروں (ارحام) سے نیکی کرنا (جان و مال کا) صدقہ ہے۔

[۱۰]

# الاستبداد = خودسری

۱ ـ مَن استبَدَّ بِرأيِهِ هَلَكَ، وَمَن شاوَرَ الرِّجالَ شارَكَها في عُقُولِها.

(۱) جس نے صرف اپنی رائے پر بھروسہ کیا وہ ہلاک ہو گیا اور جس نے لوگوں سے مشورہ لیا وہ انکی عقلوں میں شریک ہو گیا۔

۲ ـ نِعمَ المُوازَرَةُ المُشاوَرَةُ، وبِئسَ الاستِعدادُ الاستبداد.

(۲) بہترین تعاون 'مشاورت' اور بدترین استعداد 'خودسری' ہے۔

۳ ـ مَن أعجَبَتهُ آراؤُهُ غَلَبَتهُ أعداؤُه.

(۳) جسے اپنی ہی رائے پسند ہو وہ دشمنوں کے ہاتھوں مغلوب ہو جائے گا۔

٤ ـ قَد خاطَرَ بِنَفسِهِ مَن استَغنىٰ بِرأيِه.

(۴) جس نے صرف اپنی ہی رائے پر اکتفا کیا اس نے اپنے آپ کو معرض خطر میں ڈال دیا۔

٥ ـ مَنِ استَبَدَّ بِرأيِهِ خَفَّت وَطأتُهُ على أعدائِه.

(۵) جس نے محض اپنی رائے پر بھروسہ کیا اسکے پاؤں دشمنوں کے مقابلہ میں اکھڑ جائیں گے۔

٦ ـ مَنِ استَبَدَّ بِرأيِهِ زَلَّ.

(۶) جو صرف اپنی رائے پر بھروسہ کرتا ہے وہ غلط راستوں پر چل پڑتا ہے۔

۷ ـ حقٌّ علَى العَاقِلِ أن يَستَدِيمَ الاستِرشادَ، فيَترُكَ الاستِبداد.

(۷) عاقل پر لازم ہے کہ ہمیشہ مشورہ لیتا رہے تا کہ محض اپنی بات پر اڑے رہنے (کی عادت) سے باز رہے۔

۸ ـ المُستبدُّ مُتَهَوِّرٌ في الخَطأ والغَلَط.

(۸) صرف اپنی بات پر بھروسہ کرنے والا غلطی و خطا میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

[۱۱]

# الاستغفار = استغفار

۱ ـ عَجِبتُ لِمَن يَقنَطُ وَمَعهُ الاستِغفار.

(۱) مجھے مایوس ہونے والے پر تعجب ہوتا ہے. جبکہ اس کے پاس استغفار (کی قوت) موجود ہے۔

۲ ـ مَن أُعطِيَ الاستِغفارَ لَم يُحرِمِ المَغفِرَة.

(۲) جسے توفیق استغفار عطا ہو گئی وہ مغفرت سے محروم نہیں ہو سکتا۔

۳ ـ تَعَطَّروا بالاستِغفارِ، لا تَفضَحكُم رائِحَةُ الذُّنوب.

(۳) (خود کو) استغفار سے معطر کر لو، تمہیں گناہوں کی بدبو رسوا نہیں کرے گی۔

٤ ـ قال ﷺ: العَجَبُ لِمَن يَهلِكُ وَمَعَهُ النَّجاة. قِيلَ لَهُ: وَما هِيَ؟ قالَ ﷺ: التَوبةُ والاستِغفار.

(۴) امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا۔ "مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو نجات کے ہوتے ہوئے بھی ہلاک ہو جاتا ہے۔" آپ سے پوچھا گیا کہ نجات کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا۔ "توبہ واستغفار"۔

٥ ـ ما تَحمَدُ اللهَ عَلَيهِ فَهو مِنهُ، وَما تَستَغفِرُ مِنهُ فَهُو مِنك.

(۵) تم اللہ کی جس سے حمد کرتے ہو وہ (شئے) اللہ سے ہے مگر جس چیز کے ذریعہ استغفار کرتے ہو وہ تم سے ہے۔

٦ ـ ثلاثٌ يَبلُغنَ بالعَبدِ رِضوانَ اللهِ: كَثرَةُ الاستِغفارِ، وخَفضُ الجانِبِ، وَكَثرةُ الصَدَقَة.

(۶) تین چیزیں بندے کو رضائے خدا تک پہنچا دیتی ہیں کثرت استغفار پہلو تہی (تواضع) کرنا اور کثرت سے صدقہ دینا۔

۷ ـ الاستغفارُ دَواءُ الذُّنوب.

(۷) استغفار گناہوں کا علاج ہے۔

۸ ـ كانَ فِي الأرضِ أمانانِ مِن عَذابِ اللهِ، وَقَد رُفِعَ أَحَدُهُما، فَدُونَكُم الآخَرَ فَتَمَسَّكُوا بِهِ، أَمّا الأَمانُ الذي رُفِعَ فَهُوَ رسولُ اللهِ ﷺ، وأَمّا الأَمانُ الباقي فالاستغفارُ، قالَ اللهُ تعالى: ﴿وَمَا كانَ اللهُ لِيُعَذِّبَهُم وَأَنتَ فِيهِم وَمَا كَانَ اللهُ مُعَذِّبَهُم وَهُم يَستَغفِرونَ﴾

(۸) اہل زمین کے لئے دو چیزیں عذاب الہی سے امن وامان کا سبب قرار دی گئی تھیں ان میں سے ایک اٹھالی گئی لہذا دوسری شئے کا خیال رکھو اور اسے (مضبوطی سے) تھامے رہو وہ سبب امان جسے اٹھا لیا گیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہیں مگر دوسری شئے جو ابھی باقی ہے وہ استغفار ہے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا "اللہ انہیں ہرگز معذب نہیں کرے گا درحالیکہ تم ان کے درمیان ہو اور اللہ ان پر عذاب نہیں نازل کرتا جب تک وہ استغفار میں مشغول ہوں"۔

٩ ـ قال لِقائِل قال بحَضرَته: «أَستَغفِرُ اللهَ»: ثَكَلتكَ أُمُّكَ، أَتَدري مَـا الاستِغفارُ؟ الاستِغفارُ دَرَجـةُ العِلّيّينَ، وَهُو اسمٌ واقعٌ عَلى سِتَّةِ مَعانٍ: أوّلُها: النَدمُ علىٰ مامَضىٰ. والثاني: العَزمُ علىٰ تَركِ العَودِ إليهِ أبَداً. و الثالثُ: أَن تُؤَدّي إلى المَخلُوقينَ حُقُوقَهُم حتّىٰ تَلقَى اللهَ أَملَسَ ليسَ عَليكَ تَبِعَةٌ. والرابعُ: أَن تَعمِدَ إلى كُلِّ فَريضَةٍ عَليكَ ضَيَّعتَها فَتُؤَدّي حَقَّها. و الخامس: أَن تَعمِدَ إلى اللَّحمِ الذي نَبَتَ عَلى السُّحتِ فَتُذيبَهُ بالأَحزانِ حتّى تُلصِقَ الجِلدَ بِالعَظم، وَ يَنشأَبَينَهما لحمٌ جديدٌ. والسادس: أَن تُذيقَ الجِسمَ أَلَمَ الطاعَةِ كما أَذَقتَهُ حَلاوَةَ المَعصيةِ، فَعِندَ ذلِكَ تَقولُ: أَستغفِرُ الله.

١٠ ـ الاستغفارُ يَمحُو الأَوزار.

١١ ـ إذا جُنِيَ عَليكَ فَاغتَفِر.

١٢ ـ إنَّما الكَيِّسُ مَن إذا أساءَ استَغفَرَ، وإذا أَذنبَ نَدِم.

١٣ ـ إنَّ العَبدَ بَينَ نِعمَةٍ وَذَنبٍ، لا يُصلِحُهُما إلاّ الاستِغفارُ وَالشُكر.

١٤ ـ أفضلُ التَوَسُّلِ الاستِغفار.

١٥ ـ حُسنُ الاستِغفارِ يُمَحِّصُ الذُنوب.

١٦ ـ لَـو أَنَّ النـاسَ حِـينَ عَـصَوا تـابُوا واستَغفَرُوا لَم يُعَذَّبُوا وَلَم يُهلَكُوا.

(۹) آپ نے اپنے سامنے "استغفر اللہ" کہنے والے ایک آدمی سے فر "تیری ماں تیرے سوگ میں بیٹھے کیا تجھے معلوم ہے کہ استغفار کسے کہتے ہیں؟ استغفار اعلیٰ مرتبت لوگوں کا مقام ہے جو چھ معنوں میں استعمال ہوتا ہے گذشتہ پر ندامت، دوبارہ نہ کرنے کا عزم، مخلوق خدا کے حقوق کی ادائیگی تاکہ (روز قیامت) اللہ کے سامنے بغیر کسی بوجھ کے جائے، اپنے اوپر لازم ان تمام فرائض کی انجام دہی جنہیں اس نے ضائع کر دیا تھا، حرام کی کمائی سے جتنا گوشت چڑھ چکا ہے اسے غموں کے ذریعے گلا ڈالو۔ یہاں تک کہ جلد ہڈی سے چپک جائے اور پھر اس پر دوسرا گوشت چڑھ جائے جسم کو اطاعت کی تکلیف سے آشنا کرو جس طرح تم نے اسے معصیت کی شیرینی کا عادی بنایا تھا اس کے بعد کہو "استغفر اللہ"۔

(۱۰) استغفار گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔

(۱۱) جب تم پر زیادتی کی جائے تو در گذر کرو۔

(۱۲) چالاک وہی ہے جس نے گناہ کے بعد استغفار کیا اور برائی کی بعد شرمندہ ہوا۔

(۱۳) یقیناً بندہ گناہ و نعمت کے درمیان (پھنسا) ہوتا ہے جز، استغفار و شکر، اس کا علاج ممکن نہیں۔

(۱۴) بہترین توسل استغفار ہے۔

(۱۵) حسن استغفار، گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔

(۱۶) اگر لوگ گناہ کے وقت توبہ و استغفار کرلیں تو نہ کبھی ہلاک ہوں اور نہ ہی عذاب میں مبتلا ہوں۔

[ ۱۲ ]

# الاستقامة = پائیداری

١ ـ [ وقد جَمع النّاس بعد صفين و حَضَّهُم على الجهاد فَسكَتوا علياً فقال: ] . . . لقد حَمَلْتُكُم على الطَّريقِ الواضِحِ التي لا يَهلِكُ عليها إلّا هالِكٌ، مَن استقامَ فَإِلَى الجَنَّةِ و مَن زَلَّ فإلى النّار.

(۱) جنگ صفین کے بعد لوگ جمع تھے اور آپ انہیں جہاد کی ترغیب دے رہے تھے مگر وہ لوگ (بے دلی سے) خاموش بیٹھے رہے تو آپ نے فرمایا۔ "میں تمھیں ایک ایسے واضح راستے پر لے آیا ہوں جس پر صرف (یقیناً) ہلاک ہونے والا ہی ہلاک ہو گا اور جس نے استقامت اختیار کی وہ جنت کی طرف چلا جائے گا اور جس کے قدم ڈگمگائے وہ دوزخ کی طرف بڑھ جائے گا۔

٢ ـ السَّلامةُ مَع الاِستِقامة.

(۲) سلامتی استقامت کے ساتھ ہے۔

٣ ـ مَن لَم تَستَقِم لَهُ نفسُهُ، فَلا يَلومَنَّ مَن لم يَستَقِم لَه.

(۳) جو خود کے لئے سیدھا اور پائیدار نہ ہو وہ اپنے ساتھ ناپائیداری برتنے والے کی ملامت نہ کرے۔

٤ ـ ثَمرةُ العَقلِ الاستِقامة.

(۴) استقامت، عقل کا ثمرہ ہے۔

٥ ـ أفضلُ السَعادةِ استقامةُ الدِين.

(۵) بہترین کامیابی، استحکام دین ہے۔

٦ ـ عَليكَ بِمَنهجِ الاستقامَةِ، فَإِنَّهُ يُكسِبُكَ الكَرامَةَ، وَيَكفِيكَ المَلامَة.

(۶) تمہارے لئے راہ استقامت ضروری ہے کیونکہ یہ تمہارے لئے کرامت مہیا کرتی ہے اور تمہیں ملامت سے بچائے رکھتی ہے۔

٧ ـ كَيفَ يَستَقِيمُ قَلبُ مَن لَم يَستَقِمْ دينُه.

(۷) اس کا دل کیسے پائیدار ہو سکتا ہے جس کے دین میں استحکام نہ ہو؟

٨ ـ لا مَسلَكَ أسلَمُ مِنَ الاستِقامَة.

(۸) استقامت سے زیادہ محفوظ کوئی مسلک نہیں ہے۔

٩ ـ مَن رَغِبَ في السَلامةِ ألزَمَ نَفسَهُ الاستِقامَة.

(۹) جسے سلامتی درکار ہوتی ہے وہ اپنے لئے استقامت کو لازم قرار دے لیتا ہے۔

١٠ ـ لا سَبِيلَ أشرفُ مِن الاستقامَة.

(۱۰) استقامت سے بہتر کوئی راستہ نہیں۔

[۱۳]

# الإسراف = اسراف

١ ـ ألاٰ و إنّ إعطاءَ المالِ في غَيرِ حقّهِ تبذيرٌ و إسرافٌ و هُوَ يَرفَعُ صاحِبَهُ فى الدُّنيا و يَضَعُهُ فى الآخرة.

(۱) آگاہ ہو جاؤ کہ بغیر حق کے مال لٹانا، اسراف و فضول خرچی ہے یہ صفات دنیا میں تو اس آدمی کو سربلند کر دیتی ہیں مگر آخرت میں یہی اس کی پستی کی باعث بن جاتی ہیں۔

٢ ـ دَعِ الإسرافَ مُقتَصِداً و اذكُرْ فى اليومِ غداً و أمسِكْ مِنَ المالِ بِقدرِ ضَرورَتك و قَدِّمِ الفَضلَ ليوم حاجَتِك.

(۲) میانہ رو ہو کر اسراف کو ترک کر دو آج، کل آنے والے دن کو یاد کرو اور اپنے مال میں سے ضرورت بھر لے کر بقیہ اپنے ضرورت کے دن (قیامت) کے لئے آگے بھیج دو۔

٣ ـ لِلمُسرِفِ ثلاثُ علاماتٍ: يأكلُ ما ليس له، و يَلبَسُ ما ليسَ لَه، و يَشتَري ما ليس له.

(۳) فضول خرچ کی تین نشانیاں ہیں ایسی چیز کھائے گا جو اس کے لئے نہیں ہے ایسی چیز پہنے گا جو اسکے لائق نہیں، اور ایسی چیز خریدے گا جو اس کے لئے نہ ہو۔

٤ ـ الإقتصادُ يُنمي اليَسير، الإسرافُ يَـفني الكثير.

(۴) میانہ روی تھوڑے (سرمایہ) کو بڑھا دیتی ہے اور اسراف زیادہ کو ختم کر دیتا ہے۔

٥ ـ الحازِمُ مَن تَجَنَّبَ التبذيرَ و عاف السَّرَف.

(۵) دور اندیش وہ ہے جو اسراف و فضول خرچی سے اجتناب کرے

٦ ـ الإسرافُ مَذمومٌ في كلِّ شيءٍ إلّا في أفعالِ البِرّ.

(۶) اسراف ہر چیز میں برا ہے سوائے نیکیوں کے۔

٧ ـ العَقلُ أنّك تَقتَصِدُ فلا تُسرِفُ و تَعِدُ فلا تُخلِفُ و إذا غَضِبتَ حَلِمْتَ.

(۷) عقل مندی یہ ہے کہ میانہ روی اختیار کرو، اسراف نہ کرو، وعدہ کرنے کے بعد اسے نبھاؤ اور غصہ کے وقت بردباری سے کام لو۔

٨ ـ حُسنُ التقديرِ مَـعَ الكَـفافِ خـيرٌ مِـن السَّعيِ فى الإسراف.

(۸) تنگ دستی کے ساتھ حسن تقدیر تو نگری کے ساتھ اسراف سے بہتر ہے۔

٩ ـ حَلُّوا أنفُسَكُم بِالعَفافِ و تَجَنَّبُوا التَّبذيرَ و الإسراف.

(۹) اپنے آپ کو پرہیزگاری سے آراستہ کرو، اسراف اور فضول خرچی سے اجتناب کرو۔

۱۰ ـ شَينُ السخاءِ السَّرَف.
(۱۰) اسراف سخاوت پر داغ ہے۔

۱۱ ـ ذَرِ السَّرَفَ فإنَّ المُسرِفَ لا يُحمَدُ جُودُهُ و لا يُرحَمُ فقرُه.
(۱۱) اسراف چھوڑ دو کیونکہ فضول خرچی کی سخاوت کبھی اچھی نہیں مانی جاتی اور (قلاش ہونے کے بعد) اس کی غریبی پر کوئی رحم نہیں کرتا۔

۱۲ ـ قِلّةُ الأكلِ مِن العَفافِ وكِثرتُهُ مِن الاسراف.
(۱۲) کم کھانا قناعت پسندی ہے اور پرخوری اسراف ہے۔

۱۳ ـ طُوبىٰ لِمَن تجَلبَبَ القُنُوعَ و تجَنَّبَ الإسراف.
(۱۳) خوش بخت وہ ہے جس نے خود کو خلعت قناعت سے آراستہ کیا اور اسراف سے اجتناب کیا۔

۱٤ ـ عليك بِتركِ التَّبذيرِ و الإسرافِ و التَّخَلُّقِ بِالعدلِ و الإنصاف.
(۱۴) تمہارے لئے اسراف و فضول خرچی چھوڑنا اور عدل و انصاف سے اپنے آپ کو مزین کرنا لازم ہے۔

۱٥ ـ في كلِّ شيءٍ يُذَمُّ السَّرَفُ إلّا في صَنايعِ المعروفِ و المبالَغَةِ في الطاعَة.
(۱۵) ہر چیز میں اسراف مذموم ہے جزء اطاعت (خدا) اور نیکیوں میں زیادہ روی کے۔

١٦ ـ ليس في السَّرَفِ شَرَفٌ.
(۱۶) اسراف میں کوئی فضیلت نہیں ہے۔

١٧ ـ مِن أشرَفِ الشَّرَفِ، الكَفُّ عن التبذيرِ و السَّرَف.
(۱۷) سب سے بڑا شرف فضول خرچی و اسراف سے پرہیز ہے۔

١٨ ـ مِن المُرُوَّةِ أن تَقصُدَ فلا تُسرِفَ و تَعِدَ فلا تُخلِف.
(۱۸) مروت و مردانگی میں سے ہے کہ تم میانہ روی اختیار کرو اسراف نہ کرو اور وعدہ کرنے کے بعد وعدہ خلافی نہ کرو۔

١٩ ـ لا تُسرِف في شهوَتِك و غَضَبِك فَيُزرِيانِك.
(۱۹) اپنی خواہشات اور غصہ میں تند روی اختیار نہ کرو ورنہ یہ دونوں تمہیں ذلیل کر دیں گی۔

٢٠ ـ لا تَرُدَّنَّ السائِلَ و إن أسرَف.
(۲۰) سائل کو کبھی نہ بھگاؤ بھلے ہی وہ اسراف کا مرتکب ہوا ہو۔

٢١ ـ مَن لم يُحسِنِ الإقتصادَ أهلَكَهُ الإسراف.
(۲۱) جسے میانہ روی بہتر نہ بنا سکے اسے اسراف ہلاک کر دے گا۔

٢٢ ـ مَن لَبِسَ الكِبرَ و السَّرَفَ خَلَعَ الفَضلَ و الشَّرَف.
(۲۲) جس نے تکبر و اسراف کا لبادہ اوڑھ لیا اس نے خلعت فضل و شرف کو اتار پھینکا۔

[ ١٤ ]

# الإسلام = اسلام

١ ـ لأنْسُبَنَّ الإسلامَ نِسبةً لم يَنْسُبْها أحدٌ قبلي: الإسلامُ هو التَّسليمُ، والتَّسليمُ هو اليقينُ، واليَقينُ هو التَّصديقُ، والتصديقُ هو الإقرارُ، والإقرارُ هو الأداءُ، والأداءُ هو العَمَل.

(۱) میں اسلام کی ایسی تفسیر کروں گا جیسی مجھ سے پہلے آج تک کسی نے نہ کی ہوگی۔ اسلام تسلیم کا نام ہے اور تسلیم یقین ہے اور یقین تصدیق ہے اور تصدیق اقرار ہے اور اقرار ادائیگی ہے اور ادائیگی عمل ہے۔

٢ ـ يأتي عَلى الناسِ زَمانٌ لا يَبقىٰ فيهم مِنَ القُرآنِ إلّا رسْمُه، ومِن الإسلامِ إلّا اسمُه.

(۲) لوگوں پر ایسا دور گذرنے والا ہے کہ جب بنام قرآن فقط اس کا رسم الخط باقی رہے گا اور بنام اسلام فقط اس کا نام۔

٣ ـ إنّ هذا الإسلامَ دينُ اللهِ الذي اصطفاهُ لِنَفْسِهِ، واصطَنَعَهُ على عَينه.

(۳) بلاشبہ یہ اسلام اللہ کا دین ہے جسے اس نے خود اپنے لئے چنا اور اپنے سامنے اسے تشکیل دیا ہے۔

٤ ـ لا شَرَفَ أعلىٰ مِن الإسلام.

(۴) اسلام سے بلند تر کوئی شرف نہیں۔

٥ ـ الإسلامُ أن يَسلَمَ قَلبُك، وأن يَسلَمَ المُسلِمُونَ مِن لِسانِكَ ويَدِك.

(۵) اسلام یہ ہے کہ تمہارا دل سالم ہو جائے اور تمہاری زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

٦ ـ إرْضَ لِلناسِ ما تَرضَاهُ لِنَفسكِ تَكُنْ مُسلِماً.

(۶) لوگوں کے کے لئے وہی پسند کرو جو اپنے لئے پسند کرتے ہو تو سچے مسلمان ہو جاؤگے۔

٧ ـ أحسنُ الناسِ ذِماماً أحسنُهُم إسلاماً.

(۷) سب سے زیادہ ذمہ دار، سب سے بہتر اسلام والا ہوتا ہے

٨ ـ أفضَلُ المُسلمينَ إسلاماً مَن كانَ هَمُّهُ لأُخْراهُ، واعتَدَلَ خَوفُهُ ورَجاه.

(۸) بہترین مسلمان وہ ہے جس کی لگن اور تیاری آخرت کے لئے ہو اور جس کی امید و خوف دونوں مساوی رہیں۔

٩ ـ شَرَعَ اللهُ لكم الإسلام، فَسَهَّلَ شرائِعَهُ، وأَعزَّ أركانَهُ على مَن حارَبَه.

(۹) اللہ نے تمہارے لئے دین اسلام بنایا اس کے احکام آسان کئے اور اس کے خلاف لڑنے والوں پر اس کے ارکان کو استحکام عطا کیا

١٠ ـ غايةُ الإسلامِ التسليم.

(۱۰) اسلام کا ہدف و مقصد (خدا کے سامنے) سرتسلیم (خم کرنا) ہے۔

١١ ـ ظاهِرُ الإسلامِ مُشرِقٌ، وباطِنُهُ مُونِقٌ.

(۱۱) اسلام کا ظاہر درخشاں اور باطن دلکش و دلنواز ہے۔

١٢ ـ مَن مَتَّ إليك بحُرمَةِ الإسلامِ فقد مَتَّ بأوثَقِ الأسباب.

(۱۲) جو احترام اسلام کے لئے تم سے مل گیا وہ موثق ترین ذریعے سے جڑ گیا۔

١٣ ـ لا مَعْقِلَ أمنَعُ مِن الإسلام.

(۱۳) اسلام سے زیادہ (گناہوں سے) روکنے والی اور کوئی شئے نہیں ہے۔

[ ١٥ ]

# الإعتبار = عبرت

١ ـ الإعتِبارُ مُنذِرٌ ناصِحٌ.

(۱) عبرت حاصل کرنا ایک ڈرانے والا ناصح ہے۔

٢ ـ ما أكثَرُ العِبَرِ و أقَلَّ الإعتبار.

(۲) عبرتیں کتنی زیادہ ہیں مگر اس پر غور کرنے والے کتنے کم ہیں!!

٣ ـ إنّما يَنظُرُ المُؤمِنُ إلى الدُّنيا بعَينِ الإعتبار، ويَقتَاتُ مِنها بِبَطنِ الإضطرار، ويَسمَعُ فيها بأُذُنِ المَقتِ والإبغاض.

(۳) مومن دنیا کو عبرت کی نگاہ سے دیکھتا ہے، اس دنیا سے صرف ضرورت بھر غذا حاصل کرتا ہے اور (اس دنیا کے دلربا آہنگوں کو) متنفر و غضبناک ہو کر سنتا ہے۔

٤ ـ [كتب الى معاوية ] لَوِ اَعتَبَرتَ بِما مَضىٰ حَفِظتَ ما بَقِيَ.

(۴) آپ نے معاویہ کو لکھا "جو کچھ گذر چکا ہے اگر تم نے اس سے عبرت حاصل کی ہوتی تو بقیہ کو محفوظ کر لیتے"

٥ ـ إنَّ مَن صَرَّحَتْ لَهُ العِبَرُ عَمّا بَينَ يَدَيهِ مِن المَثُلات حَجَزَتْهُ التَّقوى عن تَقَحُّمِ الشُّبُهات.

(۵) جس نے سامنے موجود مثالوں کے ذریعہ عبرت حاصل کر لی، تقوی اسے شبہات و بے یقینی (کے گڑھے) میں گرنے سے روکے رکھے گا۔

٦ ـ الإعتبارُ يُفيدُكَ الرَّشاد.

(۶) عبرت حاصل کرنا ہدایت کے لئے مفید ہے۔

٧ ـ مَن نَظَرَ اعتَبَرَ.

(۷) جس نے غور کیا اس نے عبرت حاصل کر لی۔

٨ ـ كُلُّ نَظَرٍ لَيسَ فيهِ اِعتِبارٌ فَلَهوٌ.

(۸) ہر وہ نگاہ جو عبرت حاصل نہ کر سکے بیکار ہے۔

٩ ـ في الإعتِبار غِنىً عَنِ الإختِبار.

(۹) عبرت حاصل کرنے سے انسان آزمائش سے مستغنی ہو جاتا ہے۔

١٠ ـ الإعتِبارُ يُثمِرُ العِصمَة.

(۱۰) عبرت حاصل کرنے کا پھل عصمت و پاکدامنی ہے۔

١١ ـ أفضَلُ العَقلِ الاعتِبار، وأفضَلُ الحَزمِ الاستِظهار، وأكبَرُ الحُمقِ الاغتِرار.

(۱۱) عبرت حاصل کرنا بہترین دانش مندی ہے اور سب سے افضل دور اندیشی پشت پناہ کا انتظام، اور سب سے بڑی حماقت فریب خوری ہے۔

١٢ ـ إنَّ في كُلِّ شَيءٍ مَوعِظَةً وعِبرَةً لِـذَوي اللُّبِّ والإعتِبار.

(۱۲) عبرت حاصل کرنے والے اور عقل مندوں کے لئے ہر چیز میں موعظہ و نصیحت ہے۔

١٣ ـ إذا أحَبَّ اللهُ عَبداً وَعَظَهُ بِالعِبرَ.

(۱۳) اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کو پسند کرتا ہے تو اس کی نصیحت عبرتوں کے ذریعہ کرتا ہے۔

١٤ ـ بالاستِبصارِ يَحصُلُ الاعتِبارُ.

(۱۴) بصیرت سے عبرت حاصل کی جاتی ہے۔

١٥ ـ في تصاريفِ الدُّنيا إعتِبار.

(۱۵) زمانہ کے نشیب و فراز میں عبرتیں ہیں۔

١٦ ـ للاعتِبار يُضرَبُ الأمثال.

(۱۶) عبرت کے حصول کے لئے مثالیں لائی جاتی ہیں۔

١٧ ـ مَن كَثُرَ اعتِبارُه قَلَّ عِثارُه.

(۱۷) جو زیادہ عبرت حاصل کرے گا اس کی ہلاکت کے امکانات کم ہو جائیں گے۔

١٨ ـ مَن اتَّعَظَ بِالعِبَرِ اَرتَدَعَ.

(۱۸) جو عبرت حاصل کر کے سدھر جاتا ہے وہ (برائیوں سے) بچا رہتا ہے۔

[ ١٦ ]

# الإعْتِذار = اعتذار

١ ـ الإستِغناءُ عَنِ العُذرِ أعَزُّ مِنَ الصِّدقِ بِه.

(۱) عذرخواہی سے بے نیاز ہونا اسے قبول کرنے سے زیادہ عزیز ہے

٢ ـ إقبَل عُذرَ مَنِ اَعتَذَرَ إلَيك.

(۲) جو تم سے معذرت کرے اس کا عذر قبول کر لو۔

٣ ـ إيّاكَ أن تَعتَذِرَ مِن ذَنبٍ تَجِدُ إلى تَركِه سَبيلاً، فإنَّ أحسَنَ حالِكَ في الاعتِذارِ أن تَبلُغَ مَنزِلَةَ السَّلاَمَةِ مِنَ الذُّنوب.

(۳) ایسے گناہ کے لئے عذر تلاش نہ کرو جسے چھوڑنے پر تم قادر ہو، اعتذار کی بہترین صورت یہ ہے کہ تم اپنے آپ کو ایسے مقام پر پہنچا دو جہاں گناہوں سے سالم رہو۔

٤ ـ إعادَةُ الاعتِذارِ تَذكيرُ الذَّنب.

(۴) معذرت کی تکرار گناہوں کی یاد دہانی ہے۔

٥ ـ إقبَل عُذرَ أخيك، وإن لَم يَكُن لَهُ عُذرٌ فالتَمِس لَهُ عُذراً.

(۵) اپنے بھائی کا عذر قبول کرلو اور اگر اس کے پاس کوئی عذر نہ ہو تو تم (خود ہی کوئی عذر) تلاش کر لو۔

٦ ـ لا يُقَوَّمُ عِزُّ الغَضَبِ بِذُلِ الإعتِذار.

(۶) غصہ کی (وقتی) عزت معذرت کی ذلت کے برابر نہیں ہے۔

٧ ـ المُعتَذِرُ مِن غَيرِ ذَنبٍ يوجِبُ على نَفسِهِ الذَّنب.

(۷) بغیر گناہ کے معافی مانگنے والا خود اپنے لئے غلطی مہیا کرتا ہے۔

٨ ـ إيّاكَ ومَواقِفَ الاعتِذار، فَرُبَّ عُذرٍ أثبَتَ الحُجَّةَ على صاحِبِه وإن كانَ بريئاً.

(۸) اعتذار کی جگہوں سے بچے رہو کیونکہ بہت سے ایسے لوگ ہیں جن پر عذر ہی کے ذریعے گناہ لاد دیا جاتا ہے بھلے ہی وہ اس گناہ سے دور ہوتے ہیں۔

٩ ـ شَفيعُ المُذنِبِ إقرارُه، وتَوبَتُه اعتِذارُه.

(۹) گنہ گار کا شفیع اس کا اقرار اور اس کی توبہ اسکی عذرخواہی ہے۔

١٠ ـ إيّاكَ وكَثرَةَ الاعتِذار، فإنَّ الكَذِبَ كثيراً ما يُخالِطُ المَعاذير.

(۱۰) بہت زیادہ عذرخواہی سے بچو کیونکہ جھوٹ بہت زیادہ معذرتوں میں مخلوط ہوتا ہے۔

١١ ـ أمرانِ لا يَنفَكّانِ مِنَ الكَذِب: كَثرَةُ المَواعيدِ، وشِدَّةُ الاعتِذار.

(۱۱) دو چیزیں جھوٹ سے خالی نہیں ہو سکتیں بہت زیادہ وعدے اور شدید معذرت۔

١٢ ـ أذَلُّ النّاسِ مُعتَذِرٌ إلى اللَّئيم.

(۱۲) ذلیل ترین شخص وہ ہے جو لئیم کے حضور معافی کا خواستگار ہو۔

١٣ ـ إذا قَلَّتِ المَقدُرَةُ كَثُرَ التَّعَلُّلُ بالمَعاذِير.

(۱۳) جب توانائی کم ہو گی تو معذرت کے ذریعہ حیلہ و بہانہ جوئی بڑھ جائے گی۔

١٤ ـ شَرُّ النّاسِ مَن لا يَقبَلُ العُذرَ، و لا يُقيلُ الذَّنب.

(۱۴) بد ترین شخص وہ ہے جو عذر قبول نہ کرے۔

١٥ ـ شَفيعُ المُجرِمِ خُضُوعُهُ بِالمَعذِرَة.

(۱۵) مجرم کی شفاعت فروتنی کے ساتھ عذر خواہی ہے۔

١٦ ـ لا تَعتَذِر إلى مَن لا يُحِبُّ أن يَجِدَ لكَ عُذراً.

(۱۶) اس شخص سے معافی نہ مانگو جو تمہارے لئے کسی عذر کے نہ ہونے کو پسند کرتا ہو۔

١٧ ـ ما أقبَح العُقُوبَةَ مَعَ الاعتِذار.

(۱۷) معذرت خواہی کے باوجود سزا دینا کتنا برا عمل ہے۔

١٨ ـ ما أذنَبَ مَنِ اعتَذَرَ.

(۱۸) معافی مانگنے والے نے (گویا) کوئی گناہ نہیں کیا۔

١٩ ـ كَثرَةُ الاعتِذارِ تُعَظِّمُ الذُّنُوب.

(۱۹) بہت زیادہ معافی مانگنا گناہوں کو بڑھا دیتا ہے۔

٢٠ ـ مَن عاقَبَ مُعتَذِراً كَثُرَتْ إساءَتُه.

(۲۰) جس نے معافی مانگنے والے کو سزا دی اسکی برائیاں زیادہ ہو گئیں۔

[۱۷]

# الإقتصاد = میانہ روی

١ ـ ما عالَ مَن اقتَصَد.
(۱) میانہ روی اختیار کرنے والا کبھی تنگ دست نہیں ہوتا۔

٢ ـ كُن سَمَحاً ولا تكُن مُبذِّراً، وَكُن مُقدِّراً و لا تَكُن مُقتِّراً.
(۲) سخی ہو جاؤ مگر فضول خرچی سے بچے رہو ہاتھ سنبھال کے خرچ کرو مگر کنجوس اور سخت گیر نہ ہو جاؤ۔

٣ ـ الاقتِصادُ يُنمِي القَليلَ، والإسرافُ يُفني الجَزيل.
(۳) میانہ روی تھوڑے (سرمائے) کو زیادہ کر دیتی ہے اور اسراف زیادہ (مال) کو (بھی) ختم کر دیتا ہے۔

٤ ـ لا هِلاكَ مَعَ اقتصادٍ.
(۴) میانہ روی کے ہوتے ہوئے کوئی ہلاکت نہیں۔

٥ ـ مَن صَحِبَ الاقتصادَ دامَت صُحبةُ الغِنىٰ لَهُ، وَجَبَرَ الاقتصادُ فَقرَهُ وخَلَلَه.
(۵) جس نے میانہ روی کا ساتھ اختیار کیا تو دولت و امارت ہمیشہ اس کے ساتھ رہے گی اور میانہ روی اسکی غربت کو ختم کر دے گی۔

٦ ـ مِنَ المُرُوَّةِ أن تَقصُدَ فلا تُسرِفَ و تَعِدَ فلا تُخلِف.
(۶) مروت کا تقاضا ہے کہ تم میانہ روی اختیار کرتے ہوئے اسراف سے بچو اور وعدہ کرنے کے بعد اس سے نہ پھرو۔

٧ ـ مَن قَصَدَ في الغِنىٰ والفَقرِ فَقدِ استَعدَّ لِنوائِبِ الدَّهر.
(۷) امیری و غریبی کے دوران جس نے میانہ روی اختیار کی وہ زمانے کے حادثات کے لئے (پہلے ہی سے) آمادہ ہو جاتا ہے۔

٨ ـ مَن لَم يُحسِنِ الاقتِصادَ أهلَكَهُ الإسراف.
(۸) جس میانہ روی نہ سنوار پائے اسے اسراف ہلاک کر دے گا۔

٩ ـ مَن اقتَصَدَ خَفَّتْ عَليهِ المؤَن.
(۹) جس نے میانہ روی اختیار کی اس کا خرچ ہلکا ہو جاتا ہے۔

١٠ ـ لَيسَ في الاقتِصادِ تَلَفٌ.
(۱۰) میانہ روی میں کوئی گھاٹا نہیں۔

١١ ـ كُلُّ ما زادَ عَلى الاقتِصادِ إسرافٌ.
(۱۱) اعتدال سے زیادہ جو کچھ بھی ہو وہ اسراف ہے۔

١٢ ـ إنَّ مَنعَ المُقتَصِدِ أحسَنُ مِن عَطاءِ المُبَذِّر.
(۱۲) اعتدال پسند شخص کا (بطور سخاوت) کچھ نہ دینا فضول خرچ کے عطیوں سے بہتر ہے۔

[۱۸]

# الأكل = پرخوری

۱ ـ يأكلُ رسولُ الله ﷺ علی الأرض، و يجلِسُ جِلسَةَ العبد، و يَخفِيفُ بيدِه نَعلَهُ و يَرقعُ بيدهِ ثُوبَه و يَركبُ حِمار العاري.

(۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم زمین پر کھاتے تھے، غلاموں کی طرح بیٹھا کرتے تھے، اپنی جوتی و کپڑے خود ہی اپنے ہاتھوں سے سل لیا کرتے تھے اور سواری کی ننگی پیٹھ پر بیٹھتے تھے۔

۲ ـ طوبیٰ لِمَن لَزِمَ بَيتَهُ، و أَكَلَ قُوتَه، و اشتَغَلَ بِطاعَةِ رَبِّه.

(۲) خوشخبری ہے کہ اس کے لئے جو اپنے گھر میں رہے، اپنی غذا کھائے اور اپنے پروردگار کی عبادت میں مشغول رہے۔

۳ ـ مِن العِناءِ أنَّ المرءَ يَجمعُ ما لا يأكُل و يَبني ما لا يَسكُنُ ثمّ يَخرجُ إلى الله تعالى مالاً حَمَلَ و لا بَناءً نَقَل.

(۳) یہ سخت مشکل کاموں میں سے ہے کہ انسان ایسی چیزوں کا ذخیرہ کرے جسے کھا نہ سکے اور ایسی عمارتیں تعمیر کرے جس میں رہ نہ سکے اور اس کے بعد اللہ کی طرف اس حالت میں چل نکلے کہ نہ اس کے ہمراہ اسکی دولت ہو اور نہ ہی اس کی عمارتیں۔

٤ ـ مع كلِّ جُرعَةٍ شَرَقٌ و في كلِّ أكلَةٍ غَصَصٌ.

(۴) ہر گھونٹ اور ہر نعمت کے ساتھ اچھو ہے۔

٥ ـ إن أفرَطَ [ الانسان ] في الشِّبَعِ كَـظَّتْهُ البِطنة.

(۵) انسان اگر بہت زیادہ پیٹ بھر کے کھانے گا تو اسے پرخوری مار ڈالے گی۔

٦ ـ أقلِل طَعامَك تَقلِل سَقاماً، أقلِل كَـلامَك تأمَن مَلاماً.

(۶) اپنی غذا کم کرو امراض خود بخود کم ہو جائیں گے اور باتیں کم کرو تو ملامت سے بچے رہوگے۔

۷ ـ قِلَّةُ الأكلِ تَمنعُ كثيراً مِن إعلالِ الجسم.

(۷) کم کھانا جسم کو امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔

۸ ـ قِلَّةُ الأكلِ مِنَ العَفافِ وكَثرَتُهُ مِنَ الإسراف.

(۸) کم کھانا عفاف کی نشانی، اور زیادہ کھانا اسراف کی علامت ہے

۹ ـ مَن قَلَّ طَعامُهُ قَلَّتْ آلامُه.

(۹) جس کی غذا کم ہو گی اس کی اذیتیں بھی کم ہو جائیں گی۔

۱۰ ـ إدمانُ الشِّبَعِ يُورِثُ أنواعَ الوَجَع.

(۱۰) ہمیشہ پیٹ بھر کھانا مختلف تکلیفوں کا باعث ہوتا ہے۔

۱۱ ـ كُن كالنَّحلَةِ إذا أكَلَتْ أكَلَتْ طَيِّباً و إذا

(۱۱) شہد کی مکھی کی طرح ہو جاؤ جو اگر کھاتی ہے تو پاکیزہ شئے اور جو

وَضَعَتْ وَضَعَتْ طَيِّباً و إذا وَقَعَت علىٰ عُودٍ لم تُكَسِّرْهُ.

کچھ خارج کرتی ہے وہ بھی پاکیزہ اور اگر کسی لکڑی پر بیٹھ جائے تو توڑتی بھی نہیں۔

١٢ ـ كَثرةُ الأكلِ مِن كثرَةِ الشَّرَهِ و الشَّرَهُ شرُّ العُيُوب.

(۱۲) زیادہ کھانا پرخوری کی شدید آرزو کی وجہ سے ہوتا ہے اور زیادہ کھانے کی آرزو بدترین عیوب میں شمار ہوتی ہے۔

١٣ ـ كثرةُ الأكلِ و النَّومِ يُفسدانِ النَّفسِ و يَجلبانِ المَضَرَّة.

(۱۳) زیادہ سونا اور زیادہ کھانا نفس کو تباہ کر دیتا ہے اور (یہ دونوں عادتیں) حد درجہ مضر ہوتی ہیں۔

١٤ ـ إيّاكُم و البِطنةَ فإنّها مِقساةٌ لِلقلب و مُكسِلَةٌ عن الصلوة و مُفسِدَةٌ لِلجَسد.

(۱۴) پرخوری سے دور رہو کیونکہ یہ دلوں میں سختی، نماز میں تساہلی، اور فساد جسم کی باعث بنتی ہے۔

١٥ ـ إيّاكَ و البِطنةَ فَمَن لَزِمَها كَثُرَتْ أسقامُهُ و فَسَدَت أحلامُه.

(۱۵) پرخوری سے بچے رہو کیونکہ جو اس پر مداومت کرے گا اسکے امراض بڑھ جائیں گے اور اس کے خواب فاسد ہو جائیں گے۔

١٦ ـ كُلُوا الأُترُجَّ قَبلَ الطعامِ و بعدَهُ فآل محمّدٍ ﷺ يَفعلونَ ذلك.

(۱۶) کھانے سے پہلے اور بعد میں نارنگی کھاؤ کیونکہ یہ آل محمد علیہم السلام اسی طرح کیا کرتے تھے۔

١٧ ـ أمقَتُ العبادِ إلى اللهِ سبحانه مَن كانَتْ هِمَّتُهُ بَطنَهُ و فَرجَه.

(۱۷) اللہ کے نزدیک دشمن ترین بندہ وہ ہے جسکا سب کچھ اس کا پیٹ اور شرمگاہ ہو۔

١٨ ـ مَن كانَت هِمَّتُهُ ما يَدخُلُ بَطنَهُ كانَتْ قيمتُهُ ما يَخرُجُ مِنه.

(۱۸) جس کی ساری لگن پیٹ میں داخل کرنے والی اشیاء تک ہی محدود رہے تو اس کی قسمت بھی اس کے پیٹ سے خارج ہونے والی چیز (فضلہ) جتنی ہو گی۔

[۱۹]

## الإمامة = امامت

١ ـ مَن نَصَبَ نَفسَهُ لِلنّاسِ إماماً، فَليَبدأ بِتَعليمِ نَفسِهِ قَبلَ تَعليمِ غَيرِهِ، وَليَكُن تَأديبُهُ بِسيرَتِهِ قَبلَ تَأديبِهِ بِلِسانِهِ، و مُعَلِّمُ نَفسِهِ وَمُؤَدِّبُها أَحَقُّ بِالإجلالِ مِن مُعَلِّمِ النّاسِ ومُؤَدِّبِهِم.

(۱) جس نے خود کو لوگوں کا امام بنایا اسے دوسروں کی تربیت سے پہلے خود اپنی تربیت کا آغاز کر دینا چاہئے اور اپنی زبان کے ذریعہ (دوسروں کو) ادب سکھانے سے پہلے اسے اپنی سیرت کو تادیب کا ذریعہ بنانا چاہیے۔ خود اپنے آپ کو تعلیم دینے اور سدھارنے والا، لوگوں کو تعلیم و تربیت دینے والے سے زیادہ قابل احترام ہے۔

٢ ـ [فَرَضَ اللهُ] الأمانَةَ [الإمامَةَ] نِظاماً لِلأُمَّةِ، و الطّاعَةَ تَعظيماً لِلإمامَةِ.

(۲) اللہ نے امانت (امامت) کو امت کے نظام کو برقرار رکھنے کے لئے فرض کیا اور اطاعت کو امامت کی تعظیم کے لئے واجب کیا۔

٣ ـ انّ أعظمَ الخيانَةِ خيانَةُ الأُمَّةِ و أفظَعَ الغِشِّ غِشُّ الأئمَّة.

(۳) بلاشبہ عظیم ترین خیانت، امت کے ساتھ خیانت ہے اور بدترین دھوکا رہبروں کا دھوکا ہوتا ہے۔

٤ ـ شرُّ النّاسِ إمامٌ جائِرٌ، ضَلَّ وضُلَّ بِهِ، فأَماتَ سُنَّةً مَأخُوذَةً (معلومة)، و أحيا بِدعَةً مَترُوكَةً.

(۴) بدترین آدمی وہ ظالم رہبر ہے جو خود تو گمراہ ہوتا ہی ہے اور اسکی وجہ سے دوسرے لوگ گمراہ ہوجاتے ہیں (کیونکہ) وہ معروف سنت کو مردہ اور متروک بدعتوں کو زندہ کر دیتا ہے۔

٥ ـ انّ اللهَ فَرَضَ على ائمّةِ العَدلِ [الحقّ] أن يُقَدِّروا أنفُسَهُم بِضَعَفَةِ الناس، كيلا يَتَبَيَّغَ بالفقيرِ فَقرُه.

(۵) اللہ تعالیٰ نے عادل اماموں پر واجب کیا ہے کہ وہ اپنے معیار زندگی کو ((مالی اعتبار سے) کمزور طبقہ کے مطابق رکھیں تاکہ فقیر کو اس کی فقیری نافرمانی پر نہ اکسائے۔

٦ ـ إنَّ اللهَ افتَرَضَ عَلَى أئِمَّةِ العَدلِ أن يُقَدِّرُوا أَنفُسَهُم بِالعَوامِ لئلّا يَشنَعَ بِالفقيرِ فَقرُه.

(۶) اللہ نے منصف رہبروں پر فرض کر دیا ہے کہ وہ خود کو عوام (کے معیار زندگی) کے مطابق رکھیں تاکہ فقیر کو اپنا فقر برا نہ لگے

٧ ـ إمامٌ عادِلٌ خَيرٌ مِن مَطَرٍ وابِلٍ.

(۷) امام عادل موسلادھار بارش سے (بھی) بہتر ہے۔

۸۔مَن أَطَاعَ إمامَهُ فَقَد أَطَاعَ ربَّه.

(۸) جس نے امام(عادل) کی اطاعت کی اس نے اپنے رب کی اطاعت کی۔

۹۔على الإمام أَن يُعلِّمَ أَهلَ وِلايَتِه حُدودَ الإسلامِ و الإيمان.

(۹) امام کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے چاہنے والوں کو اسلام وایمان (اور احکام) کی حدود سے روشناس کرائے۔

۱۰۔عليكُم بِطاعةِ أَئِمَّتِكُم، فَإِنَّهُم الشُّهداءُ عَلَيكُم اليومَ، وَالشُّفَعاءُ لَكُم عِندَ اللهِ تَعالى غَداً.

(۱۰) تمہارے لئے اپنے اماموں کی اطاعت لازم ہے کیونکہ وہ لوگ آج تمہارے (اعمال کے) گواہ کی حیثیت رکھتے ہیں اور کل اللہ کے نزدیک یہی لوگ تمہارے شفیع ہوں گے۔

۱۱۔إِنَّما الأَئِمَّةُ قُوَّامُ اللهِ عَلَى خَلقِهِ، و عُرَفَائُهُ على عِبادِهِ، وَ لاَ يَدخُلُ الجَنَّةَ إِلاَّ مَن عَرَفَهُم وعَرَفُوهُ، ولاَ يَدخُلُ النَّارَ إِلاَّ مَن أَنكَرَهُم وَأَنكَرُوه.

(۱۱) ائمہ (حق) ہی اللہ کی مخلوقات کے لئے اس کے نمائندے اور لوگوں کے لئے اللہ کو پہچنوانے والے ہیں، جنت میں صرف وہی جا سکتا ہے جسے یہ لوگ، (ائمہ) اور جو ان لوگوں کو پہچانتا ہو اور جہنم میں وہی جائے گا جو ان کا، اور یہ جس کا انکار کریں گے۔

[۲۰]

# الأمانة = امانت

١ ـ مَنِ استهانَ بِالأمانةِ، وَ رَتَعَ فِي الخِيانَةِ، وَ لم يُنَزِّه نَفسَهُ وَ دِينَهُ عَنها، فقد أَحلَّ بِنفسِهِ الذُّلَّ وَ الخِزيَ فِي الدُّنيا، وَ هُوَ فِي الآخِرةِ أَذَلُّ و أخزَىٰ.

(۱) جس نے امانت سے لاپرواہی برتی، خیانت کی طرف گامزن ہوا اور اپنے دین و نفس کو اس سے دور نہ رکھا تو بلاشبہ اس نے اپنے آپ کو دنیا میں قعر مذلت و رسوائی میں ڈھکیل دیا اور آخرت میں وہ اس سے زیادہ ذلیل و رسوا ہو گا۔

٢ ـ مَن لَم يَختَلِف سِرُّهُ وعَلانِيَتُهُ، و فِعلُهُ ومَقالَتُهُ، فقد أَدَّى الأَمانةَ، وأَخلَصَ العِبادة.

(۲) جس کے ظاہر و باطن اور قول و فعل میں اختلاف نہ ہو تو (گویا) اس نے امانت داری کا لحاظ رکھا اور عبادت میں اخلاص پیدا کر لیا۔

٣ ـ لاَ تَخُنْ مَنِ ائتَمَنَكَ، و إِن خَانَكَ.

(۳) جس نے تمہارے پاس امانت رکھی اس کے ساتھ خیانت نہ کرو بھلے ہی اس نے تمہارے ساتھ (کبھی) خیانت کی ہو۔

٤ ـ كُلُّ خُلُقٍ مِن الأَخلاقِ، فَإِنَّهُ يَكسُدُ عِندَ قَومٍ مِنَ النَّاسِ إلاّ الأَمَانَةَ، فإنَّها نافِقَةٌ عِندَ أَصنَافِ النَّاسِ، يُفَضَّلُ بِهَا مَن كَانَت فِيه.

(۴) تمام اخلاقی صفات کچھ لوگوں کے لئے اچھے اور اور کچھ لوگوں کے نزدیک بیکار ہوتی ہیں مگر امانت داری تمام بنی نوع انسان کے نزدیک اچھی ہے اور امانتدار دوسرے لوگوں پر اسی وجہ سے فضیلت رکھتا ہے۔

٥ ـ أَدَاءُ الأَمَانَةِ مِفتَاحُ الرِّزق.

(۵) ادائے امانت کلید رزق ہے۔

٦ ـ مِن أَدَاءِ الأَمَانَةِ المكَافَأَةُ على الصَّنِيعَةِ، لأَنَّها كالوَدِيعَةِ عِندك.

(۶) احسان کا بدلہ ادائے امانت کے زمرے میں شامل ہے کیونکہ کسی کا تمہارے اوپر احسان بھی تمہارے پاس (گویا) اس کی امانت ہے۔

٧ ـ الخِيانةُ تُبطِلُ الأَمانَة.

(۷) خیانت امانت کو باطل کر دیتی ہے۔

٨ ـ أَدُّوا الأَمانَةَ إِلَى مَنِ ائتَمَنَكُم.

(۸) جنہوں نے تمہارے پاس امانت رکھی ان کی امانت ادا کر دو۔

٩ ـ أَدِّ الأَمانَةَ إِذا ائتُمِنتَ، و لا تَتَّهِم غَيرَكَ

(۹) جب تمہارے پاس امانت رکھی جائے تو اسے ادا کر دو، اور اگر

إذا ائتُمِنتَهُ، فإنَّهُ لاَ إيمانَ لِمَن لاَ أمَانَةَ له.

تم اس کے پاس امانت رکھو تو اسے متہم نہ کرو کیونکہ جو امانت دار نہیں ہوتا اس کے پاس ایمان بھی نہیں ہوتا۔

١٠ ـ مَن عَمِلَ بالأمَانَةَ فَقَد أكمَلَ الدِّيَانَة.

(۱۰) جس نے امانت داری سے کام لیا اس نے دیانت داری کا حق ادا کر دیا۔

١١ ـ مَنِ استَهانَ فى الأمَانَةَ وَقَعَ في الخيانَة.

(۱۱) جو امانت داری سے لاپرواہی برتے گا وہ خیانت میں گرفتار ہو جائے گا۔

١٢ ـ رأسُ الإسلاَمِ الأمانَة.

(۱۲) امانت داری سرمایہ اسلام ہے۔

١٣ ـ إذا أحَبَّ اللهُ سبحانَهُ عَبداً حَبَّبَ إلَيهِ الأمانة.

(۱۳) جب اللہ کے نزدیک کوئی بندہ محبوب ہو جاتا ہے تو اللہ اس کے دل کو امانت کی طرف راغب کر دیتا ہے۔

١٤ ـ إذاَ قَوِيَتِ الأمانَةُ كَثُرَ الصِّدق.

(۱۴) جب امانت داری قوی ہو جاتی ہے تو صداقت بڑھ جاتی ہے۔

١٥ ـ الأمانَةُ فَوزٌ لِمَن رَعاها.

(۱۵) امانت اس کی مراعات کرنے والے کے لئے کامیابی ہے۔

١٦ ـ الأمَانَةُ صِيَانَةٌ.

(۱۶) امانت تحفظ ہے۔

١٧ ـ الأمانَةُ إيمانٌ، البَشاشَةُ إحسانٌ.

(۱۷) امانت ایمان اور خندہ پیشانی احسان ہے۔

١٨ ـ ألأمَانَةُ تُؤدِّي إلى الصِّدق.

(۱۸) امانت داری انسان کو صداقت کی طرف لے جاتی ہے۔

# امر بالمعروف [۲۱] نہی عن المنکر

١ ـ مَا أَعمالُ البِرِّ كُلُّها، وَالجِهادُ في سَبيلِ اللهِ عِندَ الأَمرِ بِالمَعرُوفِ وَالنَّهيَ عَنِ المُنكَرِ إلّا كَنَفثَةٍ في بَحرٍ لُجّيٍّ.

(۱) تمام نیک اعمال اور (یہاں تک کہ) اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کی حیثیت، امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے سامنے، متلاطم سمندر کے سامنے ایک قطرے کی طرح ہے۔

٢ ـ [ فَرَضَ الله ] الأَمرَ بِالمَعروفِ مَصلَحَةً لِلعَوامِ، و النَّهيَ عَنِ المُنكَرِ رَدْعاً لِلسُّفَهاء.

(۲) اللہ تعالیٰ نے امر بالمعروف کو عوام کی مصلحت کے لئے واجب قرار دیا اور نہی عن المنکر کو احمقوں کی روک تھام کے لئے۔

٣ ـ مَن لَم يَعرِف بِقَلبِهِ مَعرُوفاً، وَلَم يُنكِر مُنكَراً، قُلِبَ فَجُعِلَ أَعلاهُ أَسفَلَهُ، وأَسفَلُهُ أَعلاه.

(۳) جس نے دل کے ذریعہ اچھائی کو نہ پہچانا اور برائی سے نفرت نہ کیا تو اسے اس طرح الٹ دیا جائے گا کہ اس کی بلندیاں پستی اور اسکی پستیاں بلندیوں میں تبدیل ہو جائیں گی (یعنی وہ نیک و بد کا فرق نہیں سمجھ پائے گا)

٤ ـ مَن أَمَرَ بِالمَعرُوفِ شَدَّ ظُهُورَ المؤمِنينَ، وَمَن نَهى عَنِ المُنكَرِ أَرغَمَ أُنُوفَ الكافِرين (المنافِقين).

(۴) جس نے امر بالمعروف کیا اس نے مومنین کی کمر مضبوط کر دی اور جس نے نہی عن المنکر انجام دیا تو اس نے منافقوں اور کافروں کو ناک رگڑنے پر مجبور کر دیا (ذلیل و رسوا کر دیا)۔

٥ ـ أَيُّها المؤمنُونَ، إنَّهُ مَن رَأى عُدواناً يُعمَلُ بِهِ وَمُنكَراً يُدعَى إلَيهِ، فَأَنكَرَهُ بِقَلبِهِ، فَقَد سَلِمَ وبَرِئَ، ومَن أَنكَرَهُ بِلِسانِهِ فَقَد أُجِرَ، وَهوَ أَفضَلُ مِن صاحِبِهِ، وَمَن أَنكَرَهُ بِالسَّيفِ لِتَكُونَ كَلِمَةُ اللهِ هِيَ العُليا وكَلِمَةُ الظالِمينَ هِيَ السُفلىٰ، فَذَلِكَ الَّذي أَصابَ سَبيلَ الهُدىٰ، وقَامَ على الطَّريقِ، ونَوَّرَ في قَلبِهِ اليَقين.

(۵) اے مومنو! جس نے کوئی برا کام انجام پاتے ہوئے دیکھا اور بری بات کی طرف (لوگوں) کو بلاتے دیکھ کر دل سے اس امر کو برا جانا تو وہ (اس کام سے) بچا رہے گا۔ اور جس نے زبان سے اسے برا کہا تو وہ ماجور ہوگا اور جس نے اس بات کی مخالفت میں، کلمہ خدا کی بلندی اور ظالموں کی پستی کے لئے تلوار اٹھالی تو ایسا شخص ہدایت کے راستے پر گامزن ہو گیا، راہ (حق) پر جم گیا اور اس کے قلب کو نور یقین منور کر دے گا۔

٦ ـ إنَّ الأَمرَ بِالمَعرُوفِ وَالنَّهيَ عَـنِ المُـنكَرِ لَخُلُقانِ مِن خُلُقِ اللهِ سُبحانَهُ و إنّهما لا يُقَرِّبانِ مِن أجلٍ ولا يَنقُصانِ مِن رِزقٍ.

(۶) بلاشبہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اللہ تعالیٰ کی صفتوں میں ہیں (لہٰذا) یہ دو صفتیں کسی کو اجل سے قریب نہیں کر سکتیں اور نہ ہی رزق میں کمی کا باعث بن سکتی ہیں۔

٧ ـ لَعنَ اللهُ الآمِرينَ بِالمعرُوفِ التّارِكِينَ لَهُ، وَالنّاهِينَ عَنِ المُنكَرِ العَامِلِينَ بِه.

(۷) اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں پر لعنت کی ہے جو اچھائیوں کا حکم تو دیتے ہیں مگر خود انہیں چھوڑے ہوئے ہوتے ہیں اور اسی طرح برائیوں سے (لوگوں کو تو) منع کرتے ہیں مگر خود انہیں انجام دیتے ہیں۔

٨ ـ مُرْ بِالمعرُوفِ تَكُن مِن أَهلِهِ، وَأَنكِرِ المُنكَرَ بِلِسانِكَ وَيَدِكَ، وَبَايِنْ مَن فَعَلَهُ بِجُهدِك.

(۸) (لوگوں کو) اچھائی کا حکم دو (تو) تم اہل خیر میں شمار کئے جاؤ گے اور برائی سے نفرت کا اظہار، اپنے ہاتھ اور زبان سے کرو اور اپنی کوشش بھر برائی انجام دینے والے سے علیحدگی اختیار کرو۔

٩ ـ الأَمرُ بِالمَعروفِ أَفضَلُ أَعمالِ الخَلق.

(۹) امر بالمعروف خلق (خدا) کا بہترین عمل ہے۔

١٠ ـ ائتَمِرُوا بِالمَعروفِ و أمُرُوا به، وَتَنَاهَوا عن المُنكَرِ وَانهَوْا عَنه.

(۱۰) اچھائیوں سے خود کو آراستہ کر لو اور (دوسروں کو بھی) اس کا حکم دو (اس طرح) برائیوں سے خود بھی دور رہو گے اور دوسروں کو بھی روک لو گے۔

١١ ـ كُن آمِراً بِالمَعروفِ وَعامِلاً بِهِ، وَلاَ تَكُن مِمَّن يَأمُرُ بِهِ وَيَنأَى عَنهُ، فَيَبُوءَ بِإِثمِهِ، وتَتَعَرَّضَ لِمَقتِ رَبِّه.

(۱۱) اچھائیوں کا حکم دینے اور اس پر عمل کرنے والے بن جاؤ ان لوگوں کی طرح نہ بنو جو اچھائی کا حکم دیتے ہیں مگر خود (ان اچھائیوں سے) تہی دامن رہتے ہیں (ایسے لوگ) اپنے گناہوں میں گرفتار اور اپنے پروردگار کے غضب کا نشانہ بنے رہتے ہیں۔

١٢ ـ كُن بِالمَعرُوفِ آمِراً، وَعَنِ المُنكَرِ نَاهِياً، وَبِالخَيرِ عَامِلاً، وللشَّرِ مَانِعاً.

(۱۲) نیکی کا حکم دینے والے اور برائی پر ٹوکنے والے، (اعمال) خیر پر عمل پیرا اور برائی سے منع کرنے والے ہو جاؤ۔

١٣ ـ قِوامُ الشَّرِيعَةِ الأَمرُ بِالمَعروفِ، وَالنَّهيُ عَنِ المُنكَرِ، وَإِقَامَةُ الحُدود.

(۱۳) استحکام شریعت، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اور اقامہ حدود میں (مضمر) ہے۔

[۲۲]

## الأمل = امید (آرزو)

١ ـ أيّها النّاس، إنَّ أخوَفَ مَا أخَافُ علیكُم اثنانِ: اتّباعُ الهَوىٰ، وَطُولُ الأمَلِ، فَأمَّا اتّباعُ الهَوىٰ فَيَصُدُّ عَنِ الحَقِّ، وَأمَّا طُولُ الأمَلِ فَيُنسي الآخِرَة.

(۱) اے لوگو! میں تمہارے لئے دو چیزوں سے سب سے زیادہ ڈرتا ہوں، خواہشات کی پیروی اور طولانی آرزوئیں (کیونکہ) خواہشات کی پیروی حق سے دور کر دیتی ہے اور طولانی آرزوئیں آخرت کو فراموش کرا دیتی ہیں۔

٢ ـ مَن أطَالَ الأمَلَ أسَاءَ العَمل.

(۲) جس کی تمنائیں زیادہ ہوں گی اس کا عمل خراب ہو جائے گا۔

٣ ـ لاَ تَكُن مِمَّن يَرجُو الآخِرَةَ بِغَيرِ العَمَلِ، وَيُرَجِّي التَّوبَةَ بِطُولِ الأمَلِ يَقولُ فِي الدُّنيا بِقولِ الزّاهِدِين و يَعمَلُ فيها بِعملِ الرّاغِبين.

(۳) ان لوگوں میں سے نہ ہونا جو آخرت کی (کامیابی کی) امید بغیر عمل (خیر) کے کرتے ہیں اور طولانی امیدوں کے ذریعہ توبہ کے خواہاں ہوتے ہیں اور (یوں تو) دنیا میں زاہدوں کی سی باتیں کرتے ہیں مگر کام دنیا پرستوں سا کرتے ہیں۔

٤ ـ مَن جَرىٰ في عِنانِ أمَلِهِ عَثَرَ بِأجَلِه.

(۴) جس نے بھی (اپنی) آرزوؤں کو بے لگام چھوڑ دیا وہ (انہیں کی وجہ سے) اپنی موت سے ہمکنار ہو جائے گا۔

٥ ـ مَن لَهِجَ قَلبُهُ بِحُبِّ الدُّنيا التَاطَ قَلبُهُ مِنها بِثَلاثٍ: هَمٍّ لاَ يَغِبُّهُ، وحِرصٍ لاَ يَترُكُهُ، وَأمَلٍ لاَ يُدرِكُه.

(۵) جس کے دل میں حب دنیا آ گئی اس کا دل دنیا کی تین چیزوں کا خوگر ہو جائے گا، ایسا غم جو ہمیشہ باقی رہے گا، کبھی نہ ختم ہونے والا لالچ اور ایسی آرزوئیں جو کبھی نہ پوری ہو سکیں گی۔

٦ ـ إعلَم يَقِيناً أنَّكَ لَن تَبلُغَ أمَلَكَ، وَلَن تَعدُو أجَلَكَ.

(۶) یقیناً یہ جان لو کہ تم کبھی بھی اپنی (تمام) تمناؤوں کو پوری نہیں کر پاؤ گے اور نہ ہی اپنی اجل سے تجاوز کر سکو گے۔

٧ ـ وَاعلمُوا أنَّ الأمَلَ يُسهِي العَقلَ، وَيُنسِي الذِّكرَ، فَأكذِبُوا الأمَلَ، فَإنَّهُ غُرُورٌ وصاحِبُهُ مَغرورٌ.

(۷) جان لو کہ بلاشبہ آرزوئیں عقل کو غلطی اور حافظہ کو نسیان سے دوچار کر دیتی ہیں لہذا امیدوں کو جھٹلاؤ کیونکہ یہ دھوکا ہیں اور ان کا تمنائی فریب خوردہ ہوتا ہے۔

٨ ـ إنّما هَلَكَ مَن كانَ قَبلَكُم بِطُولِ آمالِهِم، وَتغَيُّبِ آجالِهِم، حتّى نَزَلَ بِهِمُ المَوعُودُ الَّذي تُرَدُّ عَنهُ المَعذِرَةُ، وتُرفَعُ عَنهُ التَّوبَةُ، وتَحُلُّ مَعَهُ القَارِعَةُ والنِّقمَة.

(۸) تم سے پہلے والے صرف اپنی لمبی آرزوں اور اجل کے پوشیدہ ہونے کی وجہ سے ہلاک ہوئے۔ یہاں تک کہ ان کے پاس وہ وعدہ کی ہوئی شئے آپہنچی جو عذر کو ٹھکرا دیتی ہے اور توبہ (کے وقت) کو ختم کر دیتی ہے اور اپنے ساتھ کھڑکھڑانے والی (مصیبت اور) غم و غصہ لئے ہوتی ہے۔

٩ ـ أيّها الناس، الزَّهَادةُ قِصَرُ الأَمَلِ، وَالشّكرُ عِندَ النِّعَمِ، وَالتَّوَرُّعُ [ الورَع ] عِندَ المَحارِمِ.

(۹) اے لوگو! زہد، آرزوؤں کی کمی، نعمتوں پر شکر گذاری اور حرام چیزوں سے پرہیز ہے۔

١٠ ـ بادِرُوا المَعادَ، وسابِقُوا الآجالَ، فإنَّ النّاسَ يُوشِكُ أَن يَنقَطِعَ بِهِمُ الأَمَلُ، وَيَرهَقَهُمُ الأَجَلُ، ويُسَدَّ عَنهُم بابُ التَّوبَة.

(۱۰) قیامت کی طرف مبادرت کرو اور (میدان) عمل میں اپنی موت پر سبقت لے جاؤ کیونکہ عنقریب لوگوں کی امیدیں منقطع ہو جائیں گی، موت انہیں آلے گی اور باب توبہ ان کے لئے مسدود ہو جائے گا۔

١١ ـ الزُّهدُ فِي الدُّنيا قِصَرُ الأَمَلِ.

(۱۱) دنیا میں زہد (کا مطلب) امیدوں میں کمی کرنا ہے۔

١٢ ـ رُبَّ أَمَلٍ خائِبٍ، وطَمَعٍ كاذِبٍ.

(۱۲) بہت سی امیدیں ناکام اور بہت سی لالچیں جھوٹی ہوا کرتی ہیں۔

١٣ ـ مَن عَلِمَ أَنَّهُ يُفارِقُ الأَحبابَ، و يَسكُنُ التُّرابَ، ويُواجِهُ الحِسابَ، ويَستَغنِي عَمّا تَرَكَ، و يَفتَقِرُ إلى مَا قَدَّمَ، كانَ حَرِيّاً بِقِصَرِ الأَمَلِ، وطُولِ العَمَل.

(۱۳) جسے احباب سے بچھڑنے، خاک میں رہنے، حساب کتاب کا سامنا کرنے، (دنیا میں) چھوڑی ہوئی اشیاء سے بے نیاز ہونے اور (آخرت کی طرف) بھیجی ہوئی اشیاء کا محتاج ہونے کا علم ہو گا وہ دوسروں کے مقابل، اپنی آرزوؤں کو (جلدی) کم کرے گا اور (اپنے نیک) اعمال میں اضافہ کرے گا۔

١٤ ـ مَن عَرَفَ أَجَلَهُ قَصَّرَ اَمَلَه.

(۱۴) جو اپنی اجل کو جان جاتا ہے وہ اپنی آرزوؤں کو کوتاہ کر لیتا ہے

١٥ ـ كَثرَةُ الآمالِ تَقطَعُ أَعناقَ الرِّجال.

(۱۵) آرزوؤں کی کثرت (بڑے بڑے جواں) مردوں کی گردنیں کاٹ دیتی ہیں۔

١٦ ـ أفضَلُ الدِّينِ قِـصَرُ الأَمـلِ، و أَعـلَنُ العِبادةِ إخلاصُ العَمَل.

(۱۶) بہترین دین، آرزوؤں میں کمی اور واضح ترین عبادت عمل میں اخلاص ہے۔

١٧ ـ إنَّ الله سُبحانَهُ لَيُبغِضُ الطَّوِيلَ الأَمَلَ السَّيِّئَ العَمَل.

(۱۷) اللہ تعالیٰ زیادہ آرزو رکھنے اور برے کام انجام دینے والے پر غضبناک ہوتا ہے۔

١٨ ـ أطولُ النَّاسِ أَمَلاً أَسوَؤُهم عَمَلاً.

(۱۸) سب سے زیادہ لمبی لمبی آرزوؤں والا عملی طور پر سب سے زیادہ خراب ہوتا ہے۔

١٩ ـ إيَّاكَ وَالثِّقَةَ بِالآمالِ، فَإنَّها مِن شِيَمِ الحَمقىٰ.

(۱۹) آرزوؤں پر بھروسہ کرنے سے بچو کیونکہ یہ احمقوں کا شیوہ ہے

٢٠ ـ الجاهِلُ يَعتَمِدُ على أَملِهِ، ويُقَصِّرُ مِـن عَمَلِه.

(۲۰) جاہل اپنی آرزوؤں پر اعتماد کرتا ہے اور عمل میں کمی کر دیتا ہے۔

٢١ ـ الأَمَلُ أبداً في تَكذِيبٍ، وَطُولُ الحَـياةِ لِلمَرءِ تَعذِيبٌ.

(۲۱) امید ہمیشہ جھٹلائی جاتی ہے اور طول عمر انسان کے لئے عذاب ہے۔

٢٢ ـ الأَمَلُ كالسَّرابِ، يَغُرُّ مَن رآهُ، ويُخلِفُ مَن رَجاه.

(۲۲) امید اس سراب کی طرح ہوتی ہے جو دیکھنے والے کو دھوکا دیتا ہے اور اپنے سے امید لگانے والے کو ٹھکرا دیتا ہے۔

٢٣ ـ نِعمَ عَونُ العَمَلِ قِصَرُ الأَمَل.

(۲۳) عمل کی بہترین مدد کم امید ہے۔

٢٤ ـ مَن أمَّلَ ما لا يُمكِنُ طَالَ تَرَقُّبُه.

(۲۴) جو ناممکن کی امید لگاتا ہے اس کا انتظار طویل ہو جاتا ہے۔

٢٥ ـ مَن اغتَرَّ بِالأَملِ خَدَعَه.

(۲۵) جو امید سے دھوکا کھاتا ہے امید اسے (ضرور) فریب میں مبتلا رکھتی ہے۔

٢٦ ـ كَم مِن مُؤَمِّلٍ ما لا يُدرِكُه.

(۲۶) کتنے ایسے لوگ ہیں جو نہ ملنے والی چیزوں کی امید لگائے بیٹھے ہیں۔

٢٧ ـ قَد ذَهَبَ عَن قُلوبِكُم أصدقُ الأَجل، و غَلَبَكُم غُرُورُ الأَمَل.

(۲۷) یقیناً تمہارے دلوں سے صادق ترین شئے موت کا خوف چلا گیا ہے اور امید کی فریب کاریوں نے تم پر غلبہ حاصل کر لیا ہے۔

٢٨ ـ في غُرُور الآمالِ انقضاءُ الآجال.

(۲۸) امیدوں سے فریب کھانے کے دوران ہی زندگی ختم ہو جاتی ہے۔

٢٩ ـ عَجِبتُ لِمَن لاَ يَمِلكُ أَجَلَهُ كَيفَ يُطيلُ أَمَلَهُ؟!

(۲۹) مجھے اس شخص پر تعجب ہے جو اپنی اجل پر قدرت نہیں رکھتا پھر بھی لمبی آرزو رکھتا ہے۔

٣٠ ـ ضَياعُ العُمرِ بَينَ الآمالِ والمُنَىٰ.

(۳۰) عمر آرزوؤں اور امیدوں کے درمیان ضائع ہوتی ہے۔

٣١ ـ ذُلُّ الرِّجال في خَيبَةِ الآمال.

(۳۱) مردوں کی ذلت، آرزوؤں کی ناکامی میں (مضمر) ہے۔

٣٢ ـ رُبَّ رَجاءٍ خَائِبٍ لِأَمَلٍ كاذِبٍ.

(۳۲) بہت سی امیدیں جھوٹی آرزو کے سبب ٹوٹ جاتی ہیں۔

٣٣ ـ رُبَّ طَمَعٍ كاذِبٍ لِأَمَلٍ خَائِبٍ.

(۳۳) بہت سی جھوٹی حرص ناکام آرزوؤں کا نتیجہ ہوا کرتی ہیں۔

٣٤ ـ رُبَّ أَجَلٍ تَحتَ أَملٍ.

(۳۴) بہت سی اجل آرزوؤں میں چھپی ہوتی ہیں۔

٣٥ ـ ثَمَرَةُ الأَمَلِ فَسادُ العَمَل.

(۳۵) آرزوؤں کا نتیجہ عمل کی خرابی ہے۔

٣٦ ـ بِبُلُوغِ الآمالِ يَهُونُ رُكُوبُ الأَهوال.

(۳۶) آرزوؤں کے حصول کی وجہ سے مشکلات آسان ہو جاتی ہیں

٣٧ ـ الأَملُ سُلطانُ الشَّياطِينِ على قُلُوبِ الغافِلين.

(۳۷) آرزو غافلوں کے دلوں پر شیطان کی (طرف سے) حکمران ہے

٣٨ ـ الأَمَلُ يُقَرِّبُ المَنِيَّةَ، ويُباعِدُ الأُمنِيَّةَ.

(۳۸) امید موت کو قریب اور آرزوؤں کو دور کر دیتی ہے۔

٣٩ ـ الأَملُ حِجابُ الأَجل.

(۳۹) امید موت کا حجاب ہے (یعنی موت سے انسان کو غافل رکھتی ہے)۔

٤٠ ـ الآمالُ لاَ تَنتَهِي.

(۴۰) امیدیں لامتناہی ہوتی ہیں۔

٤١ ـ الآمالُ تُدنِي الآجال.

(۴۱) آرزوئیں موت کو قریب کر دیتی ہیں۔

٤٢ ـ الأَمَلُ خَوَّانٌ.

(۴۲) امید، بہت بڑی خائن ہے۔

٤٣ ـ مَن أَطالَ أَمَلَهُ ساء.

(۴۳) جو اپنی امید بڑھا لیتا ہے وہ برباد ہو جاتا ہے۔

[ ۲۳ ]

## الأُمنِيَّة = بے جا تمنائیں

١ ـ الأَمانِيُّ تُعمِي أعيُنَ البَصائِر.

(۱) تمنائیں (دل کی) آنکھوں کو اندھا کر دیتی ہیں۔

٢ ـ أشرَفُ الغِنىٰ تَركُ المُنىٰ.

(۲) بہترین دولت مندی تمناؤں کو ترک کرنا ہے۔

٣ ـ الدَهرُ يُخلِقُ الأبدان، ويُجَدِّدُ الآمال، ويُقَرِّبُ المَنِيَّة، ويُباعِدُ الأُمنِيَّة، مَن ظَفَرَ بِه نَصِبَ، ومَن فاتَهُ تَعِبَ.

(۳) زمانہ جسموں کو بوسیدہ، امیدوں کی تجدید، موت کو نزدیک اور آرزوؤں کو دور کر دیتا ہے اسے پالینے والا، پریشانی میں مبتلا ہو جاتا ہے اور اس سے ہاتھ دھو لینے والا تھک جاتا ہے۔

٤ ـ رَحِمَ الله امرءً سَمِعَ حُكماً فَوعىٰ و دُعِيَ الى رَشادٍ فَدَنا. . . و كَذَّبَ مُناهُ، جَعَلَ الصبرَ مَطِيَّةَ نجاتِه.

(۴) خداوند عالم اس شخص پر رحم کرے جو کوئی (اچھائی کا) حکم سن کر غور کرتا ہے (اور سمجھتا ہے) ہدایت کی طرف بلاوے کے وقت اس سے قریب ہو جاتا ہے اور اپنی تمناؤں کو جھٹلاتے ہوئے صبر کو نجات کی سواری قرار دیتا ہے۔

٥ ـ الشيطانُ المُضِلّ و الأنفسُ الأمّارَةُ بالسوء، غَرَّتهُم (اى الخوارج) بِالأمانيّ و فَسَحَت لَهُم بِالمعاصي و وَعَدَتهُمُ الإظهارَ، فاقتَحَمَتْ بِهِمُ النّار.

(۵) گمراہ کن شیطان اور برائیوں کا حکم دینے والے نفسوں نے انہیں (یعنی خوارج کو) آرزوؤں کے ذریعہ دھوکا دیا اور ان کے لئے معصیت (کی راہوں) کو وسیع کرتے ہوئے فتح و کامرانی کا وعدہ کیا اور (اس طرح شیطان نے) انہیں جہنم رسید کر دیا۔

٦ ـ إيّاكَ والاتّكالَ على المُنىٰ، فإنّها بَضائِعُ النَّوكىٰ.

(۶) تمناؤں پر بھروسہ کرنے سے بچے رہو کیونکہ یہ احمقوں کی پونجی ہے۔

٧ ـ قَلَّما تُصدِقُكَ الأُمنِيَة.

(۷) بہت کم تمنائیں تمہیں سچا ٹھہراتی ہیں۔

٨ ـ مَن ذكَرَ المَنِيَّةَ نَسِيَ الأُمنِيَّة.

(۸) جو موت کو یاد کرے گا وہ تمناؤں کو فراموش کر دے گا۔

٩ ـ مَن غَرَسَ أشجارَ التُقىٰ اجتَنىٰ ثِمارَ المُنىٰ.

(۹) جس نے (اپنے دل میں) تقوے کے پودے لگائے اس نے (گویا اپنے دل سے) تمناؤں کے پھلوں کو توڑ پھینکا۔

١٠ ـ إذا حضَرَتِ المَنِيَّةُ افتَضَحَتِ الأُمنِيَّة.

(۱۰) جب موت آ کھڑی ہوتی ہے تب تمناؤں کی فضیحت سامنے آتی ہے۔

١١ ـ أنفعُ الدَّواءِ تَركُ المُنیٰ.

(۱) بہترین دوا تمناؤں کو ترک کرنا ہے۔

١٢ ـ حاصِلُ الأماني الأسف.

(۲) تمناؤں کا ماحصل تاسف ہے۔

١٣ ـ ضِياعُ العُمرِ بينَ الآمالِ و المُنیٰ.

(۳) عمر امیدوں اور تمناؤں کے درمیان ضائع ہو جاتی ہے۔

١٤ ـ نالَ المُنیٰ مَن عَمِلَ لِدارِ البَقاء.

(۴) اس شخص کی تمنا پوری ہوتی ہے جو آخرت کے لئے کام کرتا ہے۔

١٥ ـ طُوبىٰ لِمَن كَذِبَ مُناهُ و أخربَ دُنياهُ لِعِمارَةِ أُخراه.

(۱۵) خوشحال ہے وہ شخص جس نے اپنی تمناؤں کو جھٹلا دیا اور آخرت کی تعمیر کے لئے اپنی دنیا خراب کرلی۔

[ ٢٤ ]

# الانتِقام = انتقام

١ ـ إنَّ اللهَ سُبحانَه وَضَعَ الثَّوابَ علىٰ طاعَتِه، والعِقابَ علىٰ مَعصِيَتِه، ذِيادَةً لِعِبادِهِ علىٰ نِقمَتِهِ، وحِياشَةً لَهُم إلى جَنَّتِه.

(۱) بلاشبہ خداوند عالم نے اپنی اطاعت کے بدلے ثواب اور اپنی معصیت کے بدلے عقاب اس لئے رکھا ہے تاکہ وہ اپنے بندوں کو سزا سے دور رکھ کر انھیں بہشت میں داخل کر سکے۔

٢ ـ أيُّها النّاسُ، لِيَرَكُمُ اللهُ مِنَ النِعمَةِ وجِلِينَ كما يَراكُم مِنَ النِقمَةِ فَرِقِينَ.

(۲) اے لوگو! لازم ہے کہ خدا تمہیں نعمت کی فراوانی کے وقت اسی طرح ہراساں دیکھے جس طرح وہ تمہیں سزا کے وقت خوفزدہ دیکھتا ہے۔

٣ ـ اتَّقُوا سَكَراتِ النِّعمَةِ، واحذَرُوا بَوائِقَ النِّقمَةِ.

(۳) نعمتوں کی مستی (میں ڈوبے رہنے) سے بچے رہو اور بلاؤں کی سختی سے ڈرو۔

٤ ـ إياكُم وكُفرَ النِعَمِ، فَتَحُلَّ بِكُم النِّقَم.

(۴) کفران نعمت سے دور ورنہ بلائیں تم پر نازل ہوں گی۔

٥ ـ لا سُؤدَدَ مَعَ إنتِقامٍ.

(۵) انتقام کے ساتھ کسی طرح کی کوئی راحت نہیں ہے۔

٦ ـ اتَّقُوا البَغيَ فإنَّه يَجلِبُ النِّقَمَ و يَسلُبُ النِّعَمَ و يُوجِبُ الغِيَرَ.

(۶) ظلم و معصیت سے بچو کیونکہ یہ سزا کا باعث ہوتا ہے، نعمتوں کو سلب کرتا ہے اور حالات کو بدتر بنانے کا سبب ہوتا ہے۔

٧ ـ حُلُولُ النِّقَمِ في قَطِيعَةِ الرَّحِمِ.

(۷) رشتہ داروں سے الگ ہو کے رہنا بلاؤں میں گرفتار ہونے کا سبب ہے۔

٨ ـ شُكرُ النِّعمَةِ أمانٌ مِن حُلولِ النِّقمَة.

(۸) نعمت کا شکر ادا کرنا سزاؤں (کے نزول) سے امان ہے۔

٩ ـ صِلَةُ الرَّحِمِ تُدِرُّ النِّعَمَ و تَدفَعُ النِّقَم.

(۹) صلہ رحم نعمت کے نزول اور سزاؤں کو دفع کرنے کا باعث ہوتا ہے۔

١٠ ـ ظُلمُ اليَتامىٰ و الإماءِ يُنزِلُ النِّقَمَ و يَسلُبُ النِّعَم.

(۱۰) یتیموں اور کنیزوں پر ظلم، نزول عقوبت اور سلب نعمت کا باعث ہوتا ہے۔

١١ ـ مُجاهَرَةُ اللهِ سُبحانَه بِالمعاصي تُعَجِّلُ النِّقَم.

(۱۱) کھلے عام اللہ تعالیٰ کی معصیت کرنے سے سزائیں جلدی نازل ہو جاتی ہیں۔

١٢ ـ المُبادَرَةُ إلى الانتِقام مِن شِيَمِ اللّئام.
١٣ ـ أقبَحُ أفعالِ المُقتَدِرِ الإنتقام.
١٤ ـ لكُلِّ ظالِمٍ انتِقامٌ.
١٥ ـ مَنِ انتَقَمَ مِـن الجاني أبـطَلَ فَـضلَهُ في الدُّنيا، وفاتَهُ ثَوابُ الآخِرَة.

(۱۲) انتقام میں جلد بازی لئیموں کا شیوہ ہے۔
(۱۳) قدرت مند کا بد ترین عمل انتقام ہے۔
(۱۴) ہر ظالم کے لئے انتقام ہے۔
(۱۵) جس نے مجرم سے انتقام لیا تو (گویا) اس نے دنیا میں اپنی فضیلت کھو دی اور ثواب اخروی سے بھی ہاتھ دھو بیٹھا۔

[ ۲۵ ]

# الإنصاف = انصاف

١ ـ وسئل ﷺ : فَمَنِ الشَريفُ؟ فقال ﷺ : مَن أنصَفَ الضَّعيف.

(۱) حضرت علی علیہ اسلام سے پوچھا گیا کہ شریف کون ہے؟ آپ نے فرمایا۔" جو کمزور کے ساتھ انصاف کرے۔"

٢ ـ خَفِ الضَّعِيفَ إذا كان تحتَ رايَةِ الإنصافِ أكثَرَ مِن خَوفِكَ القَوِيَّ تحتَ رايَةِ الجَور، فإنَّ النَّصرَ يأتِيهِ مِن حَيثُ لا يَشعُرُ، وَجُرحُهُ لا يَندَمِلُ.

(۲) پرچم ظلم کے نیچے رہنے والے قوی (انسان) کے مقابلے، پرچم انصاف تلے رہنے والے کمزور (شخص) سے زیادہ ڈرو کیونکہ (اس کی) مدد اس طرح سے ہوتی ہے کہ وہ خود بھی نہیں سمجھ پاتا اور اس کا گھاؤ مندمل بھی نہیں ہوتا۔

٣ ـ إختَر أن كُنتَ مَغلوباً وأنتَ مُنصِفٌ، ولا تَختَر أن تَكونَ غالِباً وأنتَ ظالِمٌ.

(۳) اپنے لئے ایسی حالت اختیار کرو جس میں (بھلے ہی) تم مغلوب رہو مگر منصف رہو ایسی صورت حال نہ اختیار کرنا جس میں تم غالب (تو) رہو مگر ظالم بھی رہو۔

٤ ـ ثَلاثَةٌ مِن أشَدِّ الأعمالِ: ذِكرُ اللهِ على كُلِّ حالٍ، ومُواسَاةُ الإخوان بالمالِ، وإنصافُ النّاسِ مِن نَفسِك.

(۴) تین چیزیں بڑے زبردست اعمال میں شمار ہوتی ہیں ہر حالت میں ذکر خدا، برادران (دینی) کی مال و دولت کے ذریعے مدد اور خود سے لوگوں کے ساتھ انصاف کرنا۔

٥ ـ الإنصافُ يَرفَعُ الخِلافَ، ويُوجِبُ الائتِلاف.

(۵) انصاف اختلاف کو رفع کرکے (آپس میں) الفت پیدا کر دیتا ہے۔

٦ ـ المؤمِنُ يُنصِفُ مَن لا يُنصِفُه.

(۶) مومن اس سے بھی انصاف کرتا ہے جو اس کے ساتھ ناانصافی کرتا ہے۔

٧ ـ الإنصافُ يَستَديمُ المَحبَّة.

(۷) انصاف محبت کو دوام بخش دیتا ہے۔

٨ ـ الإنصافُ شِيمَةُ الأشراف.

(۸) انصاف اشراف کا شیوہ ہے۔

٩ ـ إنّ أفضَلَ الإيمانِ إنصافُ الرَّجُلِ مِن نَفسِه.

(۹) برترین ایمان انسان کا خود اپنے آپ سے انصاف کرنا ہے۔

١٠ ـ إنَّ أعظَمَ المَثُوبَةِ مَثوبَةُ الإنصاف.

(۱۰) عظیم ترین صلہ، انصاف کا صلہ ہے۔

١١ ـ أنصَفُ الناسِ مَن أنصَفَ مِن نَفسِهِ بغيرِ حاكِمٍ عَليه.

(۱۱) سب سے بڑا منصف وہ ہے جو اپنے ساتھ بغیر کسی حاکم کے انصاف سے پیش آئے۔

١٢ ـ أعدَلُ الناسِ مَن أنصَفَ عَن قُوَّةٍ، وأعظَمُهُم حِلماً مَن حَلُمَ عَن قُدرَةٍ.

(۱۲) عادل ترین شخص وہ ہے جو قوت کے باوجود انصاف سے کام لے اور حلیم ترین شخص وہ ہے جو قدرت ہوتے ہوئے بھی بردباری کا ثبوت دے۔

١٣ ـ زَكاةُ القُدرَةِ الإنصاف.

(۱۳) انصاف قدرت (و توانائی) کی زکات ہے۔

١٤ ـ عامِل سائِرَ النّاسِ بالإنصافِ، وعامِلِ المُؤمِنينَ بالإيثار.

(۱۴) تمام لوگوں کے ساتھ انصاف سے اور مومنین کے ساتھ ایثار سے پیش آؤ۔

١٥ ـ غايَةُ الإنصافِ أن يُنصِفَ المَرءُ نَفسَه.

(۱۵) کمال انصاف یہ ہے کہ آدمی خود سے انصاف کرے۔

١٦ ـ مَن لَم يُنصِفِ المظلومَ مِنَ الظالِمِ سَلَبَهُ اللهُ قُدرَتَه.

(۱۶) جو (قدرت کے باوجود) ظالم سے مظلوم کو انصاف نہ دلائے تو اللہ اس کی قدرت سلب کرلیتا ہے۔

١٧ ـ مَن منَع الإنصافَ سلَبَهُ الله الإمكان.

(۱۷) جس نے انصاف میں رکاوٹ پیدا کی اللہ اس کے امکانات کو سلب کرلیتا ہے۔

١٨ ـ مَعَ الإنصافِ تَدومُ الأُخُوَّة.

(۱۸) انصاف کے ساتھ (ہی) اخوت کو دوام ملتا ہے۔

[٢٦]

# أهل البيت عليهم السلام = اہل بیت (ع)

١ ـ انظرُوا أهلَ بيتِ نَبيّكم فَالْزمُوا سَمْتَهم، و اتَّبِعُوا أثَرَهُم، فَلَن يُخرجُوكُم مِن هُدىً ولن يُعيدَكُم في رَدىً، فإن لَبَدُوا فَالبُدُوا، و إن نَهضُوا فانهَضوا، ولا تَسبِقوهُم فَتَضِلُّوا ولا تَتَأخَّرُوا عنهُم فَتَهْلِكُوا.

(۱) اپنے نبی (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) کے اہل بیت کو مد نظر رکھتے ہوئے انہیں کی سمت کے پابند ہو جاؤ ان کے آثار کا اتباع کرو کیونکہ یہ لوگ کبھی تمہیں ہدایت (کی راہ) سے دور نہیں کریں گے اور نہ ہی کبھی ضلالت و گمراہی کی طرف لوٹائیں گے اگر کبھی یہ خاموش رہیں تو تم بھی چپکے رہو اور اگر یہ اٹھ کھڑے ہوں تو تم بھی اٹھ کھڑے ہو کبھی ان سے آگے نہ بڑھو ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے اور نہ ہی ان سے پیچھے رہ جاؤ ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے۔

٢ ـ فيهِم [ في اهل البيت عليهم السلام ] كَرائِمُ القُرآنِ، وهُم كُنُوزُ الرّحمٰنِ، إن نَطقُوا صَدَقُوا، وَإن صمَتُوا لم يُسبَقُوا.

(۲) ان کی شان میں قرآن کی آیات کریمہ ہیں، یہ لوگ رحمان کے خزانے ہیں اگر بولتے ہیں تو سچ اور اگر یہ خاموش رہتے ہیں تو کوئی ان سے آگے بڑھنے کا حق نہیں رکھتا۔

٣ ـ نحنُ الشِّعار و الأصحابُ و الخَزنَةُ و الأبوابُ، ولا تُؤتَى البُيوتُ إلّا مِن أبوابِها فَمَن أتاها مِن غيرِ ابوابِها سُمِّيَ سارِقاً.

(۳) ہم (خدا کی) نشانیاں، (رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے سچے) ساتھی، (انکے علوم کے) خزانہ دار اور (علم لدنی کے) دروازے ہیں اور گھر میں صرف دروازے کے ذریعہ آیا جاتا ہے لہذا جو بھی گھر میں دروازوں کے علاوہ کہیں اور سے داخل ہو گا وہ چور کہا جائے گا۔

٤ ـ لا يُقاس بآل محمّد صلى الله عليه وآله مِن هذه الأمّة أحدٌ و لا يُسَوّي بهم مَن جَرَتْ نِعْمَتُهُم عليه أبداً، هم أساسُ الدينِ و عِمادُ اليقين اليهم يَفِيءُ الغالي، و بِهم يُلْحَقُ التالي، و لهم خصائصُ حقِّ الوَلايةُ و فيهم الوصيّةُ و الوِراثَةُ، الأن إذ رَجَعَ الحقُّ إلى أهلِهِ و نُقِلَ إلى مُنْتَقَلِه.

(۴) آل محمد (علیہم السلام) کی اس امت میں کوئی برابری نہیں کر سکتا اور ان کے ٹکڑوں پر پلنے والے کبھی ان کے برابر نہیں ہو سکتے یہ دین کی اساس اور یقین کے ستون ہیں غلو کرنے والا انھیں کی طرف پلٹے گا اور پیچھے رہ جانے والا بھی (آخر کار) انہیں سے ملحق ہو گا، حق ولایت (و حکومت) کی خصوصیتیں، (رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی) جانشینی اور وراثت سب کچھ انھیں کا ہے، اب

جا کر حق صاحب حق کی طرف پلٹا ہے اور اپنی حقیقی جگہ منتقل ہوا ہے۔

۵ ـ هُم [اهل البيت] مَوضِعَ سِرِّهِ، وَلَجأُ أمرِهِ، وَعَيبَةُ عِلمِهِ، وموئِلُ حُكمِهِ، وكُهُوفُ كُتُبِهِ، وجِبالُ دينِهِ، بِهِم أقامَ انحِناءَ ظَهرِهِ، وَأذهَبَ ارتِعادَ فَرائِصِهِ.

(۵) وہی لوگ (اہل بیت علیہم السلام) اس کے (یعنی خدا کے) اسرار کے امین، اس کے دستورات کے لئے جائے پناہ اور اس کے علم کے ظروف ہیں اسکی کتابوں کی پناہ گاہ اور اس کے دین کے کوہ ہائے (استوار) ہیں، انہیں کے ذریعہ اس دین کی کمر کا خم درست ہوا اور اس کے احکام و فرائض کی لرزہ براندامی ختم ہوئی۔

٦ ـ أشَدُّ النّاسِ عَمىً مَن عَمِيَ عَن حُبِّنا وَفَضلِنا ونَاصَبنا العَداوَةَ بِلا ذَنبٍ سَبَقَ مِنّا اَلَيهِ إلاّ أنّا دَعَونَاهُ إلَى الحَقِّ، وَدَعاهُ سِوانا إلَى الفِتنَةِ وَالدُّنيا، فَآثَرَها وَنَصَبَ العَداوَةَ لَنا.

(۶) سب سے بڑا (عقل کا) اندھا وہ ہے جو ہماری محبت و فضل سے اندھا ہو اور ہمارے کسی گناہ کے بغیر ہم سے دشمنی روا رکھے جزء اس کے کہ ہم نے اسے حق کی طرف بلایا (اگر یہ کوئی گناہ ہے) جبکہ دوسرے نے اسے فتنہ و دنیاداری کی طرف بلایا، اس نے اسے قبول کر لیا اور ہم سے دائمی دشمنی کر لی۔

٧ ـ أسعدُ النّاسِ مَن عَرَفَ فَضلَنا، وتَقَرَّبَ إلَى اللهِ بِنا، وأخلَصَ حُبَّنا، وعَمِلَ بِما إلَيهِ نَدَبنا، وانتَهى عمّا عنهُ نَهينا، فَذاكَ مِنّا، وَهُوَ في دارِ المُقامةِ مَعَنا.

(۷) خوش نصیب ترین شخص وہ ہے جو ہماری فضیلتوں کو سمجھے اور اللہ کا تقرب ہمارے ذریعے حاصل کرے اور ہم سے خالص محبت رکھے، ہم نے جو کچھ کہا اس پر عمل پیرا ہو اور ہم نے جس سے منع کیا اسے ترک کرے پس وہ ہم میں سے ہے اور وہ دار جاودانی میں ہمارے ساتھ ہو گا۔

٨ ـ أحسَنُ الحَسَناتِ حُبُّنا، وأسوَءُ السَّيِّئاتِ بُغضُنا.

(۸) سب سے اچھی نیکی ہماری محبت ہے اور سب سے بری بدی ہم سے بغض ہے۔

٩ ـ أولَى النّاسِ بِنا مَن وَالانا، وعادى مَن عادانا.

(۹) ہمارے نزدیک اولویت اسی کو حاصل ہے جس نے ہم سے محبت اور دوستی کی اور ہماری دشمنی رکھنے والے سے عداوت روا رکھی۔

١٠ ـ إنَّ اللهَ تَعالى اطَّلَعَ إلَى الأَرضِ فَاختَارنا، واختارَ لنا شِيعَةً يَنصُرونَنا، ويَفرَحُونَ لِفَرِحنا، وَيحزَنُونَ لِحُزننا، وَيَبذُلُونَ أَنفسَهُم وأَموالَهُم فِينا، فَأُولئكَ مِنّا وإلَينا، وَهُم مَعنا في الجَنَّة.

(۱۰) بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے زمین کو چھانا (تب جا کر) ہمیں چنا اور ہمارے لئے کچھ چاہنے والوں (یعنی شیعوں) کو منتخب کیا جو ہماری نصرت کریں، ہماری خوشی میں خوش اور ہمارے غم میں ملول ہوں، ہمارے لئے اپنی جان و مال لٹا دیتے ہوں پس یہی لوگ ہم میں سے ہیں، ان کا راستہ ہماری طرف ہے اور یہ لوگ جنت میں ہمارے ساتھ رہیں گے۔

١١ ـ إنَّ أَمرَنا صَعبٌ مُستصعَبٌ، لاَ يَحتَمِلُهُ إلاّ عبدٌ امتَحَنَ اللهُ قَلبَهُ لِلإيمانِ، ولا يَعيَ حديثنا إلاّ صُدورٌ أَمينَةٌ، وَأَحلامٌ رَزِينَةٌ.

(۱۱) بلاشبہ ہمارے امور بڑے ہی مشکل ہیں ان کا تحمل صرف وہی لوگ کر سکتے ہیں جن کے دلوں کو خداوند عالم نے ایمان کے واسطے امتحان میں مبتلا کیا ہو اور ہماری باتیں صرف امانت دار سینوں اور پر وقار فکروں کے مالک ہی سمجھ سکتے ہیں۔

١٢ ـ أَلاَ وإنَّ أَهلَ البَيتِ أَبوابُ الحِلمِ، وَ أنوارُ الظُّلَم، وَضِياءُ الأُمَم.

(۱۲) آگاہ ہو جاؤ کہ اہل بیت حلم و بردباری کے دروازے، اندھیروں کے لئے اجالے اور امتوں کے لئے روشنی ہیں۔

١٣ ـ أَنَا وأَهل بَيتِي أَمانٌ لأَهلِ الأَرضِ، كَما أَنَّ النُّجومَ أَمانٌ لأَهلِ السَّماء.

(۱۳) میں اور میرے اہل بیت زمین والوں کے لئے (عذاب سے) امان ہیں جیسے نجوم آسمان والوں کے امان (کا سبب) ہوتے ہیں۔

١٤ ـ بِنا اهتَدَيتُمُ الظَّلماءَ، وتَسَنَّمتُمُ العَلياءَ و بنا إنفجرتُم عن السّرار.

(۱۴) ہمارے ہی ذریعے تمہیں اندھیروں میں ہدایت اور بلندیاں نصیب ہوئیں اور ہماری ہی مدد سے تمہاری شب تار کی سحر نمودار ہوئی۔

١٥ ـ طَرِيقَتُنا القَصدُ وسنَّـتُنا الرُّشد.

(۱۵) ہماری روش میانہ روی اور ہماری سنت ہدایت ہے۔

١٦ ـ عليكُم بِحُبِّ آلِ نَبِيِّكُم، فَإنَّهُ حقُّ اللهِ عليكُم، والمُوجِبُ على اللهِ حَقَّكُم، أَلاَ تَرَونَ إلَى قَول اللهِ تَعالَى: ﴿قُل لاَ أَسئَلُكُم عَلَيهِ أَجراً إلاَّ المَوَدَّةَ فِي القُربىٰ﴾.

(۱۶) تمہارے لئے آل نبی علیہم السلام کی محبت لازم ہے کیونکہ یہ تمہارے اوپر خدا کا حق ہے اور اللہ کے اوپر تمہارا حق ہونے کا موجب بھی ہے کیا تم نے قول خدا "قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربیٰ" پر غور نہیں کیا؟

١٧ ـ مَن رَكِبَ غَيرَ سَفينَتِنا غَرِق.

(۱۷) جو ہماری (محبت کی) کشتی کے علاوہ کسی اور کشتی میں سوار ہو گا وہ غرق ہو جائے گا۔

١٨ ـ مَن تَمَسَّكَ بِنا لَحِق.

(۱۸) جو ہم سے تمسک کرے گا وہ (ہم سے) ملحق ہو گا۔

١٩ ـ مَن تَخَلَّفَ عَنّا مُحِق.

(۱۹) جس نے ہم سے تخلف کیا وہ ہلاک ہو گا۔

٢٠ ـ لَنا على النّاسِ حقُّ الطّاعةِ وَالوَلايـةِ، ولَهُم مِنَ اللهِ حُسنُ الجزاء.

(۲۰) لوگوں پر ہمارا حق اطاعت و ولایت ہے اور (اس کے صلے میں) لوگوں کے لئے اللہ کی طرف سے بہترین جزا ہے۔

٢١ ـ مَن تَوَلّانا أَهلَ البَيتِ فَليَتلَبَس لِـلمِحَنِ إِهاباً.

(۲۱) جس نے ہم اہل بیت علیہم السلام کی محبت اختیار کی وہ بلاؤں کے لئے چمڑے کا لباس پہن لے۔

٢٢ ـ نحنُ دُعاةُ الحقّ و أئمّةُ الخَلقِ و ألسِـنَةُ الصِّدق، مَن أطاعَنا مَلَكَ و مَن عَصانا هَلَک.

(۲۲) ہم حق کی طرف بلانے والے، (تمام) خلق کے امام اور صدق کی زبان ہیں جس نے ہماری اطاعت کی وہ (آخرت کی کامیابی کا) مالک ہو گیا اور جس نے ہماری نافرمانی کی وہ ہلاک ہو گیا۔

٢٣ ـ نَحنُ بابُ حِطَّة، وَهُوَ بابُ السَّلاَمِ، مَن دَخَلَهُ سَلِمَ ونَجا، ومَن تَخَلَّفَ عنهُ هَلَك.

(۲۳) ہم باب حطہ ہیں جو سلامتی کا دروازہ ہے جو بھی اس میں داخل ہو گیا وہ سالم و نجات یافتہ ہو جاتا ہے اور جس نے اس سے تخلف اختیار کیا وہ ہلاک ہو جاتا ہے۔

٢٤ ـ نَحنُ أُمَناءُ اللهِ سبحانَهُ عـلى عِـبادِهِ، ومُقيموا الحقَّ في بِلادِهِ، بِنا يَنجُو المُوالي، وبِنا يَهلِكُ المُعادِي.

(۲۴) ہم اللہ کی طرف سے اس کے بندوں پر امانت دار اور اس کی مملکت میں حق قائم کرنے والے ہیں ہمارے ہی ذریعے دوستی رکھنے والا نجات پائے گا اور ہمارے ہی ذریعہ (ہم سے) دشمنی رکھنے والا ہلاک ہو گا۔

٢٥ ـ هُم دَعائِمُ الإِسلامِ، وَ وَلائِجُ الإعتِصامِ، بِهِم عادَ الحَقُّ في نِصابِهِ، و انزاحَ البَاطِلُ عَن مَقامِهِ، وَ انقَطَعَ لِسانُهُ عن مَنبِتِهِ، عَقَلُوا الدِّينَ عَقلَ وِعَايةٍ و رِعايةٍ، لا عَقلَ سَماعٍ وَ رِوايَـةٍ. هُم كُـنُوزُ الإِيمـانِ، و مَـعادِنُ الإِحسـانِ، إِن حَكَمُوا عَدَلُوا، وَإِن حاجُّوا خَصَمُوا.

(۲۵) وہ (اہل بیت علیہم السلام) اسلام کے ستون اور بچاؤ کی پناہ دہندہ وادی ہیں انہیں کے طفیل حق اپنے مدار پر پلٹ آیا اور باطل کی جڑیں ہل گئیں اور اس کی زبان جڑ سے کٹ گئی انہوں نے دین کو مراعات و سوجھ بوجھ کے ذریعے سمجھا ہے نہ سن کر اور روایت کے ذریعے، وہ لوگ ایمان کے خزانے اور احسان کی کانیں ہیں جب فیصلہ کرتے ہیں تو عدل سے کام لیتے ہیں اور (یہ) اگر استدلال کرتے ہیں تو (مخالف پر) غالب آجاتے ہیں۔

[۲۷]

# الإيمان و المؤمن = ایمان اور مومن

١ ـ سُئل عن الايمان، فقال: الإيمـانُ مَـعرِفَةٌ بِالقَلبِ، وَ إقرارٌ بِاللِّسانِ، وعَمَلٌ بِالأَركَان.

(۱) آپ سے ایمان کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے جواب دیا "ایمان دل سے معرفت، زبان سے اقرار اور اعضاء و جوارح سے عمل کرنا ہے"

٢ ـ لاَ يَصدُقُ إيمانُ عَبدٍ حَتَّى يَكُونَ بِما فِي يدِ اللهِ أَوثَقَ مِنهُ بِما فِي يدِه.

(۲) کسی بندے کا ایمان اس وقت تک سچا (اور کامل) نہیں ہے جب تک اسے خود اپنے پاس موجود اشیاء کے مقابل اللہ کے پاس موجود اشیاء پر زیادہ بھروسہ نہ ہو۔

٣ ـ فَرَضَ اللهُ الإيمانَ تَطهِيراً مِنَ الشِّرك.

(۳) اللہ نے ایمان کو شرک سے پاکیزگی کے لئے واجب کیا ہے۔

٤ ـ الإيمانُ أَن تُؤثِرَ الصِّدقَ حَيثُ يَضُرُّكَ عَلى الكَـذِبِ حَـيثُ يَـنفَعُكَ، و أَلاَّ يَكُـونَ فِي حَدِيثِكَ فَضلٌ عن عَمَلِكَ (عِلمك) وَ أَن تَـتَّقِيَ اللهَ فِي حدِيثِ غَيرِك.

(۴) ایمان یہ ہے کہ تم اپنے لئے نقصان دہ سچ کو اپنے لئے مفید جھوٹ پر ترجیح دو، تمہاری باتیں تمہارے (علم اور) کاموں سے زیادہ نہ ہوں اور یہ کہ تم دوسروں کے بارے میں باتیں کرتے وقت اللہ سے ڈرتے رہو۔

٥ ـ [ في صفة المـؤمن: ] المُـؤمِنُ بِـشرُهُ فِي وَجهِهِ، وَحُزنُهُ فِي قَلبِهِ، أَوسَعُ شَيءٍ صَـدرَاً، وَأَذَلُّ شَيءٍ نَـفساً، يَكـرَهُ الرِّفـعَةَ، ويَشـنَأُ السُّمعَةَ، طَوِيلٌ غَمُّهُ، بعِيدٌ هَمُّهُ، كثِيرٌ صَمتُهُ، مشغُولٌ وَقتُهُ، شَكُورٌ صَبُورٌ، مَغمُورٌ بِفكرَتِهِ، ضَنِينٌ بِخَلَّتِهِ، سَهلُ الخَلِيقَةِ، لَـيِّنُ العَـرِيكَة، نَفسُهُ أَصلَبُ مِنَ الصَّلدِ، وهُوَ أَذَلُّ مِنَ العَبد.

(۵) (مومن کی صفتوں کے متعلق) "مومن کی خوشی اس کے چہرے پر اور اس کا غم اس کے دل میں ہوتا ہے سب سے زیادہ کشادہ سینے کا مالک ہوتا ہے اور اس کا نفس ذلیل ترین ہوتا ہے (یعنی اپنے نفس کو ہمیشہ کمتر سمجھتا ہے تاکہ غرور میں مبتلا نہ ہو) رفعت و بلندی سے کراہیت اور نام و نمود سے نفرت محسوس کرتا ہے بلند ہمت اور بہت زیادہ سکوت پسند ہوتا ہے اس کے اوقات (عبادت میں) مشغول ہوتے ہیں شکور و صبور، اپنی ہی فکر میں غلطاں رہتا ہے، ہر ایک سے دوستی نہیں کرتا نرم مزاج اور خوش اخلاق ہوتا ہے، اس کا نفس چٹان سے زیادہ سخت (و مضبوط) ہوتا ہے اور وہ (خدا کے سامنے) غلام سے زیادہ ذلیل بن کر رہتا ہے۔

٦ـ لِلمُؤمِنِ ثلاثُ ساعاتٍ: سَاعَةٌ يُناجِي فِيها رَبَّهُ، وساعةٌ يَرُمُّ مَعَاشَهُ، وسَاعةٌ يُخَلِّي بَيْنَ نَفسِهِ وبَيْنَ لَذّاتِها فيما؟ يَحِلُّ ويَجمُل.

(۶) مومن کے لئے تین وقت ہوتے ہیں، ایک وقت جس میں وہ اپنے پروردگار سے دعا و مناجات کرتا ہے، دوسرا وہ وقت جس میں وہ اپنی روزی روٹی کے لئے کوشش کرتا ہے اور تیسرا وہ وقت ہوتا ہے جس میں وہ اپنے نفس و لذات (نفس) کے متعلق غور کرتا ہے کہ کون سی حلال اور پسندیدہ ہے؟

٧ـ سُئل عن الايمان؟ فقال: الإيمانُ على أَربَعِ دَعائِمَ: على الصَّبرِ، واليقِينِ، والعَدلِ، وَالجِهاد.

(۷) آپ سے ایمان کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ) نے فرمایا" ایمان چار ستونوں پر (استوار) ہے (اور وہ یہ ہیں) صبر، یقین، عدل اور جہاد۔

٨ـ أنايَعسُوبُ المؤمنِينَ، وَالمالُ يَعسُوبُ الفُجّارِ.

(۸) میں مومنین کا سردار ہوں اور مال، فاجروں کا سردار ہے۔

٩ـ غِيرَةُ المَرأَةِ كُفرٌ، وَغِيرَةُ الرَّجُلِ إيمانٌ.

(۹) عورت کی غیرت اور رقابت کفر ہے (یعنی وہ اپنے شوہر کی دوسری بیوی سے بات چیت پسند نہ کرے یا اس سے حسد کرے) اور مرد کی غیرت ایمان ہے۔(یعنی وہ اپنی بیوی سے دوسرے مرد کے تعلقات برداشت نہ کرے)۔

١٠ـ سُوسُوا إيمانَكُم بِالصَّدَقَةِ.

(۱۰) اپنے ایمان کو صدقے کے ذریعے محفوظ کر لو۔

١١ـ لاَ إيمانَ كَالحَياءِ والصَّبرِ.

(۱۱) حیا و صبر کی مانند کوئی ایمان نہیں ہے۔

١٢ـ [الايمان] سبيلٌ أبلجُ المنهاج، أنورُ السِّراج، فَبِالايمانِ يُستَدَلُّ علَى الصالحاتِ، و بالصالحاتِ يُستَدَلُّ عَلَى الإيمانِ، و بالايمانِ يُعمَرُ العِلم.

(۱۲) (ایمان) ایک ایسا راستہ ہے جو تمام راستوں سے زیادہ روشن اور تمام چراغوں سے زیادہ پرنور ہے لہذا ایمان ہی کے ذریعے نیکیوں پر استدلال کیا جاتا ہے اور نیکیوں کے ذریعے ایمان پر استدلال کیا جاتا ہے اور ایمان کے ذریعے علم کی تعمیر ہوتی ہے۔

١٣ـ إنَّ المؤمنِينَ مُستَكِينُونَ، إنَّ المُؤمِنِينَ مُشفِقُونَ، إنَّ المُؤمِنِينَ خَائِفُون.

(۱۳) بلاشبہ مومنین مسکین (و خاکسار ہیں بلاشبہ مومنین شفیق ہیں بلا شبہ مومنین (خدا سے) خائف ہیں

١٤ـ إنَّ الإيمانَ يَبدو لُمظَةً فِي القَلبِ، كُلَّما ازدادَ الإيمانُ ازدَادَتِ اللُّمظَة.

(۱۴) بلاشبہ ایمان دل میں ایک نور (کے سفید نقطہ) کی طرح ظاہر ہوتا ہے لہذا جتنا زیادہ ایمان بڑھتا جائے گا اتنا ہی اس نقطہ کی سفیدی میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔

١٥ ـ المؤمِنُ أخو المُـؤمِنِ، فَـلاَ يَـغُشُّهُ، ولاَ يَعِيبُهُ، وَلا يَدَعُ نُصرَتَه.

(۱۵) مومن، مومن کا بھائی ہوتا ہے لہذا کوئی مومن کبھی دوسرے مومن کو دھوکا نہیں دیتا اور نہ اس کی عیب جوئی کرتا ہے اور نہ ہی اس کی مدد میں کوتاہی کرتا ہے۔

١٦ ـ لاَ تُشـاقِق مُـؤمِناً فَـتَلحَ كَـما يُـلحَى القَضِيبُ مِن لِحائِهِ.

(۱۶) مومن کو پریشان نہ کرو ورنہ تمہاری نیکیاں درخت کی چھال کی طرح اتار لی جائیں گی۔

١٧ ـ إتَّقُوا فَرَاسَةَ المُؤمِنِ، فَإنَّهُ يَنظُرُ بِـنُورِ الله.

(۱۷) مومن کی فراست سے خائف رہو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔

١٨ ـ ألا وإنَّ المُؤمِنَ مِن نَـفسِهِ في شُـغُلٍ، والناسُ منهُ في راحَةٍ، إذَا جَـنَّ عـليهِ اللَّـيلُ افتَرَشَ وَجهَهُ وسَجَدَ لِلّهِ بِمَكارِمِ بدنِهِ، يُناجِي الَّذِي خَلَقَهُ فِي فَكاكِ رَقَبَتِهِ، ألاَ فَهكَذا كُونُوا.

(۱۸) آگاہ ہو جاؤ کہ مومن یقیناً خود میں مشغول رہتا ہے، لوگ اس سے آسودہ رہتے ہیں، جب رات آجاتی ہے تو وہ اپنے چہرے کو زمین پر رکھ دیتا ہے اور اللہ کے حضور اپنے بدن کے تمام محترم اعضاء کے ذریعے سجدہ بجالاتا ہے اور اپنے اس رب کی مناجات میں مشغول ہو جاتا ہے جس نے اسے آزاد خلق کیا۔ خبردار ہو جاؤ! ایسے ہی بنو۔

١٩ ـ مَن سَرَّتهُ الحَسَنَةُ، وَساءَتهُ السَّـيِّئَةُ، فَهُو مُؤمِنٌ.

(۱۹) جسے نیکی مسرور اور برائی کبیدہ خاطر کر دے وہ مومن ہے۔

٢٠ ـ ألإيمانُ أَربَعَةُ أَركانٍ: الرِّضَىٰ بِقَضاءِ اللهِ، وَالتَّوكُّلُ عَلَى اللهِ، وَتَـفوِيضُ الأَمـرِ إِلَى اللهِ، وَالتَّسلِيمُ لِأَمرِ الله.

(۲۰) ایمان چار ارکان پر مشتمل ہے قضا (و قدر) الٰہی سے راضی رہنا، اللہ پر توکل کرنا، (اپنے) تمام امور اسی کے سپرد کر دینا اور اس کے (تمام) احکام کے سامنے سر تسلیم خم کر دینا۔

٢١ ـ لا يَجِدُ أَحدٌ طَعمَ الإيمانِ حَتّى يَعلَمَ أَنَّ مَا أَصابَهُ لَم يَكُن لِيُخطِئَهُ، ومَا أَخـطَأَهُ لَم يَكُـن لِيُصِيبَه.

(۲۱) کوئی اس وقت تک لذت ایمان سے آشنا نہیں ہو سکتا جب تک اسے اس بات کا یقین نہ ہو جائے کہ جو حالات اسے لاحق ہوں گے وہ ان سے بچ نہیں پائے گا اور جو چیزیں اس تک نہیں پہنچی ہیں، وہ (حقیقتاً) اس تک پہنچ نہیں سکتی تھیں۔

٢٢ ـ أَربَعٌ مَن كُنَّ فيهِ فقدِ استَكمَلَ الإيمـانَ: مَن أَعطىٰ للهِ، و مَنَعَ فيه، و أَحَبَّ للهِ، وأَبغَضَ فِيه.

(۲۲) چار چیزیں جس کے اندر پائی جائیں وہ کامل الایمان ہو گا جو اللہ کے لئے عطا کرے اور اسی کے لئے عطا سے) ہاتھ روکے، اللہ ہی کے لئے (کسی سے) محبت کرے اور اسی کے لئے بغض رکھے۔

۲۳ ـ النَجاةُ مَع الإيمان.

(۲۳) نجات ایمان کے ساتھ ہے۔

۲٤ ـ الإيمانُ أمانٌ.

(۲۴) ایمان امان ہے۔

۲٥ ـ ألإيمانُ شَجرةٌ ؛ أَصلُها اليَقِينُ، و فَرعُها التُّقىٰ، وَنُورُهَا الحياءُ، وثَمرُها السَّخاء.

(۲۵) ایمان ایک پودا ہے اس کی جڑ یقین، شاخیں تقویٰ، کونپلیں (کلیاں) حیا اور پھل سخاوت ہے۔

۲٦ ـ بالإيمانِ تكونُ النَّجاة.

(۲۶) ایمان ہی کے ذریعے نجات (ممکن) ہے۔

۲۷ ـ بالإيمانِ يُـرتقىٰ إلَى ذروَةِ السَّـعادَةِ، و نَهايةِ الحُبُور.

(۲۷) ایمان کے ذریعے ہی سعادت کی بلندیاں طے کی جاتی ہیں اور کمال مسرت حاصل ہوتا ہے۔

۲۸ ـ ثَمرَةُ الإيمانِ الفَوزُ عِندَ الله.

(۲۸) اللہ کے حضور فوز (کامیابی) ہی ایمان کا ثمرہ ہے۔

۲۹ ـ ثَلاثٌ مَن كُنَّ فِيهِ فَقد أكـمَلَ الإيمـان: العَدلُ فِي الغَضبِ وَالرِّضى، وَالقَصدُ فِي الفَقرِ والغِنىٰ، وَاعتِدَالُ الخَوفِ والرَّجاء.

(۲۹) تین چیزیں جس کے اندر ہوں گی اس کا ایمان کامل ہوگا غصہ اور خوشی کی حالت میں (بھی) انصاف، غریبی اور امیری میں میانہ روی اور خوف اور امید کے درمیان اعتدال۔

۳۰ ـ ثَلاثٌ مِن كُنُوزِ الإيمَانِ: كِتمَانُ المصِيبَةِ، وَالصَّدَقَةِ، وَالمَرَض.

(۳۰) تین چیزیں ایمان کے خزانے میں سے ہیں مصیبت کو چھپانا چھپا کر صدقہ دینا اور اپنی بیماری کو پوشیدہ رکھنا۔

۳۱ ـ زَينُ الإيمانِ طَهَارَةُ السَّرائِر، وَ حُسنُ العَمَلِ فِي الظَّاهِر.

(۳۱) ایمان کی زینت، طہارت باطنی اور ظاہر میں نیک اعمال بجالانا ہے۔

۳۲ ـ شَرَفُ المُؤمِنِ إيمانُهُ، وعِزُّهُ بِطَاعَتِه.

(۳۲) مومن کا شرف اس کا ایمان اور اس کی عزت اطاعت خدا ہے۔

۳۳ ـ صِدقُ الإيمانِ وَصَنائِعُ الإحسَانِ مِن أفضَلِ الذَّخَائِر.

(۳۳) سچا ایمان اور احسان کی خوبیاں بہترین ذخیروں میں سے ہیں۔

۳٤ ـ نَجا مَن صَدَقَ إيمانُهُ، و هَدَىٰ مَن حَسُنَ إسلامُه.

(۳۴) جس کا ایمان سچا ہے وہی نجات یافتہ ہے اور جس کا اسلام اچھا ہوگا وہ ہدایت یافتہ ہوگا۔

۳٥ ـ لا يَفُوزُ بِالنَّجاةِ إلاّ مَن قَامَ بِـشَرائِـطِ الإيمان.

(۳۵) نجات میں صرف وہی کامیاب ہو سکتا ہے جو شرائط ایمان پر عمل پیرا ہوگا۔

۳٦ ـ يُستَدَلُّ عـلى إيمـانِ الرَّجُـلِ بِـالتَّسلِيمِ ولُزومِ الطاعَة.

(۳۶) کسی آدمی کے ایمان پر (احکام الٰہی کو دل سے) تسلیم کرنے اور اللہ کی اطاعت اپنے اوپر لازم کر لینے سے استدلال کیا جا سکتا ہے (گواہی دی جا سکتی ہے)۔

٣٧ ـ الإيمانُ وَالعملُ أَخَوانِ تَوأَمانِ، وَرَفيقانِ لا يَفترَقانِ، لاَ يَقبَلُ اللهُ أَحدَهُما إلاَّ بِصَاحِبِه.

(۳۷) ایمان و عمل جڑواں بھائی، اور کبھی نہ چھوٹنے والے دوست ہیں خداوند عالم ان میں سے کسی ایک کو بغیر اس کے ساتھی کے قبول نہیں کرے گا۔

٣٨ ـ المؤمنُ كَيِّسٌ عاقلٌ.

(۳۸) مومن زیرک اور عقل مند ہوتا ہے۔

٣٩ ـ المؤمنُ كثيرُ العَملِ، قَليلُ الزَّلَلِ.

((۳۹) مومن بہت عمل کرنے والا اور کم لغزشوں والا ہوتا ہے۔

٤٠ ـ الدُّنيا سِجنُ المؤمن، والمـوتُ تحـفَتُهُ، والجنَّةُ مأواه.

(۴۰) دنیا مومن کا قید خانہ، موت اس کا تحفہ اور جنت اس کی پناہ گاہ ہے۔

٤١ ـ للـمؤمِنِ ثـلاثُ عـلاماتٍ: الصِـدقُ، واليقِينُ، و قِصرُ الأمل.

(۴۱) مومن کی تین نشانیاں ہوتی ہیں۔ صداقت، یقین اور کوتاہ آرزو والا ہونا۔

٤٢ ـ المؤمنُ: الدُّنيا مِضمارُهُ، والعَمَلُ هِمَّتُهُ، و الموتُ تُحفَتُهُ، و الجنَّةُ سِبْقَتُه.

(۴۲) مومن کے لئے دنیا تربیت گاہ ہوتی ہے اور اس کی لگن عمل موت اس کا تحفہ اور جنت اس کا انعام ہوتی ہے۔

٤٣ ـ المؤمِنُ إذا نَظَرَ اعتَبرَ، وإذا سَكَتَ تَفَكَّرَ، وإذا تَكلَّم ذَكَرَ، وإذا أُعطِيَ شَكَر، وإذا ابتَلَى صَبَرَ.

(۴۳) مومن جب دیکھتا (اور غور کرتا ہے) تو عبرت حاصل کرتا ہے اور جب ساکت ہوتا ہے تو غور و فکر کرتا ہے اور جب بولتا ہے تو ذکر (الٰہی) کرتا ہے، جب اسے عطا کیا جاتا ہے تو شاکر ہوتا ہے اور جب (وہ کسی پریشانی میں) مبتلا ہوتا ہے تو صبر کرتا ہے۔

٤٤ ـ المؤمنُ أمينٌ على نَفسِهِ، غـالِبٌ لِهَـواهُ وحِسِّه.

(۴۴) مومن اپنے آپ کے لئے امانتدار ہوتا ہے اور اپنی خواہشات و حواس پر غالب رہتا ہے۔

٤٥ ـ المؤمنُ دأبُهُ زَهـادَتُه، وهِمّـتُهُ ديـانَتُهُ، وعِزّهُ قناعَتُهُ، وجِـدُّهُ لآخـرتِهِ، قَـد كَـثُرتْ حَسَناتُهُ، وَعلَتْ دَرجاتُهُ، وشـارَفَ خَـلاصَهُ ونجاتَه.

(۴۵) مومن کی روش اس کا زہد اور اس کی سوچ اس کی دیانت داری اور اس کی عزت اس کی قناعت ہوتی ہے، اس کی کوشش آخرت کے لئے ہوتی ہے، نیکیاں بکثرت ہوتی ہیں، اس کے درجات عالی ہوتے ہیں اور وہ خود اپنی نجات اور بچاؤ کا مشاہدہ کر چکا ہوتا ہے۔

٤٦ ـ أفضلُ المؤمنينَ إيماناً مَن كانَ للهِ أخذُهُ وعطاهُ، وسخَطُهُ ورِضاه.

(۴۶) ایمان کے اعتبار سے سب سے افضل وہی مومن ہے جس کا لینا دینا اور غضب و رضا (سب کچھ) اللہ کے لئے ہو۔

۴۷۔ المؤمنُ شاكِرٌ في السَّراءِ، صابِرٌ في البَلاءِ، خائفٌ في الرَّخاء.

(۴۷) مومن شادمانی کے عالم میں شاکر اور بلاؤں میں صابر اور آسائش کے وقت خدا سے ڈرنے والا ہوتا ہے۔

۴۸ ۔ المؤمنُ مَن طابَ مَكسَبُهُ و حَسُنتْ خَليقَتُه و صَحَّتْ سَريرتُه و أنفَقَ الفضلَ مِن مالِه و أمسَكَ الفضلَ مِن كلامِه و كفى الناسَ مِن شرِّه و انصَفَ الناسَ مِن نفسه.

(۴۸) مومن وہ ہے جس کا ذریعہ معاش حلال اور پاکیزہ ہو، اخلاق اچھا ہو اور باطن صحیح ہو، اپنے مال کا فاضل حصہ انفاق کرے اور اپنے کلام میں فاضل باتوں سے پرہیز کرے، لوگ اس کے شر سے بچے رہیں اور وہ لوگوں میں، اپنے آپ سے سب سے زیادہ انصاف کرنے والا ہو۔

[ ۲۸ ]

# الباطل = باطل

١ ـ الرّاضي بِفعلِ قَومٍ كَالدّاخِلِ فيهِ مَعَهُم، وعلى كُلِّ دَاخلٍ في باطِلٍ إثمان: إثمُ العَمَلِ بِهِ، وإثمُ الرِّضَىٰ بِه.

(۱) کسی قوم کے عمل سے راضی رہنے والا انھیں لوگوں کے ساتھ اس کام میں (شریک) شمار ہوگا۔ اور ہر باطل کام میں شریک ہونے والے کے لئے دو گناہ ہیں۔ ایک گناہ تو اس کام کے کرنے کا اور دوسرا گناہ اس عمل سے راضی رہنے کا۔

٢ ـ أَلاَ و مَن أَكلَهُ الحقُّ فَإلى الجنّةِ و مَن أَكلَهُ الباطِلُ فإلى النّار.

(۲) باخبر ہو جاؤ کہ جسے حق نے کھالیا وہ جنت کی طرف جائے گا اور اور جو باطل کا لقمہ بنا وہ جہنم کی طرف بڑھ جائے گا۔

٣ ـ أما إنّه ليس بينَ الحَقِّ و الباطِلِ إلاّ أَربعُ أَصابِعَ، فَسُئل ﷺ عن معنى قوله هذا، فَجَمَعَ أصابِعَهُ و وَضَعَها بينَ أُذُنِهِ و عينِهِ ثم قال: الباطِلُ أَن تَقُولَ سَمِعتُ، و الحَقُّ أَن تَقُولَ رَأَيت.

(۳) جان لو بلاشبہ حق و باطل کے درمیان صرف چار انگل کا فرق ہے آپ سے اس قول کا مطلب پوچھا گیا تو آپ نے اپنی انگلیوں کو اکٹھا کیا اور انھیں اپنی آنکھ اور کان کے درمیان رکھ کر فرمایا۔" باطل یہ ہے کہ تم کہو "میں نے سنا ہے۔"اور حق یہ ہے کہ تم کہو "میں نے دیکھا ہے۔"

٤ ـ الحَقُّ يُنجِي، وَالبَاطِلُ يُردِي.

(۴) حق نجات دیتا ہے اور باطل برباد و ہلاک کر دیتا ہے۔

٥ ـ قيل: فَمَنِ العَاقِلُ؟ قَال ﷺ : مَن رَفَضَ البَاطِل.

(۵) آپ سے پوچھا گیا کہ عاقل کون ہے؟ آپ نے فرمایا۔"جو باطل کو ٹھکرا دے۔"

٦ ـ رِضى النَّاسِ غايَةٌ لاَ تُدرَكُ، فَتَحَرَّ الخَيرَ بِجُهدِكَ، وَلاَ تُبالِ بِسخَطِ مَن يُرضيهِ البَاطل.

(۶) لوگوں کی رضامندی حاصل کرنا ایک لاحاصل مقصد ہے لہذا تم اپنی کوشش بھر نیک کام کرتے رہو اور اس (شخص) کے غصے کی پرواہ نہ کرو جسے باطل ہی خوش کر سکتا ہے۔

٧ ـ اَلفُرقَةُ أَهلُ الباطِلِ وَإِن كَثُروا، والجماعةُ أَهلُ الحقِّ وإن قَلُّوا.

(۷) صاحب افتراق اہل باطل ہوتے ہیں بھلے ہی وہ بکثرت ہوں اور (اہل) جماعت اہل حق ہوتے ہیں بھلے ہی وہ لوگ قلت میں ہوں۔

٨ ـ الأَباطيلُ مُوقِعَةٌ فِي الأَضاليل.

(۸) باطل افراد گمراہیوں میں ڈھکیلنے والے ہوتے ہیں۔

٩ ـ التَّظافُرُ على نَصرِ الباطلِ لُؤمٌ وخِيانَةٌ.

(۹) باطل کی مدد کے لئے تعاون کرنا، خیانت اور فرومائیگی ہے۔

۱۰ ـ مَن نَصَرَ الباطِلَ نَدِم.

(۱۰) جس نے باطل کی نصرت کی وہ (آخر کار) نادم ہو گا۔

۱۱ ـ مَن رَكِبَ الباطِلَ أَهْلَكَهُ مَركَبُه.

(۱۱) جو باطل فعل کا مرتکب ہوا اسے رہی عمل ہلاک کر دے گا۔

۱۲ ـ مَن شَهِدَ لك بِالباطِلِ، شَهِدَ عليكَ بِمِثله.

(۱۲) جو تمھارے لئے جھوٹی گواہی دیتا ہے وہ ایک دن تمہارے خلاف بھی جھوٹی گواہی دے گا۔

۱۳ ـ لاَ يَعِزُّ مَن لَجَأَ إلى الباطِل.

(۱۳) وہ کبھی عزت دار نہیں ہو سکتا جس نے باطل (جھوٹ) کی پناہ حاصل کی۔

۱٤ ـ مُستَعمِلُ الباطِلِ مُعَذَّبٌ مَلُومٌ.

(۱۴) باطل کو استعمال کرنے والا عذاب و ملامت میں (مبتلا) رہتا ہے

۱٥ ـ سُئِلَ عن اميرالمؤمنين: كَم بينَ الحقِ و الباطِلِ؟ فقال ﷺ : أربعُ أصابع. و وُضِعَ أميرالمؤمنين ﷺ يَدَهُ على أُذُنِهِ و عينيه، فقال: ما رأتهُ عِيناك فهو الحقُ و ما سمعتهُ أُذناك فاكثرُهُ باطل.

(۱۵) امیر المومنین (ع) سے پوچھا گیا "حق و باطل کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟ آپ (ع) نے فرمایا ــــ چار انگل کا" پھر آپ نے اپنا ہاتھ اپنے کان اور آنکھ کے درمیان رکھکر فرمایا "جو کچھ تمہاری آنکھوں نے دیکھا وہ حق ہے ـ اور جو کچھ تمہارے کانوں نے نے سنا تو اس کا اکثر حصہ باطل ہوتا ہے۔"

[ ۲۹ ]

# البخل = بخل

١ ـ البُخلُ جامعٌ لِمَساوِئِ العُيُوبِ، وَ هُوَ زِمامٌ يُقادُ بِهِ إلى كُلِّ سُوءٍ.

(۱) کنجوسی تمام بد ترین عیوب کی جامع ہوتی ہے اور ایک ایسی زمام (لگام) ہوتی ہے جس سے تمام برائیوں کی طرف راہنمائی ہوتی ہے

٢ ـ ألبُخلُ عارٌ و الجُبنُ مَنقَصَةٌ و الفقر يُخرِسُ الفَطِنَ عن حُجَّتِهِ، و المُقِلُّ غَريبٌ في بَلْدَتِه.

(۲) بخل ننگ و عار اور بزدلی، عیب ہے اور فقر و تنگ دستی ہوشیار آدمی کو بھی اپنی دلیل بیان کرتے وقت گونگا بنا دیتی ہے، تنگ دست یوں بھی اپنے ہی شہر میں اجنبی ہوتا ہے۔

٣ ـ عَجِبتُ لِلبَخيلِ، يَستَعجِلُ الفَقرَ الَّذي مِنهُ هَرَبَ، وَيَفُوتُهُ الغِنَى الَّذي إيَّاهُ طَلَبَ، فَيَعيشُ فِي الدُّنيا عَيشَ الفُقَراءِ، ويُحاسَبُ في الآخِرَةِ حِسابَ الأغنِياء.

(۳) مجھے کنجوس پر بڑا تعجب ہوتا ہے کیونکہ اس کی طرف ایسی فقیری بڑی سرعت سے بڑھتی ہے جس سے وہ بھاگتا ہے اور وہ تونگری اس کے ہاتھ سے جاتی رہتی ہے جس کو وہ چاہتا ہے، وہ دنیا میں تو فقیروں کی سی زندگی بسر کرتا ہے مگر آخرت میں مالداروں کی طرح اس کا محاسبہ ہوتا ہے۔

٤ ـ [ يا بُنَيَّ ] إيَّاكَ وَ مُصادَقَةَ البخيلِ، فإنَّهُ يَقعُدُ عنكَ أحوَجَ ما تكُونُ إليه.

(۴) اے بیٹا کنجوس کی دوستی سے بچو کیونکہ وہ تمہاری شدید حاجت کے وقت تم سے الگ (ہو کر) بیٹھ جائے گا۔

٥ ـ خِيارُ خِصالِ النِّساءِ شِرارُ خِصالِ الرِّجالِ: الزَهوُ، وَالجُبنُ، والبُخلُ، فَإذا كانتِ المَرأةُ مَزهُوَّةً لم تُمكِّن من نَفسِها، وَإذا كانَت بَخيلةً حَفِظَت مالَها ومالَ بَعلِها، وإذا كانت جَبانَةً فَرِقَت مِن كُلِّ شَيءٍ يَعرِضُ لَها.

(۵) عورتوں کی (کچھ) اچھی خصلتیں مردوں کے لئے بد ترین صفات ہوتی ہیں (جیسے) تکبر، بزدلی اور بخل کیونکہ اگر عورت گھمنڈی ہوگی تو کسی (غیر) کے قابو میں نہیں آئے گی اور اگر بخیل ہوگی تو اپنی اور اپنے شوہر کی دولت کی حفاظت کرے گی اور اگر بزدل ہوگی تو ہر اس چیز سے دور بھاگے گی جس سے اسے (اور اس کی آبرو کو) نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہوگا۔

٦ ـ إنّ ألبُخلَ وَ الجُبنَ وَ الحِرصَ غَرائِزُ شَتّىٰ يَجمَعُها سُوءُ الظَّنِّ.

(۶) بلاشبہ بخل، بزدلی اور حرص مختلف غرائز ہیں جنہیں سوء ظن یکجا کر دیتا ہے۔

٧ ـ كَثرَةُ العِلَلِ آيةُ البُخل.

(۷) بہت زیادہ بیماریاں بخل کی علامت ہوتی ہیں۔

٨ ـ أنفِق في حَقٍّ، ولا تكُن خازِناً لِغيرِك.

(۸) صحیح جگہ پر انفاق کرو اور دوسروں کے لئے خزانچی نہ بنو۔ (یعنی کنجوس اپنا مال وارثوں کے لئے جمع کرتا ہے۔)

٩ ـ الشُّحُّ يَجلِبُ المَلامةَ.

(۹) کنجوسی، ملامت آور ہوتی ہے۔

١٠ ـ [لاتكونَنَّ] عَلَى البُخلِ أَقوىٰ مِنكَ على البَذل.

(۱۰) بخل کے معاملے میں عطا سے زیادہ قوی نہ رہو۔

١١ ـ بَشِّر مالَ البَخِيلِ بِحَادِثٍ أَو وارِثٍ.

(۱۱) بخیل کے مال کو کسی حادثے یا (مرنے کے بعد) وارثوں کی خبر دے دو۔

١٢ ـ لا بِرَّ مَعَ شُحٍّ.

(۱۲) بخل (و حرص) کے ساتھ کوئی نیکی نہیں ہے۔

١٣ ـ الشُحُّ أَضَرُّ على الإنسانِ مِنَ الفَقرِ، لأَنَّ الفَقيرَ إذَا وَجَدَ اتَّسَعَ، والشَّحِيحُ لا يَتَّسِعُ وَإن وَجَدَ.

(۱۳) کنجوسی، انسان کے لئے فقر سے زیادہ مضرت رساں ہوتی ہے کیونکہ فقیر کو جب (کچھ) مل جاتا ہے تو اس کے اندر وسعت پیدا ہو جاتی ہے مگر کنجوس و لالچی شخص کبھی وسیع القلب نہیں ہو سکتا بھلے ہی وہ (ڈھیر ساری) دولت پا جائے۔

١٤ ـ إجتِماعُ المالِ عِندَ البُخَلاءِ أَحَدُ الجَدْبَين.

(۱۴) کنجوسوں کے پاس دولت جمع ہو جانا، دو طرح کے قحطوں میں سے ایک قحط ہے۔

١٥ ـ إيّاكُم والشُحَّ، فإنَّهُ أَهلَكَ مَن كانَ قَبلَكُم، و هو الَّذي سَفَكَ دِماءَ الرِّجالِ، و هو الَّذي قَطَعَ أَرحامَها، فَاجتَنِبُوه.

(۱۵) بخل (اور حرص) سے بچو کیونکہ اس نے تم سے پہلے والوں کو بھی ہلاک کر دیا اسی نے مردوں کا خون بہایا اور اسی نے ان سے قریبی رشتہ داروں (ارحام) کو بچھڑوا دیا لہذا تم اس سے اجتناب کرو

١٦ ـ ألبُخَلاءُ مِنَ النَّاسِ يكونُ تَغافُلُهُم عَن عظيمِ الجُرمِ أَسهلَ عليهم مِنَ المُكافَأةِ على يَسيرِ الإحسان.

(۱۶) لوگوں میں جو بخیل ہوتے ہیں ان کے نزدیک بڑے سے بڑے جرم سے چشم پوشی، کسی کے چھوٹے سے احسان کا بدلہ (مال سے) دینے کے مقابل زیادہ آسان ہے۔

١٧ ـ صديقُ البَخِيلِ مَن لم يُجَرِّبه.

(۱۷) کنجوس کا وہی دوست ہوتا ہے جس نے اس کا تجربہ نہ کیا ہو۔

١٨ ـ غَيظُ البَخِيلِ على الجوادِ أَعجَبُ مِن بُخلِه.

(۱۸) کنجوس کا جواد (اور کریم شخص) پر غیظ و (غضب) اس کی کنجوسی سے زیادہ تعجب خیز ہے۔

١٩ ـ لاَ تَدخُلَنَّ فِي مَشورتكَ بخيلاً، يَعدِلُ بِكَ عن الفَضلِ، وَيعِدُكَ الفَقر.

(۱۹) اپنے مشوروں میں بخیل کو ہرگز دخیل نہ ہونے دو کیونکہ وہ تم سے فضیلت کو الگ اور فقر کو قریب کر دے گا۔

٢٠ ـ لا يُبقِي المـالَ إلّا البَـخيل، و البَـخيلُ مُعاقَبٌ.

(۲۰) دولت کو صرف بخیل ہی باقی رکھتا ہے اور بخیل (عنقریب) اس کا نتیجہ پا جائے گا۔

٢١ ـ لاَ مُرُوَّةَ لِبخِيلٍ.

(۲۱) بخیل کے لئے کوئی مروت نہیں۔

٢٢ ـ لاَ تَبخَل فَتَقْتِرُ، وَلاَ تُسرَف فَـتُفرِط.

(۲۲) کنجوسی نہ کرو کہ نتیجتاً تم فقیر ہو جاؤگے اور نہ ہی اسراف کرو کہ (اس طرح تم) حد سے بڑھ جاؤگے۔

٢٣ ـ ما عَقَدَ إيمَانَهُ مَن بَخِلَ بإحسانِه.

(۲۳) جس نے اپنے احسان میں کنجوسی کی، اس کا ایمان پختہ نہیں ہو سکتا۔

٢٤ ـ ما أَقبَحَ البُخلَ بِذَوي النُّبلِ!

(۲۴) اشراف کے ساتھ کنجوسی، کتنا بدترین بخل ہے۔

٢٥ ـ ما أَقبَحَ البُخلَ مَعَ الإكثارِ!

(۲۵) (دولت کی) بھرمار کے باوجود کنجوسی کتنی بری ہوتی ہے؟

٢٦ ـ مَن بَخِلَ على المُحتاجِ بِمَا لَدَيهِ سَخِطَ اللهُ عليه.

(۲۶) اپنے پاس موجود اشیاء کے معاملے میں جس نے کسی محتاج کے ساتھ کنجوسی کی اس پر خدا غضبناک ہوتا ہے۔

٢٧ ـ مَن مَنَعَ المالَ مَن يَحمَدُهُ وَرَّثَهُ مَـن لا يَحمَدُه.

(۲۷) جس نے اپنی دولت اپنی تعریف کرنے والوں کو نہ دی تو ایسے لوگ اس کے وارث ہوں گے جو اس کی تعریف نہ کرتے ہوں گے۔

٢٨ ـ مَن بَخِلَ على نَفسِهِ كَانَ على غيرِهِ أَبخَل.

(۲۸) جس نے خود سے کنجوسی برتی وہ دوسرے کے ساتھ اس زیادہ کنجوسی کرے گا۔

٢٩ ـ لَو رأَيتُم البُخلَ رَجُلاً لَرَأَيتُمُوهُ مُشَوَّهاً، يَغَضُّ عنهُ كُلُّ بصرٍ، ويَنصَرِفُ عَنهُ كُلُّ قَلبٍ.

(۲۹) اگر تم بخل کو ایک آدمی کی شکل میں دیکھ سکتے تو اسے ایسی مکروہ شکل میں دیکھتے کہ ہر آدمی آنکھ بند کر لیتا اور ہر دل اس سے نفرت کرتا۔

٣٠ ـ لم يُوَفَّق مَن بَخِلَ عـلى نَـفسهِ بِخَـيرِهِ، وخَلَّفَ مالَهُ لغَيرِه.

(۳۰) وہ کبھی کامیاب نہ ہوگا جو خود اپنے آپ سے کنجوسی کرے اور اپنا مال (آخر کار مرنے کے بعد) دوسروں کے لئے چھوڑ جائے

٣١ ـ لَيس لِلشَّحيحِ رفيقٌ.

(۳۱) کنجوس اور حریص کا کوئی دوست نہیں ہوتا۔

٣٢ ـ كَثرَةُ الشُّحِّ تُوجِبُ المَسَبَّة.

(۳۲) بہت زیادہ کنجوسی سب و شتم کی باعث ہوتی ہے۔

٣٣ ـ سببُ زوالِ اليسارِ مَنعُ المُحتاج.
(۳۳) آسائش کے زوال کا سبب محتاج کو کچھ نہ دینا ہے۔

٣٤ ـ البُخلُ بِالموجُودِ سُوءُ الظَّنِّ بِالمعبُود.
(۳۴) موجود اشیاء میں کنجوسی کرنا معبود سے سوءِ ظن ہے۔

٣٥ ـ البَخِيلُ يُبخِلُ على نَفسِهِ بِاليسِيرِ مِن دُنياهُ، وَ يَسمَحُ لوارِثِهِ بِكلِّها.
(۳۵) کنجوس اپنی دولت دنیا میں اپنے لئے بھی ذرا ذرا سی چیزوں کے لئے کنجوسی کرتا ہے مگر اپنے وارثوں کے لئے سب کچھ چھوڑ جاتا ہے۔

٣٦ ـ زيادةُ الشُّحِّ تُفسِدُ الفُتُوَّةَ، وَفَسادُ الأُخُوَّة.
(۳۶) بخل کی کثرت مردانگی اور اخوت کو تباہ کر دیتی ہے۔

٣٧ ـ خُلّتانِ لاَ تَجتمِعانِ في مُؤمنٍ: سُوءُ الخُلقِ، والبُخل.
(۳۷) دو خصلتیں کبھی مومن میں جمع نہیں ہو سکتیں ــــ بد اخلاقی اور بخل۔

٣٨ ـ تَجنَّبُوا البُخلَ وَالنِّفاقَ، فَهُما مِن أَذَمِّ الأَخلاق.
(۳۸) بخل و نفاق سے اجتناب کرو کیونکہ یہ مذموم ترین عادتوں میں سے ہیں۔

٣٩ ـ آفَةُ الاقتِصَادِ البُخل.
(۳۹) میانہ روی کی آفت بخل ہے۔

٤٠ ـ آفَةُ الغِنىٰ البُخل.
(۴۰) تونگری کی آفت بخل ہے۔

٤١ ـ أقبَحُ البُخلِ مَنْعُ الأَموالِ مِن مُستَحِقِّها.
(۴۱) بد ترین بخل، مستحق کو دولت نہ دینا ہے۔

٤٢ ـ أَبعَدُ الخَلائِقِ مِنَ اللهِ تعالى البَخيلُ الغَنِيُّ.
(۴۲) مخلوقات میں اللہ تعالیٰ سے، سب سے زیادہ دور مالدار کنجوس ہوتا ہے۔

٤٣ ـ البُخلُ بِإخراجِ مَا افتَرَضَهُ اللهُ سُبحَانَهُ مِن الأَموالِ أَقبحُ البُخل.
(۴۳) اموال میں سے جو کچھ (خمس زکات وغیرہ) نکالنا، اللہ تعالی نے واجب کیا ہے ان میں کنجوسی کرنا بد ترین بخل ہے۔

٤٤ ـ البَخِيلُ فِي الدُّنيا مَذمُومٌ، و فِي الآخِرةِ مُعَذَّبٌ مَلُومٌ.
(۴۴) کنجوس دنیا میں مذموم اور آخرت میں لائق عذاب و ملامت ہوتا ہے۔

٤٥ ـ البُخلُ يَكسِبُ العارَ ويُدخِلُ النّار.
(۴۵) بخل، ننگ و عار کا موجب اور جہنم میں داخلے کا سبب ہوتا ہے

٤٦ ـ البُخلُ، أَحدُ الفقرين.
(۴۶) بخل، دو طرح کے فقروں میں سے ایک قسم کا فقر ہے۔

٤٧ ـ البُخلُ يُذِلُّ مُصاحِبَهُ، ويُعِزُّ مُجانِبَه.
(۴۷) بخل اپنے نزدیکیوں کو رسوا اور اپنے سے دور افراد کو عزت دار بناتا ہے۔

٤٨ ـ البَخيلُ مُتَعَجِّلُ الفقر.
(۴۸) کنجوس بہت جلد فقر میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

[۳۰]

# البدعة = بدعت

١ ـ لا تكُونُوا أَنصابَ [ انـصار ] الفِـتَنِ، و أَعلاَمَ البِدَعِ، و الزَمُوا ما عُـقِدَ عـليهِ حَـبلُ الجماعةِ، و بُنِيَت عليه أَركانُ الطَّاعة.

(۱) فتنوں کی علامتیں اور بدعتوں کی نشانیاں نہ بنو بلکہ ایسی بات کو ضروری سمجھو جسے جماعت نے تصویب کیا ہو اور جس پر ارکان اطاعت مبنی ہوں۔

٢ ـ إنّ شَرَّ النَّاسِ عِندَ اللهِ إمامٌ جائِرٌ، ضَلَّ و ضُلَّ بِهِ، فأَماتَ سُنّةً مأخُوذَةً (معلومةً)، و أَحيَا بِدعَةً مَترُوكَةً.

(۲) یقیناً اللہ تعالیٰ کے نزدیک بدترین شخص، امام جابر (ظالم و جابر رہبر) ہے جو خود گمراہ ہوتا ہے اور لوگ اس کے ذریعے گمراہ ہو جاتے ہیں یہ سامنے کی سنت کو ختم کر کے متروک بدعت کو (دوبارہ) زندہ کرتا ہے۔

٣ ـ إنّما الناسُ رجلان: مُتَّبِعُ شِرعةٍ (شريعة) و مُبتدِعُ بِدعةٍ، ليس مَعَهُ مِـن اللهِ سـبحانه برهانٌ و سنّةٌ و لا ضياءَ حُجّة.

(۳) لوگ دو طرح کے ہوتے ہیں ـــ پابند شریعت اور موجد بدعت کہ جس کے پاس نہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی برہان و سنت (طریقہ) ہوتی ہے اور نہ ہی کوئی ضیاء و حجت (دلیل)۔

٤ ـ ما أُحدِثَت بِدعةٌ إلّا تُرِكَ بها سنّةٌ. فاتَّقُوا البِدَعَ و الزِمُـوا المَـهيَعَ إنَّ عَـوازِمَ الأُمـورِ أفضَلُها و إنّ مُحدِثاتِها شِرارُها.

(۴) کوئی بدعت ایجاد نہیں کی جاتی مگر یہ کہ ایک سنت کو اس (بدعت) کے ذریعے ختم کیا جائے لہٰذا بدعت سے ڈرو اور روشن و واضح راستے کے پابند رہو یقیناً (اللہ تعالیٰ کی طرف سے واجب کئے گئے) پائیدار و مستحکم امور، بدعت سے برتر ہیں اور ان میں بڑھ جانے والے امور (بدعتیں) یقیناً بدتر ہیں۔

٥ ـ طُوبىٰ لِمَن ذَلَّ في نَفسِهِ و طابَ كَسـبُهُ و صَلَحَتْ سَريرَتُهُ و حَسُنَتْ خَـليقَتُهُ و أنـفَقَ الفَضلَ مِن مالِهِ، و أَمسَكَ الفَضلَ مِن لِسانِه، و عَزَلَ عَن الناسِ شَرَّهُ، و وَسِعَتهُ السنّةُ، و لَم يُنسَب إلى البِدعَة.

(۵) خوش بختی ہے اس شخص کے لئے جو اپنے نفس کو کمتر سمجھے، جس کا ذریعہ معاش حلال و طیب ہو، اور کا باطن صالح و اخلاق اچھا ہو اور وہ اپنے مال کا فاضل حصہ (محتاجوں میں) بانٹ دے مگر اپنے کلام کا فالتو حصہ روکے رکھے اپنی برائیوں کو لوگوں سے الگ رکھے اس کے اطراف سنتیں ہوں اور اس کی طرف کوئی بدعت منسوب نہ کی جاتی ہو۔

٦ ـ مَن مشىٰ إلى صاحِبِ بِدعَةٍ فَوَقَّـرَهُ فقد سَعىٰ في هَدمِ الإسلام.

(۶) جو کسی بدعتی کی طرف اس کے احترام کی غرض سے بڑھے گا تو (گویا) اس نے بلاشبہ اسلام کے انہدام کے لئے سعی کی۔

٧ ـ مَا هَدَّمَ الدِّينَ مِـثلُ البِـدَعِ، وَلاَ أَفسَـدَ الرِّجالَ مِثلُ الطَّمعِ.

(۷) دین کو بدعت سے زیادہ کسی (اور شئے نے) منہدم نہیں کیا اور مردوں کو طمع سے زیادہ کسی اور شئے نے فاسد نہیں بنایا۔

٨ ـ ألسُّنَّةُ ـ واللهِ ـ سُنَةُ مُحَمَّدٍ ﷺ، وَالبِدعةُ ما فَارَقَها.

(۸) سنت ـــ خدا کی قسم ـــ سنت (وروش) رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے اور جو کچھ اس کے علاوہ ہے وہ سب بدعت ہے

[۳۱]

## البرّ = نیکی

١ ـ بِرُّ الوالِدَينِ مِن أَكرَمِ الطَّبائعِ.
(۱) والدین کے ساتھ نیکی، بہترین عادتوں میں سے ہے۔

٢ ـ إنَّ مِن كُنوزِ البِرِّ الصَّبرَ على الرَّزايا، وكِتمانَ المصائِبِ.
(۲) بلاؤں پر صبر اور مصائب چھپانا، نیکی کے خزانوں میں سے ہے۔

٣ ـ لا بِرَّ مَعَ شُحٍّ.
(۳) لالچ اور کنجوسی کے ساتھ کوئی نیکی نہیں۔

٤ ـ بِالبِرِّ يُستعبدُ الحُرُّ.
(۴) نیکی کے ذریعے آزاد کو غلام بنایا جاتا ہے۔

٥ ـ إن تَتعَب فِي البِرِّ، فَإنَّ التَّعَبَ يَزُولُ، و البِرُّ يَبقىٰ.
(۵) اگر تم نیکی کے لئے پریشانی اٹھاتے ہو تو (غم نہ کرو کیونکہ) یقیناً تمہاری یہ پریشانی اور تھکن ختم ہو جائے گی مگر نیکی باقی رہے

٦ ـ أَربعٌ تَدعُو إلى الجَنَّةِ: كِتمانُ المُصِيبَةِ، و كِتمانُ الصَّدَقَةِ، وبِرُّ الوالدينِ، والإكثارُ مِن قَولِ لاَ إلهَ إلاّ اللهُ.
(۶) چار چیزیں جنت کی طرف بلاتی ہیں مصیبت کو چھپانا، چھپا کر صدقہ دینا، والدین سے نیکی کرنا اور بکثرت "لاالہ الااللہ" کہنا۔

٧ ـ البِرُّ مَا سَكَنَت إليهِ نَفسُكَ، وَ اطمَأَنَّ إليهِ قلبُكَ، و الإثمُ ما جالَ في نفسِكَ، و تَـرَدَّدَ في صَدرِكَ.
(۷) نیکی وہ ہے جس سے تمہارے نفس کو تسکین، اور دل کو اطمینان حاصل ہو اور گناہ وہ ہے جس سے تمہارے اندر بے چینی اور تمہارے سینے میں اضطراب پیدا ہو۔

٨ ـ مِن أَفضَلِ أَعمالِ البِرِّ الجُودُ في العُسرِ، والصِّدقُ فِي الغَضَبِ، وَ العَفوُ عِندَ القُدرَةِ.
(۸) تنگی میں سخاوت، غصہ میں سچ اور توانائی کے ہوتے ہوئے معاف کرنا، بہترین نیکیوں میں سے ہیں۔

٩ ـ مَوتُ الأَبرارِ رَاحَـةٌ لِأَنـفُسِهِم، وَمَـوتُ الفُجّارِ راحَةٌ لِلعالَمِ.
(۹) نیکو کاروں کا مرنا خود ان کے لئے راحت کا سبب ہوتا ہے (مگر) فاجروں کی موت تمام عالم کے لئے راحت کا سبب ہوتی ہے۔

١٠ ـ حَياةُ الإنسَانِ بِالبِرِّ أَكـثَرُ مِـن حَـيَاتِهِ بِالعُمرِ.
(۱۰) انسان کی نیکی کے ذریعے زندگی، اس کی عمر کے ذریعے گننے (والی) زندگی سے زیادہ طویل ہوتی ہے۔

١١ ـ البِرُّ عَمَلٌ مُصلِحٌ.
(۱۱) نیکی ایک اصلاح کرنے والا عمل ہے۔

١٢ ـ البِرُّ أَعجَلُ شيءٍ مَثُوبَةً.
(۱۲) نیکی کی پاداش سب سے جلدی مل جاتی ہے۔

١٣ ـ نُفُوسُ الأَبرارِ أَبَداً تَأبىٰ أَفعالَ الفُجّار.

(۱۳) نیکوکاروں کے نفوس ہمیشہ سے فاجروں کے اعمال سے منکر و بیزار رہے ہیں۔

١٤ ـ نُفُوسُ الأَبرارِ نَافِرَةٌ عِن نُفُوسِ الأَشرار.

(۱۴) نیکو کاروں کے نفوس اشرار کے نفسوں سے متنفر ہوتے ہیں۔

١٥ ـ مَعَ البِرِّ تَدُرُّ الرَّحمَة.

(۱۵) نیکی ہی کے ذریعے رحمت کا حصول ممکن ہے۔

١٦ ـ مَن قَرُبَ بِرُّهُ بَعُدَ صِيتُهُ و ذِكرُه.

(۱۶) جس سے نیکی قریب ہو گی اس کی شہرت دور دور تک پھیل جائے گی۔

١٧ ـ مَن بَذَلَ بِرَّهُ اشتَهرَ ذِكرُه.

(۱۷) جس نے اپنی نیکی بانٹ دی اس کا ذکر شہرت پاجاتا ہے۔

١٨ ـ الإسرافُ مذمُومٌ في كُلِّ شَيءٍ إلاَّ في أفعَالِ البِرِّ.

(۱۸) اعمال حسنہ کے علاوہ زیادتی و اسراف ہر چیز میں مذموم ہے۔

١٩ ـ أَفضَلُ البِرِّ ما أُصِيبَ بِهِ أهلُه.

(۱۹) سب سے اچھی نیکی وہ ہے جو اپنے اہل تک پہنچ جائے۔

٢٠ ـ أَحقُّ مَن بَرَرتَ مَن لاَ يَغفَلُ بِرَّك.

(۲۰) نیکی کے لئے سب سے زیادہ سزاوار شخص وہ ہے جو تمہاری نیکی کو بھلا نہ دے۔

٢١ ـ إنَّكُم مُجازَونَ بِأَفعالِكُم، فَلاَ تَفعَلُوا إلاّ بِرّاً.

(۲۱) تمہیں یقیناً تمہارے کاموں کی جزا ملے گی لہذا نیکی کے علاوہ اور کوئی عمل انجام نہ دو۔

٢٢ ـ جِماعُ الخَيرِ فِي أعمالِ البِرِّ.

(۲۲) نیک کاموں میں اچھائیاں اکٹھا ہوتی ہیں۔

[۳۲]

# البغي = بغاوت، سرکشی، ظلم

١ ـ مَن سَلَّ سيفَ البَغي قُتِلَ به.

(۱) جس نے بغاوت کی تلوار کھینچی وہ اسی سے قتل ہوگا۔

٢ ـ اللهَ اللهَ في عاجِلِ البَغي، و آجِلِ وَخامَةِ الظُّلم.

(۲) اللہ-اللہ بغاوت کی سزا کتنی جلدی اور ظلم کی سزا کتنی دیر میں ہے

٣ ـ و انّ البَغيَ و الزُّور يُوتِغانِ [ يُـذيعان] المرءَ في دِينِهِ و دُنياه، و يُبديانِ خَلَلَهُ عِند مَن يَعِيْبُه.

(۳) بلاشبہ بغاوت اور جھوٹ (ایسے صفات ہیں جو) انسان کو دین و دنیا دونوں میں ہلاک کر دیتے ہیں اور عیب جوئی کرنے والوں کے سامنے اس کے عیوب کو ظاہر کر دیتے ہیں۔

٤ ـ قالَ لإبنه الحسن ﷺ : لا تَـدعُونَّ إلى مُـبارزَةٍ، و إن دُعِـيتَ إليها فأجِب، فـإنّ الداعي اليها باغٍ و الباغي مَصروعٌ.

(۴) اپنے بیٹے امام حسن علیہ السلام سے فرمایا۔ "ہرگز (کسی کو) نہ کرو (البتہ) اگر تمہیں کوئی مقابلے کی دعوت دے تو قبول کرلو کیونکہ لڑنے کی دعوت دینے والا باغی ہوتا ہے اور وہی ہارتا ہے۔

٥ ـ وَيلٌ لِلباغينَ مِن أحكَمِ الحاكِمين.

(۵) احکم الحاکمین سے بغاوت کرنے والوں کے لئے جہنم ہے۔

٦ ـ البغيُ سائقُ الحِين.

(۶) بغاوت انسان کو ہلاکت کی طرف ہانک لے جاتی ہے۔

٧ ـ ألبغيُ سَائِقٌ إلى الشَّرِّ.

(۷) بغاوت شر کی طرف لے جاتی ہے۔

٨ ـ لا ظَفَرَ مَعَ البغي.

(۸) بغاوت کے ساتھ کوئی کامیابی (ممکن) نہیں۔

٩ ـ أَلأمُ اللُّؤمِ البغيُ عندَ القُدرَة.

(۹) پست ترین پستی، قدرت کی حالت میں ظلم و بغاوت ہے۔

١٠ ـ أعجَلُ العُقوبَةِ عُقوبةُ البَغيِ وَالغَدْرِ وَاليمينِ الكاذِبَة.

(۱۰) سب سے جلدی بغاوت و غداری اور جھوٹی قسم کی سزا ملتی ہے

١١ ـ البغيُ يَسلِبُ النِّعمَة.

(۱۱) بغاوت نعمت کو سلب کر دیتی ہے۔

١٢ ـ البغيُ يَجلِبُ النِّقَم.

(۱۲) بغاوت بلاؤں کو دعوت دیتی ہے۔

١٣ ـ ألبغيُ يَصرَعُ الرِّجالَ، ويُدنِي الآجال.

(۱۳) بغاوت مردوں کو پچھاڑ دیتی ہے اور موت قریب لے آتی ہے

١٤ ـ ما أَعظَمَ عِقابَ الباغِي.

(۱۴) باغی کے لئے کتنا عظیم عذاب ہے۔

١٥ ـ ماأَقرَبَ النِّقمَةَ مِن أَهلِ البغي وَالعدوان.

(۱۵) کتنی قریب ہیں باغیوں اور طاغیوں کی سزائیں۔

[۳۳]

# التبذیر = فضول خرچی

۱ ـ كُن سَمِحاً، و لا تكُن مُبَذِّراً، وكُن مُقدِّراً، و لا تكُن مُقَتِّراً.

(۱) عطا کرنے والے بنو (مگر) فضول خرچ نہ بنو اور میانہ روی اختیار کرو (لیکن) کنجوس ولالچی نہ بنو۔

۲ ـ ألا إنّ إعطاءَ المالِ في غَيرِ حَقِّهِ تَبذيرٌ و إسرافٌ، وَ هُوَ يَرفَعُ صَاحِبَهُ فِي الدُّنيا، و يَضَعُهُ في الآخرةِ، وَ يُكرِمُهُ في النَّاسِ، و يُهينُهُ عِندَ الله.

(۲) آگاہ ہو جاؤ کہ جائے حق کے علاوہ مال لٹانا اسراف و فضول خرچی ہے یہ عادت اس آدمی کو دنیا میں تو بلند کر دیتی ہے مگر آخرت میں یہی (عادت) اس کی پستی کا باعث بن جاتی ہے اور یہ اسے لوگوں کے درمیان تو عزت دار بنا دیتی ہے مگر اللہ تعالیٰ کے نزدیک رسوا کر دیتی ہے۔

۳ ـ القَليلُ مَعَ التَّدبيرِ أَبقَىٰ مِنَ الكَثيرِ مَعَ التَّبذِير.

(۳) تدبیر کے ساتھ تھوڑی سی دولت بھی، فضول خرچی کے ساتھ زیادہ دولت کے مقابل دیر پا ہوتی ہے۔

٤ ـ الإقتصادُ يُنمي القَليلَ، والإسرافُ يفنِيَ الجَزيل.

(۴) میانہ روی تھوڑے (مال) کو بھی بڑھا دیتی ہے، جبکہ اسراف ڈھیر ساری دولت کو بھی فنا کر دیتا ہے۔

٥ ـ لا جهلَ كَالتَّبذِير.

(۵) فضول خرچی جیسی کوئی جہالت نہیں۔

٦ ـ مِنَ العقلِ مُجَانَبَةُ التَّبذِيرِ، وَ حُسنُ التَّدبير.

(۶) فضول خرچی سے اجتناب اور حسن تدبیر، عقل کے تقاضوں میں سے ہے۔

۷ ـ مَن افتَخَرَ بِالتَّبذيرِ احتُقِرَ بِالإفلاس.

(۷) جس نے فضول خرچی پر فخر کیا وہ افلاس کے ذریعہ حقیر کر دیا جائے گا۔

۸ ـ آفةُ الجُودِ التَّبذِير.

(۸) جود و سخاوت کی آفت، فضول خرچی ہے۔

۹ ـ عَلَيكَ بِتَركِ التَّبذِيرِ والإسرافِ، وَالتَّخلُّقِ بِالعدلِ وَالإنصاف.

(۹) تمہارے لئے اسراف و فضول خرچی کو ترک کرنا، اور عدل و انصاف سے آراستہ ہونا ضروری ہے۔

۱۰ ـ التَّبذِيرُ قَرينُ مُفلِسٍ.

(۱۰) فضول خرچی مفلس (کر دینے والی) ساتھی ہے۔

۱۱ ـ التَّبذِيرُ عُنوانُ الفَاقة.

(۱۱) فضول خرچی فاقہ کا عنوان ہے۔

[ ٣٤ ]

# التّجربة = تجربہ

١ ـ مَن لَم يَنفَعهُ اللهُ بالبَلاءِ وَالتَّجارُبِ لم يَنتَفِع بشيءٍ مِن العِظَة.

(۱) جسے اللہ تعالیٰ بلاؤں اور تجربوں کے ذریعے فائدہ نہیں پہنچاتا وہ کبھی کسی چیز سے نصیحت حاصل نہیں کر سکتا۔

٢ ـ إيّاك و الإتّكال على المُنىٰ فـانّها بـضائعُ النَّوكىٰ، و العقلُ حِفظُ التجارُب و خـيرُ مـا جَرَّبتَ ما وَعَظَك.

(۲) تمناؤں پر تکیہ کرنے سے بچے رہو کیونکہ یہ احمقوں کی پونجی ہے اور عقل (کا مطلب) تجربوں کو یاد رکھنا ہے اور بہترین تجربہ وہ ہے جس سے تمہیں کچھ نصیحت ملے۔

٣ ـ إنّ معصيةَ الناصحِ الشَّفيقِ العالِمِ المُجرَّبِ تُورِثُ الحسرةَ و تُعقِبُ النَّدامة.

(۳) یقیناً کسی شفیق اور عالم اور تجربہ کار ناصح کی نافرمانی (بعد میں) حسرت و ندامت کا باعث ہوتی ہے۔

٤ ـ و اعلَمُوا، أنّه ليس لهٰذا الجِلدِ الرَّقيقِ صَبرٌ على النّـار، فَـارحَمُـوا نُـفُوسَكُم فـإنّكُم قـد جَرَّبتُمُوها في مصائِبِ الدُّنيا.

(۴) جان لو یہ (تمہارے جسم کی) پتلی جلد ہرگز آتش دوزخ کی تاب نہیں رکھتی لہٰذا اپنے آپ پر رحم کرو (یوں بھی) تم نے دنیا کی مصیبتوں سے تجربہ تو حاصل (ہی) کر لیا ہے۔

٥ ـ [ يا مالك! ] تَوَخَّ مِنهم أهلَ التـجربَة و الحياء، مِن أهلِ البُيوتاتِ الصالِحةِ و القِدَمِ في الإسلام المُستقدِّمَة، فإنّهم أكرمُ أخلاقاً و أصح أعراضاً [ أغراضاً ] و أقلُّ في المطامِعِ إشراقاً [ اسرافاً ] و أبلغُ في الأُمورِ نَظراً.

(۵) اے مالک ان میں سے تجربہ کار و حیادار، صالح گھرانے والے اور سابق الاسلام لوگوں کو (اپنے لئے) پسند کرو کیونکہ یہ لوگ اخلاقی اعتبار سے کریم ترین و نیک (طینت) ہوتے ہیں، اوروں کے مقابل کم لالچی ہوتے ہیں اور وہ (حالات پر) دوسروں سے زیادہ گہری نظر رکھتے ہیں۔

٦ ـ إنّ الشَّقِّي مَن حُرِمَ نَفعَ ما أُوتِيَ مِن العقلِ و التَّجرُبَة.

(۶) بد بخت وہ ہے جو عطا شدہ عقل و تجربہ سے استفادہ کرنے سے محروم رہے۔

٧ ـ مِن التَّوفيقِ حِفظُ التَّجرُبة.

(۷) تجربہ کی حفاظت توفیق (الٰہی) ہے۔

٨ ـ العاقِلُ مَن وَعَظَتهُ التَّجارُب.

(۸) عاقل وہ ہے جسے تجربے نصیحت کریں۔

٩ ـ ألعقلُ حِفظُ التَّجارُب.

(۹) عقلمندی تجربوں کی حفاظت کرنا ہے۔

١٠ ـ لو لا التَّجارُبُ عُمِيَتِ المذاهِب.

(۱۰) اگر تجربے نہ ہوتے تو مذاہب (روشیں) اندھے ہو جاتے۔

١١ ـ في التَّجارُبِ عِلمٌ مُستأنَفٌ.

(۱۱) تجربوں میں علم جدید ہے۔

١٢ ـ ألعقلُ غَريزَةٌ تُرَبِّيها التَّجارُب.

(۱۲) عقل ایسی طبیعت ہے جسے تجربے سدھارتے ہیں۔

١٣ ـ عليكَ بِمُجالَسَةِ أَصحابِ التَّجارُبِ، فإنَّها تُقَوِّمُ عليهِم بِأَغلَى الغَلاءِ، و تأخُذُها منهم بِأرخَصِ الرُّخَص.

(۱۳) تمہارے لئے تجربہ کار لوگوں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا لازم ہے کیونکہ انہیں یہ تجربہ بڑی قیمتیں ادا کرنے کے بعد حاصل ہوا جبکہ تم اسے بڑے سستے داموں میں حاصل کر لوگے۔

١٤ ـ التَّجارُبُ لا تَنقَضي، وَالعاقلُ منها في زيادَةٍ.

(۱۴) تجربات کبھی ختم نہیں ہوتے اور عاقل ان میں روز افزوں اضافہ ہی کرتا ہے۔

١٥ ـ التَجارُبُ عَقلٌ مُكتَسَبٌ.

(۱۵) تجربے کمائی ہوئی عقل ہے۔

١٦ ـ المُجَرَّبُ أحكمُ مِنَ الطَّبيب.

(۱۶) تجربہ شدہ چیز طبیب سے زیادہ محکم (قابل اعتماد) ہے۔

١٧ ـ التَّجرِبَةُ تُثمِرُ الإعتبار.

(۱۷) تجربے کا پھل عبرت حاصل کرنا ہے۔

١٨ ـ التَّجارُبُ عِلمٌ مُستَفادٌ.

(۱۸) تجربے قابل استفادہ علم ہیں۔

١٩ ـ الحَزمُ حِفظُ التَّجرِبَة.

(۱۹) دور اندیش تجربوں کو یاد رکھتا ہے۔

٢٠ ـ الايّامُ تُفيدُ التَّجارُب.

(۲۰) ایام (بھی) تجربوں کے لئے سود مند ہوتے ہیں۔

٢١ ـ الحازِمُ مَن حَنَّكَتهُ التَّجارُبُ، و هذَّبتهُ النَّوائِب.

(۲۱) دور اندیش وہی ہے جسے تجربات کچھ سکھا دیں اور حوادث روزگار اسے مہذب بنا دیں۔

٢٢ ـ حِفظُ التَّجارُبِ رأسُ العَقل.

(۲۲) تجربوں کو یاد رکھنا عقل کا سرمایہ ہے۔

٢٣ ـ ثَمرةُ التَّجرِبَةِ حُسنُ الإختيار.

(۲۳) تجربوں کا نتیجہ بہترین چیز اختیار کرنا ہے۔

٢٤ ـ رأيُ الرَّجُلِ على قَدْرِ تَجرِبَتِه.

(۲۴) کسی آدمی کی رائے اس کے تجربات ہی کے جتنی ہو گی۔

٢٥ ـ مَن غَنِيَ عَنِ التَّجارُبِ عَمِيَ عَنِ العَواقِب.

(۲۵) جو تجربوں سے بے نیاز ہو گیا وہ (اپنے کاموں کے) نتائج سے اندھا ہو جاتا ہے (یعنی بے خبر رہتا ہے)۔

٢٦ ـ مَن تَجَرَّبَ يَزدَدَ حَزماً.

(۲۶) جس نے تجربہ حاصل کرلیا اس کی دور اندیشی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔

٢٧ ـ مَن أَحكَمَ مِن التَّجَارُبِ سَلِمَ مِن العَواطِبِ.

(۲۷) جو تجربوں کے ذریعے مستحکم ہو گیا وہ (زمانے کے) تباہکاریوں سے محفوظ رہے گا۔

٢٨ ـ مَن كَثُرَتْ تَجرُبَتُهُ قَلَّتْ غِرَّتُه.

(۲۸) جس کے تجربے زیادہ ہوں گے وہ کم دھو کا کھائے گا۔

٢٩ ـ كفى بالتَّجارِبِ مُؤَدِّباً.

(۲۹) تجربے انسان کی تربیت کے لئے کافی ہیں۔

٣٠ ـ في كُلِّ تَجرُبَةٍ مَوعِظَةٌ.

(۳۰) ہر تجربے میں ایک نصیحت (مضمر) ہوتی ہے۔

٣١ ـ كفى عِظَةً لِذوي الألبابِ مَا جَرَّبُوا.

(۳۱) عاقلوں کے موعظے کے لئے ان کے تجربات ہی کافی ہیں۔

[ ۳۵ ]

# التدبير = تدبیر

١ ـ لا عَقلَ كالتَّدبيرِ.
(۱) تدبیر جیسی کوئی عقل مندی نہیں ہے۔

٢ ـ التَّدبيرُ قبلَ العَملِ يُؤمِنُكَ مِن النَّدمِ.
(۲) کام سے پہلے سوچ سمجھ لینا تمہیں ندامت سے بچالے گا۔

٣ ـ حُسنُ التَّدبيرِ مَعَ الكَفافِ أكفىٰ لَكَ مِن الكَثيرِ معَ الإسرافِ.
(۳) تنگ دستی کے ساتھ حسن تدبیر تمہارے لئے، بہت زیادہ مال کے ساتھ اسراف سے زیادہ مفید ہے۔

٤ ـ لا مالَ لِمَن لا تَدبيرَ لَه.
(۴) اس کے پاس کوئی دولت نہیں جس کے پاس تدبیر نہ ہو۔

٥ ـ القليلُ مع التَّدبيرِ، أبقىٰ مِنَ الكثيرِ مَعَ التَّبذيرِ.
(۵) تدبیر کے ساتھ تھوڑا (مال) اسراف کے ساتھ حد درجہ دولت سے زیادہ دیرپا ہوتا ہے۔

٦ ـ التَّدبيرُ قبلَ الفِعلِ يُؤمنُ العِثار.
(۶) کام سے پہلے تدبیر، ہلاکت و لغزشوں سے بچالیتی ہے۔

٧ ـ التَّدبيرُ نِصفُ المعُونة.
(۷) دور اندیشی و تدبیر آدمی مدد ہے۔

٨ ـ أدَلُّ شيءٍ علىٰ غَزارَةِ العقلِ حُسنُ التَّدبيرِ.
(۸) حد درجہ عاقل ہونے پر حسن تدبیر سب سے بڑی دلیل ہے۔

٩ ـ آفةُ المَعاشِ سُوءُ التَّدبيرِ.
(۹) زندگی کی آفت سوء تدبیر ہے۔

١٠ ـ سُوءُ التَّدبيرِ مِفتاحُ الفَقرِ.
(۱۰) بد تدبیری فقر کی کنجی ہے۔

١١ ـ سُوءُ التَّدبيرِ سببُ التَّدميرِ.
(۱۱) بد تدبیری بربادی کا سبب ہے

١٢ ـ حُسنُ التَّدبيرِ يُنمي قَليلَ المالِ، و سُوءُ التدبيرِ يُفني كَثيرَه.
(۱۲) حسن تدبیر تھوڑے سے مال کو بھی بڑھا دیتی ہے (مگر) بد تدبیری اچھی خاصی دولت کو بھی فنا کر دیتی ہے۔

١٣ ـ صَلاحُ العَيشِ التَّدبيرِ.
(۱۳) صلاح زندگی تدبیر میں ہے۔

١٤ ـ مَن ساءَ تَدبيرُهُ كان هَلاكُهُ في تَدبيرِه.
(۱۴) جس کی تدبیر خراب ہوگی اس کی ہلاکت بھی اسی کے سبب ہوگی۔

١٥ ـ مَن ساء تدبيرُهُ، تَعجَّلَ تدميرُه.
(۱۵) جس کی تدبیر خراب ہوگی اس کی بربادی جلدی ہو جائے گی۔

١٦ ـ لا فَقرَ مَعَ حُسنِ تَدبيرٍ.
(۱۶) حسن تدبیر کے ہوتے ہوئے کسی طرح کی فقیری ممکن نہیں۔

[۳٦]

# التقویٰ = تقوی

١ ـ التُّقیٰ رئیسُ الأخلاق.

(۱) تقوی خوبیوں کا سردار ہے۔

٢ ـ لاٰ كَرَمَ كالتَّقویٰ.

(۲) تقوی جیسی کوئی کرامت نہیں۔

٣ ـ لاٰ يَقِلُّ عَمَلٌ مَعَ التَّقویٰ، وكَيفَ يَقِلُّ ما يُتَقَبَّل؟!

(۳) تقوی کے ہوتے ہوئے کوئی عمل کم نہیں ہوگا اور بھلا وہ چیز کیسے کم ہو سکتی ہے جو قبول (بارگاہ ایزدی) ہو جائے؟۔

٤ ـ لاٰ عِزَّ أعَزُّ مِن التَّقویٰ.

(۴) تقوے سے بڑھکر کوئی عزت نہیں۔

٥ ـ ألاٰ وإنّ مِن صِحّةِ البَدَنِ تَقوَی القَلب.

(۵) آگاہ ہو جاؤ دل میں تقوائے الہی بدن کی صحت میں ہے۔

٦ ـ وعنه ﷺ وقَد رَجَع مِن صِفّين، فأشرَفَ على القُبور بِظاهِرِ الكوفة: يا اهلَ الديارِ الموحِشَة و المحالِّ المقفِرَة و القبور المُظلِمَة... أنتم لنا فَرَطٌ سابقٌ و نحنُ لكم تَبَعٌ لاحِق... ثمّ التفت إلى أصحابه، فقال: أمَا لَو اُذِنَ لَهُم في الكَلامِ لأخبَرُوكُم أنّ خَيرَ الزّادِ التَّقویٰ.

(٦) آپ کے بارے میں مروی ہے کہ آپ جنگ صفین سے پلٹتے وقت کوفے کے باہر قبروں کے پاس آئے اور فرمایا۔"اے وحشت زدہ گھروں، غربت کی جگھوں اور اندھیری قبروں میں رہنے والوں! تم لوگ ہم سے پہلے آگئے اور ہم بھی عنقریب تم سے آ ملنے والے ہیں۔"اس کے بعد آپ نے اپنے اصحاب کی طرف رخ کرکے فرمایا" یقیناً اگر انہیں کلام کی اجازت مل جاتی تو یہ تمہیں بتاتے کہ (آخرت کے لئے) بہترین زاد راہ، تقوی ہے۔

٧ ـ إتَقِّ اللهَ بَعضَ التُّقیٰ وإنْ قَلَّ، واجْعَل بَينَكَ وبَينَ اللهِ سَتراً وإن رَقَّ.

(۷) اللہ سے تھوڑا ہی تقوی اختیار کر و بھلے ہی وہ کم ہے (مگر فائدہ مند ہوتا ہے) اور اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان (تقوے کا) پردہ حائل کرلو بھلے ہی وہ پردہ باریک ہی کیوں نہ ہو۔

٨ ـ إتَقِّ اللهَ في كُلِّ صَباحٍ ومَساءٍ.

(۸) اللہ تعالیٰ سے صبح وشام ڈرتے رہو۔

٩ ـ إعلَمُوا ـ عِبادَ الله ـ أنّ المُتَّقِينَ ذَهَبُوا بِعاجِلِ الدُّنيا وآجِلِ الآخِرة، فَشارَكُوا أهلَ الدُّنيا في دُنياهُم، ولَم يُشارِكْهُم أهلُ الدُّنيا في آخِرَتِهِم، سَكَنُوا الدُّنيا بأفضَلِ ما سُكِنَتْ،

(۹) اے بندگان خدا جان لو کہ متقی افراد دنیا کی فوراً ملنے والی چیزیں بھی لے گئے اور آخرت کی بعد میں حاصل ہونے والی اشیاء بھی لے گئے، (لہذا) وہ تو اہل دنیا کے، دنیوی امور اور فوائد میں شریک رہے مگر اہل دنیا ان (متقی افراد) کی آخرت میں شریک نہ ہو

وأكلُوها بأفضلِ ما أُكِلَتْ، فَحَظُوا مِن الدُّنيا بِمَا حَظِيَ بِهِ المُتْرَفُون، وأخَذُوا مِـنها مـا أخَـذَهُ الجَبَابِرَةُ المُتكَبِّرُون، ثمّ انقلبُوا عَـنها بِـالزّادِ المُبلِّغ، والمَتجَرِ الرَّابِح، أصابُوا لذَّةَ زُهْدِ الدُّنيا في دُنياهُم، وتَيَقّنُوا أنّهُم جِـيرانُ اللهِ غَـداً في آخِرَتِهم لا تُرَدّ لَهُم دَعـوةٌ، ولا يَـنقُصُ لَهُـم نَصِيبٌ مِن لَذّةٍ.

سکے انہوں نے دنیا کی بہترین جگہوں میں سکونت اختیار کی، اچھی غذائیں کھائیں اور خوشحال و مالدار لوگوں کی طرح انہیں بھی اس دنیا میں سے حصہ ملا اور اس دنیا میں سے ان لوگوں نے وہ سب کچھ حاصل کرلیا جو جابر و متکبر افراد (ظلم و جور سے) حاصل کرتے ہیں پھر اس دنیا سے بہترین و کارآمد زادِ راہ اور فائدہ مند تجارت کے ساتھ آخرت کی طرف منتقل ہو گئے ترک دنیا کی لذت انھوں نے دنیا ہی میں چکھ لی اور انھیں اس بات کا بھی یقین ہو گیا کہ وہ کل آخرت میں اللہ کے پڑوسی ہونگے ان کی دعائیں مستجاب ہوتی ہیں اور ان کی لذت و آسائش میں کبھی کمی نہیں ہوگی۔

١٠ ـ أُوصِيكُم [ عِبادَ اللهِ ] بِتَقوَى اللهِ، فإنّها الزِّمـامُ والقِـوَام، فَـتَمَسَّكُوا بِـوَثائِقِها، واعْتَصِمُوا بِحقائِقِها، تَـؤُلُ بِكُـم إلى أكـنانِ الدَّعَة.

(۱۰) اے لوگو! میں تمہیں تقوئی الٰہی کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ یہ لجام پائیداری ہے لہٰذا اس بھروسہ مند شئے سے متمسک ہو جاؤ اور اس کے حقائق کو مضبوطی سے تھام لو نتیجتاً یہ تقوی تمہیں آرام دہ زندگی، سعادت اور آسائش سے ہمکنار کر دے گا۔

١١ ـ إنّ مَن صَرَّحَت لَهُ العِبَرَ عَمّا بَينَ يَدَيهِ مِنَ المَـثُلاتِ حَـجَزَتهُ التّـقوىٰ عَـن تَـقَحُّمِ الشُّبهات.

(۱۱) جس نے سامنے موجود مثالوں کے ذریعے عبرت حاصل کر لی تو اسے تقوی شبہات و بے یقینی (کے گوھے) میں گرنے سے روکے رکھے گا۔

١٢ ـ إعلَمُوا عبادَ اللهِ أنّ التقوىٰ دارُ حصنٍ عزيزٍ، و الفُجُورَ دارُ حِـصنٍ ذَليـلٍ. . . ألا و بِالتَّقوىٰ تُقطَعُ حُمَةُ الخَطايا.

(۱۲) اے بندگان خدا جان لو کہ تقوی محکم و مضبوط گھر ہے جبکہ فسق و فجور ذلتوں کا ٹھکانا ہوتا ہے یقیناً تقوے کے ذریعے گناہوں کا ڈنک توڑا جاسکتا ہے۔

١٣ ـ (المتقون) لايَرضَونَ مِن أعمالِهِم القليلَ، ولايَستَكثِرُونَ الكـثيرَ، فَـهُم لأنـفُسِهِم مُتَّهِمُون، ومِن أعمالِهِم مُشفِقُون.

(۱۳) متقی افراد اعمال کی کم مقدار پر راضی نہیں رہتے اور زیادہ کو زیادہ نہیں سمجھتے وہ اپنے نفوس پر (گناہ کی) تہمت لگاتے ہیں اور اپنے اعمال سے ڈرتے رہتے ہیں۔

۱۴ ۔ المتّقون فيها [ في الدنيا ] هُم أهلُ الفَضائِل، مَنطِقُهُم الصوابُ و مَلبَسُهُم الإقتصادُ، و مَشيُهُمُ التواضُع.

(۱۴) دنیا میں متقی افراد اس طرح رہتے ہیں کہ وہ فضیلتوں والے ہوتے ہیں، ان کی باتیں نپی تلی، ان کا لباس میانہ روی اور ان کی روش، فروتنی ہوتی ہے۔

۱۵ ۔ إتَّقُوا اللهَ في عِبادِهِ و بِلادِهِ، فإنّكم مَسؤولُونَ حتّى عَنِ البِقاعِ والبهائِم.

(۱۵) اللہ سے اس کے بندوں اور اس کے شہروں کے معاملے میں ڈرو کیونکہ تم لوگ اللہ کے سامنے جوابدہ ہو۔ یہاں تک کہ جگہوں اور جانوروں کے بارے میں بھی۔

۱۶ ۔ لا کَرَمَ أعزُّ مِن التُّقیٰ.

(۱۶) تقویٰ سے زیادہ عزت دار کوئی کرامت نہیں ہے۔

۱۷ ۔ مَن سَرَّهُ الغِنیٰ بِلا مالٍ فَلیَتَّقِ الله.

(۱۷) جسے بغیر مال کے دولت مندی مسرور کرے تو اسے خدا سے ڈرنا چاہئے۔

۱۸ ۔ التُّقیٰ سائِقٌ إلی کُلِّ خَیرٍ.

(۱۸) تقویٰ تمام امور خیر کی طرف لے جاتا ہے۔

۱۹ ۔ مَن غَرَسَ أشجارَ التُّقیٰ جَنیٰ ثِمارَ الهُدیٰ.

(۱۹) جو تقوے کے درخت لگائے گا وہ ہدایت کے پھلوں کو توڑے گا

۲۰ ۔ مُخُّ الإیمانِ التَّقویٰ والوَرعُ، وهُما مِن أفعال القُلوب.

(۲۰) حقیقت (مغ) ایمان تقوی و ورع ہے اور یہ دونوں دل کے افعال (کیفیات) ہیں۔

۲۱ ۔ خَیرُ الدُّنیا والآخرةِ في خِصلتَینِ: الغِنیٰ، والتُّقیٰ.

(۲۱) دنیا و آخرت کی بھلائی دو خصلتوں میں ہے، مالداری اور تقویٰ۔

۲۲ ۔ ساداتُ النّاسِ في الدُّنیا الأسخیاءِ، و ساداتُهم في الآخرة الأتقیاءِ.

(۲۲) دنیا میں لوگوں کے سردار سخی افراد اور آخرت میں متقی لوگ ہوں گے۔

۲۳ ۔ قِیلَ لَه ﷺ : فأيُّ النّاس خَیرٌ عِندَ الله؟ قالَ ﷺ : أخوَفُهُم للهِ، وأعلَمُهُم بِالتَّقویٰ، وأزهَدُهُم في الدُّنیا.

(۲۳) آپ سے پوچھا گیا کہ لوگوں میں اللہ کے نزدیک سب سے اچھا کون ہے؟ آپ نے فرمایا "سب سے زیادہ اللہ سے خوفزدہ رہنے والا اور ان میں سے تقوے کے متعلق سب سے زیادہ علم رکھنے والا اور دنیا میں سب سے زیادہ زہد اختیار کرنے والا۔"

۲۴ ـ مَن اتّقیٰ اللهَ أحبَّهُ النّاس.

(۲۴) جو اللہ کا تقویٰ اختیار کرتا ہے وہ لوگوں کے درمیان محبوب ہو جاتا ہے۔

۲۵ ـ التّقوىٰ حِصنٌ حَصينٌ لِمَن لَجأَ إليه.

(۲۵) تقویٰ پناہ گزینوں کے لئے ایک مضبوط قلعہ ہے۔

۲۶ ـ المتّقون قُلوبُهم مَحزُونَةٌ، وشُرُورُهم مَأمُونَةٌ.

(۲۶) متقیوں کے دل مغموم ہوتے ہیں اور لوگ ان کے شر سے امان میں رہتے ہیں۔

۲۷ ـ التّقوىٰ ظاهِرُهُ شَرَفُ الدُّنيا، وباطِنُهُ شَرَفُ الآخِرة.

(۲۷) تقویٰ کا ظاہر دنیا کا اور باطن آخرت کا شرف ہے۔

۲۸ ـ المتّقون أنفُسُهم قانِعَةٌ، وَشَهواتُهم مَيّتَةٌ، و وُجُوهُهُم مُستَبشِرَةٌ، وقُلُوبُهُم مَحزُونَةٌ.

(۲۸) متقیوں کے نفوس قانع، خواہشات مردہ، چہرے ہشاش بشاش اور قلوب غمزدہ رہتے ہیں

۲۹ ـ إن اتّقَيتَ اللهَ وَقاكَ.

(۲۹) اگر تم نے اللہ کا تقویٰ اختیار کیا تو وہ تمہیں (عذاب سے) بچا لے گا۔

۳۰ ـ إنّ التّقوىٰ عِصمَةٌ لَكَ في حياتِك، وزُلفىٰ لَكَ بَعدَ مَماتِك.

(۳۰) یقیناً تمہارے لئے تقویٰ زندگی بھر پاکیزگی کی طرح اور مرنے کے بعد (اللہ سے) قربت کا سبب ہوتا ہے

۳۱ ـ ثَوبُ التُّقىٰ أشرَفُ المَلابِس.

(۳۱) جامہ تقوے بہترین لباس ہے۔

۳۲ ـ مُتّقِي الشَّرّ كفاعِلِ الخَير.

(۳۲) شر سے بچنے والا نیکی انجام دینے والے کی طرح ہے۔

۳۳ ـ لِلمُتّقي ثلاثُ علاماتٍ: إخلاصُ العَمَلِ، وقِصَرُ الأَمَلِ، واغتنامُ المَهَل.

(۳۳) متقی کی تین علامتیں ہوتی ہیں ـــ عمل میں اخلاص، امیدوں میں کمی اور مہلتوں کو غنیمت جاننا۔

۳۴ ـ لا يَنفَعُ الإيمانُ بِغَيرِ تَقوىٰ.

(۳۴) ایمان، تقوے کے بغیر (چنداں) مفید نہیں۔

۳۵ ـ لا حِصنَ أمنَعُ مِن التّقوىٰ.

(۳۵) تقوے سے زیادہ مضبوط کوئی قلعہ نہیں۔

۳۶ ـ مُلُوكُ الجَنّةِ الأتقياءُ المُخلِصُون.

(۳۶) جنت کے بادشاہ، مخلص اور متقی افراد ہوں گے۔

۳۷ ـ مُتّقِي المَعصِيةِ كعامِلِ البِرّ.

(۳۷) معصیت سے بچنے والا نیکی انجام دینے والے کی طرح ہے۔

[۳۷]

# التواضع = تواضع

١ ـ التَّواضُعُ سُلَّمُ الشَّرف.

(۱) تواضع شرف کی سیڑھی ہے۔

٢ ـ مَن تَواضَعَ قَلبُهُ لِلّٰه لم يَسأم بَدَنُهُ طاعةَ الله.

(۲) جس کا دل اللہ کے لئے خاکسار و متواضع ہو جاتا ہے اس کا بدن اللہ کی اطاعت میں سستی نہیں کرتا۔

٣ ـ التَّواضُعُ زِينَةُ الحَسَب.

(۳) تواضع حسب کی زینت ہے۔

٤ ـ التَّواضُعِ يَكسِبُكَ السَّلامَة.

(۴) تواضع تمہارے لئے سلامتی کا باعث ہے۔

٥ ـ زِينَةُ الشريفِ التَّواضُع.

(۵) شرف کی زینت تواضع ہے۔

٦ ـ إلقِ النَّاس عِندَ حاجَتِهِم بِالبُشرِ والتَّواضُع، فإن نابَتكَ نائِبَةٌ، وحالتْ بِكَ حالٌ، لَقِيتَهُم وقد أَمِنتَ ذِلَّةَ التَّنَصُّل إليهم والتَّواضُع.

(۶) لوگوں سے ان کی ضرورت کے وقت تواضع اور خندہ پیشانی کے ساتھ ملو کیونکہ اگر (کبھی) تم بھی مصیبت میں گرفتار ہو گئے یا تمہیں کوئی پریشانی لاحق ہو گئی تو تم ان کے پاس جا کر (اس وقت) تواضع کرنے میں ذلت نہیں محسوس کروگے۔

٧ ـ التَّواضُع إحدىٰ مَصائِدَ الشَّرف.

(۷) تواضع بھی شرف کے حصول کا ایک ذریعہ ہے۔

٨ ـ تَواضُعُ الرَّجُلِ في مَرتَبَتِهِ ذَبٌّ لِلشماتَةِ عَنْهُ عِند سِقْطَتِه.

(۸) آدمی کا بلند مقامی کے وقت فروتنی و تواضع سے پیش آنا، اسے عہدے کے ختم ہوجانے کے بعد لوگوں کی مذمت سے بچا لیتا ہے۔

٩ ـ ثَمَرَةُ التَّواضُعِ المَحبَّة.

(۹) تواضع کا ثمرہ محبت ہے۔

١٠ ـ التكَبُّرُ علی المتكبِّرين هُوَ التَّواضُع بِعيْنِه.

(۱۰) متکبروں کے ساتھ تکبر سے پیش آنا عین تواضع ہے۔

١١ ـ التَّواضُعُ نِعمةٌ لا يَفطَنُ لها الحاسِد.

(۱۱) تواضع ایسی نعمت ہے جسے حاسد نہیں سمجھ سکتا۔

١٢ ـ إصْحَبِ السُّلطانَ بِالحذرِ، والصَّديقَ بِالتَّواضُع.

(۱۲) سلطان کی صحبت میں خوف سے پیش آؤ اور دوست کے ساتھ متواضع رہو۔

١٣ ـ التَّواضُعُ رَأسُ العقلِ، والتَّكبرُ رأسُ الجَهل.

(۱۳) تواضع، عقل کی بلندی اور تکبر سب سے بڑی جہالت ہے۔

١٤ ـ التَّـواضُـعُ مَـعَ الرِّفـعةِ كـالعَفوِ مَـعَ القُدرة.

(۱۴) رفعت و بلندی کے باوجود تواضع اسی طرح ہے جیسے طاقت و قدرت ہوتے ہوئے (خطا کار کو) معاف کر دینا۔

١٥ ـ التَّواضُعُ زَكاةُ الشَّرف.

(۱۵) تواضع بزرگی و شرف کی زکات ہے۔

١٦ ـ التَّواضُعُ يَرفَعُ الوَضيعَ.

(۱۶) تواضع پست (آدمی) کو بلند کر دیتا ہے۔

١٧ ـ التَّواضُعُ ثَمَرةُ العِلم.

(۱۷) تواضع علم کا نتیجہ ہے۔

١٨ ـ أشرَفُ الخَلائِقِ التَّواضعُ والحِلمُ ولِينُ الجانِب.

(۱۸) سب سے زیادہ باشرف خوبی تواضع و حلم اور نرم دلی ہے۔

١٩ ـ أعظمُ الناسِ رَفعةً مَن وَضَعَ نَفسَه.

(۱۹) سب سے عظیم وہ ہے جو خود کو کمتر سمجھے (تکبر نہ کرے)۔

٢٠ ـ تَواضَع لِلّهِ يَرفَعُك.

(۲۰) اللہ کے لئے خاکساری، تمہیں بلند کر دے گی۔

٢١ ـ تَواضُعُ الشَّريفِ يَدعُو إلى كرامَتِه.

(۲۱) شریف کا تواضع اس کی بزرگی کا پتہ دیتا ہے۔

٢٢ ـ حاصِلُ التَّواضُعِ الشَّرَف.

(۲۲) تواضع کا ماحصل شرف و فضیلت ہے۔

٢٣ ـ ما اكتُسِبَ الشَّرَفُ بِمثل التَّواضُع.

(۲۳) تواضع سے بہتر شرف کے حصول کا کوئی اور ذریعہ نہیں ہے۔

٢٤ ـ ما تَواضَعَ أحدٌ إلّا زادَهُ الله تَعالىٰ جلالةً.

(۲۴) جیسے ہی کوئی تواضع سے پیش آتا ہے اللہ اس کی جلالت و بزرگی میں اضافہ کر دیتا ہے۔

٢٥ ـ وَجيهُ النّاسِ مَن تَواضَعَ مَعَ رَفعَةٍ، وذَلَّ مَعَ مَنعةٍ.

(۲۵) لوگوں میں آبرومند وہ شخص ہے جو رفعت و بلندی کے باوجود تواضع سے پیش آئے اور شرف و بزرگی کے ہوتے ہوئے اپنے آپ کو کمتر سمجھے۔

٢٦ ـ تَواضَعُوا لِمَن تَتَعلَّمُونَ مِنه العِلم و لِمَن تُعَلِّمونَهُ ولا تَكونُوا مِن جَبابِرَة العلماءِ فلا يَقومُ جَهلُكُم بِعِلمكُم.

(۲۶) جس سے تم علم حاصل کرتے ہو اس کے ساتھ اور جسے تم تعلیم دیتے ہو اس کے ساتھ تواضع کے ساتھ پیش آؤ اور جابر علماء میں سے نہ بنو کیونکہ تمہارا جہل کبھی تمہارے علم کی جگہ نہیں لے سکتا۔

[٣٨]

# التَّواني = سستی و کاہلی

١ ـ مَن أطاعَ التَّوانِيَ ضَيَّعَ الحُقوقَ، ومَن أطاعَ الواشي ضَيَّعَ الصدِيق.

(١) جو بھی کاہلی کا پابند رہا اس نے حقوق ضائع کر دیئے اور جس نے چغل خور کا کہا مانا اس نے دوست کھو دیئے۔

٢ ـ مِن سَبَبِ الحِرمانِ التَّواني.

(٢) محرومیت کا ایک سبب سستی بھی ہے۔

٣ ـ التَّواني إضاعةٌ.

(٣) کاہلی اور سستی (وقت و عمر کو) ضائع کر دیتی ہے۔

٤ ـ في التَّواني والعَجزِ أُنتِجَتِ الهَلَكَة.

(٤) سستی اور عاجزی سے ہلاکت وجود میں آتی ہے۔

٥ ـ بِالتَّواني يكونُ الفَوت.

(٥) آدمی سستی کی وجہ سے (سب) کچھ کھوتا ہے۔

٦ ـ مَن تَرَكَ العُجبَ والتَّواني لم يَنزِل بِه مَكرُوهٌ.

(٦) جس نے خود پسندی اور کاہلی کو ترک کر دیا وہ کسی ناپائیدار صورت حال سے دوچار نہیں ہو سکتا۔

٧ ـ مِنَ التَّواني تَوَلُّدُ الكَسَل.

(٧) کسالت اور سستی، کاہلی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

٨ ـ مَن أطاعَ التَّواني أحاطَت بِهِ النَّدامَة.

(٨) جس نے سستی و کاہلی سے کام لیا وہ (بعد میں) شرمندگی اٹھائے گا۔

[۳۹]

# التَّوبة = توبہ

١ ـ لا شفيعَ أَنجَحُ مِن التَّوبة.

(۱) توبہ سے زیادہ کامیاب کوئی شفیع نہیں ہے۔

٢ ـ لا خَيرَ في الدُّنيا إلاَّ لرجُلَين: رجلٌ أَذنَبَ ذُنوباً فهوَ يَتدارَكُها بالتَّوبةِ، ورجلٌ يُسارِعُ في الخَيرات.

(۲) دنیا میں صرف دو (طرح کے) آدمیوں کی بھلائی ہے ـــ ایک جو گناہ تو کرے مگر توبہ کے ذریعے اس کا تدارک بھی کرے اور دوسرا وہ جو نیک کاموں میں سبقت کرے۔

٣ ـ قال ﷺ لرجلٍ سأله أن يَعِظه: لا تَكُن ممَّن يَرجُو الآخِرةَ بِغَيرِ العَمَلِ، وَ يُـرجِّـي التَّـوبةَ بِطُولِ الأَمِلِ... إن عَرَضَتْ لَهُ شَهوَةٌ أَسـلَفَ المَعصِيَةَ و سَوَّفَ التَّوبة.

(۳) آپ نے موعظے کا سوال کرنے والے ایک آدمی سے فرمایا "اُن لوگوں میں سے نہ ہونا جو آخرت (کی کامیابی) کی، بغیر عمل کے تمنا کرتے ہیں اور لمبی امیدوں کے ذریعے توبہ کی امید باندھتے ہیں اگر کوئی خواہش و شہوت سامنے آ گئی تو معصیت کو مقدم کر کے، توبہ کو بعد کے لئے چھوڑ دیتے ہیں۔

٤ ـ ما كانَ اللهُ لِيَفتحَ على عَبدٍ بابَ الشُكـرِ ويُغلِقَ عَنهُ بابَ الزِّيادَة. . . و لاَ لِيفتَحَ لِـعَبدٍ بابَ التَّوبةِ وَ يُغلِقَ عنهُ بابَ المَغفرة.

(۴) ایسا ہرگز نہیں ہو سکتا کہ اللہ کسی کے لئے باب شکر تو وا کرے مگر (اس کی نعمتوں کی) زیادتی کا دروازہ بند کر دے یا یہ کہ کسی بندے کے لئے باب توبہ تو کھول دے مگر مغفرت کا دروازہ مسدود کر دے۔

٥ ـ مَا أَهَمَّنِي ذَنبٌ أُمهِلتُ بَعدَهُ حـتّى أُصـلِّيَ ركعتينِ، وَأَسأَلَ اللهَ العَافية.

(۵) مجھے ایسے گناہ کی پرواہ نہیں کہ جس کے بعد مجھے اتنی مہلت مل جائے کہ میں دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ سے عافیت طلب کر لوں۔

٦ ـ بادِرُوا المَعادَ، وَ سَـابِقُوا الآجـالَ، فـإنَّ النَّاسَ يُوشِكَ أَن يَنقَطِعَ بِهِمُ الأَملُ، ويَرهقَهُمُ الأَجلُ، و يُسَدُّ عنهم بَابُ التَّوبة.

(۶) معاد کے لئے جلدی کرو موت سے پہلے اعمال صالح انجام دے لو کیونکہ عنقریب لوگوں کی امیدیں ٹوٹ جائیں گی، موت انہیں آ لے گی اور باب توبہ بند ہو جائے گا۔

٧ ـ كَم مِن عاكِفٍ على ذَنبِهِ تَـابَ في آخِـرِ عُمرِه.

(۷) کتنے ایسے لوگ ہیں جو برابر گناہ کرتے رہے مگر آخری عمر میں انہوں نے توبہ کر لیا۔

٨ ـ لاَ تـيأَسَنَّ مِـن الذَّنبِ و بـابُ التَّـوبةِ مَفتُوحٌ.

(۸) جب تک باب توبہ کھلا ہے ہرگز گناہ کرنے کے بعد (مغفرت سے) مایوس نہ ہونا۔

٩ ـ خَيارُكُم كُلُّ مُفتَّنٍ تَوّابٍ.

(۹) تم میں سب سے بہتر وہ ہے جس کا اللہ نے گناہ کے ذریعے امتحان لیا اور اس گناہ کے بعد اس نے توبہ کی اور پھر گناہ کر کے بہت زیادہ توبہ کی۔

١٠ ـ أَفضلُ ما لَقيتَ اللهَ بِهِ، نَصِيحَةٌ مِن قَلبٍ، و تَوبةٌ مِن ذَنبٍ.

(۱۰) اللہ سے ملاقات کے لئے بہترین چیز دل کی نصیحت اور گناہ سے توبہ ہے۔

١١ ـ العَجَبُ لِمَن يَهلَكُ و مَعَهُ النَّجاةُ! قِيلَ لَهُ: و ما هيَ؟ قَالَ ﷺ: التَّوبةُ والاستِغفار.

(۱۱) مجھے تعجب ہے اس پر جو نجات کے ہوتے ہوئے ہلاک ہو جاتا ہے۔ آپ سے پوچھا گیا کہ یہ کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا۔ "توبہ و استغفار۔"

١٢ ـ نَحنُ نُريدُ أَلاَّ نَمُوتَ حتَّى نَتُوبَ، ونَحنُ لا نَتُوبُ حتى نَمُوتَ!

(۱۲) ہم چاہتے ہیں کہ توبہ سے پہلے نہ مریں مگر ہم اس وقت تک توبہ نہیں کرتے جب تک موت نہ آجائے۔

١٣ ـ شَـفيعُ المُـذنبِ إقـرارُهُ، و تَـوبتُهُ اعتذَارُه.

(۱۳) گنہ گار کا شفیع اس کا اقرار اور اسکی توبہ اس کی مغفرت ہوتی ہے۔

١٤ ـ وقِيلَ له ﷺ: ما التَّوبةُ النَّصُوحُ؟ فقال ﷺ: نَدَمٌ بِالقَلبِ، وإِستغفارٌ بِاللِّسانِ، و عَقدٌ على أَن لا يَعود.

(۱۴) آپ سے سوال کیا گیا کہ "توبۃالنصوح" کیا ہے؟ "آپ نے فرمایا۔" دل سے ندامت، زبان سے استغفار اور دوبارہ نہ کرنے کا عزم"۔

١٥ ـ و قال ﷺ في صِفةِ التّـائبينَ: غَـرَسُوا أَشجارَ ذُنُوبِهِم نُصبَ عُيُونِ قُلوبِهِم، و سَقَوها بِمِياهِ النَّدَمِ، فأَثمَرَتْ لَهُمُ السَّلاَمةَ، وَ أَعـقَبَتهُمُ الرِّضىٰ و الكَرامة.

(۱۵) آپ نے توبہ کرنے والوں کی توصیف میں فرمایا۔ "انھوں نے گناہ کے پودوں کو دل کی آنکھوں کے سامنے رکھا اسے ندامت کے پانی سے سینچا لہذا اس نے انہیں سلامتی کا پھل دیا اور اس کا بدلہ انہیں رضا و کرامت کی صورت میں حاصل ہوا۔

١٦ ـ تركُ الخطيئةِ أَيسَرُ مِن طَلَبِ التَّوبة.

(۱۶) توبہ طلب کرنے سے گناہ کو ترک کرنا زیادہ آسان ہے۔

١٧ ـ يسيرُ التَّوبةِ و الاستِغفارِ يُمَحِّصُ المَعاصِيَ وَ الإصرار.

(۱۷) توبہ واستغفار کا تھوڑا سا حصہ بھی گناہوں اور ان پر اصرار کو محو کر دیتا ہے۔

١٨ ـ بِالتَّوبةِ تُكفَّرُ الذُّنوب.

(۱۸) توبہ کے ذریعہ گناہوں کو پوشیدہ کیا جاتا ہے۔

١٩ ـ ثَمرةُ التَّوبَةِ استِدرَاكُ فَوارِطِ النَّفس.

(۱۹) توبہ کا ثمرہ نفس کی زیادتیوں کی تلافی ہے۔

٢٠ ـ حُسنُ التَّوبةِ يَمحو الحَوبَة.

(۲۰) اچھی توبہ گناہوں کو مٹا دیتی ہے۔

٢١ ـ مَن تابَ فَقَد أَناب.

(۲۱) جو توبہ کر لیتا ہے وہ درست ہو جاتا ہے۔

٢٢ ـ مَن أُعطِيَ التَّوبةَ لَم يُحرِمِ القَبول.

(۲۲) جسے (توفیق) توبہ عطا ہو گئی وہ قبولیت سے محروم نہیں رہے گا۔

٢٣ ـ لا دينَ لِمُسَوِّفٍ بِتوبَتِه.

(۲۳) توبہ کے معاملے میں "آج کل" کرنے والوں کے پاس کوئی دین نہیں۔

٢٤ ـ ألا تائِبٌ مِن خَطيئتِهِ قَبلَ حُضُورِ مَنيَّتِه.

(۲۴) کیا کوئی ایسا نہیں ہے جو موت کے آنے سے قبل توبہ کرے ؟

٢٥ ـ ألتَوبةُ تُطَهِّرُ القُلُوبَ، وتَغسِلُ الذنُوب.

(۲۵) توبہ دلوں کو پاکیزہ کر کے گناہوں کو دھو دیتی ہے۔

٢٦ ـ ألتَوبةُ تَستَنزِلُ الرَّحمَة.

(۲۶) توبہ نزول رحمت کی باعث ہے۔

٢٧ ـ ألتَوبةُ نَدَمٌ بِالقلبِ، و استِغفارٌ باللِّسانِ، و تَركٌ بِالجوارِحِ، و إضمارُ أَن لا يَعُود.

(۲۷) توبہ دل سے ندامت، زبان سے استغفار اور اعضاء و جوارح کے ذریعے ترک اور دوبارہ نہ کرنے کے عزم کا نام ہے۔

[ ٤٠ ]

# التَّوحيد = توحید

١ ـ أوّلُ الدينِ مَعرِفَتُهُ وكمالُ مَعرفَتِهِ التَّصديقُ به، وكمالُ التصديقِ به تَوحيدُهُ، وكمالُ توحيدِه الإخلاصُ له، وكمالُ الإخلاص له نفيُ الصفاتِ عنه.

(۱) اول دین اللہ کی معرفت ہے اور کمال معرفت الٰہی، اس کی تصدیق، اور کمال تصدیق، اسے یکتا و احد سمجھنا ہے اور کمال توحید اس کے لئے اخلاص پیدا کرنا، اور کمال اخلاص صفات کو اس سے نفی کرنا ہے (یعنی وہ کسی صفت سے متصف نہیں)۔

٢ ـ و أشهدُ أن لا إلهَ إلاّ الله وَحدَهُ لا شَريكَ لَهُ، الأوّلُ لا شيءَ قَبلَه والآخرُ لا غايةَ له، لا تَقعُ الأوهامُ على صفةٍ ولا تَعقدُ القلوبُ مِنه على كيفيّةٍ.

(۲) میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی خدا نہیں وہ اکیلا اور لاشریک ہے ایسا اول کہ جس سے پہلے کچھ نہیں اور ایسا آخر کہ جس کی کوئی حد نہیں فکریں اس کی کسی صفت سے باخبر نہیں ہو سکتیں اور نہ ہی اس کے لئے کوئی کیفیت دلوں میں ٹھہر سکتی ہے۔

٣ ـ فَتَبارَكَ اللهُ الذي لا يَبلُغُهُ بُعدُ الهِمَمِ ولا يَنالُهُ حَدسُ الفِطَن، الأوّلُ الذي لا غايةَ لَه فَيَنتَهي ولا آخر لَهُ فَيَنقَضِي.

(۳) بابرکت ہے وہ خدا جس تک بلند پرواز ہمتیں بھی پہنچنے سے قاصر ہیں، ذہنوں کی گہری سوچیں بھی اسے پا نہیں سکتیں ایسا اول جس کی کوئی غایت نہیں کہ اس طرح وہ منتہی ہو جاتا اور اس کی ذات کا کوئی آخر نہیں کہ اس طرح وہ ختم ہو جاتا۔

٤ ـ والحمدُ لله الكائنِ قبلَ أن يكونَ كُرسِيٌّ أو عَرشٌ أو سماءٌ أو أرضٌ أو جانٌّ، أو إنسٌ لا يُدرَكُ بِوَهمٍ، ولا يُقَدَّرُ بِفهمٍ، ولا يَشغَلُهُ سائلٌ ولا يَنقُصُهُ نائِلٌ، ولا يُبصِرُ بِعينٍ ولا يُحَدُّ بِأين، ولا يوصَفُ بالأزواج ولا يُخْلَقُ بِعَلاجٍ ولا يُدرَكُ بالحواس ولا يُقاس بالناس.

(۴) تمام حمد اس اللہ کے لئے ہے جو عرش و کرسی، زمین و آسمان، جن و انس سب سے پہلے موجود تھا اور اسی طرح موجود رہے گا اسے واہموں کے ذریعے نہیں جانا جا سکتا ہے اور نہ ہی اس کا، فہم و فراست کے ذریعے اندازہ لگایا جا سکتا ہے، اسے کوئی سائل (دوسرے امور سے) غافل نہیں کر سکتا اور نہ ہی اس سے کچھ لے لینے والا اس کے عطا و بخششوں میں کمی لا سکتا ہے نہ اسے آنکھوں کے ذریعے دیکھا جا سکتا ہے اور نہ ہی زمان (و مکان) میں محدود کیا۔

سکتا جوڑے کے ذریعے اس کی توصیف ممکن نہیں وہ کسی وسیلے کے ذریعے خلق نہیں کرتا (یوں ہی وہ جو چاہے خلق کر دے) حواس اس کے ذریعے اس کا ادراک نہیں ہو سکتا اور نہ ہی لوگوں سے اس کا موازنہ ممکن ہے۔

٥ ـ [ هــو الّــذي ] واحــدٌ لا بَـعَدَدٍ ودائِمٌ لا بأمَـــدٍ وقــائِمٌ لا بِـعَمَدٍ تَـتَلقّاهُ الأذهــانُ لا بِمُشــــاعَرَةٍ وتَــشْهَدُ لَــهُ المَــرائِي لا بِمُحاضَرَةٍ.

(۵) (وہ خدا جو) ایک ہے مگر کسی عدد سے نہیں، ہمیشہ رہنے والا ہے مگر مدت کے تعین کی وجہ سے نہیں، استوار ہے مگر ستونوں کے سہاروں پر نہیں، اذہان اسے سمجھتے ہیں مگر شعور و حواس کے ذریعے نہیں، اور دیکھی جانے والی اشیاء اس کے لئے گواہی دیتی ہیں مگر اس کے حاضر ہوئے بغیر۔

٦ ـ ما وَحدَّهُ مَن كَيَّفَه، ولا حقيقَتَهُ أصابَ مَن مَثَّلَه، ولا إيّاهُ عَنىٰ مَن شَبَّهَه ولا صَمَدَهُ مَن أشارَ إليه وتَوَهَّمَه.

(۶) جس نے اسے مختلف کیفیتوں سے متصف کر دیا اس نے اسے یکتا نہیں سمجھا اور وہ (ایسا شخص) حقیقت تک نہیں پہنچ سکا جس نے اس کا مثل ٹھہرایا اور اس (شخص) نے اس کا قصد نہیں کیا جس نے کسی کو اس کا شبیہ قرار دیا اور اسے اس نے بے نیاز نہیں سمجھا جس نے اس کی طرف اشارہ کیا یا اسے اپنے خیالوں میں لے آیا۔

٧ ـ واعلم يا بُنيّ أنّه لو كان لِربّك شريكٌ لأَتَتْكَ رُسُلُه ولرأيتَ آثارَ مُـلكِهِ وسُـلطانِه، ولَعرفتَ أفعالَهُ وصفاتِه ولكنّه إلهٌ واحدٌ كما وَصَفَ نَفسَه.

(۷) اور جان لو ـــ اے میرے بیٹے ـــ اگر تمہارے پروردگار کا کوئی اور شریک ہوتا تو اس کے رسول بھی تمہارے پاس ضرور آتے اور تم یقیناً اس کی مملکت و حکومت کے آثار بھی دیکھتے (بالکل) اسی طرح اس کے افعال و صفات کی معرفت بھی تمہیں حاصل ہوتی مگر سچ یہ ہے کہ وہ خدا ایک ہے جیسا کہ اس نے خود اپنی توصیف کی ہے۔

٨ ـ التَّوحيدُ ألاّ تَتَوَهَّمَه.

(۸) توحید یہ ہے کہ تم اسے خیالوں اور واہموں میں بھی نہ لاؤ۔

٩ ـ التَّوحِيدُ حَياةُ النَفسِ.

(۹) توحید نفس کی حیات ہے۔

١٠ ـ مَن عَرَفَ اللهَ تَوَحَّد.

(۱۰) جو بھی خدا کو پہچان لے گا وہ اسے یکتا (ہی) مانے گا۔

١١ ـ مَن وَحَّدَ اللهَ سبحانَه لم يُشَبِّههُ بِالخلق.

(۱۱) جو بھی اللہ کا معترف ہو گا وہ اسے مخلوقات سے تشبیہ نہیں دے گا۔

[ ٤١ ]

# التَّوفيق = توفیق

١ ـ مِنَ التَّوفِيقِ حِفظُ التَّجرِبَةِ.

(۱) تجربہ کی حفاظت توفیقات (الٰہی) میں سے ہے

٢ ـ لا قائِدَ كَالتَّوفيقِ.

(۲) توفیق جیسا کوئی رہنما نہیں۔

٣ ـ التَّوفِيقُ خَيرُ قائِدٍ.

(۳) توفیق، بہترین رہنما ہے۔

٤ ـ مِن التَّوفِيقِ الوُقُوفُ عِندَ الحَيْرَةِ.

(۴) حیرانی و پریشانی کے موقع پر تامل و توقف، توفیق ہے۔

٥ ـ الشيءُ الَّذي لا يَستَغنِي عَنهُ أحدٌ هُوَ التَّوفيق.

(۵) وہ چیز جس سے کوئی بے نیاز نہیں ہو سکتا، توفیق ہے۔

٦ ـ أجَلُّ ما يَنزِلُ مِنَ السَّماءِ التَّوفيق.

(۶) آسمان سے اترنے والی سب سے زیادہ جلیل القدر شئے توفیق ہے۔

٧ ـ التَّوفِيق رَحمَةٌ.

(۷) توفیق رحمت ہے۔

٨ ـ التَّوفيقُ والخِذلانُ يَتَجاذَبانِ النَّفسَ، فَأيُّهما غَلَبَ كانَت في حَيِّزِه.

(۸) کامیابی و ناکامی دونوں ہی انسان کو اپنی طرف کھینچتی ہیں اب جو بھی ان میں سے غالب ہو جائے گا نفس اسی کے اختیار میں رہے گا۔

٩ ـ التَّوفيقُ رأسُ النَجاحِ.

(۹) توفیق کامیابی کا منبع ہے۔

١٠ ـ التَّوفيقُ رأسُ السَّعادة.

(۱۰) توفیق کامرانی کی کلید ہے۔

١١ ـ التَّوفيقُ مِن جَذَباتِ الرَّب.

(۱۱) توفیق پروردگار کی (قوت) جاذبہ میں سے ہے۔

١٢ ـ حُسنُ التَّوفيقِ خَيرُ مُعينٍ، وحُسنُ العَمَلِ خَيرُ قَرِينٍ.

(۱۲) اچھی توفیق، بہترین معاون اور حسن عمل، بہترین ساتھی ہے۔

١٣ ـ كَيفَ يَتَمَتَّعُ بِالعِبادَةِ مَن لَم يُعِنهُ التَّوفيقُ؟!

(۱۳) وہ عبادت سے بھلا کیسے لطف اندوز ہو سکتا ہے جس کی مددگار توفیق نہ ہو۔

١٤ ـ مَن أمَدَّهُ التَّوفيقُ أحسَنَ العَمَلَ.

(۱۴) جس کی امداد توفیق کرے گی وہ، بہترین عمل انجام دے گا۔

١٥ ـ مَن لَم يَمُدَّهُ التَّوفيقُ لم يُنِبْ إلى الحَقِّ.

(۱۵) جس کی توفیق مدد نہ کرے وہ حق کی طرف نہیں آ سکتا۔

١٦ ـ لا يَنفَعُ العِلمُ بِغَيرِ تَوفيق.

(۱۶) علم، توفیق کے بغیر فائدہ نہیں پہنچا سکتا۔

١٧ ـ لا مَعُونَةَ كَالتَّوفيق.

(۱۷) توفیق جیسی کوئی مدد نہیں ہے۔

١٨ ـ لم يُوَفَّق مَنِ استَحسَنَ القَبيحَ، وأعرَضَ عَنِ النَّصِيح.

(۱۸) جو بری چیز کو اچھا جانے اور نصیحت کرنے والے سے رو گردانی کرے اسے کبھی توفیق نہیں مل سکتی۔

## [٤٢]

# التهمة = تہمت

١ ـ مَن وَضَعَ نَفسَهُ مَواضِعَ التُّهَمَةِ فَلا يَلُومَنَّ مَن أساءَ بِهِ الظَّنَّ.

(۱) جس نے خود کو مقام تہمت پر رکھا وہ سوء ظن کرنے والے کی ملامت نہ کرے۔

٢ ـ ضَع أمْرَ أخِيكَ عَلى أحسَنِه حتى يأتيك ما يَغْلِبُكَ مِنه، ولاتَظُنَّنَّ بِكلِمَةٍ خَرجَت مِن أخيك سُوءاً وأنتَ تَجِدُ لها في الخيرِ مَحمِلاً.

(۲) اپنے بھائی کی روش کو (حتی المقدور) اچھی باتوں پر محمل کرو یہاں تک کہ تمہارے پاس کوئی ایسی دلیل نہ آجائے جو اس تصور پر غالب آجائے اور اپنے بھائی کے منہ سے نکلنے والے کسی بھی ایسے کلمہ کے متعلق غلط بات نہ سوچو جس کے لئے کوئی ایک اچھا رخ پایا جاسکتا ہو۔

٣ ـ مَن دَخَل مَداخِلَ السُّوءَ اتُّهِم.

(۳) جو بری جگہوں پر جائے گا وہ متہم ہو جائے گا۔

٤ ـ مَن قَرُبَ مِن الدَّنيَةِ اتُّهِم.

(۴) جو کسی برائی سے قریب ہو گا وہ (اسی سے) متہم ہو جائے گا۔

٥ ـ إتَّهِمُوا عُقُولَكُم فإنَّه مِن الثِّقَةِ بها يَكونُ في الخَطاء.

(۵) اپنی عقلوں کو (غلطی سے) متہم کرو کیونکہ (حد درجہ) اطمینان اور بھروسہ ہی خطاؤں کا سبب ہوتا ہے۔

٦ ـ رُبَّ ناصِحٍ مِن الدُّنيا عِندَك مُتَّهَمٌ.

(۶) بہت سے دنیا کے نصیحت کرنے والے تمہارے نزدیک متہم ہوتے ہیں۔

٧ ـ مَن اتَّهَمَ نَفسَهُ أمِنَ خِداعَ الشيطان.

(۷) جس نے خود اپنے آپ کو برا بھلا کہا وہ شیطان کے دھوکے سے بچا رہے گا۔

٨ ـ مَن وَثِقَ بِقِسَمِ اللهِ لم يَتَّهِمهُ في الرِّزق.

(۸) جو اللہ کی تقسیم (رزق) سے راضی ہو گا وہ رزق کے معاملے میں اس سے کو برا بھلا نہیں کہے گا۔

٩ ـ مَن حَصَّنَ سِرَّهُ مِنك فَقَدِ اتَّهَمَك.

(۹) جس نے تم سے اپنا راز محفوظ رکھا اس نے گویا تم پر (اپنا راز افشا کر دینے کا) الزام رکھا۔

[۴۳]

## الثِّقَةُ = بھروسہ

١ ـ لا يَصدُقُ إيمانُ عَبدٍ حتّىٰ يَكونَ بما في يَدِ اللهِ أوثَقَ مِنهُ بِما في يَدِه.

(۱) کسی بھی بندے کا ایمان اس وقت تک سچا نہیں ہو سکتا جب تک اسے اپنے ہاتھ میں موجود اشیاء سے زیادہ، اللہ کے پاس موجود اشیاء پر بھروسہ نہ ہو۔

٢ ـ لا يَنبغي لِلعبدِ أن يَثِقَ بِخصلَتينِ: العافِيةُ و الغِنىٰ بَينا تَراهُ مُعافىً إذ سَقِمَ و بَينا تَراهُ غَنيّاً إذ افتَقَرَ.

(۲) (اللہ کے) بندے کو دو خصلتوں پر کبھی بھروسہ نہیں کرنا چاہیے ــــ عافیت اور دولت کیونکہ کہ سلامتی و عافیت کے دوران وہ اچانک بیمار ہو جاتا ہے اور مالداری کے دوران دفعتاً فقیر۔

٣ ـ لا مُظاهَرَةَ أوثَقُ مِن المُشاوَرَة.

(۳) مشوروں سے زیادہ بھروسہ مند کوئی پشت پناہ نہیں ہے۔

٤ ـ قِلَّةُ الثِّقَةِ بِغَيرِ الله ذِلَّةٌ.

(۴) غیر اللہ پر تھوڑا بھی بھروسہ کرنا ذلت ہے۔

٥ ـ مَن لَم يَثِق لَم يُوثَق بِه.

(۵) جو کسی پر بھروسہ نہیں کرتا تو اس پر بھی کوئی بھروسہ نہیں کرتا۔

٦ ـ أسوَأُ الناسِ حالاً مَن لا يَثِقُ بِأحَدٍ لِسوءِ ظَنِّه، ولا يَثِقُ به أحَدٌ لسوءِ أثَرِه.

(۶) سب سے بری حالت اس شخص کی ہے جو اپنے سوء ظن کی وجہ سے کسی پر بھروسہ نہ کرے اور اس کے برے اثرات کی بنا پر کوئی دوسرا بھی اس پر بھروسہ نہ کرے۔

٧ ـ الثِّقَةُ باللهِ أقوىٰ أمَل.

(۷) اللہ پر بھروسہ قوی ترین امید ہے۔

٨ ـ أصلُ الرِضىٰ حُسنُ الثِّقَةِ بِالله.

(۸) اصل رضا (تقدیرات الٰہی سے) اللہ پر اچھا بھروسہ ہے۔

٩ ـ الثِّقَةُ بِالنَّفسِ مِن أوثَقِ فُرَصِ الشَّيطان.

(۹) نفس پر بھروسہ کرنا شیطان کے لئے سب سے زیادہ بھروسہ مند موقع ہوتا ہے۔

١٠ ـ مَن وَثِقَ بأنَّ ما قَدَّرَ اللهُ لَهُ لَن يَفوتَهُ استَراحَ قَلبُه.

(۱۰) جسے یہ بھروسہ ہو جائے کہ جو کچھ اللہ کی طرف سے اس کے لئے مقدر ہے وہ اسی کا ہے تو وہ ہمیشہ قلبی سکون محسوس کرے گا

١١ ـ مَن وَثِقَ بِاللهِ صانَ يَقينَه.

(۱۱) جس نے اللہ پر بھروسہ کیا اس نے اپنے یقین کو محفوظ کر لیا۔

١٢ ـ مَن وَثِقَ بِاللهِ تَوَكَّلَ عليه.

(۱۲) جس نے اللہ پر بھروسہ کیا اس نے اس پر توکل کیا۔

١٣ ـ مَن وَثِقَ بِاللهِ غَنِيَ.

(۱۳) جس نے اللہ پر بھروسہ کیا وہ غنی و بے نیاز ہو گیا۔

١٤ ـ مَن وَثِقَ بِقِسَمِ اللهِ لم يَتَّهِمهُ في الرِّزق.

(۱۴) جو اللہ کی تقسیم (رزق) سے راضی ہوگا وہ رزق کے معاملے میں اس کو کچھ نہیں کہے گا۔

١٥ ـ مَن وَثِقَ بِنفسِه خانَتهُ.

(۱۵) جو اپنے نفس پر بھروسہ کرے گا تو نفس اس سے (ضرور) خیانت کرے گا۔

١٦ ـ مَن وَثِقَ بِاحسانِك أشفَقَ على سُلطانِك.

(۱۶) جس نے تمہارا احسان پر بھروسہ کیا اس نے تم پر تمہارے سلطان کو (اللہ) شفیق کیا۔

١٧ ـ مَنِ الذي يَثِقُ بِك إذا غَدرتَ بِذَوي عَهدِك؟

(۱۷) تم پر کون بھروسہ کرے گا اگر تم نے اپنے عہد و پیمان والوں) سے دغا کی۔

١٨ ـ هَلَكَ مَن رَضِيَ عن نَفسِهِ و وَثِقَ بِما تَسَوَّلَهُ له.

(۱۸) جو اپنے نفس سے راضی ہو گا اور اس کی فریب کاریوں پر بھروسہ کرے گا وہ ہلاک ہو جائے گا۔

١٩ ـ لا تَثِق بِمَن يُذيعُ سِرَّك.

(۱۹) اس پر بھروسہ نہ کرو جو تمہارے راز کو افشا کر دے۔

٢٠ ـ لا تَثِقَنَّ بِعَهدِ مَن لا دينَ له.

(۲۰) بے دین پر کبھی بھروسہ نہ کرنا۔

٢١ ـ كن بِعدُوِّك العاقِلِ أوثَقَ مِنك بِصدِيقِك الجاهِلِ.

(۲۱) اپنے عاقل دشمن پر جاہل دوست سے زیادہ بھروسہ کرو۔

٢٢ ـ كفىٰ بِالمرءِ غُروراً أن يَثِقَ بِكُلِّما تَسَوَّل لَهُ نَفسُه.

(۲۲) انسان کے فریب کے لئے بس یہی کافی ہے کہ وہ نفس کی تمام فریب کاریوں پر بھروسہ کرے۔

٢٣ ـ كفىٰ بِالمرءِ سَعادَةً أن يُوثَقَ به في أُمورِ الدِّينِ و الدُّنيا.

(۲۳) انسان کی کامیابی کے لئے یہی کافی ہے کہ اس پر دین و دنیا کے معاملات میں بھروسہ کیا جائے۔

٢٤ ـ إيّاك و الثِقةَ بِنفسك فإنّ ذلك مِن أكبرِ مصائِدِ الشيطان.

(۲۴) اپنے اوپر بھروسہ کرنے سے بچو کیونکہ یہ شیطان کی سب سے بڑی شکار گاہوں میں سے ایک ہے۔

٢٥ ـ أوثَقُ عُرىَ الإيمانِ الحُبُّ في اللهِ و البُغضُ في الله.

(۲۵) بہترین ایمانی رشتہ اللہ کے لئے محبت اور اسی کے لئے نفرت کرنا ہے۔

٢٦ ـ شَرُّ النّاسِ مَن لا يَثِقُ بِأحدٍ لِسُوءِ فِعلِه.

(۲۶) بدترین شخص وہ ہے جو اپنے برے کام کی وجہ سے کسی پر بھروسہ نہ کرے۔

[٤٤]

# الثّنا = ثنا

١ ـ اللّهم ولِكلِّ مُثنٍ على مَن أثنىٰ عليه مِن مَثوبةٍ مِن جَزاءٍ أو عارِفةٍ مِن عَـطاءٍ، و قـد رَجوتُك دليلاً عـلى ذَخـائرِ الرحـمةِ و كُـنُوزِ المَغفِرَة.

(۱) پروردگار ہر تعریف کرنے والے کے لئے وہ جس کی تعریف کرتا ہے اس کی طرف سے اس تعریف کرنے والے کے لئے جزا اور ثواب یا عطا ہوتی ہے اور میں نے تیری رحمت و کنوز مروت کو دیکھ کر تجھ سے امید رکھی ہے۔

٢ ـ و قد كرهتُ ان يكونَ جالَ فى ظَنِّكم أنّي أُحِبُّ الإطراءَ، و استماعَ الثّناء، و لستُ ـ بحمد الله ـ كذلك.

(۲) یہ بات مجھے ناپسند ہے کہ تمہارے ذہن میں یہ خیال آئے کہ میں حد سے بڑھ چڑھ کر تعریف پسند کرتا ہوں اور مجھے مدح و ثنا سننا اچھا لگتا ہے میں ــ الحمد للہ ــ میں ایسا نہیں ہوں۔

٣ ـ وليس لِمواضِعِ المعروفِ فِي غيرِ حَقِّه و عِندَ غيرِ أهلِهِ مِن الحظِّ فيما أتىٰ إلّا مَحْمَدَةُ اللِّئام، و مثناءُ الأشرارِ و مقالَةُ الجُهّالِ ما دامَ مُنعِماً عليهم.

(۳) غیر مستحق اور نا اہل افراد کے ساتھ نیکی کرنے والے کے حصے میں صرف لئیموں، اشرار اور جاہلوں کی تعریفیں اس وقت تک آتی ہیں جب تک وہ ان پر احسان کرتا رہے۔

٤ ـ الثّـناءُ بِأكـثَرَ مِـن الإسـتِحقاقِ مَـلَقٌ، وَالتَّقصِيرُ عَنِ الاستِحقاقِ عِيٌّ أو حَسَدٌ.

(۴) استحقاق سے بڑھ کر تعریف کرنا چاپلوسی ہے اور استحقاق سے تعریف کرنا یا تو ناتوانی ہے یا پھر حسد۔

٥ ـ أقبَحُ الصِّدقِ ثَناءُ المَرءِ على نَفسِه.

(۵) بدترین سچ انسان کا خود اپنے آپ کی (سچی) تعریف کرنا ہے۔

٦ ـ إيّاكَ أَن تُثنِيَ على أحدٍ بِما لَيسَ فيهِ، فإنَّ فِعلَهُ يَصدُقُ عَن وَصفِهِ، و يُكَذِّبُك.

(۶) اس بات سے دور رہو کہ تم کسی شخص کی ایسی باتوں سے تعریف کرو جو اس کے اندر نہ پائی جاتی ہوں کیونکہ اس کا عمل خود اس کی صفات کی تصدیق کرے گا اور تمہیں جھٹلا دے گا۔

٧ ـ إذا مَدحتَ فَاختَصِر.

(۷) جب کسی کی تعریف کرو تو اختصار سے کام لو۔

٨ ـ تزكِيةُ الأشرارِ مِن أعظَمِ الأَوزار.

(۸) برے لوگوں کو اچھا کہنا بدترین گناہوں میں سے ہے۔

٩ ـ حُبُّ الإطراءِ والمدحِ مِـن أوثَـقِ فُـرَصِ الشَّيطان.

(۹) بڑھ چڑھ کر تعریف و ثنا کو پسند کرنا شیطان کے لئے سب سے زیادہ بھروسہ مند موقع ہوتا ہے۔

١٠ ـ خيرُ الثَّناءِ ما جَرى على أَلسِنَةِ الأبرار.

(۱۰) بہترین تعریف وہ ہے جو اچھے لوگوں کی زبانوں پر جاری ہو۔

١١ ـ شَرُّ الثَّناءِ ما جَرى على أَلسنةِ الأَشرار.

(۱۱) بدترین تعریف وہ ہے جو برے لوگوں کی زبانوں پر جاری ہو۔

١٢ ـ كثرةُ الثَّناءِ مَلَقٌ، يُحدِثُ الزَّهوَ، وَيُدني مِن العِزَّة.

(۱۲) بہت زیادہ تعریفیں تکبر و افتخار پیدا کر دیتی ہیں اور بزرگی و عزت کے احساس کو (انسان سے) قریب کر دیتی ہیں۔

١٣ ـ مَن مَدَحَكَ فقد ذَبَحَك.

(۱۳) جس نے تمہاری تعریف کی اس نے تمہارا گلا کاٹ دیا۔

١٤ ـ مَن مَدَحَكَ بِما لَيس فيكَ فَهو ذَمٌّ لَكَ إن عَقَلت.

(۱۴) جس نے تمہاری ان باتوں کے ذریعے تعریف کی جو تمہارے اندر نہیں پائی جاتیں تو اس نے در اصل تمہاری مذمت کی ہے اگر تم سمجھ سکو تو۔

١٥ ـ مَن أُثنِيَ عليهِ بِمَا ليس فيهِ سُخِرَ بِه.

(۱۵) جس کی، اس میں نہ پائی جانے والی چیزوں کے ذریعے مدح کی گئی (گویا) اس کا مذاق اڑایا گیا۔

١٦ ـ مَن مَدَحَ نَفسَهُ فَقَد ذَبَحَها.

(۱۶) جس نے خود اپنے نفس کی (یعنی اپنے آپ کی) تعریف کی اس نے اسے ذبح کیا۔

[ ٤٥ ]

# الثَّواب = ثواب

١ ـ إنَّ اللهَ سُبحانهُ وَضَعَ الثَّوابَ على طَاعتِهِ، و العِقَابَ على مَعصيتِهِ، ذِيادَةً لعِبَادهِ عَن نِقمَتِهِ، وَحِيَاشَةً لَهُم إلى جَنَّتِهِ.

(۱) بلاشبہ خداوند تعالیٰ نے اپنی اطاعت کے بدلے ثواب اور اپنی معصیت کے بدلے عقاب اس لئے رکھا ہے تاکہ وہ اپنے بندوں کو سزا سے دور اور بہشت سے قریب کر سکے۔

٢ ـ كَفىٰ بِالجنّةِ ثَواباً و نَوالاً، و كَفىٰ بِالنّارِ عِقاباً و وَبالاً.

(۲) جنت نیکو کاروں کے ثواب اور حصول کے لئے کافی ہے اور جہنم عقاب و معصیت کے لئے کافی ہے۔

٣ ـ مَن أتاهُ مالاً فَلْيَصِلْ به القِرابة ولْيُحسِن منه الضِّيافَة... ولْيَصْبِرْ نَفسَهُ عَلَى الحُقُوقِ و النَّوائِبِ ابتغاءَ الثواب.

(۳) جسے کوئی دولت مل جائے تو اسے اسی دولت کے ذریعے رشتہ داروں کی مدد اور بہترین مہمان نوازی کرنا چاہئے اور حقوق و حصول ثواب کے معاملے میں اپنے آپ کو صبر دلانا چاہئے۔

٤ ـ مَن ماتَ مِنكم على فِراشِهِ و هُو علىٰ مَعرفةِ حقِّ ربِّه و حقِّ رسولِهِ و أهلِ بيتِهِ ماتَ شهيداً و وَقَعَ أجرُهُ على اللهِ، و استوجَبَ ثوابَ ما نَوىٰ مِن صالحِ عَمَلِهِ، و قامَتِ النيّةُ مَقامَ إصلاتِه لِسيفه.

(۴) تم میں سے جو اللہ، اس کے رسول اور اہل بیت رسول علیہم السلام کی معرفت رکھتے ہوئے اپنے بستر پر (بھی) مر جائے تو وہ شہید ہوگا، اس کا اجر اللہ کے ذمہ ہوگا اور اس نے جن نیک اعمال کی (صرف) نیت بھی کر لی تھی اسے اس کا بھی ثواب ملے گا اور اس کی نیت (اللہ کی راہ میں) تلوار اٹھانے کے برابر ہوگی۔

٥ ـ المتَّقون فيها [ في الدُّنيا ] هم أهلُ الفضائل: مَنطِقُهُمُ الصواب و مَلْبَسُهُمُ الإقتصاد و مَشْيُهُمُ التواضُع... ولولا الأجلُ الذي كَتَبَ اللهُ عليهم لم تَستَقِرَّ أرواحُهُم في أجسادِهِم طرفةَ عَينٍ، شَوقاً إلى الثواب و خَوفاً مِن العِقاب.

(۵) دنیا میں متقی اسطرح رہتے ہیں کہ — فضیلتیں ان کی ملکیت، باتیں سچی اور میانہ روی ان کا جامہ، تواضع ان کی روش ہوتی ہے اور اگر خدا کی معین کردہ اجل (موت کا خاص وقت) نہ ہوتی تو فرط شوق و خوف عذاب سے ایک لمحہ بھی ان کی روحیں ان کے جسموں میں نہ ٹھہرتیں۔

٦ ـ لاتِجارَةَ كَالعملِ الصَّالحِ، و لا ربحَ كَالثَّواب.

(۶) عمل صالح جیسی کوئی تجارت اور ثواب جیسا کوئی فائدہ نہیں۔

٧ ـ أُزجُرِ المُسيءَ بِثوابِ المُحسن.

(۷) گنہ گار کی، نیکو کار کے ثواب کے ذریعے تنبیہ کرو۔

۸ ـ إنَّما الأَجرُ في القَولِ بِـالـلِّسانِ، وَ العـملِ بِالأَيدِي وَالأَقدَام.

(۸) بلاشبہ اجر قول میں زبان کے ذریعے اور عمل میں ہاتھ پاؤں کے ذریعے ممکن ہے۔

۹ ـ العجبُ ممَّن خَافَ العقابَ فلم يَكُفَّ، ورجا الثَّوابَ فلم يَعمَلْ.

(۹) تعجب ہے اس شخص پر جو عتاب سے تو ڈرتا ہے مگر گناہوں سے) اپنے آپ کو روکتا نہیں اور ثواب کی امید تو رکھتا ہے مگر عمل (صالح) نہیں کرتا۔

۱۰ ـ الثَّوابُ عنداللهِ سُبحانهُ على قَدْرِ المُصاب.

(۱۰) اللہ کے پاس مصیبتوں کی مقدار میں ثواب ہے۔

۱۱ ـ إكتِسابُ الثَّوابِ أَفـضلُ الأَربـاحِ، وَ الإقبالُ على اللهِ رأسُ النَّجاح.

(۱۱) حصول ثواب بہترین منافع، اور اللہ کے سامنے (اعمال حسنہ کی وجہ سے) سربلندی، عین سعادت ہے۔

۱۲ ـ لا ذُخرَ كالثَّواب.

(۱۲) ثواب جیسا کوئی ذخیرہ نہیں ہے۔

[ ٤٦ ]

# الجزع = بے تابی

١ ـ [ وقد عَزّىٰ الاشعث بن قيس عن ابن له قال: ] . . . إن صبرتَ جَرىٰ عليكَ القَدَرُ و أَنتَ مأجُورٌ، و إن جَزِعتَ جَرىٰ عليكَ القَدَرُ وَأَنتَ مَأزُورٌ.

(۱) اشعث بن قیس کو بیٹے کی موت پر تعزیت پیش کرتے وقت فرمایا۔ "اگر تم صبر کروگے تب بھی قضا و قدر الٰہی جاری ہوگی مگر تمہیں صبر کا اجر ملے گا لیکن اگر تم نے بیتابی کا اظہار کیا تب بھی قضا و قدر الٰہی (تو) جاری ہوگی مگر تم گنہ گار ہو جاؤ گے۔"

٢ ـ مَن لَم يُنجِهِ الصَّبرُ أَهلَكَهُ الجزَعُ.

(۲) جسے صبر نجات نہ دے سکا اسے بیتابی ہلاک کر دے گی۔

٣ ـ الصَّبرُ يُناضِلُ الحدثَانَ، والجَزَعُ مِن أَعوانِ الزَّمان.

(۳) صبر، حادثات کو پیچھے اور کمزور کر دیتا ہے جبکہ بیتابی حوادث روز گار کی معاون ہوتی ہے۔

٤ ـ الجزَعُ أَتعبُ [ أَعتبُ ] مِن الصَّبر.

(۴) بیتابی صبر سے زیادہ تھکاتی ہے۔

٥ ـ الجزَعُ عندَ البلاءِ تَمامُ المِحنَة.

(۵) بلاؤں کے وقت بیتابی کا اظہار بڑی سختیوں کی تکمیل ہے۔

٦ ـ إن كُنتَ جازِعاً على ما يُفلِتُ مِن يَديكَ، فَاجزَع على ما لَم يَصِل إِليك.

(۶) اگر تم ان اشیاء کے لئے بیتاب ہو جس سے تم ہاتھ دھو چکے ہو تو ان چیزوں کے لئے بھی بیتابی کا اظہار کرو جو اب تک تمہارے ہاتھ نہیں لگیں ہیں۔

٧ ـ عَليكُم بِالصَّبرِ، فَإِنَّ بِهِ يَأخُذُ الحَازِمُ، وَ إِلَيهِ يَلجَأُ الجَازِع.

(۷) تمہارے لئے (مصیبتوں کے وقت) صبر کرنا ضروری ہے کیونکہ دور اندیش افراد اسی کو اختیار کرتے ہیں اور بیتاب لوگ اسی صبر کے دامن میں پناہ گزیں ہوتے ہیں۔

٨ ـ المُصِيبَةُ وَاحِدَةٌ، فَإِن جَزِعتَ كانَت اثنَتَين.

(۸) (کوئی بھی) مصیبت ایک ہوتی ہے اور اگر تم نے بیتابی کا اظہار کیا تو وہ دو ہو جاتی ہے۔

٩ ـ إغلِبُوا الجزَعَ بِالصَّبرِ، فَإِنَّ الجزَعَ يُحبِطُ الأَجرَ ويُعظِّمُ الفَجِيعَة.

(۹) بیتابی پر صبر کے ذریعے غلبہ حاصل کرو کیونکہ (مصیبتوں پر) بیتابی اجر و ثواب کو برباد اور مصیبت کو بڑھا دیتی ہے۔

١٠ ـ الجزَعُ عندَ المُصِيبةِ يَزيدُها، والصَّبرُ علَيها يُبيدُها.

(۱۰) مصیبت پر بیتابی اسے بڑھا دیتی ہے جبکہ (ایسے وقت میں) صبر اسے ختم کر دیتا ہے۔

١١ ـ ألجزَعُ لايـدفعُ القَـدَرَ، وَلَكـن يُحـبِطُ الأَجر.

(۱۱) بیتابی قضائے الٰہی کو نہیں ٹال سکتی البتہ اجر و ثواب کو برباد کر دیتی ہے۔

١٢ ـ ألجزَعُ عندَ المُصِيبةِ أَشَدُّ مِنَ المُصِيبة.

(۱۲) مصیبت کے وقت بیتابی کا اظہار مصیبت سے زیادہ سخت ہے۔

١٣ ـ مَـن مَـلَكَهُ الجَـزعُ حَـرَمَ فَـضِيلَةَ الصَّبر.

(۱۳) جس پر بیتابی غالب ہو گئی اس کے ہاتھوں سے فضیلت صبر چلی گئی۔

١٤ ـ لَيس مَعَ الجَزَعِ مَثُوبَة.

(۱۴) بیتابی کے ساتھ کوئی ثواب نہیں۔

١٥ ـ مَـن جـزِعَ فَـنفسَهُ عَـذَّبَ، وَأَمـرَ اللهِ سُبحانهُ أَضاعَ، وَثَوابَهُ بَاعَ.

(۱۵) جس نے بیتابی کا (لوگوں کے سامنے) اظہار کیا اس نے خود ہی اپنے آپ کو عذاب میں مبتلا کیا امر الٰہی کو ضائع کیا اور اپنے ثواب کو بیچ ڈالا۔

١٦ ـ لا يَجتَمِعُ الصَّبرُ والجزَع.

(۱۶) صبر و بیتابی اکٹھا نہیں ہو سکتے۔

١٧ ـ لا تجزَعُوا مِن قَلِيلِ ما أَكرَهتُم، فَيُوقِعَكُم ذلِكَ في كثيرِ ما تَكرَهُون.

(۱۷) تھوڑی بہت ناپسندیدہ چیزوں پر اظہار بیتابی نہ کرو ورنہ یہ بیتابی تمہیں ایسی بہت سی ناپسندیدہ چیزوں سے دوچار کر دے گی۔

[٤٧]

# الجماعت = گروہ، جماعت

١ ـ الزَمُوا السَّوادَ الأعظم فإنَّ يدَ اللهِ مَعَ الجماعَةِ، و إيّاكُم و الفُرقَةَ، فإنّ الشّاذَّ مِن النّاس للشيطانِ، كما أنَّ الشّاذَّ مِنَ الغَنمِ للذِئب.

(۱) گروہ (حق) کے ساتھ ہو جاؤ کیونکہ اللہ کا ہاتھ گروہ و جماعت کے ساتھ ہے اور تفرقہ بازی سے بچو کیونکہ لوگوں سے الگ تھلگ رہنے والا شخص اسی طرح شیطان کا شکار ہوتا ہے جس طرح گلہ سے بھٹکی ہوئی بھیڑ، بھیڑئے کے حصے میں آتی ہے۔

٢ ـ لا تكُونوا أنصابَ الفِتَنِ، و أعلامَ البِدَعِ و إلزَمُوا ما عُقِدَ عليهِ حَبلُ الجَماعَة.

(۲) فتنوں اور بدعتوں کی علامتیں نہ بنو بلکہ اہل جماعت نے جو کچھ طے کیا ہے اسی کے پابند رہو۔

٣ ـ إنّ الشيطانَ يُسَنّي لكم طُرُقَهُ، و يُريدُ أن يَحُلَّ دِينَكُم عُقدةً عُقدَةً و يُعطِيَكُم بالجماعَة الفُرقَة.

(۳) بلاشبہ شیطان اپنی راہوں کو تمہارے سامنے آسان بنا کر پیش کرتا ہے، تمہارے دین کو لحظہ بلحظہ کمزور کرتا جاتا ہے اور تمہارے اجتماع و ہم آہنگی کو تفرقہ و پھوٹ میں بدل دیتا ہے۔

٤ ـ إنّه لا غِناءَ في كِثرةِ عَدَدِكُم معَ قلّةِ اجتماعِ قُلوبِكم.

(۴) اعداد و شمار کے اعتبار سے بہت ہی زیادہ ہونے میں چنداں فائدہ نہیں اگر تمہارے قلوب آپس میں جدا جدا ہوں۔

٥ ـ كَدَرُ الجَماعَةِ خيرٌ مِن صَفوِ الفُرقَة.

(۵) جماعت و گروہ کی کدورتیں، متفرق اور الگ الگ لوگوں کی صاف دلی سے بہتر ہے۔

٦ ـ الفُرقةُ أهلُ الباطلِ و إن كَثُرُوا، وَ الجماعَةُ أهلُ الحَقِّ وَإن قَلُّوا.

(۶) صاحب تفرقہ لوگ اہل باطل ہوتے ہیں بھلے ہی وہ لوگ زیادہ ہوں اور ہم آہنگ لوگ اہل حق ہوا کرتے ہیں بھلے ہی وہ کم ہوں۔

٧ ـ الجَماعَةُ ـ واللهِ ـ مُجامَعَةُ أهلِ الحَقِّ و إن قَلُّوا، والفُرقَةُ مُجامَعَةُ أهلِ الباطلِ وَإن كَثُرُوا.

(۷) ہم آہنگ و متحد افراد ــــ خدا کی قسم ــــ اہل حق کا اجتماع ہیں بھلے ہی وہ کم ہی کیوں نہ ہوں اور متفرق افراد دراصل اجتماع باطل ہیں بھلے ہی وہ زیادہ ہی کیوں نہ ہوں۔

٨ ـ إلزَمُوا الجماعةَ وَاجتَنِبُوا الفُرقَة.

(۸) جماعت کے پابند رہو اور تفرقہ پردازی سے دور رہو۔

[٤٨]

# الجنّة = جنت

١ ـ ما خيرٌ بخيرٍ بَعدَهُ النّارُ، و ما شرٌّ بشرٍّ بَعدَهُ الجنَّةُ، وكُلُّ نَعيمٍ دَوْنَ الجَنَّةِ فهو مَحْقُورٌ، وكُلُّ بلاَءٍ دونَ النَّارِ عافِيةٌ.

(۱) وہ اچھائی، اچھائی نہیں جس کے بعد آتش جہنم ہو اور وہ برائی، برائی نہیں جس کے بعد جنت ہو (کیونکہ) جنت کے علاوہ تمام آسائشیں حقیر اور جہنم کے علاوہ تمام بلائیں عافیت ہیں۔

٢ ـ مَن اشتاقَ إلى الجنَّةِ سلاَ عنِ الشَّهوات.

(۲) جو جنت کا مشتاق ہوگا وہ (خواہشات سے) بھول سے نکل جائے گا

٣ ـ إنَّ اللهَ سبحانهُ وَضَعَ الثَّوابَ على طاعتهِ، وَالعقَابَ على معصيتهِ، ذِيـادَةً لِعِـبادهِ عـن نقِمَتِه، وحِياشةً لهم الى جَنَّتِه.

(۳) بلاشبہ خداوند تعالیٰ نے اپنی اطاعت کے بدلے ثواب اور معصیت کے بدلے عقاب اس لئے رکھا ہے تاکہ وہ اپنے بندوں کو سزا سے دور، اور بہشت سے قریب کر سکے۔

٤ ـ أَلاَ و مَن اَكلَهُ الحقُّ فَإلى الجَنَّةِ، و من أَكَلَهُ الباطلُ فَإلى النَّار.

(۴) آگاہ ہو جاؤ کہ جسے حق نے اپنا لیا وہ جنتی ہے اور جو باطل کا لقمہ بنا وہ جہنمی ہے۔

٥ ـ أَلجنَّةُ تحتَ أَطرافِ العوالي.

(۵) جنت بھالوں کی نوک کے نیچے ہے۔

٦ ـ إنَّ اللهَ سـبحانَهُ يُـدخِلُ بِـصدقِ النِّـيةِ والسَّريرةِ الصَّالحةِ مَن يَشاءُ مِن عبادهِ الجنَّة.

(۶) اللہ تعالیٰ صدق نیت اور باطن کی پاکیزگی کی وجہ سے اپنے بندوں میں جسے چاہے گا جنت میں داخل کرے گا۔

٧ ـ ما بينَ أَحَدِكُم و بينَ الجـنَّةِ أَو النَّـارِ إلاّ الموتُ أَن يَنزِلَ به.

(۷) تمہارے اور جنت و جہنم کے درمیان صرف نازل ہونے والی موت ہی ہے۔

٨ ـ مَن خَرَجَ مِن الدُّنيا لاَ يُشرِكُ بِاللهِ شَـيئاً دَخَلَ الجنَّة.

(۸) جو دنیا سے اس حالت میں گیا کہ اس نے کسی کو اللہ کا شریک نہیں قرار دیا (تو) وہ داخل جنت ہوگا۔

٩ ـ ليسَ لأَنفِسكُم ثَمَنٌ إلاّ الجنَّةَ، فلا تَبيعُوها إلاّ بِها.

(۹) تمہارے نفسوں کی جز جنت کوئی اور قیمت نہیں لہذا اس کو جنت کے علاوہ کسی اور شئے کے عوض (ہر گز) فروخت نہ کرو۔

١٠ ـ لقد سَبَقَ إلى جَنَّاتِ عَدنٍ أَقوامٌ ما كَانُوا أَكْثرَ النَّاسِ صَلاةً و لا صِياماً و لا حَجّاً و لا

(۱۰) بہت سی ایسی قومیں جنت عدن کی طرف بڑھ گئیں جو نماز و روزہ اور حج و عمرہ میں (تو) سب لوگوں سے بڑھکر نہ تھیں مگر انھوں

اعتباراً، وَلٰكِن عَقَلُوا عنِ اللهِ أَمرَهُ فَحَسُنَت طَاعَتُهُم، و صَحَّ وَرَعُهُم، و كَمُلَ يَقينُهُم، فَفاقُوا غيرَهُم بِالحُظوَةِ و رَفيعِ المَنزِلة.

نے اللہ کے امور میں تامل کیا، انھیں سمجھا جس کے نتیجے میں ان کی اطاعت گذاری بہترین، اور تقویٰ درست اور یقین کامل ہو گیا جس کے سبب وہ دوسروں سے زیادہ مرتبہ والے ہو گئے۔

۱۱ ـ أَربَعةٌ تَدعُوا إلى الجنَّةِ: كِتمانُ المُصيبةِ و كِتمانُ الصَّدقةِ وبِرُّ الوالِدَينِ والإِكثارُ مِن قَولِ لاإلٰهَ إلّا الله.

(۱۱) چار چیزیں جنت کی طرف بلاتی ہیں، مصیبت کو چھپانا، چھپا کر صدقہ دینا، والدین سے نیکی اور بکثرت "لاالٰہ الااللہ" کہنا۔

۱۲ ـ الجنَّةُ جَزاءُ المُطيع.

(۱۲) جنت، اطاعت گذاروں کی جزا ہے۔

۱۳ ـ الجنَّةُ دارُ الأَمان.

(۱۳) جنت امن کی جگہ ہے۔

١٤ ـ الجنَّةُ مَآلُ الفائِز.

(۱۴) جنت کامیاب کا سرمایہ ہے۔

١٥ ـ الجنَّةُ أَفضَلُ غايةٍ.

(۱۵) بہترین مقصود، جنت ہے۔

١٦ ـ الجنَّةُ غَايةُ السَّابقِين.

(۱۶) جنت سابقین (اللہ کی راہ میں سبقت کرنے والوں) کا مقصد ہے

١٧ ـ الجنَّةُ دارُ السُّعَداء.

(۱۷) جنت کامیاب لوگوں کا ٹھکانا ہے۔

١٨ ـ غايةُ التَّسليمِ الفَوزُ بِدارِ النَّعيم.

(۱۸) احکام الٰہی کے سامنے تسلیم و رضا کا نتیجہ، دار نعیم (جنت) کا انعام ہے۔

١٩ ـ أَلا و إِنّي لم أَرَ كَالجنَّةِ نامَ طَالِبُها، و لا كالنّارِ نامَ هارِبُها.

(۱۹) میں نے طالب جنت جیسا کوئی شخص نہیں دیکھا جو اپنے مطلوب سے غافل ہو اور نہ ہی جہنم سے بھاگنے والے جیسا (شخص) دیکھا جو اس قدر غافل ہے۔

٢٠ ـ لا يَفوزُ بِالجنَّةِ إلّا مَن حَسُنَت سَريرَتُهُ، وَخَلَصَت نِيَّتُه.

(۲۰) جنت، صرف اس کو حاصل ہو گی جس کا باطن نیک اور نیت خالص ہو گی۔

٢١ ـ لا تُحصَل الجنَّةُ بِالتَّمَنّي.

(۲۱) محض تمنا کرنے سے جنت حاصل نہیں ہو گی۔

٢٢ ـ وَفدُ الجنَّةِ أَبداً مُنعَّمُون.

(۲۲) جنت میں آنے والے ہمیشہ آسائشوں میں رہیں گے۔

[ ٤٩ ]

# الجوار = پڑوس

١ ـ [ يا بُنيّ ] سَل عن الرَّفيقِ قبلَ الطَّـريقِ، وعن الجارِ قبلَ الدَّار.

(۱) (اے بیٹے) راستے سے پہلے ہم سفر اور گھر سے پہلے پڑوسی کے متعلق پوچھ لو۔

٢ ـ أللهَ اللهَ في جِـيرانِكُـم، فـإنَّهُم وَصِـيَّةُ نَبِيِّكُم، ما زالَ يُوصِي بهـم حـتَّى ظَـنَنَّا أنَّـهُ سَيُوَرِّثُهُم.

(۲) اللہ اللہ کیا مرتبہ ہے تمہارے ہمسایوں کا، یقیناً وہ لوگ تمہارے نبی کی وصیت ہیں آپ ان کے متعلق اس قدر وصیت کرتے تھے کہ ہمیں گمان ہوا کہ آنحضرت (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) انھیں کو اپنا وارث بنادیں گے۔

٣ ـ فتَعَصَّبُوا لِخلالِ الحَمدِ: مِن الحِفظِ لِلجوارِ، والوفاءِ بالذِّمام.

(۳) اچھی صفتوں، مثلاً پڑوس کی حفاظت، وفائے عہد کی حفاظت میں سنجیدگی سے کام لو۔

٤ ـ بِئس الجارُ الغَنيُّ، يَبعَثُ عليكَ ما لا يُعِينُكَ عليه.

(۴) کتنا بدتر ہے وہ مالدار پڑوسی جو تمھیں کسی کام کی ترغیب تو کرے مگر اس سلسلے میں تمہاری کوئی مدد نہ کرے۔

٥ ـ جَنِّبُوا مَوتاكُم في مَدافِنِهِم جارَ السَّـوءِ، فإنَّ الجارَ الصَّالحَ يَنفَعُ في الآخرةِ كما يَنفَعُ في الدُّنيا.

(۵) اپنے میتوں کو برے پڑوس کے پاس دفن کرنے سے اجتناب کرو کیونکہ صالح ہمسایہ آخرت میں بھی اسی طرح فائدہ پہنچاتا ہے جس طرح دنیا میں فائدہ پہنچاتا ہے۔

٦ ـ يَنبَغِي لِذَوي القَراباتِ أن يَتَزاوَرُوا، و لا يَتجاوَرُوا.

(۶) رشتہ داروں کو ایک دوسرے کی مدد کرنا چاہئے لیکن ایک دوسرے کا پڑوسی نہیں ہونا چاہیے۔

٧ ـ أَحسِن جِوارَ مَن جاوَرَكَ تَكُن مُسلِماً.

(۷) اپنے پڑوس میں رہنے والے کے ساتھ حسن سلوک کرو تو (حقیقی) مسلمان ہوجاؤ گے۔

٨ ـ أَربَعةٌ مِن الشَّقاءِ: جارُ السَّـوءِ، و وَلَـدُ السَّوءِ، و امرَأَةُ السَّوءِ، و المَنزِلُ الضَّيِّق.

(۸) چار چیزیں بدبختی ہیں، برا پڑوسی، بری اولاد، بری عورت اور تنگ گھر۔

٩ ـ جارُ السَّوءِ أَعظَمُ الضَّرَّاءِ، وَ أَشَدُّ البلاء.

(۹) برا ہمسایہ بہت بڑا نقصان اور عظیم مصیبت ہوتا ہے۔

۱۰۔ جَاوِر مَن تَأمَنُ شَرَّهُ، و لا يَعدُوكَ خَيرُه.

(۱۰) اس شخص کے ہمسایہ بنو جس کی برائیوں سے تم امان میں رہو اور جس کی نیکیاں تم سے دور نہ رہیں۔

۱۱۔ مَن يَطَّلِع عَلىٰ أَسرارِهِ جارُه اِنهَتِكَتْ سَتْرُه.

(۱۱) جو اپنے ہمسائے کے رازوں کی کھوج میں رہتا ہے اس کے اسرا بھی طشت از بام ہو جاتے ہیں۔

۱۲۔ مِن المُرُوَّةِ تَعَهُّدُ الجِيران.

(۱۲) پڑوسیوں کے کاموں میں ہاتھ بٹانا مروت کی علامت ہے۔

۱۳۔ مِن عَلامَةِ اللُّؤمِ سُوءُ الجَوار.

(۱۳) برا پڑوسی بد بختی کی علامت ہے۔

۱٤۔ مَن حَسُنَ جوارُهُ كَثُرَ جِيرانُه.

(۱۴) جس کا پڑوس اچھا ہو گا اس کی پڑوسی بھی زیادہ ہو جائیں گے۔

۱۵۔ حريمُ المَسجِد أربعون ذراعاً و الجوار أربعونَ داراً من أربعةِ جَوانبها.

(۱۵) حریم (حدود) مسجد چالیس ذراع (۲۰ میٹر) اور گھر کے چاروں اطراف چالیس گھر پڑوسی ہیں۔

[ ٥٠ ]

# الجود = جود

١ ـ الجُودُ حارِسُ الأعْراض.

(۱) جود و سخاوت آبرو کی نگہبان ہے۔

٢ ـ مَن أيقَنَ بالخَلَفِ جادَ بالعَطِيَّة.

(۲) جسے جزا کی امید ہو گی وہ صاحب عطیات و تحائف ہو گا۔

٣ ـ قال ﷺ : العَدلُ يَضَعُ الأمُورَ مَواضِعَها، والجُودُ يُخرِجُها مِن جِهَتِها. . . .

(۳) آپ نے فرمایا۔"عدل امور کو ان کے موارد پر رکھ دیتا ہے جبکہ سخاوت انھیں ان کی جہتوں سے خارج کر دیتا ہے۔"

٤ ـ غايَةُ الجُودِ بَذلُ المَوجُود.

(۴) سخاوت کی انتہا، موجودہ اشیاء کو دینا ہے۔

٥ ـ الجَوادُ مَن بَذَلَ ما يُضَنُّ بِمِثلِه.

(۵) جواد و سخی وہ ہے جو ان چیزوں کو بھی بانٹ دے جن میں کنجوسی برتی جاتی ہے۔

٦ ـ مَن جَادَ بِمالِه فَقد جَادَ بِنَفسِهِ، فإن لَم يَكُن جَادَ بِها بِعَينِها فَقَد جادَ بِقِوامِها.

(۶) جس نے اپنی دولت عطا کر دی گویا اس نے اپنے نفس و جان کو عطا کر دیا کیونکہ بھلے ہی اس نے حقیقتاً نفس نہیں بخشا مگر اس کی پائیداری کے سبب (دولت) کو تو عطا کر دیا ہے۔

٧ ـ مِن أفضَلِ أعمَالِ البِرّ: الجُودُ في العُسرِ، والصِّدقُ في الغَضَب، والعَفوُ عِند القُدرَة.

(۷) بہترین نیک اعمال، تنگ دستی میں سخاوت، غصہ میں سچ اور قدرت کے ہوتے ہوئے معاف کر دینا ہیں۔

٨ ـ سُنَّةُ الكِرامِ الجُود.

(۸) کریم النفس لوگوں کی روش سخاوت ہے۔

٩ ـ جُودُ الرَجُلِ يُحَبِّبُهُ إلىٰ أضدادِهِ، وبُخلُهُ يُبَغِّضُهُ إلىٰ أولادِه.

(۹) آدمی کی سخاوت اسے دشمنوں میں بھی محبوب بنا دیتی ہے جبکہ اس کا بخل خود اسے اس کی اولاد کے درمیان بھی قابل نفرت بنا دیتا ہے۔

١٠ ـ بالجُودِ تَسُودُ الرِّجال.

(۱۰) سخاوت کے ذریعے لوگ سردار بن جاتے ہیں۔

١١ ـ أفضَلُ الجُودِ إيصالُ الحُقُوقِ إلى أهلِها.

(۱۱) سب سے بڑی سخاوت، مستحق تک اس کا حق پہنچا دینا ہے۔

١٢ ـ الجَوادُ في الدُّنيا مَحمُودٌ، وفي الآخِرة مَسعُودٌ.

(۱۲) سخی دنیا میں قابل ستائش اور آخرت میں کامیاب ہوتا ہے۔

١٣ ـ النَاسُ رَجُلانِ: جَوادٌ لا يَجِدُ، وواجِدٌ لا يُسعِف.

(۱۳) لوگ دو طرح کے ہوتے ہیں، سخی جو دولت نہیں پاتا اور دولت مند جو سخاوت نہیں کرتا۔

[ ۵۱ ]

# الجهاد = جہاد

١ ـ والجهادُ مِنها [ من دَعائِمَ الإيمانِ ] على أَربع شُعَبٍ: على الأَمرِ بِالمَعرُوفِ، والنَّهي عن المُنكَرِ، و الصِّـدقِ فِي المَـواطِـنِ، و شَـنَئَآنِ الفاسقِينَ. فَمَن أَمَـرَ بِـالمَعرُوفِ شَـدَّ ظُـهُورَ المُؤمِنِينَ، وَ مَن نَهى عن المُنكَرِ أَرغَمَ أُنُـوفَ الكافِرِينَ، وَ مَن صَدَقَ فِي المواطنِ قَضَىٰ مـا عليهِ، وَ مَـن شَـنِيءَ الفَـاسِقِينَ وغَـضِبَ للهِ غَضِبَ اللهُ له وَ أَرضَاهُ يَومَ القيامَة.

(۱) جہاد جو اسلام کے ستونوں میں سے ایک ہے چار شعبوں میں تقسیم ہوتا ہے ، امر بالمعروف ، نہی عن المنکر ، ہر موقع پر سچ اور فاسقوں سے نفرت کرنا لہذا جس نے امر بالمعروف کیا اس نے مومنوں کی کمر مضبوط کی اور جس نے نہی عن المنکر انجام دیا اس نے کافروں کی ناک زمین پر رگو دی اور جو اکثر مقام پر سچ بولتا ہے وہ اپنے لئے مضر اشیاء کو (اپنے سے) دور کر دیتا ہے اور جس نے فاسقوں سے اظہار نفرت کیا اور اللہ کے لئے (ان پر) غضبناک ہوا تو اللہ بھی اس کی خاطر (اس کے دشمنوں پر) غضبناک ہو گا۔ اور روز قیامت اسے راضی کر دے گا۔

٢ ـ أَوَّلُ ما تُغلَبُونَ عَلَيهِ مِن الجِهادِ، الجِـهادُ بِأَيديكُم، ثُمَّ بِأَلسِنَتِكُم، ثُمَّ بِـقُلوبِكُم، فَـمَن لم يَعرِف بِقَلبِهِ مَعروفاً، ولم يُنكِر مُنكَراً، فَجُعِلَ أَعلاهُ أَسفَلَهُ، و أَسفَلُهُ أَعلاه.

(۲) جس جہاد کے ذریعے تم سب سے پہلے مغلوب ہو گے وہ ہاتھوں سے جہاد ہے پھر زبان سے اور پھر دلوں کے ذریعے ، لہذا جو دل سے کسی اچھے کام پر خوش اور برے کام پر اظہار نفرت نہ کرتا ہو وہ اس طرح الٹ دیا جائے گا کہ اس کا اوپری حصہ نیچے اور نچلا حصہ اوپر ہو گا۔

٣ ـ الحجُّ جِهادُ كُلِّ ضَعيفٍ . . . و جِهادُ المرأَةِ حُسنُ التَّبعُّل.

(۳) حج ہر کمزور شخص کا جہاد ہے اور بہترین شوہرداری (خانہ داری) عورت کا جہاد ہے۔

٤ ـ أَمّا بَعدُ، فإنَّ الجِهادَ بابٌ مِن أَبوابِ الجنَّةِ، فَتحَهُ اللهُ لِخاصَّةِ أَوليائِهِ، وهو لِباسُ التَّقوىٰ، ودِرعُ اللهِ الحَصينَةُ، وَجُنَّتُهُ الوَثيقَةُ، فَمَن تَرَكَهُ رَغبَةً عَنهُ أَلبَسَهُ اللهُ ثَوبَ الذُّلِّ، وشَمِلَهُ البلاءُ، و دُيِّثَ بِالصَّغارِ وَالقَماءَةِ، وَضُرِبَ على قَلبِهِ

(۴) اما بعد ، بلاشبہ جہاد جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے جسے اللہ نے اپنے خاص دوستوں کے لئے کھول رکھا ہے وہی لباس تقویٰ ، اللہ کی مضبوط زرہ اور بھروسے مند سپر ہے لہذا جو جہاد کو ناپسندیدگی کی بنا پر ترک کر دیتا ہے اسے اللہ ذلت کا جامہ پہنا کر بلاؤں کی ردا اوڑھا دیتا ہے اور وہ ذلتوں اور رسوائیوں کے ساتھ

بِالإسهَاب، وأُدِيلَ الحقُّ منهُ بِتَضيِيعِ الجِهادِ، وَسِيمَ الخَسفَ، و مُنِعَ النَّصف.

ٹھکرا دیا جاتا ہے، مدہوشی و غفلت کا حجاب اس کے دل پر ڈال دیا جاتا ہے اور جہاد کو ضائع کرنے کی وجہ سے حق اس سے چھین لیا جاتا ہے، اسے ذلت سہنا پڑتی ہے اور انصاف سے اسے روک دیا جاتا ہے۔

٥ ـ اللهَ اللهَ فِي الجِهادِ بِأَموالِكُم وَ أَنفسِكُم وَأَلسِنَتِكُم فِي سَبِيلِ الله.

(۵) اللہ اللہ (کیا مرتبہ ہے) اپنی دولت، جان اور زبان کے ذریعے راہ خدا میں جہاد کرنے میں۔

٦ ـ إِنَّ أَفضَلَ مَا تَوَسَّلَ بِهِ المُتَوَسِّلُونَ إلى اللهِ سُبحانَهُ و تَعالىٰ الإيمانُ بِهِ و بِرسولِهِ والجِهادُ في سبيلِهِ فإِنَّه ذِروَةُ الاسلام.

(۶) اللہ سے توسل اختیار کرنے والوں کے لئے سب سے افضل چیز اس پر اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پر ایمان رکھنا اور اس کی راہ میں جہاد کرنا ہے کیونکہ بلاشبہ یہ اسلام کی سر بلند چوٹی ہے۔

٧ ـ جَاهِدُوا أَهواءَكُم كما تُجاهِدُونَ أَعداءَكُم.

(۷) اپنی خواہشات سے اسی طرح جہاد کرو جس طرح تم اپنے دشمنوں سے لڑتے ہو۔

٨ ـ حُبِّبَ إِليَّ مِن دُنياكُم ثَلاثَةٌ: إِكرامُ الضَّيفِ، وَالصَّومُ فِي الصَّيفِ، وَالضَربُ في سبيلِ اللهِ بالسَّيف.

(۸) مجھے تمہاری دنیا کی تین چیزیں محبوب ہیں، مہمان کی تعظیم کرنا، گرمیوں میں روزہ رکھنا اور اللہ کی راہ میں تلوار چلانا۔

٩ ـ أَلا و إِنَّ الجهادَ ثمنُ الجَنَّةِ، فَمَن جاهَدَ نَفسَهُ مَلَكَها، وَ هِيَ أَكرَمُ ثَوابِ اللهِ لِمَن عَرَفَها.

(۹) آگاہ ہو جاؤ کہ جہاد جنت کی قیمت ہی لہذا جو اپنے نفس سے جہاد کرتا ہے وہ جنت کا مالک بن جاتا ہے اور یہ اللہ کے نزدیک جنت کی معرفت رکھنے والے کے لئے بہترین ثواب ہے۔

١٠ ـ إِنَّ المُجاهِدَ نَفسَهُ عَلى طاعَةِ اللهِ وَ عَن مَعاصيهِ عِندَ اللهِ سبحانَهُ بِمَنزِلَةِ بَرٍّ شَهِيدٍ.

(۱۰) اللہ کی اطاعت گذاری اور اس کی نافرمانی سے دوری کے لئے جو اپنے نفس سے جہاد کرتا ہے وہ منزلت میں کسی نیکو کار شہید کی طرح ہوتا ہے۔

١١ ـ أَفضَلُ الجَهادِ جِهادُ النَّفسِ عنِ الهَوىٰ، وَفِطَامُها عَن لَذَّاتِ الدُّنيا.

(۱۱) سب سے بڑا جہاد، نفس کا خواہشات سے لڑنا اور اسے لذات دنیا سے الگ کرنا ہے۔

١٢ ـ جِهادُ النفسِ مَهرُ الجَنَّة.

(۱۲) جہاد با نفس جنت کی مہر ہے۔

١٣ ـ جاهِد نَفسَكَ وحاسِبها مُحَاسَبَةَ الشَّريكِ شريكَه.
(۱۳) اپنے نفس سے جہاد کرو اور اس کا محاسبہ اس طرح کرو جیسے (کاروبار میں) ایک شریک اپنے دوسرے شریک سے حساب لیتا ہے

١٤ ـ مَن جاهَدَ نَفسَهُ أكمَلَ التُّقىٰ.
(۱۴) جس نے اپنے نفس سے جہاد کیا اس نے تقوے کو کمال تک پہنچایا۔

١٥ ـ مُجَاهَدَةُ النَّفسِ شِيمَةُ النُّبلاء.
(۱۵) نفس سے جہاد اشراف کا شیوہ ہے۔

١٦ ـ المُجاهِدونَ تُفتَحُ لَهُم أبوابُ السَّماء.
(۱۶) مجاہدوں کے لئے آسمان کے دروازے کھول دئیے جاتے ہیں

١٧ ـ الجهادُ عِمادُ الدِّينِ و مِنهاجُ السُّعَداء.
(۱۷) جہاد دین کا ستون اور کامران افراد کا راستہ ہے۔

١٨ ـ زكاةُ الشَّجاعةِ الجِهادُ في سَبيلِ الله.
(۱۸) شجاعت کی زکات اللہ کی راہ میں جہاد کرنا ہے۔

[ ۵۲ ]

# الجهل = جہالت

١ ـ مَن كَثُرَ نِزاعُهُ بِـالجَهلِ دامَ عَـماهُ عَـن الحقِّ.

(۱) جو جہالت کی وجہ سے بکثرت تنازعہ کرے گا حق (کی شناخت) کے بارے میں اس کا اندھا پن ہمیشگی اختیار کرے گا۔

٢ ـ لا ترى الجاهِلَ إلّا مُفرِطاً أو مُفرِّطاً.

(۲) جاہل کو تم یا زیادہ روی کرتے ہوئے دیکھو گے یا پھر کوتاہی۔

٣ ـ لا تجعلُوا عِلمَكُم جَهلاً، وَيَقينكُم شكّاً، إذا عَلِمتُم فاعمَلُوا، وإذا تيقَّنتُم فَأَقدِمُوا.

(۳) اپنے علم کو جہل اور یقین کو شک نہ قرار دو جب تمھیں علم ہو جائے تو عمل کرو اور جب یقین آجائے تو آگے بڑھ جاؤ۔(

٤ ـ لا غِنىٰ كالعَقلِ، و لا فَقرَ كَالجَهل.

(۴) عقل مندی سے بڑھ کر کوئی مالداری اور جہالت جیسی کوئی فقیری نہیں ہے۔

٥ ـ لا خيرَ في الصَّمتِ عَنِ الحُكمِ، كما أنَّهُ لا خيرَ في القَولِ بِالجهل.

(۵) حکمت سے خاموشی اختیار کرنے میں کوئی بھلائی نہیں ہے جس طرح جہالت کی باتیں کرنے میں کوئی بھلائی نہیں۔

٦ ـ رُبَّ عالمٍ قَد قَتَلَهُ جَهلُهُ، وَ عِلمُهُ مَـعَهُ لا يَنفَعُه.

(۶) بہت سے عالم ہیں جنھیں ان کی جہالت نے مار ڈالا جبکہ ان کا علم ان کے ساتھ تھا مگر وہ انھیں کوئی فائدہ نہ پہنچا سکا۔

٧ ـ النّاسُ أعداءُ مَا جَهِلُوا.

(۷) لوگ جس شئے سے جاہل ہوتے ہیں اس کے دشمن ہوتے ہیں۔

٨ ـ ما أَخَذَ اللهُ عَلىٰ أَهلِ الجهلِ أَن يتعَلَّمُوا حتّىٰ أَخَذَ على أَهلِ العِلمِ أَن يُعَلِّمُوا.

(۸) اللہ تعالیٰ نے جاہلوں سے پڑھنے کا عہد اس وقت تک نہیں لیا جب تک علماء سے پڑھانے کا عہد نہ لے لیا۔

٩ ـ قيل له : صِف لَنا العاقِلَ، فقال ﷺ: هو الَّذي يَضَعُ الشَّيءَ مَواضِعَه. فَقيل له : فَصِف لَنا الجاهلَ، فقالَ ﷺ : قَد فَعَلت.

(۹) آپ سے کہا گیا۔"عاقل کی توصیف کیجیے۔" آپ نے فرمایا۔"جو کسی چیز کو اس کی معین جگہ پر رکھے۔" آپ سے پھر کہا گیا۔"جاہل کی توصیف کیجیے۔" تو آپ نے فرمایا "میں نے اس کی بھی توصیف کر دی۔" (جو عاقل کے برعکس ہو)۔

١٠ ـ أَوّلُ عِوَضِ الحَليمِ مِن حِلمِهِ أَنَّ النّاسَ أَنصَارُهُ عَلَى الجاهل.

(۱۰) کسی بردبار کے حلم کا سب سے پہلا عوض یہ ہے کہ لوگ جاہل کے خلاف اس کے مددگار ہوتے ہیں۔

۱۱ ـ قَطِيعةُ الجاهلِ تَعدِلُ صِلَةَ العاقِل.
(۱۱) جاہل سے دوری، دانش مند سے قربت کے برابر ہے۔

۱۲ ـ إنّ كُفرَ النِّعمةِ لَومٌ، وَ مُصاحَبَةَ الجاهلِ شَؤمٌ.
(۱۲) بلاشبہ کفران نعمت (موجب) ملامت اور جاہل کی ہم نشینی (باعث) بدبختی ہے۔

۱۳ ـ لاَ دَاءَ أَعيا مِن الجَهل.
(۱۳) جہالت سے زیادہ لاعلاج کوئی بیماری نہیں۔

۱٤ ـ الجَهالَةُ ضلاَلَةٌ.
(۱۴) جہالت گمراہی ہے۔

۱٥ ـ نِعمَةُ الجَاهِلِ كرَوضَةٍ في مَزبلةٍ.
(۱۵) جاہل کے پاس نعمت (اسی طرح ہے) جیسے کوڑے دان میں گلشن۔

۱٦ ـ المَرءُ عَدُوٌّ ما جَهِلَ.
(۱۶) آدمی انجان چیزوں کا دشمن ہے۔

۱۷ ـ الرُّكُونُ إلى الدُّنيامَعَ مَا تُعايِنُ منها جَهلٌ.
(۱۷) دنیا کو دیکھتے ہوئے اس پر بھروسہ کرنا جہالت ہے۔

۱۸ ـ إنّ الجاهِلَ المُتَعَلِّمَ شَـبيهٌ بـالعَالِمِ، وَ إنّ العالِمَ المُتَعَسِّفَ شبيهٌ بالجاهِلِ المُتَعَنِّت.
(۱۸) تعلیم حاصل کرنے والا جاہل شخص، عالم کی طرح ہے اور گمراہ عالم، گمراہی چاہنے والے جاہل کی طرح ہوتا ہے۔

۱۹ ـ مَنِ استَفادَهُ الجَهلَ تَرَكَ طَريقَ العَدل.
(۱۹) جس نے جہالت کو رہنما بنایا اس نے راہِ راست چھوڑ دی۔

۲۰ ـ لا عُدَّةَ أَنفَعُ مِن العَقلِ، و لا عدُوَّ أَضَرُّ مِن الجَهل.
(۲۰) کوئی مددگار عقل سے زیادہ فائدہ مند نہیں اور کوئی دشمن جہالت سے زیادہ نقصان دہ نہیں۔

۲۱ ـ مَن صَحِبَ جاهِلاً نَقَصَ مِن عَقله.
(۲۱) جو جاہل کی صحبت اختیار کرے گا اس کی عقل کم ہو جائے گی۔

۲۲ ـ غَضَبُ الجاهلِ في قَولِهِ، و غَضَبُ العَاقِلِ في فِعله.
(۲۲) جاہل کا غصہ اس کی باتوں میں اور عاقل کا غصہ اس کے عمل میں ہوتا ہے۔

۲۳ ـ أَجهَلُ الجُهّالِ مَن عَثَرَ بِحَجَرٍ مرَّتَين.
(۲۳) سب سے بڑا جاہل وہ ہے جو ایک پتھر سے دو دفعہ ٹھوکر کھائے۔

۲٤ ـ إثباتُ الحُجَّةِ على الجاهلِ سَهلٌ، وَلكن إقرارُهُ بِها صَعبٌ.
(۲۴) جاہل کے سامنے دلیل لانا آسان ہے مگر جاہل کا اسے قبول کر لینا مشکل ہے۔

۲٥ ـ الجاهِلُ يُعرَفُ بستِّ خِصَالٍ: الغضبُ مِن غيرِ شَيءٍ، الكلامُ فِي غيرِ نَفعٍ، العَطيَّةُ في غـيرِ مَـوضِعِها، وَ ألاّ يَعرِفَ صَدِيقَهُ مِنْ عَدُوِّهِ، إفشاءُ السِّرِّ، الثِّقَةُ بِكُلِّ أَحدٍ.
(۲۵) جاہل چھ خصلتوں کے ذریعے پہچانا جاتا ہے، بلاسبب غصہ، بلافائدہ بولنا، بغیر حق کے انعام دینا، دوست و دشمن کو نہ پہچاننا افشائے راز اور ہر ایک پر بھروسہ کر لینا۔

٢٦ ـ العالِمُ حَيٌّ وَإن كَانَ مَيّتاً، و الجاهلُ مَيِّتٌ وإن كانَ حيّاً.

(۲۶) عالم زیادہ رہوتا ہے بھلے ہی وہ مرگیا ہو اور جاہل مردہ ہوتا ہے بھلے ہی وہ زندہ ہو۔

٢٧ ـ الجهلُ وَبالٌ.

(۲۷) جہالت وبال جان ہے۔

٢٨ ـ الجهلُ يُزِلُّ القدمَ، ويُورِثُ النَّدَم.

(۲۸) جہالت قدموں کو ڈگمگا دیتی ہے اور ندامت کا سبب ہوتی ہے۔

٢٩ ـ طاعةُ الجَهُولِ تَدُلُّ على الجَهل.

(۲۹) جاہلوں کی اطاعت جہالت کی دلیل ہے۔

٣٠ ـ صَوابُ الجَاهلِ كَالزَلَّةِ مِنَ العاقل.

(۳۰) جاہل کا درست عمل عاقل کی لغزشوں کی طرح ہے (یعنی کبھی کبھی وقوع پذیر ہوتا ہے)۔

٣١ ـ شَرُّ الأَصحابِ الجاهِلُ.

(۳۱) جاہل بدترین دوستوں میں سے ہوتا ہے۔

٣٢ ـ شَرُّ المَصائِبِ الجَهلُ.

(۳۲) بدترین مصیبت جہالت ہے۔

٣٣ ـ زيادةُ الجَهلِ تُردي.

(۳۳) جہالت کی کثرت آدمی کو تباہ کر دیتی ہے۔

٣٤ ـ زَلَّةُ الجاهلِ مَعذُورَةٌ.

(۳۴) جاہل کی لغزش قابل عذر ہے۔

٣٥ ـ رَأيُ الجاهلِ يُردي.

(۳۵) جاہل کی رائے بیکار ہے۔

٣٦ ـ رَغبَتُكَ في المُستحِيلِ جهلٌ.

(۳۶) ناممکنات میں تمہاری رغبت جہالت ہے۔

٣٧ ـ رُبَّ جَهلٍ أَنفَعُ مِن عِلمٍ.

(۳۷) بعض جہالتیں علم سے بہتر ہوتی ہیں۔

٣٨ ـ رُبَّ جَاهِلٍ نَجا بِهِ جهلُه.

(۳۸) بہت سے جاہلوں کو ان کی جہالت نے نجات دلادی۔

٣٩ ـ جهلُ الغَنيِّ يَضعُهُ، وَ عِلمُ الفَقِيرِ يَرفَعُه.

(۳۹) مالدار کی جہالت اسے پست اور فقیر کا علم اسے بلند کر دیتا ہے

٤٠ ـ ثَروَةُ الجاهلِ في مالِهِ وَ أَملِه.

(۴۰) جاہل کی ثروت اس کی دولت اور آرزوؤں میں ہوتی ہے۔

٤١ ـ الجاهِلُ مَن انخَدَعَ لِهواهُ وغُرُورِه.

(۴۱) جاہل وہ ہے جو اپنی خواہشات اور نفس کی فریبکاریوں سے دھو کا کھاجائے۔

٤٢ ـ الجَاهِلُ يَستَوحِشُ عما يَأنَسُ بِهِ الحكيم.

(۴۲) جاہل کو اس چیز سے وحشت محسوس ہوتی ہے جس سے دانش مند انس محسوس کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| ٤٣ ـ الجَهلُ بِالفضائلِ مِن أقبَحِ الرَّذائل. | (۴۳) فضیلتوں سے نادانی بد ترین رذائل میں سے ہے۔ |
| ٤٤ ـ الجـاهلُ صَـخرَةٌ لا يَـنفَجِرُ مـائُها، و شَجَرَةٌ لا يَخضَرُّ عُـودُها، و أرضٌ لاَ يَـظهَرُ عُشبُها. | (۴۴) جاہل ایسا پتھر ہے جس سے کبھی پانی کے سوتے نہیں پھوٹ سکتے اور ایک ایسا درخت ہے جس کی لکڑیاں کبھی ہری نہیں ہو سکتیں اور ایسی زمین ہے جس میں کبھی سبزہ نہیں اگ سکتا۔ |
| ٤٥ ـ العَامِلُ بِجهلٍ كالسَّائرِ على غَيرِ طريقٍ، فلا يَزِدهُ جِدُّهُ في السَّيرِ الاّ بُعداً عن حَاجتِه. | (۴۵) جہالت پر عمل کرنے والا اس شخص کی طرح ہے جو (صحیح) راستے سے الگ ہٹ کر چل رہا ہو لہذا راہ چلنے میں اس کی تمام تر کوششیں اسے منزل مقصود سے دور ہی کریں گی۔ |
| ٤٦ ـ أعظَمُ الجَهلِ جَهلُ الإنسانِ أمرَ نَفسِه. | (۴۶) سب سے بڑی جہالت انسان کا خود اپنے بارے میں انجان رہنا ہے۔ |
| ٤٧ ـ لا يُودَعُ الجَهُولَ إلاّ حَدُّ الحِسَام. | (۴۷) جاہل کو تلوار کی دھار کے علاوہ اور کچھ نہیں سونپا جا سکتا۔ |
| ٤٨ ـ لا تُعَادُوا ما تَجهلُونَ، فَإنَّ أكثَرَ العِلمِ فيما لا تَعرِفُون. | (۴۸) انجان چیزوں کے دشمن نہ بنو کیونکہ اکثر علم انھیں چیزوں میں ہوتا ہے جنھیں تم نہیں جانتے۔ |
| ٤٩ ـ مِن أشَدِّ المَصائِبِ الجَهل. | (۴۹) شدید ترین مصیبتوں میں سے ایک (مصیبت) جہالت ہے۔ |
| ٥٠ ـ مَن جَهِلَ مَوضِعَ قَدَمِهِ عَثَرَ بدواعِـي نَدَمِه. | (۵۰) جو اپنے نقش پا ہی سے جاہل رہے (یعنی اپنی حد سے آگے بڑھ جائے) وہ اسباب ندامت میں گرفتار ہو جاتا ہے۔ |
| ٥١ ـ كَثرةُ الخَطاءِ تُنذِرُ بِوُفُورِ الجَهل. | (۵۱) بہت زیادہ غلطیاں حد درجہ جہالت کا پتہ دیتی ہیں۔ |
| ٥٢ ـ كَم مِن عَزِيزٍ أذَلَّهُ جَهلُه. | (۵۲) کتنے ایسے عزت دار ہیں جنھیں ان کی جہالت نے رسوا کر دیا۔ |
| ٥٣ ـ كُن زاهِداً فيما يَرغَبُ فِيهِ الجاهِل. | (۵۳) جن چیزوں سے جاہل کو رغبت ہوتی ہے ان سے دوری اختیار کرو۔ |
| ٥٤ ـ عَمَلُ الجاهلِ وَبالٌ، وعِلمُهُ ضَلالٌ. | (۵۴) جاہل کا عمل وبال اور اس کا علم ضلالت ہوتا ہے۔ |

٥٥ ـ كُلَّما حَسُنَت نِـعمَةُ الجـاهِلِ ازدادَ قُـبحاً فيها.

(۵۵) جاہل کی نعمتیں جیسے جیسے بہتر ہوتی جائیں گی ویسے ویسے اس کے اندر برائی پیدا ہوتی چلی جائے گی۔

٥٦ ـ الجَهلُ أصلُ كُلِّ شَرٍّ.

(۵۶) جہالت ہر برائی کی جڑ ہے۔

٥٧ ـ الجهلُ أدوَءُ الدّاءِ.

(۵۷) جہالت خطرناک ترین مرض ہے۔

٥٨ ـ الجاهلُ لا يَعرِفُ تَقصِيرَهُ و لا يَقبَلُ مِنَ النَصيحِ له.

(۵۸) جاہل اپنی غلطی سے ناواقف رہتا ہے اور نصیحت قبول نہیں کرتا۔

[ ۵۳ ]

## الحاجة = حاجت

۱ ـ مَن شَكَا الحَاجَةَ إلىٰ مُؤمِنٍ فكأنَّه شَكَاهَا إلى اللهِ، ومَن شَكَاهَا إلىٰ كَافِرٍ فكأنَّما شَكا الله.

(۱) جس نے اپنی حاجت کسی مومن کے سامنے بیان کی اس نے (گویا) اللہ کے حضور اپنی ضرورت بیان کی اور اگر کوئی اپنی حاجت کسی کافر کے سامنے بیان کرتا ہے تو گویا وہ (اس سے) اللہ کی شکایت کرتا ہے۔

۲ ـ فَوتُ الحَاجَةِ أَهوَنُ مِن طَلَبِها إلىٰ غَيرِ أَهلِها.

(۲) ضرورت پوری نہ ہونا کسی نا اہل سے مانگنے کے مقابل زیادہ آسان ہے۔

۳ ـ لاَ يَستَقِيمُ قَضَاءُ الحَوائِجِ إلاّ بِثَلاثٍ: باستِصغَارِها لِتَعظُمَ، وباستكتامِها لِتَظهَرَ، وَبِتَعجِيلِها لِتَهنُؤَ.

(۳) قضائے حاجت صرف تین چیزوں کے ذریعے پائیدار ہو سکتی ہے، اسے چھوٹا سمجھے تاکہ وہ بڑی ہو جائے، اسے پوشیدہ رکھے تاکہ ظاہر ہو جائے اور اس میں جلدی کرے تاکہ وہ خوشگوار ہو جائے۔

٤ ـ مَن كَثُرَتْ نِعَمُ اللهِ عليهِ كَثُرَتْ حَوَائجُ النّاسِ إلَيهِ، فَمَن قَامَ للهِ فِيها بِمَا يَجِبُ فِيها عَرَّضَها لِلدَّوامِ وَالبَقاءِ، ومَن لَم يَقُم فِيها بِما يَجِب، عَرَّضَها لِلزَّوالِ والفَناء.

(۴) جس پر اللہ کی نعمتیں بڑھ جاتی ہیں اس کے پاس لوگوں کی ضرورتیں بھی بڑھ جاتی ہیں لہذا جو ان نعمتوں کو اللہ کی راہ میں انفاق کر دیتا ہے تو اللہ اس کی نعمتوں کو دوام بخش دیتا ہے مگر جو ان میں سے واجب مقدار نہیں نکالتا تو اللہ اس کی نعمتوں کو تباہ و برباد کر دیتا ہے۔

۵ ـ مَا أَقبَحَ الخُضُوعَ عِندَ الحَاجَةِ، والجَفاءَ عِندَ الغِنَىٰ.

(۵) ضرورت کے وقت خضوع و خاکساری اور بے نیازی کے موقع پر سرد مہری کتنی بری بات ہے۔

٦ ـ إحتَج إلىٰ مَن شِئتَ، فَأَنتَ أَسِيرُه.

(۶) جس سے چاہو اپنی ضرورت بیان کرو (لیکن) تم اس کے اسیر ہو جاؤ گے۔

۷ ـ نِعمَ الشَّيءُ الهَدِيَّةُ اَمامَ الحاجَة.

(۷) ضرورت سے پہلے ہدیہ بہترین چیز ہے۔

۸ ـ لاَ يَعرِفُ الصَّدِيقُ إلاّ عِندَ الحاجَة.

(۸) دوست ضرورت کے وقت ہی پہچانے جاتے ہیں۔

٩ ـ لاَیُکَلِّف أَحَدُکُم أَخاهُ الطَّلَبَ إِذَ اعـَرَفَ حاجَتَه.

(۹) تمھیں اپنے کسی بھائی کو مانگنے کی تکلیف نہیں دینا چاہیے اگر اسے اس کی حاجت کا علم ہو جائے۔

١٠ ـ وَقالَ ﷺ لِأَصحابِهِ: مَن کانَت لَـهُ إِلَيَّ مِنکُم حـاجَةٌ فَـليَرفَعها فِي کِـتابٍ لِأَصُـونَ وُجُوهَکُم عَنِ المَسأَلَة.

(۱۰) آپ نے اپنے اصحاب سے فرمایا "تم میں سے جسے بھی مجھ سے کوئی حاجت ہو وہ لکھ کر دے دے تاکہ میں تمہارے چہروں کو سوال (کی ذلت) سے بچاسکوں۔"

١١ ـ إِصبِر عَلیٰ سُلطانِكَ فِي حاجاتِكَ، فَلَستَ أَکبَرَ شُغلِه، وَلا بِكَ قِوامُ أَمرِه.

(۱۱) اپنی ضرورتوں کے معاملے میں بادشاہ کی بے اعتنائیوں پر صبر کرو کیونکہ تم نہ تو اس کی سب سے بڑی مشغولیت ہو اور نہ ہی تمہاری وجہ سے اس کے امور کو استحکام حاصل ہے۔

١٢ ـ لاتُؤَخِّرِ إِنالَةَ المُحتاجِ إِلیٰ غَدٍ، فَإِنَّكَ لاتَعرِفُ مایَعرِضُ فِي غَدٍ.

(۱۲) ضرورت مند کو کل پر نہ ٹالو کیونکہ تمھیں کل کی خبر نہیں۔

١٣ ـ أُطلُبُوا الحاجاتِ بِعِزَّةِ الأَنفُسِ، فَإِنَّ بِيدِ اللهِ قَضاءَها.

(۱۳) ضرورتوں کو عزت نفس کے ساتھ بیان کرو کیونکہ بلاشبہ حاجت روائی (تو) اللہ کی ہاتھ میں ہے۔

١٤ ـ لاٰ تَـطلُبُوا الحـاجَةَ إِلیٰ ثَـلاثَةٍ: إِلی الکَذُوبِ، فَإِنَّهُ يُقَرِّبُها وَإِن کانَت بَعيدةً، وَ لا إِلی أَحمَقَ، فَإِنَّهُ يُرِيدُ أَن يَنفَعَكَ فَيضُرُّكَ، وَلا إِلیٰ رجُلٍ لَهُ إِلیٰ صاحِبِ الحاجَةِ حاجَةٌ، فإِنَّـهُ يَجعَلُ حاجَتَكَ وِقايَةً لِحاجَتِه.

(۱۴) تین لوگوں سے حاجت نہ بیان کرو: جھوٹے سے کیونکہ وہ تمہاری حاجت کو (اپنی باتوں کے ذریعے) قریب کردی گا بھلے ہی وہ (تم سے) دور ہو اور نہ ہی احمق سے کچھ مانگو کیونکہ وہ تو تمھیں فائدہ پہنچانا چاہے گا مگر نقصان پہنچا دے گا اور نہ ہی ایسے شخص سے کچھ مانگو جس کو تم سے کوئی ضرورت در پیش ہو کیونکہ وہ تمہاری ضرورت کو اپنی حاجت کی لئے ڈھال بنا لے گا۔

١٥ ـ اللَّطافَةُ فِي الحاجَةِ أَجدیٰ مِنَ الوَسِيلَة.

(۱۵) حاجت طلب کرتے وقت نرمی و لطافت سے کام لینا کسی ذریعے سے زیادہ مفید ہوتا ہے۔

١٦ ـ أَشَدُّ مِنَ المَوتِ طَلَبُ الحاجَةِ مِن غَيرِ أَهلِها.

(۱۶) نااہل سے حاجت طلب کرنا موت سے بد تر ہے۔

١٧ ـ مَنِ احتَجتَ إِلَيهِ هُنتَ عليه.

(۱۷) جس سے تم نے اپنی حاجت بیان کر دی اس کے سامنے تم بے عزت ہو گئے۔

۱۸ ـ مَن اِحتاجَ إلَيكَ كـانَت طـاعَتُهُ بِـقَدرِ حاجَتِهِ إلَيك.

(۱۸) جو تمہارا محتاج ہو گا اس پر تمہاری اطاعت اپنی حاجت ہی کے مقدار میں واجب ہو گی۔

۱۹ ـ مَن كانَت لَهُ فى اللِّئام حاجَةٌ فَقَد خَذَل.

(۱۹) جس کی لئیموں کے پاس کوئی حاجت ہو گی وہ ذلیل ہو گا۔

۲۰ ـ لاٰ تُخَيِّبِ المُحتاجَ وَإن ألحَف.

(۲۰) محتاج کو کبھی نامراد نہ لوٹاؤ بھلے ہی وہ بار بار مانگے۔

۲۱ ـ مَنِ احتاجَ إلَيكَ وَجَبَ اشفاقُهُ عَلَيك.

(۲۱) جو تمہارا محتاج ہے اس پر شفقت کرنا تم پر واجب ہے۔

۲۲ ـ إنّ حَوائِجَ النّـاسِ إلَـيكُم نِـعمَةٌ مِـنَ اللهِ عَلَيكُم، فَـاغتَنِمُوها وَلاٰ تَمَـلُّوها فَـتُحَوَّل نِقَماً.

(۲۲) یقیناً لوگوں کی تمہارے پاس ضرورتیں اللہ کی تم پر نعمتوں کی طرح ہیں، لہٰذا ان نعمتوں کو غنیمت جانو اور ان سے بددل نہ ہو جاؤ کہ نتیجتاً وہ عذاب و سزا میں بدل جائیں گی۔

۲۳ ـ عَجِبتُ لِرجُلٍ يأتِـيهِ أخُـوهُ المُسـلِمُ فِي حاجَةٍ فَيَمتَنِعُ عَن قَضائِها، وَلاٰ يَـرىٰ نَـفسَهُ لِلخَيرِ أهلاً، فَهَب أنَّهُ لاٰ ثوابَ يُـرجـىٰ و لاٰ عِقابَ يُتَّقىٰ! اَفَتَزهَدُونَ فِي مَكارِمِ الأخلاق؟.

(۲۳) مجھے اس آدمی پر تعجب ہے جس کی پاس اس کا کوئی مسلمان بھائی کسی ضرورت کے تحت آتا ہے مگر وہ اس کی حاجت روائی سے انکار کر دیتا ہے اور اپنے آپ کو اچھائی کا اہل نہیں پاتا۔بہت ممکن ہے کہ اس کے نزدیک امید کے لائق کوئی ثواب اور ڈرے جانے کے قابل کوئی عتاب ہی نہ ہو۔ کیا تم مکارم اخلاق میں زہد برتتے ہو؟

[ ٥٤ ]

# الحبّ = محبت

١ ـ لَوْ ضَرَبتُ خَيشُومَ المُؤمِنِ بِسَيفِي هٰذا علیٰ أَن يُبغِضَنِي مَا أَبغَضني، وَلَو صَببتُ الدُّنيا بِجمَّاتِهَا علیٰ المُنَافِقِ عَلیٰ أَن يُحِبَّنِي مَا أَحَبَّنِي، وذٰلِكَ أَنَّهُ قُضِيَ فَانْقَضیٰ عَلیٰ لِسَانِ النَّبيِّ الأُمِّي ﷺ أَنَّهُ قالَ: يـا عـليُّ، لاَ يُبغِضُكَ مُؤمِنٌ، وَلاَ يُحِبُّكَ مُنَافِقٌ.

(۱) اگر میں اپنی اس تلوار سے مومن کی ناک (دونوں آنکھوں کے درمیانی حصے) پر ضربیں لگاؤں کہ وہ مجھ سے بغض کرنے لگے تو بھی وہ مجھ سے بغض نہیں کر سکتا۔ اور اگر میں منافق کو دنیا کی تمام اشیاء بھی دے ڈالوں کہ وہ مجھ سے محبت کرنے لگے تب بھی وہ مجھ سے محبت نہیں کر سکتا اور وہ اس لئے کہ اللہ نے ایسا ہی فیصلہ کر دیا ہے جیسا کہ نبی امی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زبان مبارک پر جاری ہوا۔ "اے علی تم سے مومن کبھی بغض نہیں رکھ سکتا اور منافق کبھی تم سے محبت نہیں کر سکتا"

٢ ـ هَلَكَ فِيَّ رجُلانِ: مُحِبٌ غَالٍ وَمُبْغِضٌ قَالٍ.

(۲) میرے متعلق دو طرح کے آدمی ہلاک ہوں گے، حد سے زیادہ محبت کرنے والا اور برا بھلا کہنے والا دشمن۔

٣ ـ يهلَكُ فِيَّ رَجُلانِ: مُحِبٌ مُفْرِطٌ، وَبَاهِتٌ مُفتَرٍ.

(۳) میرے متعلق دو لوگ ہلاک ہوں گے افراطی دوست اور مجھ پر نا کردہ گناہوں کا الزام لگانے والا۔

٤ ـ مَن لاَنَتْ كَلِمتُهُ وَجبَتْ مَحَبَّتُه.

(۴) جس کی گفتگو نرم ہوتی ہے اس کی محبت ضروری ہو جاتی ہے۔

٥ ـ أَنفَعُ الْكنُوزِ مَحبَّةُ القُلُوبِ.

(۵) نفع بخش ترین خزانے دلوں کی محبت ہیں۔

٦ ـ لاَ مَحبَّةَ مَع مِراءٍ.

(۶) کٹ حجتی کے ساتھ کوئی محبت نہیں۔

٧ ـ مَن أَحَبّكَ نَهاكَ، وَمَن أَبغَضَكَ أَغرَاكَ.

(۷) جو بھی تم سے محبت کرتا ہو گا وہ تمھیں (برائیوں سے) روک دے گا اور جو تم سے بغض رکھتا ہو گا وہ تمھیں دھو کا دے گا۔

٨ ـ حُبُّ الرِّئاسَةِ شاغلٌ عَن حبِّ اللهِ سُبحَانَه.

(۸) ریاست کی محبت اللہ کی محبت سے دور اور غافل کر دیتی ہے۔

٩ ـ وَ سُئِلَ ؑ : كَيفَ كَانَ حُبّكُم لِلرَّسولِ ﷺ ؟ فَقالَ: كانَ ـ وَاللهِ ـ أَحبُّ إِلَينَا مِن أَموالِنا وَأَولادِنا وَأُمَّهاتِنا وآبائِنا، وَمِنَ المَاءِ البارِدِ علیٰ الظَّمأ.

(۹) آپ سے پوچھا گیا، آپ کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ساتھ کیسی محبت تھی؟ آپ نے فرمایا "خدا کی قسم ہمارے لئے ہمارے مال و اولاد، ماں باپ اور پیاس میں ٹھنڈے پانی سے بڑھ کر محبوب تھے۔"

١٠ ـ مَن أَحَبَّني وَجدَني عِندَ مَماتِهِ بِحَيثُ يُحِبُّ، وَمَن أَبغَضَني وَجَدَني عِندَ مَماتِهِ بِحَيثُ يَكرَه.

(۱۰) جو مجھ سے محبت کرتا ہے وہ مجھے موت کے وقت جس طرح مجھ سے محبت کرتا ہے اسی طرح پائے گا اور جو مجھ سے بغض رکھتا ہے وہ موت کے وقت اسی طرح کہ جس طرح مجھ سے متنفر تھا پائے گا۔

١١ ـ وَجِّهُوا أَموالَكُم إلىٰ مَن تُحِبُّهُ قُلوبُكُم.

(۱۱) جسے تمہارے قلوب پسند کرتے ہیں اپنی دولت اس کے لئے تیار رکھو۔(دے دو)

١٢ ـ مَنِ اتَّقَىٰ اللهَ أَحَبَّهُ الناس.

(۱۲) جو اللہ کا تقویٰ اختیار کرتا ہے لوگ اس سے محبت کرنے لگتے ہیں۔

١٣ ـ أَحبِب فِي اللهِ مَن يُجاهِدُكَ عَلى صَلاحِ دِينٍ، وَيُكسِبُكَ حُسنَ يَقِينٍ.

(۱۳) اس شخص کو دوست رکھو جو تم سے اصلاح دین اور تمہارے یقین میں اضافہ کے لئے لڑتا ہو۔

١٤ ـ إيّاكَ أَن تُحِبَّ أَعداءَ اللهِ، أَوْ تُصفِي وُدَّكَ لِغَيرِ أَولِياءِ اللهِ، فَإِنَّ مَن أَحَبَّ قَوماً حُشِرَ مَعَهُم.

(۱۴) دشمنان خدا کی محبت اور اللہ کے علاوہ دوسروں کو دوست رکھنے والوں کے لئے اپنے دل میں جگہ رکھنے سے بچے رہو اس لئے کہ جو جس سے محبت کرتا ہو گا اسی کے ساتھ محشور ہو گا۔

١٥ ـ إنَّ المَوَدَّةَ يُعَبِّرُ عَنها اللِّسانُ، و عِنِ المَحَبَّةِ العَيان.

(۱۵) بلاشبہ مودت کا پتہ زبان دیتی ہے اور محبت کا اظہار مشاہدے سے ہوتا ہے۔

١٦ ـ أَحَقُّ مَن أَحبَبتَهُ مَن نَفعُهُ لَكَ، وَضَرُّهُ لِغَيرِك.

(۱۶) تمہاری محبت کا سب سے زیادہ مستحق وہ شخص ہے جس کا فائدہ تمہارے لئے اور نقصان دوسروں کے لئے ہو۔

١٧ ـ إذا أَحبَبتَ فَلا تُكثِر.

(۱۷) جب محبت کرو تو زیادہ روی سے کام نہ لو۔

١٨ ـ بِالتَّوَدُّدِ تَتَأكَّدُ المَحَبَّة.

(۱۸) شفقت کے ذریعے محبت مضبوط ہوتی ہے۔

١٩ ـ ثَلاثَةٌ يُوجِبنَ المَحَبَّةَ: الدِّينُ، والتَّواضُعُ، والسَّخاء.

(۱۹) تین چیزیں محبت کی باعث ہوتی ہیں: دین، تواضع اور سخاوت۔

٢٠ ـ ثَلاثَةٌ يُوجِبنَ المَحَبَّةَ: حُسنُ الخُلقِ، وحُسنُ الرِّفقِ، والتَّواضع.

(۲۰) تین چیزیں محبت کا سبب ہوا کرتی ہیں: حسن اخلاق، حسن رفاقت اور تواضع۔

٢١ ـ عَينُ المُحِبِّ عَميَةٌ عَن مَعايِبِ المَحبُوبِ، وَأُذُنُهُ صَمّاءٌ عَن قُبحِ مَساوِيه.

(۲۱) چاہنے والی آنکھیں محبوب کے عیوب سے اندھی اور اس کے کان اپنے محبوب کی برائیوں کے لئے بہرے ہوتے ہیں۔

٢٢ ـ فَقدُ الأَحِبَّةِ غُربَةٌ.

(۲۲) دوستوں کو کھو دینا غربت ہے۔

٢٣ ـ مَن أَحَبَّ شَيئاً لَهِجَ بِذِكرِه.

(۲۳) جو کسی شئے کو چاہتا ہے وہ اسی کی تعریف میں رطب اللسان رہتا ہے۔

٢٤ ـ مَن أَحَبَّنَا فَلْيُعِدَّ لِلبَلاءِ جِلبَاباً.

(۲۴) جو ہمیں چاہتا ہے اسے بلاؤں سے مقابلے کے لئے ایک مضبوط اور بڑا پیراہن تیار کر لینا چاہئے (یعنی مصیبتوں کے لئے تیار ہو جانا چاہیے۔

[ ٥٥ ]

# الحجّ و البیت الحرام = حج اور خدا کا گھر

١ ـ [ الله ] فَرَضَ عليكم حَجَّ بيتِهِ الحرام الذي جَعَلَهُ قِبلَةً للأنام... وَجَعَلَهُ سبحانَه عَـلامَةً لِتواضُعِهِم لِعَظَمَتِهِ وإذعانِهِم لِعِزَّتِه.

(۱) اللہ نے اپنے حرمتوں والے گھر کا حج تم پر واجب کیا اور اسے تمام انسانوں کے لئے قبلہ قرار دیا۔۔۔ اور خداوند عالم نے اس فریضہ کو، اپنے سامنے لوگوں کی خاکساری کے لئے علامت قرار دیا اور اسے اپنی عظمت کے مزید تیقن کا سبب قرار دیا۔

٢ ـ جَعَلَهُ سُبحانَهُ وتعالى [ الكعبة ] للإسلامِ عَلَماً وللعائذين حَرَماً فَـرَضَ حـقَّهُ وأوجبَ حَجَّهُ وكَتَبَ عليكُمْ وِفادَتَهُ فـقال سـبحانه: ﴿ وللهِ عَلَى النّاسِ حِجُّ البَيْتِ مَن استَطاعَ اليه سَبيلا ومَن كَفَرَ فإنّ الله غنيٌّ عن العالَمين ﴾

(۲) خداوند متعال نے کعبہ کو اسلام کا علم اور پناہ گزینوں کے لئے حرم قرار دیا ہے اس کا حق سب پر فرض اور اس کا حج سب پر واجب کیا اور اس کی زیارت تم سب پر لازم قرار دیا لہذا اس نے فرمایا "اور اللہ کے لئے لوگوں پر گھر ( کعبہ) کا حج واجب ہے ان پر جو مستطیع ہوں اور جس نے کفر اختیار کیا تو اللہ دونوں جہاں سے بے نیاز ہے۔"

٣ـ...وحجُّ البيتِ واعتمارُهُ فإنّهما يَنفيانِ الفَقرَ ويَرحَضانِ الذَّنب.

(۳)۔۔۔خدا کے گھر کا حج و عمرہ، فقر کو دور اور گناہوں کو مٹا دیتا ہے

٤ ـ ... فـجعلها بَـيتَهُ الحـرامَ «الذي جَـعَلَهُ للناسِ قياماً» ثمّ وضَعَهُ بأوعَرِ بِـقاعِ الأرضِ حَجَراً وأقَلِّ نَتائقِ الدُّنيا مَدَراً وأضيقِ بُطونِ الأوديةِ قُطراً.

(۴)۔۔۔پس خدا نے اسے حرمتوں والا گھر بنادیا اور اسے لوگوں کے لئے باعث پائیداری قرار دیا۔ پھر اس بیت حرام کو سب سے زیادہ سنگلاخ اور دنیا میں سب سے کم سرسبز و شاداب اور سب سے زیادہ تنگ دروں والی زمین پر قرار دیا۔

٥ ـ اللهَ اللهَ في بيتِ ربّكُم لا تُخَلُّوهُ ما بَقيتُم، فإنّه إن تُرِكَ لم تُناظَرُوا.

(۵) اللہ اللہ۔۔۔ اللہ کے گھر کا خیال رکھو جب تک تم باقی ہو اسے خالی نہ چھوڑو کیونکہ اگر یہ گھر ترک کر دیا گیا تو پھر تمہیں مہلت نہیں دی جائے گی۔

٦ـ الصلاةُ قُربانُ كلِّ تقيٍّ والحجُّ جهادُ كُلِّ ضعيف....

(۶) نماز ہر متقی کی قربانی ہے اور حج ہر ضعیف کا جہاد ہے۔

٧ ـ [ فَرَضَ اللهُ ]...الحَجَّ تَقويَةً [ تَقرِبَةً ] لِلدِّين.

(۷) اللہ نے حج کو دین کی تقویت کے لئے واجب کیا ہے۔

٨ ـ زِيارَةُ بَيتِ اللهِ أَمنٌ مِن عَذابِ جَهنَّم.

(۸) بیت اللہ کی زیارت جہنم کے عذاب سے بچا لیتی ہے۔

[ ٥٦ ]

## الحذر = ڈر اور احتراز

١ ـ مَن حَذَّرَكَ كَمَن بَشَّرَك.
(۱) جس نے تمھیں (عذاب الٰہی سے) ڈرایا اس نے تمھیں بشارت دی

٢ ـ إذَا حَلَّ القَدَرُ بَطَلَ الحَذَرُ.
(۲) جب قضا آجاتی ہے تو بچاؤ کی صورت ختم ہو جاتی ہے۔

٣ ـ القَدرُ يَغلِبُ الحَذَر.
(۳) قضاو قدر الٰہی بچاؤ کی صورتوں پر غالب آجاتی ہے۔

٤ ـ أولَى النَّاسِ بِالحَذَرِ أسلَمُهُم مِنَ الغِيَرِ.
(۴) (گناہوں سے) احتراز کے لئے سب سے زیادہ شائستہ وہ شخص ہے جو دنیا کے تغیرات سے سب سے زیادہ سالم رہے۔

٥ ـ أحَقُّ النَّاسِ أن يُحذَرَ: السُّلطانُ الجائِرُ، والعَدوُّ القادِرُ، والصَّديقُ الغادِر.
(۵) سب سے زیادہ سلطان جابر، قدرت مند دشمن اور دھوکے باز (دغدار) دوست سے ڈرنا چاہیے۔

٦ ـ أواخِرُ مَصادِرِ التَّوقِّي أوائِلُ مَوارِدِ الحَذَر.
(۶) بچاؤ کے مصادر کا آخر، پرہیز و دوری کے گھاٹ کی ابتدا ہے۔

٧ ـ لا نُصحَ كَالتَّحذِير.
(۷) (برے کاموں سے) ڈرنے سے بہتر کوئی نصیحت نہیں ہے۔

٨ ـ إحذَر كُلَّ عَمَلٍ إذَا سُئِلَ عَنهُ صَاحِبُهُ استَحيىٰ وَأنكَرَه.
(۸) ہر اس کام سے ڈرو جس کے انجام دہندہ سے اگر اس کے بارے میں پوچھا جائے تو وہ شرمندہ ہو کر اس کا انکار کر دے۔

٩ ـ قَد يَعطَبُ المُتَحَذِّر.
(۹) کبھی کبھی بچنے والے خود ہی ہلاک ہو جاتے ہیں۔

١٠ ـ مَن لَم يَتَحرَّز مِنَ المَكائِدِ قَبلَ وُقُوعِها لَم يَنفَعهُ الأسَفُ بَعدَ هُجُومِها.
(۱۰) جو مکر و فریب کے وقوع سے پہلے اس سے نہیں بچتا تو ان کے حملوں کے بعد تاسف اسے کچھ فائدہ نہیں پہنچاتا۔

١١ ـ يَنبَغي لِمَن عَرَفَ نَفسَهُ أن لا يُفارِقَهُ الحُزنُ والحَذَر.
(۱۱) اپنے آپ کو پہچان لینے والے کے لئے لازم ہے وہ ہمیشہ غم زدہ اور (گناہوں سے) بچتا رہے۔

١٢ ـ إحذَر كُلَّ قَولٍ وفِعلٍ يُؤدّي إلىٰ فَسادِ الآخِرَةِ والدِّين.
(۱۲) ہر اس قول و فعل سے ڈرو جو دین و آخرت کی بربادی کا سبب بن جائے۔

١٣ ـ إحذَر كُلَّ عَمَلٍ يَرضاهُ عامِلُهُ لِنَفسِهِ، ويَكرَهُهُ لِعامَّةِ المُسلِمين.
(۱۳) ہر اس کام سے پرہیز کرو کہ جس کا کرنے والا اسے خود کے لئے پسند کرتا ہو مگر تمام مسلمانوں کے لئے ناپسند کرتا ہو۔

١٤ ـ إحذَرِ الهَزلَ واللَّعِبَ وكَثرَةَ المَزحِ والضَّحِكِ والتُّرَّهات.
(۱۴) مسخرہ پن لہو لعب، زیادہ ہنسنے اور فالتو چیزوں سے پرہیز کرو۔

[ ۵۷ ]

# الحرام = حرام

١ ـ مَن أَشفَقَ مِنَ النَّارِ اجتَنَبَ المُحرَّمات.

(۱) جو دوزخ سے ڈرتا ہے وہ حرام چیزوں سے پرہیز کرتا ہے۔

٢ ـ لاَ زُهدَ كَالزُّهدِ فِي الحَرَام.

(۲) حرام چیزوں سے دوری جیسا کوئی زہد نہیں۔

٣ ـ بِئس الطَّعامُ الحرامُ.

(۳) بد ترین غذا حرام (غذا) ہے۔

٤ ـ وَسُئلَ ﷺ: مَنِ العَالِمُ؟ فَقالَ: مَنِ اجتَنَبَ المَحارِم.

(۴) آپ سے پوچھا گیا "عالم کون ہے؟" تو آپ نے فرمایا۔ "جو محرمات سے پرہیز کرے"۔

٥ ـ لا اجتِنابَ لِمُحَرَّمٍ مَعَ حِرصٍ.

(۵) حرص کے ہوتے ہوئے حرام سے اجتناب نہیں ہوسکتا۔

٦ ـ مَن أَحَبَّ المَكارِمَ اجتَنَبَ المَحارِم.

(۶) جو بزرگی کا خواہاں ہو گا وہ حرام چیزوں سے اجتناب کرے گا۔

٧ ـ إذا رَغِبتَ فِي المَكارِمِ فَاجتَنِبِ المَحارِم.

(۷) اگر تمھیں عزت کی خواہش ہے تو محرمات سے اجتناب کرو۔

٨ ـ أَحسَنُ الآدابِ مَا كَفَّكَ عَنِ المَحارِم.

(۸) بہترین آداب وہ ہیں جو تمھیں محرمات سے روک لیں۔

٩ ـ إِيَّاكَ وانتِهاكَ المَحارِمِ، فَإِنَّها شِيمَةُ الفُسّاقِ وأُولِي الفُجُورِ والغِوايَة.

(۹) حرام چیزوں میں ڈوب جانے سے بچو کیونکہ یہ فاسقوں فاجروں اور گمراہوں کی روش ہے۔

١٠ ـ الإِنقِباضُ عَنِ المَحارِمِ مِن شِيَمِ العُقَلاءِ وسَجِيَّةِ الأَكارِم.

(۱۰) محرمات سے اپنے آپ کو روکے رکھنا عقلا کی روشوں اور بزرگ و کریم افراد کی صفتوں میں سے ہے۔

١١ ـ بِئسَ الكَسبُ الحَرامُ.

(۱۱) بد ترین کمائی حرام کی کمائی ہے۔

١٢ ـ رَحِمَ اللهُ امرءاً تَوَرَّعَ عَنِ المَحارِمِ، وَتَحَمَّلَ المَغارِمَ، ونَافَسَ فِي مُبادَرَةِ جَزِيلِ المَغانِم.

(۱۲) اللہ اس بندے پر رحم کرے جو حرام اشیاء سے بچے، (دنیا کے) نقصانات کو برداشت کرے اور سب سے بڑے فائدے (آخرت) کے لئے تگ و دو کرے۔

١٣ ـ غَضُّ الطَّرفِ عَن مَحارِمِ اللهِ سُبحَانَهُ أَفضَلُ العِبادَة.

(۱۳) خدا کی حرام کردہ اشیاء سے چشم پوشی سب سے افضل عبادت ہے۔

١٤ ـ لَو لَم يَنهَ اللهُ سُبحَانَهُ عَن مَحارِمِهِ لَوَجَبَ أَن يَجتَنِبَها العاقِل.

(۱۴) اگر محرمات سے اجتناب اللہ نے واجب نہ بھی کیا ہوتا تب بھی عقلاء ان سے پرہیز کرتے۔

١٥ ـ مِلاَكُ الوَرَعِ الكَفُّ عَنِ المحارِمِ.

(۱۵) تقوے کی میزان محرمات سے دوری ہے۔

١٦ ـ لا تَقوىٰ كَالكَفِّ عَنِ المَحارِمِ.

(۱۶) محرمات کی انجام دہی سے باز رہنے کے مقابل کوئی تقوی نہیں ہے۔

١٧ ـ لاَ زُهدَ كَالكَفِّ عَنِ الحَرام.

(۱۷) حرام چیزوں سے باز رہنے کے مقابل کوئی زہد نہیں۔

١٨ ـ نَالَ الجَنَّةَ مَنِ اتَّقىٰ عَنِ المحارِمِ.

(۱۸) جنت اس کو مل جائے گی جو محرمات سے بچتا ہے۔

[ ۵۸ ]

# الحرص = حرص

١ ـ الحِرصُ والكِبرُ والحَسَدُ دَوَاعٍ إلىٰ التَّقحُّمِ فِي الذُّنوب.

(۱) حرص وتکبر اور حسد ایسے اسباب ہیں جو گناہوں میں ڈوب جانے کے باعث ہوتے ہیں۔

٢ ـ مَن لَهِجَ قَلبُهُ بِحُبِّ الدُّنيا، التاطَ قَلبُهُ فِيهَا بِثَلاثٍ: هَمٌّ لاَ يَغِبُّه، و حِرصٌ لاَ يَترُكُهُ، وَأَمَلٌ لاَ يُدرِكُه.

(۲) جس کے دل میں حب دنیا آ گئی اس کا دل دنیا کی تین چیزوں کا خوگر ہو جائے گا، ایسا غم جو ہمیشہ رہے گا، کبھی نہ ختم ہونی والی لالچ اور ایسی آرزوئیں جو کبھی نہ پوری ہو سکیں گی۔

٣ ـ . . . إنّ البُخلَ و الجُبنَ و الحِرصَ غرائِزُ شَتَّىٰ يَجمَعُها سُوءُ الظَّنِّ بِالله.

(۳) کنجوسی، بزدلی، اور حرص مختلف طبیعتیں ہیں جنھیں اللہ سے بد گمانی یکجا کر دیتی ہے۔

٤ ـ الحِرصُ مَحقَرَةٌ، والزِّنىٰ مَفقَرَةٌ.

(۴) حرص حقارت اور زنا فقر ہے۔

٥ ـ الحِرصُ عَلاَمَةُ الفَقرِ.

(۵) لالچ فقر کی علامت ہے۔

٦ ـ الحِرمانُ مَعَ الحِرص.

(۶) محرومیت لالچ کے ساتھ ہوتی ہے۔

٧ ـ لاَ اجتِنابَ لِمُحَرَّمٍ مَعَ حِرصٍ.

(۷) حرص کے ہوتے ہوئے حرام سے اجتناب نہیں ہو سکتا۔

٨ ـ رُبَمَا أَكدَى الحَرِيصُ.

(۸) کبھی حریص بھی دیوالیہ ہو جاتا ہے۔

٩ ـ لاَ حَيَاءَ لِحَرِيصٍ.

(۹) حریص کے پاس شرم و حیا نہیں ہوتی۔

١٠ ـ الحِرصُ يَنقُصُ مِن قَدرِ الإنسانِ، و لا يَزِيدُ فِي حَظِّه.

(۱۰) حرص انسان کی تقدیر میں سے کچھ نہ کچھ گھٹا ہی دیتا ہے، وہ انسان کے نصیب میں کبھی بھی اضافہ نہیں کر سکتا۔

١١ ـ إنتَقِم مِنَ الحِرصِ بِالقَنَاعَةِ، كَمَا تَنتَقِمُ مِنَ العَدُوِّ بِالقِصاص.

(۱۱) حرص سے قناعت کے ذریعے انتقام لو جس طرح دشمن سے تم قصاص کے ذریعے انتقام لیتے ہو۔

١٢ ـ ثَلاَثٌ مُوبِقاتٌ: الكِبرُ فَإنَّهُ حَطَّ إبلِيسَ عَن مَرتَبَتِهِ، والحِرصُ فَإنَّهُ أَخرَجَ آدَمَ مِنَ الجَنَّةِ، والحَسَدُ فَإنَّهُ دَعَا ابنَ آدمَ إلىٰ قَتلِ أَخِيه.

(۱۲) تین چیزیں تباہ کرنے والی ہیں، تکبر جس نے ابلیس کو اس کے رتبہ سے گرا دیا، حرص جس نے آدم کو جنت سے نکال دیا، حسد جس نے آدم کے بیٹے کو اپنے بھائی کو قتل پر آمادہ کیا۔

١٣ ـ أَطوَلُ النَّاسِ نَصَباً الحَرِيصُ إذا طَمِعَ، والحَقُودُ إذا مُنِع.

(۱۳) لوگوں میں سب سے طویل غم اس حریص کا ہوتا ہے جو لالچ کرتا ہو اور اس کینہ پرور کا جس کے عطیات کو روک دیا گیا ہو۔

١٤ ـ قِيلَ لَهُ: أَيُّ ذُلٍّ أَذَلُّ؟ قَالَ عليه السلام: ألحِرصُ عَلىٰ الدُّنيا.

(۱۴) آپ سے سوال کیا گیا "سب سے بڑی ذلت کیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا "دنیا کے لئے لالچ۔"

١٥ ـ الحِرصُ لاَ يَزِيدُ فِي الرِّزقِ، وَلكِن يُذِلُّ القَدْر.

(۱۵) حرص رزق میں اضافہ تو نہیں کرتا البتہ قدر و منزلت کو گھٹا دیتا ہے۔

١٦ ـ الحَرِيصُ فَقِيرٌ وَلَو مَلَكَ الدُّنيا بِحَذافِيرِها.

(۱۶) حریص فقیر ہوتا ہے بھلے ہی وہ تمام دنیا کا مالک ہو جائے۔

١٧ ـ الحِرصُ رَأسُ الفَقرِ، وَأُسُّ الشَّرِّ.

(۱۷) حرص، فقر کا سرمایہ اور برائی کی بنیاد ہے۔

١٨ ـ الأَرزَاقُ لاَ تُنالُ بِالحِرصِ والمُطَالَبَة.

(۱۸) رزق حرص و مطالبہ سے نہیں مل سکتا۔

١٩ ـ الشَّرَهُ جَامِعٌ لِمَساوِي العُيُوب.

(۱۹) حد درجہ لالچ تمام عیوب کو لئے ہوتی ہے۔

٢٠ ـ الشَّرَهُ يُثِيرُ الغَضَب.

(۲۰) حرص غصہ کو بھڑکاتا ہے۔

٢١ ـ الشَّرَهُ سَجِيَّةُ الأَرجَاس.

(۲۱) حرص نجس لوگوں کا طریقہ ہے۔

٢٢ ـ الحَرِيصُ مَتعُوبٌ فِيما يَضُرُّه.

(۲۲) حریص اپنے لئے مضر چیزوں کی خاطر معتوب ہوتا ہے۔

٢٣ ـ الشَّرَهُ أَوَّلُ الطَّمَع.

(۲۳) کسی چیز کی طلب میں بلا جھجک دوڑ پڑنا طمع کی شروعات ہے

٢٤ ـ الحَرِيصُ عَبدُ المَطامِع.

(۲۴) حریص لالچ کا غلام ہوتا ہے۔

٢٥ ـ أَغنَىٰ الأَغنيَاءِ مَن لَم يَكُن لِلحِرصِ أَسِيراً.

(۲۵) مالداروں میں سب سے زیادہ مالدار وہ ہے جو حرص میں گرفتار نہ ہو۔

٢٦ ـ إِيَّاكَ والشَّرَهَ، فَإِنَّهُ يُفسِدُ الوَرَعَ، وَيُدخِلُ النَّار.

(۲۶) حد درجہ لالچ سے بچو کیونکہ یہ تقوے کو تباہ کر کے جہنم میں داخل کر دیتی ہے۔

٢٧ ـ إِيَّاكَ والحِرصَ، فَإِنَّهُ شَينُ الدِّينِ، وبِئسَ القَرِين.

(۲۷) حرص سے دور رہو کیونکہ یہ دین کے لئے عیب اور بدترین ساتھی ہے۔

٢٨ ـ بِالحِرصِ يَكُونُ العَناء.

(۲۸) حرص کی وجہ سے مشقت ہوتی ہے۔

٢٩ ـ بِالشَّرَهِ تُشانُ الأَخلاق.

(۲۹) حد درجہ لالچ سے اخلاق برے ہو جاتے ہیں ۔

٣٠ ـ خَيرُ النَّاسِ مَن أَخرَجَ الحِرصَ مِن قَلبِهِ، وَعَصَىٰ هَوَاهُ فِي طَاعَةِ رَبِّه.

(۳۰) بہترین شخص وہ ہے جس نے حرص کو اپنے دل سے نکال دیا اور اپنے پروردگار کی اطاعت کے لئے اپنی خواہشات کی نافرمانی کی

٣١ ـ رُبَّ حَرِيصٍ قَتَلَهُ حِرصُه.

(۳۱) بہت سے لالچیوں کو ان کی لالچ ہی نے مار ڈالا۔

٣٢ ـ طاعَةُ الحِرصِ تُفسِدُ اليَقِين.

(۳۲) حریص کی اطاعت یقین کو برباد کر دیتی ہے ۔

٣٣ ـ عَلَى الشَّكِّ وَقِلَّةِ الثِّقَةِ بِاللهِ مَبنِيُّ الحِرصِ والشُّح.

(۳۳) شک اور اللہ پر کم بھروسہ کنجوسی اور طمع کی بنیادیں ہیں ۔

٣٤ ـ قَتَلَ الحِرصُ رَاكِبَه.

(۳۴) حرص صاحب حرص کو مار ڈالتا ہے ۔

٣٥ ـ كَثرَةُ الحِرصِ يُشقِي صَاحِبَهُ، و يُذِلُّ جَانِبَه.

(۳۵) کثرت حرص اپنے مرتکب کو بد تخت کر دیتی ہے اور اپنے اطرافیوں کو مار ڈالتی ہے ۔

٣٦ ـ لِكُلِّ شَيءٍ بَذرٌ، وَبَذرُ الشَّرِّ الشَّرَه.

(۳۶) ہر چیز کا ایک بیج ہوتا ہے اور برائی کا بیج حد درجہ لالچ ہے ۔

٣٧ ـ مَن كَثُرَ حِرصُهُ ذَلَّ قَدرُه.

(۳۷) جس کا حرص بڑھ جاتا ہے اس کی قدر و قیمت گھٹ جاتی ہے

٣٨ ـ مَا أَذَلَّ النَّفسَ كَالحِرصِ، وَلاَ شَانَ العِرضَ كَالبُخل.

(۳۸) نفس کو حرص سے زیادہ اور کسی نے ذلیل نہیں کیا اور عزت کی، بخل سے زیادہ اور کسی چیز نے مٹی پلید نہیں کی ۔

٣٩ ـ لاَ يُلقَى الحَرِيصُ مُستَرِيحاً.

(۳۹) حریص کبھی آرام سے نہیں لیٹتا ۔

٤٠ ـ يَسِيرُ الحِرصِ يَحمِلُ عَلَىٰ كَثِيرِ الطَّمَع.

(۴۰) تھوڑا سا بھی حرص انسان کو بڑی لالچوں میں ڈھکیل دیتا ہے ۔

[ ۵۹ ]

## الحرمان = حرمان

١ ـ لاتَستَحِ مِن إعطاءِ القَليلِ، فَإنَّ الحِرمانَ أقَلُّ مِنه.
(۱) کم دینے سے شرم نہ کرو کیونکہ محروم رکھنا اس سے بھی کم ہے

٢ ـ مِن سَبَبِ الحِرمانِ التَّواني.
(۲) سستی اور کاہلی حرمان کے اسباب میں سے ہے۔

٣ ـ رُبَّ رَجاءٍ يُؤدّي إلىٰ حِرمانٍ.
(۳) بہت سی امیدیں حرمان کا سبب بن جاتی ہیں۔

٤ ـ الحِرمانُ مَعَ الحِرص.
(۴) محرمیت حرص کے ساتھ ہے۔

٥ ـ الحِرمانُ خَيرٌ مِنَ الامتِنان.
(۵) محرومی، (منت و) دوسرے کا احسان لینے سے بہتر ہے۔

٦ ـ الأشرافُ يُعاقَبُونَ بِالهِجرانِ لا بِالحِرمان.
(۶) اشراف کو ہجراں سے سزا دی جاتی ہے نہ کہ محرومیت سے۔

٧ ـ مَن سَألَ فَوقَ حَقِّهِ استَحَقَّ الحِرمان.
(۷) جو اپنے حق سے زیادہ کا جو سوال کرتا ہے وہ محرومیت کا مستحق ہوتا ہے۔

٨ ـ وُكِّلَ الحِرمانُ بِالعَقل.
(۸) محرومیت کو عقل میں منحصر کر دیا گیا ہے۔ (یعنی ہر ایک کی محرومیت اس کی عقل کے مطابق ہو گی)۔

٩ ـ مَن أمَّلَ فاجِراً كانَ أدنىٰ عُقُوبَتِهِ الحِرمان.
(۹) جو کسی فاجر سے امید لگائے گا اس کی کمترین سزا حرمان ہو گی

١٠ ـ جُحُودُ الإحسانِ يُوجِبُ الحرمان.
(۱۰) احسان فراموشی محرومیت کا سبب ہوتی ہے۔

١١ ـ كُفرانُ الإحسانُ يُوجِبُ الحِرمان.
(۱۱) احسان کا انکار محرومیت کا باعث ہوتا ہے۔

١٢ ـ رَضِيَ بِالحرمانِ طالِبُ الرزقِ مِن اللئام.
(۱۲) جو لئیموں سے رزق مانگے گا وہ حرمان سے راضی ہو گا۔

١٣ ـ مَن سَئَلَ ما لا يَستَحِقُّ قُوبِلَ بِالحرمان.
(۱۳) جو اپنے حق سے زیادہ کا سوال کرے گا وہ حرمان کا سامنا کرے گا۔

١٤ ـ مَن سَئَلَ فوقَ قدرِهِ استحقَّ الحِرمان.
(۱۴) اپنی حد سے زیادہ کا سوال کرنے والا مستحق حرمان ہوتا ہے۔

١٥ ـ مَن حَرَمَ السائِلَ مع القُدرَةِ عُوقِبَ بِالحرمان.
(۱۵) جو توانائی کے ہوتے ہوئے سائل کو محروم رکھے گا وہ حرمان کے ذریعے عذاب پائے گا۔

[٦٠]

# الحُرِّية = آزادی

١ ـ إنَّ قوماً عَبَدُوا اللهَ شُكراً، فَتِلكَ عِبادَةُ الأَحرار.

(۱) یقیناً کچھ لوگوں نے اللہ کی عبادت بطور شکر انجام دی (یہی) آزاد لوگوں کی عبادت ہے۔

٢ ـ لاَ تَكُن عَبدُ غَيرِكَ، وَقَد جَعَلَكَ اللهُ حُرّاً.

(۲) تم دوسرے کے غلام نہ بنو جبکہ خدا نے تمھیں آزاد قرار دیا ہے

٣ ـ مَن تَرَكَ الشَّهواتِ كَانَ حُرّاً.

(۳) جس نے خواہشات کو ترک کر دیا وہ آزاد ہوتا ہے۔

٤ ـ عَامِلُوا الأَحرارَ بِالكَرامَةِ المَحضَةِ، والأَوساطَ بِالرَّغبَةِ والرَّهبَةِ، والسَّفَلَةَ بِالهَوان.

(۴) آزاد لوگوں کے ساتھ نہایت عزت و احترام کے ساتھ، متوسط لوگوں کے ساتھ رغبت و خوف کے ساتھ اور پست لوگوں کے ساتھ ذلت آمیز رویہ سے پیش آؤ۔

٥ ـ إحسانُكَ إلَى الحُرِّ يُحَرِّكُهُ عَلَى المُكافَأَة.

(۵) نیک آدمی سے تمہاری بھلائی اسے بدلے پر اکساتی ہے۔

٦ ـ أَلحُرُّ عَبدٌ ما طَمِعَ، والعَبدُ حُرٌّ ما قَنَع.

(۶) آزاد جس چیز کی لالچ رکھتا ہے اس کا غلام ہوتا ہے اور غلام جن چیزوں سے قناعت کرتا ہے ان میں وہ آزاد ہوتا ہے۔

٧ ـ جَمَالُ الحُرِّ تَجَنُّبُ العَار.

(۷) آزاد کا حسن ننگ و عار سے اجتناب ہے۔

٨ ـ الحُرِّيَّةُ مُنَزَّهَةٌ مِنَ الغِلِّ و المكر.

(۸) آزادی دھوکے اور مکر سے پاک ہوتی ہے۔

٩ ـ حُسنُ البِشرِ شِيمَةُ كُلِّ حُرٍّ.

(۹) خندہ روئی ہر آزاد کی روش ہے۔

١٠ ـ خَيرُ البِرِّ مَا وَصَلَ إلىٰ الأَحرار.

(۱۰) بہترین نیکی وہ ہے جو آزاد افراد تک پہنچ جائے۔

١١ ـ قَد يُضامُ الحُرُّ.

(۱۱) کبھی آزاد بھی مظلوم ہوتا ہے

١٢ ـ لَن يُستَعبَدَ الحُرُّ حَتّى زالَ عَنهُ الضُّرُّ.

(۱۲) آزاد اس وقت تک ہر گز غلام نہیں بنایا جاسکتا جب تک اس کی سختیاں ختم نہ ہو جائیں۔

١٣ ـ لَيسَ لِلأَحرارِ جَزَاءٌ إلاّ الإكرام.

(۱۳) آزاد لوگوں کی تعظیم و تکریم کے علاوہ کوئی جزا نہیں۔

١٤ ـ مَن قَصَّرَ عَن أَحكامِ الحُرِّيَّةِ أُعِيدَ إلى الرِّقِّ.

(۱۴) جو آزادی کے قواعد و ضوابط میں تقصیر کرتا ہے وہ غلامی کی طرف لوٹا دیا جاتا ہے۔

١٥ ـ مَن قَامَ بِشَرائِطِ الحُرِّيَّةِ أُهِّلَ لِلعِتق.

(۱۵) آزادی کے قوانین کی پابندی کرنے والا آزادی کا اہل ہوتا ہے

[٦١]

# الحزن = حزن

١ ـ مَن رَضِيَ بِرزقِ الله، لم يَحْـزَن عـلى مـا فاتَه.

(۱) جو اللہ کے رزق سے راضی ہو گا وہ ہاتھ سے جانے والی چیزوں پر غمزدہ نہیں ہو گا۔

٢ ـ مَن أصبحَ على الدُّنيا حَزِيناً فقد أصـبحَ لِقضاءِ اللهِ ساخِطا.

(۲) جو دنیوی اشیاء کے لئے غمزدہ ہوتا ہے وہ اللہ کی قضاو قدر پر غضبناک ہوتا ہے۔

٣ ـ [ في صفة المؤمن ] المؤمنُ بِشْرُهُ في وَجْهِهِ و حُزْنُهُ في قَلبه.

(۳) مومن کی صفتوں کے متعلق فرمایا "مومن کی خوشی اس کے چہرے پر اور اس کا غم اس کے دل میں ہوتا ہے۔"

٤ ـ أيّها الناسَ، أنظُرُوا إلى الدّنيا نَظَرَ الزَّاهِدين فيها الصَّادِفِين عنها... سرُورُها مَشوبٌ بالحُزن.

(۴) اے لوگو! دنیا کی طرف زاہدوں اور اس سے گریزاں افراد کی طرح نگاہ ڈالو کیونکہ دنیا کی ہر مسرت، غم انگیز ہوتی ہے۔

٥ ـ عِبادَ الله، إنّ مِن أحبِّ عبادِ اللهِ إليه عَبداً أعانَهُ اللهُ على نَفسِهِ فاستَشعَرَ الحُزنَ و تَجَلْبَبَ الخَوف.

(۵) اے بندگان خدا! یقیناً خدا کے نزدیک محبوب ترین بندہ وہ ہے جس کی اللہ نے نفس کے مقابلہ میں مدد کی تو اس نے حزن کو اپنا شعار اور خوف کو اپنا لباس بنالیا۔

٦ ـ إنّ الزَّاهِدين في الدُّنيا تَبكِي قُلوبُهُم و إن ضَحِكُوا، و يَشتَدُّ حُزنُهُم و إن فَرِحُوا.

(۶) یقیناً دنیا میں زاہدوں کے دل روتے ہیں بھلے ہی وہ ہنس رہے ہوں اور ان کا حزن شدید ہوتا رہتا ہے بھلے ہی وہ خوش ہوں۔

٧ ـ مَن رَضِيَ بِقِسمِ اللهِ لَم يَحزَن عَلَىٰ مَا فِي يَدِ غَيرِه.

(۷) جو اللہ کی تقسیم (رزق) سے خوش ہو گا وہ دوسروں کے پاس موجود چیزوں کو دیکھ کر غمزدہ نہیں ہو گا۔

٨ ـ كَم مِن حَزِينٍ وَفَدَ بِهِ حُزنُهُ عَـلىٰ سُرورِ الأَبَد.

(۸) کتنے ایسے غمزدہ ہیں جن کو ان کے حزن نے ابدی مسرت سے ہمکنار کر دیا۔

٩ ـ إذا فَاتَكَ مِنَ الدُّنيا شَيءٌ فَلا تَحزَن، و إذا أَحسَنتَ فَلاَ تَمُنّ.

(۹) تمہارے ہاتھ سے اگر کوئی دنیوی شئے نکل جائے تو رنجیدہ نہ ہونا اور اگر تم نے کسی پر احسان کیا ہے تو اسے مت جتانا۔

١٠ ـ مَن طَالَ حُزنُهُ عَـلىٰ نَـفسِهِ فِي الدُّنـيا أَقَـرَّ اللهُ عَـينَهُ يَـومَ القِـيامَةِ، وَأَحَـلَّهُ دَارَ المُقامَة.

(۱۰) اس دنیا میں اپنے لئے جس کا حزن و ملال طویل ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ روز قیامت اس کی آنکھوں کو ٹھنڈا کرتا ہے اور اسے دار جاویدانی میں جگہ دیتا ہے۔

[٦٢]

# الحساب = حساب

١ ـ طُوبىٰ لِمَن ذَكَرَ المَعادَ، وَعَمِلَ لِلحِسابِ، وَقَنِعَ بِالكَفَافِ، وَرَضِيَ عَنِ اللهِ.

(۱) خوشخبری ہے اس کے لئے جس نے قیامت کو یاد رکھا، حساب و کتاب کے لئے نیک اعمال انجام دیئے، تنگ دستی میں قانع رہا اور اللہ سے راضی و خوشنود رہا۔

٢ ـ وَسُئِلَ ﷺ: كَيفَ يُحاسِبُ اللهُ الخَلقَ عَلىٰ كَثرَتِهِم؟! فَقَالَ ﷺ: كَما يَرزُقُهُم عَلىٰ كَثرَتِهِم.

(۲) آپ سے سوال کیا گیا "اللہ اتنی زیادہ مخلوقات کا حساب کیسے لے گا؟" تو آپ نے جواب دیا "جس طرح اتنی کثیر خلق کو رزق دیتا ہے۔"

٣ ـ إنَّ اليومَ عَمَلٌ وَلا حِسابَ، وغَداً حِسابٌ وَلاَ عَمَلَ.

(۳) یقیناً آج عمل ہے حساب نہیں اور کل حساب ہوگا عمل نہیں۔

٤ ـ ألحِسَابُ قَبلَ العِقابِ، الثَّوابُ بَعدَ الحِساب.

(۴) حساب، عذاب سے پہلے اور ثواب حساب کے بعد ہے۔

٥ ـ جَعَلَ اللهُ لِكُلِّ عَمَلٍ ثَواباً، وَلِكُلِّ شَيءٍ حِساباً.

(۵) اللہ تعالیٰ نے ہر نیک عمل کے لئے ثواب اور ہر شئے کے لئے حساب قرار دیا ہے۔

٦ ـ ثَمَرَةُ المُحاسَبَةِ إصلاحُ النَّفس.

(۶) محاسبہ نفس کا ثمرہ اس کی اصلاح ہے۔

٧ ـ حَاسِب نَفسَكَ لِنَفسِكَ، فَإنَّ غَيرَهَا مِنَ الأَنفُسِ لَهَا حَسِيبٌ غَيرُكَ.

(۷) اپنے نفس کا خود اپنے لئے محاسبہ کرو کیونکہ اور دوسرے نفوس کے لئے تمہارے علاوہ کوئی دوسرا محاسبہ کرنے والا ہے۔

٨ ـ حَاسِبُوا أَنفُسَكُم قَبلَ أَن تُحَاسَبُوا، و وازِنُوهَا قَبلَ أَن تُوازَنُوا.

(۸) اپنے نفس کا محاسبہ کرو قبل اس کے کہ تمہارا محاسبہ کیا جائے اور اپنے نفوس کو تولو قبل اس کے کہ انھیں (میزان پر) تولا جائے۔

٩ ـ مَن تَعَاهَدَ نَفسَهُ بِالمُحاسَبَةِ أَمِنَ فِيها المُداهَنَة.

(۹) جو اپنے آپ کو محاسبہ نفس کا پابند کرے گا وہ اس کی فریب کاریوں سے محفوظ رہے گا۔

١٠ ـ مَن حَاسَبَ نَفسَهُ وَقَفَ عَلىٰ عُيُوبِهِ، وَأَحَاطَ بِذُنُوبِهِ، فَاستَقَالَ الذُّنُوبَ، وَأَصلَحَ العُيُوب.

(۱۰) جو خود کا محاسبہ کرتا ہے وہ اپنے عیوب سے واقف، اور اپنے گناہوں سے آگاہ ہو جاتا ہے جس کے نتیجے میں اس کے گناہ کم اور عیوب درست ہو جاتے ہیں۔

١١ ـ مَن حَاسَبَ نَفسَهُ سُعِدَ.

(۱۱) جو محاسبہ نفس کرتا ہے وہ کامیاب کر دیا جاتا ہے۔

١٢ ـ مَن حَاسَبَ نَفسَهُ رَبِحَ.

(۱۲) جو اپنے نفس کا محاسبہ کرتا ہے وہ فائدہ اٹھاتا ہے

[ ٦٣ ]

# الحسد = حسد

١ ـ صِحّةُ الجَسَدِ مِن قِلَّةِ الحَسَد.
(۱) جسم کی صحت، حسد کم ہونے میں ہے۔

٢ ـ الحِرصُ والكِبرُ والحَسَدُ دواعٍ إلى التَّقَحُّمِ في الذُّنوب.
(۲) حرص و تکبر اور و حسد گناہوں میں ڈوب جانے کے اسباب ہیں۔

٣ ـ العَجَبُ لِغَفلَةِ الحُسَّادِ عَن سَلاَمَةِ الأَجسَاد.
(۳) حاسدوں کی اپنے جسم کی سلامتی سے غفلت پر تعجب ہے۔

٤ ـ حَسَدُ الصَّدِيقِ مِن سُقمِ المَوَدَّة.
(۴) دوست کا (دوست سے) حسد کرنا محبت میں سقم ہے۔

٥ ـ عُجْبُ المَرءِ بِنَفسِهِ أَحَدُ حُسَّادِ عَقلِه.
(۵) انسان کی خود پسندی اس کے حاسدوں میں سے ایک حاسد ہے۔

٦ ـ الثَّنَاءُ بِأَكثَرَ مِنَ الاستِحقاقِ مَلَقٌ و التَقصيرُ عَن الاستحقاق عِيٌّ أَو حَسَدٌ.
(۶) استحقاق سے بڑھ کر تعریف کرنا چاپلوسی اور استحقاق سے کم تعریف کرنا یا تو ناتوانی ہے یا پھر حسد۔

٧ ـ الحَسَدُ آفَةُ الدِّين.
(۷) حسد دین کی آفت ہے۔

٨ ـ مِن شَرِّ ما صَحِبَ المَرءَ الحَسَد.
(۸) انسان کے ساتھ رہنے والی بد ترین شئے حسد ہے۔

٩ ـ لاَ رَاحَةَ لِحَسُودٍ.
(۹) حسود (بہت زیادہ حسد کرنے والے) کے لئے راحت نہیں ہے

١٠ ـ مَن تَرَكَ الحَسَدَ كَانَ لَهُ المَحَبَّةُ مِنَ النَّاس.
(۱۰) جو حسد کو ترک کر دیتا ہے لوگ اس سے محبت کرنے لگتے ہیں

١١ ـ لا رَاحَةَ مَعَ حَسَدٍ.
(۱۱) حسد کے ساتھ کوئی راحت نہیں ہے۔

١٢ ـ الحَاسِدُ مُغتاظٌ عَلَىٰ مَن لا ذَنبَ لَه.
(۱۲) حاسد بے گناہ کے لئے (بھی) کینہ پرور ہوتا ہے۔

١٣ ـ مَا رَأَيتُ ظَالِماً أَشبَهَ بِمَظلُومٍ مِنَ الحاسِدِ، نَفَسٌ دَائِمٌ، وَقَلبٌ هَائِمٌ، وحُزنٌ لاَزِمٌ.
(۱۳) میں نے کسی ظالم کو مظلوم سے حاسد سے بڑھ کر مشابہت رکھنے والا نہیں دیکھا۔ ہمیشہ آہیں بھرتا ہے، دوسروں کے غم میں گھلتا ہے اور اس کے ساتھ غم اندوہ ہمیشہ رہتا ہے۔

١٤ ـ ألحَسَدُ يَأكُلُ الحَسَنَاتِ كَمَا تَأكُلُ النَّارُ الحَطَب.
(۱۴) حسد نیکیوں کو اسی طرح کھا جاتا ہے جیسے آگ (خشک) لکڑی کو کھا جاتی ہے۔

١٥ ـ يَكفِيكَ مِنَ الحَاسِدِ أَنَّهُ يَغتَمُّ وَقتَ سُرُورِك.
(۱۵) حاسد کے لئے بس یہی کافی ہے کہ وہ تمہاری مسرتوں کے وقت غمزدہ رہتا ہے۔

١٦ ـ الحَسَدُ لاَ يَجلُبُ إلّا مَضَرَّةً وَغَيظاً، يُوهِنُ قَلبَكَ، وَيُمرِضُ جِسمَك.

(۱۶) حسد صرف ایسے نقصان و کینے کا باعث ہوتا ہے جو تمہارے دل کو تنگ و کمزور اور جسم کو بیمار بنا دیتا ہے۔

١٧ ـ شَرُّ مَا استَشعَرَ قَلبُ المَرءِ الحَسَد.

(۱۷) انسان کے دل کا بدترین لباس حسد ہے۔

١٨ ـ مَن طَالَ لِسَانُهُ و حَسُنَ بَيَانُهُ، فَليَترُكِ التَّحَدُّثَ بِغَرائِبِ مَا سَمِعَ، فَإنَّ الحَسَدَ لِحُسنِ مَا يَظهَرُ مِنهُ يَحمِلُ أَكثَرُ النَّاسِ عَلىٰ تَكذِيبِه.

(۱۸) جس کی زبان بہترین اور بیان اچھا ہو وہ سنی ہوئی عجیب و غریب باتوں سے پرہیز کرے کیونکہ اس کے حسن بیان و کلام کی وجہ سے حسد لوگوں کو اس کی تکذیب پر آمادہ کرے گا۔

١٩ ـ عَذِّبْ حُسَّادَكَ بِالإحسانِ إلَيهِم.

(۱۹) اپنے حاسدوں کو ان کے ساتھ نیکی کے ذریعے سزا دو۔

٢٠ ـ مَن لَم يَقهَر حَسَدَهُ كَانَ جَسَدُهُ قَبراً لِنَفسِه.

(۲۰) جو اپنے حسد پر غالب نہ ہو پایا اس کا جسم اس کے نفس کی قبر بن جاتا ہے۔

٢١ ـ النِّعمَةُ علىٰ المَحسُودِ نِعمَةٌ، وَهيَ عَلى الحَاسِدِ نِقمةٌ.

(۲۱) محسود (جس سے حسد کیا جائے) کے لئے نعمت، نعمت ہوتی ہے مگر یہی حاسد کے لئے عذاب و سزا ہوتی ہے۔

٢٢ ـ لاَ يَرضَىٰ عَنكَ الحَاسِدُ حَتّىٰ يَمُوتَ أَحَدُكُما.

(۲۲) حاسد تم سے راضی نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ تم میں سے ایک کو موت آجائے۔

٢٣ ـ ثَلاثٌ مُوبِقَاتٌ: الكِبرُ فَإنَّهُ حَطَّ إبلِيسَ عَن مَرتَبَتِهِ، والحِرصُ فَإنَّهُ أَخرَجَ آدَمَ مِنَ الجَنَّةِ، والحَسَدُ فإنَّه دَعَا ابنَ آدمَ إلى قَتلِ أَخِيه.

(۲۳) تین چیزیں تباہ کر دینے والی ہیں، تکبر جس نے ابلیس کو اس کے مرتبہ سے گرا دیا حرص جس نے آدم کو جنت سے نکال دیا حسد جس نے آدم کے بیٹے کو اپنے بھائی کے قتل پر آمادہ کیا۔

٢٤ ـ إذَا أَرادَ اللهُ أَن يُسَلِّطَ علىٰ عَبدٍ عَدُوّاً لا يَرحَمُهُ سَلَّطَ عَلَيه حَاسِداً.

(۲۴) اگر اللہ کسی بندہ پر کوئی ایسا دشمن مسلط کرنا چاہتا ہے جو اس پر کبھی رحم نہ کرے تو اس پر کسی حاسد کو مسلط کر دیتا ہے۔

٢٥ ـ الرَّغبَةُ مِفتَاحُ النَّصَبِ، و الحَسَدُ مَطِيَّةُ التَّعَب.

(۲۵) رغبت پائیداری کی کلید اور حسد مرکب درماندگی ہے۔

٢٦ ـ الحَسَدُ أَحَدُ العَذابَين.

(۲۶) حسد دو عذابوں میں سے ایک عذاب ہے۔

٢٧ ـ الحَسَدُ مِقنَصَةُ إبلِيسَ الكُبرىٰ.

(۲۷) حسد شیطان کا سب سے بڑا جال ہے۔

٢٨ ـ الحَسَدُ يُنشِيءُ الكَمَد.

(۲۸) حسد دل کی تنگی کا باعث ہوتا ہے۔

٢٩ ـ الحَسَدُ يُذِيبُ الجَسَد.

(۲۹) حسد، جسم کو گلا دیتا ہے۔

٣٠ ـ الحَسَدُ يُفنِي الجَسَد.

(۳۰) حسد جسم کو فنا کر دیتا ہے۔

٣١ ـ الحَسَدُ شَرُّ الأَمراض.
(۳۱) حسد بدترین مرض ہے۔

٣٢ ـ الحَسَدُ حَبسُ الرّوح.
(۳۲) حسد روح کا قید خانہ ہے۔

٣٣ ـ الحَسَدُ رَأسُ العُيُوب.
(۳۳) حسد عیبوں کی جڑ ہے۔

٣٤ ـ الحَسُودُ أَبَداً عَلِيلٌ.
(۳۴) حسود ہمیشہ بیمار رہتا ہے۔

٣٥ ـ الحَسُودُ لاَخُلَّةَ لَه.
(۳۵) حسود کا کوئی دوست اور بھائی نہیں ہوتا۔

٣٦ ـ الحَسُودُ لاَ شِفَاءَ لَه.
(۳۶) حسود کے لئے کوئی (شئے) شفا نہیں ہو سکتی۔

٣٧ ـ الحَسُودُ لاَ يَسُودُ.
(۳۷) حسود کبھی سردار نہیں بن سکتا۔

٣٨ ـ الحَسُودُ غَضبانٌ عَلَى القَدَر.
(۳۸) حسود قضا و قدر الٰہی پر غضبناک رہتا ہے۔

٣٩ ـ الحَسُودُ كَثِيرُ الحَسَراتِ، مُتَضاعِفُ السَّيِّئات.
(۳۹) حسود بہت زیادہ حسرت زدہ اور بکثرت گناہوں والا ہوتا ہے۔

٤٠ ـ الحَسُودُ دَائِمُ السُقم، وَ إِن كَانَ صَحِيحَ الجِسم.
(۴۰) حسود دائم المرض ہوتا ہے۔

٤١ ـ الحَاسِدُ يَفرَحِ بالشُرورِ، وَيَغتَمُّ بِالسُّرُور.
(۴۱) حاسد (محسود کی) برائیوں سے خوش ہوتا ہے اور اس کی مسرتوں سے غمگین۔

٤٢ ـ الحَاسِدُ لا يَشفِيهِ إلاّ زَوَالُ النِّعمَة.
(۴۲) حاسد کو جز (محسود کی) نعمتوں کے زوال کے اور کوئی چیز تسلی نہیں دے سکتی۔

٤٣ ـ الحَاسِدُ يَرَىٰ أَنّ زَوَالَ النِّعمَةِ عَمَّن يَحسُدُهُ نِعمَةٌ.
(۴۳) حاسد کی نظروں میں اپنے محسود کی نعمتوں کا زوال، نعمت ہوتا ہے۔

٤٤ ـ إحذَرُوا مِن الحَسَدِ، فَإنَّهُ يُزرِي بِالنَّفس.
(۴۴) حسد سے ڈرتے رہو کیونکہ یہ نفس کو نقصان پہنچاتا ہے۔

٤٥ ـ إذَا أَمطَرَ التَّحاسُدُ نَبَتَ التَّفَاسُد.
(۴۵) جب لوگوں کے درمیان حسد کی برسات ہونے لگتی ہے تو ان کے درمیان فساد کے پودے اگ آتے ہیں۔

٤٦ ـ ثَمَرَةُ الحَسَدِ شَقَاءُ الدُّنيَا وَالآخِرَة.
(۴۶) حسد کا نتیجہ دنیا و آخرت کی بدبختی ہے۔

٤٧ ـ خُلُوُّ الصَّدرِ مِنَ الغِلِّ والحَسَدِ مِن سَعَادَةِ العَبد.
(۴۷) سینوں کا کینہ اور فریب و حسد سے پاک ہونا بندے کی سعادت ہے۔

٤٨ ـ شِدَّةُ الحِقد مِن شِدَّةِ الحَسَد.
(۴۸) حد درجہ کینہ پروری شدید حسد کا نتیجہ ہے۔

۴۹ ـ طَهِّرُوا قُلُوبَكُم مِنَ الحَسَدِ، فَإِنَّهُ مُكمِدٌ مُضنٍ.

(۴۹) اپنے دلوں کو حسد سے پاک رکھو کیونکہ یہ جسم کو پژمردہ اور آدمی کو بخیل کر دینے والی شئے ہے۔

۵۰ ـ كُلُّ ذِي مَرتَبَةٍ سَنِيَّةٍ مَحسُودٌ.

(۵۰) ہر بلند مرتبت شخص محسود ہوتا ہے۔

۵۱ ـ كَمَا أَنَّ الصَّدأَ يَأكُلُ الحَدِيدَ حَتَّىٰ يُفنِيهِ، كَذٰلِكَ الحَسَدُ يَكمُدُ الجَسَدَ حَتَّىٰ يُفنِيه.

(۵۱) جس طرح زنگ لوہے کو اس وقت تک کھاتا رہتا ہے جب تک کہ وہ فنا نہ ہو جائے اسی طرح حسد بھی دل کو اس وقت تک تباہ کرتا رہتا ہے جب تک کہ وہ اسے فنا نہ کر دے۔

۵۲ ـ ليس الحَسَدُ مِن خُلُقِ الأتقِياء.

(۵۲) حسد متقی کا شیوہ نہیں ہے۔

۵۳ ـ لاَ عَيشَ أَنكَدُ مِن عَيشِ الحَسُودِ والحقُود.

(۵۳) حاسد اور کینہ پرور (کی زندگی) سے زیادہ بری کوئی زندگی نہیں۔

۵۴ ـ لاَ يُوجَدُ الحَسُودُ مَسرُوراً.

(۵۴) حسود کبھی مسرور نہیں مل سکتا۔

۵۵ ـ لاَ تَكُونُوا لِفَضلِ اللهِ عَلَيكُم حُسَّاداً.

(۵۵) اپنے اوپر اللہ کے فضل و کرم کے متعلق (ایک دوسرے کے) حاسد نہ بنو۔

۵۶ ـ مَنِ اتَّقَىٰ قَلبُهُ لَم يَدخُلهُ الحَسَد.

(۵۶) جس کا دل متقی ہو گا اس میں حسد داخل نہیں ہو سکتا۔

۵۷ ـ مَن كَثُرَ حَسَدُهُ طَالَ كَمَدُه.

(۵۷) جس کا حسد بڑھ جاتا ہے اس کی تباہی کی مدت طویل ہو جاتی ہے۔

۵۸ ـ مَا أَقَلَّ رَاحَةَ الحَسُودِ!

(۵۸) حسود کی راحتیں کتنی کم ہیں!

۵۹ ـ وَيحَ الحَسَدِ مَا أَعدَلَهُ! بَدأَ بِصَاحِبِهِ فَقَتَلَه.

(۵۹) برا ہو حسد کا کس قدر منحرف ہے! جس کے اندر بھی ہوتی ہے اسے مار ڈالتی ہے۔

۶۰ ـ قال الامام ؑ شكوتُ الى رسول الله ﷺ حَسَدَ مَن يَحسُدُني! فقال: يا عليّ أما تَرضىٰ أنّ أوّل أربعةٍ يَدخلون الجنّة أنا و أنت و ذَرارِينا خَلفَ ظهورِنا و شِيعتُنا عن أيمانِنا و شمائِلنا.

(۶۰) امام علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے اپنے حاسدوں کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا "اے علی کیا (اس بات پر) تم خوش نہیں ہو کہ سب سے پہلے چار لوگ جنت میں داخل ہونگے میں، تم، اور ہمارے پیچھے ہماری ذریت اور ہمارے شیعہ (ہمارے) داہنی طرف سے داخل جنت ہوں گے۔"

[ ٦٤ ]

## الحسنة = نیکی

١ ـ سَيِّئَةٌ تَسُوءُكَ خَيرٌ عِندَ اللهِ مِن حَسَنَةٍ تُعجِبُك.

(۱) ایک ایسی برائی جو تمھیں بری لگے اللہ کے نزدیک اس نیکی سے بہتر ہے جو تمھیں عجب میں مبتلا کر دے۔

٢ ـ [ قال في وصيته لابنه الحسن ﷺ : ] و امحَض أخاك النَّصيحةَ حَسنةً كانَت أو قَبيحةً.

(۲) اپنے بیٹے امام حسن علیہ السلام کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا۔ "اپنے بھائی کی نصیحت کرو چاہے اچھے کاموں کی ترغیب کے لئے یا برائیوں سے روکنے کے لئے۔"

٣ ـ إذا أقْبَلَتِ الدُّنيا على أحدٍ أعارَتْهُ مَحاسِنَ غَيرِهِ، و إذا أدْبَرَتْ عنه، سَلَبَتْهُ مَحاسِنَ نَفسِه.

(۳) یہ دنیا جب کسی پر مہربان ہو جاتی ہے تو وہ اس کو دوسروں کے محاسن بھی ادھار دے دیتی ہے مگر جب یہی دنیا اس سے منہ موڑ لیتی ہے تو خود اس کے محاسن بھی اس سلب کر لیتی ہے۔

٤ ـ مَن زَاغَ سَاءَت عِندَهُ الحَسَنَةُ، وَحسُنَت عِندَهُ السَّيِّئَةُ، وسَكِرَ سُكرَ الضَّلالَة.

(۴) جو منحرف ہو جاتا ہے اس کے نزدیک برائی نیکی اور نیکی برائی میں تبدیل ہو جاتی ہے اور وہ گمراہی کی مستی میں ڈوب جاتا ہے۔

٥ ـ قِيمَةُ كُلِّ امرِیءٍ مَا يُحسِنُه.

(۵) ہر آدمی کی قدر و قیمت اس کی اچھائیاں ہوتی ہیں۔

٦ ـ إذا كَانَت مَحاسِنُ الرَّجلِ أكثَرَ مِن مَساوِيهِ فَذَلِكَ الكَامِلُ، وإذا كانَ مُتَساوِي المَحاسِنِ والمَساوِي فَذَلِكَ المُتَماسِكُ، وإذا زَادَتْ مَساوِيهُ عَلىٰ مَحاسِنِهِ فَذلِكَ الهَالِك.

(۶) اگر کسی آدمی کے محاسن اس کے عیوب سے زیادہ ہوں گے تو وہ کامل ہوگا اور اگر اس کے محاسن و معایب برابر ہوں تو وہ اپنے آپ کو بچانے والا ہے اور اگر اس کے عیوب اس کے محاسن سے زیادہ ہوئے تو وہ ہلاک ہونے والا ہے۔

٧ ـ اكتِسابُ الحَسَناتِ مِن أفضَلِ المَكاسِب.

(۷) کسب حسنات بہترین تجارت ہے۔

٨ ـ رَأسُ الدِّينِ اكتِسابُ الحَسَنات.

(۸) سرمایہ دین نیکیاں حاصل کرنا ہے۔

٩ ـ لِكُلِّ حَسَنَةٍ ثَوابٌ.

(۹) ہر نیکی کے لئے ثواب ہے۔

[٦٥]

# الحظّ = نصیب و حصہ

١ ـ زُهدُكَ فِي راغِبٍ فِيكَ نُقصَانُ حَظٍّ.

(۱) تمہارے اندر دلچسپی رکھنے والے سے تمہاری دوری قسمت کی خرابی ہے۔

٢ ـ شارِكُوا الَّذِي قَد أَقبَلَ عَلَيهِ الرِّزقُ، فَإِنَّهُ أَخلَقُ لِلغِنىٰ، وَأَجدَرُ بِإقبالِ الحَظِّ عليه.

(۲) جس کے پاس رزق کی فراوانی ہو اس کے شریک بن جاؤ کیونکہ وہ تونگری کے لئے زیادہ شائستہ ہے اور قسمت کی خوبی کے لئے دوسروں کے مقابل زیادہ لائق ہے۔

٣ ـ انّما حَظُّ أحدِكُم مِن الأرضِ، ذاتِ الطولِ و العَرض، قيدُ قَدِّه، مُتَعَفِّراً على خَدِّه.

(۳) اس زمین سے تمہارے حصہ ایک لمبی چوڑی، قد برابر (قبر) ہے جس میں تم اپنے رخساروں کے بل لیٹے ہوگے۔

٤ ـ و لَيس لواضِعِ المَعرُوفِ فى غَيرِ حَقِّهِ و عِندَ غيرِ أهلِهِ مِنَ الحظِّ فيما أتىٰ إلّا مَحمَدَةُ اللِّئام، و ثَناءُ الأشرارِ، و مَقالَةُ الجُهّال مادامَ مُنعِماً عليهم ما أجودَ يَدَهُ! و هُوَ عَن ذاتِ اللهِ بَخيلٌ.

(۴) بے جا نیکی کرنے والے کی قسمت میں صرف لئیموں کی تعریف، برے لوگوں کی مدح و ثنا اور جاہلوں کی باتیں اس وقت تک رہتی ہیں جب تک وہ ان پر دولت لٹاتا رہتا ہے اس کے ہاتھ کس قدر بخشندہ ہیں! جبکہ وہ اللہ کی ذات میں بخل اختیار کئے رہتا ہے۔

٥ ـ الأمانِيُّ تُعمِي أعيُنَ البَصائِرِ، و الحَظُّ يأتي مَن لا يأتِيه.

(۵) تمنائیں دل کی آنکھوں کو اندھا کر دیتی ہیں اور نصیب ایسے کے پاس آتا ہے جو اس کے پیچھے نہیں جاتا۔

٦ ـ مَن زادَ عَقلُهُ نَقَصَ حَظُّهُ، وَمَا جَعَلَ اللهُ لِأَحَدٍ عَقلاً وافِراً إلاّ احتَسَبَ بِهِ عَلَيهِ مِن رِزقه.

(۶) جس کی عقل بڑھ جاتی ہے اس کی قسمت میں کمی واقع ہو جاتی ہے اور اللہ تعالی کسی کو بھی بھرپور عقل سے نہیں نوازتا سوائے یہ کہ اس کے رزق سے اتنا ہی حساب کرلے۔

٧ ـ الحَظُّ لِلإنسانِ فِي الأُذُنِ لِنَفسِهِ، وَفِي اللسّانِ لِغَيرِه.

(۷) انسان کا فائدہ اس کے کانوں میں صرف اپنے لئے اور زبان میں دوسروں کے لئے ہوتا ہے۔

٨ ـ الحَظُّ يَسعىٰ إلىٰ مَن لا يَخبِطُه.

(۸) نصیب اس کے پیچھے بھاگتا ہے اس کے لئے زیادہ محنت نہیں کرتا۔

[٦٦]

## الحقّ = حق

١ ـ إنَّ الحقَّ ثقِيلٌ مَرِیءٌ، وَإنَّ الباطِلَ خَفِيفٌ وَبِيءٌ.

(۱) یقیناً حق ثقیل اور قابل ستائش ہوتا ہے اور باطل ہلکا اور وباوالا ہوتا ہے۔

٢ ـ مَن أَطَاعَ التَّوانِي ضَيَّعَ الحُقُوق.

(۲) جو بھی کاہلی کا پابند رہا اس نے (دوسروں کے) حقوق ضائع کر دئے۔

٣ ـ إنَّ للهِ فِي كُلِّ نِعمَةٍ حَقّاً، فَمَن أَدَّاهُ زَادَهُ مِنها، وَمَن قَصَّرَ فِيهِ خاطَرَ بِزَوالِ نِعمَتِه.

(۳) ہر نعمت میں اللہ کا حق ہوتا ہے لہذا جو اس کے حق کو ادا کر دیتا ہے اللہ اس کی نعمتوں کو بڑھا دیتا ہے اور جو اس کی ادائیگی میں کوتاہی کرتا ہے اللہ اس کی نعمتوں کو زائل کر دیتا ہے۔

٤ ـ مَن تَعمَّقَ لَم يُنِب إلى الحَقِّ، وَمَن كَثُرَ نِزاعُهُ بِالجَهلِ دامَ عَماهُ عَنِ الحَقِّ.

(۴) دوسروں کے کام میں غور و فکر کرنے والا حق نہیں پا سکتا اور جو جہالت کی وجہ سے بکثرت تنازعہ کرے گا، حق کے بارے میں اس کا اندھا پن ہمیشگی اختیار کرے گا۔

٥ ـ لاَ يُعابُ المَرءُ بِتَأخِيرِ حَقِّهِ، إنَّما يُعابُ مِن أَخذ ما لَيس له.

(۵) آدمی اپنے حق کی تاخیر کے لئے مطعون نہیں کیا جاتا بلکہ وہ ان چیزوں کے لینے پر برا سمجھا جاتا ہے جو اس کے لئے نہ ہوں۔

٦ ـ إتَّقُوا ظُنُونَ المُؤمِنينَ، فَإنَّ الله تَعالى جَعَلَ الحَقَّ على أَلسِنَتِهِم.

(۶) مومنین کے گمانوں سے ڈرو کیونکہ اللہ نے حق کو ان کی زبانوں پر قرار دیا ہے۔

٧ ـ [كتابه الى معاوية: ] أَلاَ وَمَن أَكَلَهُ الحَقُّ فَإلىَ الجَنَّةِ، وَمَن أَكَلَهُ الباطِلُ فَإلى النَّار.

(۷) (معاویہ کو خط میں تحریر فرمایا) آگاہ ہو جا جسے حق نے اپنا لیا وہ جنتی ہے اور جو باطل کا لقمہ بنا وہ جہنمی ہے۔

٨ ـ نِعمَ الخُلُقُ التَّصَبُّرُ فِي الحَقِّ.

(۸) بہترین اخلاق، حق کے معاملے میں صبر ہے۔

٩ ـ لَم تَعظُم نِعمَةُ اللهِ عَلىٰ أَحَد إلاّ ازدادَ حَقُّ اللهِ علَيهِ عِظَماً.

(۹) اللہ کی نعمتیں کسی پر بھی بہت زیادہ نہیں ہوتیں جز یہ کہ اس پر اللہ کا حق بھی زیادہ ہو جاتا ہے۔

١٠ ـ ما أَوضَحَ الحَقَّ لِذِي عَينَين.

(۱۰) دو آنکھوں والے کے لئے حق کتنا واضح ہے؟

١١ ـ أَلحَقُّ مِثالٌ، والباطِلُ خَبالٌ.

(۱۱) حق نمونہ اور باطل وبال جان ہے۔

١٢ ـ خُضِ الغَمراتِ إلى الحَقِّ.

(۱۲) حق کی طرف جانے کے لئے سختیاں اٹھاؤ۔

١٣ ـ مَن تَعَدَّى الحَقَّ ضَاقَ مَذهَبُه.

(۱۳) جو حق سے تجاوز کرتا ہے اس کا راستہ تنگ ہو جاتا ہے۔

١٤ ـ إعرِفِ الحَقَّ لِمَن عَرَفَهُ لَكَ، رَفيعاً كانَ أو وَضِيعاً.

(۱۴) حق سے روشناس کرانے والے کا حق پہچانو چاہے وہ کوئی بلند مرتبہ امیر یا کوئی پست (آدمی) ہی کیوں نہ ہو۔

١٥ ـ لاَ تُضَيِّعَنَّ حقَّ أخيكَ، اتِّكالاً عـلى مـا بَينَك و بَينَهُ، فإنَّهُ ليس بِأَخٍ مَن أَضَعتَ حَقَّه.

(۱۵) اپنے بھائی کا، تعلقات کی بنا پر حق ضائع نہ کرو کیونکہ وہ تمہارا بھائی نہیں ہے جس کا تم حق ضائع کر دو۔

١٦ ـ الحَقُّ يُنجِي، والبَاطِلُ يُردِي.

(۱۶) حق نجات دیتا ہے اور باطل برباد کر دیتا ہے۔

١٧ ـ إعمَل بِالحَقِّ لِـيَومٍ لاَ يُـقضىٰ فِـيهِ إلاّ بِالحَقِّ.

(۱۷) حق کے ساتھ اس دن کے لئے عمل کرو جس دن صرف حق سے فیصلہ ہو گا۔

١٨ ـ الشَّريفُ دَونَ حَقِّهِ يُقتَلُ، وَيُعطىٰ نَافِلَةً فَوقَ الحَقِّ عليه.

(۱۸) شریف ناحق قتل ہو جاتا ہے (مگر روز قیامت) اسے اپنے حق سے زیادہ ثواب عطا کیا جائے گا۔

١٩ ـ الفُرقَةُ أَهلُ الباطِلِ وَإن كَثُرُوا، والجَماعَةُ أَهلُ الحَقِّ وَإن قَلُّوا.

(۱۹) صاحب تفرقہ لوگ اہل باطل ہوتے ہیں بھلے ہی وہ زیادہ ہوں اور ہم آہنگ لوگ اہل حق ہوا کرتے ہیں بھلے ہی وہ کم ہوں۔

٢٠ ـ إنَّ دِينَ اللهِ لاَ يُعرَفُ بِالرِّجالِ، فَاعرِفِ الحَقَّ تَعرِف أَهلَهُ، إنَّ الحَقَّ أَحسَنُ الحَـدِيثِ، والصّادِعُ بِهِ مُجاهِدٌ.

(۲۰) بلا شبہ اللہ کا دین لوگوں سے نہیں پہچانا جا سکتا لہذا حق کو پہچان لو تو اہل حق کو جان جاؤ گے اور بلا شبہ حق بہترین بات ہے اور اس پر علی الاعلان عمل کرنے والا مجاہد ہوتا ہے۔

٢١ ـ مَن سَأَلَ فَوقَ حَقِّهِ استَحَقَّ الحِرمان.

(۲۱) جو اپنے حق سے زیادہ کا سوال کرتا ہے وہ محرومیت کا مستحق ہوتا ہے۔

٢٢ ـ الحَقُّ أَبلَجُ مُنَزَّهٌ عَنِ المُحاباةِ والمَرَاياة.

(۲۲) حق ایسی روشنائی ہے جو نانصافی اور کٹ حجتی سے منزہ ہوتی ہے۔

٢٣ ـ الحَقُّ مَنجاةٌ لِكُلِّ عَامِلٍ.

(۲۳) حق ہر عامل کے لئے نجات کا ذریعہ ہے۔

٢٤ ـ الحَقُّ سَيفٌ عَلىٰ أَهلِ الباطِلِ.

(۲۴) حق اہل باطل کے لئے تلوار ہے۔

٢٥ ـ الحَقُّ أَحَقُّ أَن يُتَّبَعَ.

(۲۵) حق اتباع کے لئے سب سے زیادہ مناسب ہے۔

٢٦ ـ الحَقُّ أفضَلُ سَبِيلٍ.

(۲۶) حق بہترین راستہ ہے۔

٢٧ ـ الحَقُّ أَقوىٰ ظَهِيرٍ.

(۲۷) حق، قوی ترین پشت پناہ ہے۔

٢٨ ـ التَّعَاوُنُ علىٰ إقامَةِ الحَقِّ أَمانَةٌ و دِيانَةٌ.

(۲۸) قیام حق کے لئے تعاون امانت و دیانت ہے۔

٢٩ ـ المَغلُوبُ بِالحقِّ غالِبٌ.

(۲۹) مغلوب حق (یعنی جس پر حق کا غلبہ ہو) غالب ہوتا ہے۔

٣٠ ـ المُحارِبُ لِلحَقِّ مَحرُوبٌ.

(۳۰) حق سے لڑنے والا ہلاک ہو جاتا ہے۔

٣١ ـ أَلاٰ و إِنَّ مَن لاَ يَنفَعُهُ الحَقُّ يَضُرُّهُ الباطِلُ، ومَن لا يَستَقِيمُ بِهِ الهُدىٰ يَجُرُّ بِهِ الضَّلال.

(۳۱) آگاہ ہو جاؤ جسے حق فائدہ نہ پہنچا سکے اسے باطل نقصان پہنچا دیتا ہے اور جو ہدایت کے ذریعے پائیدار نہ ہو سکا اسے گمراہی کھینچ لے جاتی ہے۔

٣٢ ـ أَلزِمِ الحَقَّ يُنَزِّلكَ مَنَازِلِ أهلِ الحَقِّ يَومَ لاَ يُقضىٰ إلاّ بِالحَقِّ.

(۳۲) حق کے پابند رہو تو حق تمہیں اس دن اہل حق کے زمرے میں شامل کرے گا جس دن صرف حق کے ذریعے قضاوت ہو گی۔

٣٣ ـ إركَبِ الحَقَّ و إِن خَالَفَ هَوَاكَ، و لاٰ تَبِعْ آخِرَتَكَ بِدُنياك.

(۳۳) حق اختیار کرو بھلے ہی وہ تمہاری خواہش کے بر خلاف ہو اور اپنی دنیا کے بدلے آخرت نہ بیچو۔

٣٤ ـ أَلزِمُوا الحَقَّ تَلزمكُمُ النَّجاة.

(۳۴) حق کے پابند رہو نجات تمہاری پابند ہو جائے گی۔

٣٥ ـ إصبِر علىٰ مَضَضِ مَرارَةِ الحَقِّ، وَإِيّاكَ أَن تَنخَدِعَ لِحَلاوَةِ البَاطِلِ.

(۳۵) حق کی تلخی کی کلفتوں پر صبر کرو اور باطل کی مٹھاس سے دھوکا نہ کھاؤ۔

٣٦ ـ أَقرَبُ العِبادِ إلىٰ اللهِ تَعالىٰ أَقوَلُهُم لِلحَقِّ، وَإِن كانَ عليهِ، وَأَعمَلُهُم به و إِن كَانَ فِيهِ كُرهَه.

(۳۶) اللہ کے نزدیک مقرب ترین بندہ وہ ہے جو سب سے زیادہ حق کے لئے بولے بھلے ہی وہ اس کے خلاف ہی کیوں نہ ہو اور سب سے زیادہ اس پر عمل پیرا ہو بھلے ہی وہ اسے ناپسند ہو۔

٣٧ ـ أَشبَهُ النَّاسِ بِأَنبياءِ اللهِ أَقولُهُم لِلحَقِّ، وَأَصبَرُهُم على العَمَلِ بِه.

(۳۷) انبیائے خدا سے شبیہ ترین شخص، سب سے زیادہ حق بولنے والا اور حق پر عمل کے معاملے میں سب سے زیادہ صابر ہوتا ہے۔

٣٨ ـ أَصدَقُ القَولِ ما طابَقَ الحَقّ.

(۳۸) صادق ترین قول وہ ہے جو مطابق حق ہو۔

٣٩ ـ [ قال عليه السلام : ] إنّي لَعَلىٰ جادَّةِ الحَقِّ وَإِنَّهُم لَعَلىٰ مَزَلَّةِ الباطِلِ.

(۳۹) حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا۔ "بلاشبہ میں شاہراہ حق پر ہوں اور وہ (میرے دشمن) باطل کے گمراہیوں پر ہیں۔

٤٠ ـ إِذَا أَكرَمَ اللهُ عَبداً أَعَانَهُ علىٰ إِقَامَةِ الحَقِّ.

(۴۰) جب اللہ کسی بندے کو عزت بخشتا ہے تو قیام حق کے لئے اس کی مدد کر دیتا ہے۔

٤١ ـ بِالعُدُولِ عَنِ الحَقِّ تَكُونُ الضَّلالَة.

(۴۱) حق سے انحراف کی وجہ سے گمراہی ہوتی ہے۔

٤٢ ـ ثَلاثٌ فِيهِنَّ النَّجاةُ: لُزُومُ الحَقِّ، وتَجَنُّبُ الباطِلِ، و رُكُوبُ الجِدِّ.

(۴۲) تین چیزوں میں نجات ہے ـــ حق کی پابندی، باطل سے اجتناب اور جد و جہد میں دوام۔

٤٣ ـ خالِف مَن خالَفَ الحَقَّ إلىٰ غَيرِهِ، وَدَعهُ و ما رَضِيَ لِنفسِه.

(۴۳) اس کی مخالفت کرو جس نے حق کو دوسروں کے لئے چھوڑ دیا ہو اور اسے اپنی من پسند چیزوں میں مست رہنے دو۔

٤٤ ـ حَقٌّ يَضُرُّ خَيرٌ مِن باطِلٍ يَسُرُّ.

(۴۴) نقصان دہ حق مسرت آفریں باطل سے بہتر ہے۔

٤٥ ـ عَودُكَ إلى الحَقِّ و إن تَعْتَب خَيرٌ مِن راحَتِكَ مَعَ لُزُومِ الباطِلِ.

(۴۵) حق کی طرف تمہاری باز گشت، بھلے ہی قابل عتاب ہو مگر باطل کے پابند بنے رہ کر وقتی آرام سے بہتر ہے۔

٤٦ ـ فِي لُزُومِ الحَقِّ تَكُونُ السَّعادَة.

(۴۶) حق کی پابندی میں کامیابی ہوتی ہے۔

٤٧ ـ مَن صارَعَ الحَقَّ صُرِع.

(۴۷) جس نے حق سے مقابلہ کیا، حق اسے پچھاڑ دے گا۔

٤٨ ـ مَن عانَدَ الحَقَّ صَرَعَه.

(۴۸) جس نے حق سے عناد رکھا اسے حق پچھاڑ دے گا۔

٤٩ ـ مَن نَصَرَ الحَقَّ أفلَح.

(۴۹) جس نے حق کی نصرت کی وہ کامیاب ہو گا۔

٥٠ ـ مَنِ اعتَزَّ بِالحَقِّ أَعَزَّهُ الحَقُّ.

(۵۰) جس نے حق کے ذریعے عزت چاہی اسے حق عزت بخش دے گا۔

٥١ ـ مَن لَم يُنجِدِ الحَقَّ أَهلَكَهُ الباطِل.

(۵۱) جس نے حق کی مدد نہ کی باطل اسے مغلوب کرے گا۔

٥٢ ـ لِيَكُن مَرجِعُكَ إلى الحَقِّ، فَمَن فارَقَ الحَقَّ هَلَكَ.

(۵۲) تمہاری باز گشت حق کی طرف ہونا چاہئے کیونکہ جس نے حق کو چھوڑ دیا وہ ہلاک ہو گیا۔

٥٣ ـ مَن جَعَلَ الحَقَّ مَطلَبَهُ لانَ لَهُ الشَّدِيدُ، وَقَرُبَ عَلَيهِ البَعِيد.

(۵۳) جس نے حق کو اپنا مطلوب قرار دے دیا اس کے لئے شدائد بھی ملائم ہو جائیں گے اور دور قریب ہو جائے گا۔

٥٤ ـ مَن عَمِلَ بِالحَقِّ مالَ إلَيهِ الخَلق.

(۵۴) جو حق سے عمل کرتا ہے اس کی طرف خلائق مائل ہو جاتے ہیں۔

٥٥ ـ مَنِ اتَّخَذَ الحَقَّ لِجاماً اتَّخَذَهُ النّاسُ إماماً.

(۵۵) جو حق کو (اپنے نفس کے لئے) لجام قرار دیتا ہے تو لوگ اسے امام بنا لیتے ہیں۔

٥٦ ـ مَنِ اعتَزَّ بِغَيرِ الحَقِّ أَذَلَّهُ اللهُ بالحَقِّ.

(۵۶) جس نے حق کے علاوہ اور کہیں سے عزت چاہی اسے اللہ حق کے ذریعے ذلیل کر دیتا ہے۔

٥٧ ـ ماذا بَعدَ الحَقِّ إلّا الضَّلالُ.

(۵۷) حق کے بعد ضلالت و گمراہی کے علاوہ اور کیا ہے؟

٥٨ ـ ما أَكثَرَ مَن يَعتَرِفُ بِالحَقِّ وَلاَ يُعطيه.

(۵۸) وہ کتنے زیادہ ہیں جو حق کا اعتراف تو کرتے ہیں مگر ادا نہیں کرتے۔

٥٩ ـ لاَ يَجتَمِعُ الباطِلُ والحَقُّ.

(۵۹) حق اور باطل کبھی اکٹھا نہیں ہو سکتے۔

٦٠ ـ لاَ يُخصَمُ مَن يَحتَجُّ بِالحَقِّ.

(۶۰) جو حق کے ذریعے استدلال کرتا ہے وہ کبھی مغلوب نہیں ہو سکتا۔(یا اس سے دشمنی نہیں کی جاسکتی)

٦١ ـ يَسيرُ الحَقِّ يَدفَعُ كَثيرَ الباطِلِ.

(۶۱) حق کا تھوڑا سا حصہ بھی باطل کے ایک بڑے حصے کو دفع کر دیتا ہے۔

٦٢ ـ مِنَ العُقُوقِ إِضاعَةُ الحُقُوقِ.

(۶۲) حق کا ضائع کرنا نافرمانی ہے۔

[٦٧]

# الحقد = کینہ

١ ـ أَطْفِئُوا ما كَمَنَ في قُلوبِكُم مِن نيرانِ العَصَبِية، و أحقادِ الجاهِليَّة فإنّما تِلك الحَمِيَّةُ تكونُ في المُسلِمِ مِن خَطَراتِ الشيطانِ و نَخواتِهِ و نَزَعاتِهِ و نَفَثاتِه.

(۱) اپنے دلوں میں چھپی عصبیت اور جاہلیت کے کینوں کی آگ، بجھا دالو کیونکہ یہ وہی حمیت (جذبہ) ہے جو مسلمان کے اندر شیطانی وسواس، ترغیبات، تلقینات اور نخوت و فساد سے پیدا ہوتا ہے۔

٢ ـ [ يا مالك ] أَطْلِقْ عَنِ الناسِ عُقدَةَ كُلِّ حِقدٍ و اقطَعْ عَنكَ سَبَبَ كلِّ وِترٍ.

(۲) اے مالک! لوگوں کے لئے اپنے دل میں موجود کینے کی ہر گرہ کو کھول دو اور اپنے سامنے تمام کمانوں کی رسیاں کاٹ ڈالو۔

٣ ـ مَن كَثُرَ مِزَاحُهُ لَم يَخلُ مِن حِقدٍ عليهِ، أَوِ استِخفافٍ به.

(۳) جس کا مزاح بڑھ جاتا ہے وہ دوسروں کے کینے یا اہانت سے محفوظ نہیں رہ پاتا۔

٤ ـ مَن كَثُرَ حِقدُهُ قَلَّ عِتابُه.

(۴) جس کا کینہ بڑھ جاتا ہے اس کا غصہ بھی بڑھ جائے گا۔

٥ ـ الغَضَبُ يُثيرُ كامِنَ الحِقد.

(۵) غصہ، پوشیدہ کینے کو بھڑکاتا اور عیاں کرتا ہے۔

٦ ـ الضَّغائِنُ تُورَثُ كما تُورَثُ الأَموال.

(۶) کینہ بھی دولت کی طرح وراثت میں ملتا ہے۔

٧ ـ و سُئِلَ ﷺ: ما أَبقى الأشياءِ فِي نُفُوسِ النّاسِ؟ فَقالَ ﷺ: أَمّا فِي أَنفسِ العُلَماءِ فَالنَدامَةُ عَلى الذُّنُوبِ، وَ أَمّا فِي نُفُوسِ السُّفَهاءِ فَالحِقد.

(۷) آپ سے سوال کیا گیا "لوگوں کے نفوس میں سب سے زیادہ باقی رہنے والی کون شئے ہے؟" تو آپ نے فرمایا "جہاں تک علماء کے نفوس کی بات ہے تو وہاں گناہوں پر ندامت سب سے زیادہ دیر پا ہوتی ہے مگر سب سے زیادہ احمقوں کے نفوس میں کینہ باقی رہتا ہے جو مدتوں تک یوں ہی (قائم) رہتا ہے۔

٨ ـ أَطوَلُ النّاسِ نَصباً الحَريصُ إذا طَمَعَ، والحَقُودُ إذا مُنِع.

(۸) لوگوں میں سب سے طویل غم اس حریص کا ہوتا ہے جو لالچ کرتا ہے اور اس کینہ پرور کا جسکے عطیات روک دئے گئے ہوں۔

٩ ـ الحِقدُ نارٌ كامِنَةٌ لا تُطفَأ إلاّ بالظَّفَر.

(۹) کینہ ایک ایسی چھپی ہوئی آگ ہے جو صرف کامیابی کے بعد ہی ٹھنڈی ہوتی ہے۔

١٠ ـ الحِقدُ مِن طَبايعِ الأَشرار.

(۱۰) کینہ، بد کاروں کی عادتوں میں سے ہے۔

١١ ـ الحِقدُ داءٌ دَوِيٌّ، وَمَرَضٌ مُوبِيٌّ.
(۱۱) کینہ لاعلاج بیماری اور وبائی مرض ہے

١٢ ـ الحِقدُ خُلُقٌ دَنِيٌّ، وَمَرَضٌ مُردِي.
(۱۲) کینہ پست روش اور مہلک بیماری ہے۔

١٣ ـ الحِقدُ أَلأَمُ العُيُوب.
(۱۳) کینہ سب سے زیادہ موذی عیب ہے۔

١٤ ـ الحِقدُ مَثارُ الغَضَب.
(۱۴) کینہ غصہ کو بھڑ کانے والا ہے۔

١٥ ـ الحِقدُ يُذرِي.
(۱۵) کینہ ہلاک کر دیتا ہے۔

١٦ ـ الحَقُودُ معذَّبُ النَّفسِ، مُتَضاعِفُ الهَمّ.
(۱۶) کینہ پرور کا نفس ہمیشہ عذاب میں مبتلا رہتا ہے اور اس کا غم بڑھتا ہی رہتا ہے۔

١٧ ـ أَشَدُّ القُلُوبِ غِلّاً قَلبُ الحَقُود.
(۱۷) کینے کے لحاظ سے سب سے زیادہ سخت کینہ پرور کا دل ہوتا ہے۔

١٨ ـ إِنَّما اللَّبِيبُ مَنِ استَسَلَّ الأَحقاد.
(۱۸) عقل مند وہی ہے جو کینوں کو نکال پھینکے۔

١٩ ـ رَأسُ العُيُوبِ الحِقد.
(۱۹) عیبوں کا سرغنہ، کینہ ہے۔

٢٠ ـ بِئسَ العَشِيرُ الحَقُود.
(۲۰) بدترین گھر والا، کینہ پرور ہے۔

٢١ ـ سَبَبُ الفِتَنِ الحِقد.
(۲۱) فتنوں کا سبب کینہ ہے۔

٢٢ ـ سِلاحُ الشَّرِّ الحِقد.
(۲۲) برائی کا اسلحہ کینہ ہے۔

٢٣ ـ شَرُّ مَا سَكَنَ القَلبَ الحِقد.
(۲۳) دل میں رہنے والی بدترین چیز کینہ ہے۔

٢٤ ـ مَن أَطرَحَ الحِقدَ استَرَاحَ قَلبُهُ ولُبُّه.
(۲۴) جو کینے کو (اپنے دل سے) نکال پھینکے گا اس کا دل و دماغ مطمئن ہو جائے گا۔

٢٥ ـ مَن زَرَعَ الإِحَنَ حَصَدَ المِحَن.
(۲۵) جو کینہ بوئے گا وہ مشقت کی فصل کاٹے گا۔

٢٦ ـ لاَ يَكُونُ الكَرِيمُ حَقُوداً.
(۲۶) کریم کبھی کینہ پرور نہیں ہوسکتا۔

٢٧ ـ مَا أَنكَدَ عَيشَ الحَقُود.
(۲۷) کینہ پرور کی زندگی کتنی تکلیف دہ وبیکار ہے۔

[٦٨]

## الحكمة = حکمت

١ ـ خُذِ الحِكمَةَ أَنّیٰ كانت، فإنَّ الحِكمَةَ تكُونُ فِي صَدرِ المُنَافِقِ فَتَلَجلَجُ فِي صَدرِهِ حَتَّیٰ تَخرُجَ فَتَسكُنَ إلیٰ صَواحِبها في صَدرِ المؤمِن.

(۱) حکمت جہاں بھی ملے لے لو کیونکہ حکمت اگر منافق کے سینے میں ہوتی ہے تو وہ وہاں اس وقت تک متحرک رہتی ہے جب تک کہ وہاں سے نکل کر اپنے (حقیقی) مالک، مومن کے سینے میں منتقل ہو جائے۔

٢ ـ الحِكمَةُ ضَالَّةُ المُؤمِنِ، فَخُذِ الحِكمَةَ ولو مِن أَهلِ النِّفاقِ.

(۲) حکمت، مومن کی گمشدہ (چیز) ہے لہذا حکمت لے لو بھلے ہی وہ صاحب حکمت منافق ہی کیوں نہ ہو۔

٣ ـ إنَّ كلامَ الحُكَماءِ إذا كانَ صَواباً كانَ دَواءً، وَإذا كانَ خَطَأً كانَ داءً.

(۳) یقیناً حکماء کا کلام اگر درست ہوتا ہے تو دوا کی طرح (مفید) ہوتا ہے لیکن اگر غلط ہوتا ہے تو بیماری ہوتا ہے۔

٤ ـ اليَقِينُ مِنها [ ای من دَعائِمِ الإيمانِ ] علیٰ أَربَعِ شُعَبٍ: علیٰ تَبصِرةِ الفِطنَةِ، و تَأَوُّلِ الحِكمَةِ، ومَوعِظَةِ العِبرَةِ، وَ سُنَّةِ الأَوَّلِينَ. فَمَن تَبَصَّرَ فِي الفِطنَةِ تَبيَّنَت لَهُ الحِكمَةُ، وَمَن تَبيَّنَت لَهُ الحِكمَةُ عَرَفَ العِبرَةَ، وَمَن عَرَفَ العِبرَةَ فَكأَنَّما كانَ فِي الأَوَّلِينَ.

(۴) یقین (جو ایمان کے ستونوں میں سے ہے) کے چار حصے ہیں نظر و ذہن کی چابکی، ادراک حکمت، عبرت کا حصول اور اولین کی روش، لہذا جو ذہانت کی معاملے میں دور اندیشی سے کام لیتا ہے اس کے لئے حکمت واضح ہو جاتی ہے اور جس کے سامنے حکمت واضح ہو گئی وہ عبرت ناک چیزوں سے سبق حاصل کرے گا اور جس نے عبرتناک اشیاء کو پہچان لیا تو گویا وہ اولین کے گروہ میں شامل ہو گیا۔

٥ ـ أَحيِ قَلبَكَ بالمَوعِظَةِ، وأَمِتهُ بالزَّهادَةِ، وقَوِّهِ باليَقِينِ، ونَوِّرهُ بالحِكمَةِ.

(۵) اپنے دل کو موعظے کے ذریعے زندہ کرو اور زہد کے ذریعے مار ڈالو (یعنی دل میں پیدا ہونے والی خواہشات کو ختم کر ڈالو) یقین کے ذریعے اس کو تقویت پہنچاؤ اور حکمت سے اسے منور کرو۔

٦ ـ مَن عُرِفَ بِالحِكمَةِ لَحَظَتهُ العُيونُ بِالوقارِ.

(۶) جو (علم و) حکمت میں معروف ہوتا ہے اس کی طرف پروقار نگاہیں اٹھا کرتی ہیں۔

٧ ـ مَن نَشَرَ حِكمَةً ذُكِرَ بِها.

(۷) جس نے کسی حکمت کو پھیلایا وہ اسی کے ذریعے یادر کھا جائے گا۔

٨ ـ حَيثُ تَكُونُ الحِكمَةُ تَكُونُ خَشيَةُ اللهِ، وَحَيثُ تَكُونُ خَشيَتُهُ تَكُونُ رَحمَتُه.

(۸) جتنی حکمت ہو گی اتنا ہی خوف خدا ہو گا اور اللہ سے جتنا خوف ہو گا اس کی رحمت بھی اتنی ہی (زیادہ) ہو گی۔

٩ ـ قُوتُ الأَجسامِ الغذاءُ، وقُوتُ العُقُولِ الحِكمَةُ، فَمَتىٰ فَقَدَ وَاحِدٌ مِنهُما قُوتَهُ بادَ واضمَحَلَّ.

(۹) جسموں کی خوراک غذا اور عقلوں کی خوراک حکمت ہے لہذا جب بھی ان دونوں میں سے کسی ایک کو اس کی غذا نہیں ملتی تو وہ مضمحل ہو جاتی ہے۔

١٠ ـ الحِكمَةُ شَجَرَةٌ، تَنبُتُ فِي القَلبِ، وتُثمِرُ على اللِّسان.

(۱۰) حکمت ایسا درخت ہے جو دل میں اگتا ہے اور زبان پر پھلتا پھولتا ہے۔

١١ ـ إجمَعُوا هَذهِ القُلوبَ، واطلُبوا لَهَا طُرَفَ الحِكمَةِ، فَإِنَّها تَمَلُّ كما تَمَلُّ الأَبدان.

(۱۱) ان دلوں کو اکٹھا کرو اور ان کے لئے حکمت کی لطافتیں طلب کرو کیونکہ دل بھی جسم کی طرح مرجھا جاتے ہیں۔

١٢ ـ الحِكمَةُ رَوضَةُ العُقَلاءِ، ونُزهَةُ النُّبَلاء.

(۱۲) حکمت عاقلوں کا گلشن اور اشراف کی تفریح ہے۔

١٣ ـ الحِكمَةُ عِصمَةٌ.

(۱۳) حکمت عصمت ہے۔

١٤ ـ الحِكمَةُ تُرشِد.

(۱۴) حکمت ہدایت عطا کرتی ہے۔

١٥ ـ العِلمُ ثَمَرَةُ الحِكمَةِ، والصَّوابُ مِن فُرُوعِها.

(۱۵) علم حکمت کا ثمرہ ہے اور صواب (درستگی) اس کی شاخوں میں سے ہے۔

١٦ ـ القَلبُ يَنبُوعُ الحِكمَةِ، والأُذُنُ مُفِيضُها.

(۱۶) دل، حکمت کا سرچشمہ اور کان اس کا سوتا ہے۔

١٧ ـ أَوَّلُ الحِكمَةِ تَركُ اللذّاتِ، وآخِرُها مَقتُ الفانِيات.

(۱۷) حکمت کی پہلی منزل ترک لذات (دنیا) اور آخری منزل فانی چیزوں سے نفرت ہے۔

١٨ ـ إستَشعِرِ الحِكمَةَ، وتَجَلبَبِ السَّكِينَةَ، فَإِنَّهما حِليَةُ الأَبرار.

(۱۸) حکمت کو اپنا جامہ زیریں اور سکون کو لبادہ بنالو کیونکہ یہ نیکو کاروں کے زیور ہیں۔

١٩ ـ رَغبَةُ العاقِلِ فِي الحِكمَةِ، وَهِمَّةُ الجاهِلِ فِي الحَماقَة.

(۱۹) عاقلوں کی رغبت حکمت میں اور جاہلوں کی فکر و لگن حماقت کے لئے ہوتی ہے۔

۲۰ ـ حِكمَةُ الدَّني تَرفَعُهُ، وَجَـهلُ الشَّريـفِ يَضَعُه.

(۲۰)پست (آدمی) کی حکمت اسے بلند اورشریف کی جہالت اسے پست کر دیتی ہے۔

۲۱ ـ حَدُّ الحِكمَةِ الإعراضُ عن دارِ الفَـناءِ، والتَّوَلُّهُ بَدارِ البَقاءِ.

(۲۱)حکمت کی حد (یا تعریف) دنیا سے دوری اور آخرت کا اشتیاق ہے۔

۲۲ ـ ثَمَرَةُ الحِكمَةِ التَّنَزُّهُ عَنِ الدُّنيا، و الوَلَـهُ بِجَنَّةِ المأوىٰ.

(۲۲)حکمت کا ثمرہ دنیوی کاموں سے روگردانی اور جنت کا اشتیاق ہے۔

۲۳ ـ بِالحِكمَةِ يُكشَفُ غِطَاءُ العِلم.

(۲۳)حکمت کے ذریعے علم کے حجابوں کو چاک کیا جاتا ہے۔

۲٤ ـ عَلَيكَ بِالحِكمَةِ، فَإِنَّها الحِليَةُ الفَاخِرَة.

(۲۴)حکمت تمہارے لئے لازم ہے کیونکہ یہ قابل افتخار زیور ہے۔

۲٥ ـ غَنِيمَةُ الأَكياسِ مُدارَسَةُ الحِكمَة.

(۲۵)چالاک لوگوں کا وقت سے استفادہ، درس و بحث میں ہوتا ہے

۲٦ ـ غِنى العاقِلِ بِحِكمَتِهِ، وَعِزُّهُ بِقَناعَتِه.

(۲۶)عاقلوں کی مالداری ان کی حکمت سے اور عزت ان کی قناعت سے ہوتی ہے۔

۲۷ ـ قُرِنَتِ الحِكمَةُ بِالعِصمَة.

(۲۷)حکمت عصمت کی قرین بنائی گئی ہے۔

۲۸ـ لاخَيرَ فِي الصَّمتِ عَنِ الحِكمَةِ، كَما أَنَّهُ لاخَيرَ فِي القَولِ بِالباطِل.

(۲۸)حکمت سے خاموشی اختیار کر لینے میں کوئی بھلائی نہیں۔

۲۹ ـ لَيسَ الحَكيمُ مَنِ ابتَذَلَ بِـانبِساطِهِ إلىٰ غَيرِ حَميمٍ.

(۲۹)وہ دانش ور نہیں جو اپنی خندہ پیشانی کا دوست کے علاوہ (کسی اور کے سامنے) اظہار کرے۔

۳۰ ـ لَيسَ الحَكيمُ مَن قَصَدَ بِحاجَتِهِ إلىٰ غَيرِ كَريمٍ.

(۳۰)وہ صاحب حکمت نہیں جو اپنی ضرورت کے لئے کریم کے علاوہ کہیں اور کا قصد کرے۔

۳۱ ـ لِلقُلُوبِ طَبايِعُ سُوءٍ، والحِـكمَةُ تَـنهَىٰ عَنها.

(۳۱)اگر دلوں میں برے احساسات ہوتے ہیں تو حکمت انسان کو ان سے دور کر دیتی ہے۔

۳۲ـ مُجالَسَةُ الحُكَماءِ حَياةُ العُقُولِ، وشِفاءُ النُّفوس.

(۳۲)دانش وروں کی صحبت عقل کی زندگی اور نفوس کی شفاء ہے۔

۳۳ ـ مَجلِسُ الحِكمَةِ غَرسُ الفُضَلاء.

(۳۳)دانش وروں کی صحبت فضلاء کی کاشتکاری ہے۔

[ ٦٩ ]

# الحلم = حلم وبردباری

١ ـ مِن علامة احدهم [ المتقين ] أنّك ترىٰ له قُوّةً فی دین. . . و حِرصاً فی عِلمٍ و عِلماً فی حِلمٍ.

(۱) ان (متقیوں) کی علامتوں میں ایک نشانی یہ ہے کہ ـ تم ان کے پاس ایک دینی قوت، علم کی چاہت اور علم میں حلم کا مشاہدہ کروگے۔

٢ ـ الحِلمُ غِطاءٌ سَاتِرٌ، وَالعَقلُ حُسامٌ قَاطِعٌ، فَاستُر خَلَلَ خُلقِكَ بِحلمِكَ، وَقَاتِل هَواكَ بِعَقلِك.

(۲) حلم چھپانے والا حجاب اور عقل کاٹ دینے والی تلوار ہے لہذا تم اپنی اخلاقی کمیوں کو اپنے حلم کے ذریعے پوشیدہ رکھو اور اپنی خواہشات سے عقل کے ذریعے لڑو۔

٣ ـ لَيسَ الخَيرُ أَنَ يَكثُرَ مَالُكَ و وَلَدُكَ، وَلكنّ الخَيرَ أَن يَكثُرَ عِلمُكَ، وَأن يَعظُمَ حِلمُك.

(۳) اس میں بھلائی نہیں ہے کہ تمہارے پاس بکثرت مال و اولاد ہو جائیں ـــ ہاں البتہ تمہاری بھلائی یہ ہے کہ تمہارا علم بڑھ جائے اور حلم زیادہ ہو جائے۔

٤ ـ ألحِلمُ فِدامُ السَّفِيه.

(۴) حلم، بیوقوف کا چھلنا ہے (یعنی حلم اس کی حماقت کو ظاہر ہونے سے روک دیتا ہے)۔

٥ ـ أَوّلُ عِوَضِ الحَلِيمِ مِن حِلمِهِ أَنَّ النّاسَ أَنصارُهُ على الجاهِل.

(۵) بردبار کی بردباری کا سب سے پہلا عوض یہ ہے کہ لوگ جاہل کے مقابل اس کے مددگار ہوتے ہیں۔

٦ ـ الحِلمُ عَشِيرَةٌ.

(۶) بردباری خاندان ہے۔

٧ ـ الحِلمُ والأَناةُ تَوأَمانِ، يُنتِجُهُما عُلُوُّ الهِمَّة.

(۷) حلم اور اطمینان نفس ایسے جڑواں بھائی ہیں جنہیں عالی ہمتی وجود بخشتی ہے۔

٨ ـ لاَ عِزَّ كَالحِلم.

(۸) حلم جیسی کوئی عزت نہیں۔

٩ ـ إن لَم تَكُن حَلِيماً فَتَحَلَّم، فَإِنَّهُ قَلَّ مَن تَشَبَّهَ بِقَومٍ إِلاّ أَوشَكَ أَن يَكُونَ مِنهُم.

(۹) اگر تم بردبار نہیں ہو تو بردباروں کی طرح ہو جانے کی کوشش کرو کیونکہ بہت ممکن ہے کہ جو کسی قوم سے اپنے اندر مشابہت پیدا کرے وہ بھی انہیں لوگوں میں شمار کر لیا جائے۔

| | |
|---|---|
| ١٠ ـ مَن حَلُمَ لَم يُفرِّطْ فِي أَمرِهِ، وَعَاشَ فِي النَّاسِ حَمِيداً. | (۱۰) جس نے بردباری اختیار کی وہ کبھی اپنے کاموں میں کوتاہی نہیں کرے گا اور لوگوں کے درمیان نیک نام ہو کر زندگی بسر کرے گا۔ |
| ١١ ـ لا يُعرَفُ الحَليمُ إلاّ عِندَ الغَضَب. | (۱۱) حلیم کی پہچان صرف غصہ کے عالم میں ہوتی ہے۔ |
| ١٢ ـ الحِلمُ سَجِيَّةٌ فَاضِلَةٌ. | (۱۲) حلم بافضیلت روش ہے۔ |
| ١٣ ـ مَن حَلُمَ سَادَ، وَمَن سَادَ استَفَادَ. | (۱۳) جس نے حلم اختیار کیا وہ سردار ہو گیا اور جو سردار ہو گا وہ فائدہ بھی حاصل کرے گا۔ |
| ١٤ ـ لاَ خَيرَ فِي حِلمٍ إلاّ بِعِلمٍ. | (۱۴) حلم میں صرف بذریعہ علم ہی فائدہ ہے۔ |
| ١٥ ـ لاَ نَسَبَ أَنفَعُ مِنَ الحِلم. | (۱۵) حلم سے زیادہ مفید کوئی حسب نسب نہیں۔ |
| ١٦ ـ مَن حَلُمَ عَن عَدُوِّهِ ظَفَرَ بِهِ. | (۱۶) جس نے اپنے دشمن کے مقابلے حلم کا مظاہرہ کیا اس نے اپنے دشمن پر کامیابی حاصل کر لی۔ |
| ١٧ ـ بَسطُ الوَجهِ زِينَةُ الحِلم. | (۱۷) خوش روئی حلم کی زینت ہے۔ |
| ١٨ ـ لَيسَ الحِلمُ ما كانَ حالَ الرِّضَا، بلِ الحِلمُ ما كانَ حالَ الغَضَب. | (۱۸) اسے حلم نہیں کہتے جو رضا و خوشنودی کے عالم مین ہو بلکہ حلم وہ ہے جو عالم غضب میں رہے۔ |
| ١٩ ـ قال لَهُ قَائِلٌ: عَلِّمنِي الحِلم. فَقَالَ ﷺ: هُوَ الذُّلُّ، فَاصطَبِر عَلَيهِ إِن استَطَعتَ. | (۱۹) آپ سے کسی کہنے والے نے کہا "مجھے حلم سکھائیے۔" تو آپ نے فرمایا "حلم ذلت ہے لہذا اگر طاقت ہو تو اس ذلت پر صبر کرو"۔ |
| ٢٠ ـ الحِلمُ إحدَى المَنقَبَتَين. | (۲۰) حلم دو منقبتوں میں سے ایک ہے۔ |
| ٢١ ـ الحِلمُ عِندَ شِدَّةِ الغَضَبِ يُؤَمِّنُ غَضَبَ الجَبَّار. | (۲۱) شدید غصہ کے عالم میں حلم کا مظاہرہ جابر کے غصہ سے محفوظ رکھتا ہے۔ |
| ٢٢ ـ الحِلمُ يُطفِئُ نارَ الغَضَبِ، و الحِدَّةُ تُؤَجِّجُ إِحراقَه. | (۲۲) حلم، غصے کی آگ کو بجھا دیتا ہے اور غضب کا مظاہرہ اس کے شعلوں کو اور بھڑکا دیتا ہے۔ |

٢٣ـ الحِلمُ نِظَامُ أَمرِ المُؤمِن.

(۲۳) حلم مومنین کے امور کے لئے (ایک بہترین) نظام ہے۔

٢٤ـ الحِلمُ حِليَةُ العِلمِ، و عُدَّةُ السِّلم.

(۲۴) حلم، علم کا زیور اور سلامتی کا معاون ہے۔

٢٥ـ الحِلمُ نورٌ جَوهَرُهُ العَقل.

(۲۵) حلم ایک نور ہے جس کا جوہر عقل ہے۔

٢٦ـ الحِلمُ تَمامُ العَقل.

(۲۶) حلم کمال عقل ہے۔

٢٧ـ السِّلمُ ثَمَرَةُ الحِلم.

(۲۷) سلامتی حلم کا ثمرہ ہے۔

٢٨ـ أَحياكُم أَحلَمُكُم.

(۲۸) تم میں سب سے زیادہ زندہ شخص سب سے زیادہ حلم والا ہے۔

٢٩ـ إحتَجِب عنِ الغَضَبِ بِالحِلمِ، وَغُضَّ عَنِ الوَهمِ بِالفَهم.

(۲۹) غضب پر حلم کا حجاب ڈال لو اور توہمات سے، فہم کے ذریعے صرف نظر کر لو۔

٣٠ـ أَزيَنُ الشِّيَمِ الحِلمُ والعَفاف.

(۳۰) بہترین خصلت، حلم و عفت ہے۔

٣١ـ إنَّ أَفضَلَ النَّاسِ مَن حَلُمَ عَن قُدرَةٍ، و زَهِدَ عَن غَيبَةٍ، وأَنصَفَ عَن قُوَّةٍ.

(۳۱) بلاشبہ سب سے افضل وہ شخص ہے جس نے توانائی کے باوجود بردباری اختیار کی، غیبت سے دور رہا اور قوت کے ہوتے ہوئے انصاف کیا۔

٣٢ـ إن كانَ فِي الغَضَبِ الإنتِصارُ فَفِي الحِلمِ ثَوابُ الأَبرار.

(۳۲) اگر غصہ میں کامیابی ہے تو حلم میں نیکو کار لوگوں کا ثواب ہے۔

٣٣ـ إنَّكَ مُقَوَّمٌ بِأَدَبِكَ، فَزَيِّنهُ بِالحِلم.

(۳۳) تمہارا استحکام تمہارے ادب ہی کے ذریعے ہے لہذا اسے حلم کے ذریعے زینت بخشو۔

٣٤ـ إنَّمَا الحَليمُ مَن إذا أُوذِيَ صَبَرَ، وإذا ظُلِمَ غَفَر.

(۳۴) حلیم صرف وہی ہے جسے جب اذیت دی جائے تو صبر کرے اور اگر اس پر ظلم ہو تو بخش دے۔

٣٥ـ إنَّمَا الحِلمُ كَظمُ الغَيظِ وَمُلكُ النَّفس.

(۳۵) حلم غصہ پی جانے اور نفس پر غالب آجانے کو کہتے ہیں۔

٣٦ـ إذَا غَلَبَ عَلَيكَ الغَضَبُ فَاغلِبهُ بِالحِلمِ و الوَقار.

(۳۶) اگر کبھی تم پر غصہ غالب آجائے تو تم اس پر حلم و وقار کے ذریعے غلبہ حاصل کرو۔

٣٧ ـ إذا أَحَبَّ اللهُ عَبداً زَيَّنَهُ بِالسَّكِينةِ وَالحلم.

(۳۷) جب اللہ کسی بندہ کو محبوب رکھنے لگتا ہے تو اسے سکون و حلم کے ذریعے مزین کر دیتا ہے۔

٣٨ ـ إذَا حَلُمتَ عَنِ السَّفِيهِ غَمِمتَهُ، فَزِدهُ غَمّاً بِحِلمِكَ عَنه.

(۳۸) اگر تم نے کسی احمق کے مقابلے میں حلم اختیار کیا تو گویا تم نے اسے رنجیدہ کیا پس اپنے حلم کے ذریعے اسے مزید غمزدہ کرتے رہو۔

٣٩ ـ حُسنُ الحِلمِ دَلِيلُ وُفُورِ العِلم.

(۳۹) حسن حلم، کثرت علم کی دلیل ہے۔

٤٠ ـ عَلَيكَ بِالحِلمِ، فَإنَّهُ خُلقٌ مَرضِيٌّ.

(۴۰) تمہارے لئے حلم لازم ہے کیونکہ یہ ایک پسندیدہ روش ہے۔

٤١ ـ كمالُ العِلمِ الحِلمُ، كمالُ الحلمِ كثرةُ الاحتِمالِ والكَظم.

(۴۱) کمال علم حلم ہے اور کمال حلم، غصہ کو پی جانا ہے۔

٤٢ ـ لاَ خَيرَ فِي عَقلٍ لاَ يُقارِنُهُ الحِلم.

(۴۲) ایسی عقل سے کوئی فائدہ نہیں جس کے ساتھ حلم نہ ہو۔

٤٣ ـ لاَ خَيرَ فِي خُلقٍ لاَ يُزَيِّنُهُ الحِلم.

(۴۳) ایسے اخلاق میں کوئی بھلائی نہیں جو حلم سے مزین نہ ہو۔

٤٤ ـ لَن يُزانَ العَقلُ حَتَّىٰ يُوَازِرَهُ الحِلم.

(۴۴) عقل اس وقت تک تولی نہیں جاسکتی جب تک اس ساتھ حلم نہ ہو۔

٤٥ ـ لَن يُثمِرَ العِلمُ حَتَّىٰ يُقارِنَهُ الحِلم.

(۴۵) علم اس وقت تک فائدہ مند نہیں ہو سکتا جب تک حلم بھی اس کے قریب نہ ہو۔

٤٦ ـ مَنِ استَعَانَ بِالحِلمِ عليكَ غَلَبَكَ وتَفَضَّلَ عليك.

(۴۶) جس نے تمہارے مقابل، حلم سے تعاون طلب کیا اس نے تم پر غلبہ پایا اور تم سے زیادہ فضیلت حاصل کر لی۔

٤٧ ـ مَنِ ارتَوىٰ مِن مَشرَبِ العِلمِ تَجَلبَبَ جِلبابَ الحِلم.

(۴۷) جس نے علم کے گھاٹ سے اپنی پیاس بجھائی اس نے گویا حلم کی ردا اوڑھ لی۔

٤٨ ـ نِعمَ وَزِيرُ العِلمِ الحِلم.

(۴۸) علم کا بہترین مددگار حلم ہے۔

٤٩ ـ وَجَدتُ الحِلمَ والإحتِمالَ أنصَرَ لِي مِن شجعَانِ الرِّجال.

(۴۹) میں نے تحمل و بردباری کو بہادر مردوں سے زیادہ مددگار پایا۔

[۷۰]

# الحَماقة = حماقت

١ ـ مَن نَظَرَ فِي عُيوبِ النَّاسِ فَأَنكَرَها، ثُمَّ رَضِيَها لِنَفسِهِ، فذلِك الأَحمَقُ بِعَينِه.

(۱) جو لوگوں کے عیوب دیکھ کر اظہار نفرت کرے اور پھر انھیں عیوب کو اپنے اندر پا کر خوش ہو تو وہی احمق ہے۔

٢ ـ قَلبُ الأَحمَقِ فِي فِيهِ، وَلِسَانُ العاقِلِ فِي قَلبِه.

(۲) احمق کا دل اس کے منہ میں اور عاقل کی زبان اس کے دل میں ہوتی ہے۔

٣ ـ لِسَانُ العاقِلِ وَراءَ قَلبِهِ، وَقَلبُ الأَحمَقِ وَرَاءَ لِسانِه.

(۳) عالم کی زبان اس کے دل کے پیچھے اور احمق کا دل اس کی زبان کے پیچھے ہوتا ہے۔

٤ ـ إِنَّ أَغنى الغِنىٰ العَقلُ، وَأَكبَرَ الفَقرِ الحُمق.

(۴) یقیناً سب سے بڑی دولت مندی عقل اور سب سے بڑا فقر حماقت ہے۔

٥ ـ لاَ تَتَّكِل على المُنىٰ، فَإِنَّها بَضايعُ النَّوكىٰ.

(۵) تمناؤں کے بھروسے نہ رہو کیونکہ یہ احمقوں کا سرمایہ ہے۔

٦ ـ أَربَعٌ يُمِتنَ القَلبَ: الذَّنبُ عَلى الذَّنبِ، وَمُلاَحَاةُ الأَحمَقِ...

(۶) چار چیزیں دل کو مردہ کر دیتی ہیں ــــ گناہ پر گناہ، احمقوں سے لڑائی جھگڑا ـــــ

٧ ـ لاَ تُؤاخِ الأَحمَقَ، فَإِنَّهُ يَجتَهِدُ بِنَفسِهِ لَكَ و لاَ يَنفَعُكَ، و رُبَّما أَرادَ أَن يَنفَعَكَ فَيُضُرُّكَ، فَسُكُوتُهُ خَيرٌ مِن نُطقِهِ، وبُعدُهُ خَيرٌ مِن قُربِهِ، وَمَوتُهُ خَيرٌ مِن حَياتِه.

(۷) کسی احمق کو بھائی نہ بناؤ کیونکہ وہ خود تو تمہارے لئے محنت و کوشش کرے گا مگر اس کی کوششیں تمہارے لئے فائدے مند نہ ہوں گی بلکہ اس سے بڑھ کر یہ بھی ممکن ہے کہ بجائے فائدے کے تمہیں نقصان ہی اٹھانا پڑے لہذا احمقوں کا سکوت ان کے کلام سے، اور ان کی دوری ان کی قربت سے اور ان کی موت ان کی زندگی سے بہتر ہوتی ہے۔

٨ ـ أَلتَّثَبُّتُ رَأسُ العَقلِ، وَالحِدَّةُ رَأسُ الحُمق.

(۸) (طبیعت میں) ٹھہراؤ عین عقل ہے جبکہ تندروئی عین حماقت ہے۔

۹ ۔ لاَ یَزَالُ العَقلُ والحُمقُ یَتَغالَبانِ علی الرَّجُلِ إلیٰ ثَمانِیَ عَشرَۃَ سَنَۃً، فإذا بَلَغَھا غَلَبَ عَلَیهِ أَکثَرُھُما فیه.

(۹) عقلمندی اور حماقت انسان پر غلبہ پانے کے لئے (ہمیشہ) لڑتی رہتی ہیں۔ یہاں تک کہ جب وہ اٹھارہ سال کا ہو جاتا ہے تو ان دونوں میں سے جو بھی زیادہ ہوتی ہے وہ اس انسان پر غالب آجاتی ہے۔

۱۰ ۔ کَلُّ الدُّنیا علی العاقِلِ، والأَحمَقُ خَفِیفُ الظَّھر.

(۱۰) دنیا کی سختیاں عاقلوں کے شانوں پر ہیں اور احمق کا شانہ (ان کے بوجھ سے) ہلکا ہوتا ہے۔

۱۱ ۔ عَدُوٌّ عاقِلٌ خَیرٌ مِن صَدِیقٍ أَحمَق.

(۱۱) عاقل دشمن، احمق دوست سے بہتر ہے۔

۱۲ ۔ قِیلَ لَه ﷺ: فَأَیُّ النَّاسِ أَحمَقُ؟ قَالَ ﷺ: المُغتَرُّ بِالدُّنیاَ، وَھوَ یَریٰ فِیھا مِن تَقَلُّبِ أَحوَالِھا.

(۱۲) آپ سے کہا پوچھا گیا کہ احمق کون ہے؟ تو آپ نے فرمایا "دنیا سے فریب کھاجانے والا، جبکہ وہ اس کے تغیرات کا مشاہدہ کرتا ہے۔

۱۳ ۔ صُحبَۃُ الأَحمَقِ عَذَابُ الرُّوح.

(۱۳) احمق کی صحبت عذاب روح ہے۔

۱٤ ۔ إِیَّاکُم وَتَزَوُّجَ الحَمقاءَ، فَإِنَّ صُحبَتَھا بَلاَءٌ، وَوَلَدُھا ضَیاعٌ.

(۱۴) بیوقوف عورت سے شادی کرنے سے بچو کیونکہ اس کا ساتھ بلا اور اولاد بیکار ہوتی ہیں۔

۱۵ ۔ لاَ تَستَرضِعُوا الحَمقاءَ، فإِنَّ اللَّبَنَ یَغلِبُ الطِّباع.

(۱۵) بیوقوف عورت کے اپنے بچو کو دودھ پلانے کی ذمہ داری نہ سونپو کیونکہ دودھ طبیعت پر غالب آجاتا ہے۔

۱٦ ۔ الحُمقُ دَاءٌ لاَ یُداویٰ، وَمَرَضٌ لا یَبرَء.

(۱۶) بیوقوفی ایسا مرض ہے جس کا کوئی علاج نہیں اور ایک ایسی بیماری ہے جو کبھی نہیں چھوٹتی۔

۱۷ ۔ الحُمقُ یُوجِبُ الفُضُولَ.

(۱۷) بیوقوفی فضولیات کا باعث بنتی ہے۔

۱۸ ۔ الحُمقُ مِن ثِمارِ الجَھلِ.

(۱۸) حماقت، جہالت کا نتیجہ ہے۔

۱۹ ۔ الحُمقُ شَقاءٌ.

(۱۹) بیوقوفی، بدبختی ہے۔

۲۰ ۔ الحُمقُ أَضَرُّ الأَصحَاب.

(۲۰) بیوقوفی، مضر ترین ساتھی ہے۔

۲۱ ۔ الأَحمَقُ غَرِیبٌ فِي بَلدَتِهِ، مُھَانٌ بَینَ أَعِزَّتِه.

(۲۱) احمق اپنے شہر میں بے وطن اور اپنے اعزہ کے درمیان خوار ہوتا ہے۔

۲۲ ۔ إحذَرِ الأَحمَقَ، فَإِنَّ مُدَاراتَہُ تُعیِبُكَ، ومُوافَقَتَہُ تُردِیكَ، ومخالَفَتَہُ تُؤذِیكَ

(۲۲) احمق سے پرہیز کرو کیونکہ اس کے مدارات تمہیں معیوب کر دے گی اور اس کی مخالفت تمہیں اذیت دے گی اور اس کی صحبت

و مُصاحبَتَهُ وَبالٌ عَليك.

تمہارے لئے وبال جان ہو گی۔

٢٣ ـ إيّاكَ ومُصادَقَةَ الأَحمقِ، فإنَّهُ يُرِيدُ أَن يَنفَعَكَ فَيَضُرُّك.

(۲۳) احمق کی دوستی سے بچو کیونکہ وہ تمہارے فائدے کا سوچے گا مگر نقصان پہنچا دیگا۔

٢٤ ـ أَفقرُ الفَقرِ الحُمق.

(۲۴) سب سے بڑا فقر، حماقت ہے۔

٢٥ ـ أَضَرُّ شَيءٍ الحُمق.

(۲۵) سب سے زیادہ نقصان دہ شئے، حماقت ہے۔

٢٦ ـ أَحمَقُ النَّاسِ مَن يَمنَعُ البِرَّ، و يَطلُبُ الشُّكرَ، و يَفعَلُ الشرَّ، وَ يَتوقَّعُ ثَوابَ الخَير.

(۲۶) لوگوں میں سب سے بڑا احمق وہ ہے جو نیکی سے دور رہے مگر شکریہ کی خواہش کرے اور برائیاں انجام دے مگر ثواب کی توقع رکھے۔

٢٧ ـ أَحمَقُ النَّاسِ مَن ظَنَّ أَنَّهُ أَعقلُ النَّاس.

(۲۷) سب سے بڑا احمق وہ ہے جو اپنے آپ کو سب سے زیادہ عقل مند گمان کرے۔

٢٨ ـ أَحمَقُ النَّاسِ من أَنكرَ علىٰ غَيرِهِ رَذيلَةً، وَهوَ مُقيمٌ عَليها.

(۲۸) احمق ترین آدمی وہ ہے جو کسی دوسرے میں موجود، کسی برائی سے اظہار نفرت کرے مگر خود اسے انجام دے۔

٢٩ ـ تُعرَفُ حَماقَةُ الرَّجلِ فِي ثَلاثٍ: كَلاَمُهُ فِي ما لا يَعنِيهِ، وَجَوابُهُ عمّا لاَ يُسأَلُ عَنهُ، وتَهَوُّرُهُ فِي الأُمُورِ.

(۲۹) آدمی کی حماقت تین چیزوں سے پہچانی جاتی ہے ـــ ایسی باتیں کرنا جو اس کے مطلب کی نہ ہوں، ایسی باتوں کا جواب دینا جو اس نہ پوچھی گئی ہوں اور ہر (طرح کے) کام میں بلا جھجک کود پڑنا۔

٣٠ ـ تُعرَفُ حَماقَةُ الرَّجلِ بِالأَشَرِ فِي النّعمَةِ، وكَثرَةِ الذُّلِّ فِي المِحنَة.

(۳۰) انسان کی حماقت نعمتوں میں حد درجہ مستی اور بلاؤں میں حد درجہ ذلت سے پتہ چل جاتی ہے۔

٣١ ـ رُكُوبُ المَعاطِبِ عُنوانُ الحَماقَة.

(۳۱) ہلاکت خیز کاموں میں ہاتھ ڈالنا حماقت کی علامت ہے۔

٣٢ ـ صَديقُ الأَحمَقِ فِي تَعَبٍ.

(۳۲) احمق کا دوست پریشانی میں مبتلا رہتا ہے۔

٣٣ ـ فَقرُ الأحمقِ لاَ يُغنيهِ المال.

(۳۳) احمق کی فقیری کو دولت بھی ختم نہیں کر سکتی۔

٣٤ ـ قَطِيعَةُ الأَحمَقِ حَزمٌ.

(۳۴) احمق سے ترک تعلق دوراندیشی ہے۔

٣٥ ـ كُلُّ فَقرٍ يُسَدُّ إلاّ فَقرُ الحُمق.

(۳۵) ہر طرح کے فقر (اور محرومیت) کا سد باب ممکن ہے سوائے فقر حماقت کے۔

۳٦ ـ لاَ تُعظِمَنَّ الأَحمَقَ وإِن كانَ كَبِيراً.

(۳۶)احمق کی عظمت بیان نہ کرو بھلے ہی وہ (درحقیقت)عظیم ہی کیوں نہ ہو۔

۳۷ ـ لاَ يَستَخِفُّ بِالعِلمِ وأَهلِهِ إِلا أَحمَقٌ جاهِلٌ.

(۳۷)علم واہل علم کو صرف احمق جاہل (سبک اور) کمتر سمجھتا ہے۔

۳۸ ـ لاَ داءَ أَدوَىٰ مِنَ الحُمق.

(۳۸)حماقت سے بڑھکر کوئی روگ نہیں۔

۳۹ ـ لا فاقَةَ أَشَدُّ مِنَ الحُمق.

(۳۹)حماقت سے زیادہ شدید کوئی فاقہ نہیں۔

٤٠ ـ لا تَرُدَّ عَلى النَّاسِ كُلَّما حَدَّثُوكَ، فَكَفىٰ بِذلِكَ حُمقاً.

(۴۰) لوگ جو کچھ کہیں ان سب کا جواب نہ دو کیونکہ یہ عمل حماقت کے لئے کافی ہے۔

٤١ ـ لاَ يُدرَكُ مَعَ الحُمقِ مَطلَبٌ.

(۴۱)حماقت کے رہتے کوئی کام نہیں ہو سکتا۔

٤٢ ـ مِن كَمالِ الحَماقَةِ الإحتيالُ فِي الفاقَة.

(۴۲)فاقے کے عالم میں بھی حیلہ بازی کرنا انتہاء حماقت ہے۔

٤٣ ـ مِن أَمارَاتِ الأَحمَقِ كَثرَةُ تَلَوُّنِه.

(۴۳)متلون مزاجی حماقت کی ایک علامت ہے۔

٤٤ ـ مُقاساةُ الأَحمَقِ عَذابُ الرُّوح.

(۴۴)احمق کے ساتھ زندگی عذاب جان ہے۔

٤٥ ـ مَوَدَّةُ الحُمقىٰ تَزُولُ كَما يَزُولُ السَّرابُ، وتَقْشَعُ كَما تَقشَعُ الضَّباب.

(۴۵)احمقوں کی دوستی و محبت اس طرح ختم ہوتی ہے جیسے سراب (اور ان کی رفاقت)اس طرح چھٹ جاتی ہے جیسے بدلیاں۔

٤٦ ـ مَوَدَّةُ الأَحمَقِ كَشَجَرةِ النَّارِ يأكُلُ بَعضُها بَعضاً.

(۴۶)احمق کی دوستی آگ کے درخت کی طرح ہے کہ جس کا بعض حصہ اپنے بعض حصوں کو کھاجاتا ہے۔

٤٧ ـ مُداراةُ الأَحمَقِ مِن أَشَدِّ العَناء.

(۴۷)احمق کی مدارات شدائد میں سے ہے۔

[۷۱]

# الحَیاء = حیا

١ ـ مَن كَساهُ الحياءُ ثوبَهُ لَم يَرَ النّاسُ عَيبَه.

(۱) جس کو حیا کے جامے نے ڈھانک لیا اس کے عیوب لوگوں کی نگاہوں سے دور رہتے ہیں۔

٢ ـ مَن كَثُرَ كَلامُهُ كَثُرَ خَطَؤُهُ، وَمَن كَثُرَ خَطَؤُهُ قَلَّ حياؤُهُ، وَمن قَلَّ حَياؤُهُ قَلَّ وَرَعُهُ، وَمَن قَلّ وَرَعُهُ ماتَ قَلبُهُ، وَمَن ماتَ قَلبُهُ دَخَلَ النّار.

(۲) جس کی باتیں زیادہ ہوتی ہیں اس کی غلطیاں بھی زیادہ ہوتی ہیں اور جس کی غلطیاں زیادہ ہو جاتی ہیں اس کی شرم کم ہو جاتی ہے اور جس کی شرم کم ہو جاتی ہے اس کا تقویٰ کم ہو جاتا ہے اور جس کا تقویٰ کم ہو جاتا ہے اس کا دل مردہ ہو جاتا ہے اور جس کا دل مردہ ہو جاتا ہے وہ داخل جہنم ہو جاتا ہے۔

٣ ـ لا إيمانَ كَالحَياءَ والصَّبر.

(۳) حیا و صبر جیسا کوئی ایمان نہیں ہے۔

٤ ـ لا يَستَحِينَّ أَحَدٌ مِنكُم إذا سُئِلَ عَمّا لا يَعلَمُ أَن يَقُولَ لا أعلَمُ، وَلا يَستَحِينَّ أَحَدٌ إذا لَم يَعلَمِ الشَّيء أن يَتَعلَّمه.

(۴) جب تم سے کسی نامعلوم چیز کے بارے میں سوال کیا جائے تو "میں نہیں جانتا" کہتے ہوئے کبھی نہ شرمانا اور نہ ہی کسی انجان چیز کو سیکھنے میں شرم ہی کرنا۔

٥ ـ لاتَستَحِ مِن إعطاءِ القَليلِ، فإنَّ الحِرمانَ أقلُّ مِنه.

(۵) کم دینے سے شرم نہ کرو کیونکہ نہ دینا اس سے بھی کم ہے۔

٦ ـ السَخاءُ ما كانَ ابتداءً، فأمّا ما كانَ عَن مَسألةٍ فَحياءٌ وتَذَمُّمٌ.

(۶) سخاوت وہ ہے جو (سوال کرنے سے) پہلے ہو کیونکہ سوال کے بعد عطا کرنا شرم و مذمت کے خوف سے ہوتا ہے۔

٧ ـ قُرِنَتِ الهَيبَةُ بِالخَيبَةِ، والحَياءُ بِالحِرمان، والفُرصَةُ تَمُرُّ مَرَّ السَحابِ، فَانتَهِزُوا فُرَصَ الخَير.

(۷) ڈر و رعب شکست سے اور شرم و حیا محرومی کے ساتھ ہوتی ہے اور (کار خیر کی) فرصت بادل کی طرح گزر رہی ہے لہٰذا نیکیوں کی فرصتوں کو غنیمت جانو۔

٨ ـ الحَياءُ سببٌ إلى كلِّ جَميلٍ.

(۸) حیا ہر اچھے کام کے لئے راستہ ہے۔

٩ ـ لا حَياءَ لِحَريصٍ.

(۹) حریص کے پاس شرم نہیں ہوتی۔

١٠ ـ مَن استَحيا حُرِم.

(۱۰) جو (اپنے حق کے معاملے میں) شرماتا ہے وہ محروم ہو جاتا ہے

١١ ـ غَـايَةُ المُـرُوَّةِ أن يَسـتَحيِي الإنسـانُ مِن نَفسهِ، و ذلكَ أنّه لَيسَ العِـلَّةُ فيِ الحَـياءِ مِن الشَيخِ كِبَرَ سِنِّهِ، ولا بَياضَ لِحيَتِهِ، وإنَّمـا عِلَّةُ الحَياءِ مِنهُ عَقلُهُ، فَيَنبغي إنْ كـانَ هـذا الجُوهَرُ فِينا أن نَستَحيِيَ مِـنهُ، ولا نَحـضُرَهُ قَبيحاً.

(۱۱) مروت کا کمال یہ ہے کہ خود انسان اپنے آپ سے حیا کرے کیونکہ کسی بزرگ شخص سے شرم، نہ تو اس کے بڑی عمر کی وجہ سے ہوتی اور نہ ہی اس کے سفید داڑھی کے وجہ سے بلکہ اس سے شرم کی علت محض اس کی عقل ہوتی ہے لہٰذا اگر یہی جوہر (عقل) ہمارے اندر بھی پایا جائے تو ہمیں بھی اس سے شرم کرنا چاہیے اور اس کے سامنے کسی عمل قبیح کا ارتکاب نہیں کرنا چاہیے

١٢ ـ غايةُ الأدَبِ أن يَستَحِيَ الإنسانُ مِن نَفسِه.

(۱۲) کمال ادب یہ ہے کہ انسان خود اپنے آپ سے شرم کرے۔

١٣ ـ مَن استحَيا مِن النّاسِ، ولم يَستَحِي مِن نَفسهِ، فَلَيس لِنفسِهِ عندَ نَفسِه قَدرٌ.

(۱۳) جو لوگوں سے شرم کرے مگر خود اپنے آپ سے نہ شرمائے تو اس کے نزدیک اپنے نفس کی کوئی قدر نہیں۔

١٤ ـ الحَياءُ لِباسٌ سـابغٌ، وحِـجابٌ مـانعٌ، وسَترٌ مِنَ المَسـاوِئ واقٍ، وحـليفٌ لِـلّدِينِ، وموجِبٌ لِلمَحبَّةِ، وعَينٌ كـالِئةٌ تـذُودُ عَـنِ الفَسادِ، وتَنهى عنِ الفَحشاءِ.

(۱۴) شرم و حیا، وسیع و عریض لباس، (گناہوں سے) روکنے والا حجاب اور برائیوں سے بچانے والا پردہ ہے۔ یہی دین کا حلیف، محبت کا باعث، اور ایسی نگہبان آنکھ ہے جو (انسان کا) فساد سے دفاع کرتی ہے اور برائیوں سے روکتی ہے۔

١٥ ـ الحَياءُ تَمامُ الكَرَمِ و أحسَنُ الشِّيمِ.

(۱۵) حیا تمام کرم اور بہترین عادتوں میں سے ہے۔

١٦ ـ الحَياءُ غَضُّ الطَرَفِ.

(۱۶) حیا نظریں جھکانا ہے۔

١٧ ـ الحَياءُ يَمنَعُ الرِزقِ.

(۱۷) (بلاوجہ) شرم، رزق کو روک دیتی ہے۔

١٨ ـ الحَياءُ قَرينُ العِفافِ.

(۱۸) حیا، پاکدامنی کی قرین ہے۔

١٩ ـ الحَياءُ يَصُدُّ عَن فِعلِ القَبيحِ.

(۱۹) حیا عمل قبیح سے روک دیتی ہے۔

٢٠ ـ أحسنُ الحَياءِ استِحياؤُكَ مِن نَفسِك.

(۲۰) سب سے اچھی شرم، تمہارا خود اپنے نفس سے شرم کرنا ہے۔

٢١ ـ أصلُ المُرُوَّةِ الحَياءِ، وثَمرتُها العِفَّةُ.

(۲۱) مروت کی جڑ حیا اور پھل، پاکدامنی ہے۔

٢٢ ـ أفضلُ الحَياءِ استِحياؤُكَ مِنَ اللهِ.

(۲۲) افضل ترین حیا، تمہارا اللہ سے حیا کرنا ہے۔

٢٣ ـ إنَّ الحَياءَ والعِفَّةَ مِن خَـلائِقِ الإيمـانِ، وإنَّهُما لَسَجِيَّةُ الأَحرارِ وشِيمَةُ الأبرارِ.

(۲۳) یقیناً حیا و عفت ایمانی خصلتوں میں سے ہیں اور بلاشبہ یہی آزاد لوگوں کی روش اور نیکو کاروں کا وطیرہ ہے۔

٢٤ ـ أحسنُ مَلابِسِ الدِّينِ الحَياءُ.

(۲۴) دین کی بہترین خلعت، حیا ہے۔

۲۵ ـ أعقَلُ النّاسِ أَحياهُم.

۲٦ ـ الحَياءُ مِن اللهِ يمحُو كثيراً مِنَ الخَطايا.

۲۷ ـ حَياءُ الرَّجُلِ مِن نَفسِه ثَمَرةُ الإيمان.

۲۸ ـ عليك بِالحَياءِ، فإنَّه عُنوانُ النُّبل.

۲۹ ـ مَن استَحيىٰ من قَولِ الحَقِّ فَهُو الأحمَق.

۳۰ ـ مَن لَم يُنصِفكَ مِنه حياءُه، لَم يُنصِفكَ مِنهُ دِينُه.

۳۱ ـ ثلاثٌ لا يُستَحيىٰ مِنهنَّ: خِدمةُ الرَّجُلِ ضَيفَهُ، وقِيامُه عَن مجلِسِه لأبِيهِ ومُعلِّمِهِ، وطَلَبُ الحَقِ وإن قَلَّ.

۳۲ ـ نِعمَ قرينُ السَّخاءِ الحياء.

(۲۵) سب سے زیادہ عقل مند سب سے زیادہ شرم کرنے والا ہے

(۲۶) اللہ سے شرم کرنا بہت سی غلطیوں کو ختم کر دیتا ہے۔

(۲۷) آدمی کا اپنے آپ سے حیا کرنا ایمان کے نتائج میں سے ہے

(۲۸) تمہارے لئے حیا لازم ہے کیونکہ یہ شرافت کا عنوان ہے۔

(۲۹) جو حق گوئی سے شرماتا ہے وہ احمق ہے۔

(۳۰) جس سے اس کی حیا تمہیں انصاف نہ دلا سکی اس سے اس کا دین بھی تمہیں انصاف نہیں دلا سکتا۔

(۳۱) تین چیزوں میں شرم نہیں کی جاتی: آدمی کا اپنے مہمان کی خدمت کرنا، اپنے باپ اور معلم کے احترام کے لئے اپنی جگہ سے بلند ہونا اور اپنا حق مانگنا بھلے ہی وہ کم ہی ہو۔

(۳۲) سخاوت کی بہترین ساتھی حیا ہے۔

[ ۷۲ ]

# الخديعة = دھوکا

١ ـ السَّعيدُ مَن وُعِظَ بِغيرِه و الشَّقِيُّ مَنِ انْخَدَعَ لِهواهُ و غُرُورِه.

(۱) کامیاب اور خوش بخت ہے وہ جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرے اور بد بخت وہ ہے جو اپنی خواہشات اور اس کی فریب کاریوں سے دھوکا کھا جائے۔

٢ ـ هيهات! لا يُخدَعُ اللهُ عن جَنَّتِه، ولا تُنالُ مَرضاتُهُ إلّا بِطاعَتِه.

(۲) ھیھات! اللہ کو اس کی جنت سے دھوکے میں نہیں رکھا جا سکتا اور اس کی مرضی اور خوشنودی صرف اس کی اطاعت کے ذریعے ہی حاصل کی جا سکتی ہے۔

٣ ـ اللهَ اللهَ في كِبَرِ الحَمِيّةِ و فَخرِ الجاهِليّةِ فإنّه مَلاقِحُ الشَّنآنِ و مَنافِخُ الشيطانِ التي خَدَعَ بها الأُمَمَ الماضِية و القُرونَ الخالِية.

(۳) اللہ اللہ یہ تعصب انگیز تکبر اور جاہلیت کا فخر بلاشبہ یہ وہی کینہ و برائی کی پرورش گاہ اور شیطانی وسواس کی آماجگاہ ہے جس نے گزشتہ امتوں اور خالی صدیوں کو دھوکا دیا تھا۔

٤ ـ فَاحذَرُوا الدُّنيا فإنّها غَدّارَةٌ غَرّارَةٌ خَدُوعٌ.

(۴) دنیا سے بچو کیونکہ یہ نہایت غدار فریب کار اور دھوکے باز ہے

٥ ـ لا تَعمَلْ بِالخَدِيعَةِ، فإنّها خُلُقٌ لَئيمٌ.

(۵) دھوکا دھڑی سے کام نہ لو کیونکہ یہ ایک مذموم عادت ہے۔

٦ ـ اِحذَر أن يَخدَعَكَ الغُرُور بِالحائلِ اليَسيرِ، أو يَستَزِلَّكَ السُّرورُ بالزّائلِ الحَقيرِ.

(۶) اس بات سے بچو کہ (عیوب و غربی پر) معمولی سا پردہ تمہیں غرور کے دھوکے میں مبتلا کر دے یا ختم ہو جانے والی کسی حقیر شئے پر تمہاری مسرت، تمہارے قدم ڈگمگا دے۔

٧ ـ إنّ الحازِمَ مَن لا يَغتَرُّ بالخُدَع.

(۷) دور اندیش وہ ہے جو فریب کاروں کے فریب سے محفوظ رہے

٨ ـ الخَديعَةُ شُومٌ.

(۸) دھوکا دینا ایک برا کام ہے۔

٩ ـ ما الغاجِلةُ خَدَعَتكَ، ولكن بِها انخَدَعت.

(۹) دنیا تمہیں فریب نہیں دیتی بلکہ تم اس سے دھوکا کھاتے ہو۔

١٠ ـ رأسُ الحِكمَةِ تَجَنُّبُ الخُدَع.

(۱۰) حکمت کا سرمایہ، فریب کاریوں سے اجتناب ہے۔

١١ ـ فَسادُ العقلِ الإغتِرارُ بالخُدَع.

(۱۱) عقل کی خرابی، فریب کاری کی لپیٹ میں آجانا ہے۔

١٢ ـ مَن خادَعَ اللهَ خُدِع.

(۱۲) جس نے اللہ سے دھوکے بازی کی وہ خود ہی دھوکا کھا جائے گا

١٣ ـ لا دِينَ لِخَدّاعٍ.

(۱۳) دھوکا باز کا کوئی مذہب نہیں ہوتا۔

١٤ ـ قد تُخدعُ الرِّجال.

(۱۴) کبھی کبھی بڑے بڑے مرد بھی دھوکا کھا جاتے ہیں۔

[۷۳]

# الخرق = سخت گیری و خشونت

١ ـ مِن الخَرقِ المُعاجَلَةُ قَبلَ الإمكانِ، والأَناةُ بَعدَ الفُرصَة.

(۱) امکانات کی فراہمی سے پہلے جلدی کرنا اور وقت آنے پر بددلی (کاہلی) کا مظاہرہ خشونت کی نشانی ہے۔

٢ ـ إذا كان الرِّفقُ خُرقاً، كانَ الخُرقُ رِفقاً.

(۲) جب نرمی خشونت ہو جایا کرتی ہے تو پھر ایسے وقت خشونت ہی نرمی ہوتی ہے۔

٣ ـ رأسُ العِلم الرِّفقُ، وآفتُهُ الخُرق.

(۳) علم میں سرفہرست نرمی ہے اور اس کی آفت سخت گیری ہے

٤ ـ رُبَّ عَزيزٍ أذَلَّـه خُـرقُهُ، و ذَليـلٍ أعَـزَّهُ خُلُقُه.

(۴) بہت سے عزت دار ایسے ہیں جنھیں ان کی سخت گیری نے ذلیل کر دیا اور بہت سے ایسے ذلیل ہیں جنھیں ان کے اخلاق نے عزت دار بنادیا۔

٥ ـ ما كانَ الرِّفقُ في شَيءٍ إلّا زانَهُ، ولا كانَ الخُرقُ في شَيءٍ إلّا شانَه.

(۵) نرمی جس چیز میں بھی ہوتی ہے اس کو سجا دیتی ہے۔ اور خشونت جہاں بھی ہو گی اسے بری بنادے گی۔

٦ ـ الخُرقُ شَينُ الخُلق.

(۶) سخت گیری اخلاق کی برائی ہے۔

٧ ـ الخُرقُ مُناواةُ الآراء، و مُعاداةُ مَن يَقدِرُ على الضَّرّاءِ.

(۷) سخت گیری آراء کی مخالفت اور ان سے دشمنی کرنا ہے جو نقصان پہنچاسکتا ہو۔

٨ ـ الخُرقُ شرُّ خُلقٍ.

(۸) سخت گیری بدترین شیوہ ہے۔

٩ ـ أَسوَءُ شيءٍ الخُرق.

(۹) بدترین شئے سخت گیری ہے۔

١٠ ـ رأسُ الجَهلِ الخُرق.

(۱۰) جہالت میں سرفہرست چیز خشونت و سخت گیری ہے۔

١١ ـ كَم مِن رَفيعٍ وَضَعَهُ قُبحُ خُرقِه.

(۱۱) کتنے ایسے بلند مرتبہ افراد تھے جنھیں ان کی بری سخت گیری نے پست کر دیا۔

١٢ ـ مَن كَثُرَ خُرقُهُ اِستَرذَل.

(۱۲) جس کی سخت گیری بڑھ جاتی ہے وہ ذلیل ہوتا ہے۔

١٣ ـ لا خَلَّةَ أزرىٰ مِنَ الخُرق.

(۱۳) خشونت سے زیادہ ہلاکت خیز اور بری کوئی چیز نہیں ہے۔

١٤ ـ لِسانُ الجَهلِ الخُرق.

(۱۴) جہالت کی زبان سخت گیری ہے۔

[ ٧٤ ]

# الخصومة = دشمنی و خصومت

١ ـ كَفىٰ باللهِ مُنتَقِماً و نَصيراً، و كَفىٰ بِالكِتابِ حَجيجاً و خَصيماً.

(۱) خدا انتقام اور مدد کے لئے کافی ہے اور قرآن (دشمنان دین کے لئے) بہترین اور کفایت کرنے والی دلیل اور ان کی دشمن ہے۔

٢ ـ أنا حَجِيجُ المارِقينَ و خَصيمُ النـاكِـثينَ المُرتابين.

(۲) میں مارقین کے لئے حجت پیش کرنے والا اور شک و شبہ میں مبتلا ناکثین کا دشمن ہوں۔

٣ ـ بُؤساً لِمَن خَصمُهُ عِندَ اللهِ، الفُقراءُ و المَساكينُ و السائِلونَ و المَدفوعُونَ و الغارِمُونَ و ابنُ السبيل.

(۳) برا ہو اس کا جس کے دشمن اللہ کے نزدیک فقیر و مساکین، سائل حق سے محروم، دیوالیہ اور سفر کے دوران فقیر ہو جانے والے افراد ہوں۔

٤ ـ [ قال للحسن و الحسين عليهما السلام : ] كُونا لِلظّالِمِ خَصماً و لِلمَظلومِ عَوناً.

(۴) امام حسن اور امام حسین علیہما السلام سے فرمایا۔ "ظالم کے دشمن اور مظلوم کے مددگار بن جاؤ۔

٥ ـ إنّ لِلخُصُومةِ قُحَماً.

(۵) یقیناً دشمنی نفرت انگیز و ہلاکت خیز ہے۔

٦ ـ مَن بالَغَ في الخُصومَةِ أَثِمَ، ومَن قَصَّرَ فيها ظَلَم، و لا يَستَطِيعُ أن يَتَّقِيَ اللهَ مَن خاصَم.

(۶) جو دشمنی میں زیادہ روی سے کام لیتا ہے وہ گناہ میں مبتلا ہو جاتا ہے اور جو اس میں کوتاہی سے کام لیتا ہے وہ ظلم کرتا ہے اور مخاصمت میں مبتلا آدمی اللہ سے نہیں ڈر سکتا۔

٧ ـ إيّاكَ و قَبُولَ تُحَفِ الخُصُوم.

(۷) دشمنوں کے تحفے قبول کرنے سے بچے رہو۔

٨ ـ الخُصُومَةُ تَمحَقُ الدِين.

(۸) دشمنی دین کو برباد کر دیتی ہے۔

٩ ـ مَن يَكُنِ اللهُ سُبحانَهُ خَصمَهُ دَحَضَ حُجَّتَهُ و يُعَذِّبُهُ في دُنياهُ ومَعادِه.

(۹) جس کا اللہ تعالیٰ دشمن ہوگا وہ اس کی دلیلوں کو باطل کر دے گا اور اسے دنیا و آخرت میں عذاب کا مزہ چکھائے گا۔

[۷۵]

# الخطيئة = خطاو گناہ

١ ـ أفَلا تائِبٌ مِن خَطِيئتِهِ قَبلَ مَنِيّتِهِ؟

(۱) اپنی موت سے پہلے اپنی غلطیوں پر نادم ہو کر توبہ کر لینے والا کوئی نہیں ہے؟

٢ ـ رَحِمَ اللهُ امرَءاً استَقبَلَ تَوبَتَهُ و استَقالَ خَطيئَتَه و بادَرَ مَنِيَّتَه.

(۲) اللہ اس بندے پر رحم کرے جس نے توبہ کا استقبال کیا گناہوں کو ختم کیا اور موت کے لئے جلدی کی۔

٣ ـ ألا و بِالتقوىٰ تُقطَعُ حُمَةُ الخَطايا.

(۳) آگاہ ہو جاؤ تقوے کے ذریعے غلطیوں کے ڈنک کو توڑا جاتا ہے

٤ ـ لا تُقاتِلوا الخَوارِجَ بَعدي، فليس مَن طَلَبَ الحقَّ فَأخطأهُ كَمَن طَلَبَ الباطِلَ فأدْرَكَه.

(۴) میرے بعد خوارج سے جنگ نہ کرنا کیونکہ جو حق کی چاہ میں نکلتا ہے مگر غلطی کر جاتا ہے اس کی طرح نہیں ہو سکتا جو باطل کی جستجو میں نکلے اور اسے پالے۔

٥ ـ [ اهل الضلال ] مـعادِنُ كـلِّ خَـطِيئةٍ و أبوابُ كلِّ ضارِبٍ في غَمْرَةٍ.

(۵) (گمراہ لوگ) ہر طرح کی غلطیوں کے ذخیرے، اور گمراہیوں کی تاریکیوں میں داخلے کے دروازے ہوتے ہیں۔

٦ ـ طُوبىٰ لِـمَن لَـزِمَ بَـيتَهُ و أكَـلَ قُـوتَهُ و اشتَغَلَ بِـطاعَةِ رَبِّـه و بَكـىٰ عـلى خَـطيئَتِه فكانَ مِن نَفسِهِ في شُـغُلٍ و النـاسُ مِـنه في راحَةٍ.

(۶) خوشبختی ہے اس شخص کے لئے جو اپنی خوراک کھائے، اپنے رب کی اطاعت میں مشغول رہے اور اپنی غلطیوں پر روئے کیونکہ (ایسا شخص) خود اپنے آپ میں مشغول رہتا ہے اور لوگ بھی اس کی طرف سے آرام میں رہتے ہیں۔

٧ ـ مَن استَقبَلَ وُجُوهَ الآراءِ عَرَفَ مَـواقِـعَ الخَطاء.

(۷) جو دوسروں کی آراء کا سامنا کرنا پسند کرتا ہے وہ اپنی غلطیوں سے واقف ہو جاتا ہے۔

٨ ـ إنّ كلامَ الحُكَماء إذا كان صَواباً كان دَواءً و إذا كان خَطَأً كان داءً.

(۸) یقیناً حکماء کی باتیں اگر درست ہوتی ہیں تو دوا کی طرح (مفید) ہوتی ہیں اور اگر غلط ہوتی ہیں تو بیماری (کی طرح) ہوا کرتی ہیں۔

۹ ـ مَــن نَـسيَ خَـطَيئَتَهُ اِسـتعظَمَ خَـطيئَةَ غَيرِه.

(۹) جو اپنی غلطیوں کو بھلا دیتا ہے وہ دوسروں کی غلطیوں کو بہت بڑی تصور کرتا ہے۔

۱۰ ـ طُوبىٰ لِمَن بَكىٰ على خَطِيئتِه.

(۱۰) اپنی غلطیوں پر رونے والے کے لئے خوشبختی ہے۔

۱۱ ـ ثَلاثٌ مُنجِياتٌ: تَكُفُّ لِسانَك، وتَبكي عَلى خَطِيئتِكَ، ويَسَعُكَ بيتُك.

(۱۱) تین چیزیں نجات دہندہ ہیں، اپنی زبان کو روکے رکھنا، اپنی غلطیوں پر رونا اور خود اپنے لئے اپنا ہی گھر کافی ہونا۔

۱۲ ـ تَركُ الخَطيئَة أيسَرُ مِن طَلَبِ التَوبة.

(۱۲) غلطیوں کو ترک کر دینا طلب توبہ سے زیادہ آسان ہے۔

۱۳ ـ صَدَقَةُ السِّرِ تُطفِئُ الخَطيئَة.

(۱۳) خفیہ صدقہ غلطیوں کو ختم کر دیتا ہے۔

[ ٧٦ ]

# الخلاف = اختلاف

١ ـ الخِلافُ يَهدِمُ الرَّأيَ.

٢ ـ كَثرَةُ الخِلافِ شِقاقٌ.

٣ ـ لَيسَ معَ الإختلافِ إئتلافٌ.

٤ ـ لَو سَكَتَ مَن لا يَعلَمُ سَقَطَ الإختِلاف.

٥ ـ البَغضَةُ تُوجبُ الإختلافَ، والإختلافُ يُوجبُ الفُرقَةَ، والفُرقةُ تُوجِبُ الضَعفَ، والضَعفُ يُوجِبُ الذُلَّ، والذُلُّ يُوجبُ زَوالَ الدَّولَةِ وذهابَ النِعْمَة.

٦ ـ الأمُورُ المُنْتَظِمَةُ يُفسدُها الخِلاف.

٧ ـ سَبَبُ الفُرقَةِ الإختِلاف.

٨ ـ مِن الخِلاف تكُونُ النَّبْوَة.

(۱) اختلاف، رائے کو ڈھا دیتا ہے۔

(۲) بہت زیادہ اختلاف آپس میں پھوٹ کا باعث ہوتا ہے۔

(۳) اختلاف کے ساتھ آپسی الفت و محبت ممکن نہیں۔

(۴) اگر نہ جاننے والا (جاہل) خاموش رہے تو اختلاف ختم ہو جائے۔

(۵) بغض و کینہ، اختلاف کا سبب اور اختلاف، تفرقہ کی وجہ اور تفرقہ، کمزوری کا باعث اور کمزوری، ذلت کا سبب اور ذلت، زوال حکومت و نعمت کا باعث ہوتی ہے۔

(۶) منظم امور کو بھی یہ اختلاف برباد کر دیتا ہے۔

(۷) تفرقہ کا سبب اختلاف ہے۔

(۸) اختلاف سے (آپس میں) جدائی و دوری پیدا ہوتی ہے۔

[ ۷۷ ]

# الخوف و الخشية = خوف و خشیت

١ ـ إذا هِبتَ أمراً فَقَعْ فيهِ فإنّ شِدَّةَ تَوَقّيهِ أعظَمُ مِمّا تخافُ مِنه.

(۱) جب کسی کام سے خوف محسوس کرو تو اس میں کود پڑو کیونکہ اس سے تمہارے حد درجہ خوف خود اس سے زیادہ شدید ہے۔

٢ ـ ما كُلُّ ما تَخشىٰ يكون.

(۲) ہر وہ چیز جس سے تم ڈرتے ہو واقع نہیں ہو گی۔

٣ ـ الهَيبةُ مقرونٌ بالخَيبة.

(۳) ہیبت آگاہی سے جڑی ہوئی ہے۔

٤ ـ الخوفُ جِلبابُ العارِفين.

(۴) خوف (خدا) عرفاء کی خلعت ہے۔

٥ ـ الوَجَلُ شِعارُ المؤمِنين.

(۵) خوف (خدا) مومنوں کا شعار ہے۔

٦ ـ الخَشيةُ مِن عَذابِ اللهِ شِيمةُ المُتّقين.

(۶) اللہ کے عذاب سے ڈرنا متقین کی روش ہے۔

٧ ـ الخَوفُ سِجنُ النَّفسِ عَنِ الذُّنوبِ، ورادِعُها عنِ المعاصي.

(۷) خوف (خدا) گناہوں کے لئے نفس کا قید خانہ اور اسے گناہوں سے روکنے والا ہے۔

٨ ـ الخَوفُ مِنَ اللهِ في الدُّنيا يُؤمِنُ الخَوفَ في الآخرةِ منه.

(۸) دنیا میں خوف خدا آخرت میں اس کے خوف سے بچا لیتا ہے۔

٩ ـ أعلمُ الناسِ باللهِ أكثرُهُم خَشيةً له.

(۹) لوگوں میں اللہ کے تعلق سے، سب سے زیادہ جاننے والا وہ ہے جو ان میں سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا ہو۔

١٠ ـ نِعمَ العِبادَةُ الخَشية.

(۱۰) بہترین عبادت خوف (خدا) ہے۔

١١ ـ إذا خِفتَ الخالِقَ فَرَرتَ إليه.

(۱۱) تم جب خالق سے خوفزدہ رہو گے تو اسی کی طرف دوڑو گے۔

١٢ ـ ثَمَرةُ الخَوفِ الأَمن.

(۱۲) خوف کا ثمرہ امن ہے۔

١٣ ـ خَيرُ الأعمالِ إعتدالُ الرَّجاءِ والخَوف.

(۱۳) بہترین عمل خوف و امید کے درمیان اعتدال ہے۔

١٤ ـ شرُّ الناسِ مَن يَخشى الناسَ في رَبِّهِ، ولا يَخشىٰ ربَّهُ في الناس.

(۱۴) بد ترین آدمی وہ ہے جو اپنے پروردگار کے امور میں لوگوں سے تو ڈرے مگر لوگوں کے معاملے میں اللہ سے نہ ڈرے۔

١٥ ـ شرُّ الناسِ مـن يـتّقيهِ النـاسُ مَخـافَةَ شَرِّه.

(۱۵) بدترین انسان وہ ہے جس کے شر کی وجہ سے لوگ اس سے کنارہ کش رہیں۔

١٦ ـ مَن كَثُرَتْ مَخافَتُهُ قَلَّت آفَتُه.

(۱۶) جس کا خوف بڑھ جاتا ہے اس کی آفتیں گھٹ جاتی ہیں۔

١٧ ـ مَن خافَ الوَعـيدَ قَـرَّبَ عـلى نَـفسِهِ البعيد.

(۱۷) جو عذاب الٰہی کے وعدوں سے ڈرتا ہوگا وہ قیامت کو اپنے آپ سے قریب کرے گا۔

١٨ ـ مَن خافَ اللهَ سبحانَهُ آمَـنَهُ مِـن كُـلِّ شيءٍ.

(۱۸) جو اللہ تعالیٰ سے خوفزدہ رہے گا اللہ اسے ہر شئے (کے خوف) سے امن وامان میں رکھے گا۔

١٩ ـ مَن خافَ الناسَ أخافَهُ اللهُ سُبحانَهُ مِن كلِّ شيءٍ.

(۱۹) جو لوگوں سے ڈرتا ہے اللہ اسے ہر چیز سے ڈراتا ہے۔

٢٠ ـ لا تَخافُوا ظُلْمَ ربِّكُم، بل خـافُوا ظُـلْمَ أنفسِكُم.

(۲۰) اپنے پروردگار کے ظلم سے نہ ڈرو بلکہ خود اپنے آپ پر ظلم کرنے سے ڈرو۔

[۷۸]

# الخيانة = خیانت

١ ـ إنّ أعظَمَ الخِيانةِ خِيانةُ الأمّـةِ، وأفـظعَ الغِشِّ غِشُّ الأئمّة.

(۱) یقیناً سب سے عظیم خیانت امت کے ساتھ خیانت کرنا ہے اور سب سے بڑا دھو کا رہبروں کا دھو کا ہوتا ہے۔

٢ ـ مَن استهانَ بالأمانةِ، ورَتَعَ في الخِيانةِ، ولَم يُنَزِّه نفسَهُ ودينَهُ عنها، فقد أحلَّ نفسَهُ الذُّلَّ والخِـزيَ في الدنـيا، وهُـوَ في الآخـرةِ أذلُّ وأخزىٰ.

(۲) جو امانت سے لاپرواہی برتتا ہے اور خیانت کی طرف چل پڑتا ہے اور اپنے دین و نفس کو اس (خیانت) سے دور نہیں رکھتا تو بلاشبہ وہ خود اپنے آپ کو قعر مذلت میں ڈھکیل دیتا ہے اور آخرت میں اس سے بھی زیادہ ذلیل ہو گا۔

٣ ـ ما أقبَحَ القَطيعَةَ بَعدَ الصِلَةِ، والجَفاءَ بَعدَ الأخاءِ، والعَداوَةَ بعدَ المَوَدَّةِ، والخِـيانةَ لِمَـن ائتَمنَكَ، والغَدرَ لمن استَسْلَمَ إليك!

(۳) کتنی بری بات ہے ۔ پیمان و عہد کے بعد ترک تعلقات، بھائی چارگی کے بعد جفائیں، محبت کے بعد عداوت، امانت رکھوانے والے سے خیانت اور اس شخص سے غداری جس نے خود کو تمہارے سپرد کر دیا ہو۔

٤ ـ لا تَخُن مَنِ ائتَمَنكَ وإن خانَك.

(۴) جس نے تمہارے پاس امانت رکھی ہے اس کے ساتھ خیانت نہ کرنا بھلے ہی اس نے (کبھی) تمہارے ساتھ خیانت کی ہو۔

٥ ـ كفَاكَ خِيانَةً أن تكون أميناً للخَوَنَة.

(۵) خیانت کے لئے یہی کافی ہے کہ تم خائنوں کے امین رہو۔

٦ ـ الخِيانَةُ تُبطِلُ الأمانَة.

(۶) خیانت امانت داری کو برباد کر دیتی ہے۔

٧ ـ الخيانَةُ أخُو الكِذب.

(۷) خیانت و جھوٹ میں برادری ہے۔

٨ ـ الخِيانةُ رأسُ النِفاق.

(۸) خیانت، نفاق میں سر فہرست ہے۔

٩ ـ الخِيانةُ دليلٌ علىٰ قِلَّةِ الوَرَعِ، وعَدَمِ الدِّيانَة.

(۹) خیانت تقوے کی کمی اور بے دینی کی دلیل ہے۔

١٠ ـ الخائِنُ مَن شَغَلَ نفسَهُ بِغيرِ نَفسِه، وكان يَومُهُ شَرّاً من أمسِه.

(۱۰) خائن وہ ہے جو خود کو چھوڑ کر دوسروں میں مشغول رہے اور اس کا "آج" گذشتہ "کل" سے بدتر ہو۔

١١ ـ جـــانِبُوا الخِـــيانَةَ، فـــإنّها مُجـــانِبَةُ الإسلام.

(۱۱) خیانت سے اجتناب کرو کیونکہ یہ اسلام سے دور کر دینے والی شئے ہے۔

١٢ ـ خِيانةُ المُستَسلِمِ والمُستَشيرِ من أفـظَعِ الأمُورِ، و أعظمِ الشُرورِ، و مُوجِبُ عَـذابِ السَعيرِ.

(۱۲) مشورہ لینے والے اور تسلیم ہوجانے والے اشخاص کے ساتھ خیانت، بد ترین امور اور عظیم ترین برائیوں میں سے ہے اور بد ترین عذاب کا سبب یہی ہے۔

١٣ ـ فسادُ الأمانَة الخِيانةُ.

(۱۳) امانت کی خرابی خیانت میں ہے۔

١٤ ـ مِن أفحشِ الخِيانةِ خِيانَةُ الوَدايعِ.

(۱۴) رسوا ترین اور واضح ترین خیانت، امانتوں میں خیانت ہے۔

١٥ ـ لا خَيرَ في شَهادةِ خائنٍ.

(۱۵) خائن کی گواہی میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔

١٦ ـ لا تَجتَمِعُ الخِيانةُ والأُخُوَّة.

(۱۶) خیانت اور اخوت کبھی اکٹھا نہیں ہو سکتی۔

[ ۷۹ ]

# الخیر = خیر و بھلائی

١ ـ فاعِلُ الخيرِ خَيرٌ مِنهُ، وفاعِلُ الشَّرِّ شرٌّ مِنْه.

(۱) بھلائی کرنے والا بھلائی سے بہتر اور برائی کرنے والا برائی سے بدتر ہوتا ہے۔

٢ ـ مَن اِرتَقَبَ الموتَ سارَعَ إلى الخَيرات.

(۲) جو موت کا انتظار کرتا ہے وہ اچھے کاموں میں جلدی کرتا ہے۔

٣ ـ افعَلُوا الخَيرَ، ولا تَحقِروا مِنه شيئاً، فإنّ صغيرَهُ كبيرٌ، وقليلَهُ كثيرٌ، ولا يقولَنَّ أحدُكُم إنّ أحداً أَولىٰ بِفعلِ الخَيرِ منيّ، فيكونَ واللهِ كذلكَ، إنّ لِلخيرِ والشرِّ أهلاً، فَمَهما تَرَكْتُمُوه مِنهما كَفاكُمُوهُ أهلُه.

(۳) نیکی و بھلائی انجام دو اور اس میں سے کسی کو حقیر نہ جانو کیونکہ بھلائی کا تھوڑا سا حصہ بہت بڑا اور اس کا کم بھی زیادہ ہوتا ہے اور تم میں سے کوئی ہرگز یہ نہ کہے کہ کوئی (دوسرا) اچھائی کے لئے مجھ سے زیادہ مناسب ہے خدا کی قسم ایسا ہی ہو جائے گا یقیناً خیر و شر دونوں کے اہل ہوتے ہیں لہذا تم ان دونوں میں سے چاہے جسے جتنا ترک کرو اس کے اہل اسے اتنا پورا کر دیں گے۔

٤ ـ قُرِنَتِ الهَيبةُ بِالخَيْبَةِ، والحَياءُ بِالحِرمانِ، والفُرصَةُ تَمُرُّ مَرَّ السَحابِ، فَانتَهِزُوا فُرَصَ الخَيرِ.

(۴) ہیبت، ناکامی سے اور حیا، حرمان سے جوڑ دی گئی ہے اور فرصتیں بادلوں کی طرح گذر رہی ہیں لہذا نیکیوں کی فرصتوں کو غنیمت جانو۔

٥ ـ ليسَ الخَيرُ أن يَكثُرَ مالُكَ و وَلَدُكَ، و لكنّ الخَيرَ أن يَكثُرَ عِلمُكَ، وأن يَعظُمَ حِلمُك، و أن تُباهِيَ الناسَ بِعبادةِ ربّكَ، فإن أحسنتَ حَمِدتَ اللهَ، وإن أسأتَ استغفرتَ اللهَ، ولا خيرَ في الدنيا إلّا لِرجلين: رَجلٌ أذنبَ ذُنوباً فهو يَتَدارَكُها بِالتوبةِ، ورجُلٌ يُسارِعُ في الخَيرات.

(۵) نیکی یہ نہیں ہے کہ تمہارا اور مال و تمہاری اولاد بڑھ جائے بلکہ نیکی یہ ہے کہ تمہارا علم بڑھ جائے، بردباری زیادہ ہو جائے اور یہ کہ تم لوگوں میں اپنے پروردگار کی عبادت کے ذریعے فخر و مباہات کرو (نہ کہ مال و دولت کے ذریعے) اگر تم نے کوئی نیکی انجام دی تو حمد خدا بجا لاؤ اور اگر تم نے کوئی بدی انجام دی تو اللہ کے حضور استغفار کر لیا کرو اور دنیا میں صرف دو آدمیوں کی بھلائی ہے، وہ آدمی جس نے گناہ کیا مگر توبہ کے ذریعہ سے اس کا تدارک بھی کر لیا اور وہ آدمی جو نیکیوں میں جلدی کرتا ہو۔

٦ ـ قارِنْ أهلَ الخَيرِ تَكُن مِنهُم، وبايِنْ أهلَ الشرِّ تَبِن عَنهم.

(۶) اہل خیر کے ساتھ لگے رہو تم بھی انھیں میں سے ہو جاؤ گے اور اہل شر سے دور رہو تو یقیناً ان سے دور ہو جاؤ گے۔

٧ ـ إنّ الخيرَ عادةٌ.

(۷) یقیناً خیر عادت ہے۔

٨ ـ لا خيرَ بعدَهُ النارُ بخيرٍ.

(۸) اس نیکی میں کوئی بھلائی نہیں جس کے بعد جہنم ہو۔

٩ ـ التُقىٰ سائِقٌ إلىٰ كلِّ خَيرٍ.

(۹) تقوی تمام بھلائیوں کی طرف لے جاتا ہے۔

١٠ ـ لَم يَمُت مَن تَرَكَ أفعالاً يَـقتدي بها مِـن الخَيرِ.

(۱۰) وہ کبھی نہیں مرتا جس نے کچھ ایسے اچھے کام (دنیا میں) چھوڑ رکھے ہیں جن کی لوگ پیروی کرتے ہوں۔

١١ ـ لِقاءُ أهلِ الخَيرِ عِمارةُ القُلوب.

(۱۱) اہل خیر لوگوں کی ملاقاتوں سے دل آباد ہوتا ہے۔

١٢ ـ إذا أرادَ اللهُ بِعبدٍ خيراً حالَ بَينَهُ وبَـينَ شَهوَتهِ، وحَجزَ بَينَهُ وبينَ قَلبه.

(۱۲) جب اللہ کسی بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو اس کے اور اس کی شہوت کے درمیان حائل ہو جاتا ہے اور اس کے دل کے درمیان حجاب ڈال دیتا ہے۔

١٣ ـ خيرُ العَيشِ ما لا يُطغيكَ، ولا يُلهِيك.

(۱۳) بہترین زندگی وہ ہے جو تمھیں سرکشی اور بیہودگی کی طرف نہ بلائے۔

١٤ـخيرُ الدنيا والآخرة في خَصلتين: الغِنىٰ، والتُّقىٰ.

(۱۴) دنیا اور آخرت کی بھلائی دو چیزوں میں ہے، مالداری اور تقوی

١٥ ـ رِضَى الناس غـايةٌ لا تُـدرَك، فَـتحَرَّ الخيرَ بِجُهدكَ، و لا تُبالِ بسَخَطٍ مَن يَـرضيهِ الباطِل.

(۱۵) لوگوں کی رضامندی (حاصل کرنا) ایک لاحاصل مقصد ہے لہذا تم اپنی کوشش بھر نیک کام کرتے رہو اور اس شخص کے غصہ کی پرواہ نہ کرو جسے باطل ہی رضامند کرتا ہو۔

١٦ ـ لَيسَ العاقِلُ مَن يَعرِفُ الخَيرَ مِن الشرّ ولكنّ العاقِلُ مَن يَعرِفُ خَيرَ الشَّـرَّين.

(۱۶) عاقل وہ نہیں ہے جو برائیوں کے درمیان نیکی کی شناخت کر لے بلکہ عاقل وہ ہے جو دو برائیوں میں سے کسی ایک کی اچھائی پہچان لے۔

١٧ ـ قيلَ لهُ ﷺ : فأيُّ الناسِ خيرٌ عِندَ اللهِ عزّوجلّ؟ قال ﷺ : أخـوَفُهُم للهِ، وأعـلَمُهُم بالتَّقوىٰ، و أزهَدُهُم في الدنيا.

(۱۷) آپ سے پوچھا گیا۔ "لوگوں میں اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ بہتر کون ہے؟" تو آپ نے فرمایا "ان میں اللہ سے سب زیادہ ڈرنے والا، تقوے کا سب سے زیادہ علم رکھنے والا اور دنیا میں سب سے زیادہ زہد اختیار کرنے والا۔"

۱۸ ـ لا تَعملِ الخَيرَ رِياءً، و لا تَترُكْهُ حَياءً.

(۱۸) نیکیوں کو ریا کاری کے لئے نہ انجام دو اور نہ ہی شرم کی وجہ سے ترک کرو۔

۱۹ ـ جُمِعَ الخَيرُ كُلُّهُ في ثَلاثِ خِصالٍ: النَّظَرُ، والسُّكوتُ، والكلامِ. فكُلُّ نَظَرٍ ليسَ فيهِ اعتبارٌ فهو سَهوٌ، وكُلُّ كلامٍ ليسَ فيه ذِكرٌ فهو لَغوٌ، وكلُّ سكوتٍ ليسَ فيه فِكرةٌ فهو غَفلةٌ، فَطُوبىٰ لِمَن كانَ نَظَرُهُ عِبَراً، وصُمتُهُ تَفكُّراً، و كلامُهُ ذِكراً، وبكىٰ على خَطيئتِهِ، وأمِنَ الناسُ شَرَّه.

(۱۹) تمام بھلائیاں تین خصلتوں میں اکٹھا کر دی گئی ہیں، غور و فکر، سکوت اور کلام۔ لہذا ہر وہ نگاہ جس میں عبرت انگیزی نہیں بھول ہے اور ہر وہ کلام جس میں ذکر الٰہی نہیں لغو ہے اور ہر وہ سکوت جس مین غور و فکر نہیں غفلت ہے۔ خوش بختی ہے اس کے لئے جس کی نگاہیں عبرت کے لئے اٹھیں، جس کی خاموشی، غور و فکر کے لئے ہو، جس کا کلام ذکر خدا ہو اور جو اپنی غلطیوں پر روتا ہو اور لوگ اس کے شر سے بچے رہیں۔

۲۰ ـ قُولُوا الخَيرَ تُعرَفُوا بِهِ، واعمَلُوا بِالخَيرِ تَكُونُوا مِن أهلِهِ.

(۲۰) بھلائی کی باتیں کرو تا کہ اس میں تم معروف ہو جاؤ (اسی کے ذریعے پہچانے جاؤ) اور اچھی باتوں پر عمل کرو تا کہ اس کے اہل ہو جاؤ۔

۲۱ ـ أَكثِرْ سُرُورَكَ على ما قدَّمتَ مِن الخَيرِ، وحُزنَكَ على ما فاتَكَ مِنه.

(۲۱) ان اچھے کاموں پر، جنھیں تم انجام دے چکے ہو اپنی خوشی میں اضافہ کرو اور نیکیوں کے جو لمحات تمہارے ہاتھوں سے جا چکے ہیں ان پر اپنی رنجیدگی کو زیادہ کرو۔

۲۲ ـ إذا عَقدتُم عَلىٰ عَزائِمِ خَيرٍ فَامضُوها.

(۲۲) نیک کام کا عزم کرنے کے بعد اسے کر ڈالو۔

۲۳ ـ إذا رأيتُمُ الخيرَ فَخُذُوا بِه.

(۲۳) اچھی چیزیں جب نظر آجائیں تو انھیں لے لو۔

۲٤ ـ لَئَن تكونَ تابِعاً في الخيرِ خيرٌ لَكَ مِن أن تكونَ مَتبُوعاً في الشرِّ.

(۲۴) اچھائیوں میں تمہاری کسی کی پیروی اس سے بہتر ہے کہ برائیوں میں کوئی تمہاری پیروی کرے۔

۲٥ ـ مَن لَبِسَ الخيرَ تَعَرَّىٰ مِنَ الشَّرِّ.

(۲۵) جو لباس خیر پہن لیتا ہے وہ برائیوں کے لبادے کو اتار پھینکتا ہے۔

۲٦ ـ مَن دَفَعَ الشَّرَّ بالخَيرِ غَلَب.

(۲۶) جو شر کا دفاع خیر سے کرے گا وہ غالب رہے گا۔

۲۷ ـ لا تَعُدَّنَّ شرّاً، ما أدركتَ بِهِ خَيراً.

(۲۷) اس شئے کو ہر گز برا نہ شمار کرو جس کے ذریعے تم کسی نیکی تک پہنچ گئے ہو۔

۲۸ ـ خَيرُ الأُمورِ ما سَهُلَتْ مبادِيه، وحَسُنَتْ خَواتِمُهُ، و حَمِدَتْ عواقِبُه.

(۲۸) بہترین امور وہ ہیں جن کا آغاز آسان ، انجام اچھا اور نتائج قابل ستائش ہوں۔

۲۹ ـ مَن سَرَّهُ خيرُ بَيتِهِ فَليَتَوَضّأ عِند حضور طعامِه.

(۲۹) جسے اپنے گھر کی بھلائی اچھی لگتی ہو اسے کھانے کے وقت وضو کر لینا چاہیے۔

[۸۰]

# الدعاء = دعا

١ ـ ما كانَ اللهُ لِيَفتَحَ على عَبدٍ بابَ الشُّكرِ، ويُغلِقَ عنه بابَ الزِّيادةِ، ولا لِيَفتَحَ على عبدٍ بابَ الدُّعاءِ، و يُغلِقَ عنهُ بابَ الإجابة.

(۱) اللہ ایسا نہیں ہے کہ کسی کے لئے ابواب شکر تو کھول دے مگر زیادتی و اضافہ کے دروازوں کو بند کر دے اور نہ ایسا ہے کہ ابواب دعا تو باز کرے مگر باب اجابت بند کر دے۔

٢ ـ الدَّاعي بلا عَمَلٍ كالرَّامي بلا وَتَرٍ.

(۲) بغیر عمل کے دعا کرنے والا ایسا ہے جیسے بغیر قوس کے تیر چلانے والا۔

٣ ـ اِدفَعُوا أمواجَ البَلاءِ بِالدُّعاء.

(۳) بلاؤوں کی موجوں کو دعا کے ذریعے ہٹاؤ۔

٤ ـ إذا كانَت لكَ إلى اللهِ سبحانَهُ حاجَةٌ، فَابدَأ بِمَسألَةِ الصَّلاةِ على رَسولِهِ ﷺ، ثمّ سَلْ حاجَتكَ، فإنّ اللهَ أكرمُ مِن أن يُسألَ حاجَتَين، فَيَقضِيَ إحداهُما، و يَمنعَ الأُخرىٰ.

(۴) اگر تمہاری اللہ کے پاس کوئی حاجت ہو تو اپنا سوال اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم) پر صلوات پڑھ کر شروع کرو اور پھر اپنی حاجت بیان کرو بلاشبہ اللہ اس بات سے بہت بزرگ و کریم ہے کہ اس سے دو سوال (ایک محمد و آل محمد صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم پر صلوات اور دوسرا اپنی حاجت) کئے جائیں اور وہ ان میں سے ایک کو قبول کرے مگر دوسرے کو رد کر دے۔

٥ ـ مَا المُبتَلَى الذي قد اشتَدَّ بِهِ البلاءُ بأَحوَجَ إلى الدُّعاءِ مِنَ المُعافِي الذي لا يَأمَنُ البَلاء.

(۵) بلاؤوں کی شدت میں مبتلا شخص، بلاؤں کے خوف کے ساتھ آرام میں زندگی بسر کرنے والے سے زیادہ دعا کا محتاج نہیں ہے۔

٦ ـ ما أهَمَّني ذَنبٌ أُمهِلتُ بعدَهُ حتّىٰ أُصلّي رَكعتين، وأسألَ اللهَ العافية.

۶) مجھے ایسے گناہ کی پرواہ نہیں جس کے بعد مجھے اتنی مہلت مل جائے کہ میں دو رکعت نماز پڑھ لوں اور اللہ سے طلب عافیت کرلوں

٧ ـ [عِباد الله] أحذَرُوا ناراً قَعرُها بَعيدٌ، وحَرُّها شَديدٌ، وعذابُها جَديدٌ، دارٌ ليسَ فيها رَحمةٌ، و لا تُسمعُ فيها دَعوةٌ، ولا تُفَرَّجُ فيها كُربَةٌ.

(۷) اللہ کے بندو۔۔۔ اس آگ سے ڈرو جس کی تہ گہری، حرارت نہایت شدید، عذاب ہر روز بدل جانے والا ہے اور جو ایسا گھر ہے جہاں رحمت کا وجود نہیں اور نہ ہی وہاں کوئی پکار اور دعا سننے والا ہو گا نہ وہاں بلا و تکلیف دور کی جائے گی۔

٨ ـ إنّ اللهَ سَميعُ دَعوةِ المُضطَهدِين.

(۸) خدا یقیناً ستم زدہ لوگوں کی دعا سننے والا ہے۔

٩ ـ لا تَسأَلُوهُ فيها فَوقَ الكَفافِ، ولا تَطلُبُوا منها أكثَرَ مِن البلاغ.

(۹) ضرورت سے زیادہ کا سوال نہ کرو اور مل جانے سے زیادہ طلب نہ کرو۔

١٠ ـ الدُّعاءُ مِفتاحُ الرَّحمة.

(۱۰) دعا رحمت کی کنجی ہے۔

١١ ـ ألِحّ بِالمسألةِ تُفتَح لكَ أبوابُ الرَحمة.

(۱۱) (اللہ سے) سوال کرنے میں اصرار کرو تو تم پر ابواب رحمت کھول دیئے جائیں گے۔

١٢ ـ اِحذَر دَمعَةَ المُؤمنِ في السَّحرِ، فإنّها تَقصِفُ مَن دَمَّعَها، وتُطفِيءُ بُحُورَ النِيرانِ عَمَّن دَعا بِها.

(۱۲) صبح کے وقت مومن کے آنسو سے ڈرو کیونکہ یہ اپنے رلانے والوں کو برباد کر دیتے ہیں اور یہ (ان آنسوؤں کے ذریعے) جس کے لئے دعا کرتے ہیں اس (پر اللہ کے) غضب کے آتشیں دریا کو خاموش کر دیتے ہیں۔

١٣ ـ لا يُقْنِطَنَّك إن أَبطَأَتْ عليكَ الإجابَةُ، فإنّ العَطِيَّةَ على قَدرِ المَسألة.

(۱۳) قبولیت میں تاخیر تمھیں ہر گز مایوس نہ کرے کیونکہ عطیات سوال کی مقدار میں ہوتے ہیں (یعنی جتنا زیادہ سوال ہو گا اتنا ہی عطیہ عطیہ ہو گا۔)

١٤ ـ ربّما أُخِّرَتْ عنكَ الإجابةُ، لِيَكُونَ أَطوَلُ لِلمَسألةِ، وأَجزَلُ لِلعطيّة.

(۱۴) کبھی اس لئے بھی اجابت دعا میں تاخیر ہو جاتی ہے تاکہ سوال میں طوالت اور عطیات میں اضافہ ہو۔

١٥ ـ قيل له ﷺ: كَم بينَ السماءِ والأرضِ؟ قال ﷺ: دَعوةٌ مُستَجابةٌ.

(۱۵) آپ سے کہا گیا "زمین و آسمان کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟" آپ نے جواب دیا "قبول شدہ دعا جتنا۔"

١٦ ـ لا تَسألْ غيرَ اللهِ، فإنّه إن أَعطاكَ أغناك.

(۱۶) غیر اللہ سے سوال نہ کرو کیونکہ اگر وہ تمھیں عطا کرے گا تو (تمھیں اطاعت خدا سے) بے نیاز کر دے گا۔

١٧ ـ لا يُخطِيءُ المُخلِصُ في الدعاءِ إحدىٰ ثلاثٍ: ذَنبٌ يُغفَرُ، أو خَيرٌ يُعجَّلُ، أو شرٌّ يُؤجَّل.

(۱۷) مخلص کی دعا کے بعد تین چیزوں میں سے کوئی ایک ضرور پوری ہو جاتی ہے، کوئی گناہ بخش دیا جاتا ہے یا کوئی نیکی جلد ہی دے دی جاتی ہے یا کوئی بدی ٹالی جاتی ہے۔

١٨ ـ إنّ الدُّعاءَ بعدَ المِدحَةِ، فإذا دعوتَ الله فَمَجِّده. قيل له ﷺ: فكيفَ نُمَجِّدُ؟ قال ﷺ: تقولُ: يا مَن هُو أقربُ إليَّ مِن حَبلِ الوَريدِ، يا مَن يَحُولُ بينَ المَرءِ وقَلبِهِ، يا مَن هُو بِالمَنظَرِ الأعلىٰ، يا مَن لَيسَ كَمِثلِهِ شيءٌ.

(۱۸) دعا یقیناً مدح کے بعد ہوتی ہے لہٰذا جب تم اللہ سے دعا کرو تو اس کی تمجید کرو۔ آپ سے پوچھا گیا "ہم اس کی تمجید کیونکر کریں؟" تو آپ نے فرمایا "تم کہو اے وہ جو مجھ سے شہ رگ سے زیادہ قریب ہے، اے وہ جو انسان اور اس کے دل کے درمیان حائل ہو جاتا ہے، اے وہ جو اعلیٰ منظر میں ہے اے وہ جس کا کوئی مثل نہیں"۔

١٩ ـ الدُّعاءُ مفاتيحُ النَجاحِ، ومَقاليدُ الفَلاحِ.

(۱۹) دعائیں کامیابی کی کنجیاں اور فلاح کی چابیاں ہیں۔

٢٠ ـ خيرُ الدُّعاءِ ما صَدَرَ عن صَدرٍ نَقِيٍّ، وقَلبٍ تَقِيٍّ.

(۲۰) بہترین دعا وہ ہے جو پاکیزہ دل اور متقی قلب سے نکلے۔

٢١ ـ في المُناجاةِ سَبَبُ النَجاةِ.

(۲۱) مناجات میں سبب نجات ہے۔

٢٢ ـ مامِن أحد إبتَلىٰ، وإن عظُمتْ بَلواهُ، بِأَحَقَّ بِالدعاءِ مِن المُعافىٰ الذي لا يَأمَنُ البَلاء.

(۲۲) کوئی بھی مصیبت میں گرفتار شخص ـــ بھلے ہی اس کی مصیبت کتنی ہی بڑی کیوں نہ ہو ـــ امن میں رہتے ہوئے بلاؤں سے غیر محفوظ شخص سے زیادہ مستحق دعا نہیں۔

٢٣ ـ الدعاءُ تُرسُ المُؤمِنِ، ومَتىٰ تُكثِرُ قَرعَ البابِ يُفتَحُ لكَ.

(۲۳) دعا مومن کی ڈھال ہے جب یہ بہت زیادہ ہو جاتی ہے تب (اللہ کی رحمت کا) دروازہ کھٹکھٹاتی ہے اور پھر وہ دروازہ تمہارے لئے کھول دیا جاتا ہے۔

٢٤ ـ بِالدُعاءِ تُصرفُ البَليَّة.

(۲۴) دعا کے ذریعے بلاؤں کو ٹالا جاسکتا ہے۔

٢٥ ـ الدعاءُ سَلاحُ الأَولياء.

(۲۵) دعا اولیاء کا اسلحہ ہے۔

٢٦ ـ التقرُّبُ إلى اللهِ بِمَسألتِـهِ، وإلى النـاسِ بِتركِها.

(۲۶) اللہ سے تقرب، (تقرب) چاہنے اور لوگوں سے ترک تعلقات کے ذریعے حاصل ہوتا ہے۔

٢٧ ـ أعجزُ الناس مَن عَجَزَ عَن الدُعاء.

(۲۷) عاجز ترین آدمی وہ ہے جو دعا کرنے سے عاجز ہو۔

٢٨ ـ أعلَمُ الناسِ بِاللهِ أكثرُهُم لهُ مَسألةً.

(۲۸) اللہ کے بارے میں سب زیادہ علم رکھنے والا وہ ہوتا ہے جو سب سے زیادہ اللہ سے مانگنے والا ہو گا۔

٢٩ ـ بِالدُعاءِ يُستَدفَعُ البَلاء.

(۲۹) دعا کے ذریعے بلاؤں کو دفع کیا جاتا ہے۔

٣٠ ـ سَلاحُ المُؤمِنِ الدُعاء.

(۳۰) مومن کا اسلحہ دعا ہے۔

٣١ ـ رُبما سألتَ الشَيءَ فلم تُعطَهُ، وأُعطِيتَ خَيراً مِنه.

(۳۱) کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ تم نے کسی چیز کا سوال کیا اور وہ تمھیں نہ ملی بلکہ اس سے بہتر (کوئی اور شئے) مل گئی۔

٣٢ ـ عَليكَ بإخلاصِ الدُّعـاءِ، فَـإِنَّهُ أَخـلَقُ بِالإجابَة.

(۳۲) دعا میں اخلاص تمہارے لئے لازم ہے کیونکہ یہ اجابت دعا کے لئے نہایت سزاوار ہے۔

٣٣ ـ مَن قَرَعَ بابَ اللهِ فُتِحَ لَه.

(۳۳) جو اللہ کا دروازہ کھٹکھٹائے گا اس کے لئے وہ کھول دیا جائے گا۔

٣٤ ـ ما مِن شَيء أحبُّ إلى اللهِ سُبحانَهُ مِن أَن يُسأَل.

(۳۴) اللہ کے نزدیک خود سے سوال کرنے سے بڑھ کر کوئی چیز محبوب نہیں۔

٣٥ ـ لا تَستَنبِطْ إجابَةُ دُعائِكَ وَقَد سَـدَدتَ طَريقَهُ بالذُّنوب.

(۳۵) اجابت دعا کی توقع نہ رکھو جبکہ تم نے گناہوں کے ذریعے اس کے راستوں کو مسدود کر دیا ہو۔

٣٦ ـ سَلُوا اللهَ سُبحانَهُ العَفوَ والعافِيةَ، وحُسنَ التَّوفيق.

(۳۶) اللہ سے عفو و عافیت اور نیک توفیق کا سوال کرو۔

[۸۱]

## الدُّنیا = دنیا

١ ـ إنّ الدُّنيا والآخِـرةَ عَـدوّانِ مُـتَفاوِتانِ، وَسَبيلانِ مُختَلِفان، فَمَن أحَبَّ الدُّنيا وتَـولاّها أبغَضَ الآخِرَةَ وعاداها، وهُما بِمنزلةِ المَشْرقِ والمَغْرِبِ و ماشٍ بَينَهما، كُلَّما قَرُبَ مِن واحِدٍ بَعُدَ مِن الآخر، وهما بَعْدُ ضَرَّتان.

(۱) دنیا و آخرت دو متفاوت دشمن اور مختلف راستے ہیں لہذا جو دنیا کو دوست رکھتا ہے اور اسے ہی پسند کرتا ہے وہ آخرت سے نفرت و عداوت رکھتا ہے یہ دونوں مشرق و مغرب کی مانند ہیں کہ ان کے بیچ میں چلنے والا ایک سے جتنا قریب ہوتا جائے گا دوسرے سے اتنا ہی دور ہوتا چلا جائے گا اور یہ (دنیا و آخرت) ایک دوسرے کی سوتنیں ہیں۔

٢ ـ خُذْ مِن الدُّنيا ما أَتاكَ، وتَوَلَّ عمّا تَـولّى عنك، فإن أنْتَ لم تَفعلْ فأجْمِلْ في الطَّلَب.

(۲) دنیا میں سے اتنا ہی لو جتنا تمہارے پاس (خود بخود) آجائے اور اس سے اتنا دور رہو جتنا وہ تم سے دور رہے اور اگر تم ایسا نہیں کرتے تو (کم از کم) اپنی خواہشوں میں ہی کچھ کمی کر لو۔

٣ ـ إذا أقْبَلَتِ الدُّنيا على أحَدٍ أعارَتْهُ مَحاسِنَ غَـيرِهِ، وإذا أدْبَـرَتْ عَـنْهُ سَـلَبَتْهُ مَحـاسِنَ نَفْسِه.

(۳) اگر دنیا کسی کے پاس آتی ہے تو دوسرے کی خوبیاں بھی (وقتی طور پر) اسے ہی سونپ دیتی ہے اور اگر یہ دنیا کسی سے روٹھ جاتی ہے تو خود اس کی خوبیوں کو بھی اس سے سلب کر لیتی ہے۔

٤ ـ مَن طَلَبَ الدُّنيا طَلَبهُ المَوت حتّى يُخْرِجَه عَنها، ومَن طَلَبَ الآخرةَ طَلَبتهُ الدُّنـيا حـتّى يَسْتَوفيَ رِزْقَه مِنها.

(۴) جو دنیا کو چاہے گا موت اسے اس وقت تک ڈھونڈتی رہے گی جب تک اسے اس دنیا سے نکال نہ لے جائے اور جو آخرت کا طلب گار ہو گا تو دنیا اس کی طالب رہے گی۔ یہاں تک کہ وہ اپنی روزی اسی دنیا سے حاصل کر لیا کرے گا۔

٥ ـ يا جابر، قِوامُ الدينِ والدُّنيا بأربعةٍ: عالِمٍ مُستَعمِلٍ عِلْمَهُ، وجاهلٍ لا يَسْتَنْكِفُ أنْ يَتَعَلَّمَ، وجَوَادٍ لا يَبْخَل بِمَعروفِهِ، وفَقيرٍ لا يَبيعُ آخِرَتَه بِدُنياهُ.

(۵) اے جابر، دین اور دنیا کا استحکام چار لوگوں میں منحصر ہے: اپنے علم پر عمل پیرا عالم، تعلّم سے گریز نہ کرنے والا جاہل، اپنے عطیات میں بخل نہ کرنے والا سخی اور دنیا کے بدلے آخرت نہ بیچنے والا تہی دست۔

٦ـمَنهُومانِ لا يَشبعَانِ: طالبُ علمٍ، وطالبُ دُنيا.

(۶) دو بھوکے کبھی سیر نہیں ہوتے، طالب دنیا اور طالب علم۔

٧ ـ لا يَترُكُ الناسُ شَيئاً مِن أمرِ دِينِهِم لاستِصْلاحِ دُنياهُم إلّا فَتحَ اللهُ عَلَيهِم ما هُوَ أضرُّ مِنه.

(۷) لوگ کسی بھی دینی امر کو اپنی دنیا کی بھلائی کے لئے ترک نہیں کرتے سوائے اس کے کہ اللہ ان کے لئے اس سے زیادہ نقصان دہ راستہ کھول دیتا ہے۔

٨ ـ أهلُ الدُنيا كَرَكْبٍ يُسارُ بِهِمْ وهُمْ نِيامٌ.

(۸) اہل دنیا ان سواروں کی طرح ہیں جنھیں (آخرت کی طرف) لے جایا جا رہا ہو اور وہ خود سو رہے ہوں۔

٩ ـ وقال ﷺ في صِفَة الدُّنيا: تَغُرُّ وتَضُرُّ وتَمُرُّ، إنّ الله تعالى لم يَرْضَها ثَواباً لأوليائِه، ولا عِقاباً لأعدائِه، وإنّ أهلَ الدُّنيا كرَكْبٍ بَيْناهُم حَلُّوا إذ صاحَ بِهِم سائِقُهُم فارتَحَلُوا.

(۹) آپ نے دنیا کی توصیف میں فرمایا "فریب دیتی ہے، نقصان پہنچاتی ہے اور گزر جاتی ہے اور اللہ تعالی نے اس دنیا کو نہ تو اپنے دوستوں کو انعام دینے کے لئے پسند کیا اور نہ ہی اپنے دشمنوں کو عذاب دینے کے لئے اور یہ اہل دنیا تو ان سواروں کی طرح ہے جو کہیں ذرا ٹھہریں ہوں اور اچانک ان کے رہبر نے آواز لگائی اور وہ چل پڑے۔

١٠ ـ مَنْ أصبَحَ على الدُّنيا حَزيناً فقد أصبَحَ لِقضاءِ اللهِ سَاخِطاً. . . ، ومَن لَهِجَ قَلبُهُ بِحُبِّ الدنيا ألتَاطَ قَلبُهُ مِنها بِثلاثٍ: هَمٌّ لا يُغِبُّه، وحِرْصٌ لا يَتْرُكُهُ، وأمَلٌ لا يُدْرِكُه.

(۱۰) جو دنیا کے لئے رنجیدہ ہوتا ہے وہ اللہ کی قضا و قدر پر ناراض ہوتا ہے اور جس کا دل حب دنیا سے بھر جاتا ہے اس کا دل اس دنیا کی تین چیزوں سے چمٹ جاتا ہے، کبھی نہ چھوٹنے والا غم، حرص دائم اور لاحاصل امیدیں۔

١١ ـ مِن هَوَانِ الدُّنيا عَلى اللهِ أنَّه لا يُعصىٰ إلّا فيها، ولا يُنالُ ما عِندَهُ إلّا بِتَرْكِها.

(۱۱) اللہ کے نزدیک دنیا کی بے اہمیتی کے لئے یہی کافی ہے کہ اس کی نافرمانی صرف یہیں کی جاتی ہے اور اللہ کے نزدیک موجود اشیاء کو کوئی یہ دنیا ترک بغیر نہیں پاسکتا۔

١٢ ـ النّاسُ في الدُّنيا عامِلان: عامِلٌ عَمِلَ في الدُّنيا للدُّنيا، قد شَغَلَتْهُ دُنياه عَن آخرتِهِ، يَخْشَى على مَن يَخْلُفُهُ الفَقْرَ، ويَأْمَنُهُ على نَفسِهِ، فيُفني عُمُرَهُ في مَنفَعَةِ غَيرِه، وعامِلٌ عَمِلَ في الدُّنيا لِما بَعدَها، فَجاءَهُ الذي لَهُ مِنَ الدُّنيا

(۱۲) دنیا میں دو طرح کے عامل ہیں: ایک عامل جس نے دنیا میں دنیا ہی کے لئے عمل کیا اور اس کی دنیا نے اسے آخرت سے غافل رکھا وہ اپنے بعد اپنے وارثوں کے فقر سے خوفزدہ رہتا ہے اور خود کو فقر سے محفوظ سمجھتا ہے اس طرح وہ اپنی پوری عمر دوسروں کے فائدہ کے لئے فنا کر دیتا ہے۔ اور دوسرا عامل وہ ہوتا ہے جو دنیا

بِغيرِ عملٍ، فأَحْرَزَ الحَظَّينِ معاً، ومَلَكَ الدَّارينِ جميعاً، فأَصْبَحَ وَجِيهاً عنـدَ اللهِ، لا يَسألُ اللهَ حاجَةً فَيَمنَعُه.

میں بعد از دنیا کے لئے عمل کرتا ہے اس طرح دنیا میں اس کا جتنا حصہ ہوتا ہے وہ بغیر کچھ کئے ہی اس کے پاس چلا آتا ہے اس لحاظ سے اس نے دو حصوں کو ایک ساتھ پالیا اور دونوں گھروں (دنیا و آخرت) کا اکٹھا مالک بن گیا اور اللہ کے نزدیک آبرومند ہو گیا اب اگر وہ کوئی حاجت اللہ سے طلب کرتا ہے تو اللہ اسے کبھی نہیں روکتا۔

١٣ ـ مثلُ الدُّنيا كَمثَلِ الحَيَّةِ، لَيِّنٌ مَسُّها، والسَّمُّ الناقِعُ في جَوفِها، يَهوي إليها الغِرُّ الجاهل، ويَحْذَرُها ذو اللُّبِ العاقِل.

(۱۳) دنیا کی مثال سانپ کی سی ہے جس کا لمس نرم ہے مگر وہ خطرناک زہر اپنے اندر لئے ہوئے ہے اس سے فریب خوردہ وجاہل آدمی ہی محبت کرتا ہے اور عقل مند و ہوشیار شخص اس سے بچتا اور ڈرتا رہتا ہے۔

١٤ ـ احذَرُوا الدُّنيا فإنّها غَدَّارَةٌ غَرَّارَةٌ خَدُوعٌ، مُعطيَةٌ مَنُوعٌ، مُلْبِسَةٌ نزوعٌ، لا يَدومُ رَخاؤُها، ولا يَنقضي عَناؤُها، و لا يَرْكُدُ بلاؤُها.

(۱۴) دنیا سے ڈرو کیونکہ یہ نہایت غدار و دھوکا باز اور فریبکار ہے کبھی مالا مال کر دیتی ہے اور کبھی تہی دست، کبھی خلعتیں عطا کرتی ہے اور پھر انھیں چھین بھی لیتی ہے اس کی آسائشیں ناپائیدار، ہوتی ہیں اس کی سختیاں کبھی تمام نہیں ہوتیں اور نہ ہی اس کی بلائیں کبھی ٹھہرتی ہیں۔

١٥ ـ إنّما الدُّنيا مُنتَهى بَصَرِ الأعمى، لا يُبْصِرُ مِمّا وراءَها شيئاً، والبَصيرُ يَنفُذُها بَصَرُه، ويَعلمُ أنَّ الدارَ وراءَها، فالبصيرُ مِنها شاخِصٌ، والأعمىٰ إليها شاخِصٌ، والبَصيرُ مِنها مُتَزوِّدٌ، والأعمى لها مُتَزوِّدٌ.

(۱۵) دنیا (دل کے) اندھے کی نگاہوں کی آخری حد ہے وہ اس کے بعد کچھ نہیں دیکھ پاتا مگر بصیر کی نگاہیں اس دنیا کو پار کر لیتی ہیں اور وہ جان لیتا ہے کہ اس دنیا کے بعد بھی کوئی ٹھکانا ہے پس صاحب بصیرت اس کے پار دیکھنے والا ہوتا ہے جبکہ اندھا اسی دنیا کی طرف دیکھتا ہے اور صاحب بصیرت (آخرت کے لئے) اس دنیا سے زیادہ سامان مہیا کرتا ہے جبکہ اندھا اسی دنیا کے لئے سامان جمع کرتا رہتا ہے۔

١٦ ـ إنّما لكَ من دُنياك ما أَصْلَحْتَ به مَثْواك.

(۱۶) دنیا میں سے صرف وہی چیزیں تمہاری ہیں جو تمہاری آخرت کو سنوار دیں۔

۱۷ ـ قال له ﷺ رجل: صِفْ لنا الدُّنيا. فقال ﷺ : وما أَصِفُ لك مِن دارٍ أوَّلُها عَناءٌ، وآخِرُها فَنَاءٌ، في حَلالها حِسابٌ، وفي حَرامِها عِقابٌ، مَنْ صَحَّ فيها أَمِنَ، ومَن سَقِمَ فيها نَدِمَ، ومَنْ استَغْنى فِيها فُتِنَ، ومَن افتقرَ فِيها حَزِنَ.

(۱۷) آپ سے ایک آدمی نے کہا "دنیا کی توصیف کیجیے "تو آپ نے فرمایا "میں اس ٹھکانے کی کیا توصیف کروں جس کی ابتدا مشکلات اور انتہا فنا ہے، جس کی حلال اشیاء کے لئے حساب ہے اور حرام کے لئے عقاب، جو اس میں صحیح رہا وہ تو بچ گیا مگر جو اس میں مریض ہو گیا وہ شرمندہ ہو گا اور جو اس مین مالدار ہو گا وہ آزمایا جائے گا اور جو فقیر ہو گا وہ غمزدہ رہے گا۔"

۱۸ ـ الدُّنيا دارُ مَمَرٍّ لا دارُ مَقَرٍّ، و الناسُ فيها رجُلان: رجُلٌ باعَ نَفْسَهُ فأوبَقَها، و رجلٌ ابتاعَ نَفْسَهُ فأَعتقها.

(۱۸) دنیا گزر گاہ ہے جائے استقرار نہیں اور اس میں دو طرح کے لوگ ہوتے ہیں ایک وہ جو اپنے نفس کو فروخت کر دے اور اس طرح اسے ہلاک کرڈالے اور دوسرا وہ جو اپنے نفس کو خرید کر اسے آزاد کر دے۔

۱۹ ـ الدُّنيا مَطيّةُ المُؤمِنِ، عليها يَرتَحِلُ إلى رَبِّه، فَأَصلِحُوا مَطاياكُم تُبَلِّغكُم إلى ربِّكُم.

(۱۹) دنیا مومن کی سواری ہے جس پر وہ سوار ہو کر اپنے رب کی طرف کوچ کرتا ہے لہذا اپنی سواریوں کو درست رکھو تو وہ تمھیں تمہارے پروردگار تک پہنچادیں گی۔

۲۰ ـ مَن كانَتِ الدُّنيا هَمَّهُ كَثُرَ في القيامةِ غَمُّه.

(۲۰) جس کی تمام تیاریاں دنیا کے لئے مخصوص ہوں گی اس کا غم قیامت کے دن بہت زیادہ ہو گا۔

۲۱ ـ الدُّنيا جَمَّةُ المَصَائِبِ، مُرَّةُ المشارِبِ، لا تُمَتِّعُ صاحِباً بِصاحِبٍ.

(۲۱) دنیا مصیبتوں کا مجموعہ اور مختلف مشربوں کی کڑواہٹ ہے جہاں کوئی ساتھی (اپنے کسی) دوسرے ساتھی سے لطف اندوز نہیں ہو سکتا۔

۲۲ ـ الدُّنيا حَمقاء لا تَمِيلُ إلّا إلى أشباهِها.

(۲۲) دنیا احمق ہے وہ صرف اپنے سے مشابہ لوگوں کی ہی طرف مائل ہوتی ہے۔

۲۳ ـ مَنْ كانت الدُّنيا هَمَّهُ اشتدَّتْ حَسْرَتُهُ عِندَ فِراقِها.

(۲۳) جس کی تمام کوششیں اور آرزوئیں دنیا (تک محدود) ہوں گی اس کی اذیت بھی اس دنیا کو چھوڑتے وقت نہایت شدید ہو گی۔

٢٤ ـ الدُّنيا جِيفَةٌ، فَمَن أرادَها فـليَصْبِرِ عـلى مُخالَطَةِ الكِلاب.

(۲۴) دنیا مردار ہے لہذا جو اسے چاہتا ہے اسے کتوں کی ہمنشینی برداشت کرنا چاہیے۔

٢٥ ـ قيل له ﷺ: فأيُّ الناسِ أَحمقُ؟ قال ﷺ: المُغْتَرُّ بالدُّنيا، وهو يَـرى فـيها مِـن تَـقَلُّبِ أحوالِها.

(۲۵) آپ سے پوچھا گیا کہ احمق کون ہے؟ تو آپ نے فرمایا "دنیا سے دھوکا کھاجانے والا جبکہ اس (دنیا) کی بدلتی حالتیں اس کے پیش نظر ہوتی ہیں۔"

٢٦ ـ الدُّنيا ظِلُّ الغَمامِ، وحُلْمُ المَنام.

(۲۶) دنیا بادل کا سایہ اور سوتے کا خواب ہے۔

٢٧ ـ الدُّنيا عَرَضٌ حاضرٌ، يأكُـل مـنه البَرُّ والفاجِرُ، والآخِرَةُ دارُ حقٍّ يَحكمُ فـيها مَـلِكٌ قادرٌ.

(۲۷) دنیا ایک بچھا ہوا دستر خوان ہے جس پر نیک و بد دونوں ہی کھاتے ہیں لیکن آخرت ایک ایسا مقام حق ہے جہاں ایک قادر فیصلہ کرے گا۔

٢٨ ـ الدُّنيا مُنْتَقِلةٌ فانِيةٌ، إن بَقِيتْ لكَ لم تَبْقَ لها.

(۲۸) دنیا منتقل ہونے والی اور فانی ہے اور اگر یہ تمہارے ہاتھوں باقی بھی رہی تو تم اس کے لئے باقی نہیں رہو گے۔

٢٩ ـ الدُّنيا مَليئةٌ بالمصائب، طارِقَةٌ بِالفجائع والنَوائِب.

(۲۹) دنیا مصائب سے پر اور (طرح طرح کی) مصیبتوں اور بلاؤں کی آماجگاہ ہے۔

٣٠ ـ الدُّنيا سَمٌّ يَأكُلُهُ مَنْ لا يَعْرِفُه.

(۳۰) دنیا ایسا زہر ہے جسے صرف انجان ہی کھاتا ہے۔

٣١ ـ الدُّنيا دارُ الغُرَباءِ، ومَوطِنُ الأشقِياء.

(۳۱) دنیا بے وطنوں کی جگہ اور بدبختوں کا وطن ہے۔

٣٢ ـ الدُّنيا غَنيمَةُ الحَمْقىٰ.

(۳۲) دنیا احمق کے لئے مال غنیمت ہے۔

٣٣ ـ الدُّنيا كيَومٍ مَضىٰ، وشهرٍ انقضىٰ.

(۳۳) دنیا گذشتہ "کل" اور گذر جانے والے مہینے کی طرح ہے۔

٣٤ ـ الدُّنيا دارُ المِحنَة.

(۳۴) دنیا مشقتوں کا گھر ہے۔

٣٥ ـ الدُّنيا بالاتِفاقِ والآخِرةُ بالاستِحْقاق.

(۳۵) دنیا کا حصول اتفاقیہ ہے اور آخرت کا حصول استحقاق کی بنا پر ہوتا ہے۔

٣٦ ـ الناس أَبناءُ الدُّنيا، و الوَلَدُ مَطبوعٌ على حُبِّ أُمِّه.

(۳۶) لوگ دنیا کی اولاد ہیں اور بیٹے طبعی طور پر ماں سے محبت کرتے ہیں۔

٣٧ ـ المَغْبُونُ مَن شَغَلَ بِالدُّنيا، وَفَاتَه حَـظُّهُ مِن الآخرة.

(۳۷) وہ گھاٹے میں ہے جو دنیا ہی میں مشغول رہا اور اپنا آخرت کا حصہ کھو بیٹھا۔

٣٨ ـ أوقاتُ الدُّنيا ـ وإن طالتْ ـ قَـصيرةٌ، والمُتعَةُ بها ـ وإن كَثُرت ـ يَسيرةٌ.

(۳۸)اوقات دنیا ـــ بھلے ہی طویل کیوں نہ ہوں ـــ بہت کوتاہ ہیں اوراس کی لذتیں ـــ کتنی ہی زیادہ کیوں نہ ہوں ـــ کم ہیں۔

٣٩ ـ اِهرِبُوا مِن الدُّنيا، واصرِفُوا قُـلوبَكم عـنها، فـإنّها سِـجنُ المُـؤمنِ، حَـظُّهُ مـنها قـليلٌ، وعَـقْلُهُ بهـا عَـليلٌ، ونـاظِرهُ فـيها كليلٌ.

(۳۹)دنیا سے (دور) بھاگو اوراپنے دلوں کو ادھر سے ہٹالو کیونکہ یہ مومن کا قید خانہ ہے اس میں سے اس کا حصہ بہت تھوڑا ہے اس کی عقل اس کے متعلق سوچنے کے لئے بیمار ہوتی ہیں اوراس (کے مناظر) سے اس کی نگاہیں اوب چکی ہوتی ہیں۔

٤٠ ـ إيّاك والوَلَـهَ بـالدُّنيا، فـإنّها تُـورِثُكَ الشَّقاءَ والبَلاء، وتَحْدُوك عـلى بَـيْعِ البَـقاءِ بالفَناء.

(۴۰)دنیا کی محبت سے دور رہو کیونکہ یہ تمھیں بد بختی و بلا کے سوااور کچھ نہ دے گی اور تمھیں فنا کے عوض بقا فروخت کرنے پر اکسائے گی۔

٤١ ـ ألاْ و إنّ اليومَ المِضْمارُ، وغداً السِّباقُ، والسُّبْقَةُ الجَنَّة، والغايَةُ النار.

(۴۱) آگاہ ہو جاؤ کہ "آج" آمادگی و تربیت کا اور "کل" مقابلہ کا دن ہے انعام جنت ہو گی اور (پچھڑ جانے والوں کی) انتہا جہنم ہو گی۔

٤٢ ـ أَخْسَرُ الناسِ مَنْ رَضِيَ الدُّنيا عِـوضاً عن الآخِرَة.

(۴۲)سب سے زیادہ گھاٹے میں وہ شخص ہے جو آخرت کے بدلے دنیا سے راضی ہوجائے۔

٤٣ ـ أَسـعَدُ النـاسِ بـالدُّنيا التـاركُ لهـا، وأسعَدُهُم بالآخرة العامِلُ لها.

(۴۳) دنیا میں سب سے زیادہ خوش قسمت، اسے ترک کر دینے والا ہے اور آخرت میں سب سے زیادہ کامیاب وہ ہے جو اس کے لئے عمل کرتا (رہا) ہو۔

٤٤ ـ إنَّ السُّعداءَ بالدُّنيا غداً هُمُ الهـارِبونَ منها اليوم.

(۴۴) کل دنیا کے کامیاب لوگ وہی ہوں گے جو آج اس سے دور بھاگنے والے ہوں گے۔

٤٥ ـ إنّ الدُّنيا دارُ عَناءٍ وفَناءٍ، وغِيَرٍ وعِبَرٍ، ومَحلُّ فِتنةٍ ومِحنَةٍ.

(۴۵) یقیناً دنیا سختی و فنا، تغیر و عبرتوں کا گھر اور آزمائشوں و مشقتوں کی جگہ ہے۔

٤٦ ـ إنْ كُنتم تُحِبُّونَ اللهَ فأخرِجوا من قُلوبِكم حُبَّ الدُّنيا.

(۴۶) اگرتم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو اپنے دلوں سے حب دنیا نکال پھینکو۔

٤٧ ـ إنّكَ إن أدْبَرْتَ عَن الدُّنيا أَقْبَلَتْ.

(۴۷) اگر تم نے دنیا سے منہ موڑلیا تو وہ تمہارے پاس آجائے گی

٤٨ ـ إنّكَ إن عَمِلْتَ للدُّنيا خَسِرَتْ صَفْقَتُك.

(۴۸) اگر تم نے دنیا کے لئے عمل کیا تو یقیناً بڑے گھاٹے کا سودا کیا۔

٤٩ ـ خيرُ الدُّنيا زَهيدٌ، وشَرُّها عَتيدٌ.

(۴۹) دنیا کی بھلائیاں دور اور برائیاں مہیا و آمادہ ہیں۔

٥٠ ـ رَدْعِ النَّفسِ عن زَخارِفِ الدُّنيا ثَمَرَةُ العَقْل.

(۵۰) دنیا کی چمک دمک سے (دوری کے لئے) نفس کو سرزنش کرنا عقل کا ثمرہ ہے۔

٥١ ـ كلّ أرباحِ الدُّنيا خُسْرانٌ.

(۵۱) دنیا کا ہر فائدہ نقصان ہے۔

٥٢ ـ قليلُ الدُّنيا يَذْهَبُ بكَثيرِ الآخِرَة.

(۵۲) دنیا کا تھوڑا حصہ بھی آخرت کے ایک بڑے حصے کو تباہ کر دیتا ہے۔

٥٣ ـ كما أنّ الشَمسَ واللَيلَ لا يَجتَمعان، كذلك حُبُّ اللهِ و حُبُّ الدُّنيا لا يَجتَمعان.

(۵۳) جس طرح سورج اور رات اکٹھا نہیں ہو سکتے اسی طرح اللہ کی محبت اور حب دنیا بھی یکجا نہیں ہو سکتی۔

٥٤ ـ كُلّما فاتَكَ مِن الدُّنيا شيءٌ فهو غَنيمةٌ.

(۵۴) دنیا کی جو چیز بھی تم سے کھو جائے وہ غنیمت ہے۔

٥٥ ـ مَنْ قَعَدَ عَن الدُّنيا طَلَبَتْهُ.

(۵۵) جو دنیا کو چھوڑ دے گا دنیا اسے طلب کرے گی۔

٥٦ ـ مَنْ صارَعَ الدُّنيا صَرَعَتْه.

(۵۶) جو دنیا سے مقابلہ کرے گا دنیا اسے پچھاڑ دے گی۔

٥٧ ـ لَو عَقَلَ اهلُ الدُّنيا لَخَرِبَتِ الدُّنيا.

(۵۷) اگر اہل دنیا کو عقل آجائے تو دنیا تباہ ہو جائے۔

٥٨ ـ مَنْ طَلَبَ مِن الدُّنيا ما يُرضيه كَثُرَ تَجَنّيهِ، وطالَ تَعَنّيهِ وتَعدّيه.

(۵۸) جو دنیا سے من پسند چیزیں طلب کرے گا اس پر الزامات بڑھ جائیں گے اور اس کی مشقتیں اور سرکشیاں طویل ہو جائیں گی۔

٥٩ ـ مَنْ غَلَبَتِ الدُّنيا عليه عَمِيَ عمّا بَينَ يَدَيه.

(۵۹) جس پر دنیا غالب آجاتی ہے وہ سامنے کی چیزوں سے بھی اندھا ہو جاتا ہے۔

٦٠ ـ مَنْ خَدمَ الدُّنيا اِستَخدَمَتْهُ، ومَنْ خَدَمَ اللهَ سُبحانه خَدَمَتْه.

(۶۰) جو دنیا کی خدمت کرتا ہے دنیا اسے اپنا خادم بنا لیتی ہے اور جو اللہ تعالی کی خدمت کرتا ہے دنیا اس کی خادمہ ہو جاتی ہے۔

٦١ ـ مِنْ ذِمامَةِ الدُّنيا عندَ اللهِ أن لا يُنالَ ما عندَهُ إلّا بِتَركِها.

(۶۱) اللہ کے نزدیک دنیا کی برائی کے لئے بس یہی کافی ہے کہ اللہ کے پاس موجود اشیاء کو دنیا چھوڑے بغیر حاصل نہیں کیا جا سکتا۔

٦٢ ـ مَثَلُ الدُّنيا كظِلِّكَ، إن وَقَفْتَ وَقَفَ، وإن طَلَبْتَهُ بَعُدَ.

(۶۲) دنیا کی مثال تمہارے سائے کی طرح ہے کہ اگر تم رک گئے تو وہ بھی رک جاتا ہے اور اگر تم اسے پکڑنا چاہو تو وہ دور ہو جاتا ہے۔

٦٣ ـ لا تَعْصِمُ الدُّنيا مَن الْتَجَأَ إليها.

(۶۳) دنیا اپنے پناہ گزینوں کو نہیں بچاتی۔

٦٤ ـ الدُّنيا سِجنُ المُؤمِنِ و الموتُ تُحفَتُه و الجنَّةُ مأواه.

(۶۴) دنیا مومن کا قیدخانہ، موت اس کا تحفہ اور جنت اس کی جائے گاہ ہے۔

٦٥ ـ الدُّنيا جَنَّةُ الكافِرِ و الموتُ مُشَخِّصُهُ و النارُ مَثواه.

(۶۵) دنیا کافر کی جنت ہوتی ہے اور موت اسے اس (جنت) سے جدا کرنے والی، اور آگ اس کی منزل ہوتی ہے۔

[ ۸۲ ]

# الدَّواء = دوا

۱ ـ إنّ كلامَ الحُكماءِ إذا كان صَواباً كان دَواءً، وإذا كان خَطَأً كان دَاءً.
(۱) یقیناً حکماء کا کلام اگر درست ہو تو دوا کی طرح (مفید) ہوتا ہے لیکن اگر غلط ہو تو بیماری ہوتا ہے۔

۲ ـ رُبّما كانَ الدَواءُ دَاءً.
(۲) بہت سے دوائیں بھی بیماری ہوجاتی ہیں۔

۳ ـ دَواءُ كلِّ داءٍ كِتْمَانُه.
(۳) ہر مرض کی دوا اس مرض کو (لوگوں سے) چھپانا ہے۔

٤ ـ شُربُ الدَواء للجَسَدِ كالصَابُونِ لِلثَوْبِ، يُنَقِّيه ولكن يُخْلِقُه.
(۴) دوا پینا جسم کے لئے ایسا ہی ہے جیسے کپڑے کے لئے صابون جو اس کپڑے کو صاف ستھرا تو کر دیتا ہے مگر اس کے ساتھ ہی اسے بوسیدہ بھی کر دیتا ہے۔

۵ ـ لُحومُ البقرِ داءٌ، وألْبانُها دَواءٌ، وأسْمانُها شِفاءٌ.
(۵) گائے کا گوشت، بیماری دودھ، دوا اور مکھن و گھی شفا ہوتا ہے۔

٦ ـ لا يَتداوىٰ المُسلِمُ حتّى يَغْلِبَ مَرضُهُ صِحَّتَه.
(۶) مسلمان کو اس وقت تک دوا استعمال نہیں کرنا چاہیے جب تک اس کا مرض اس کی صحت پر غالب نہ آجائے۔

۷ ـ لا دَواءَ لِمَشْعُوفٍ بدَائِه.
(۷) اپنی بیماری کے دیوانے کی کوئی دوا نہیں ہے۔

۸ ـ مَنْ لَمْ يَتَحَمَّلْ مَرارَةَ الدَّواء، دامَ أَلَمُه.
(۸) جو دوا کی کڑواہٹ برداشت نہیں کرے گا وہ ہمیشہ تکلیف میں رہے گا۔

۹ ـ مَن كَثُرتْ أدْوائُه لَم يُعرَف شِفاه.
(۹) جس کے امراض بڑھ جاتے ہیں اس کی شفا سمجھ میں نہیں آتی۔

۱۰ ـ رُبَّ دواءٍ جَلَبَ دَاءً.
(۱۰) بہت سی دوائیں بیماریوں کی باعث ہوتی ہیں۔

۱۱ ـ رُبَّ داءٍ انقلبَ دَواءً.
(۱۱) بہت سی بیماریاں دوا ہوجاتی ہیں۔

۱۲ ـ لكُلِّ عِلّةٍ دَواءٌ.
(۱۲) ہر بیماری کی ایک دوا ہے۔

[۸۳]

# الدَّين = قرض

١ ـ [ يـا بُـنيّ ] واغـتَنِم مَـنْ اسـتَقرَضَكَ في حالِ غِـناكَ لِـيَجعلَ قَـضاءَهُ لك في يـوم عُسرَتِك.

(۱)اے بیٹے تمہاری تونگری کے عالم میں جو قرض مانگے اسے غنیمت جانو تاکہ وہ اس قرض کی ادائیگی کو تمہاری تنگ دستی کے زمانے کے لئے اٹھار کھے۔

٢ ـ بِئْسَ القِلادَةُ لِلخَيِّرِ العَفيفِ قِلادَةُ الدَّين.

(۲)نیکو کار و پاکدامن کا بدترین قلادہ قرض کا قلادہ ہے۔

٣ ـ مَـن أرادَ البَـقاءَ، ولا بَـقَاءَ فَـلْيُباكِـرِ الغَداءَ، وليُـقِلَّ غِشـيانَ النِسـاءِ، وليُـخَفِّفِ الرِّداء. قيل: يا أميرَ المؤمنين، وما الرِّداءُ؟ قال عليه السلام: قِلَّةُ الدَّين.

(۳)جو بقا چاہتا ہے ___اور بقا تو ہے ہی نہیں ___اسے چاہیے کہ صبح سویرے بیدار ہو، عورتوں سے کم میل ملاپ رکھے اور چادر ہلکی کرے۔ آپ سے پوچھا گیا "اے امیر المومنین یہ چادر کیا ہے؟" تو آپ نے فرمایا "قرض۔"

٤ ـ الذُّلُّ مع الدَّين.

(۴)ذلت قرض کے ہمراہ ہے۔

٥ ـ الدَّينُ غُلُّ اللهِ في أَرضِه، إذا أرادَ أن يُذِلَّ عَبْداً جَعَلَه في عُنُقِه.

(۵) قرض زمین پر اللہ کی زنجیر ہے جب وہ کسی کو ذلیل کرنا چاہتا ہے تو اسے اس کی گردن میں ڈال دیتا ہے۔

٦ ـ الدَّينُ رِقٌّ، فلا تَبْذُل رِقَّكَ لِمَن لا يَـعْرِفُ حَقَّك.

(۶) قرض غلامی ہے پس تم اپنی غلامی کسی ایسے کے ہاتھوں نہ سونپو جو تمہارا حق نا آشنا ہو۔

٧ ـ إيّاكُم والدَّينَ، فإنّه مَذَلّةٌ بِالنَّهارِ، ومُهِمَّةٌ بِاللّيل، وقَضَاءٌ في الدُّنيا، وقَضَاءٌ في الآخرة.

(۷) قرض سے بچو کیونکہ یہ دن میں ذلت، رات میں غم و اندوہ ہے اور اس کی ادائیگی دنیا و آخرت دونوں جگہ ہے۔

٨ ـ الدَّينُ رِقٌّ والقَضَاءُ عِتْقٌ.

(۸)قرض غلامی ہے اور ادائیگی آزادی ہے۔

٩ ـ الدَّينُ أحدُ الرِّقَّين.

(۹)قرض دو غلامیوں میں سے ایک غلامی ہے۔

١٠ ـ كَثْرَةُ الدَّيـنِ تُـصَيِّرُ الصـادِقَ كـاذِباً، والمُنجِزَ مُخْلِفاً.

(۱۰)حد درجہ قرض سچے کو جھوٹا اور وعدہ نبھانے والے کو وعدہ خلاف بنا دیتا ہے۔

[ ٨٤ ]

# الدین = دین

١ ـ مَنْ عَمِلَ لِدينهِ، كَفاهُ اللّٰه أمْرَ دُنْياه.

(۱) جو اپنے دین کے لئے کام کرتا ہے اللہ اس کی دنیا کے معاملے میں اس کی کفایت کرتا ہے۔

٢ ـ لا يَتْرُكِ الناسُ شيئاً مِن أمرِ دينِهِم لاِستِصلاحِ دُنياهُم إلّا فَتَحَ اللهُ عليهم ما هُوَ أضَرُّ مِنه.

(۲) لوگ کسی بھی دینی امر کو اپنی دنیا کی بھلائی کے لئے ترک نہیں کرتے جز یہ کہ اللہ ان کے لئے اس سے زیادہ نقصان دہ شئے کا راستہ کھول دیتا ہے۔

٣ ـ قال ﷺ لابنه محمّد بن الحَنَفية: يا بُنَيَّ! إنّي أخافُ عليكَ الفَقرَ، فاستَعِذْ بِاللهِ مِنه فإنّ الفقر مَنْقَصَةٌ للدِّينِ مَدهَشَةٌ للعَقلِ، داعِيةٌ لِلمَقت.

(۳) اپنے بیٹے محمد بن حنفیہ سے فرمایا "اے بیٹے میں تمہارے لئے فقر سے ڈرتا ہوں لہذا فقر سے اللہ کے حضور طالب پناہ رہو کیونکہ فقر دین کے لئے منقصت، عقل کے لئے حیران کن اور غیظ و غضب کا باعث ہوتا ہے۔"

٤ ـ يا جابرُ، قِوامُ الدِّينِ و الدُّنيا بأربعةٍ: عالِمٍ مُستَعمِلٍ عِلْمَه و جاهلٍ لا يَستَنكِفُ أن يَتَعَلَّمَ و جَوادٍ لا يَبْخَلُ بمَعْروفِه وفقيرٍ لا يَبيعُ آخرَتَهُ بدُنياه.

(۴) اے جابر چار چیزوں پر دنیا کا انحصار ہے۔ اپنے علم پر عمل پیرا عالم، تعلیم سے گریز نہ کرنے والا جاہل، عطیات میں بخل نہ کرنے والا سخی اور دنیا کے بدلے اپنی آخرت نہ بیچنے والا تہی دست۔

٥ ـ [ فَرَضَ اللهُ ] الحجَّ تَقْرِبةً [ تقويةً ] للدِّين.

(۵) اللہ نے حج کو دین کی تقویت اور (اپنے سے) تقرب کے لئے واجب کیا ہے۔

٦ ـ أوَّلُ الدِّينِ مَعْرِفَتُه.

(۶) دین کی ابتدا اللہ کی معرفت ہے۔

٧ ـ إيّاك ومُقارنَةَ مَنْ رَهِبْتَهُ على دينِكَ و عِرْضِك.

(۷) اس شخص کی قربت سے بچو جس سے تمھیں اپنے دین و آبرو کے لئے خطرہ ہو۔

٨ ـ لَيْسَ الدِّينُ بِالرَأْيِ، إنّما هو اتِّباعٌ.

(۸) دین میں ذاتی رائے کا وجود نہیں بلکہ وہ تو پیروی ہے۔

٩ ـ رُبَّ أمرٍ قد طَلَبْتَه ومِنه هَلاكُ دِينِكَ لو أتَيْتَه.

(۹) بہت سے ایسے امور ہوتے ہیں جنھیں تم چاہتے ہو کہ وہ انجام پزیر ہو جائیں جبکہ ان کے وقوع پزیر ہونے میں تمہارے دین کی تباہی مضمر ہوتی ہے۔

١٠ ـ اِحذَرِ التَلَوُّنَ في الدِّين.
(۱۰) دین میں تلون (مزاجی) سے ڈرو۔

١١ ـ مَنْ تهاوَنَ بالدِّينِ ارتَطَم.
(۱۱) جو دین کو ہلکا سمجھتا ہے وہ ٹوٹ پھوٹ جاتا ہے۔

١٢ ـ رأسُ الدِّين صِحّة اليَقين.
(۱۲) دین میں یقین کا درست ہونا سرفہرست ہے۔

١٣ ـ نِعم عَونُ الدِّينِ الصَبْر.
(۱۳) دین کا بہترین معاون صبر ہے۔

١٤ ـ الحَسَدُ آفَة الدِّين.
(۱۴) حسد دین کی آفت ہے۔

١٥ ـ لا دِينَ لِمن لا نِيَّةَ له.
(۱۵) اس کا کوئی دین نہیں جس کی کوئی نیت نہ ہو۔

١٦ ـ التَّهاونُ آفةُ الدِّين.
(۱۶) (دین کو) سبک سمجھنا دین کے لئے آفت ہے۔

١٧ ـ قيل له ﷺ: فأيُّ الخَلْقِ أَشقىٰ؟ قال ﷺ: مَنْ باعَ دِينَهُ بدُنيا غَيرِه.
(۱۷) آپ سے پوچھا گیا "کون سب سے زیادہ بد بخت ہے؟" تو آپ نے فرمایا "جو دوسروں کی دنیا کے لئے اپنا دین بیچ دے۔"

١٨ ـ قيل له ﷺ: فأَيُّ المَصَائِبِ أَشَدُّ؟ قال ﷺ: المُصيبَةُ في الدِّين.
(۱۸) آپ سے پوچھا گیا کہ کون سی مصیبت سب سے زیادہ سخت ہے تو آپ نے فرمایا "دین میں مصیبت"۔

١٩ ـ مَنْ طَلَبَ الدِّينَ بِالجَدَلِ تَزَندَق.
(۱۹) جو جدل و کٹ حجتی کے ذریعے دین چاہے گا وہ زندیق ہو جائے گا۔

٢٠ ـ لا دِينَ لمَنْ دانَ بطاعَةِ مَخْلُوقٍ في مَعْصِيَةِ الخالق.
(۲۰) اس کے پاس کوئی دین نہیں جس نے مخلوق کی اطاعت، اللہ کی معصیت کرنے کے لئے اختیار کی۔

٢١ ـ ما هَدَّمَ الدِّينَ مِثْلُ البِدَعِ، ولا أفسَدَ الرِّجالَ مِثْلُ الطَّمَع.
(۲۱) بدعت کے جیسا کسی نے دین کو برباد نہیں کیا اور نہ طمع کی طرح کسی اور شئے نے مردوں کو خراب کیا۔

٢٢ ـ أَخوكَ دِينُك، فاحْتَطْ لدِيْنِك بما شِئت.
(۲۲) تمہارا بھائی تمہارا دین ہے لہذا اپنے دین کے لئے جس طرح چاہو احتیاط کرلو۔

٢٣ ـ إنّ لأَهْلِ الدِّينِ علاماتٍ يُعْرَفُون بها: صِدقُ الحديثِ وأداءُ الأَمانَةِ والوَفاءُ بالعَهْدِ، و صِلَةُ الأَرْحامِ ورَحْمَةُ الضُعَفاءِ وبَذْلُ المَعْروفِ و حُسنُ الخُلُقِ واتِّباعُ العِلمِ ومايُقرِّبُ إلى الله زُلفىٰ.
(۲۳) دینداروں کی کچھ علامتیں ہیں جن کے ذریعے وہ پہچانے جاتے ہیں: سچی بات، ادائے امانت، ایفائے عہد، صلہ رحم، کمزوروں پر رحم، نیکی انجام دینا، خوش اخلاقی، علم اور ہر اس چیز کی پیروی جو اللہ کی قربت کا باعث ہوتی ہو۔

٢٤ ـ الدِّينُ أَفضَلُ مَطْلُوبٍ.
(۲۴) دین سب سے زیادہ بافضیلت مطلوب ہے۔

۲۵ ـ الدِّينُ شَجَرَةٌ أَصلُها التَسليمُ والرِّضىٰ.

(۲۵) دین ایسا پودا ہے جس کی جڑ رضا و تسلیم ہے ۔

۲٦ ـ المَغبُونُ مَن فَسَدَ دِينُه.

(۲۶) خسارے میں وہ ہے جس کا دین خراب ہو جائے ۔

۲۷ ـ الدِّينُ أشْرَفُ النَّسَبَين.

(۲۷) دین دو نسبوں میں سے شریف ترین نسب ہے ۔

۲۸ ـ الدِّينُ لا يُصلِحُهُ إلّا العَقْل.

(۲۸) دین کی اصلاح عقل کے علاوہ کوئی اور شئے نہیں کر سکتی ۔

۲۹ ـ اِجعَلِ الدِّينَ كَهْفَكَ، والعَدْلَ سَيْفَك، تَنْجُ مِن كُلِّ سُوءٍ، وتَظْفَرُ على كُلِّ عَدُوٍّ.

(۲۹) دین کو اپنی پناہ گاہ اور عدل کو اپنی تلوار بنالو تو تم ہر برائی سے بچے رہوگے اور ہر دشمن پر غالب رہوگے ۔

۳۰ ـ أَدْيَنُ النـاسِ مَـنْ لم تُـفْسِدِ الشَّهْـوَةُ دِينَه.

(۳۰) متدین ترین شخص وہ ہے جس کی شہوت اس کے دین کو خراب نہ کر سکے ۔

۳۱ ـ إنَّ أفضَلَ الدِّينِ، الحُبُّ في الله، والبُغضُ في الله، والأَخذُ في الله، والعَطاءُ في الله سُبحانَه.

(۳۱) یقیناً دین کا با فضیلت ترین جزء اللہ کے لئے محبت، اللہ ہی کے لئے بغض اور اللہ ہی کے لئے لین دین کرنا ہے ۔

۳۲ ـ إنّ اللهَ تعالى لا يُعطِي الدِّينَ إلّا لخاصَّتِهِ وصَفْوَتِهِ مِن خَلْقِه.

(۳۲) اللہ تبارک و تعالی دین کو صرف اپنے خاص بندوں اور اپنی مخلوقات میں سے چنے ہوئے لوگوں ہی کو عطا کرتا ہے ۔

۳۳ ـ اِعلَمْ أنّ أوّلَ الدِّينِ التَّسلِيمُ، وآخِرَهُ الإخلاص.

(۳۳) جان لو کہ دین کا اول تسلیم اور آخر اخلاص ہے ۔

۳٤ ـ إنّ الله سبحانه يُعطي الدُّنيا مَـنْ يُحِبُّ ومَـنْ لا يُحِبّ، ولا يُـعطي الدِّيـنَ إلّا مَـن يُحِبّ.

(۳۴) اللہ تعالی دنیا کو جسے دوست رکھتا ہے اسے بھی دیتا ہے اور جسے دوست نہیں رکھتا اسے بھی دیتا ہے مگر دین صرف اسی کو عطا کرتا ہے جسے دوست رکھتا ہے ۔

۳۵ ـ إنْ جَعَلتَ دُنياكَ تَبَعاً لِدِينِكَ أحـرَزْتَ دِينَك و دُنياكَ، وكُنتَ في الآخِرَةِ مِن الفائِزين.

(۳۵) اگر تم نے اپنی دنیا کو اپنے دین کا تابع بنالیا تو اس طرح تم نے اپنے دین و دنیا دونوں ہی کو محفوظ کرلیا اور آخرت میں تم کامیاب لوگوں میں سے رہوگے ۔

۳٦ ـ ثَمرةُ الدِّينِ الأمانَة.

(۳۶) دین کا ثمرہ امانت داری ہے ۔

۳۷ ـ ثلاثةٌ هُنّ جِماعُ الدِّينِ: العِفَّةُ والوَرَعُ والحَياء.

(۳۷) تین چیزوں میں دین کا اجتماع ہے: پاکدامنی، تقوی اور حیا

۳۸ ـ ثلاثةٌ هُنّ كمالُ الدِّينِ: الإخلاصُ واليقينُ والتَقَنُّع.

(۳۸) تین چیزیں کمال دین ہیں: اخلاص، یقین اور قناعت کرنا ۔

۳۹ ـ حِفظُ الدِّينِ ثَمَرَةُ المَعْرِفَةِ، ورأسُ الحِكمَة.

(۳۹) حفظ دین، معرفت کا ثمرہ اور حکمت کا سرمایہ ہے ۔

٤٠ ـ حَصِّنُوا الدِّينَ بِالدُّنيا، ولا تُحَصِّنوا الدُّنيا بالدِّين.

(۴۰) دین کو دنیا کے ذریعے مضبوط کرو اور دنیا کو دین کے ذریعے پائیدار نہ کرو۔

٤١ ـ سَنَامُ الدِّينِ الصَّبرُ واليَقينُ ومُجاهَدَةُ الهَوى.

(۴۱) دین کا بلند ترین مقام صبر، یقین اور خواہشات سے مقابلہ ہے۔

٤٢ ـ سببُ الوَرَعِ قوّةُ الدِّينِ.

(۴۲) تقوے کا سبب دین کی قوت ہے۔

٤٣ ـ صَيِّرِ الدِّينَ حِصنَ دولَتِك، والشُّكرَ حِرزَ نِعْمَتِك، فكلُّ دَولَةٍ يَحُوطُها الدِّينُ لا تُغلَبُ، وكُلُّ نِعْمَةٍ يَحرِزُها الدِّينُ لا تُسلَب.

(۴۳) دین کو اپنی حکومت کا قلعہ اور شکر کو اپنی نعمتوں کا محافظ بنا لو کیونکہ ہر وہ حکومت جس کا دین احاطہ کئے ہو گا مغلوب نہیں ہو گی اور ہر وہ نعمت جسے دین گھیرے ہو گا سلب نہیں ہو گی۔

٤٤ ـ غايَةُ الدِّينِ الأمْرُ بالمعروفِ والنَّهيُ عنِ المُنكرِ وإقامَةُ الحُدود.

(۴۴) مقصد دین امر بالمعروف، نہی عن المنکر اور حدود قائم کرنا ہے۔

٤٥ ـ فاقِدُ الدِّينِ مُتَرَدِّدٌ في الكُفْرِ والضَّلال.

(۴۵) دین کو کھو دینے والا کفر و گمراہیوں میں سرگرداں رہتا ہے۔

٤٦ ـ كلُّ عِزٍّ لا يُؤَيِّدُهُ دِينٌ، مَذَلّةٌ.

(۴۶) ہر وہ عزت جس کی تائید دین نہ کرے ذلت ہے۔

٤٧ ـ كُنْ عاقِلاً في أمْرِ دينِك، جاهلاً في أمرِ دُنياك.

(۴۷) اپنے دینی امور میں عاقل اور دنیوی امور میں جاہل بن جاؤ۔

٤٨ ـ مَنْ صَحَّتْ دِيانَتُه قَوِيَت أمانَتُه.

(۴۸) جس کی دیانت داری درست ہو گئی اس کی امانت داری بھی قوی ہو جائے گی۔

٤٩ ـ مَنْ لا دِينَ له لا مُرُوَّةَ له.

(۴۹) جس کے پاس دین نہیں اس کے پاس مروت نہیں۔

٥٠ ـ مَنْ رُزِقَ الدِّينَ فقد رُزِقَ خَيرَ الدُّنيا والآخِرة.

(۵۰) جسے دین عطا ہو جائے اسے دین و دنیا کی بھلائیاں عطا ہو جاتی ہیں۔

٥١ ـ مَنْ دَقَّ في الدِّينِ نَظَرُهُ، جَلَّ يومَ القيامةِ خَطَرُه.

(۵۱) جو دین میں دقت نظر سے کام لیتا ہے وہ قیامت کے دن عظیم المرتبت ہو گا۔

٥٢ ـ مَنْ تهاوَنَ بالدِّينِ هانَ، وَمَنْ غالَبَهُ الحقُّ لان.

(۵۲) جو دین کو سبک سمجھتا ہے وہ خود ذلیل ہو جاتا ہے اور جس پر حق کا غلبہ ہوتا ہے وہ نرم ہو جاتا ہے۔

٥٣ ـ لا دِينَ لِمُرتابٍ، ولا مُرُوَّةَ لِمُغتابٍ.

(۵۳) شک و شبہ میں مبتلا رہنے والے کے پاس کوئی دین نہیں ہوتا اور غیبت کرنے والے کے پاس مروت نہیں ہوتی۔

٥٤ ـ لا يُسَلِّمُ الدِّينَ مَن تَحَصَّنَ به.

(۵۴) وہ دین کسی کے سپرد نہیں کرتا جس نے اسے اپنا قلعہ بنایا ہو

٥٥ ـ يَسيرٌ مِن الدِّينِ خَيرٌ مِن كَثيرِ الدُّنيا.

(۵۵) دین کا تھوڑا سا حصہ دنیا کے ایک بڑے حصے سے بہتر ہے۔

[۸۵]

# الذِّکْر = ذکر الٰہی

١ـ إنّ الله سبحانَهُ وتَعالىٰ جَعَلَ الذِّكرَ جَلاءً لِلقُلوب.

(۱) خداوند متعال نے ذکر (الٰہی) کو دلوں کی جلا قرار دیا ہے۔

٢ـ مَن تَذَكَّرَ بُعدَ السَّفَرِ استَعَدَّ.

(۲) جو (سفر) آخرت کی دوری کو یاد رکھے گا وہ اس کے لئے تیاری بھی کرے گا۔

٣ـ الذِكرُ نورٌ.

(۳) ذکر (خدا) نور ہے۔

٤ـ العافيةُ عَشَرَةُ أجزاءٍ، تِسْعَةٌ منها في الصَّمْتِ إلّا مِن ذِكرِ الله تعالى، وواحِدٌ في تَركِ مُجالَسَةِ السُّفهاءِ.

(۴) عافیت کے دس جزء ہیں جن میں ذکر الٰہی کے علاوہ نو اجزاء خاموشی میں ہیں اور ایک جزء بیوقوفوں کی صحبت سے پرہیز میں ہے

٥ـ كُلُّ قَولٍ ليسَ للهِ فيه ذِكرٌ فلَغْوٌ.

(۵) ہر وہ بات جو یاد الٰہی سے خالی ہو لغو ہے۔

٦ـ أحسَنُ أفعالِ الجَوارِحِ ألاّ تَزالَ مالِئاً فاكَ بِذكرِ اللهِ سبحانَه.

(۶) اعضاو جوارح کا بہترین عمل یہ ہے کہ تمہاری زبان ہمیشہ ذکر الٰہی میں مشغول رہے۔

٧ـ الذِكرُ ذِكرانِ: أحدُهما ذِكرُ اللهِ وتَحميدُه، فما أحسَنَهُ وأعظَمَ أجرَه! والثاني ذِكرُ اللهِ عِنْدَ ما حَرَّمَ اللهُ، وهو أفضَلُ مِنَ الأوَّلِ.

(۷) ذکر دو طرح کے ہیں ان میں ایک تو اللہ تعالی کا ذکر اور حمد ہے اور ذکر کا یہ جزء کتنا عظیم و برتر ہے! اور دوسرا ذکر، حرام اشیاء میں مبتلا ہونے کے موقع پر ذکر خدا کرنا یہ پہلے ذکر سے برتر ہے۔

٨ـ أفضَلُ الأعمالِ أن تَمُوتَ ولِسانُك رَطْبٌ بِذِكرِ الله.

(۸) سب سے بہتر عمل یہ ہے کہ مرتے دم تک تم ذکر الٰہی میں رطب اللسان رہو۔

٩ـ ذاكِرُ اللهِ في الغافِلينَ كالشجرةِ الخَضراءِ في وَسَطِ الهَشيمِ، وكالدارِ العامِرَةِ بينَ الرُّبوعِ الخَرِبَةِ.

(۹) اللہ کو غافلوں کے درمیان یاد کرنے والا اس سرسبز پودے کی طرح ہے جو خشک گھاس کے درمیان ہو یا اس تعمیر شدہ گھر کی طرح ہے جو خرابات کے درمیان ہو۔

١٠ـ ثلاثةٌ مِن أشَدِّ الأعمالِ: ذِكرُ اللهِ على كلِّ حالٍ، ومُواساةُ الإخوانِ بِالمالِ، وإنصافُ الناسِ مِن نَفسِك.

(۱۰) تین کام بڑے مشکل ہیں: ہر حالت میں اللہ کو یاد رکھنا، مال کے ذریعے اپنے بھائیوں کی مدد کرنا اور لوگوں کے ساتھ خود سے انصاف کرنا۔

١١ ـ الذِكـرُ يُـونِسُ اللُّبَّ، ويُـنيرُ القَـلبَ، ويَسْتَنزِلُ الرَّحْمَة.

(۱۱) ذکر، عقل کی وحشتوں کو دور کر کے قلب کو روشن کر دیتا ہے اور نزول رحمت کا باعث بنتا ہے۔

١٢ ـ الذِكرُ نـورُ العَـقلِ، وحَـياةُ النُـفوسِ، وجَلاءُ الصُدور.

(۱۲) ذکر (خدا) عقل کی روشنی، نفس کی حیات اور سینوں کے لئے جلا ہے۔

١٣ ـ المؤمِن دائِمُ الذِكرِ، كثيرُ الفِكـرِ، عَـلى النَّعْماءِ شاكِرٌ، وفي البَلاءِ صابِرٌ.

(۱۳) مومن ہمیشہ ذکر کرنے والا، بہت زیادہ (آخرت کے متعلق) سوچنے والا ہوتا ہے وہ نعمتوں پر شاکر اور بلاؤں پر صابر ہوتا ہے۔

١٤ ـ العاقِلُ مَن عَقَلَ لسانَهُ إلّا عَن ذِكرِ الله.

(۱۴) عاقل وہ ہے جو ذکر الٰہی کے علاوہ ہر چیز سے سے اپنی زبان روکے رکھے۔

١٥ ـ الذِكرُ مُجالَسَةُ المَحبوب.

(۱۵) ذکر، محبوب کے ساتھ بیٹھنے کے طرح ہے۔

١٦ ـ الذِكرُ الجَميلُ إحدى الحَياتَين.

(۱۶) ذکر جمیل دو زندگیوں میں سے ایک زندگی ہے۔

١٧ ـ الذِكرُ مِفتاحُ الأُنْس.

(۱۷) ذکر الٰہی انس و الفت کی کنجی ہے۔

١٨ ـ الذِكرُ يَشرَحُ الصَّدْر.

(۱۸) ذکر الٰہی سینے کو کشادہ کر دیتا ہے۔

١٩ ـ أفيضُوا في ذِكرِ الله، فإنَّهُ أحسَنُ الذِكر.

(۱۹) خدا کے ذکر سے فیض یاب ہوا کرو کہ یہ بہترین ذکر ہے۔

٢٠ ـ إستَديموا الذِكرَ، فإنّه يُنيرُ القَلبَ، وهو أفضَلُ العِبادة.

(۲۰) ذکر الٰہی کو دوام دو کیونکہ یہ دل کو منور کرتا ہے اور یہ سب سے بافضیلت عبادت بھی ہے۔

٢١ ـ إشحَنِ الخَلْوَةَ بالذِكرِ واصحَبِ النِّعَمِ بالشُكر.

(۲۱) خلوت کو ذکر (خدا) سے پر کرو اور نعمتوں کے ساتھ شکر ادا کرو

٢٢ ـ إذا رأيتَ اللهَ سبحانَه يونِسُك بِـذكرِه، فقد أحَبَّك.

(۲۲) اگر تم نے دیکھا کہ اللہ تمھیں اپنے ذکر سے مانوس کر رہا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ تمھیں دوست رکھنے لگا ہے۔

٢٣ ـ أفضَلُ العِبادةِ سَهَرُ العُـيونِ بِـذكرِ اللهِ سبحانَه.

(۲۳) بہترین عبادت ذکر الٰہی کے لئے جاگتی آنکھوں میں رات کاٹ دینا ہے۔

٢٤ ـ بذكرِ الله تُستَنْزَلُ النِّعمَة.

(۲۴) ذکر الٰہی کے ذریعے نعمتوں کا نزول چاہا جاتا ہے۔

٢٥ ـ ذِكرُ اللهِ دِعامَةُ الإيمانِ وعِصمَةٌ مِن الشَيطان.

(۲۵) ذکر خدا ایمان کا ستون اور شیطان سے بچاؤ (کا راستہ) ہے۔

٢٦ ـ ذِكرُ اللهِ سَجِيَّةُ كلِّ مُحسِنٍ وشِيمةُ كلِّ مُؤمِنٍ.

(۲۶) ذکر الٰہی ہر نیکو کار کی خوبی اور ہر مومن کی روش ہے۔

۲۷ ـ ذِكرُ الله دَواءُ أعلالِ النُفوس.

(۲۷) ذکر الٰہی نفسانی بیماریوں کی دوا ہے۔

۲۸ ـ ذِكرُ الله يُنيرُ البَصائِرَ، ويُونِسُ الضَّمائِرِ.

(۲۸) ذکر الٰہی آنکھوں کو روشن اور ضمیروں کو مانوس کر دیتا ہے۔

۲۹ ـ ذِكرُ الله شيمَةُ المتَّقِين.

(۲۹) ذکر الٰہی متقیوں کا شیوہ ہے۔

۳۰ ـ ذاكِرُ اللهِ سبحانَهُ مُجالِسُه.

(۳۰) اللہ کو یاد رکھنے والا اس کا ہم نشین ہوتا ہے۔

۳۱ ـ ذاكِرُ اللهِ مُؤانِسُه.

(۳۱) اللہ کا ذکر کرنے والا اس سے انس رکھنے والا ہوتا ہے۔

۳۲ ـ ذاكِرُ اللهِ مِن الفائِزين.

(۳۲) اللہ کو یاد کرنے والا کامیاب لوگوں میں سے ہوتا ہے۔

۳۳ ـ عليك بِذكرِ اللهِ، فإنّه نورُ القَلب.

(۳۳) تمہارے لئے ذکر الٰہی لازم ہے کیونکہ یہ دل کا نور ہے۔

۳٤ ـ في الذِكرِ حياةُ القُلوب.

(۳۴) ذکر الٰہی میں قلب کی حیات ہے۔

۳۵ ـ مَن ذَكَرَ اللهَ ذَكَرَه.

(۳۵) جس نے اللہ کو یاد کیا اللہ اسے یاد رکھے گا۔

۳٦ ـ مَن عَمَّرَ قَلبَهُ بِدوامِ الذِّكرِ حَسُنَت أفعالُهُ في السِّرِّ و الجَهر.

(۳۶) جو اپنے دل کو ذکر الٰہی میں مداومت کے ذریعے تعمیر کرے گا اس کے تمام ظاہری و باطنی اعمال اچھے ہو جائیں گے۔

۳۷ ـ لا تَذكُرِ اللهَ سُبحانَه ساهياً، ولا تَنسَه لاهياً، وَ اذكُره ذِكراً كاملاً، يُوافِقُ فيه قلبُك لسانَك، ويُطابِقُ إضمارُك إعلانَك، ولن تَذكُرَهُ حَقيقةَ الذِّكرِ حتّى تنسىٰ نفسَك في ذكرِك، وتَفقِدُها في أمرِك.

(۳۷) اللہ کو بھولے بھٹکے یاد نہ کرو اور نہ ہی مستی میں اسے ایک دم ہی سے بھلا بیٹھو بلکہ اس کا ذکر یوں مکمل طور پر کرو کہ جس میں تمہارا دل، تمہاری زبان کے اور تمہارا ظاہر، تمہارے باطن کے مطابق ہو اور تم حقیقی طور سے ذکر الٰہی اس وقت تک نہیں کر سکتے جب تک تم ذکر کے وقت خود اپنے آپ کو فراموش نہ کر دو گے اور اپنے امور میں اپنے نفس کو چھوڑ نہ دو گے۔

[۸٦]

# الذُّلّة = ذلت و خاکساری

١ـ طُوبىٰ لِمَن ذَلَّ في نَفْسِه.
(۱) خوشخبری ہے اس کے لئے جو اپنے آپ میں ذلیل ہوگیا (یعنی منکسر مزاج ہو اور دوسروں کی نظروں میں باعزت و بزرگ ہو)

٢ـ الطامعُ في وثاقِ الذُّلّ.
(۲) لالچی آدمی ذلت میں گرفتار ہوتا ہے۔

٣ـ إنّ الله يُذِلُّ كلَّ جَبّارٍ و يُهينُ كلَّ مُختالٍ.
(۳) اللہ ہر جبار کو ذلیل اور ہر متکبر کو بے عزت کرتا ہے۔

٤ـ مَن استَهانَ بالأمانَةِ، ورَتَع في الخِيانة، وَلَم يُنَزِّه نَفْسَهُ و دينَهُ عنها، فقد أحَلّ بنفسِه الذُّلَّ والخِــزْيَ في الدُّنـيا، وهــو في الآخِـرةِ أذَلُّ وأخْزَى.
(۴) جس نے امانت سے لاپرواہی برتی، خیانت کی طرف گامزن ہوا اور اپنے دین و نفس کو اس سے دور نہ رکھا تو بلاشبہ اس نے اپنے آپ کو دنیا میں قعر مذلت میں ڈھکیل دیا اور آخرت میں اس سے زیادہ ذلیل و رسوا ہوگا۔

٥ـ رَضِيَ بالذُّلِّ مَن كَشَفَ ضُرَّه.
(۵) جو اپنی ہر پریشانی کو کھل کر (ہر ایک سے) بیان کر دیتا ہے وہ اپنی ذلت سے راضی ہوتا ہے۔

٦ـ مَن تَكَبَّرَ على الناسِ ذَلَّ.
(۶) جو لوگوں کے درمیان تکبر کرتا ہے وہ ذلیل ہوتا ہے۔

٧ـ القِلَّةُ ذِلَّةٌ.
(۷) قلت ذلت ہے۔

٨ـ قِلَّةُ الثِقَةِ بعِزّ الله ذِلّةٌ.
(۸) اللہ کی عز و شان پر کم بھروسہ کرنا ذلت ہے۔

٩ـ الكَذِبُ ذُلٌّ.
(۹) جھوٹ ذلت ہے۔

١٠ـ مَـن تَـلَذَّذَ بِمَعْصِيَةِ الله أوْرَثَـهُ اللهُ ذُلّاً.
(۱۰) جو اللہ کی نافرمانی میں لذت محسوس کرتا ہے اللہ اسے ذلت سونپ دیتا ہے۔

١١ـ الناسُ مِن خَوْفِ الذُّلِّ في الذُّلّ.
(۱۱) لوگ ذلت کے خوف سے ذلیل ہوتے ہیں۔

١٢ـ نِفاقُ المَرْءِ ذِلَّةٌ.
(۱۲) انسان کی منافقت ذلت ہے۔

١٣ـ الذُّلُّ مَعَ الطَّمَع.
(۱۳) ذلت لالچ کے ساتھ ہے۔

۱٤ ـ لا تُرَدُّ بأسُ العَدُوِّ القَوِيّ و غَضبه بِمِثْلِ الخُضوعِ والذُّلِّ، كسَلامَةِ الحَشيشِ مِن الرّيحِ العاصِفِ بانثِنائِه مَعَها كَيفما مالَتْ.

(۱۴) قوی و قدرت مند دشمن کی قوت کا انکساری سے بڑھکر کوئی جواب نہیں جیسے گھاس تیز طوفانی ہواؤں میں طوفان کے ساتھ ساتھ ہر طرف جھکنے کی وجہ سے بچی رہتی ہے ۔

١٥ ـ الذُّلُّ مع الدَّيْن.

(۱۵) ذلت قرض کے ہمراہ ہے ۔

١٦ ـ مَن طَلَبَ عِزّاً بظُلْمٍ وباطِلٍ أورَثَهُ الله ذُلّاً بإنصافٍ وحَقّ.

(۱۶) جو ظلم و باطل کے ذریعے طالب عزت ہوتا ہے اللہ اسے انصاف و حق کے ذریعے ذلت دے دیتا ہے ۔

١٧ ـ إحتِمالُ الفَقْرِ أحسَنُ مِن احتمالِ الذُلِّ، لأنّ الصَّبْرَ على الفَقْرِ قَناعَةٌ والصَّبْرَ على الذُلِّ ضَراعَة.

(۱۷) فقر کا تحمل ذلت کے تحمل سے بہتر ہے کیونکہ فقیری پر صبر کر لینا قناعت ہے اور ذلتوں پر صبر کئے رہنا بے غیرتی و ذلت ہے ۔

١٨ ـ أذَلُّ النّاسِ مُعتَذِرٌ إلى اللَّئيمِ.

(۱۸) ذلیل ترین آدمی وہ ہے جو لئیم سے عذر خواہی کرے ۔

١٩ ـ قيل له عليه السلام: أَيُّ ذُلٍّ أذَلُّ؟ قال عليه السلام: الحِرصُ على الدُّنيا.

(۱۹) آپ سے پوچھا گیا "کون سی ذلت سب سے زیادہ بری ہے؟" آپ نے فرمایا "دنیا کی لالچ ۔"

٢٠ ـ آفَةُ الحِلْمِ الذُلّ.

(۲۰) حلم کی آفت ذلت ہے ۔

٢١ ـ ساعَةُ ذُلٍّ لا تَفِي بِعِزِّ الدَّهْرِ.

(۲۱) ذلت کی ایک گھڑی کو زمانے بھر کی عزت بھی نہیں لوٹا سکتی

٢٢ ـ طُوبىٰ لِمَن ذَلَّ في نَفْسِه، وعَزَّ بِطاعَتِه، وغَنِيَ بِقَناعَتِه.

(۲۲) خوشخبری و خوشبختی ہے اس شخص کے لئے جو اپنے آپ میں ذلیل رہا، اطاعت خدا کے ذریعے عزت دار بنا اور اپنی قناعت پسندی کے ذریعے مالدار ہوا۔

٢٣ ـ كلُّ عَزيزٍ غَيْرِ اللهِ سبحانَه جَلَّ جَلالُه ذَليلٌ.

(۲۳) اللہ جل جلالہ کے علاوہ تمام عزت دار ذلیل ہیں ۔

٢٤ ـ مَن استَنْجَدَ ذَليلاً ذَلَّ.

(۲۴) جو ذلیل سے مدد چاہے گا وہ ذلیل ہو گا۔

٢٥ ـ مَن تَذَلَّلَ لأبْناءِ الدُّنيا تَعرّىٰ مِن لِباسِ التَّقْوىٰ.

(۲۵) جو دنیوی افراد کے سامنے خاکساری و ذلت کا مظاہرہ کرتا ہے وہ اپنے جسم سے خلعت تقویٰ اتار پھینکتا ہے ۔

[ ۸۷ ]

# الذَّمّ = مذمت

١ ـ قال عليه السلام و قد سَمِعَ رجلاً يَذُمُّ الدُّنيا: أيّها الذّامُّ للدُّنيا، المُغْتَرُّ بِغُرورِها، المَخْدُوعُ بِأباطيلِها! أتَغْتَرُّ بالدُّنيا ثمّ تَذُمُّها.

(۱) آپ نے ایک شخص کو دنیا کی مذمت کرتے ہوئے سنا تو فرمایا۔ "اے دنیا کی مذمت کرنے والے اس کی فریبکاریوں سے دھو کا کھانے والے، اس کی جھوٹی باتوں سے فریب کھاجانے والے! تو دنیا کی فریب کاریوں میں الجھا ہے اور پھر اس کی مذمت کر رہا ہے ؟۔"

٢ ـ الدُّنيا دارٌ بالبلاءِ مَحفوفَةٌ و بِالغَدْرِ مَعروفَةٌ... أحوالٌ مُختَلِفَة، و تاراتٌ مُتَصَرِّفَةٌ، العَيشُ فيها مَذمومٌ و الأمانُ منها مَعدومٌ.

(۲) دنیا ایک ایسا گھر ہے جو بلاؤں سے پر، غداری میں مشہور ہے جس کے حالات ہر دم بدلتے رہتے ہیں اور جس کے دفعات (ہر روز) متغیر ہوتے رہتے ہیں اس میں زندگی قابل مذمت اور اس میں امن معدوم ہے۔

٣ ـ لقد كان في رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم كافٍ لك في الأُسوة و دليلٌ لك على ذَمِّ الدُّنيا و عَيبِها و كِثرةِ مَخازيها و مَساويها، إذ قُبِضَتْ عَنه أطرافُها و وُطِّئَتْ لِغيرِهِ أكنافُها و فُطِمَ عَن رَضاعِها و زُوِيَ عن زَخارِفِها.

(۳) بلاشبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی بہترین سیرت دنیا کے عیوب و مذمت اور حد درجہ ذلت و برائیوں کے لئے بطور دلیل کافی ہے کیونکہ یہ دنیا لوگوں کے ہاتھوں سے لے جاتی ہے اور اس کی زمین دوسروں کے لئے ہموار کر دی جاتی ہے، اس سے تعلق ختم کر دیا جاتا ہے اور اس کی دلکشیوں سے محروم کر دیا جاتا ہے۔

٤ ـ ذَمُّ الرَّجُلِ نفسَهُ في العَلانِيَةِ مَدْحٌ لها في السِّرّ.

(۴) انسان کا علانیہ طور پر خود کی مذمت کرنا دراصل ڈھکے چھپے طور پر اپنی تعریف کرنا ہے۔

٥ ـ ذَمُّ العُقلاءِ أشَدُّ مِن عُقوبَةِ السُّلطان.

(۵) عقلاء کی مذمت حکمرانوں کی سزاؤں سے بدتر ہے۔

٦ ـ إذا ذَمَمْتَ فاقْتَصِد.

(۶) جب تم مذمت کرو تو میانہ روی اختیار کرو۔

٧ ـ مَن لَم يَدَعْ وهُوَ مَحمودٌ، يَدَعْ وهُوَ مَذْمُومٌ.

(۷) جو اپنے آپ کو قابل تعریف حالت میں نہیں رکھتا وہ قابل مذمت حالات میں گھر جاتا ہے۔

٨ ـ لا تُذَمُّ أبداً عَواقِبَ الإحسان.

(۸) احسان کے نتیجوں کی کبھی مذمت نہیں کی جاتی۔

[۸۸]

# الذَّنْب = گناہ

١ ـ أَشَدُّ الذُّنوبِ ما استَهانَ بِهِ صاحِبُه.

(۱) بدترین گناہ وہ ہے جس کا انجام دہندہ اسے ہلکا سمجھے۔

٢ ـ تَرْكُ الذَّنْبِ أَهْوَنُ مِن طَلَبِ المَعونَة(التوبة).

(۲) ترک گناہ طلب توبہ سے زیادہ آسان ہے۔

٣ ـ ما أَهَمَّني ذَنْبٌ أُمهِلْتُ بعدَهُ حتّى أُصَلِّيَ رَكْعَتَينِ، وأسألَ اللهَ العافِيَة.

(۳) مجھے ایسے گناہ کی پرواہ نہیں جس کے بعد مجھے اتنی مہلت مل جائے کہ میں دو رکعت نماز پڑھ لوں اور اللہ سے عافیت مانگ لوں۔

٤ ـ الحِرصُ والكِبْرُ والحَسدُ دَواعٍ إلى التقَحُّمِ في الذُّنوب.

(۴) حرص و حسد اور تکبر گناہوں میں ڈوب جانے کے باعث ہوتے ہیں۔

٥ ـ لا خيرَ في الدُّنيا إلّا لَرجُلَين: رَجُلٌ أذنبَ ذُنوباً فهو يَتَدارَكُها بالتَّوْبَةِ، ورَجُلٌ يُسارِعُ في الخَيْرات.

(۵) دنیا میں صرف دو طرح کے لوگوں کی بھلائی ہے: ایک وہ جس نے گناہ تو کیا مگر توبہ کے ذریعے اس کا تدارک بھی کر لیا اور دوسرا وہ جس نے نیک کاموں میں جلدی کی۔

٦ ـ إيّاك أن تَعْتَذِرَ مِن ذَنْبٍ تَجِدُ إلى تَرْكِهِ سَبيلاً، فإنّ أحسَنَ حالِكَ في الاعتِذارِ أن تَبلُغَ مَنزِلَةَ السَلامَةِ مِن الذُّنوب.

(۶) تم ایسے گناہ کی عذرخواہی سے بچو جسے ترک کرنے کا تمہارے پاس کوئی راستہ موجود ہو کیونکہ عذر خواہی کی سب سے اچھی حالت یہ ہے کہ تم اس کے بعد گناہوں سے سلامتی کی منزل پر پہنچ جاؤ۔

٧ ـ مِن كَفّاراتِ الذُّنوبِ العِظامِ إغاثَةُ المَلْهوفِ، والتَّنْفيسُ عن المكروب.

(۷) بڑے بڑے گناہوں کے کفاروں میں ستم زدہ کی فریاد رسی اور پریشان حال لوگوں کو آرام پہنچانا ہے۔

٨ ـ لا تُكثِرِ العَتَبَ في غَيْرِ ذَنْبٍ.

(۸) گناہ کے علاوہ دوسری چیزوں میں زیادہ سرزنش نہ کرو۔

٩ ـ كَمْ مِن عاكِفٍ على ذَنْبِه، تابَ في آخِرِ عُمُرِه.

(۹) کتنے ایسے ہیں جو برابر گناہ کرتے رہتے ہیں مگر آخر عمر میں انھیں توفیق توبہ حاصل ہو جاتی ہے۔

١٠ ـ لاتَيْأَس مِن الذَّنْبِ وبابُ التَّوبَةِ مَفتوحٌ.

(۱۰) گناہ سے مایوس نہ ہو جبکہ باب توبہ کھلا ہوا ہے۔

١١ ـ لا تَرجُوَنَّ إلّا ربَّك، ولا تَخافَنّ إلّا ذَنْبَك.

(۱۱) اپنے پروردگار کے علاوہ کسی اور سے پر امید نہ ہو اور اپنے گناہوں کے علاوہ کسی اور سے خوف زدہ نہ رہو۔

١٢ ـ كَفىٰ بِالظَّفَرِ شَفيعاً لِمُذنبٍ.

(۱۲) گنہ گار کی کامیابی کے لئے بس یہی کافی ہے کہ اس کے لئے کوئی شفیع موجود ہے۔

١٣ ـ إعادَةُ الاعتِذارِ تَذكيرُ الذَّنب.

(۱۳) معذرت کی تکرار گناہوں کی یاددہانی ہے۔

١٤ ـ أربَعٌ يُمِتْنَ القَلْبَ: الذَّنْبُ على الذَّنْبِ، و مُلاحَاةُ الأحْمَقِ، وكَثْرَةُ مُناقَشَةِ النِساءِ، والجُلوس مع المَوْتى. قِيلَ: ومَنِ المُوتى، يا أميرَ المؤمنين؟ قال ﷺ: كلُّ عبدٍ مُتْرَفٍ.

(۱۴) چار چیزیں دل کو مردہ کر دیتی ہیں، گناہ پر گناہ کئے جانا، احمق سے بحث اور کٹ حجتی کرنا، عورتوں سے زیادہ میل جول رکھنا اور مردوں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا آپ سے پوچھا گیا "یہ مردے کون ہیں؟ "تو آپ نے فرمایا" نعمتوں میں مست رہنے والا ہر بندہ۔"

١٥ ـ إيّاكم ومُحَقَّراتِ الذُّنوب، فإنّ الصَّغيرَ مِنها يَدعُو إلى الكبير.

(۱۵) چھوٹے چھوٹے گناہوں سے بچو کیونکہ یہ چھوٹے گناہ ہی بڑے گناہوں کی طرف بلاتے ہیں۔

١٦ ـ هِمّةُ العاقِلِ تَرْكُ الذنـوب، وإصـلاحُ العُيوب.

(۱۶) عاقل کی ساری کوشش ترک گناہ اور عیبوں کی اصلاح کرنے میں صرف ہوتی ہے۔

١٧ ـ جَهْلُ المَرْءِ بعُيُوبِه مِن أعظَمِ ذُنوبِه.

(۱۷) انسان کا اپنے عیوب سے لاعلم ہونا سب سے بڑا گناہ ہے۔

١٨ ـ أيها المُستَكْثِرُ مِن الذّنـوبِ، إنّ أبـاكَ أُخرِجَ مِنَ الجَنَّةِ بذَنْبٍ واحِدٍ.

(۱۸) اے گناہ پر گناہ کئے جانے والے! تیرا باپ (جناب آدم) صرف ایک گناہ کی وجہ سے جنت سے نکال دیا گیا تھا۔

١٩ ـ ما أصابَ أحدٌ ذَنْباً لَيْلاً إلّا أصبَحَ وعَلَيهِ مَذَلَّتُه.

(۱۹) کوئی بھی شخص رات میں گناہ نہیں کرتا جز یہ کہ صبح ہوتے ہی وہ رسوائی کا سامنا کرتا ہے۔

٢٠ ـ دَعِ الذُنوبَ قَبلَ أن تَدَعَك.

(۲۰) گناہوں کو چھوڑ دو قبل اس کے وہ تمہیں چھوڑ دیں۔

٢١ ـ شَـفيعُ المُـذنِبِ إقْـرارُه، وتَـوْبَتُهُ اعتِذارُه.

(۲۱) گنہ گار کا شفیع اس کا اقرار اور اس کی توبہ اس کی عذر خواہی ہوتی ہے۔

٢٢ ـ لا ذَنْبَ مع اعتِرافٍ.

(۲۲) اعتراف کے ساتھ کوئی گناہ نہیں ہے۔

٢٣ ـ قِلّةُ الكَـلامِ تَستُرُ العُـيوبَ، وتُـقَلِّلُ الذُنوب.

(۲۳) قلت کلام عیوب کو چھپا دیتی ہے اور گناہوں کو کم کر دیتی ہے۔

٢٤ ـ ما جَفَّتِ الدُموعُ إلّا لِقَسْوَةِ القُلوبِ، وما قَسَتِ القُلوبُ إلّا لكَثْرَةِ الذُنوب.

(۲۴) آنسو صرف قساوت قلب کی وجہ سے خشک ہوتے ہیں اور قسی القلبی صرف گناہوں کی وجہ سے ہوتی ہے۔

٢٥ ـ الذُّنوبُ ثَلاثَةٌ: ذَنْبٌ مَغْفورٌ، وذَنْبٌ غيرُ مَغْفورٍ، وذَنْبٌ نَرجو لِصاحِبه ونَخافُ عليه. فأمّا الذَّنْبُ المَغفورُ، فعَبدٌ عاقَبَهُ اللهُ تعالى عَلىٰ ذَنْبِهِ في الدنيا، والله أَجَلُّ و أكرَمُ مِن أن يُعاقِبَ عَبْدَهُ مرَّتَين. وأمّا الذَّنْبُ الذي لا يُغْفَر، فظُلْمُ العِباد بَعضُهُم لبَعضٍ و أمّا الذَّنْبُ الثالِث، فَذَنْبٌ سَتَرَهُ الله عَلى خَلْقِه، ورزَقَهُ التَّوْبَةَ منه، فأصْبَحَ خائِفاً مِن ذَنْبِه، راجياً لرَبِّه، فنحنُ له كَما هُو لِنَفْسه، نَرجو له الرَّحْمَةَ، ونَخافُ عليه العِقاب.

(۲۵) گناہ تین طرح کے ہیں: بخش دیا جانے والا گناہ، نہ بخشا جانے والا گناہ اور ایک وہ گناہ جس کے لئے بخش دیئے جانے کی امید اور عذاب پانے کا خوف لاحق ہو۔ بخش دیئے جانے والے گناہ وہ ہیں جن کے لئے اللہ نے اپنے بندوں کو دنیا میں سزا دے دی ہو اور اللہ اس بات سے بہت بڑا ہے کہ ایک ہی گناہ کے لئے دو دفعہ سزا دے اور وہ گناہ جو ناقابل بخشش ہوتے ہیں وہ بندوں کا ایک دوسرے پر ظلم کرنا ہے اور تیسرا گناہ وہ ہے جسے اللہ نے مخلوقات سے پوشیدہ رکھ کر اس گنہ گار کو توفیق توبہ عطا کر دی ہو اس گنہ گار کے شب روز امید و خوف کے عالم میں گذرتے ہیں اور ہم بھی اس گنہ گار کے لئے اسی طرح ہیں ہم بھی اس کی مغفرت کے امیدوار اور عتاب سے خائف ہیں۔

٢٦ ـ مَوْتُ الإنسانِ بالذُّنوبِ أكثَرُ مِن مَوْتِه بِالأجَل.

(۲۶) لوگوں کی گناہوں کے ذریعے موت، قضا و قدر کے باعث ہونے والی اموات سے زیادہ ہوتی ہے۔

٢٧ ـ المُقِرُّ بالذُنوب تائِبٌ.

(۲۷) گناہ کا اقرار کرنے والا تائب ہوتا ہے۔

٢٨ ـ الذُّنوبُ الدّاءُ والدَّواءُ الاستِغْفارُ، والشِّفاءُ أن لا تَعود.

(۲۸) گناہ ایک ایسا مرض ہے جس کی دوا استغفار ہے اور اور اس گناہ کو نہ دہرانا اس کی شفا ہے۔

٢٩ ـ رَحِمَ اللهُ عبداً راقَبَ ذَنْبَهُ، وخافَ ربَّه.

(۲۹) اللہ اس بندے پر رحم کرے جو اپنے گناہوں سے ہوشیار اور اپنے رب سے خائف رہتا ہے۔

٣٠ ـ احذَروا الذُّنوبَ المُورِطَةَ، والعُيوبَ المُسخِطَة.

(۳۰) (تباہی کے) گرداب میں پھنسانے والے اور (اللہ کو) غضبناک کرنے والے گناہوں سے پرہیز کرو۔

٣١ ـ عَجِبتُ لمن يَحْتَمي مِن الطَّعامِ لأذِيَّتِه، كيف لا يَحْتَمي مِن الذَّنْبِ لأليمِ عُقوبَتِه؟!

(۳۱) مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو اذیت کی وجہ سے کھانے سے پرہیز کرتا ہے مگر گناہوں سے عذاب کی اذیت کی وجہ سے پرہیز نہیں کرتا؟!

٣٢ ـ أعظَمُ الذُّنوبِ عندَ اللهِ ذَنْبٌ أصَرَّ عليه عامِلُه.

(۳۲) اللہ کے نزدیک سب سے بڑا گناہ وہ ہے جس پر اس کا انجام دہندہ اصرار کرتا ہے۔

٣٣ ـ عجبتُ لِمَن عَلِمَ شِدَّةَ انتِقامِ اللهِ و هو مُقيمٌ على الإصْرار.

(۳۳) مجھے اس پر تعجب ہے جو اللہ کی شدید سزاؤں کو جانتے ہوئے بھی گناہوں کو بار بار دہراتا ہے۔

٣٤ ـ مَن أصَرَّ على ذَنْبِه اِجتَرأ على سَخَطِ ربِّه.

(۳۴) جو اپنا گناہ دہراتا ہے وہ اپنے پروردگار کے غضب پر جرات مند ہوتا ہے۔

٣٥ ـ أعظَمُ الذُنوبِ عِندَ اللهِ سبحانَه ذَنْبٌ صَغُرَ عِندَ صاحِبِه.

(۳۵) اللہ کے نزدیک سب سے بڑا گناہ وہ ہوتا ہے جسے اس کا انجام دینے والا چھوٹا سمجھے۔

٣٦ ـ أشدُّ الذُّنوبِ عِندَ الله سبحانَه ذَنْبٌ استَهانَ بِه راكِبُه.

(۳۶) اللہ کے نزدیک شدید ترین گناہ وہ ہے جس کا ارتکاب کرنے والا اس کو سبک سمجھے۔

٣٧ ـ تَهوينُ الذَّنْبِ أعظمُ مِن رُكوبِه.

(۳۷) گناہ کو ہلکا سمجھنا اس کے ارتکاب سے زیادہ بڑا ہے۔

[۸۹]

# الرأي = رائے

١ ـ من استَقْبَلَ وُجوهَ الآراءِ عَرَفَ مَواقِعَ الخَطأ.

(۱) جو (دوسروں) کے آراء کا سامنا کرتا ہے وہ غلطیوں کے موارد کو پہچان لیتا ہے۔

٢ ـ صَوابُ الرأيِ بالدُّوَلِ، يُقبِلُ بإقبالِها، ويَذْهَبُ بِذَهابِها.

(۲) رائے کی درستگی حکومت کے ساتھ ساتھ ہے جو اس کے آنے سے آجاتی ہے اور اس کے چلے جانے سے چلی جاتی ہے۔

٣ ـ مَن استَبدَّ برأيه هلَكَ، ومَن شاوَرَ الرِّجالَ شارَكَها في عُقُولِها.

(۳) جس نے صرف اپنی رائے پر بھروسہ کیا وہ ہلاک ہو گیا اور جس نے لوگوں سے مشورہ کیا وہ ان کی عقلوں میں شریک ہو گیا ہے۔

٤ ـ الخِلافُ يَهْدِمُ الرَّأيَ.

(۴) اختلاف رائے کو برباد کر دیتا ہے۔

٥ ـ رَأيُ الشيخِ أَحَبُّ إليَّ من جَلَدِ الغُلام و رُوِيَ «مِن مَشهَدِ الغلام».

(۵) بزرگ کی رائے مجھے جوان کی لڑائی سے صبر کر لینے سے زیادہ پسند ہے (اور بعض روایتوں میں آیا ہے کہ) مجھے جوان کی شہادت (یا مشاہدہ) سے زیادہ پسند ہے۔

٦ ـ اللَّجاجَةُ تَسُلُّ الرأيَ.

(۶) سخت دشمنیاں رائے کو ختم کر دیتی ہیں۔

٧ ـ الظَّفَرُ بالحَزْمِ، والحَزْمُ بإجالَةِ الرَّأيِ، والرَّأيُ بتَحْصِينِ الأَسرارِ.

(۷) کامیابی دور اندیشی سے ہے اور دور اندیشی رائے کی عظمت و جلالت سے ہے اور رائے رازوں کو چھپانے سے ہوتی ہے۔

٨ ـ مَن أُعجِبَ برأيه ضَلَّ، ومَن استَغْنى بِعِلمِه زَلَّ.

(۸) جسے اپنی ہی رائے پسند ہو گی وہ گمراہ ہو جائے گا اور جو اپنے ہی علم کو کافی سمجھے گا وہ ٹھوکر کھا جائے گا۔

٩ ـ ليس الدِّينُ بالرأيِ، إنّما هو اتّباعٌ.

(۹) دین رائے سے نہیں ہے بلکہ وہ تو صرف اتباع ہے۔

١٠ ـ لا رأيَ لِمَن انفَرَدَ برَأْيِه.

(۱۰) اس کی کوئی رائے نہیں جو اپنی الگ رائے رکھتا ہو۔

١١ ـ كَثْرَةُ الآراءِ مَفْسَدَةٌ، كالقِدْرِ لا تَطيبُ إذا كَثُرَ طَبّاخُوها.

(۱۱) کثرت آراء فساد ہے اسی طرح جیسے وہ دیگ کبھی اچھا نہیں اتر سکتا جس کے پکانے والے زیادہ ہوں گے۔

١٢ ـ مَن اسْتَرْشَدَ غيرَ العَقْلِ أخْطأ مِنْهاجَ الرَّأي.

(۱۲) جو عقل کو چھوڑ کر ہدایت طلب کرتا ہے وہ نہج آراء میں غلطی کر بیٹھتا ہے۔

١٣ ـ الرَأيُ يُرِيكَ غايَةَ الأمْرِ مَبْدَأَه.

(۱۳) رائے کام کی ابتدا ہی میں تمھیں اس کی انتہا دکھا دیتی ہے۔

١٤ ـ أوّلُ رَأي العاقِلِ آخِرُ رأيِ الجاهِلِ.

(۱۴) عاقل کی پہلی رائے جاہل کی سب سے آخری رائے ہوتی ہے۔

١٥ ـ مَن أعجَبَتْهُ آراؤه غَلَبَتْهُ أعداؤُه.

(۱۵) جسے اپنی آراء بہت بھاتی ہیں اس پر اس کے دشمن غالب آ جاتے ہیں۔

١٦ ـ الرَّأي مَع الأَناة.

(۱۶) رائے صبر و تامل کے ساتھ ہے۔

١٧ ـ بِئْسَ الظَّهيرُ الرأيُ الفَطيرُ.

(۱۷) بدترین پشتبان بلاسوچے سمجھے دینے والے کی رائے ہے۔

١٨ ـ اضرِبوا بعضَ الرأي ببَعْضٍ يتَوَلَّد مِنه الصَّواب.

(۱۸) بعض آراء کو بعض سے ٹکراؤ تو ان کے درمیان سے درست رائے نکل آئے گی۔

١٩ ـ التدبيرُ بِالرَّأيِ، الرأي بِالفِكر.

(۱۹) تدبیر، رائے کے ذریعے اور رائے فکر کے ذریعے ہوتی ہے۔

٢٠ ـ امْخِضوا الرأيَ مَخْضَ السِّقاء يُنْتِجُ سَديدَ الآراء.

(۲۰) دوسروں کی آراء کو ایسے نکالو جیسے سینچائی کے لئے پانی نکالتے ہو نتیجتاً بہترین و محکم آراء پیدا ہوں گی۔

٢١ ـ رأيُ الرَّجُلِ مِيزانُ عَقْلِه.

(۲۱) آدمی کی رائے اس کی عقل کی میزان ہوتی ہے۔

٢٢ ـ بإصالَةِ الرَّأيِ يَقومُ الحَزْم.

(۲۲) رائے کی مضبوطی کی وجہ سے دور اندیشی پائیدار ہوتی ہے۔

٢٣ ـ شَرُّ الآراءِ ما خالَفَ الشَّريعة.

(۲۳) بدترین رائے وہ ہے جو خلاف شرع ہو۔

٢٤ ـ زَلَّةُ الرَّأيِ تأتي على المُلك، وتؤذِنُ بالهُلْك.

(۲۴) رائے میں لغزش حکومت پر اثر انداز ہوتی ہے اور ہلاکت کا اعلان ہوتی ہے۔

٢٥ ـ صَوابُ الرَّأيِ يؤمِنُ الزَّلَل.

(۲۵) صواب رائے لغزشوں سے بچائے رکھتی ہے۔

٢٦ ـ مَن أعمَلَ الرَّأيَ غَنِم.

(۲۶) جو رائے کو بروئے کار لاتا ہے وہ فائدہ میں رہتا ہے۔

٢٧ ـ مَن أضاعَ الرَّأيَ ارْتَبَك.

(۲۷) جو رائے کو ضائع کرتا ہے وہ پھنس جاتا ہے۔

٢٨ ـ مَن ضَعُفَتْ آراؤه قَوِيَتْ أعدائُه.

(۲۸) جس کی آراء کمزور ہوں گی اس کے دشمن زیادہ ہوں گے۔

٢٩ ـ قد يَزِلُّ الرَّأيُ الفَذُّ.

(۲۹) کبھی کبھی بہترین و منفرد آراء بھی لغزشوں والی ہوتی ہیں۔

۳۰ـ قد تَغرُبَ الآراء.

۳۱ـ ما أُعجَبَ برأيه إلّا جاهِلٌ.

۳۲ـ لا تَستَعمِلوا الرَّأيَ فيما لا يُدرِكُهُ البَصَر، ولا يَتَغَلْغَلُ إليه الفِكَر.

(۳۰) کبھی کبھی آراء (صحیح راستے سے) دور ہو جاتی ہیں۔

(۳۱) اپنی رائے سے صرف جاہل ہی خوش ہو سکتا ہے۔

(۳۲) اپنی رائے ان اشیاء میں استعمال نہ کرو جو نظروں سے دور اور قوت تفکیر کی پہنچ سے پرے ہوں۔

[۹۰]

# الرياسة = ریاست

١ ـ آلَةُ الرّياسَةِ سَعَةُ الصَّدر.

(۱)ریاست کا وسیلہ سینے کی کشادگی ہے۔

٢ ـ إنّما يَستَحِقُّ السِّيادَةَ مَن لا يُصانِعُ، ولا يُخادِعُ، ولا تَغُرُّهُ المَطامع.

(۲) سرداری کا صرف اسے ہی حق حاصل ہے جو تصنع اور دھوکا دھڑی سے کام نہ لیتا ہو اور نہ ہی اسے لالچیں فریب دے سکتی ہوں۔

٣ ـ مَن حَلُمَ سادَ، ومَن سادَ استفاد.

(۳) جو حلم اختیار کرتا ہے وہ سردار ہو جاتا ہے اور جو سردار ہو جاتا ہے وہ فائدہ میں رہتا ہے۔

٤ ـ مَن طَلَبَ الرّياسَةَ صَبَرَ عَلَى السِّياسَة.

(۴) جو ریاست کا طالب ہو گا وہ سیاست پر صبر کرے گا۔

٥ ـ مَنْ ساسَ رَعِيَّةً حَرُم عليه السُكرُ عَقْلاً، لأنّه قَبيحٌ أن يَحتاجَ الحارِسُ إلى مَن يَحرُسُه.

(۵) جو کسی قوم کا رئیس ہو گا اس پر عقل کی مستی حرام ہو گی کیونکہ یہ بڑی بری بات ہے کہ نگہبان خود ایک محافظ کا محتاج رہے۔

٦ ـ أضَرُّ الأشياء عليك أن تُعلِمَ رئيسَك أنّك أعرفُ بِالرِياسة مِنه.

(۶) تمہارے لئے سب سے زیادہ نقصان دہ چیز یہ ہے کہ تم اپنے مالک کو یہ باور کراؤ کہ تم اس سے زیادہ سرداری کا علم رکھتے ہو۔

٧ ـ مَن ساسَ نَفسَهُ بِالصبرِ على جَهلِ الناسِ صَلُحَ أن يكون سائِساً.

(۷) جو لوگوں کی جہالت کے مقابل اپنے آپ کو صبر کی عادت ڈال لیتا ہے اس کے اندر سیاسی بننے کی صلاحیت ہوتی ہے۔

٨ ـ حُبُّ الرِياسةِ شاغِلٌ عَن حُبِّ اللهِ سُبحانَه.

(۸) حب ریاست اللہ کی محبت سے دور کر دیتی ہے۔

٩ ـ لا تَقْبَلِ الرِّياسةَ على أَهْلِ مَدينَتِك، فإنّهم لا يستَقيمُونَ لك إلّا بما تَخرُجِ بِهِ مِن شَرْطِ الرَئيسِ الفاضِل.

(۹) اپنے شہر والوں کی سرداری کبھی نہ قبول کرنا کیونکہ وہ تمہارے لئے اس وقت تک سیدھے نہیں ہوں گے جب تک تم وہ اعمال انجام نہیں دوگے جن کے سبب تم فاضل سرداروں کے زمرے سے خارج ہو جاؤ۔

١٠ ـ السُّلطانُ حَياةُ الرَّعيةِ، وصَلاحُ البَرِيَّة.

(۱۰)سلطان، عوام کی زندگی اور معاشرہ کی صلاح ہے۔

١١ ـ آفَةُ العُلَماءِ حُبُّ الرِّياسَة.

(۱۱)علماء کی آفت حب ریاست ہے۔

١٢ ـ مَنْ بَذَلَ مَعروفَهُ استحَقَّ الرِّياسَة.

(۱۲)جو اپنی نیکیاں لٹاتا ہے وہ ریاست کے لائق ہوتا ہے۔

١٣ ـ مَنْ قَصَّرَ عَنِ السِّياسةِ صَغُرَ عَنِ الرِّياسة.

(۱۳) جو سیاسی امور میں کوتاہی کرتا ہے وہ ریاست کے سامنے کوتاہ ہو جاتا ہے۔

١٤ ـ ما سادَ مَنِ احتاجَ إخوانُهُ إلى غَيْرِه.

(۱۴) وہ ہرگز سردار نہیں ہوتا جس کے بھائی کسی اور کے محتاج رہیں۔

١٥ ـ السيّدُ مَن تَحمَّلَ أثقالَ إخوانِه، وأحسَنَ مُجاوَرَةَ جِيرانِه.

(۱۵) سردار وہ ہے جو اپنے بھائیوں کا بوجھ خود اٹھائے اور پڑوسیوں کے ساتھ نیکیاں انجام دے۔

١٦ ـ آفَةُ الزُّعَماءِ ضَعْفُ السِّياسَة.

(۱۶) (حکومت کے) نگرانوں کی آفت سیاسی کمزوری ہے۔

١٧ ـ حُسْنُ السِّياسَةِ يَسْتَديمُ الرِّياسة.

(۱۷) حسن سیاست ریاست کو دوام بخشتی ہے۔

١٨ ـ فَضيلةُ الرِّياسةِ حُسْنُ السياسَة.

(۱۸) فضیلت ریاست، حسن سیاست ہے۔

١٩ ـ مَن حَسُنَتْ سياستُهُ دامَت رِياسَتُه.

(۱۹) جس کی سیاست اچھی ہوگی اس کی ریاست باقی رہے گی۔

[۹۱]

# الرَّجاء = امیدواری

١ ـ قَليلٌ تَدومُ عَليهِ أرْجىٰ مِن كثيرٍ مَمْلولٍ مِنه.

(۱) وہ تھوڑا کام جس پر تم مداومت کر سکو اس زیادہ کام سے بڑھ کر امید افزا ہے جو کوفت کا باعث ہو۔

٢ ـ لا ترجُوَنّ إلّا ربَّك.

(۲) اپنے پروردگار کے علاوہ کسی اور سے امید نہ لگانا۔

٣ ـ أَنا للمَريضِ الذي يَشْتَهي أرْجىٰ مِنّي للصَّحيح الذي لا يَشْتَهي.

(۳) میں اس مریض کے لئے زیادہ امیدوار ہوں جو اشتہار کھتا ہے اس صحت مند آدمی کے مقابل جو اشتہا نہیں رکھتا۔

٤ ـ رُبَّ رَجاءٍ يَؤولُ إلى الحِرْمانِ، ورُبَّ أرْباحٍ تَؤُولُ إلى الخُسرانِ.

(۴) بہت سی امیدیں حرمان میں بدل جاتی ہیں اور بہت سے فائدے، گھاٹے میں۔

٥ ـ العَجَبُ مِمَّن خافَ العقاب فلم يكُفَّ، ورَجا الثوابَ فلم يَعْمَل.

(۵) تعجب ہے اس پر جو عقاب سے ڈرتا ہے مگر گناہوں سے باز نہیں آتا اور ثواب کے لئے پر امید رہتا ہے مگر عمل نہیں کرتا۔

٦ ـ مَن لجأَ إلى الرَّجاء سقَطَتْ كرامَتُه.

(۶) جو امیدوں کے دامن میں پناہ گزیں ہوگا وہ اپنی عزت کھو دے گا۔

٧ ـ أُرجُ اللهَ حتّى كأنّك لم تَعْصِه.

(۷) اللہ سے اس طرح امید لگاؤ جیسے تم نے اس کی نافرمانی ہی نہ کی ہو۔

٨ ـ قال ﷺ لرَجُل: كيف أنْتَ؟ قال: أرجُو اللهَ وأخافُه. فقال ﷺ: مَن رَجا شيئاً طَلَبه، وَمن خافَ شيئاً توَقّاه.

(۸) آپ نے ایک آدمی سے کہا "تم کیسے ہو"؟ تو اس نے جواب دیا "اللہ سے امید بھی لگائے ہوں اور ڈرتا بھی ہوں" تو آپ نے فرمایا۔ "جو کسی چیز کی امید لگاتا ہے وہ اس کی طلب میں کوشش کرتا ہے اور جو کسی چیز سے ڈرتا ہے تو وہ اس سے بچتا بھی ہے۔"

٩ ـ لا يَنْبَغي للعاقِل أن يُظهِرَ سُروراً برَجاءٍ، لأنّ الرَّجاءَ غُرورٌ.

(۹) عاقل کے شایان شان نہیں کہ وہ امیدوں کے سہارے اپنی خوشی کا اظہار کرے کیونکہ امید ایک فریب ہے۔

١٠ ـ أعظَمُ البَلاءِ انقِطاعُ الرّجاء.

(۱۰) عظیم ترین بلا امیدوں کا ٹوٹ جانا ہے۔

۱۱ ـ إنّكم إن رَجَوْتُمُ اللهَ بلَغتُمْ آمالَكم، وإن رجَوتُم غيرَ اللهِ خابَتْ أَمانيُّكُم وَ آمالُكم.

(۱۱) یقیناً اگر تم نے اللہ سے امیدیں لگائیں تو (یقیناً) اپنی آرزؤوں تک پہنچ جاؤگے اور اگر تم نے غیر اللہ سے اپنی امیدیں وابستہ کر لیں تو تمہاری تمام آرزوئیں اور تمنائیں خاک میں مل جائیں گی۔

۱۲ ـ كُنْ لِمٰا لا تَرْجو أقربُ مِنك لما تَرْجُو.

(۱۲) جن چیزوں کی تمھیں امید نہ ہو ان سے ان چیزوں کے مقابل زیادہ قریب رہو جن چیزوں کی تمھیں امید ہو۔

۱۳ ـ مَن رَجاكَ فَلا تُخَيِّبْ أمَلَه.

(۱۳) جس نے تم سے امید لگائی اس کی امید نہ توڑو۔

[۹۲]

# الرِّزق = رزق

١ ـ اسْتَنزِلوا الرِّزقَ بِالصَّدَقَة.

(۱) صدقہ کے ذریعے نزول رزق طلب کرو۔

٢ ـ [ الى عبدالله بن العباس ] فـإنّك لستَ بِسابِقٍ أجَلَك، ولا مَرزوقٍ ما ليسَ لك.

(۲) (عبداللہ ابن عباس کو لکھا) تم اپنی اجل پر سبقت نہیں لے جا سکتے اور نہ ہی تمھیں وہ چیزیں حاصل ہو سکتی ہیں جو تمہارے لئے نہیں ہیں۔

٣ ـ يا ابن آدم، الرِّزقُ رِزْقان: رِزْقٌ تَـطْلُبُه، ورِزْقٌ يَطلُبُك، فإن لم تَأتِه أتاك، فلا تَحمِل هَمَّ سَنَتِك على هَمِّ يومِك، كَفاك كلُّ يومٍ على ما فِيه، فإنْ تكُنِ السَّنَةُ مِن عُمرِك فإنّ اللهَ تعالى سَيُؤتيك في كلِّ غَدٍ جَديدٍ ما قَسمَ لك، وإن لم تَكنِ السَنةُ مِن عُمُرِك فما تَصنعُ بِالهَمّ فيما لَيس لَك، ولَن يَسـبِقَكَ إلى رِزْقِكَ طـالِبٌ، ولَـن يَغْلِبَكَ عَليه غالِبٌ، ولَن يُبْطِئَ عنك ما قـد قُدِّرَ لك.

(۳) اے ابن آدم! رزق دو طرح کے ہوتے ہیں، ایک وہ رزق جسے تم چاہتے ہو اور دوسرا وہ جو تمھیں چاہتا ہے لہٰذا اگر تم اس رزق تک نہ پہنچ سکے (جو تمھیں چاہتا ہے) تو وہ خود تم تک پہنچ جائے گا لہٰذا تم اپنے سال کی فکروں کو اپنی آج کی فکروں پر نہ لادو کیونکہ تمہارا ہر دن اپنی فکروں کے لئے کافی ہے اگر تمہاری عمر میں (پورا) سال لکھا ہوگا تو اللہ "کل" تمھیں تمہاری قسمت کا لکھا دے ہی دے گا اور اگر تمہاری قسمت میں (آنے والا) ایک سال نہ لکھا ہوگا تو پھر تمھیں ایسی چیز کے بارے میں سوچنے سے کیا فائدہ جو تمہاری نہیں، جبکہ ظاہر سی بات ہے کہ تمہارے رزق کو کوئی اور طالب تم سے پہلے ہر گز حاصل نہیں کر سکتا اور نہ ہی اس کے حصول میں تم پر کوئی اور غالب آسکتا ہے اور جو کچھ تمہارے لئے مقدر ہو گیا ہو گا اس کے تم تک پہنچنے میں دیر بھی نہیں ہو گی۔

٤ ـ يا ابنَ آدَم، لا تَحْمِلْ هَمَّ يَـوْمِكَ الذي لم يأتِكَ على يَوْمِكَ الذي قَد أتاكَ، فإنّه إنْ يَكُ مِن عُمرِك يأتِ اللهُ فِيه برِزْقِك.

(۴) اے ابن آدم تم اپنے نہ آنے والے دن کی فکریں آئے ہوئے دن پر مت لادو کیونکہ اگر وہ دن تمہاری عمر میں شامل ہو گا تو اللہ اس آنے والے دن مین بھی تمہارے رزق کا انتظام کر دے گا۔

٥ ـ مَن رَضِيَ بِـرزقِ اللهِ لَمْ يَحـزنْ عَـلىٰ مـا فاتَه!

(۵) جو رزق الٰہی سے راضی ہوتا ہے وہ چھوٹ جانے والی اشیاء سے رنجیدہ نہیں ہوتا۔

٦ ـ شارِكُوا الذي قد أقبلَ عَليه الرِّزْقُ، فإنّه أخْلَقُ للغِنىٰ وأجْدَرُ بإقبالِ الحظِّ عليه.

(۶) جس کے پاس رزق کی فراوانی ہو اس کے شریک بنو کیونکہ وہ تونگری کے لئے (دوسروں کے مقابل) زیادہ شائستہ اور خوش قسمتی کے لئے اوروں سے زیادہ مستحق ہوتا ہے۔

٧ ـ و سُئِلَ عليه السلام: كيف يُحاسِبُ اللهُ الخَلْقَ على كَثْرَتِهم؟! فقال عليه السلام: كَما يَرزُقُهم على كَثْرَتِهم. فقيل: كيف يُحاسِبُهم و لا يَرونَه؟! فقال عليه السلام: كما يرزُقُهم ولا يَرونَه.

(۷) آپ سے پوچھا گیا "اللہ اس کثیر خلق کا کیونکر حساب لے؟" تو آپ نے فرمایا "اسی طرح جیسے اس کثیر خلق کو رزق دیتا ہے۔" پھر آپ سے کہا گیا۔" بھلا اللہ ان کا کیسے حساب لے گا جبکہ وہ لوگ اسے دیکھ بھی نہ پائیں گے؟" تو آپ نے فرمایا "اسی طرح جیسے وہ انھیں رزق دیتا ہے مگر (اس کے باوجود) لوگ اسے دیکھ نہیں پاتے۔"

٨ ـ في سَعَةِ الأخلاقِ كُنوزُ الأرزاقِ.

(۸) وسعت اخلاق میں رزقوں کے خزانے ہیں۔

٩ ـ وقـيل له عليه السلام: كـيفَ الرِّزْقُ والأَجَـلُ؟ فــقال عليه السلام: إنّ لك عِــندَ اللهِ رِزْقــاً، وله عِندك أجَلاً، فإذا وَفّاك ما لَكَ عِنَده أخَذَ مالَهُ عِنْدَك.

(۹) آپ سے پوچھا گیا "رزق اور اجل کیسے ہیں؟" تو آپ نے فرمایا "تمہارے لئے اللہ کے پاس رزق ہے اور اس کے لئے تمہارے پاس اجل ہے لہذا جب وہ اپنے پاس موجود تمہاری چیز (رزق) تمھیں پوری طرح سے دے لیتا ہے تو تمہارے پاس موجود اپنی چیز (زندگی کی مہلت) بھی واپس لے لیتا ہے۔

١٠ ـ لا تَشْتَغِلْ بِالرِّزقِ المَضمُونِ عَنِ العَملِ المَفروضِ.

(۱۰) (اللہ کی طرف سے ضمانت) شدہ رزق کے لئے فرض شدہ عمل سے دور نہ ہو جاؤ۔

١١ ـ مَنْ أجْمَلَ في الطَّلَبِ أتاه رِزقُهُ مِن حَيثَ لا يَحتَسِب.

(۱۱) جو (اللہ سے) مانگنے میں حسن سلیقہ کا مظاہرہ کرتا ہے اس کے پاس رزق بے حساب پہنچنے لگتا ہے۔

١٢ ـ مَن رُجي الرِزقُ لَدَيهِ صُرِفَتْ أعـناقُ الرِّجالِ إليه.

(۱۲) جس کے پاس رزق ہونے کی توقع ہوتی ہے اس کی طرف لوگوں کی گردنیں موڑ دی جاتی ہیں۔

١٣ ـ مَن زادَ عقلُه نَقَص حَظُّه، وما جعَلَ اللهُ لأحَدٍ عَقْلاً وافِراً إلّا احتسَبَ بِـه عـليه مِـن رزقه.

(۱۳) جس کی عقل بڑھ جاتی ہے اس کا نصیب گھٹ جاتا ہے اور اللہ جسے بھی بکثرت عقل عطا کرتا ہے اس کا حساب اس کے رزق میں کر لیتا ہے۔

١٤ ـ يابن آدَم، ما كسَبْتَ فوقَ قوْتِكَ فأنْتَ خازِنٌ فيه لِغَيرِك.

(۱۴) اے ابن آدم! تم نے جو کچھ بھی اپنی خوراک سے زیادہ جمع کیا ہے تو تم اس میں دوسرے کے خازن ہی ہو۔

١٥ ـ كَم مِن مُتْعِبٍ نفسَهُ مُقتَّرٍ عليه، وكَم مِن مُقتَصِدٍ في الطَلَبِ قد ساعدَتْهُ المَقادِير.

(۱۵) کتنے ایسے لوگ ہیں جنھوں نے اپنے کو تھکا ڈالا مگر پھر بھی روزگار ان پر تنگ رہا اور کتنے ایسے لوگ ہیں جو طلب رزق میں میانہ رو رہے مگر تقدیر نے ان کا ساتھ دیا۔

١٦ ـ إنَّ اللهَ سُبْحانَه أبىٰ أن يجعَلَ أرزاقَ عِبادِهِ المُؤمنِينَ إلّا مِن حيثُ لا يحتَسِبُون.

(۱۶) اللہ تعالیٰ نے اپنے مومن بندوں کے لئے رزق صرف ایسی جگہوں پر قرار دیا ہے جہاں سے وہ گمان نہیں کر سکتے۔

١٧ ـ رزقُ كلِّ امرِئٍ مُقدَّرٌ كتَقديرِ أجَله.

(۱۷) ہر آدمی کا رزق اس کی موت کی طرح مقدر ہے۔

١٨ ـ كُلُّكُم عِيالُ الله، واللهُ سُـبحانَه كـافِلُ عِيالِه.

(۱۸) تم سب اللہ کے اہل و عیال ہو اور اللہ اپنے اہل و عیال کا بوجھ اٹھانے والا ہے۔

١٩ ـ مَنِ اهتمَّ برزقِ غدٍ لَم يُفلِحْ أبَداً.

(۱۹) جو کل کے رزق کا اہتمام کرتا ہے وہ کبھی کامیاب نہیں ہوتا۔

٢٠ ـ لَو جرَتِ الأرزاقُ بالألبابِ والعُقول، لم تَعِشِ البَهائِمُ والحُمْق.

(۲۰) اگر رزق عقل و دانش کے اعتبار سے ملتا تو بے وقوف اور جانور زندہ ہی نہ رہتے۔

٢١ ـ نِعْمَ البَرَكَةُ سَعَةُ الرِّزق.

(۲۱) بہترین برکت وسعت رزق ہے۔

[۹۳]

# الرَّغْبَة = رغبت

١ ـ الرَّغْبَةُ مِفتاحُ النَّصَبِ، ومَطيَّة التَّعَب.

(۱) دنیوی اشیاء میں رغبت رنج و بلا کی کلید اور مشقت کی سواری ہے۔

٢ ـ يا أسرىَ الرَّغبةِ، أقصِروا فإنّ المُعَرِّجَ على الدُّنيا لا يَـرُوعُهُ مـنها إلّا صَريـفُ أنـيابِ الحِدثان.

(۲) اے رغبتوں کے اسیر و! اپنی رغبتیں کوتاہ کرو بلاشبہ دنیا کا گرویدہ صرف حوادث روزگار کے جبڑوں کی چرچراہٹ ہی سے بیدار ہو سکتا ہے۔

٣ ـ إنّ قوماً عَبَدُوا اللهَ رَغبَةً فَـتلك عِـبادَةُ التُّجار.

(۳) بلاشبہ کچھ لوگوں نے اللہ کی عبادت (جنت کی) رغبت میں کی، اور یہ تاجروں کی عبادت ہے۔

٤ ـ زُهدُكَ في راغبٍ فـيكَ نُـقصانُ حـظٍّ، و رغبَتُكَ في زاهدٍ فيك ذُلُّ نَفسٍ.

(۴) تمہارے اندر دلچسپی لینے والے سے تمہاری دوری قسمت کی خرابی ہے اور تم سے دوری اختیار کرنے والے سے تمہاری دلچسپی ذلت نفس ہے۔

٥ ـ طُوبىٰ لِلزّاهِدينَ فِي الدُّنيا، الرّاغِـبينَ في الآخِرَة.

(۵) خوش حالی ہے دنیا سے دوری اختیار کرنے والے اور آخرت سے رغبت رکھنے والوں کے لئے۔

٦ ـ لا ترغَبَنَّ فيمَن زهِدَ عَنك.

(۶) اس شخص میں ہرگز دلچسپی نہ لو جو تم سے دوری اختیار کرتا ہو۔

٧ ـ أَقِمِ الرَّغْبَةَ إليك مَقامَ الحِرمَة بك.

(۷) اپنی طرف رغبت کو تم اپنی محرومیوں کی جگہ رکھو۔

٨ ـ مَن رَغِبَ فيما عِـندَ اللهِ كَـثُرَ سُـجُودُهُ و رُكوعُه.

(۸) جو اللہ کے پاس موجود اشیاء میں رغبت رکھتا ہو گا اس کے سجود و رکوع بڑھ جائیں گے۔

٩ ـ لا تَرغَبْ فيما يَفْنىٰ وخُذْ مِنَ الفَناءِ لِلبَقاء.

(۹) فانی اشیاء میں رغبت نہ رکھو اور فنا ہونے والی اشیاء میں سے بقا کے لئے لے لو۔

## [ ٩٤ ]
# الرِّفْق = ملائمت و نرمی

١ ـ إذا كانَ الرِّفقُ خُرْقاً، كان الخُرقُ رِفقاً.

(۱) جہاں نرمی و ملائمت، سخت روئی ہوتی ہے وہاں سخت روئی ہی نرمی ہو جاتی ہے۔

٢ ـ رأسُ العِلمِ الرِّفقُ، وآفتُه الخُرْق.

(۲) علم میں سرفہرست ملائمت ہے اور اس کی آفت سخت روئی ہے

٣ ـ يَنبغي للعاقِلِ أَن يَستَعْمِلَ فيما يَلتَمِسُهُ الرِّفقَ، و مُجانَبَةَ الهَذَر، فإنّ العَلَقَةَ تأخُذُ بِهدوئها مِنَ الدَّم ما لا تأخُذُهُ البَعوضَةُ باضطِرابها و فَرْطِ صِياحِها.

(۳) عاقل کے لئے ضروری ہے کہ اپنے تمام امور کو نرمی و ملائمت کے ساتھ انجام دے اور لغو باتوں سے اجتناب کرے کیونکہ جونک اپنے اطمینان و سکون کے ساتھ جتنا خون چوس لیتی ہے اتنا مچھر اپنے اضطراب اور حد درجہ شور و شرابے کے باوجود نہیں چوس پاتا۔

٤ ـ الرِّفقُ يَفُلُّ حَدَّ المُخالَفة.

(۴) ملائمت مخالفت کی دھار کو الٹ دیتی ہے۔

٥ ـ لا عَيْشَ لِمَن لا رِفْقَ لَه.

(۵) اس کی کوئی زندگی نہیں جس کے پاس ملائمت نہ ہو۔

٦ ـ ما أحسَنَ العِلمَ بِزينَةِ العَمَلِ، وما أحسَنَ العَمَلَ بزينَةِ الرِّفْق.

(۶) عمل سے مزین علم کتنا اچھا ہوتا ہے اور ملائمت سے مزین عمل کتنا اچھا ہوتا ہے۔

٧ ـ بالرِّفقِ تُنالُ الحاجَة، وبِحُسْنِ التأنّي تَسهَلُ المَطالِب.

(۷) ملائمت و نرمی کے ذریعے ضرورتیں پوری ہوتی ہیں اور اطمینان و سکون کی وجہ سے مقاصد آسان ہوتے ہیں۔

٨ ـ ما كان الرِّفْقُ في شيءٍ إلّا زانَه، ولا كان الخُرْقُ في شيءٍ إلّا شانَه.

(۸) ملائمت جس چیز میں بھی ہو گی اسے زینت بخش دے گی اور سخت روئی جس میں بھی ہو گی اسے برا بنا دے گی۔

٩ ـ الرِّفقُ لِقاحُ الصَّلاحِ، وعُنوانُ النَّجاح.

(۹) نرمی خیر و صلاح کی کلید اور کامیابی کا عنوان ہے۔

١٠ ـ الرِّفقُ يُيَسِّرُ الصِّعابَ ويُسَهِّلُ شديدَ الأسْباب.

(۱۰) نرمی مشکلوں کو آسان اور سختیوں کو خفیف کر دیتی ہے۔

١١ ـ الرِّفقُ مِفتاحُ الصَّواب.

(۱۱) ملائمت، درستگی کی کنجی ہے۔

١٢ ـ الرِّفقُ بِالأتباعِ مِن كَرَمِ الطِّباع.

(۱۲) پیرو کاروں سے نرمی اعلیٰ طبیعتی میں سے ہے۔

١٣ ـ الرِّفقُ مِفتاحُ النَجاح.

(۱۳) ملائمت کامیابی کی کنجی ہے۔

١٤ ـ اليُمْنُ مَعَ الرِّفق.

(۱۴) برکت، نرمی کے ساتھ ہے۔

١٥ ـ إذا مَلَكْتَ فَارْفَق.

(۱۵) جب تم مالک ہو جاؤ تو ملائمت اختیار کرو۔

١٦ ـ إذا عاقَبْتَ فَارفَق.

(۱۶) جب تم کسی کو سزا دو تو نرمی اختیار کرو۔

١٧ ـ أفضَلُ الناسِ أعلَمُهُم بالرِّفْق، وأكيَسُهُم أصبَرُهُم على الحَقّ.

(۱۷) سب سے افضل وہ ہے جو سب سے زیادہ ملائمت کرنا جانتا ہو اور سب سے چالاک وہ ہے جو لوگوں میں سب سے زیادہ حق پر صبر کرنے والا ہو۔

١٨ ـ أكبَرُ البِرّ الرِّفق.

(۱۸) سب سے بڑی نیکی ملائمت ہے۔

١٩ ـ إخلِطِ الشِدَّةَ بِرِفْقٍ، وارفَقْ ما كان الرِّفْقُ أوْفَق.

(۱۹) شدت کو نرمی سے مخلوط کر لو اور جہاں نرمی مناسب ہو وہاں نرمی برتو۔

٢٠ ـ بالرِّفق تُدْرَكُ المَقاصِد.

(۲۰) ملائمت و نرمی کے ذریعے مقاصد کا حصول ہوتا ہے۔

٢١ ـ بالرِّفقِ تَتِمُّ المُرُوَّة.

(۲۱) ملائمت کے ذریعے مروت کمال کے درجہ تک پہنچتی ہے۔

٢٢ ـ جِماعُ الحِكْمَةِ الرِّفْقُ وحُسْنُ المُداراة.

(۲۲) حکمتوں کی آماجگاہ ملائمت و حسن مدارات ہے۔

٢٣ ـ ثَمَرَةُ الحِلْمِ الرِّفق.

(۲۳) حلم کا ثمرہ ملائمت ہے۔

٢٤ ـ رِفْقُ المَرْءِ وسَخاتُهُ يُحَبِّبُهُ إلى أَعدائِه.

(۲۴) انسان کی نرم طبعی اور سخاوت اسے اس کے دشمنوں میں بھی محبوب بنا دیتی ہے۔

٢٥ ـ كَم مِن صَعْبٍ يَسْهَلُ بالرِّفق.

(۲۵) کتنی ایسی مشکلات ہیں جنھیں نرمی آسان بنا دیتی ہے۔

٢٦ ـ لِكلِّ دِينٍ خُلْقٌ، و خُلْقُ الإيمانِ الرِّفق.

(۲۶) ہر دین کا ایک شیوہ ہوتا ہے اور ایمان کی روش ملائمت ہے۔

٢٧ ـ مَن استَعْمَلَ الرِّفْقَ، إستَدرَّ الرِّزق.

(۲۷) جو ملائمت و نرمی کو بروئے کار لاتا ہے وہ اپنے رزق میں اضافہ کرتا ہے۔

٢٨ ـ نِعمَ السياسةُ الرِّفق.

(۲۸) بہترین سیاست نرمی ہے۔

٢٩ ـ لا يَجتَمِعُ العُنفُ والرِّفق.

(۲۹) سخت گیری اور ملائمت کبھی اکٹھا نہیں ہو سکتی۔

[ ۹۵ ]

# الرِّواية = روایت

١ ـ اعقِلوا الخبرَ إذا سَمِعْتُموهُ عَقْلَ رِعايَةٍ، لا عَقْلَ رِوايةٍ، فإنّ رُواةَ العِلمِ كـثيرٌ، و رُعَـاتَهُ قَليلٌ.

(۱) جب تم کوئی خبر سنو تو اسے رعایت و عقل سے سمجھو نہ روایت کے طور سے کیونکہ علم کو نقل کرنے والے تو بہت ہیں مگر اس کی مراعات کرنے والے بہت کم ہیں۔

٢ ـ عَليكم بالدِّراياتِ، لا بالرِّوايات.

(۲) تمہارے لئے سمجھ بوجھ لازم ہے نہ کہ روایتیں۔

٣ ـ هِمَّةُ السُّفَهاءِ الرِّوايـةُ، و هِمَّـةُ العُـلماءِ الدِّراية.

(۳) بے وقوف کی سوچ بس روایت ہی تک محدود رہتی ہے جبکہ علماء کی فکر و لگن درایت (سوجھ بوجھ) ہوا کرتی ہے۔

٤ ـ الحِفْظُ زينَةُ الرِّوايَة.

(۴) زبانی یاد کر لینا روایت کی زینت ہے۔

٥ ـ الوُقوفُ عِندَ الشُّبْهَةِ خيرٌ مِنَ الاقتِحامِ في الهَـلَكَةِ، وتـركُكَ حـديثاً لَم تُـرْوَه خـيرٌ مِن روايتك حديثاً لم تُحْـصِه، إنّ عـلى كـلِّ حقٍّ حقيقةً، وعلى كلِّ صَوابٍ نوراً، فما وافَقَ كتابَ الله فَخُذُوا بِه، وما خـالَفَ كـتابَ اللهِ فدَعُوه.

(۵) شک و شبہ کے وقت توقف، ہلاکت میں کود پڑنے سے بہتر ہے اور تمہارا کسی غیر مروی حدیث کو ترک کرنا، کسی ایسی حدیث کی روایت کرنے سے بہتر ہے جس کے متعلق تمھیں پورا علم نہ ہو بلاشبہ ہر حق کے ساتھ ایک حقیقت اور ہر صواب کے ساتھ ایک نور ہوتا ہے لہذا جو چیز کتاب خدا کے موافق ہو اسے اختیار کرو اور جو کتاب خدا کے خلاف ہو اسے چھوڑ دو۔

٦ ـ إذا حدَّثتُم بِحَـديثٍ فـأسنِدوه إلى الذي حدَّثكُم بِه، فإن كان حقّاً فلَكُم، وإن كانِ كذْباً فَعليه.

(۶) جب تم کوئی بات کرو تو اسے اس کی طرف منسوب کر دو جس نے تم سے وہ بات کہی ہو اگر وہ حق ہو گی تو تمہارا فائدہ ہے اور اگر وہ جھوٹ ہو گی تو الزام اس کے کہنے والے کے سر جائے گا۔

٧ ـ لا تُخبِرنَّ إلّا عن ثِقَةٍ فـتكونَ كَـذّابـاً و إن أخْبَرْتَ عَن غِيره فإنّ الكَـذِبَ مَـهانَةٌ و ذُلٌّ.

(۷) تم صرف بھروسے والی چیزوں کے ہی متعلق لوگوں کو خبر دو ورنہ جھوٹے ہو جاؤ گے اور اگر تم نے غیر مصدقہ چیزوں کے متعلق خبر دی تو یقیناً، جھوٹ بے عزتی اور ذلت ہے۔

٨ ـ لن يُصدَّقَ الخَبرُ حتّى يَتَحقّق بِالعَيان.

(۸) کسی خبر کی اس وقت تک ہر گز تصدیق نہیں ہو سکتی جب تک وہ مشاہدہ کے ذریعے ثابت نہ ہو گئی ہو

[٩٦]

# الرِّياء = ریا کاری

١ ـ إعملوا في غيرِ رياءٍ و لا سُمعَةٍ، فإنّه مَن يَعمل لِغيرِ اللهِ يَكِلْهُ اللهُ لِمَن عَمِلَ له.

٢ ـ اللهُمَّ إنّي أعُوذُبِكَ مِن أن تُحسِّنَ في لامِعَةِ العُيُون عَلانِيَتِي، وتُقَبِّحَ فيما أبْطِنُ لك سَريرَتي، مُحافظاً على رِئاءِ الناسِ مِن نَفسي بجَميعِ ما أنتَ مُطلِعَ عليهِ منّي، فَأُبدِيَ للناسِ حُسْنَ ظاهِري، وأُفضِيَ إليك بسوءِ عَمَلي، تَقَرُّباً إلى عِبادِكَ، وتَباعُداً مِن مَرْضاتِك.

٣ ـ إعلَموا أنّ يَسيرَ الرِّياء شِرْكٌ.

٤ ـ المُرائي ظاهِرُه جميلٌ، وباطِنَهُ عَليلٌ.

٥ ـ آفَةُ العِبادَةِ الرِّياء.

٦ ـ لِسانُ المُرائي جَميلٌ، وفي قَلْبِه الدّاءُ دَخيلٌ.

(۱) عمل بغیر کسی ریا کاری اور دکھاوے کے انجام دو کیونکہ جو اللہ کے علاوہ کسی اور کے لئے عمل کرتا ہے تو اللہ اسے اسی کے سہارے چھوڑ دیتا ہے۔

(۲) پالنے والے میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ تو میرے ظاہر کو تو نگاہوں کی چمک دمک میں بہتر بنادے مگر میرے باطن کو جو میں نے تیرے لئے چھپا رکھا تھا برا کر دے اور لوگوں کے دکھاوے کے خیال میں، میں اپنے آپ کو محو کر لوں، جبکہ ان تمام باتوں سے تو واقف رہے اس طرح کہ میں لوگوں کے سامنے اپنی ظاہری اچھائیوں کا تو اظہار کروں اور تیری بارگاہ میں اپنے برے عمل کے ساتھ پیش ہوؤں تاکہ تیرے بندوں سے قریب اور تیری رضا سے دور ہو جاؤں۔

(۳) جان لو کہ تھوڑی سی بھی ریا کاری شرک ہے۔

(۴) ریا کار کا ظاہر خوبصورت اور باطن بیمار ہوتا ہے۔

(۵) عبادت کی مصیبت ریا کاری ہے۔

(۶) ریا کار کی زبان بڑی پیاری ہوتی ہے مگر اس کے دل میں بیماری گھسی رہتی ہے۔

[۹۷]

# الزَّكاة = زکات

١ ـ فَرَضَ اللهُ الزكاةَ تَسبيباً لِلرِّزق.
٢ ـ حَصِّنُوا أموالَكُم بِالزَّكاة.
٣ ـ لِكُلِّ شيءٍ زَكاةٌ، وزكاةُ البَدَنِ الصِّيام.
٤ ـ إنّ الزكاةَ جُعِلَتْ مع الصَّلاةِ قُرباناً لأهل الإسلام، فَمَن أعطاها طَيِّبَ النَّفسِ بها، فإنّها تُجعَلُ له كَفّارةً، ومِنَ النّارِ حِجازاً ووِقايَةً، فلا يُتْبِعَنَّها أحدٌ نفسَهُ، ولا يُكثِرَنَّ عَليها لَهَفَهُ، فإنّ مَن أعطاها غَيرَ طَيِّبِ النَّفسِ بها، يَرجو بِها ما هو أَفضلُ مِنْها، فهوَ جاهِلٌ بالسُّنّة، مَغبونُ الأجْر، ضالُّ العَمل، طَويلُ النَّدَم.
٥ ـ الزَّكاةُ نَقصٌ في الصُّورةِ، وزِيادَةٌ في المَعْنى.
٦ ـ مَن أَدّىٰ زكاةَ مالِهِ وُقِيَ شُحَّ نَفسِه.

(۱) اللہ نے زکات کو رزق کے لئے سبب کے طور پر واجب کیا ہے
(۲) اپنی دولت کی حفاظت زکات کے ذریعے کرو۔
(۳) ہر چیز کے لئے زکات ہے اور بدن کی زکات روزے ہیں۔
(۴) بلاشبہ زکات کو اہل اسلام کے لئے نماز ہی کے ساتھ اللہ سے تقرب کا ذریعہ بنایا گیا ہے اب جو راضی خوشی زکات دے گا تو یہ اس کے گناہوں کا کفارہ، جہنم سے حجاب اور سپر بنا دی جائے گی لہذا کوئی اسے اپنے نفس کی خواہش کی وجہ سے پیچھے نہ چھوڑے اور نہ ہی دیئے ہوئے کے لئے غمزدہ ہو یقیناً جو زکات خوشی کے ساتھ ادا نہیں کرتا اور اس سے بہتر کی امید کرتا ہے وہ سنت سے جاہل اور اجر کے معاملے میں گھاٹے میں ہوتا ہے ایسا شخص عمل میں گمراہ اور طویل ندامت کا مالک ہوتا ہے۔
(۵) زکات بظاہر (تو مال میں) کمی ہے مگر حقیقتاً اس میں اضافہ ہے۔
(۶) جو اپنے مال کی زکات ادا کرتا ہے اس کے نفس کو حرص سے بچالیا جاتا ہے۔

[۹۸]

# الزَّمان = زمانہ

١ ـ الدَهرُ يَومان: يَـومٌ لَك، ويَـومٌ عَـليك، فإذا كانَ لكَ فـلا تَـبْطَر، و اذا كـانَ عَـليك فَاصبِر.

٢ ـ إذا اسْتَولى الصَّلاحُ على الزَمانِ وأهلِهِ، ثمّ أساءَ رجُـلٌ الظَـنَّ بـرَجُلٍ لم تَـظهَر مِـنه حَـوْبَةٌ، فَـقد ظَـلَمَ، وإذا اسْـتَولى الفَسـادُ على الزَمانِ و أهلِه، فأحسَنَ رجُلٌ الظنَّ بِرجُلٍ فَقد غرَّر.

٣ ـ الجَزعُ مِن أعوانِ الزَمان.

٤ ـ ما قالَ الناسُ لِشيءٍ طُوبىٰ لَه، إلّا و قَد خَبَأَ لَه الدَهرُ يَومَ سُوءٍ.

٥ ـ الدَّهرُ يُخلِقُ الأبـدانَ، ويُجـدِّدُ الآمـالَ، ويُقرِّبُ المَنِيَّةَ، ويُباعِدُ الأُمْنيَّةَ، مَن ظَـفِرَ بـه نَصِبَ، ومَنْ فاتَهُ تَعِب.

٦ ـ مَن أَمِنَ الزَّمانَ خانَهُ، ومَن تَعظَّمَ عـليه أَهانَهُ، ومن ترغَّمَ عليه أرغَمَهُ، ومَن لَجَأَ إليه أسْلَمَهُ.

٧ ـ لكلِّ زَمَنٍ قُوتٌ، وأَنتَ قُوتُ المَوْت.

٨ ـ الناسُ بِزَمانِهم أَشبَهُ مِنْهم بآبائِهم.

(۱) زمانہ دو دنوں کا ہے ایک دن تمہارے لئے اور ایک دن تمہارے خلاف لہذا جب یہ تم سے ساز گار رہے تو اکڑو مت اور جب یہ تمہارے لئے ناساز گار رہے تو صبر کرو۔

(۲) جب زمانے اور اہل زمانہ پر خیر و صلاح کی حکمرانی ہو اور ایسے حالات میں کوئی کسی ایسے آدمی کے بارے میں بد گمانی کرے جس سے کوئی گناہ سر زد نہ ہوا ہو تو اس نے ظلم کیا اور اگر تمام زمانے اور اہل زمانہ پر فساد کا راج ہو اور ایسے وقت میں کوئی کسی سے حسن ظن رکھے تو بلاشبہ وہ دھو کا دیتا ہے۔

(۳) بے صبری زمانے کے مدد گاروں میں سے ہے۔

(۴) انسان کسی بھی شئے کے لئے یہ نہیں کہتا کہ "مبارک ہو" جزء یہ کہ زمانہ اس کے لئے ایک برا دن چھپائے رکھتا ہے۔

(۵) زمانہ جسموں کو پرانا اور آرزؤں کو نیا کر کے موت کو قریب اور تمناؤں کو دور کر دیتا ہے جو زمانے پر کامیاب ہو جاتا ہے وہ پریشان ہو جاتا جاتا ہے اور جو اسے کھو دیتا ہے وہ تھک جاتا ہے۔

(۶) جو زمانے کو امانتدار سمجھتا ہے زمانہ اس کے ساتھ خیانت کرتا ہے اور جو اسے باعظمت سمجھتا ہے تو وہ اسے ذلیل کر دیتا ہے اور جو اس سے ناراض ہو جاتا ہے یہ اسے بذلیل کر دیتا ہے اور جو اس کی پناہ میں چلا جاتا ہے یہ اس کو ہلاکت میں پھینک دیتا ہے۔

(۷) ہر زمانے کی ایک خوراک ہے اور تم موت کی خوراک ہو۔

(۸) لوگ اپنے آباء و اجداد کے مقابل اپنے زمانے سے زیادہ مشابہ ہوتے ہیں۔

٩ ـ الزَمانُ يَخونُ صاحِبَه، ولا يَستَعتِبُ لِمَن عاتَبَه.

(۹) زمانہ اپنوں کے ساتھ خیانت کرتا ہے اور اپنے سے شاکی فرد کی شکایت کو خاطر میں نہیں لاتا۔

١٠ ـ الحازِمُ مَن داریٰ زمانَه.

(۱۰) دور اندیش وہ ہے جو اپنے زمانے سے اچھی طرح پیش آئے۔

١١ ـ أَعرفُ الناسِ بالزَّمانِ مَن لم يَتَعَجَّب مِن أَحداثِه.

(۱۱) سب سے بڑا زمانہ شناس وہ ہے جو اس کے تغیرات سے متعجب نہ ہوتا ہو۔

١٢ ـ إذا فَسَدَ الزمانُ سادَ اللِّئام.

(۱۲) جب زمانہ خراب ہوتا ہے تو لئیم لوگ سردار ہو جاتے ہیں۔

١٣ ـ لا ضَمانَ على الزَّمان.

(۱۳) زمانے کی کوئی ضمانت نہیں۔

١٤ ـ لا يأمَنُ أحدٌ صُروفَ الزَّمان، ولا يَسلَمُ مِن نَوائِبِ الأيام.

(۱۴) کوئی بھی زمانے کی بے رخی (اور تغیرات) سے امان میں نہیں رہ سکتا اور نہ ہی کوئی اس کی روزانہ (نازل ہونے والی) بلاؤں سے بچا رہ سکتا ہے۔

١٥ ـ يَنبغي لِمَن عَرَفَ الزَّمانَ أن لا يَأمَنَ صُروفَه.

(۱۵) جو زمانہ شناس ہو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس کے تغیرات سے اپنے آپ کو امان میں نہ سمجھے۔

١٦ ـ الدَّهرُ ذو حالَتَيْن: إبادَةً، وإفادَةً، فما أبادَهُ فلا رَجْعَةَ له، وما أفادَهُ فَلا بَقاءَ لَه.

(۱۶) زمانے کی دو حالتیں ہوتی ہیں لینا اور دینا پس اس نے جو لے لیا وہ (کبھی) واپس نہیں ملتا اور اس نے جو دے دیا وہ باقی نہیں رہتا۔

١٧ ـ إنّ الدهرَ لَخَصْمٌ غيرُ مَخصومٍ، ومُحتَكِمٌ غيرُ ظَلُومٍ، ومُحارِبٌ غيرُ مَحْروبٍ.

(۱۷) زمانہ ایسا دشمن ہے جس سے دشمنی نہیں کی جا سکتی اور ایسا حاکم ہے جو ظالم نہیں اور ایسا جنگجو ہے جو ناقابل شکست ہوتا ہے۔

١٨ ـ كَم مِن ذي ثَرْوَةٍ خَطيرٍ صَيَّرَهُ الدَّهْرُ حَقيراً.

(۱۸) کتنے حد درجہ مالداروں کو زمانے نے حقیر کر ڈالا۔

١٩ ـ كيفَ تَبقى عَلىٰ حالَتِكَ و الدَّهرُ في إحالَتِكَ؟

(۱۹) تم کیونکر اپنی حالت پر باقی رہ سکتے ہو جبکہ زمانہ تمھیں بدلنے میں لگا ہوا ہے؟

٢٠ ـ مَنْ عَتَبَ عَلَى الدَّهرِ طالَ مَعْتَبُه.

(۲۰) جو زمانہ کی سرزنش کرتا ہے اس کی ملامت طویل ہو جاتی ہے

[۹۹]

# الزِّنا = زنا

١ ـ قد علمتم أنّ رسولَ الله ﷺ رَجَمَ الزَّاني المُحصَنَ ثم صلّى عليه، ثمّ ورَّثَهُ أهلَهُ، . . . و قَطَعَ السارِقَ و جَلَدَ الزَّانِي غَيرَ المُحصَنِ ثمّ قَسَمَ عَليهما مِن الفَيْءِ و نَكحا المُسلِمات.

(۱) تمھیں اچھی طرح سے علم ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے شادی شدہ زانی کو سنگسار کیا، اس پر نماز (میت) پڑھی اور اس کے گھر والوں کو اس کا وارث بنایا ---- چور کے ہاتھ کاٹے اور غیر شادی شدہ زانی کو کوڑے لگائے اور مال غنیمت میں سے انھیں حصہ دیکر مسلمان لڑکیوں سے ان کی شادی کر دی۔

٢ ـ [فَرَضَ الله] تَرْكَ الزِّنا تَحصيناً لِلنَّسب.

(۲) اللہ نے ترک زنا کو نسب کی حفاظت کے لئے واجب قرار دیا ہے۔

٣ ـ ما زَنا غَيُورٌ قَطُّ.

(۳) غیرت مند کبھی زنا نہیں کر سکتا۔

٤ ـ مَن زَنا زُنِيَ بِه.

(۴) جو زنا کرتا ہے اس کے ساتھ بھی زنا کی جاتی ہے (یعنی اس کے گھر والوں میں سے کسی کے ساتھ بھی یہی گناہ کیا جائے گا)

٥ ـ الزِّنا مَفْقَرةٌ.

(۵) زنا فقر ہے۔

٦ ـ أبغَضُ الخَلائِقِ إلَى اللهِ الشَيخُ الزاني.

(۶) اللہ کے نزدیک لوگوں میں سب سے زیادہ قابل نفرت، بوڑھا زانی ہے۔

٧ ـ أربعةٌ لا تَدخُلُ واحدةٌ مِنهُنَّ بيتاً إلّا خَرِب و لم يَعمر: الخيانةُ، و السرقةُ و شربُ الخمرِ و الزنا.

(۷) چار چیزوں میں سے کوئی بھی ایک چیز اگر کسی گھر میں داخل ہو جائے تو اسے اس طرح خراب کر دے گی کہ وہ پھر کبھی آباد نہیں ہو سکتا۔ خیانت، چوری، شراب خوری اور زنا۔

[ ۱۰۰ ]

## الزُّهد = زہد

١ ـ الزُّهْدُ كلُّهُ بينَ كَلِمَتينِ مِن القرآن، قال اللهُ سبحانَه: ﴿لِكيلا تأسَوا عَلىٰ ما فاتكُم ولا تَفرَحُوا بِما آتاكُم﴾ ومَن لم يأسَ عَلى الماضي، ولم يَفْرَحْ بالآتي، فَقد أخذَ الزُّهْدَ بِطرَفَيه.

(۱) تمام زہد قرآن میں اللہ تعالی کے دوکلموں میں سمٹا ہوا ہے "تاکہ تم جن چیزوں سے ہاتھ دھو چکے ہو ان سے مایوس اور جنھیں پا چکے ہو ان پر خوش نہ ہو" لہذا جو گذشتہ پر مایوس اور آنے والی اشیاء پر خوش نہیں ہوتا وہ دامن زہد کو دونوں طرف سے تھامے ہوئے ہے

٢ ـ أفضَلُ الزُّهدِ إخفاءُ الزُّهد.

(۲) سب سے بڑا زہد، زہد کو چھپانا ہے۔

٣ ـ الزُّهْدُ ثَرْوَةٌ و الوَرَعُ جُنَّةٌ.

(۳) زہد ثروت اور ورع ڈھال ہے۔

٤ ـ مَن زَهِدَ في الدُّنيا اِستَهانَ بالمُصيبات.

(۴) جو دنیا میں زہد اختیار کرتا ہے وہ مصیبتوں کو نہایت سبک سمجھنے لگتا ہے۔

٥ ـ طُوبىٰ للزاهِدين في الدُّنيا، الراغِبينَ في الآخِرَةِ، أُولئك قَومٌ اتَّخذوا الأرضَ بِساطاً، وتُرابَها فِراشاً، وماءَها طِيباً، والقرآن شِعاراً، والدُّعاءَ دِثاراً، ثمّ قرَضوا الدُّنيا قَرْضاً علىٰ مِنهاجِ المَسيح.

(۵) دنیا سے دوری رکھنے والے (زاہدوں) اور آخرت کی طرف راغب افراد کے لئے (جنت کی) خوشخبری و خوشبختی ہے یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے زمین کو تخت، مٹی کو بچھونا، پانی کو عطر، قرآن کو شعار اور دعا کو لبادہ بنایا اور پھر انھوں نے جناب مسیح کی طرح اس دنیا سے رو گردانی کر لی۔ (یا اس دنیا کو پارہ پارہ کر دیا۔)

٦ ـ لا زُهْدَ كالزُّهْدِ في الحرام.

(۶) حرام چیزوں میں زہد اختیار کرنے جیسا کوئی زہد نہیں۔

٧ ـ إزهَدْ في الدنيا يُبَصِّركَ اللهُ عَوراتِها، ولا تَغفَلْ فلستَ بِمَغفولٍ عَنك.

(۷) دنیا میں زہد اختیار کرو اللہ تمھیں اس کے عیوب دکھا دے گا اور غافل نہ رہو کیونکہ تم سے غفلت نہیں برتی جائے گی۔

٨ ـ أَحيِ قَلبَك بالمَوعِظَةِ، و أَمِتْهُ بالزَّهادَةِ، وقَوِّهِ بِاليَقينِ، ونَوِّرْهُ بِالحِكمَة.

(۸) اپنے دل کو موعظہ کے ذریعے زندہ رکھو، زہد کے ذریعے اسے مار ڈالو، یقین سے اسے قوت بخشو اور حکمت کے ذریعے اسے منور کر دو۔

٩ ـ أيّها النّاسُ، الزَّهادَةُ قِصَرُ الأمل، والشُكرُ عِندَ النِّعَمِ، و التَّوَرُّعُ عِندَ المَحارِم.

(۹) اے لوگو زہد کوتاہ امیدی، نعمتوں کے وقت شکر اور حرام چیزوں سے پرہیز (کا نام) ہے۔

١٠ ـ إنّ الزاهِدينَ في الدُّنيا تَـبكي قُـلوبُهُم وإن ضَحِكوا، ويَشتَدُّ حُزْنُهُم وإن فَرِحُوا.

١١ ـ الزُّهْدُ قُرْبَةٌ.

١٢ ـ الناسُ ثلاثةُ أصـنافٍ: زاهِـدٌ مُـعْتَزِمٌ، وصابِرٌ عـلى مجُـاهَدَةِ هَـواه، وراغِبٌ مُـنقادٌ لِشَهوَاتِه، فالزاهِدُ لا يُعظِّمُ ما آتاهُ اللهُ فَـرَحاً بِه، ولا يُكْثِرُ علىٰ مافاتَهُ أسَفاً.

١٣ ـ الإيثارُ زينةُ الزُّهد.

١٤ ـ هِمّةُ الزاهِدِ مُخالَفَةُ الهوى، والسُّلُوُّ عن الشَّهوات.

١٥ ـ العِبادَةُ مِن غيرِ عِلْمٍ ولا زَهادَةٍ تَعَبُ الجَسَد.

١٦ ـ قيل له ﷺ : فأيُّ الناسِ خَيرٌ عِندَ الله عزَّوجلَّ؟ قال ﷺ : أخـوَفُهم لله، وأعـلَمُهم بالتَقوى، وأزهَدُهم في الدُّنيا.

١٧ ـ مَنِ اشتاقَ إلى الجَنَّةِ سارَعَ إلى الخَيرات، و مَن خافَ النّارَ لَهىٰ عَنِ الشهوات، و مَـن تَرَقَّبَ الموتَ، تَرَكَ اللَّذات، و مَـن زَهِـدَ في الدنيا هانَت عليه المصيبات.

١٨ ـ الزُّهْدُ تَقصيرُ الآمالِ، وإخلاصُ الأعمال.

١٩ ـ الزُّهْدُ أن لا تَطْلُبَ المَفقودَ حتّى يَـعدِمَ المَوجُود.

٢٠ ـ الزُّهدُ سَجِيَّةُ المُخلِصين.

٢١ ـ الزُّهدُ أساسُ اليَقين.

(۱۰) دنیا میں زاہدوں کے دل روتے ہیں بھلے ہی وہ (ظاہراً) ہنس رہے ہوں ان کا حزن شدید ہوتا چلا جاتا ہے بھلے ہی وہ خوش ہوں۔

(۱۱) زہد (اللہ سے) راہ قربت ہے۔

(۱۲) لوگ تین طرح کے ہوتے ہیں: عزم و ارادہ والا زاہد، نفس سے جہاد پہ صابر اور شہوات کے پیچھے چلنے والا راغب۔ لہذا جو زاہد ہوتا ہے وہ اللہ کے دیئے ہوئے کو خوشی میں بہت زیادہ نہیں سمجھتا اور ہاتھ سے نکل جانے والی چیزوں پہ بہت زیادہ رنجیدہ بھی نہیں ہوتا

(۱۳) ایثار، زینت زہد ہے۔

(۱۴) زاہد کی تمام کوشش خواہشات کی مخالفت اور شہوات (کے بھنور) سے نکل جانے میں ہوتی ہے۔

(۱۵) بغیر علم و زہد کے عبادت صرف جسم کو تھکانا ہے۔

(۱۶) آپ سے پوچھا گیا" کون لوگ اللہ کے نزدیک سب سے بہتر ہیں؟ "تو آپ نے فرمایا" ان میں سب سے زیادہ اللہ سے خوف کھانے والا اور سب سے زیادہ تقوے کا علم رکھنے والا اور سب سے زیادہ دنیا میں زہد اختیار کرنے والا۔"

(۱۷) جو مشتاق جنت ہوگا وہ نیکیوں میں جلدی کرے گا اور جو آگ سے ڈرے گا وہ خواہشات سے ہاتھ کھینچ لے گا اور جو موت کا انتظار کرے گا وہ لذتوں کو چھوڑ دے گا اور جو دنیا میں زہد اختیار کرے وہ مصیبتوں کو ہیچ سمجھنے لگے گا۔

(۱۸) زہد، امیدوں کو کم کرنا اور عمل میں اخلاص برتنا ہے۔

(۱۹) زہد یہ ہے کہ تم فاقد شئے کو اس وقت تک تلاش نہ کرو جب تک موجود معدوم نہ ہو جائے۔

(۲۰) زہد، مخلصوں کا شیوہ ہے۔

(۲۱) زہد اساس یقین ہے۔

٢٢ ـ الزُّهدُ أصْلُ الدِّين.
(۲۲) زہد، دین کی جڑ ہے۔

٢٣ ـ الزُّهدُ ثَمَرَةُ اليَقين.
(۲۳) زہد، یقین کا ثمرہ ہے۔

٢٤ ـ التَّزَهُّدُ يُؤَدّي إلى الزُّهد.
(۲۴) زہد، کا تظاہر (حقیقی) زہد کی طرف لے جاتا ہے۔

٢٥ ـ أحقُّ الناسِ بالزَّهادةِ مَن عَرَفَ نَقْصَ الدُّنيا.
(۲۵) زہد کے لئے سب سے زیادہ حقدار وہ ہے جو دنیا کے نقائص کو پہچان گیا ہو۔

٢٦ ـ أوّلُ الزُهدِ التَزَهُّد.
(۲۶) اول زہد، زہد کا اظہار ہے۔

٢٧ ـ أفضلُ العِبادةِ الزَّهادَة.
(۲۷) برترین عبادت زہد اختیار کرنا ہے۔

٢٨ ـ إزهَدْ في الدُّنيا تَنزِلُ عَليكَ الرَّحمة.
(۲۸) دنیا میں زہد اختیار کرو تم پر نزول رحمت ہو گا۔

٢٩ ـ إن كُنتُم في البَقاءِ راغِبينَ فَازهَدُوا في عالَمِ الفَناء.
(۲۹) گر تم بقا کی رغبت رکھتے ہو تو فانی جگہ (دنیا) میں زہد اختیار کرو

٣٠ ـ إذا هرَبَ الزاهدُ مِن الناسِ فاطلُبْهُ.
(۳۰) جب زاہد لوگوں سے بھاگنے لگے تو تم اسے طلب کرو۔

٣١ ـ بِالزُهد تُثمِرُ الحِكمَة.
(۳۱) زہد کے ذریعے حکمت ثمر دار ہوتی ہے۔

٣٢ ـ ثَمَنُ الجنّةِ الزُهدُ في الدُّنيا.
(۳۲) جنت کی قیمت دنیا میں زہد اختیار کرنا ہے۔

٣٣ ـ ثَمَرَةُ الزُهدِ الرَّاحة.
(۳۳) زہد کا ثمرہ راحت ہے۔

٣٤ ـ زُهْدُ المَرءِ فيما يَفنىٰ على قَدْرِ يَقينِه بما يَبقى.
(۳۴) فانی چیز سے زہد باقی رہنے والی اشیاء پر یقین جتنا ہی ہو گا۔

٣٥ ـ سَببُ صَلاحِ النَّفسِ العُزوُفُ عن الدُّنيا.
(۳۵) نفس کی صلاح کا سبب دنیا میں زہد اختیار کرنا ہے۔

٣٦ ـ كيف يَزهَدُ في الدُّنيا مَن لا يَعرِفُ قَدْرَ الآخِرَةِ؟!
(۳۶) وہ بھلا کیسے دنیا میں زہد اپنا سکتا ہے جو آخرت کی قدر و قیمت سے ناواقف ہو گا؟

٣٧ ـ مَن زهِدَ في الدُّنيا قَرَّتْ عَينُهُ بِجنَّةِ المَأوىٰ.
(۳۷) جو دنیا میں زہد اختیار کرتا ہے اس کی آنکھیں جنت ماویٰ سے (روز قیامت) ٹھنڈی ہوں گیں۔

٣٨ ـ مَن زَهِدَ في الدُّنيا لم تَفُتْهُ.
(۳۸) جو دنیا سے زہد اختیار کرتا ہے دنیا اس کے ہاتھ سے نہیں جاتی۔

٣٩ ـ مَن عَزَفَ عن الدُّنيا أتَتْهُ صاغِرةً.
(۳۹) جو دنیا میں زہد اختیار کرتا ہے تو دنیا اس کے پاس جھوٹی (ذلیل) ہو کر آتی ہے۔

٤٠ ـ لا يَنفَعُ زُهْدُ مَن لَم يَتخَلَّ عن الطَمَعِ، ويتَحلَّ بالوَرَع.
(۴۰) اس کا زہد بے فائدہ ہے جو طمع سے دور نہ ہوا ہو اور ورع سے خود کو مزین نہ کر سکا ہو۔

[ ١٠١ ]

# السُّؤال = سوال

١ ـ ماءُ وَجهِك جامِدٌ يُقطِرُهُ السُّؤالُ، فَانظُر عِندَ مَن تُقطِرُه.

(۱) تمہارے چہرے کی رونق منجمد ہوتی ہے سوال اسے ٹپکنے پر مجبور کر دیتا ہے لہذا غور کر لینا کہ تم اسے کس کے سامنے ٹپکا رہے ہو۔

٢ ـ حُسنُ اليأسِ خَيرٌ مِن الطَّلَبِ إلى النّاس.

(۲) اچھی مایوسی لوگوں سے کچھ مانگنے سے بہتر ہے۔

٣ ـ وقال ﷺ لأصحابه: مَن كـانَت لَـهُ إليَّ مِنكم حـاجةٌ فَـلْيَرفَعها في كـتابٍ لأَصُـونَ وُجُوهَكم عَن المَسألة.

(۳) آپ نے اپنے اصحاب سے فرمایا "تم میں سے جس کی بھی میرے پاس کوئی حاجت ہو وہ اسے لکھ کرے آئے تا کہ میں تمہارے چہروں کو "مانگنے" (کی ذلت) سے بچاسکوں۔"

٤ ـ لا تَسئَلوا إلّا اللهَ سُبحانَه، فإنّه إنْ أعطاكُم أكرَمَكُم، وإن مَنَعَكُم خازَ لكم.

(۴) اللہ کے علاوہ کسی سے سوال نہ کرو کیونکہ اگر اس نے عطا کر دیا تو تمھیں عزت دار بنا دے گا اور اگر اس نے ہاتھ روک لیا تو (بھی تمہاری عزت کی) حفاظت کرے گا۔

٥ ـ ما مِن شيءٍ أحَبُّ إلى اللهِ سبحانَه مِن أن يُسأَل.

(۵) اللہ خود سے سوال کئے جانے سے زیادہ کوئی اور چیز پسند نہیں کرتا۔

٦ ـ ربما سَئلتَ الشَيءَ فلم تُعْطَه، وأُعـطِيتَ خيراً مِنه.

(۶) کبھی ایسا بھی ہوتا کہ تم نے جس چیز کو مانگا وہ تو تمھیں نہ مل سکی البتہ دوسری کوئی چیز اس سے بہتر مل گئی۔

٧ ـ لا تَـرُدَّ السـائِلَ، وصُـنْ مُـروَّتَكَ عـن حِرمانِه.

(۷) سائل کو (بغیر عطا کئے) واپس نہ بھیجو اور اس کے حرمان سے اپنی مروت کو بچاؤ۔

٨ ـ كَثْرَةُ السُّؤال تُورِثُ المَلال.

(۸) کثرت سوال باعث ملال ہے۔

٩ ـ إذا أردتَ أن تُطاعَ فَاسئَلْ ما يُستَطاع.

(۹) اگر تم یہ چاہتے ہو کہ تمہاری بات مانی جائے تو ای چیز کا سوال کرو جو استطاعت میں ہو۔

## [١٠٢]

# السَّخاء = سخاوت

١ ـ السَّخاءُ ما كانَ ابتِداءً، فأمّا ما كانَ عَـنْ مَسأَلَةٍ فَحَياءٌ وتَذَمُّمٌ.

(۱) سخاوت وہ عطا ہے جو (سوال سے) پہلے ہو کیونکہ وہ سخاوت و عطا جو سوال کے بعد ہو یا تو شرم کی وجہ سے ہوگی یا پھر مذمت کے خوف سے۔

٢ ـ السَّخاءُ قُرْبَةٌ، واللُّؤمُ غُربَةٌ.

(۲) سخاوت (اللہ سے) قربت اور فرومائگی غریب الوطنی ہے۔

٣ ـ السَّخاءُ والجُـودُ بـالطَّعامِ لا بِـالمالِ، و مَن وَهَبَ ألفاً وشَحَّ بِـصَحفَةِ طَـعامٍ فـلَيسَ بِجَوادٍ.

(۳) جود و سخا کھانے میں ہے نہ کہ مال میں لہذا جو کسی کو ہزار (دینار) بھی دے دے مگر کھانے کی پلیٹ سے روک دے تو وہ سخی نہیں ہے۔

٤ ـ اجتِماعُ المالِ عِندَ الأسخِياءِ أحَدُ الخِصبَين.

(۴) سخی لوگوں کے پاس مال اکٹھا ہو جانا، نعمت کی فراوانی کے دو حصوں میں سے ایک ہے۔

٥ ـ لا تَحمَدَنَّ الصَّبِيَّ إذا كانَ سَخِياً، فـإنّه لا يَعرِفُ فَضِيلَةَ السَّخاء، وإنّما يُعطِي ما في يَدِهِ ضَعفاً.

(۵) بچہ اگر سخی ہو تو اس کی مدح ہرگز نہ کرنا کیونکہ وہ سخاوت کی فضیلت نہیں جانتا بلکہ وہ اپنے ہاتھوں میں موجود اشیاء، ضعف کے باعث دے دیتا ہے۔

٦ ـ ساداتُ النّاسِ في الدُّنـيا الأسـخِياء، و ساداتُهُم في الآخرةِ الأتقِياء.

(۶) لوگوں کے دنیا میں سردار سخی افراد اور آخرت میں متقی لوگ ہوں گے۔

٧ ـ السَّخاءُ يُمَحِّصُ الذُّنوبَ، ويَجلِبُ مَحَبَّةَ القُلُوب.

(۷) سخاوت گناہوں کو مٹا کر دلوں میں محبت لے آتی ہے۔

٨ ـ السَّخاءُ أن تَكونَ بمالِكَ مُـتبَرِّعاً، وعَـن مالِ غَيرِكَ مُتَوَرِّعاً.

(۸) سخاوت یہ ہے کہ تم اپنی دولت کو بانٹ دینے والے اور دوسروں کی دولت سے بچنے والے ہو جاؤ۔

٩ ـ كَثْرَةُ السَّخاءِ تُكثِرُ الأولِياءَ، وتَستَصلِحُ الأعداء.

(۹) حد درجہ سخاوت دوستوں میں اضافہ کرتی ہے اور دشمنوں کو صلح جو بنا دیتی ہے۔

١٠ ـ لو رَأَيتُمُ السَّخاءَ رَجُلاً لرأَيتُمُوهُ حَسَـناً يَسُرُّ النّاظِرين.

(۱۰) اگر تم سخاوت کو ایک آدمی کی شکل میں دیکھ سکتے تو اسے ایک ایسا خوبصورت آدمی دیکھتے جسے دیکھ کر لوگ خوش ہوتے ہوں۔

[ ۱۰۳ ]

# السَّخَط = غضب

١ ـ [ قال ﷺ فی بیان قدرة الله تعالی ] لا یَنْقُصُ سُلطانَك مَن عَصاكَ ولا یَزیدُ فی مُلكِكَ مَن أطاعَك، ولا یَرُدُّ أمرَك مَن سَخِطَ قضاءَك.

(۱) آپ نے اللہ کی قدرت کے بیان کے وقت فرمایا "تیری سلطنت کو معصیت کرنے والا کم نہیں کر سکتا اور نہ ہی تیری اطاعت کرنے والا تیری مملکت میں اضافہ کر سکتا ہے، تیری قضا و قدر پہ ناراض ہونے والا تیرے حکم کو کبھی نہیں ٹال سکتا۔"

٢ ـ اعلَمُوا أنّـه [ الله ] لَن یَرضیٰ عنکم بشيءٍ سَخِطَهُ علی مَن کانَ قَبلَکُم، و لَن یَسخَطَ علیکم بِشَيءٍ رَضِیَهُ مِمَّن کانَ قَبلَکُم.

(۲) جان لو کہ اللہ تمہارے لئے اس چیز سے کبھی نہیں خوش ہو سکتا جن کے لئے تم سے پہلے والوں پر غضبناک ہوا ہو اور نہ تم پر ان اشیاء کے لئے غضبناک ہو سکتا ہے جن سے تم سے پہلے والوں کے لئے راضی ہو۔

٣ ـ [ قال ﷺ فی ذمّ الدُّنیا ] أقربُ دارٍ مِن سَخَطِ اللهِ و أبْعَدُها مِن رِضوانِ الله.

(۳) آپ نے دنیا کی مذمت میں فرمایا "(یہ) اللہ کے غضب سے قریب ترین گھر اور اس کی رضا سے بعید ترین ٹھکانہ ہے۔"

٤ ـ لا تَعْتَبِروا الرِّضیٰ و السَّخطَ بالمال و الوَلَدِ جهلاً بمواقِعِ الفِتنَةِ و الإختِبارِ فی مَوضِعِ الغِنی و الإقتدارِ.

(۴) اللہ کے رضا و غضب کا اندازہ مال و اولاد کے ذریعے نہ لگاؤ کہ یہ امتحان و آزمائش کی گھڑیوں سے، دولت مندی اور اقتدار کے عالم میں جہالت کی علامت ہے۔

٥ ـ [ فی عَهده لِمحمّد بن ابی بکر ] و لا تُسخِطِ اللهَ بِرضیٰ أحدٍ مِن خَلقهِ فانَّ فِی الله خَلَفاً مِن غیرِه و لیس مِنَ اللهِ خَلَفٌ فی غیرِه.

(۵) محمد ابن ابی بکر کو ایک خط میں لکھا "اللہ کی مخلوقات میں سے کسی کی خوشی کے لئے اللہ کو غضبناک نہ کرنا کیونکہ اللہ غیروں کی جگہ آسکتا ہے مگر کوئی اور اللہ کی جگہ نہیں آسکتا۔

٦ ـ مَن أصبحَ علی الدُّنیا حَزیناً فَقَد اصبحَ لِقَضاءِ اللهِ ساخِطاً.

(۶) جو دنیا کے لئے محزون ہوتا ہے وہ گویا اللہ کی قضا و قدر پہ غضبناک رہتا ہے۔

٧ ـ مَن رَضِيَ عن نَفسِه کَثُرَ الساخِطُ عَلیه.

(۷) جو اپنے آپ سے خوش و راضی رہتا ہے اس پہ غضبناک رہنے والوں کی تعداد بڑھ جاتی ہے۔

٨ ـ أشدُّ الناسِ عَذاباً يومَ القيامةِ المُتَسَخِّطُ لقَضاءِ الله.

(۸) قیامت کے دن سب سے شدید عذاب اللہ کی قضاو قدر پر غصہ ہونے والے پر ہو گا۔

٩ ـ مَن كَثُرَ سَخَطُه لم يُعرَفْ رِضاه.

(۹) جس کا غصہ زیادہ ہو جاتا ہے اس کی رضا و خوشی معلوم نہیں پڑتی۔

١٠ ـ مَن طَلَبَ رِضَى الناسِ بِسَخَطِ الله، رَدَّ اللهُ حامِدَهُ مِن النّاسِ ذامّاً.

(۱۰) جو اللہ کے غضب کے بدلے لوگوں کی خوشنودی چاہتا ہے اللہ لوگوں میں اس کی تعریف کرنے والوں کو مذمت کرنے والوں میں تبدیل کر دیتا ہے۔

## [١٠٤]

# السِرّ = راز

١ ـ صَدْرُ العاقِلِ صُندُوقُ سِرِّه.

(۱) عاقل کا سینہ اس کے اسرار کا صندوق ہوتا ہے۔

٢ ـ مَن كتم سِرَّهُ كانت الخِيَرَةُ بِيَدِه.

(۲) جو اپنا راز چھپاتا ہے اختیار اسی کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔

٣ ـ الظَّفَر بِالحَزم، والحَزْمُ بِإجالَةِ الرأي، والرأيُ بِتَحْصِينِ الأسرار.

(۳) کامیابی، دور اندیشی میں ہے اور دور اندیشی سوچ سمجھ کر رائے ظاہر کرنے میں ہے اور رائے اسرار کی حفاظت سے ممکن ہے۔

٤ ـ الداهِيَةُ مِن الرِجال مَن كَتَمَ سِرَّهُ مِمَّن يُحِبُّ كراهِيَةَ أن يَشهَرَهُ عِند غضَبٍ مِن المُستَودَع.

(۴) چالاک وہی لوگ ہیں جو اپنے محبوب سے بھی اپنا راز اس ڈر سے پوشیدہ رکھتے ہیں کہ کہیں وہ غصہ کے عالم میں افشائے راز نہ کر دے۔

٥ ـ لا تُذِعْ سِرَّ مَن أذاعَ سِرَّك.

(۵) تم اس کا (بھی) راز فاش نہ کرو جس نے تمہارے رازوں کو ظاہر کر دیا ہے۔

٦ ـ المَرءُ أحفظُ لسِرِّه.

(۶) انسان خود اپنے رازوں کا سب سے اچھا محافظ ہے۔

٧ ـ كلّما كَثُرَ خُزّانُ الأسرارِ زادَتْ ضَياعاً.

(۷) جیسے جیسے راز کے محافظ (جاننے والے) بڑھتے جائیں گے ویسے ویسے وہ ضائع ہوتا چلا جائے گا۔

٨ ـ لا تُنكِحْ خاطِبَ سِرِّك.

(۸) اپنے خفیہ منگیتر سے نکاح نہ کرو۔

٩ ـ لا تَضَعْ سِرَّكَ عِندَ مَن لا سِرَّ لَه عِندك.

(۹) اسے اپنا کوئی راز نہ بتاؤ جس کا کوئی راز تمہارے پاس نہ ہو۔

١٠ ـ إنفَرِدْ بسرِّك، ولا تُودِعْهُ حازِماً فَيَزِلَّ، ولا جاهِلاً فيَخون.

(۱۰) اپنے رازوں کو خود سنبھالو اسے کسی دوراندیش و محتاط آدمی کو نہ بتاؤ کہ وہ لغزش کرے گا اور نہ ہی کسی جاہل کے سپرد کرو کہ وہ خیانت کرے گا۔

١١ ـ ثلاثٌ لا يُسْتَودَعْنَ سِرّاً: المرأةُ، والنَّمّامُ، والأحْمَق.

(۱۱) تین لوگوں کو کوئی راز نہیں بتانا چاہیے، عورت کو، چغلخور کو اور احمق کو۔

١٢ ـ سِرُّك سُرورٌ إن كتمتَهُ، وإن أذَعْتَهُ كان ثُبُورُك.

(۱۲) تمہارا راز تمہارے لئے سرور ہے بشرطیکہ تم اسے چھپائے جاؤ اور اگر تم نے اسے پھیلا دیا تو وہی راز تمہارے لئے ہلاکت ہو گا۔

١٣ ـ سِرُّك أسيرُك فإن أفشَيْتَهُ صِرْتَ أسيرَه.

(۱۳) تمہارا راز تمہارا قیدی ہوتا ہے اور اگر تم نے اسے افشا کر دیا تو پھر تم اس کے اسیر ہو جاؤ گے۔

١٤ ـ كاتِمُ السِرِّ وَفيٌّ أمينٌ.

(۱۴) راز پوشیدہ رکھنے والا وفادار اور امین ہوتا ہے۔

١٥ ـ مِن تَوفيقِ الرجلِ وَضْعُ سِرِّهِ عِندَ مَن يَستُرُهُ، وإحسانُهُ عِندَ مَن ينشُرُه.

(۱۵) انسان کی کامیابی یہ ہے کہ وہ اپنے اسرار ایسے کے سپرد کرے جو انھیں چھپائے اور احسان ایسے کے ساتھ کرے جو انھیں پھیلائے۔

١٦ ـ مَن حَصَّنَ سِرَّهُ مِنك فقد اتَّهمَك.

(۱۶) جس نے تم سے اپنے رازوں کو چھپایا (گویا اس نے تم پر افشائے راز کا) الزام لگایا۔

١٧ ـ مَن ضَعُفَ عن حِفْظِ سِرِّهِ لم يَقْوَ لِسِرِّ غيرِه.

(۱۷) جو خود اپنے رازوں کو پوشیدہ رکھنے میں کمزور پڑ گیا وہ کبھی دوسروں کا رازدار نہیں بن سکتا۔

١٨ ـ مَن بَحَثَ عن أسرارِ غيرِهِ أظهَرَ اللهُ أسرارَه.

(۱۸) جو دوسروں کے رازوں کی کھوج میں رہتا ہے اللہ اس کے اسرار ظاہر کر دیتا ہے۔

١٩ ـ مِلاكُ السِرِّ سَتْرُه.

(۱۹) رازوں کا معیار ان کا چھپانا ہے۔

٢٠ ـ ما لُمْتُ أحداً على إذاعةِ سِرّي إذا كُنتُ به أضْيَقُ مِنه.

(۲۰) میں نے کبھی اپنا راز فاش کرنے والے کی ملامت نہ کی، اگر میں خود اس راز کی حفاظت میں اس سے کمزور رہا۔

٢١ ـ لا تُسِرَّ إلى الجاهلِ شَيئاً لا يُطيقُ كِتمانَه.

(۲۱) جاہل کو ایسی چیز کا رازداں نہ بناؤ جسے وہ چھپانے کی طاقت نہ رکھتا ہو۔

٢٢ ـ لا تُودِعَنَّ سِرَّك مَنْ لا أمانَةَ له.

(۲۲) اپنا راز ایسے شخص کے سپرد نہ کرو جو امانت دار نہ ہو۔

[۱۰۵]

## السُّرور = سرور

۱ ـ [الدُّنیا] سُرُورُها مَشُوبٌ بِالحُزن.

(۱) دنیا کا سرور غم انگیز ہے۔

۲ ـ أما بعدُ فإنّ المَرءَ قد یَسُرُّهُ دَرکُ ما لَم یَکُن لِیَفُوتَهُ، وَ یَسُوءُهُ فَوْتُ ما لَم یَکُن لِیُدرِکَه. فَلْیَکُن سُرُورُكَ بِما نِلْتَ مِن آخِرَتِكَ، وَلْیَکُن أَسَفُكَ عَلیٰ ما فاتَكَ مِنها.

(۲) اما بعد، یقیناً ایسی چیز کا پالینا انسان کو خوش کرتا ہے جس سے وہ کبھی ہاتھ نہ دھوتا (کیونکہ مقدر ایسا ہی تھا) اور اسے ایسی چیز کا کھو جانا برا لگتا ہے جسے وہ کبھی پا نہیں سکتا تھا لہذا تمہاری خوشی ان چیزوں کے لئے ہونی چاہیے جنھیں تم نے آخرت کے لئے حاصل کیا ہے اور تمہارا تاسف بھی انھیں اشیاء کے لئے ہونا چاہیے جو آخرت میں کام آنے والی ہوں اور تم نے انھیں کھو دیا۔

۳ ـ وَلْیَکُن سُرُورُكَ بِما قَدَّمتَ، و أَسَفُكَ عَلیٰ ما خَلَّفتَ، وَ هَمُّكَ فِیما بَعدَ المَوت.

(۳) تمہارا سرور ان چیزوں کے لئے ہونا چاہیے جنھیں تم نے (آخرت کے لئے) بھیج دیا ہے اور تمہار تاسف بھی انھیں چیزوں کے لئے ہونا چاہیے جنھیں تم نے چھوڑ دیا ہو اور تمہارا سارا دھیان موت کے بعد والی اشیاء کے متعلق ہونا چاہیے۔

٤ ـ و الّذی وَسِعَ سَمعُهُ الأَصواتَ، ما مِن أَحَدٍ أَودَعَ قَلباً سُرُوراً إلّا و خَلَقَ اللهُ لَهُ مِن ذلِكَ السُّرُورِ لُطفاً، فَإذا نَزَلَت بِه نائِبَةٌ جَریٰ إلیها کَالماءِ فِی انحِدارِه حتّیٰ یَطرُدَها عَنهُ کَما تُطرَدُ غَریبَةُ الإِبِل.

(۴) اس خدا کی قسم کہ جس کی سماعت تمام آوازوں کا احاطہ کئے ہوئے ہے، جو بھی کسی دل کو سرور بخشتا ہے اللہ اس کے لئے اسی سرور سے ایک لطف خلق کر دیتا ہے اور جب اس پر کوئی مصیبت نازل ہوتی ہے تو یہ اس کی طرف اس طرح جاری ہوتا ہے جیسے پانی اوپر سے نیچے کی طرف بہتا ہے۔ یہاں تک کہ اس مصیبت کو اس طرح بھگا دیتا ہے جیسے دوسری جگہ کی اونٹنی کو بھگا دیا جاتا ہے۔

٥ ـ لَیس جَزاءُ مَن سَرَّكَ أَن تَسُوءَه.

(۵) جس نے تمھیں خوش کیا اس کی یہ جزا تو نہیں کہ تم اس کے ساتھ برا سلوک کرو۔

٦ ـ السُّرورُ يَبسُطُ النَفسَ، ويُثيرُ النَّشاط.

(۶) سرور، نفس کو کشادہ کرتا ہے اور نشاط آفریں ہوتا ہے۔

٧ ـ بِالفَجائع يَتَنَغَّصُ السُّرور.

(۷) غم واندوہ کے ذریعہ خوشیاں تاریک ہو جاتی ہیں۔

٨ ـ سُرورُ المُؤمنِ بطاعةِ ربِّه، وحُـزنُهُ عَـلىٰ ذَنْبِه.

(۸) مومن کا سرور اپنے رب کی اطاعت اور اس کا حزن گناہ کرنے پر ہوتا ہے۔

٩ ـ أوقاتُ السُّرورِ خُلْسَةٌ.

(۹) خوشی کے لمحات ناپائیدار ہوتے ہیں۔

[١٠٦]

## السَّريرة = باطن

١ ـ مَن أصلَحَ سريرَتَهُ أصلَحَ اللهُ عَلانيَتَه.
(۱) جو اپنا باطن درست کر لیتا ہے اللہ اس کا ظاہر اچھا کر دیتا ہے۔

٢ ـ طُوبىٰ لِمَنْ ذَلَّ في نَفسِه، وطابَ كَسْبُه، وصَلُحَتْ سَريرَتُه و حَسُنَتْ خَليقتُه.
(۲) خوشبختی ہے اس شخص کے لئے جو اپنے آپ کو کمتر سمجھے، جس کا ذریعہ معاش پاکیزہ، باطن صاف اور اخلاق اچھا ہو۔

٣ ـ إنّ الله سُبحانَهُ يُدخِلُ بِصدقِ ٱلنّيّةِ و السَّريرَةِ الصالحةِ مَن يَشاءُ مِن عبادِهِ الجنَّة.
(۳) اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں جسے چاہے گا نیک نیتی اور پاک باطنی کی بناء پر داخل جنت کر دے گا۔

٤ ـ إعمَلُوا لِيَومٍ تُذخَرُ لهُ الذَّخائِر، و تُبلَى فِيهِ السَّرائِر.
(۴) اس دن کے لئے عمل کرو جس دن کے لئے تمام چیزوں کا ذخیرہ کیا جاتا ہے اور جس دن تمام راز آشکار ہو جائیں گے۔

٥ ـ إنّما أنتم إخوانٌ عَلى دين الله ما فَرَّقَ بَينَكُم إلاّ خُبْثُ السَّرائِرِ و سُوءُ الضَّمائِر.
(۵) تم سب اللہ کے دین کے اعتبار سے بھائی بھائی ہو تم میں صرف بدباطنی اور بری نیتیں ہی اختلاف پیدا کرتی ہیں۔

٦ ـ مَن حَسُنَتْ سَريرَتُهُ لم يَخَفْ أحَداً.
(۶) جس کا باطن اچھا ہوتا ہے وہ کسی سے نہیں ڈرتا۔

٧ ـ صَلاحُ السَرائرِ بُرهانُ صِحّةِ البَصائِر.
(۷) پاک باطنی درست بصیرت ہونے کی دلیل ہے۔

٨ ـ آفَةُ الوُزراءِ، خُبثُ السَّريرَة.
(۸) وزراء کی آفت بدباطنی ہے۔

[۱۰۷]

# السَّعادة = سعادت و خوشبختی

١ ـ السَّعيدُ من وُعِظَ بِغيرِه، و الشَّـقِيُّ مَـن انخَدعَ لِهَواهُ و غُرورِه.

(۱) خوش قسمت وہ ہے جو دوسروں کے ذریعے نصیحت حاصل کرے اور بد قسمت ہے وہ جو اپنی خواہشات کی فریب کاریوں سے دھوکا کھاجائے۔

٢ ـ وسُئل ﷺ : مَنِ السَّعيدُ؟ قال ﷺ : مَنْ خَشِيَ الوَعيد.

(۲) آپ سے سوال کیا گیا "کامیاب کون ہے؟" تو آپ نے فرمایا۔ "جو عذاب کے وعدوں سے ڈرتا ہو۔"

٣ ـ السَّعادَةُ التامَّةُ بالعِلمِ، والسعادةُ الناقِصَةُ بِالزُهد.

(۳) مکمل خوش قسمتی علم کے ذریعے حاصل ہوتی ہے اور نامکمل خوش قسمتی زہد کے ذریعے حاصل ہوتی ہے۔

٤ ـ الذي يَستَحِقُّ اسمَ السَّعادةِ على الحَقيقَةِ سَعادةُ الآخِرةِ، وهي أربعَةُ أنواع: بَقاءٌ بِلا فَناءٍ، وعِلمٌ بلا جَهْلٍ، وقُدرَةٌ بلا عَجْزٍ، وغِنىً بلا فَقْرٍ.

(۴) دراصل سعادت کے جانے کے قابل آخرت کی سعادت ہے یہ چار قسموں میں منقسم ہے: لازوال بقا، نادانی کے بغیر علم، عجز سے خالی قدرت اور فقر سے دور مالداری۔

٥ ـ مِن سَعادةِ المرءِ أن يَطولَ عُمُرُهُ، ويَرى في أَعدائِه ما يَسُرُّه.

(۵) انسان کی خوش قسمتی ہے کہ اس کی عمر طویل ہو جائے اور اسے اپنے دشمنوں میں وہ چیزیں نظر آئیں جو اسے خوش کرتی ہوں۔

٦ ـ مِن سعادةِ المرءِ أن تكونَ زوجَتُهُ مُوافِقَةً، وأولادُهُ أبراراً، وإخوانُـهُ أتـقياءَ، وجـيرانُـهُ صالحين، ورِزْقُهُ في بَلَدِه.

(۶) انسان کی خوش قسمتی ہے کہ اس کی بیوی اس کی موافق، بیٹے نیک، بھائی متقی اور پڑوسی صالح ہوں اور اس کا رزق اسی کے شہر میں ہو۔

٧ ـ السَّعادَةُ ما أفْضَتْ إلى الفَوز.

(۷) سعادت وہ ہے جو کامیابی تک پہنچادے۔

٨ ـ السَّعيدُ مَن أخلَصَ الطّاعة.

(۸) خوش قسمت وہ ہے جو اطاعت میں مخلص ہو۔

٩ ـ أَسعَدُ النّاسِ العاقِلُ المُؤمِن.

(۹) سب سے زیادہ خوش قسمت، مومن دانا ہے۔

١٠ ـ سعادَةُ المَرْءِ القَناعَةُ والرِّضى.

(۱۰) انسان کی خوش قسمتی قناعت و رضا ہے۔

١١ ـ سعادَةُ الرَّجُلِ في إحرازِ دِينِه، والعَـمَلُ لآخِرَتِه.

(۱۱) انسان کی خوش قسمتی دین کی حفاظت اور آخرت کے لئے عمل انجام دینے میں ہے۔

۱۲ ـ مِن سَعادَةِ المَرءِ أن تَكونَ صَنايِعُهُ عِندَ مَن يَشكُرُه، ومعروفُهُ عِندَ من لا يَكفُرُه.

(۱۲) انسان کی خوش قسمتی ہے کہ اس کے احسانات ایسے شخص پر ہوں جو ان کا شکر گذار ہو اور اس کی نیکیاں ایسے کے پاس ہوں جو ان کا انکار نہ کرتا ہو۔

۱۳ ـ مِن السَّعادَةِ التَّوفيقُ لِصالحِ الأعمالِ.

(۱۳) اچھے اعمال کی توفیق، خوش قسمتی ہے۔

۱٤ ـ كفى بالمَرْءِ سعادَةً أن يُوثَقَ بِهِ في أُمورِ الدِّينِ و الدُّنيا.

(۱۴) انسان کی خوش قسمتی کے لئے بس یہی کافی ہے کہ دین و دنیا کے معاملہ میں اس پر بھروسہ کیا جانے لگے۔

۱٥ ـ عِندَ العَرْضِ عَلَى اللهِ سُبحانَه تَتَحقَّقُ السعادَةُ مِنَ الشَّقاءِ.

(۱۵) خدا کے سامنے پیشی کے وقت خوش قسمتی اور بد قسمتی کا پتہ چلے گا۔

١٦ ـ حقيقةُ السعادة أن يَختِمَ الرجلُ عَمَلَهُ بالسعادة و حقيقةُ الشقاءِ أن يَختِمَ المرءُ عَمَلَهُ بِالشقاء.

(۱۶) حقیقت سعادت یہ ہے کہ انسان اپنا کام سعادت سے تمام کردے اور بد قسمتی یہ ہے کہ انسان اپنا کام بد قسمتی سے تمام کرے۔

[۱۰۸]
## السَّفَه = سفاہت

١ ـ الحِلمُ فِدَامُ السَّفيه.
(۱) حلم سفیہ کا دہان بند ہے۔

٢ ـ بالحِلْمِ عَن السَّفيهِ تكثُرُ الأنصارُ عليه.
(۲) بے وقوف کے مقابلے میں صبر کرنے والے کے مددگار بڑھ جاتے ہیں۔

٣ ـ [ فَرَضَ اللهُ ] الأَمْرَ بِالمَعروفِ مَصلحةً للعَوامِ، والنهيَ عن المُنكرِ رَدْعاً للسُّفهاء.
(۳) اللہ تعالیٰ نے امر بالمعروف کو عوام کی اصلاح کے لئے فرض کیا ہے۔

٤ ـ لا تُمارِ سَفيهاً ولا فَقيهاً، أمّا الفقيهُ فَتحْرِمُ خَيرَهُ، وأمّا السفيهُ فيُحزِنُكَ شَرُّه.
(۴) بے وقوف اور فقیہ (دونوں میں سے کسی ایک سے بھی) کٹ حجتی نہ کرو کیونکہ ایسا کرنے سے تم فقیہ کی نیکیوں سے محروم ہو جاؤگے اور سفیہ کے ساتھ کٹ حجتی کرنے سے تمھیں اس کی برائیوں سے اذیت پہنچے گی۔

٥ ـ العافِيةُ عَشرةُ أجزاءٍ، تِسعةٌ منها في الصَّمْتِ إلّا مِن ذِكرِ اللهِ تعالى، وواحدٌ في تَرْكِ مُجالَسَةِ السُّفَهاء.
(۵) عاقبت کے دس جز ہیں جن میں سے نو ذکر خدا کے علاوہ خاموشی میں ہیں اور ایک حصہ بے وقوفوں کی ہمنشینی چھوڑنے میں ہے۔

٦ ـ مَن سَفُهَ عليهم [ على النّاسِ ] شُتِم.
(۶) جو لوگوں پر طیش دکھاتا ہے وہ گالی کھاتا ہے۔

٧ ـ فَسادُ الأخلاقِ مُعاشَرَةُ السُّفَهاء.
(۷) عقل کی خرابی بے وقوفوں کی معاشرت میں ہوتی ہے۔

٨ ـ العاقلُ بِخشونَةِ العَيْش مَعَ العُقَلاء، آنَسُ منه بِلِينِ العَيْش مَعَ السُّفَهاءِ.
(۸) عاقل، دانش وروں کے ساتھ سخت زندگی سے، بے وقوفوں کے ساتھ نرم و آسان زندگی کے مقابل زیادہ مانوس ہوتا ہے۔

٩ ـ السَّفَهُ يَجلِبُ الشَرَّ.
(۹) سفاہت شر لے آتی ہے۔

١٠ ـ السَفَهُ مِفتاحُ السِباب.
(۱۰) بے وقوفی اور جلدی طیش میں آجانا گالی کھانے کی کنجی ہے۔

١١ ـ إيّاكَ والسَّفَه، فإنّه يُوحِشُ الرِّفاق.

(۱۱) بے وقوفی اور جلدی طیش میں آجانے سے بچو کیونکہ یہ رفاقتوں کو ختم کر دیتی ہے۔

١٢ ـ تَركُ جَوابِ السَّفيه أَبلَغُ جَوابه.

(۱۲) سفیہ کو جواب نہ دینا سب سے اچھا جواب ہے۔

١٣ ـ سَفَهُك على مَن دُونَكَ جَهْلٌ مُؤذٍ.

(۱۳) اپنے ماتحت کے ساتھ بے وقوفی اور طیش سے کام لینا تکلیف دہ جہالت ہے۔

١٤ ـ سَفَهُك على مَن فَوقَك جهلٌ مُرْدٍ.

(۱۴) اپنے سے بالاتر لوگوں کے ساتھ سفاہت سے کام لینا ہلاکت خیز جہالت ہے۔

١٥ ـ مَن دَاخَلَ السُفهاءَ حُقِّر.

(۱۵) جو بے وقوفوں کے ساتھ ہوتا ہے وہ حقیر ہو جاتا ہے۔

١٦ ـ مَن كَثُرَ سَفَهُهُ استُرْذِل.

(۱۶) جس کی حماقت اور طیش بڑھ جاتا ہے وہ ذلیل ہو جاتا ہے۔

[۱۰۹]

# السَّلامة = سلامتی

| | |
|---|---|
| ١ ـ مَن أحسَنَ السُّؤالَ عَلِمَ، ومَن عِلمَ عَمِلَ، ومَن عَمِلَ سَلِمَ. | (۱) جو اچھی طرح سے سوال کرتا ہے وہ جان لیتا ہے اور جو جان لیتا ہے وہ (اس پر) عمل کرتا ہے اور جو عمل انجام دیتا ہے وہ سلامت رہتا ہے۔ |
| ٢ ـ مَن اعتَزَلَ سَلِمَ. | (۲) جو (لوگوں سے) عزلت اختیار کرتا ہے وہ سلامت رہتا ہے۔ |
| ٣ ـ لا لِباسَ أجمَلَ مِن السَّلامَة. | (۳) سلامتی سے زیادہ خوبصورت کوئی لباس نہیں۔ |
| ٤ ـ التواضُعُ يُكسِبُكَ السَّلامة. | (۴) تواضع سلامتی لے آتی ہے۔ |
| ٥ ـ يا عجباً مِن غَفْلَةِ الحُسّادِ عن سَلامَةِ الأجساد. | (۵) بڑا تعجب ہے کہ حاسد (اپنے) بدن کی سلامتی سے کتنے غافل ہیں۔ |
| ٦ ـ لا وِقايَةَ أمنَعُ مِن السَّلامَة. | (۶) سلامتی سے زیادہ مضبوط کوئی ڈھال نہیں ہے۔ |
| ٧ ـ مَن أحكَمَ مِن التّجارُب سَلُمَ مِن العَواطِب. | (۷) جو تجربوں کے ذریعے مستحکم ہو جاتا ہے وہ بلاکتوں سے محفوظ رہتا ہے۔ |
| ٨ ـ مَن طَلَبَ السَّلامَةَ لَزِمَ الاِستِقامَة. | (۸) جو سلامتی کا طالب ہوتا ہے وہ پابند استقامت ہو جاتا ہے۔ |
| ٩ ـ مَن غَلَبَت عَلَيه شَهوَتُه لم تَسلِم نَفسُه. | (۹) جس پر شہوت غالب آجاتی ہے اس کا نفس سالم نہیں رہ جاتا۔ |
| ١٠ ـ مَن صَحِبَ الأشرارَ لم يَسْلِم. | (۱۰) جو بداطوار افراد کی صحبت اختیار کرتا ہے وہ (ان کی برائیوں سے) سالم نہیں رہ سکتا۔ |
| ١١ ـ مَن حَسُنَ عَمَلُهُ بَلَغَ مِن اللهِ آمالَه. | (۱۱) جس کا عمل اچھا ہو جاتا ہے اللہ کے پاس سے اس کی مرادیں بر آتی ہیں۔ |
| ١٢ ـ مَن اعتَزَلَ النّاسَ سَلِمَ مِن شَرِّهِم. | (۱۲) جو لوگوں سے الگ تھلگ رہتا ہے وہ ان کی برائیوں سے محفوظ رہتا ہے۔ |
| ١٣ ـ مَن نَظَرَ فِي العَواقِبِ سَلِمَ. | (۱۳) جو نتائج کی پرواہ کرتا ہے وہ سلامت رہتا ہے۔ |

[۱۱۰]

# السّماح = گذشت و جواں مردی

۱ ـ كُن سَمحاً ولا تكُن مُبَذِّراً، و كُن مُقدِّراً و لا تكُن مُقَتِّراً.

(۱) سخی بنو مگر فضول خرچی کی حد تک نہیں اور حساب سے خرچ کرو مگر کنجوسی کی حد تک نہیں۔

۲ ـ فامْنَع مِن الاحتكار فإنّ رسولَ الله ﷺ مَنَعَ مِنه، وليَكُنِ البَيعُ بيعاً سمحاً بموازين عدلٍ وأسعارٍ لا تُجحِفُ بالفَريقَينِ مِن البايِعِ والمُبتاع.

(۲) ذخیرہ اندوزی (احتکار) سے (لوگوں کو) روکو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے، خرید و فروش با آسانی، سچے کانٹوں اور مناسب قیمتوں کے ذریعے ہونا چاہیے تاکہ خریدنے اور بیچنے والے میں سے کسی کے لئے بھی یہ (سودا) ناقابل تحمل نہ ہو۔

۳ ـ [كتبه لمالك الأشتر] ثمّ الصَقْ بذوی المُرُوءات والأَحسابِ، وأهلِ البيوتاتِ الصالِحة والسوابِقَ الحَسَنة، ثمّ أَهلِ النَّجدَةِ والشَّجاعَةِ والسَّخاءِ و السَّماحَةِ، فإنّهم جِماعٌ مِن الكَرَمِ وشُعَبٌ مِن العُرْف.

(۳) مالک اشتر کو لکھا "پھر مروت و حساب کتاب رکھنے والے، صالح اور اچھے ماضی والے افراد کے ساتھ رہو ان کے ساتھ جو بزرگوار و شجاع اور سخی و بخشندہ ہوں کیونکہ یہ لوگ کرامت و شرافت کے مرکز اور نیکیوں کی جگہ ہوتے ہیں۔

٤ ـ وامّا نحنُ فأبْذَلُ لِما فی أَيدينا و أَسمَحُ عند المَوتِ بِنُفُوسِنا.

(۴) اور ہم تو جو کچھ (ہمارے) ہاتھ میں ہوتا ہے اسے (اوروں کے مقابلے میں) سب سے زیادہ عطا کر دینے والے ہیں اور موت کے وقت اپنے آپ کو سب سے زیادہ بڑھ کر اس کے حوالے کر دینے والے ہیں۔

٥ ـ عَوِّدْ نفسَكَ السَّماح.

(۵) اپنے نفس کو بخشش و جواں مردی کا عادی بناؤ۔

٦ ـ البخيلُ يَسمَحُ مِن عِرضِه بأكثر ممّا أَمسَكَ مِن عَرَضِه وو يُضَيِّعُ مِن دينِه أضعافَ ما حَفِظَ مِن نَسَبِه.

(۶) کنجوس جتنا اپنے مال کی حفاظت کرتا ہے اس سے کہیں بڑھ کر وہ اپنی آبرو کھو دیتا ہے اور جس طرح وہ اپنے حسب نسب کی حفاظت کرتا ہے اس سے کئی گنا زیادہ اپنے دین کو برباد کر دیتا ہے۔

۷ ـ إسْمَحُوا إذا سُئِلتُم.

(۷) جب تم سے سوال کیا جائے تو عطا کر دیا کرو۔

۸ ـ مَن سَمِحَت نَفسُهُ بالعَطاءِ استَعبَدَ أبناءَ الدُّنيا.

(۸) جو عطیات کے ذریعے سخاوت کرتا ہے وہ اہل دنیا کو اپنا غلام بنالیتا ہے۔

۹ ـ مَن عامَلَ النّاسِ بالمُسامَحَةِ استَمتَعَ بصُحبَتِهِم.

(۹) جو لوگوں سے سہولت کے ساتھ معاملات طے کرتا ہے وہ ان کی صحبت سے لطف اندوز ہوتا ہے۔

## [۱۱۱]
# السُّنَّة = سنت و روش

۱ ـ فَانظُر أيّها السّائِلُ . . . ما كَلَّفَكَ الشيطانُ عِلمَهُ ممّا ليس فى الكِتابِ عليك فَرضُه، ولا فى سنَّة النبيِّ ﷺ و أئمَّةِ الهُدىٰ أثَرُه فَكِل عِلمَهُ الى الله سبحانَه، فـإنّ ذلك مُـنتهى حَـقِّ اللهِ عليك.

(۱) اے سوال کرنے والے دیکھ۔۔۔ جن باتوں کا علم شیطان نے تیرے لئے لازم قرار دیا ہے جبکہ ان کا علم قرآن و سنت نبوی اور ائمہ ھدیٰ کے یہاں واجب ہونا کہیں سے معلوم نہیں تو ایسی باتوں کا علم اللہ کے بھروسے چھوڑ دے کہ یہ تیرے اوپر حق خدا کی انتہا ہے۔

۲ ـ [ فى فضل رسول الكريم ] سِيرَتُهُ القَصدُ، و سُنَّتُهُ الرُّشـدُ و كـلامُهُ الفَـصلُ و حُـكمُهُ العَدل.

(۲) (رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی فضیلت میں) آپ کی سیرت میانہ روی اور سنت ہدایت تھی آپ کا کلام (حق و باطل کے درمیان) فاصلہ پیدا کرنا والا اور حکم عدل تھا۔

۳ ـ ليس عَلى الإمامِ إلّا ما حُمِّلَ مِن أمرِ رَبِّهِ: الإبلاغُ فى المَوعِظَة، و الإجتهادُ فى النصيحة، و الإحـياءُ للسُّـنَّة، و إقـامةُ الحُـدودِ عـلى مُستَحِقّيها. . . .

(۳) امام پر بس اتنا ہی واجب ہے جتنا اس پر اس کے رب کی طرف سے لازم قرار دیا گیا ہے (اور وہ یہ ہے) بکثرت موعظہ کرنا، محنت و لگن سے نصیحت کرنا، سنت کو زندہ کرنا اور مستحقوں پر حدود قائم کرنا۔

٤ ـ ما أُحدِثَتْ بِدعةٌ إلّا تُرِكَ بِها سُنَّةٌ فاتَّقُوا البِدَعَ و ألزَمُوا المَـهيَعَ، إنّ عَـوازِمَ الأُمـورِ أفضَلُها و إنّ مُحدِثاتِها شِرارُها.

(۴) کوئی بھی بدعت ایجاد نہیں کی جاتی جز یہ کہ اس کی وجہ سے ایک سنت چھوڑ دی جائے لہٰذا تم لوگ بدعتوں سے ڈرو اور (اللہ کے راستے) کے پابند رہو بلاشبہ پائیدار امور سب سے اچھے ہوتے ہیں اور ان (امور) میں کچھ ایجاد ہونے والے بد ترین امور ہوتے ہیں۔

٥ ـ [ قبل شهادته ] أمّـا وصـيّتي: فـالله لا تُشركوا به شيئاً و محمّداً ﷺ فلا تُـضَيِّعُوا سُنَّتَه، أقيموا هٰذين العَمودَين و أوقِدوا هٰذين المِصباحَين.

(۵) (اپنی شہادت سے پہلے) ۔اور یہ میری وصیت ہے کہ اللہ کا کسی کو شریک نہ بنانا اور محمد صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی سنتوں کو برباد نہ کرنا ۔ان دوستونوں کو پائیدار رکھنا اور ان دو چراغوں کو روشن رہنے دینا۔

٦ ـ [أولياء الله] مُتَمَسِّكُونَ بِحبلِ القُرآنِ، يُحيُونَ سُنَنَ اللهِ و سُنَنَ رَسُولِه، لا يَستكبِرونَ ولا يَعلُون ولا يَغُلُّون و لا يُفسِدون، قُلوبُهُم فى الجِنان و أجسادُهُم فِي العمل.

(۶) (اولیائے خدا) حبل قرآن سے متمسک رہتے ہیں سنت رسول (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) کو زندہ رکھتے ہیں، تکبر و علو پسندی اختیار نہیں کرتے اور نہ ہی غلو و فساد کو شیوہ بناتے ہیں ان کے دل جنت میں اور جسم عمل میں رہتے ہیں۔

٧ ـ طُوبىٰ لِمَن ذَلَّ فِي نَفسِهِ، وطابَ كَسْبُه، وصَلَحَتْ سريرَتُه، وحَسُنَتْ خَليقَتُه، وأنفَقَ الفَضْلَ مِن مالِه، وأمسَكَ الفَضْلَ مِن لِسانِه، وعَزَلَ عنِ الناسِ شَرَّه، و وَسِعَتْهُ السُّنَّةُ، ولم يُنْسَبْ الى البِدْعَة.

(۷) خوش بختی ہے اس شخص کے لئے جو اپنے آپ میں ذلیل ہوا جس کا ذریعہ معاش پاکیزہ، باطن صاف اور اخلاق اچھا ہوا، جس نے مال کا فالتو حصہ بانٹ دیا اور اپنے کلام کا فالتو حصہ روک لیا، جس کی برائیاں لوگوں سے دور رہیں، سنتوں نے جس کا احاطہ کر رکھا ہو اور جس کی طرف بدعت منسوب نہ کی جاتی ہو۔

٨ ـ اليقينُ منها [يعني من دعائم الإيمان] على أربع شُعَبٍ: على تَبْصِرَةِ الفِطْنَة، وتَأوُّلِ الحِكمَة،؟ ومَوْعِظَةِ العِبْرَة، وسُنَّةِ الأوَّلين. فَمَن تَبَصَّر فِي الفِطْنَةِ تَبيَّنَتْ له الحِكمَةُ، ومَن تبيَّنَتْ له الحِكمَةُ عَرَفَ العِبْرَةَ، ومَن عَرَفَ العِبْرَة فكأنَّما كان فِي الأوَّلين.

(۸) یقین جو ایمان کے ستونوں میں سے ہے چار حصوں میں منقسم ہوتا ہے۔ ذہن کی چابکی، ادراک حکمت، عبرت کا حصول اور اولین کی روش لہذا جو ذہانت کے معاملے میں دور اندیشی سے کام لیتا ہے اس کے لئے حکمت واضح ہو جاتی ہے اور جس کے سامنے حکمت واضح ہو گئی وہ عبرتناک چیزوں سے سبق حاصل کر لیتا ہے اور جس نے عبرتناک چیزوں سے سبق حاصل کر لیا تو گویا وہ اولین کے گروہ میں شامل ہو گیا۔

٩ ـ [قال عليه السلام لعبد الله بن العباس لما بَعَثَه لِلاِحتِجاجِ على الخوارج:] لا تُخاصِمْهُم بالقرآن، فإنّ القرآنَ حَمّالٌ ذو وُجُوهٍ، تَقولُ ويَقولونَ، ولكن حاجِجْهُم بالسُّنّةِ، فإنّهم لَن يَجِدُوا عنها مَحِيصاً.

(۹) آپ نے عبداللہ ابن عباس کو خوارج سے بحث کرنے کے لئے بھیجتے وقت فرمایا "ان سے قرآن کے ذریعے بحث نہ کرنا کیونکہ قرآن بہت سی جہتوں کو لئے ہوئے ہے تم کچھ کہو گے وہ کچھ اور کہیں گے بلکہ ان کے سامنے سنت نبوی کے ذریعے استدلال کرنا کیونکہ وہ اس سے کوئی راہ فرار نہیں پا سکتے۔

١٠ ـ اِقتَدُوا بِهَديِ نَبيِّكُم، فإنَّه أفضَلُ الهَديِ، واستَنُّوا بسنَّتِه، فإنّها أهدَى السُّنَن.

(۱۰) اپنے نبی کے ہدایت کی پیروی کرو کیونکہ یہ تمام ہدایتوں سے افضل ہے اور انھیں کی سنت سے مزین ہو جاؤ کیونکہ آپ کی سنت تمام سنتوں سے زیادہ ہدایت کرنے والی ہے۔

١١ ـ السُّنَّةُ ـ واللهِ ـ سنّةُ محمّد ﷺ، و البِدْعَةُ ما فارَقَها.

١٢ ـ شَرُّ الناسِ عند الله إمامٌ جائِرٌ ضَلَّ و ضُلَّ به، فأماتَ سُنّةً مَأخُوذَةً، و أَحيا بِدْعَةً مَترُوكَةً.

١٣ ـ السُّنّةُ سُنَّتان: سُنّةٌ في فَريضَةٍ، الأَخْذُ بها هُدَىً، وتركُها ضَلالةٌ، وسُنّةٌ في غَيرِ فَريضَةٍ، الأَخْذُ بها فَضِيلةٌ، وتركُها غيرُ خطيئةٍ.

١٤ ـ قد أوجَبَ الإيمانُ على مُعتَقِدِه، إقامَةَ سُنَنِ الإسلام، والفَرض.

١٥ ـ طُوبىٰ لِمَن عَمِلَ بسُنَّةِ الدِّين، واقتَفىٰ أَثَرَ النَبيّين.

١٦ ـ مِنْ عَلاماتِ العَقْلِ العَمَلُ بسُنَّةِ العَدْل.

١٧ ـ لا تَنْقُض سُنّةً صالِحَةً عَمِلَ بها صُدورُ هذهِ الأمّةِ، واجتمَعَت بها الأُلْفَةُ، و صَلُحَت عليها الرَّعِيَّةُ.

(۱۱) سنت ـــ خدا کی قسم ـــ سنت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہے اور جو کچھ بھی اس سے ہٹ کر ہے وہ بدعت ہو گی۔

(۱۲) اللہ کے نزدیک بدترین آدمی ظالم رہبر ہے جو خود تو گمراہ ہوتا ہی ہے اور اس کی وجہ سے لوگ بھی گمراہ ہوجاتے ہیں یہ اختیار کی ہوئی سنت کو ختم کر کے چھوڑی ہوئی بدعت کو زندہ کرتا ہے۔

(۱۳) سنت دو طرح کی ہوتی ہے ـــ فریضوں میں سنت وہ ہے جس سے تمسک ہدایت اور جس کا ترک، گمراہی ہوتا ہے مگر غیر فرائض کی سنت یعنی اس سے تمسک فضیلت ہوتی ہے مگر اس کا ترک کرنا خطاؤں میں شمار نہیں ہوتا۔

(۱۴) ایمان نے اپنا اعتقاد رکھنے والوں پر اسلامی سنتوں اور فرائض کو بجالانا واجب قرار دیا ہے۔

(۱۵) خوش بختی ہے اس شخص کے لئے جو سنت اور دین کی روش پر عمل پیرا، اور انبیاء کی پیروی میں مشغول ہو۔

(۱۶) عقل کی علامتوں میں سے روش عدل پر عمل پیرا ہونا ہے۔

(۱۷) کسی ایسی سنت کو نہ چھوڑو جس پر اس امت کے بزرگ افراد عمل کر چکے ہوں، امت اسلام اس سے مانوس ہو چکی ہو اور لوگ اس کی وجہ سے اچھے ہو چکے ہوں۔

[۱۱۲]

# السَّيِّئة = برائی و گناہ

١ ـ سَيِّئةٌ تَسُوءُكَ خَيْرٌ عِندَ اللهِ مِن حَسَنةٍ تُعْجِبُك.

(۱) ایک ایسی برائی جو تمھیں بری لگے اللہ کے نزدیک اس نیکی سے بہتر ہے جو تمھیں عجب (خود پسندی) میں مبتلا کر دے۔

٢ ـ مَن زاغَ ساءَتْ عِندَهُ الحَسَنَةُ، وحَسُنَتْ عندهُ السَّيئةُ، وسَكِرَ سُكْرَ الضَلالَة.

(۲) جو گمراہ ہو جاتا ہے اس کے نزدیک اچھائیاں بری اور برائیاں اچھی ہو جاتی ہیں اور وہ گمراہی کی مستی میں ڈوب جاتا ہے۔

٣ ـ قال عليه السلام لبعض أصحابه في عِلَّةٍ اعتلَّها: جَعَلَ اللهُ ما كانَ مِن شكواك حَطّاً لِسَيِّئاتِكَ، فإنّ المَرضَ لا أجْرَ فيه، ولكنَّهُ يَحُطُّ السَّيِّئاتِ، ويَحُتُّها حَتَّ الأوراق.

(۳) آپ نے اپنے بعض اصحاب کو لاحق ہو جانے والی ایک بیماری کے متعلق فرمایا "اللہ نے تمہاری بیماری کو تمہارے گناہوں کو مٹا دینے کا سبب بنایا ہے۔ بیماری میں کوئی اجر نہیں مگر (اس کے باوجود) یہ گناہوں کو اس طرح ختم کر دیتی ہے جیسے پتے درخت سے (سوکھ کر) جھڑ جاتے ہیں۔

٤ ـ لا يأمَنُ البَيات مَن عَمِلَ السَّيِّئات.

(۴) وہ (دشمنوں کے) شبخوں سے بچ نہیں سکتا جو گناہ کرتا ہو گا۔

٥ ـ الورع جُنَّةٌ مِنَ السَّيئات.

(۵) تقویٰ اور ورع گناہوں کے لئے سپر ہیں۔

٦ ـ اِجتنابُ السَّيئاتِ أولىٰ مِن إكتسابِ الحَسنات.

(۶) برائیوں سے بچنا نیکیوں کے حصول سے بہتر ہے۔

٧ ـ إنّكَ إن اجتَنَبتَ السَّيئاتِ نِلْتَ رفيعَ الدَّرجات.

(۷) اگر تم گناہوں سے بچ جاؤ تو اعلیٰ درجات کے مالک ہو جاؤ گے۔

٨ ـ إذا قَلَّتِ الطاعاتُ كَثُرَتِ السَّيئات.

(۸) جب (خدا کی) اطاعتیں کم ہو جاتی ہیں تب برائیاں بڑھ جاتی ہیں

٩ ـ شَرُّ الناسِ مَن لا يُبالي أن يَراهُ النـاسُ مُسيئاً.

(۹) بدترین آدمی وہ ہے جسے یہ پرواہ نہ ہو کہ لوگ اسے گنہ گار دیکھ رہے ہیں۔

١٠ ـ في كلِّ سَيِّئةٍ عُقوبةٌ.

(۱۰) ہر گناہ کا عذاب ہے۔

١١ ـ مَن خافَ العِقابَ انصَرَفَ عَنِ السَّيئات.

(۱۱) جو عقاب سے ڈرتا ہے وہ برائیوں سے الگ رہتا ہے۔

١٢ ـ نِعمةٌ لا تُشكَرُ كسَّيئَةٍ لا تُغفَر.

(۱۲) وہ نعمت جس کا شکر ادا نہ کیا گیا ہو اس برائی کی طرح ہے جو کبھی بخشی نہیں جاتی۔

١٣ ـ لا تُسيءُ الخِطابَ فَيَسوئَك نَكيرُ الجَواب.

(۱۳) لوگوں کو بری طرح مخاطب نہ کرو کہ نتیجتاً ان کا اس سے بدتر جواب تمھیں برا لگے گا۔

[۱۱۳]

# الشُّبْهَة = شبہ

١ ـ إنّما سُمِّيَت الشُّبهَةُ شُبهةً لأنّها تُشبِهُ الحَقَّ.

(۱) شبہ کو شبہ اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ وہ حق سے شباہت رکھتا ہے۔

٢ ـ إنّي لَعلىٰ يقينٍ مِن رَبّي و غَيرِ شُبهةٍ مِن ديني.

(۲) میں اپنے رب کی طرف سے یقین کے مرحلہ پر فائز ہوں اور اپنے دین میں ہر طرح کے شبہ سے پرے ہوں۔

٣ ـ أشهدُ أنّ محمّداً عبدُهُ و رسولُهُ بِالدّينِ المَشهُورِ... إزاحةً لِلشُّبُهاتِ و احتجاجاً بالبيّناتِ و تحذيراً بالآياتِ و تخويفاً بِالمثلات.

(۳) میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد (صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم) اللہ کے بندے اور دین مشہور کے ساتھ اس کے رسول ہیں تاکہ لوگوں کے شبہات کو زائل کریں اور دلائل کے ذریعے استدلال کریں، اللہ کی نشانیوں کے ذریعے لوگوں کو مخالفت سے روکیں اور انھیں عذاب کی مثالوں کے ذریعے ڈرائیں۔

٤ ـ [أهل الضلال] يَعمَلونَ في الشُّبهاتِ و يَسيرونَ في الشهوات.

(۴) (گمراہ لوگ) شبہات کے اندھیروں میں عمل کرتے ہیں اور شہوتوں میں آگے بڑھتے رہتے ہیں۔

٥ ـ لا وَرَعَ كالوُقوفِ عِند الشُّبْهَة.

(۵) شبہ کے وقت توقف سے بڑھ کر کوئی تقویٰ نہیں ہے۔

٦ ـ لكلِّ ضَلَّةٍ عِلّةٌ و لِكلِّ ناكثٍ شُبهَةٌ.

(۶) ہر لغزش کی علت اور ہر عہدشکن کے لئے کوئی شبہ ہوتا ہے۔

٧ ـ لِيَصْدُقْ تَحرّيكَ في الشُّبُهاتِ، فإنّ مَن وَقَعَ فيها ارتبَك.

(۷) شبہات کے درمیان اچھی طرح جستجو کرو کیونکہ جو اس میں پڑ جاتا ہے وہ پھنس جاتا ہے۔

٨ ـ نَزِّهُوا أديانَكُم عَنِ الشُّبُهاتِ، وصُونوا أنفُسَكُم عَن مَواقِفِ الرِّيَبِ المُوبِقات.

(۸) اپنے ذہنوں کو شبہات سے پاک رکھو اور اپنے نفوس کو ہلاکت خیز شک کی جگہوں سے دور رکھو۔

[ ١١٤ ]

## الشّجاعة = شجاعت

١ ـ قَدرُ الرجل على قَدرِ هِمَّتِه . . . وشَجاعَتُهُ على قَدْرِ أَنَفَتِه.
(۱) انسان کی قدر و قیمت اس کی ہمت کے اتنی اور اس کی بہادری دنیا سے (اس کی) بے توجہی کے اتنی ہی ہو گی۔

٢ ـ العَجزُ آفةٌ و الصَّبْرُ شَجاعَةٌ.
(۲) ناتوانی مصیبت اور صبر شجاعت ہے۔

٣ ـ لا يُعرَفُ الشُجاعُ إلّا في الحَرْب.
(۳) بہادر صرف جنگ میں پہچانا جاتا ہے۔

٤ ـ الشَجاعَةُ صَبْرُ ساعةٍ.
(۴) شجاعت چند لمحہ صبر کر لینا ہے۔

٥ ـ الشُجاعَةُ أحَدُ العِزَّيْن.
(۵) شجاعت دو عزتوں میں سے ایک عزت ہے۔

٦ ـ الشُجاعَةُ نُصرَةٌ حاضِرَةٌ، وفَضيلةٌ ظاهِرَةٌ.
(۶) شجاعت سامنے حاضر مدد اور واضح فضیلت ہے۔

٧ ـ الشُجاعَةُ عِزٌّ حاضِرٌ، الجُبْنُ ذُلٌّ ظاهِرٌ.
(۷) شجاعت سامنے موجود عزت اور بزدلی ظاہر ہو جانے والی ذلت ہے۔

٨ ـ الشُجاعَةُ زَينٌ، الجُبْنُ شَيْنٌ.
(۸) شجاعت زینت اور بزدلی عیب ہے۔

٩ ـ على قَدر الحَمِيَّةِ تكونُ الشجاعَة.
(۹) حمیت و غیرت کے اتنی ہی شجاعت ہوتی ہے۔

١٠ ـ ثَمَرَةُ الشُجاعَةِ الغِيرَة.
(۱۰) شجاعت کا ثمرہ غیرت ہے۔

١١ ـ لو تَمَيَّزَتِ الأشياءُ لكانَ الصِّدْقُ مَعَ الشُجاعَةِ، وكان الجُبْنُ مَعَ الكَذِب.
(۱۱) اگر اشیاء ایک دوسرے سے الگ ہو جائیں تو صدق شجاعت کے ساتھ اور بزدلی جھوٹ کے ساتھ ہو گی۔

١٢ ـ مُعالَجَةُ النِّزالِ تُظهِرُ شَجاعَةَ الأبطال.
(۱۲) جنگوں کی ترکیبوں کے وقت پہلوانوں کی شجاعت معلوم ہو جاتی ہے۔

[۱۱۵]

# الشرّ = شر وبرائی

١ ـ أُحصُدِ الشَرَّ مِن صَدْرِ غيرِك، بقَلْعِهِ مِن صَدْرِك.

(۱) دوسرے کے سینے سے برائی، اپنے سینے میں موجود برائی کو نکال پھینکنے کے ذریعے دور کرو۔

٢ ـ ما ظَفِرَ مَن ظَفِرَ الإثمُ به، والغالِبُ بِالشرِّ مَغلُوبٌ.

(۲) وہ کامیاب نہیں جس پر گناہ کامیاب ہو گیا ہو اور شر کے ذریعے غلبہ حاصل کرنے والا مغلوب ہوتا ہے۔

٣ ـ رُدُّوا الحَجَرَ مِن حيثُ جاءَ، فإنّ الشَّرَّ لا يَدفَعُهُ إلّا الشَّرُّ.

(۳) پتھر کو اسی طرف پھینک دو جدھر سے وہ آیا ہو کیونکہ شر کا جواب صرف شر ہی سے ممکن ہے۔

٤ ـ ولا تَيأَسَنَّ لِشرِّ هذه الأُمَّة مِن رَوْحِ الله، لقوله تعالى: ﴿إنّه لا يَائَسُ مِن رَوْحِ اللهِ إلاَّ القومُ الكافِرُونَ﴾.

(۴) اس امت کی برائیوں کو دیکھ کر اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا کیونکہ خدا نے فرمایا "بے شک اللہ کی رحمت سے صرف کافر ہی مایوس ہوتے ہیں۔"

٥ ـ عاتِبْ أخاكَ بالإحسانِ إليه، وارْدُدْ شَرَّهُ بالإنْعامِ عليه.

(۵) اپنے بھائی کی سرزنش، احسان کے ذریعے عتاب کرو اور اس کی برائی کو انعام و عطیہ کے ذریعے دور کرو۔

٦ ـ فاعِلُ الخَيرِ خيرٌ مِنه، و فاعِلُ الشرِّ شرٌّ مِنه.

(۶) نیکی انجام دینے والا نیکی سے بہتر اور بدی انجام دینے والا بدی سے بدتر ہوتا ہے۔

٧ ـ إنّ لِلخيرِ والشَرِّ أهْلاً، فَمَهْمَا تَرَكْتُمُوهُ مِنهُما كفاكُموهُ أهْلُه.

(۷) بلاشبہ خیر و شر دونوں کے لئے اس کے اہل ہیں پس تم جب بھی ان میں سے کسی کو چھوڑ دیتے ہو تو اسے اس کے اہل پورا کر دیتے ہیں۔

٨ ـ بايِنْ أهلَ الشَرِّ تَبِنْ عنهم.

(۸) اہل شر سے دوری اختیار کرو گے تب ہی ان سے دور رہ پاؤ گے

٩ ـ أَخِّرِ الشَرَّ، فإنّك إذا شِئْتَ تعجَّلْتَه.

(۹) برائی میں تاخیر کرو اس لئے کہ اس میں جب بھی تم چاہو جلدی کر سکتے ہو۔

١٠ ـ البَغْيُ سائِقٌ إلى الشرِّ.

(۱۰) بغاوت شر کی طرف لے جاتی ہے۔

١١ ـ مَن كفَّ عنك شَرَّهُ فاصنَعْ بِه ما سَرَّه.

(۱۱) جس نے اپنی برائی تم تک پہنچنے سے روک لی اس کے ساتھ

تمھیں ایسے احسانات کرنے چاہیے جس سے وہ خوش ہو جائے۔

١٢ ـ النّمّامُ جِسرُ الشرِّ.

(۱۲) چغل خور برائی کا پھل ہے۔

١٣ ـ كفى بالمَرْءِ شَرّاً أن يَعرِفَ مِن نَفسِهِ فَساداً فَيُقيمَ عليه.

(۱۳) انسان کی برائی کے لئے یہی کافی ہے کہ وہ خود کی کسی خرابی سے آگاہ ہو جائے مگر پھر بھی اسی پر باقی رہے۔

١٤ ـ إذا أرادَ الله بِعبدٍ شرّاً وَكَلَهُ إلى نَفسِه.

(۱۴) جب اللہ کسی بندے کا برا چاہتا ہے تو اسے خود اسی کے سپرد کر دیتا ہے۔

١٥ ـ لا تَنْفَكُّ المدِينةُ مِن شرٍّ، حتّى يَجتَمِعَ مَعَ قُوَّةِ السلطانِ قُوّةُ دِينِهِ وقُوّةُ حِكمَتِه.

(۱۵) شہر اس وقت تک برائیوں سے الگ نہیں ہو سکتا جب تک سلطان کی قوت کے ساتھ اس دین و حکمت کی قوت بھی شامل نہ ہو۔

١٦ ـ عَدَمُ الأدَبِ سَبَبُ كلِّ شرٍّ.

(۱۶) ادب کا فقدان تمام برائیوں کا سبب ہے۔

١٧ ـ لا تَصحَبِ الشِرّير، فإنّ طَبْعَك يَسرِقُ مِن طَبْعِهِ شرّاً وأنتَ لا تَعلم.

(۱۷) برے کی صحبت نہ اختیار کرو کیونکہ تمھاری طبیعت اس کی طبیعت میں سے اس طرح کوئی برائی چرالے گی کہ تمھیں خبر بھی نہ ہو گی۔

١٨ ـ يا بُنيَّ، إنّ الشرَّ تارِكُك إن تَركْتَه.

(۱۸) اے بیٹے یقیناً برائی تمھیں چھوڑ دے گی اگر تم نے اسے چھوڑ دیا۔

١٩ ـ شرُّ الدُّنيا والآخِرَةِ في خَصْلَتَينِ: الفَقرِ، والفُجُور.

(۱۹) دنیا و آخرت کی برائیاں دو عادتوں میں ہیں: فقیری اور فسق و فجور۔

٢٠ ـ الشرُّ كامِنٌ في طَبيعَةِ كلِّ أحَدٍ، فإن غَلَبَهُ صاحِبُهُ بَطَنَ، وإن لم يَغْلِبْه ظَهَرَ.

(۲۰) برائی ہر آدمی کی طبیعت میں پوشیدہ ہوتی ہے اگر کسی آدمی نے اس پر غلبہ حاصل کر لیا تو وہ چھپی ہی رہتی ہے اور اگر غلبہ نہ پاسکا تو وہ ظاہر ہو جاتی ہے۔

٢١ ـ الشرُّ أقبَحُ الأبوابِ، وفاعِلُهُ شَرُّ الأصحاب.

(۲۱) برائی بد ترین راہ ہے اور اس کا انجام دہندہ بد ترین شخص ہے

٢٢ ـ الشِرّيرُ لا يَظُنُّ بأحدٍ خيراً، لأنّه لا يَراهُ إلّا بِطبعِ نَفسِه.

(۲۲) حد درجہ برا آدمی کسی سے بھی اچھائی کا گمان نہیں کرتا اور ہر ایک کو اپنی طبیعت کے لحاظ سے دیکھتا ہے۔

٢٣ ـ الشرّ مَركَبُ الحِرْصِ، والهَوى مَرْكَبُ الفِتْنَة.

(۲۳) شر مرکب حرص ہے اور خواہشات فتنوں کی سواری ہیں۔

٢٤ ـ الشرُّ حَمّالُ الآثام.

(۲۴) شر گناہوں کو اٹھانے والا (حمال) ہے۔

٢٥ ـ الشرُّ يَكبُو براكِبِه.

(۲۵) شر اپنے سوار کو منہ کے بل گرا دیتا ہے۔

٢٦ ـ الخِلالُ المُنتِجَةُ لِلشرِّ: الكَذبُ، والبُخْلُ، والجَوْرُ، والجَهْل.

(۲۶) شر کے نتیجے میں پیدا ہونے والی عادتیں جھوٹ، کنجوسی، ظلم اور جہالت ہیں۔

٢٧ ـ أمْحُ الشَرَّ عَن قَلبِكَ تَتَزَكَّ نَفسُك ويَتَقَبَّل عَمَلُك.

(۲۷) اپنے دل سے برائیاں مٹا ڈالو تمہارا نفس پاک اور اعمال مقبول ہو جائیں گے۔

٢٨ ـ إحــذَرِ الشَّريـرَ عـند إقـبالِ الدَّولة لِئَلاّ يُزيلَها عَنك، و عِندَ إدبارِها لِـئَلاّ يُـعِينَ عليك.

(۲۸) عروج حکومت کے وقت برے آدمی سے ڈرو کہ کہیں وہ اسے زائل نہ کر دے اور اسی طرح زوال حکومت کے وقت اس بات سے خوفزدہ رہو کہ کہیں وہ تمہارے خلاف معروف عمل نہ ہو جائے

٢٩ ـ إيّاك ومُلابَسةَ الشَرِّ، فإنّك تُنيلُهُ نَفسَك قَبلَ عَدُوِّك، وتُهلِكُ بِه دِينَكَ قَبلَ إيصالِه إلى غَيرِك.

(۲۹) شر کے چکر میں پڑنے سے بچو کیونکہ یہ تمہارے دشمن سے پہلے تم تک پہنچ جائے گا اور تم اس کے ذریعے دوسروں سے پہلے خود ہی اپنا دین برباد کر لو گے۔

٣٠ ـ إيّاك ومُصاحَبَةَ الأشرارِ، فإنَّهم يَمُنُّونَ عليكَ بِالسَّلامة مِنهم.

(۳۰) برے لوگوں کی مصاحبت سے دور رہو کیونکہ یہ تمہارے سالم رہنے پر بھی احسان جتائیں گے۔

٣١ ـ إنّ هذه الطبايعَ مُتَبايِنةٌ، وخَيرُها أبعَدُها مِن الشَّرّ.

(۳۱) یہ تمام طبیعتیں جدا جدا ہیں اور ان میں سب سے اچھی وہ طبیعت ہے جو شر سے سب سے دور ہو۔

٣٢ ـ بِئسَ الذُخْر فِعلُ الشرّ.

(۳۲) بدترین ذخیرہ عمل شر ہے۔

٣٣ ـ مَن فَعَلَ الشرَّ فَعلىٰ نَفسِه اعتَدىٰ.

(۳۳) جو برا کام کرتا ہے وہ خود اپنے اوپر ظلم کرتا ہے۔

٣٤ ـ مَن تَرَكَ الشرَّ فُتِحَت عليه أبوابُ الخَير.

(۳۴) جو برائیاں ترک کر دیتا ہے اس کے لئے نیکیوں کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔

٣٥ ـ لَيسَ شيءٌ أَفسَدَ لِلأمُورِ، ولا أبـلَغَ في هَلاكِ الجُمهُورِ مِنَ الشرّ.

(۳۵) شر سے زیادہ لوگوں کو ہلاک اور فاسد کرنے والی کوئی اور چیز نہیں ہے۔

٣٦ ـ مَن عَرِیَ عَنِ الشرِّ قَلبُهُ، سَلِمَ قَـلبُهُ و سَلِمَ دینُه، و صَدَقَ یَقِینُه.

(۳۶) جس کا دل شر سے خالی ہو اس کا دل اور دین سالم رہے گا اور یقین صادق ہو جائے گا۔

٣٧ ـ مَـنْ أثـارَ کـامِنَ الشرِّ کـانَ فِـیه عَطَبُه.

(۳۷) جو چھپی ہوئی برائی کی آگ کو بھڑکائے گا تو اس کی ہلاکت بھی اسی کے ذریعے ہو گی۔

٣٨ ـ شرُّ الأَشرارِ مَن تَبَجَّحَ بِالشَّرّ.

(۳۸) برے لوگوں میں سب سے زیادہ برا وہ ہے جو برائی پر فخر کرتا ہو۔

٣٩ ـ شرُّ الناسِ مَن لا یُرجیٰ خَیرُه، ولا یُؤمَنُ شَرُّه.

(۳۹) بدترین آدمی وہ ہے جس سے نیکی کی امید نہ ہو اور جس کے شر سے امان نہ ہو۔

٤٠ ـ شرُّ الناسِ مَن یَبتَغي الغَوائِلَ لِلنّاس.

(۴۰) بدترین شخص وہ ہے جو لوگوں کے لئے مصیبتوں کی آرزو رکھتا ہو۔

٤١ ـ مُتَّقِي الشَّرِّ کفاعِلِ الخَیر.

(۴۱) شر سے بچنے والا نیکی انجام دینے والے کی طرح ہے۔

[۱۱٦]

# الشَّرَف = شرف

١ ـ لا شَرَفَ كالعِلْم.

(۱) علم جیسا کوئی شرف نہیں۔

٢ ـ لا شَرَفَ أعلىٰ مِن الإسلام.

(۲) اسلام سے برتر کوئی شرف نہیں۔

٣ ـ قيل: فَمَنِ الشَريفُ؟ فقال ﷺ: مَن أنصَفَ الضَّعيفَ؟

(۳) آپ سے پوچھا گیا "کون شریف ہے؟" تو آپ نے جواب دیا "جو کمزور سے انصاف کرے۔"

٤ ـ لا شَرَفَ مَعَ سُوءِ أدَب.

(۴) بے ادبی کے ساتھ کوئی شرف نہیں۔

٥ ـ الشرَفُ بالعَقْلِ والأدَب، لا بالأصْلِ والنَّسَب.

(۵) شرف عقل و ادب کے سے ملتا ہے نہ کہ حسب نسب کی وجہ سے

٦ ـ زينَةُ الشريفِ التَّواضُع.

(۶) شریف کی زینت تواضع ہے۔

٧ ـ التواضُع سُلَّمُ الشَريف.

(۷) تواضع شریف کی (ترقی کی) سیڑھی ہے۔

٨ ـ الأشرافُ يُعاقَبُونَ بِالهِجرانِ، لا بالحِرمان.

(۸) اشراف کو دوری و تاخیر کے ذریعے سزا دی جاتی ہے نہ کہ حرمان کے ذریعے۔

٩ ـ الشريفُ دونَ حقِّهِ يُقْتَل، ويُعطي نافِلَةً فَوقَ الحقِّ عليه.

(۹) شریف ناحق قتل ہو جاتا ہے اور اس کے لئے اسے حق سے زیادہ اجر ملتا ہے۔

١٠ ـ الشَرَفُ بالهِمَمِ العالِيَةِ، لا بالرِّمَمِ البالِيَة.

(۱۰) شرف اونچی ہمتوں سے ملتا ہے نہ کہ بوسیدہ ہڈیوں سے (یعنی آباواجداد پر فخر سے)۔

١١ ـ الشريفُ مَن شَرُفَتْ خِلالُه.

(۱۱) شریف وہ ہے جس کی عادتیں اچھی ہوں۔

١٢ ـ النفسُ الشَريفةُ لا تَثقُلُ عليها المؤُنات.

(۱۲) شریف النفس پر دنیا کی سختیاں بھاری نہیں ہوتیں۔

١٣ ـ شرَفُ الرجلِ نَزاهَتُه، وجَمالُهُ مُرُوَّتُه.

(۱۳) انسان کا شرف، پرہیزگاری اور جمال، مروت ہے۔

١٤ ـ على قَدْرِ شَرَفِ النَفسِ تكونُ المُرُوَّة.

(۱۴) نفس کی مروت اس کی شرافت جتنی ہی ہوگی۔

١٥ ـ مَن شرُفَتْ نفسُهُ نزَّهَها عن ذِلَّةِ المَطالِب.

(۱۵) جس کا نفس شریف ہو جاتا ہے وہ درخواست کی ذلت سے خود کو محفوظ کر لیتا ہے۔

١٦ ـ مَن شرُفَتْ نفسه كثُرَتْ عواطِفُه.

(۱۶) جس کا نفس شریف ہوگا اس کی مہربانیاں بڑھ جائیں گی۔

١٧ ـ لا يَكمُلُ الشرَفُ إلّا بِالسَّخاءِ والتَّواضُع.

(۱۷) شرف صرف سخاوت اور تواضع ہی کے ذریعے مکمل ہوتا ہے

# [۱۱۷]
# الشِّرْك = شرک

١ ـ فَرَضَ اللهُ الإيمانَ تَطهيراً مِن الشِّرْك.

(۱) اللہ نے ایمان کو شرک سے پاکیزگی کی خاطر واجب کیا۔

٢ ـ واعلم ـ يا بُنَيَّ ـ أنّه لَو كانَ لِرَبِّك شريكٌ لَأتَتْكَ رسُلُه و لَرَأيتَ آثارَ مُلكِهِ و سُلطانِه و لَعَرَفتَ أفعالَهُ و صِفاتَهُ ولكِنّهُ إلهٌ واحِدٌ كما وَصَفَ نَفسَه.

(۲) اے میرے بیٹے جان لو کہ اگر تمہارے پروردگار کا کوئی اور شریک ہوتا تو اس کے رسول بھی تم تک ضرور آتے اور اس کی حکومت و سلطنت کے آثار بھی تم ضرور دیکھتے اور اس شریک کے صفات و افعال سے بھی تم ضرور باخبر ہوتے (مگر چونکہ ایسا نہیں ہے اس لئے) وہ ایک اکیلا خدا ہے جیسا کہ اس نے خود اپنی توصیف میں کہا ہے۔

٣ ـ [ قَبل شهادته ] أمّا وصيّتي: فاللهَ لا تُشْرِكُوا بِهِ شيئاً.

(۳) اپنی شہادت سے پہلے فرمایا "میری وصیت ہے کہ اللہ کا شریک قرار نہ دینا۔"

٤ ـ الظُّلمُ الذي لا يُغْفَر فالشركُ بِالله؛ قال اللهُ تعالى: ﴿إنّ اللهَ لا يَغْفِرُ أنْ يُشْرَكَ به﴾.

(۴) وہ ظلم جو کبھی بخشا نہیں جائے گا، اللہ کا شریک قرار دینا ہے خداوند عالم نے فرمایا "یقیناً خدا اس بات کو نہیں بخشے گا کہ اس کا شریک قرار دیا جائے۔"

٥ ـ واعلَمُوا أنّ يَسِيرَ الرِّياءِ شِركٌ.

(۵) جان لو کہ تھوڑی سے ریا کاری بھی شرک ہے۔

٦ ـ مَن قال: لا إله إلا الله، بِإخلاصٍ، فهو بَريءٌ مِن الشِركِ، ومَن خَرَجَ مِن الدُّنيا لا يُشرِكُ بِاللهِ شَيئاً دَخَلَ الجنَّة.

(۶) جس نے "لا الہ الا اللہ" خلوص کے ساتھ کہا وہ شرک سے دور رہے گا اور جو دنیا سے اس حالت میں نکلے کہ اس نے کسی کو اللہ کا شریک قرار نہ دیا ہو تو وہ جنت میں داخل ہو گا۔

٧ ـ آفةُ الإيمانِ الشِرك.

(۷) آفت ایمان، شرک ہے۔

٨ ـ أضَرُّ شَيءٍ الشِرك.

(۸) مضر ترین شئے، شرک ہے۔

٩ ـ الإشراكُ كُفرٌ.

(۹) شرک کرنا، کفر ہے۔

١٠ ـ مَنِ ارتابَ بِالإيمانِ أشرَكَ.

(۱۰) جو ایمان میں شک کرتا ہے وہ شرک میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

[۱۱۸]

## الشَّفاعة = شفاعت

۱ ـ و اعلَمُوا أنّه [ القرآن ] شافِعٌ مُشَفَّعٌ، و قائِلٌ مُصَدَّقٌ، و أنّه مَن شَفَّعَ له القرآنُ يَومَ القِيامةِ شُفِّعَ فيه، و مَن مَحَلَ به القرآنُ يومَ القيامةِ صُدِّقَ عليه.

(۱) جان لو کہ یہ قرآن شفاعت شدہ شافع اور تصدیق شدہ قائل ہے اور یہ کہ قرآن روز قیامت جس کی شفاعت چاہے گا اس کی شفاعت ہو جائے گی اور قرآن جس کی شکایت کرے گا وہ قبول کرلی جائے گی۔

۲ ـ [ یوم القیامة ] لا شَفیعٌ ولا حَمِیمٌ یَنفَعُ ولا مَعذِرَةٌ تَدفَع.

(۲) روز قیامت نہ کوئی شفیع ہو گا اور نہ کوئی دوست ہو گا جو کچھ فائدہ پہنچا سکے اور نہ ہی کوئی بہانہ ہو گا جو عذاب الٰہی کو دور کر سکے گا

۳ ـ مِنَ النَّقْصِ أن یکونَ شَفیعُك شیئاً خارِجاً عن ذاتِكَ وصِفاتِك.

(۳) یہ نقص ہے کہ تمہاری شفاعت کرنے والا تمہارے ذات اور صفات سے ہٹ کر کوئی اور شئے ہو۔

٤ ـ الشَّفیعُ جَناحُ الطالِب.

(۴) شفاعت کرنے والا طالب شفاعت کے لئے بال و پر کا درجہ رکھتا ہے۔

۵ ـ لا شَفیعَ أنجَحَ مِن التَّوْبَة.

(۵) توبہ سے زیادہ کامیاب کوئی شفیع نہیں۔

٦ ـ استَجِیبُوا لِأنبیاء الله، وسَلِّمُوا لِأمْرِهِم، واعمَلُوا بِطاعَتِهم، تَدخُلُوا فی شفاعَتِهم.

(۶) اللہ کے نبیوں کے بلاوے پر لبیک کہو اور ان کے احکامات کے سامنے سر تسلیم خم کرو، ان کی اطاعت کرو تب جا کر تم ان کی شفاعت (کے دائرے میں) داخل ہو پاؤ گے۔

۷ ـ الإعترافُ شَفیعُ الجانی.

(۷) اعتراف، مجرم کا شفیع ہے۔

۸ ـ شَفیعُ المجرمِ خُضُوعُهُ بِالمَعذِرَة.

(۸) مجرم کا شفیع، اس کا انکساری کے ساتھ معذرت کرنا ہے۔

۹ ـ شافِعُ الخَلقِ العَمَلُ بِالحَقِّ و لُزومُ الصِدق.

(۹) شافع خلق، حق پر عمل اور صدق کی پابندی ہے۔

۱۰ ـ نِعمَ شافِعُ المُذنِب، الإقرار.

(۱۰) گنہ گار کا بہترین شفیع اس کا اقرار ہے۔

۱۱ ـ لا شافِعَ أنجَحُ مِن الإعتذار.

(۱۱) عذر خواہی سے زیادہ کامیاب کوئی شفیع نہیں۔

[ ۱۱۹ ]

# الشکّ = شک

١ ـ الشَكُّ على أَربعِ شُعَبٍ: علی التَّماري، والهَوْل، والتَرَدُّدِ، والاستِسلام، فَمَنْ جَعَلَ المِراءَ دَيْدَناً لم يُصبِحْ لَيلُهُ، ومَن هالَهُ ما بين يَديه نَكَصَ على عَقِبَيهِ، ومَن تَرَدَّدَ في الرَّيب وَطِئَتهُ سَنابِكُ الشَّياطِينِ، ومَن اسْتَسلَمَ لِهَلَكةِ الدُّنيا والآخِرةِ هلَكَ فيهما.

(۱) شک چار چیزوں پر استوار ہے، کٹ حجتی، خوف، کشمکش اور خودباختگی لہذا جو بھی (بحث کے وقت) کٹ حجتی کو اپنی روش قرار دے گا اس کی شب تاریک کی کبھی صبح نہیں ہو گی اور وہ جو اپنے سامنے کی چیزوں سے خوف زدہ رہے گا وہ اپنے ماضی کی طرف پلٹ جائے گا اور جو کشمکش میں رہے گا وہ شیطانوں کے پیروں تلے روندا جائے گا اور وہ جو دنیا اور آخرت میں ہلاک کر دینے والی چیزوں سے ہراساں رہے گا وہ دونوں میں ہلاک ہو گا۔

٢ ـ و سمع ﷺ رجلاً مِن الحَرورِيّة يَتهجَّدُ و يَقرأُ، فقال ﷺ : نَومٌ عَلىٰ يَقينٍ خَيرٌ من صَلاةٍ في شَكٍّ.

(۲) آپ نے سنا کہ حروریہ (خوارج کی سب سے پہلے اکٹھا ہونے کی جگہ جو مکہ سے قریب ایک گاؤں ہے) کا ایک آدمی شب زندہ دار ہے اور تلاوت کرتا ہے تو آپ نے فرمایا "یقین کے ساتھ سو جانا شک کے ساتھ نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔"

٣ ـ عَجِبتُ لِمَن شَكَّ في الله وهو يَرىٰ خَلْقَ الله.

(۳) مجھے اللہ کے بارے میں شک کرنے والے پر تعجب ہوتا ہے جبکہ وہ اس کی مخلوقات کا مشاہدہ کر رہا ہے۔

٤ ـ لا تَجعَلُوا عِلْمَكُم جَهْلاً، ويقينَكُمْ شَكّاً، إذا عَلِمْتُم فاعمَلوا، وإذا تيقَّنْتُم فأقدِمُوا.

(۴) اپنے علم کو جہالت اور یقین کو شک نہ قرار دو جب کچھ جان لو تو عمل بھی کرو اور جب تمھیں یقین ہو جائے تو قدم آگے بڑھالو۔

٥ ـ وما على المُسلِمِ مِن غَضاضَةٍ في أن يكونَ مَظلوماً، ما لم يكُنْ شاكّاً في دِينِهِ، ولا مُرتاباً بِيَقينِه.

(۵) کسی مسلمان کے لئے یہ عیب نہیں ہے وہ مظلوم ٹھہرے جب کہ وہ اپنے دین میں شک نہ کرتا ہو اور اپنے یقین کے متعلق شبہہ میں مبتلا نہ ہو۔

٦ ـ إيّاكم والجَدَلَ فإنّه يُورِثُ الشَكَّ في دِينِ الله.

(۶) جدل و کٹ حجتی سے بچے رہو کیونکہ یہ دین الٰہی میں شک و شبہ کا باعث ہوتا ہے۔

۷ ـ مَـن كـانَ عَـلىٰ يَـقينٍ فأصـابه شَكٌّ، فليَمْضِ عَلىٰ يَـقينِه، فـإنّ اليَـقينَ لا يُـدفَعُ بالشَكّ.

(۷) جس کو کسی بات کا یقین ہو اور پھر اسے شک لاحق ہو جائے تو اسے اپنے یقین پر عمل کرنا چاہئے کیونکہ یقین شک کے ذریعے ختم نہیں ہوتا۔

۸ ـ الشَكُّ ثَمرةُ الجَهْل.

(۸) شک جہالت کا نتیجہ ہے۔

۹ ـ الشَكُّ يُحبِطُ الإيمان.

(۹) شک ایمان کو برباد کر دیتا ہے۔

۱۰ ـ الشكُّ يُفسِدُ الدِّين.

(۱۰) شک دین کو فاسد کر دیتا ہے۔

۱۱ ـ الشكُّ كُفْرٌ.

(۱۱) شک کفر ہے۔

۱۲ ـ الشكُّ يُطفِئُ نورَ القَلْب.

(۱۲) شک دل کے نور کو بجھا دیتا ہے۔

۱۳ ـ الشكُّ يُفسِدُ اليَقينَ ويُبطِلُ الدِّين.

(۱۳) شک یقین کو فاسد اور دین کو برباد کر دیتا ہے۔

۱٤ ـ أعـلَمُ النـاسِ مَـن لم يُـزِلِ الشَّكُّ يَقينَه.

(۱۴) سب سے زیادہ علم والا وہ ہے جس کے یقین میں شک کی وجہ سے لغزش نہ پیدا ہوئی ہو۔

۱۵ ـ آفةُ اليَقينِ الشَكُّ.

(۱۵) یقین کی آفت شک ہے۔

۱٦ ـ بِدَوامِ الشكِّ يَحْدُثُ الشِّرك.

(۱۶) شک کی ہمیشگی سے شرک وجود میں آتا ہے۔

۱۷ ـ ثَمَرةُ الشَكِّ الحَيْرَة.

(۱۷) شک کا ثمرہ سرگردانی ہے۔

۱۸ ـ شرُّ الإيمانِ ما دَخَلَهُ الشَكُّ.

(۱۸) بدترین ایمان وہ ہے جس میں شک داخل ہو گیا ہو۔

۱۹ ـ مَن يَتردَّدْ يَزدَدْ شكّاً.

(۱۹) جو جتنا تردد کرتا ہے اس کا شک اتنا ہی بڑھتا جاتا ہے۔

۲۰ ـ مَن عَمِيَ عَمّا بَينَ يدَيهِ غرَسَ الشَكَّ بينَ جَنْبَيه.

(۲۰) جو سامنے کی چیزوں سے اندھا ہو جاتا ہے وہ اپنے دل میں شک کا پودا لگا لیتا ہے۔

۲۱ ـ ما آمَنَ بِاللهِ مَن سَكَنَ الشكُّ قَلبَه.

(۲۱) وہ اللہ پر ایمان نہیں لایا جس کے دل میں شک مستقر ہو۔

۲۲ ـ مَن كَثُرَ شَكُّه فَسَدَ دِينُه.

(۲۲) جس کا شک بڑھ جاتا ہے اس کا دین فاسد ہو جاتا ہے۔

[ ۱۲۰ ]

# الشُّكْر = شکر

١ ـ إنّ قوماً عبدوا اللهَ شُكْراً، فتِلكَ عِبادَةُ الأحرار.

(۱) کچھ لوگوں نے اللہ کی عبادت بطور شکر کی۔یہی آزاد لوگوں کی عبادت ہے۔

٢ ـ ما كانَ اللهُ لِيَفتَحَ على عَبدٍ بابَ الشُكرِ، ويُغلِقَ عنهُ بابَ الزِّيادَة.

(۲) اللہ ایسا نہیں ہے کہ کسی کے لئے شکر کے دروازے تو کھول دے مگر اضافہ کا دروازہ بند رکھے۔

٣ ـ أيُّها النّاس! الزّهادَةُ قَصرُ الأمَلِ، والشُكرُ عِندَ النِّعَم، والوَرَعُ عِندَ المَحارِم.

(۳) اے لوگو! زہد آرزوؤں کو کم کرنا، نعمتوں کے وقت شکر ادا کرنا اور حرام چیزوں کے موقع پر تقویٰ اختیار کرنے کا نام ہے۔

٤ ـ ما أنعَمَ اللهُ علىٰ عبدٍ نِعمةً فَشَكَرَها بِقلبِه إلّا استَوجَبَ المَزيدَ مِنها قبلَ أن يَظهَرَ شُكرُها عَلى لِسانِه.

(۴) اللہ جب بھی کسی بندے پر نعمت نازل کرتا ہے اور وہ بندہ اس نعمت کا دل سے شکر ادا کرتا تو اللہ اس نعمت کا شکر زبان پر جاری ہونے سے پہلے ہی اس میں اضافہ کر دیتا ہے۔

٥ ـ إذا نَـزَلَتْ بِك النِّـعمَةُ فـاجعَلْ قِـراهـا الشُكر.

(۵) جب تم پر کوئی نعمت نازل ہو تو اس کی خاطر و مدارات شکر کے ذریعے کرو۔

٦ ـ إذا قَصُرَتْ يَدُكَ عَنِ المُكـافأةِ، فـليَطُل لِسانُك بالشُّكر.

(۶) اگر تمہارے ہاتھ بدلہ دینے کے لئے چھوٹے پڑتے ہوں تو اپنی زبان کو شکر کے لئے طویل کرلو۔

٧ ـ اُشكُر لِمَنْ أنعَمَ عليك، وأنْـعِمْ عـلىٰ مَـنْ شَكَرَك.

(۷) جس نے تمھیں نعمت دی اس کا شکر ادا کرو اور جو تمہارا شکر ادا کرے اسے عطا کرو۔

٨ ـ الشُكرُ أعظَمُ قَدراً مِنَ المَعروفِ لأنَّ الشُكرَ يَبقىٰ والمَعروفُ يَفنىٰ.

(۸) شکر، قدر و منزلت میں نیکی سے زیادہ ہے۔

٩ ـ الشُكرُ زِينَةُ الرَّخاء، وحِصنُ النَّعماء.

(۹) شکر آسائش کی زینت اور نعمتوں کا قلعہ ہے۔

١٠ ـ الشكرُ تَرجُمانُ النِّيَّةِ، ولِسانُ الطَّوِيَّة.

(۱۰) شکر، نیت کا ترجمان اور ضمیر کی زبان ہے۔

١١ ـ الشكرُ حِصنُ النِّعَم.

(۱۱) شکر، نعمتوں کے لئے قلعہ ہے۔

١٢ ـ الشُكرُ يُدِرُّ النِّعَم.

(۱۲) شکر، نعمتوں کو بڑھاتا ہے۔

۱۳ ـ إغتَنِمُوا الشُكرَ، فأدنىٰ نَفْعُهُ الزيادَة.

(۱۳) شکر کو غنیمت جانو کیونکہ اس کا ادنیٰ سا فائدہ نعمت میں اضافہ ہے۔

١٤ ـ اِشتغِلْ بِشُكرِ النِّعمَةِ عَن التَطرُّبِ بها.

(۱۴) نعمت سے مست ہونے کے بجائے اس کے شکر میں مشغول رہو۔

١٥ ـ أحسَنُ شُكرِ المُنعِمِ الإنعامُ بها.

(۱۵) نعمت دینے والے کا بہترین شکر اس نعمت کا انعام ہے۔

١٦ ـ أحسَنُ السُمْعَةِ شكرٌ يُنْشَرُ.

(۱۶) بہترین شہرت مشہور شکر ہے۔

١٧ ـ أبلَغُ ما تُستَمدُّ به النِعمَةُ الشُكرُ، وأعظَمُ ما تُمَحَّصُ به المِحْنَةُ الصَّبر.

(۱۷) نعمت کے حصول کے لئے سب سے اچھی شئے شکر ہے اور سختیوں کو مٹانے کے لئے سب سے عظیم شئے صبر ہے۔

١٨ ـ إذا أنْعَمْتَ بالنِعْمَةِ فقد قَضَيْتَ شُكرَها.

(۱۸) اگر تم نے اپنی نعمت کسی کو عطا کر دی تو تم نے اس نعمت کا شکر ادا کر دیا۔

١٩ ـ بالشُكرِ تُستَجْلَبُ الزِّيادَة.

(۱۹) شکر کے ذریعے (نعمتوں میں) اضافہ ہوتا ہے۔

٢٠ ـ حُسنُ الشُكرِ يُوجِبُ الزيادَة.

(۲۰) حسن شکر، نعمت کے اضافہ کا باعث ہوتا ہے۔

٢١ ـ زيادَةُ الشُكرِ وصِلَةُ الرَّحِمِ تَزيدانِ النِّعَمَ، وتَفْسَحانِ في الأجَل.

(۲۱) کثرت شکر اور صلہ رحم، نعمتوں کو بڑھا دیتا ہے اور موت کی مدت کو طویل کر دیتا ہے۔

٢٢ ـ سببُ المَزيدِ الشُكر.

(۲۲) (نعمتوں میں) اضافہ کا سبب شکر ہے۔

٢٣ ـ شُكرُكَ للراضي عنك يَزيدُهُ رِضاً و وَفاءً.

(۲۳) تم سے راضی شخص کو تمہارا شکر ادا کرنا اسے اور خوش اور باوفا بنا دے گا۔

٢٤ ـ شُكرُ النِعْمَةِ أمانٌ مِن حُلولِ النِّقْمَة.

(۲۴) شکر نعمت، سزاؤں کے نزول سے امان (کا سبب) ہے۔

٢٥ ـ شُكرُ النِعْمَةِ أمانٌ مِن تَحويلِها، وكفيلٌ بتأييدها.

(۲۵) شکر نعمت اس کے ختم ہو جانے سے امان ہے اور اس کی مزید تائید کے لئے ضامن ہوتا ہے۔

٢٦ ـ شُكرُ النِّعَمِ يُضاعِفُها ويَزيدُها.

(۲۶) شکر نعمت، نعمت کو دو گنا کرتا ہے اور اسے بڑھا دیتا ہے۔

٢٧ ـ قدأوجَبَ الدَّهرُ شُكرَهُ علىٰ مَن بَلَغَ سُؤلَه.

(۲۷) زمانے نے حاجت روا کے شکر کو واجب قرار دیا ہے۔

۲۸ ـ مَن كَثُرَ شُكرُهُ كَثُرَ خَيرُه.

(۲۸) جس کا شکر زیادہ ہوجاتا ہے اس کی نیکیاں بھی بڑھ جاتی ہیں۔

۲۹ ـ مَن شَكَرَ اللهَ بجَنَانِه، استَحقَّ المَزِيدَ قبلَ أن يُظْهِرَ على لِسانِه.

(۲۹) جو اللہ کا دل کے ذریعے شکر ادا کرتا ہے وہ اور زیادہ نعمتوں کا، زبان سے شکر ادا کرنے سے پہلے ہی مستحق ہو جاتا ہے۔

۳۰ ـ لن يَقْدِرَ أحَدٌ أن يُحصِّنَ النِّعَمَ بِمِثلِ شُكرِها.

(۳۰) کوئی نعمتوں کی حفاظت اس کے شکر سے زیادہ نہیں کر سکتا۔

۳۱ ـ لن يَستطيعَ أحَدٌ أن يَشْكُرَ النِّعَمَ بِمِثلِ الإنعام بها.

(۳۱) کوئی نعمتوں کا شکر اسی طرح کے انعام سے بڑھ کر بہتر طریقہ سے نہیں ادا کر سکتا۔

# [۱۲۱]
# الشَّكْوَى = شکوہ

١ ـ اللّهمّ إنّا نَشكُو اليك غيبةَ نَبيِّنا و كَثرَةَ عَدُوِّنا و تَشَتُّتَ أهوائِنا.

(ا)اے خداہم تجھ سے اپنے نبی کی غیبت اور دشمنوں کی کثرت خواہشات کے اختلاف کا شکوہ کرتے ہیں۔

٢ ـ إلى الله أَشكُو مِن مَعشرٍ يَعيشُونَ جُهّالاً و يموتُونَ ضُلّالاً.

(۲)میں ایسے معاشرے کی اللہ سے شکایت کرتا ہوں جو جہالت کے عالم میں زندہ رہتے ہیں اور پھر گمراہی کے عالم میں مر جاتے ہیں۔

٣ ـ مَن أصبَحَ على الدُّنيا حَزيناً فقد أصبَحَ لِقَضاءِ الله ساخِطاً، ومَن أصبَحَ يَشكُو مُصِيبةً نَزَلَتْ به، فقد أصبَحَ يَشكُو ربَّه.

(۳) جو دنیا کے لئے غمزدہ ہوتا ہے وہ اللہ کی قضا و قدر پر غضبناک ہوتا ہے اور جو اپنے اوپر نازل ہونے والی مصیبت کی شکایت کرتا ہے وہ اپنے پروردگار کی شکایت کرتا ہے۔

٤ ـ قال ﷺ لبَعْضِ أصحابه في عِلَّةٍ اعتَلَّها: جَعَلَ اللهُ ما كان مِن شَكواك حَطّاً لسيِّئاتِكَ، فإنّ المَرَضَ لا أجْرَ فيه، ولكنّهُ يَحُطُّ السَّيِئاتِ، وَيَحُتُّها حَتَّ الأوراق.

(۴) آپ نے اپنے بعض اصحاب کو لاحق ہوجانے والی ایک بیماری کے متعلق فرمایا "اللہ نے تمہاری بیماری کو تمہارے گناہوں کے مٹانے کا سبب بنا دیا ہے اور بیماری میں کوئی اجر نہیں ہے بلکہ یہ گناہوں کو ختم کر دیتی ہے اور اسے انسان سے اس طرح الگ کر دیتی ہے جیسے درخت سے پتے (سوکھ کر) جھڑ جاتے ہیں۔"

٥ ـ مَن شَكا الحاجَةَ إلى مُؤمنٍ فكأنّه شَكاها إلى اللهِ، ومَن شَكاها إلى كافرٍ فكأنّما شَكى الله.

(۵) جو کسی پریشانی کا شکوہ مومن کے حضور کرتا ہے تو گویا وہ اپنی پریشانی اللہ کے حضور بیان کرتا ہے اور جو اپنی پریشانیوں کا شکوہ کافر کے سامنے کرتا ہے تو گویا وہ اللہ کی شکایت کرتا ہے۔

٦ ـ اللهَ اللهَ ! أن تَشكُوا إلى مَن لا يُشكي شَجْوَكُم و لا يَنقُضُ بِرأيهِ ما قد أبرَمَ لكُم.

(۶) خدارا خدارا ہوشیار رہو اس بات سے کہ تم ایسے کے پاس شکایت کرو جو تمہاری حاجت روائی نہ کرسکتا ہو اور تمہاری پریشانیوں کو اپنی رائے کے ذریعے کم کرنے پر قادر نہ ہو۔

٧ ـ اجعَلْ شكواكَ إلىٰ مَن يَقدِرُ عَلى غِناك.

(۷) اپنی شکایتیں اس کے سامنے پیش کرو جو انھیں دور کرنے پر قادر ہو۔

۸۔ لیس بِحکیمٍ مَن شکا ضُرَّهُ إلی غیرِ رَحیم.

(۸) وہ قطعاً عقل مند نہیں ہے جو بے رحم کے سامنے اپنی پریشانی بیان کردے۔

۹۔ أبلَغُ الشَکوَیٰ ما نَطَقَ به ظاهِرُ البَلْویٰ.

(۹) سب سے زیادہ اثر انداز ہونے والی وہ شکایت ہے جس کا اظہار بلاو مصیبت کی ظاہری حالت کرتی ہو۔

[۱۲۲]

# الشَّهْوَة = شہوت و خواہش

١ ـ مَن كَرُمَتْ عليه نَفْسُهُ هانَتْ عليه شَهَواتُه.

(۱) جس کے نزدیک اپنا نفس باکرامت ہوتا ہے اس کے لئے اس کی خواہشیں بے اہمیت ہو جاتی ہیں۔

٢ ـ المالُ مادَّةُ الشَّهوات.

(۲) دولت، خواہش کا مواد ہے۔

٣ ـ مَنِ اشتاقَ إلى الجنَّةِ سَلا عَنِ الشَّهَوات.

(۳) جو مشاق جنت ہو گا وہ خواہشات سے نکل جائے گا۔

٤ ـ رَحِمَ الله امرءاً نَزَعَ عن شَهْوَتِه، و قَمَعَ هَوى نَفسِه، فإنّ هذه النَّفسَ أبعَدُ شيءٍ منزِعاً، وإنّها لا تَزالُ تَنْزَعُ إلى مَعصيةٍ في هَوىً.

(۴) اللہ اس بندے پر رحم کرے جس نے اپنی خواہشات کو اکھاڑ پھینکا اور اپنی نفسانی آرزوؤں کا قلع قمع کر ڈالا کیونکہ نفسانی خواہشوں کو ختم کر دینا سب سے مشکل کام ہے اور یہ نفس ہمیشہ خواہشوں کے لئے (انسان کو) معصیت کی طرف کھینچتا رہتا ہے۔

٥ ـ مَن حَصَّنَ شهْوَتَهُ صانَ قَدْرَه.

(۵) جو اپنی شہوت کو لگام لگالیتا ہے وہ اپنی قدر و منزلت کو بچا لیتا ہے۔

٦ ـ الناسُ ثلاثةُ أصنافٍ: زاهِدٌ مُعتَزِمٌ، وصابرٌ على مُجاهَدَةِ هَواه، وراغِبٌ مُنقادٌ لِشَهَواتِه . . . والراغِبُ دَعَتْهُ إلى الدُّنيا نَفسُهُ فأجابَها، و أَمَرَتْهُ بإيثارها فأطاعَها، فدنَّسَ بها عِرْضَه، و وَضَعَ لها شرَفَهُ، وَضَيَّعَ لها آخِرَتَه.

(۶) لوگ تین طرح کے ہوتے ہیں: پرعزم زاہد، خواہشات نفسانی سے لڑنے والا صابر اور شہوتوں کے پیچھے پیچھے چلنے والا راغب۔ اور راغب کو اس کے نفس نے دنیا کی طرف بلایا تو وہ دوڑا گیا اور اسی نفس نے دنیا کو (آخرت پر) ترجیح دینے کا حکم دیا جسے اس نے مان لیا اور اس طرح اس نے اس دنیا طلبی سے اپنی ناموس کو آلودہ عزت کو آلودہ اور اس کی خاطر اپنی شرافت کو مٹی میں بدل کر اس نے اپنی آخرت برباد کر ڈالی۔

٧ ـ مَن تَرَكَ الشهواتِ كانَ حُرّاً.

(۷) جو شہوات کو ترک کر دیتا ہے وہ آزاد ہو جاتا ہے۔

٨ ـ اللهمّ اغفِر رَلّاتِ الألحاظِ، وسَقَطاتِ الألفاظِ، وشَهواتِ الجَنانِ، وهَفَواتِ اللّسان.

(۸) پالنے والے! نگاہوں کی لغزشوں، الفاظ کی خطاؤں، دل کی شہوتوں اور زبان کی غلطیوں کو بخش دے۔

٩ ـ عبدُ الشَهوَةِ أذَلُّ مِن عَبْدِ الرِّقّ.

(۹) خواہشات کا غلام، غلاموں سے زیادہ ذلیل ہے۔

١٠ ـ عَجباً للعاقِلِ كيفَ يَنظُرُ إلى شَهْوَةٍ يُعقِبُهُ النظرُ إليها حَسْرَةً.

(۱۰) تعجب ہے اس عاقل پر جو ایسی خواہشات کو نگاہوں میں رکھتا ہے جس کے نتیجے میں اسے حسرت و ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہو۔

١١ ـ هِمّةُ الزاهِدِ مُخالَفةُ الهَوى، والسُّلوُّ عنِ الشهوات.

(۱۱) زاہد کی لگن خواہشات کی مخالفت اور شہوات سے دوری ہوتی ہے

١٢ ـ لأن يكونَ الحرُّ عَبداً لعبيدِهِ خيرٌ مِن أن يَكُونَ عَبداً لِشَهواتِه.

(۱۲) آزاد کا اپنے غلام کا غلام ہونا اس کے لئے شہوتوں کا غلام ہو جانے سے، بہتر ہے۔

١٣ ـ اِقتَصِرْ مِن شَهْوةٍ خالفَتْ عقلَكَ بالخِلافِ عليها.

(۱۳) خلاف عقل، شہوت کی مخالفت کرنے پر اکتفا کرو۔

١٤ ـ إذا أرادَ اللهُ بِعبدٍ خيراً حالَ بينَهُ وبينَ شَهوتِه، وحَجَزَ بَينه وبينَ قَلبِه.

(۱۴) جب اللہ کسی بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو اس کے اور اس کی خواہشوں کے درمیان حائل ہو جاتا ہے اور خواہشوں اور اس کے دل کے درمیان حجاب ڈال دیتا ہے۔

١٥ ـ ما أصعَبَ على مَن استَعبَدَتْهُ الشَهواتُ أن يَكونَ فاضِلاً.

(۱۵) جسے خواہشات نے اپنا غلام بنا لیا ہو اس کے لئے صاحب فضیلت ہونا کتنا مشکل ہے؟!

١٦ ـ الشهواتُ مَصائِدُ الشَيطان.

(۱۶) خواہشات شیطان کی شکار گاہیں ہیں۔

١٧ ـ إنّ اللهَ رَكَّبَ في الملائكة عقلاً بلا شَهوَةٍ، و رَكَّبَ في البَهائِمِ شهوةً بلا عَقلٍ، وركّب في بني آدم كلَيْهِما، فَمَن غَلَبَ عقلُه شهوتَه فهو خيرٌ مِن المَلائِكَة، ومَن غلَبَتْ شهوتُه عقلَه فهو شرٌّ مِن البَهائِم.

(۱۷) اللہ تعالی نے فرشتوں کو عقل، بغیر شہوت کے عطا کی اور جانوروں کو شہوت بغیر عقل کے عطا کی اور بنی آدم کو دونوں ہی چیزیں عطا کر دیں لہذا جس کی عقل اس کی خواہشوں پر غالب آ گئی وہ ملائکہ سے بہتر ہو جاتا ہے اور جس کی خواہشیں اس کی عقل پر غالب آ گئیں تو وہ جانوروں سے بدتر ہو جاتا ہے۔

١٨ ـ كم مِنْ شَهوَة ساعَةٍ أورَثَتْ حُزناً طَويلاً.

(۱۸) کتنی ایسی لمحاتی خواہشات ہیں جو طویل حزن و ملال کا باعث ہو جاتی ہیں۔

١٩ ـ الشهواتُ آفاتٌ قاتِلاتٌ، وخيرُ دَوائِها اِقتِناءُ الصَّبرِ عليها.

(۱۹) خواہشات مار ڈالنے والی آفتیں ہیں اور ایسے حالات میں بہترین دوا صبر و شکر کو ساتھ رکھنا ہے۔

٢٠ ـ الانقيادُ للشهوةِ أدْوَءُ الداء.

(۲۰) خواہشات کی پیروی سب سے زیادہ برا مرض ہے۔

٢١ ـ الشَهَواتُ تَستَرِقُّ الجَهول.

(۲۱) خواہشات جاہلوں کو غلام بناتی ہیں۔

٢٢ ـ الجاهِلُ عَبدُ شهوَتِه.

(۲۲) جاہل خواہش کا غلام ہوتا ہے۔

٢٣ ـ اِمنَعْ نفسَك مِنَ الشهواتِ تَسلَم مِـن الآفات.

(۲۳) اپنے آپ کو خواہشات سے روکے رکھو تو آفتوں سے بچے رہوگے۔

٢٤ ـ إغلِبِ الشَهوةَ تَكمُل لَك الحِكمَة.

(۲۴) خواہشوں پر غالب رہو تمہارے لئے حکمت مکمل ہو جائے گی۔

٢٥ ـ إيّاكُم وغَلَبَة الشَّهواتِ على قُـلوبِكم، فإنّ بِدايَتها مَلَكةٌ، ونِهايَتَها هَلَكةٌ.

(۲۵) اپنے دلوں پر شہوت کے غلبہ سے بچے رہو کیونکہ اس کی ابتدا تو حصول ہے مگر انتہا ہلاکت ہوتی ہے۔

٢٦ ـ أوّلُ الشهوةِ طَرَبٌ، وآخِرُها عَطَبٌ.

(۲۶) شہوت کی ابتدا طرب انگیز ہوتی ہے مگر انتہا ہلاکت خیز۔

٢٧ ـ إذا أبْصَرَتِ العَيْنُ الشهوةَ عَمِيَ القلبُ عَنِ العاقِبَة.

(۲۷) جب آنکھیں خواہشات کو دیکھنے لگتی ہیں تب دل عافیت سے اندھا ہو جاتا ہے۔

٢٨ ـ تَرْكُ الشَهواتِ أفضَلُ عِبادَةٍ، وأجْمَلُ عادَةٍ.

(۲۸) ترک خواہشات با فضیلت ترین عبادت اور بہترین عادت ہے۔

٢٩ ـ حَلاوَةُ الشهوةِ يُنغِّصُها عارُ الفَضيحَة.

(۲۹) خواہشات کی حلاوت کو بے عزتی کی ذلت فنا کر دیتی ہے۔

٣٠ ـ رأسُ التَّقوى تَرْكُ الشَّهْوَة.

(۳۰) تقوے میں سر فہرست ترک خواہشات ہے۔

٣١ ـ زيادَةُ الشَّهوَةِ تُزري بِالمرُوّة.

(۳۱) خواہشات کی کثرت مروت کو ختم کر دیتی ہے۔

٣٢ ـ طاعَةُ الشهوةِ هَلَكٌ، ومعصيتُها مُلكٌ.

(۳۲) خواہشات کی پیروی ہلاکت اور ان کی نافرمانی بادشاہی ہے۔

٣٣ ـ طَهِّروا أنفُسَكم مِـن دَنَسِ الشَهـواتِ تُدرِكوا رفيعَ الدَرجات.

(۳۳) اپنے نفوس کو خواہشوں کی گندگیوں سے پاک کرلو تو اعلی مراتب تمھیں حاصل ہو جائیں گے۔

٣٤ ـ عبدُ الشهوةِ أسيرٌ لا يَنْفَكُّ أسْرُه.

(۳۴) خواہشوں کا غلام ایسا قیدی ہے جس کے قید کی مدت کبھی ختم نہیں ہوتی۔

٣٥ ـ غالبِ الشَهوةَ قَبلَ قُوّةِ ضَراوَتِها، فإنّها إن قَوِيَتْ مَلَكَتْك و استقادَتْكَ ولم تَقدِرْ على مُقاوَمَتِها.

(۳۵) اپنی خواہش پر اس (خواہش) کی عادت پڑنے سے پہلے ہی غلبہ حاصل کرلو کیونکہ اگر اس کی عادت قوی ہو گئی تو وہ تمھیں مملوک کرے گی، وہ تمھیں جدھر چاہے گی نچائے گی اور تم اس کے مقابلہ میں عاجز رہوگے۔

٣٦ـ قَرينُ الشّهواتِ أسيرُ التَّبِعات.
(۳۶)شہوت کا قرین گرفتار بلا ہوتا ہے۔

٣٧ـ كيف يَصْبِرُ عَنِ الشَّهوةِ مَن لم تُعِنهُ العِصمَةُ؟!
(۳۷) وہ خواہشات کے مقابلہ میں صبر کا کیونکر مظاہرہ کر سکتا ہے جس کی عصمت مدد گار نہ ہو؟!

٣٨ـ مَن غلَبَ شَهوتَه ظَهَرَ عقلُه.
(۳۸) جو اپنی خواہشوں پر غالب ہو جاتا ہے اس کی عقل ظاہر ہو جاتی ہے۔

٣٩ـ مَن زادَتْ شهوتُهُ قَلَّتْ مُرُوَّتُه.
(۳۹)جس کی خواہشیں بڑھ جاتی ہیں اس کی مروت کم ہو جاتی ہے۔

٤٠ـ مَغلوبُ الشَّهوَةِ أذَلُّ مِن مَملوكِ الرِّقّ.
(۴۰)خواہشوں کا مغلوب غلام سے زیادہ ذلیل ہوتا ہے۔

٤١ـ مَن أماتَ شهوتَهُ أَحيا مُرُوَّتَه.
(۴۱) جس نے اپنی خواہشوں کو مار ڈالا اس نے اپنی مروت کو زندہ کر دیا۔

٤٢ـ لا تَسكُنُ الحِكمَةُ قَلباً مَع حُبِّ شَهوَةٍ.
(۴۲)حکمت خواہشات کی محبت کے ساتھ کسی دل میں مستقر نہیں ہو سکتی۔

٤٣ـ لا لَذّةَ في شَهْوَةٍ فانِيَةٍ.
(۴۳)فانی خواہشوں میں کوئی لذت نہیں۔

[ ۱۲۳ ]

# الصبر = صبر

۱ ـ يَنزلُ الصبرُ عَلى قَدرِ المُصيبةِ، وَ مَن ضَرَبَ يَدَهُ على فَخِذِه عِندَمُصيبته حَبِطَ عَمَلُهُ.

(۱) صبر مصیبت ہی کی مقدار میں نازل ہوتا ہے اور مصیبت کے وقت جس نے اپنے زانو پر ہاتھ مارا اس کا عمل برباد ہو جاتا ہے۔

۲ ـ الصبرُ صَبرانِ: صَبرٌ على ما تَكرَهُ، وصبرٌ عمّا تُحبُّ.

(۲) صبر دو طرح کے ہوتے ہیں ۔ ناپسندیدہ چیزوں پر صبر اور پسندیدہ چیزوں کے لئے صبر۔

۳ ـ قال ﷺ لِلأشعَث في تَعزيَة عَن ابنِه: إن صَبَرْتَ جَرىٰ عَليكَ القَدَرُ و أنت مَأجورٌ، وَإن جَزِعتَ جَرىٰ عليكَ القَدَرُ و أَنتَ مَأزُورٌ.

(۳) اشعث بن قیس کو بیٹے کی موت پر تعزیت پیش کرتے وقت فرمایا "اگر تم صبر کروگے تب بھی قضاو قدر الٰہی جاری ہو گی مگر تمہیں صبر کا اجر ملے گا لیکن اگر تم نے بیتابی کا اظہار کیا تب بھی قضاو قدر الٰہی (تو) جاری ہو گی مگر تم گنہ گار ہو جاؤگے۔

٤ ـ مَن صَبَرَ صَبْرَ الأحرارِ وإلّا سَلا سُلُوَّ الأَغمارِ.

(۴) جو صبر کرے وہ آزاد لوگوں کا صبر کرے ورنہ ناتجربہ کار جاہل کی طرح عیش کرے۔

٥ ـ مَنْ لَمْ يُنجِهِ الصَّبرُ أَهْلَكَهُ الجزَع.

(۵) جسے صبر نجات نہ دے سکے اسے بے تابی ہلاک کر دے گی۔

٦ ـ الصبرُ يُناضِلُ الحِدثانَ، والجَزَعُ مِن أعوانِ الزَّمان.

(۶) صبر، حادثات کو پیچھے اور کمزور کر دیتا ہے جبکہ بیتابی حوادث روزگار کی معاون ہوتی ہے۔

۷ ـ لا يَعدَمُ الصَبورُ الظَفرَ، وإن طالَ بِهِ الزَمان.

(۷) صابر کبھی کامیابی سے ہاتھ نہیں دھوتا بھلے ہی اسے مدتوں انتظار کرنا پڑے۔

۸ ـ الصبرُ شجاعةٌ.

(۸) صبر شجاعت ہے۔

۹ ـ لا إيمان كالحَياءِ والصبر.

(۹) حیا اور صبر کی طرح کوئی ایمان نہیں۔

۱۰ ـ والصبرُ منها [ مَن دعائم الإيمان ] على أربَع شُعَبٍ: على الشَوقِ، والشَّفَقِ، والزُهدِ، والتَرَقّبِ، فَمَن اشتاقَ إلى الجنّةِ سَلا عَنِ

(۱۰) صبر (ایمان کے) ستونوں میں سے ایک ہے کہ جس کی چار شاخیں ہیں شوق، خوف، زہد اور انتظار۔۔ جسے جنت کا شوق ہو گا وہ خواہشات نفسانی سے دور رہے گا، جسے آتش (جہنم) کا خوف ہو گا وہ

الشَّهواتِ و مَن أشفَقَ مِن النّارِ اجتَنَبَ المُحرَّماتِ و مَن زَهِدَ في الدنيا استهانَ بالمُصيباتِ ومَنِ ارتَقبَ المَوتَ سارَعَ إلى الخَيرات.

محرمات (الٰہی) سے پرہیز کرے گا، جو دنیا میں زہد اختیار کرے گا وہ مصیبتوں کو ہیچ سمجھے گا اور جسے موت کا انتظار ہو گا وہ نیک کاموں میں جلدی کرے گا۔

١١ ـ عليكم بالصَّبرِ، فإنَّ الصَّبرَ مِنَ الإيمانِ كالرَّأسِ مِنَ الجَسَدِ، ولا خَيْرَ في جَسَدٍ لا رَأسَ مَعَهُ، وَلا في إيمانٍ لا صَبْرَ مَعه.

(۱۱) تمہارے لئے صبر لازم ہے کیونکہ یہ ایمان کے ساتھ وہی نسبت رکھتا ہے جو سر جسم کے ساتھ اور ایسا جسم بے کار ہے جس میں سر نہ ہو، اسی طرح اس ایمان سے کوئی فائدہ نہیں جس کے ساتھ صبر نہ ہو۔

١٢ ـ الدَّهرُ يَومانِ: يومٌ لكَ، وَيومٌ عَليكَ، فإذا كانَ لكَ فلا تَبطَر، وإذا كان عليكَ فاصبِر.

(۱۲) زمانہ دو دنوں کا ہے ایک دن تمہارے موافق اور ایک دن تمہارے مخالف لہٰذا جب یہ تم سے ساز گار رہے تو اکڑو مت اور جب یہ تمہارے لئے ناساز گار رہے تو صبر کرو۔

١٣ ـ عَوِّد نَفسَكَ التَّصَبُّرَ عَلى المكروهِ، نِعمَ الخُلُقُ التَّصَبُّرُ في الحَقِّ.

(۱۳) اپنے آپ کو ناپسندیدہ اشیاء پر صبر کرنے کی عادت ڈالو کیونکہ حق کی راہ میں صبر کرنا بہت اچھا اخلاق ہے۔

١٤ ـ إطرَح عنكَ وارداتِ الهُمُومِ بِعزائمِ الصَّبرِ وحُسنِ اليَقين.

(۱۴) غموں کی یلغار کو عزم و صبر اور بہترین یقین کے ذریعے اپنے آپ سے دفع کرو۔

١٥ ـ إستَشعِرُوا الصَّبرَ، فَإنَّه أدعىٰ إلىٰ النَّصر.

(۱۵) صبر کو اپنا شعار بنالو کیونکہ یہ کامیابی کا بہترین ذریعہ ہے۔

١٦ ـ إن ابتُليتُم فاصبِرُوا، فإنَّ العاقِبةَ لِلمُتَّقين.

(۱۶) اگر تم کسی مصیبت میں مبتلا ہو گئے ہو تو صبر کرو کیونکہ عاقبت (بہر حال) متقیوں کے لئے ہے۔

١٧ ـ واستَتِمُّوا نِعَمَ اللهِ عليكم بِالصَّبرِ عَلىٰ طاعَتهِ، والمُجانَبَةِ لِمَعصِيتِه.

(۱۷) اپنے اوپر اللہ کی نعمات کو، اس کی اطاعت پر صبر اور معصیت سے اجتناب کر کے مکمل کرو۔

١٨ ـ نِعمَ عونُ الدِّينِ الصَّبر.

(۱۸) دین کا بہترین مدد گار صبر ہے۔

١٩ ـ إنّ مِن كُنُوزِ البِرِّ الصَبرَ عَلَى الرَّزايا، وكِتمانَ المَصائِب.

(۱۹) یقیناً نیکیوں کے خزانے میں سے مصیبتوں پر صبر کرنا اور انھیں چھپانا ہے۔

٢٠ ـ لَو كانَ الصَبرُ رَجلاً لكانَ رجلاً صالحاً.

(٢٠) اگر صبر کوئی آدمی ہوتا تو وہ یقیناً ایک صالح مرد (کی صورت میں) ہوتا۔

٢١ ـ عَليكُم بالصَبرِ، فإنّ بِه يأخُذُ الحـازِمُ، وإلَيه يَلجأُ الجازِع.

(٢١) تمہارے لئے صبر لازم ہے کیونکہ دور اندیش و محتاط اسے ہی اختیار کرتا ہے اور بے تاب شخص بھی اس کی ہی طرف پناہ لیتا ہے۔

٢٢ ـ مِن كُنُوزِ الإيمانِ الصَبرُ على المَصائِب.

(٢٢) ایمان کے خزانوں میں مصائب پر صبر کرنا ہے۔

٢٣ ـ الصَبرُ مَطِيَّةٌ لا تَكبُو، والقَناعةُ سَيفٌ لا يَنبُو.

(٢٣) صبر ایسی سواری ہے جو کبھی نہیں گرتی اور قناعت ایسی تلوار ہے جس کی دھار کبھی نہیں الٹتی۔

٢٤ ـ الصَبرُ جُنَّةٌ مِن الفاقَة.

(٢٤) صبر فاقہ کے لئے سپر ہے۔

٢٥ ـ مَن صَبَرَ ساعةً حُمِدَ ساعاتٍ.

(٢٥) جو ایک ساعت صبر کرتا ہے وہ کئی ساعتوں لائق تحسین رہتا ہے۔

٢٦ ـ الصَبرُ زِينَةُ البَلاء.

(٢٦) صبر امتحان اور بلا کی زینت ہے۔

٢٧ ـ الصَـبرُ عـلىٰ المُـصِيبَة مُـصيبَةٌ عَـلى الشامِتِ بِها.

(٢٧) مصیبت پر صبر کرنا، مصیبت کو برا بھلا کہنے والے کے لئے مصیبت ہے۔

٢٨ ـ الصَبرُ مِن أسبابِ الظَفَر.

(٢٨) صبر کامیابی کے اسباب میں سے ہے۔

٢٩ ـ الصَبرُ علىٰ مَشَقَّةِ العِبادِ يَتَرقّىٰ بِكَ إلى شَرَفِ الفَوزِ الأَكبَرِ.

(٢٩) بندوں کی طرف سے پڑنے والی مصیبتوں پر صبر کرنا تمھیں عظیم کامیابی کے شرف تک پہنچا دے گا۔

٣٠ ـ الصَبرُ مَطِيَّةُ الظَفَر.

(٣٠) صبر، کامیابی کی سواری ہے۔

٣١ ـ الصَبرُ علىٰ ثلاثَة اَوجُهٍ: صَبرٌ عَلى المُصِيبَةِ، و صَبرٌ على الطَاعَةِ، و صَبرٌ على المَعصيَة.

(٣١) صبر تین صورتوں میں ہوتا ہے: مصیبتوں پر صبر، اطاعت خدا پر صبر اور گناہوں سے صبر۔

٣٢ ـ وُكِّلَ البَلاءُ بالصَّبر.

(٣٢) بلاؤں کو صبر پر منحصر قرار دیا گیا ہے۔

٣٣ ـ مَن رَكِبَ مَركَبَ الصَـبرِ اهـتدىٰ إلى مِضمارِ النَّصر.

(٣٣) جو صبر کے مرکب پر سوار ہوگا وہ کامیابی و نصرت کی وادی و (تربیت گاہ) کی طرف ہدایت پا جائے گا۔

٣٤ـ الصَّبرُ ظَفَرٌ، العَجلةُ خَطَرٌ.

(۳۴) صبر کامیابی اور عجلت خطرہ ہے۔

٣٥ـ الصبرُ علىٰ البلاءِ أفضلُ مِن العافيةِ في الرَّخاء.

(۳۵) بلاؤں میں صبر کرنا خوشی کی حالت میں عافیت سے افضل ہے۔

٣٦ـ الصبرُ علىٰ طاعةِ اللهِ أَهوَنُ مِنَ الصَّبرِ علىٰ عُقوبتِه.

(۳۶) اللہ کی اطاعت میں صبر کرنا اس کے عذاب پر صبر کرنے سے زیادہ آسان ہے۔

٣٧ـ الصَّبرُ على المَصائِبِ مِن أفضَلِ المَواهِبِ.

(۳۷) اطاعت پر صبر کرنا بہترین مواہب میں سے ہے۔

٣٨ـ الصَّبرُ أعوَنُ شيءٍ على الدَّهر.

(۳۸) صبر، زمانے کے مقابلے کے لئے بہترین مدد گار ہے۔

٣٩ـ الصبرُ أدفَعُ لِلضُّرِّ.

(۳۹) صبر، مصیبت کے لئے سب سے اچھا دفاع کرنے والا ہے۔

٤٠ـ الصبرُ عُنوانُ النَّصر.

(۴۰) صبر، کامیابی کا عنوان ہے۔

٤١ـ الصبرُ ثمرةُ الإيمان.

(۴۱) صبر ایمان کا ثمر ہے۔

٤٢ـ الصبرُ على مَضَضِ الغُصَصِ يُوجِبُ الظَّفَرَ بالفُرَص.

(۴۲) غصوں کی تلخیوں پر صبر، فرصت میں کامیابی کا باعث ہوتا ہے۔

٤٣ـ الصبرُ عَنِ الشهوَةِ عِفّةٌ، وعنِ الغَضَبِ نَجدَةٌ، وعَنِ المَعْصِيَةِ وَرَعٌ.

(۴۳) شہوت سے صبر، عفت ہے اور غصہ میں صبر، کامیابی ہے اور معصیت میں صبر تقویٰ ہے۔

٤٤ـ الصبرُ أن يَتحمَّلَ الرَّجلُ ما يَنوبُهُ، ويَكْظِمُ ما يُغضِبُه.

(۴۴) صبر یہ ہے کہ انسان پریشانیوں کو برداشت کرے اور غصہ دلانے والی اشیاء کے مقابلہ میں بردبار رہے۔

٤٥ـ الصبرُ أفضلُ سَجيَّةٍ والعِلمُ أَشرَفُ حِليةٍ وعَطِيَّةٍ.

(۴۵) صبر بہترین خصلت اور علم شریف ترین زیور و عطیہ ہے۔

٤٦ـ إنَّك لَن تُدرِكَ ما تُحِبُّ مِن ربِّك إلّا بِالصبرِ عمّا تَشتَهي.

(۴۶) تم اپنی پسندیدہ اشیاء اس وقت تک اپنے رب سے نہیں پا سکتے جب تک تم ان چیزوں سے صبر نہ کر لو جنھیں تم چاہتے ہو۔

٤٧ـ إنَّ لِلمِحَنِ غاياتٌ، ولِلغاياتِ نِهاياتٌ، فاصبِرُوا لَها حتّى تَبلُغَ نِهاياتِها.

(۴۷) یقیناً مشقتوں کے مقاصد ہوتے ہیں اور مقاصد کی انتہا بھی ہوتی ہے لہذا پریشانیوں پر صبر کرو یہاں تک کی ان کی انتہا ہو جائے۔

٤٨ ـ إنْ صَبرتَ أَدركَتَ بِصبرِك منازِلَ الأبرارِ، وإن جَزَعتَ أورَدَكَ جَزَعُكَ عَذابَ النّارِ.

(۴۸) اگر تم نے صبر اختیار کیا تو اسی صبر کے ذریعے تمھیں نیکو کاروں کی منزل عطا ہو جائے گی اور اگر تم نے بے تابی کا مظاہرہ کیا تو تمہاری یہ بے تابی تمھیں عذاب جہنم میں ڈھکیل دے گی۔

٤٩ ـ أفضلُ الصبرِ الصبرُ عن المَحبُوب.

(۴۹) بہترین صبر پسندیدہ شئے سے صبر کرنا ہے۔

٥٠ ـ أفضلُ الصبرِ التَصبُّر.

(۵۰) بہترین صبر، صبر کا مظاہرہ ہے۔

٥١ ـ إصبِر على عَملٍ لاَبدَّ لَكَ مِن ثَوابِهِ، وعَن عَملٍ لا صبرَ لَكَ على عِقابِهِ.

(۵۱) ایسے عمل میں صبر سے کام لو جس کا ثواب تمہارے لئے ضروری ہو اور ایسے عمل کو کرنے سے صبر کرو جس کی سزا کے لئے تمہارے پاس صبر نہ ہو۔

٥٢ ـ ثَوابُ المُصيبةِ على قَدرِ الصَّبرِ عَليها.

(۵۲) مصیبت کا ثواب اس پر صبر کرنے کی مقدار جتنا ہوتا ہے۔

٥٣ ـ ثَوابُ الصَبرِ أعلَى الثَّواب.

(۵۳) صبر کا ثواب برترین ثواب ہے۔

٥٤ ـ حُسنُ الصَّبرِ عَونٌ على كُلِّ أمرٍ.

(۵۴) حسن صبر، تمام کاموں میں مدد گار ہوتا ہے۔

٥٥ ـ حُسنُ الصَبرِ طَليعَةُ النَّصر.

(۵۵) حسن صبر، کامیابی کی کونپل ہے۔

٥٦ ـ رَحِمَ اللهُ امرَءاً جَعَلَ الصَّبرَ مَطيَّةَ حَياتِهِ، والتَّقوى عُدَّةَ وَفاته.

(۵۶) اللہ اس آدمی پر رحم کرے جس نے صبر کو اپنی زندگی کی سواری اور تقوے کو اپنی وفات کا مدد گار بنالیا۔

٥٧ ـ طُولُ الاِصطِبارِ مِن شِيَمِ الأَبرار.

(۵۷) طویل صبر نیک لوگوں کا شیوہ ہے۔

٥٨ ـ عليكَ بِالصَّبرِ، فإنّهُ حِصنٌ حَصينٌ، وعبادَةُ المُوقِنين.

(۵۸) تمہارے لئے صبر لازم ہے کیونکہ یہ مضبوط قلعہ ہے اور صاحبان یقین کی عبادت ہے۔

٥٩ ـ لا يَنعَمُ بِنَعيمِ الآخِرةِ إلّا مَن صَبرَ عَلىٰ بَلاءِ الدُّنيا.

(۵۹) نعمات آخرت سے صرف وہی بہرہ مند ہو سکتا ہے جو دنیا کی بلاؤں پر صبر کرتا ہے۔

٦٠ ـ ما صَبرتَ عنهُ خَيرٌ مِمّا التذَذْتَ بِهِ.

(۶۰) جس چیز سے تم نے صبر کیا وہ ان چیزوں سے بہتر ہوتی ہے جن سے تم لطف اندوز ہو چکے ہو۔

٦١ ـ مِن عَلاماتِ حُسنِ السَّجيّةِ الصَبرُ على البَليّة.

(۶۱) بہترین عادتوں کی علامت بلاؤں پر صبر کرنا ہے۔

٦٢ ـ مَن توالَتَ عليهِ نَكِباتُ الزَّمانِ، أَكسبَتهُ فَضيلَةُ الصَبر.

(۶۲) جس پر زمانے کی سختیاں تواتر سے نازل ہونے لگیں تو اسے صبر عطا کر دیا جاتا ہے۔

٦٣ ـ مَن لَم يَصبِر على كَدِّهِ صَبَرَ على الإفلاس.

(۶۳) جو اپنی کدو کاوش پر صبر نہیں کر پاتا وہ غریبی و افلاس پر صبر کرے۔

٦٤ ـ مَن صَبَرَ على طُولِ الأذىٰ، أبانَ عَن صِدقِ التُّقىٰ.

(۶۴) جو طولانی اذیتوں پر صبر کرتا ہے وہ سچے تقوی کا پتہ دیتا ہے۔

٦٥ ـ مَن صَبَرَ خَفَّتْ مِحنَتُه.

(۶۵) جو صبر کرتا ہے تو اس کی مصیبت ہلکی ہو جاتی ہے۔

٦٦ ـ مَن صَبَرَ نالَ المُنیٰ.

(۶۶) جو صبر کرتا ہے وہ مرادوں تک پہنچ جاتا ہے۔

[ ١٢٤ ]

# الصِحَّة = صحت

١ ـ أَلَاوإنَّ مِن النِّعَم سَعَةَ المالِ، و أفضلُ مِن سَعَةِ المالِ صِحّةِ البَدنِ وأفضلُ مِن صحة البَدنِ تَقَوى القَلبِ.
(۱) آگاہ ہو جاؤ وسعت مال نعمتوں میں سے ہے اور وسعت مال سے بہتر، صحت بدن ہے اور بدن کی صحت سے، بہتر دل کا تقویٰ ہے

٢ ـ صِحّةُ الجَسَدِ مِن قِلَّةِ الحَسد.
(۲) جسم کی صحت حسد کی قلت سے ممکن ہے۔

٣ ـ لا صِحَّةَ معَ نَهَمٍ.
(۳) پرخوری و حرص کے ساتھ کوئی صحت نہیں۔

٤ ـ أنا لِلمريضِ الذي يَشتَهي أَرجىٰ مِنّي للصَّحيحِ الذي لا يَشتَهي.
(۴) میں اس مریض کے لئے جو (کھانے کی) اشتہار کھتا ہے، اس صحیح (الجسم) کے مقابلے میں زیادہ امیدوار ہوں جو (کھانے کی) اشتہا نہیں رکھتا۔

٥ ـ كَم مِن دَنِفٍ قد نَجا، وصَحيحٍ قد هَوىٰ.
(۵) کتنے (سخت) مریض نجات پا گئے اور کتنے صحت مند بیمار (گمراہ) ہو گئے۔

٦ ـ لانِعمَةَ في الدُّنيا أعظمُ مِن طولِ العُمرِ وصحّةِ الجَسد.
(۶) دنیا میں طویل عمر و صحت بدن سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں۔

٧ ـ أوفَرُ القَسْمِ صِحَّةَ الجِسمِ.
(۷) سب سے اچھی قسمت جسمانی صحت ہے۔

٨ ـ بِالصِحَّةِ تُستَكمَلُ اللَّذَّة.
(۸) صحت کے ذریعے لذتیں مکمل ہوتی ہیں۔

٩ ـ بِصَحَّةِ المِزاجِ تُوجَدُ لَذَّةُ الطَّعم.
(۹) مزاج کی سلامتی کی وجہ کھانوں کی لذت معلوم ہوتی ہے۔

[ ۱۲۵ ]

# الصداقة = دوستی

١ ـ يا بُنَيَّ إيّاكَ ومُصادَقَةَ الأحمَقِ، فإنّهُ يُريدُ أنَ يَنفَعَكَ فَيَضُرُّكَ، و إيّاكَ و مصادَقةَ البَخيلِ، فإنّهُ يَقعُدُ عنك أحوَجَ ما تكونُ إليهِ، و إيّاكَ و مصادَقةَ الفاجِرِ، فإنّهُ يَبيعُكَ بالتافَةِ، و إيّاكَ و مصادَقَةَ الكَذّابِ، فإنّه كالسَّرابِ يُقَرِّبُ عَلَيكَ البَعيدَ، ويُبَعِّدُ عليكَ القَريب.

(۱) بیٹے! احمق کی دوستی سے پرہیز کرنا کیونکہ وہ تمھیں فائدہ پہنچانا چاہے گا لیکن نقصان پہنچادے گا اور کنجوس کی دوستی سے پرہیز کرنا کیونکہ وہ اس وقت تم سے رو گردانی کرے گا جب تم اس کے محتاج ہوگے، فاجر کی دوستی سے بھی پرہیز کرنا کیونکہ وہ تمھیں معمولی سی چیز کے عوض بیچ دے گا اسی طرح جھوٹے کی دوستی سے بھی پرہیز کرنا کیونکہ وہ سراب کی طرح ہے، دور کی چیز کو قریب اور قریب کی چیز کو دور بتلائے گا۔

٢ ـ حَسَدُ الصَّديقِ مِن سُقمِ المَوَدَّة.

(۲) دوست کا حسد کرنا محبت میں سقم ہے۔

٣ ـ أصدقاؤُكَ ثَلاثَةٌ، وأعداؤُكَ ثَلاثَةٌ، فَأَصدِقاؤُك: صَديقُكَ، وصَديقُ صديقِكَ، وعَدوُّ عدوِّك. و أعداؤُكَ: عدوُّكَ، و عَدُوُّ صديقِكَ، و صَديقُ عَدُوِّك.

(۳) تمہارے تین دوست ہیں اور اسی طرح تمہارے تین دشمن ہیں تمہارے دوست (یہ ہیں) تمہارا دوست، تمہارے دوست کا دوست اور تمہارے دشمن کا دشمن۔ اور (اسی طرح) تمہارے دشمن تمہارا خود دشمن، تمہارے دوست کا دشمن اور تمہارے دشمن کا دوست

٤ ـ مَن أطاعَ التَواني ضَيَّعَ الحُقُوقَ، و مَن أطاعَ الواشي ضَيَّعَ الصَّديق.

(۴) جو کاہلی کی پیروی کرتا ہے وہ حق کو ضائع کرتا ہے اور جو چغل خور کی اطاعت کرتا ہے وہ دوست کھو دیتا ہے۔

٥ ـ اُبذُل لصَديقِكَ كُلَّ المَودَّة، ولا تَبذُل له كُلَّ الطُّمانِينَة، و أَعطِهِ المُواسَاة، ولا تُفْضِ إليه بكُلِّ الأسرار.

(۵) اپنے دوست کو تمام تر محبتیں سونپ دو مگر اس پر مکمل اطمینان نہ رکھو اور اسے پورا تعاون دو مگر اپنے تمام رازوں سے اسے آگاہ نہ کرو۔

٦ ـ إيّاكَ ومُصادَقَة الفاجِر، فإنّه يَبيعُك في نَفَاقِهِ.

(۶) فاسق و فاجر کی دوستی سے بچے رہو کیونکہ یہ اپنے فائدے کے لئے تمھیں بیچ ڈالے گا۔

٧ـ لا يكونُ الصَّدِيقُ صَـدِيقاً حـتّى يَحْـفَظَ صَدِيقَهُ في غَيبَتهِ، وعِند نَكبَتهِ، وبَعد وَفاتِهِ في تَرَكَتِه.

(۷) دوست اس وقت تک (سچا) دوست نہیں ہو سکتا جب تک وہ اپنے دوست کی عدم موجودگی میں اس کی حفاظت نہ کرے اور اس کی پریشانیوں اور اس کے مرنے کے بعد اس کی وراثت کے معاملات پر نظر نہ رکھے۔

٨ـ صَديقُك مَن نَهاك، وعَدُوُّك من أَغراك.

(۸) تمہارا دوست وہ ہے جو تمھیں (غلط کاموں سے) روکے اور تمہارا دشمن وہ ہے جو تمھیں فریب دے۔

٩ـ رُبَّ صَديقٍ يُؤتىٰ مِن جَهلِهِ، لا مِن نيَّته.

(۹) بہت سے دوست نادانی کی وجہ سے غلطی کر بیٹھتے ہیں نہ کہ نیت و قصد سے۔

١٠ ـ مَن اَهتَمَّ بِكَ فهو صَديقُك.

(۱۰) جو تمہارا خیال رکھے وہ تمہارا دوست ہے۔

١١ ـ مَن لم يَرضَ مِن صَديقِهِ إلّا بإيثارِهِ على نَفسِهِ دامَ سَخَطُه.

(۱۱) جو اپنے دوست سے صرف اسی وقت خوش رہتا ہو جب وہ ایثار کرے تو اس کا غصہ دائمی رہے گا۔

١٢ ـ مَن لم تَنفَعكَ صَداقَتُه، ضَرَّتكَ عَداوَتُه.

(۱۲) تمھیں جس کی دوستی سے کوئی فائدہ نہیں اس کی عداوت (تو) تمھیں نقصان پہنچا سکتی ہے۔

١٣ ـ لا تَتَّخِذَنَّ عَدُوَّ صَدِيقك صَدِيقاً، فتعُادي صَدِيقَك.

(۱۳) اپنے دوست کے دشمن کو کبھی دوست نہ بنانا کیونکہ اس طرح تم اپنے دوست کو دشمن بنالو گے۔

١٤ ـ إستِفسادُ الصَّدِيقِ مِن عَدَمِ التَّوفيق.

(۱۴) دوستی کھودینا بے توفیقی ہے۔

[١٢٦]

# الصدق = صدق

١ ـ قَدْرُ الرَّجُلِ على قَدْرِ هِمَّتِهِ، وصِدقُهُ على قَدرِ مُروَّته.

(۱) انسان کی قدر و قیمت اس کی لگن و ہمت جتنی اور اس کی سچائی اس کی مروت ہی کے جتنی ہو گی ۔

٢ ـ إنَّ الله سُبحانَهُ يُدخِلُ بِصِدقِ النِيَّةِ والسَّريرَةِ الصالِحَةِ مَن يَشاءُ مِن عبادِهِ الجَنَّة.

(۲) اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے گا نیک نیتی اور پاک باطنی کی بنا پر داخل جنت کرے گا۔

٣ ـ علامةُ الإيمانِ أن تُؤثِرَ الصِّدقَ حَيثُ يَضُرُّك عَلَى الكِذبِ حَيثُ يَنفَعُك.

(۳) ایمان یہ ہے کہ اپنے لئے نقصان دہ سچ کو اپنے لئے مفید جھوٹ پر ترجیح دو۔

٤ ـ [ يا مالك! ] إلصَقْ بِأهلِ الوَرَعِ والصِدق.

(۴) اے مالک (اشتر) اہل تقویٰ اور صدق کے ساتھ متمسک ہو جاؤ۔

٥ ـ مَن لَم يَختَلِفْ سِرُّهُ وعَلانِيَتُهُ، وفِعلُهُ ومَقالَتُهُ، فَقَد أدَّىٰ الأمانَةَ، و أخلَصَ العِبادَة.

(۵) جس کے ظاہر و باطن اور قول و فعل میں اختلاف نہ ہو تو (گویا) اس نے امانت داری کا لحاظ کیا اور عبادت میں اخلاص پیدا کر لیا۔

٦ ـ أيّها النّاس! إنَّ الوَفاءَ تَوأَمُ الصِّدقِ، ولا أعلَمُ جُنَّةً أَوقىٰ مِنه.

(۶) اے لوگو! یقیناً وفا سچ جڑواں (بہن) ہے اور میں اس سے زیادہ بچانے والی کسی اور سپر سے واقف نہیں ہوں ۔

٧ ـ مَن تَحَرَّى الصِّدقَ خَفَّتْ عليهِ المُؤَنُ.

(۷) جس نے صدق اختیار کیا اس نے اپنے خرچوں کو ہلکا کر لیا۔

٨ ـ خَيرُ القَولِ الصِّدق.

(۸) بہترین کلام صدق ہے ۔

٩ ـ في الصِّدقِ السَّلامَة.

(۹) سچائی میں سلامتی ہے ۔

١٠ ـ ما السَيفُ الصَارِمُ في كَفِّ الشُجاعِ بأعزَّ لَهُ مِن الصِّدق.

(۱۰) شجاع کے ہاتھ میں تیز دھار تلوار بھی اس کے نزدیک صدق سے زیادہ عزیز نہیں ہے ۔

١١ ـ مِن أَفضَلِ أعمالِ البِرِّ الجُودُ في العُسرِ، والصِدقُ في الغَضَبِ، والعَفوُ عِندَ القُدرَة.

(۱۱) نیکوں میں بہترین اعمال، تنگ دستی میں جود و کرم، غصہ میں سچ اور توانائی کے باوجود معاف کر دینا۔

١٢ ـ أَقبحُ الصِّدقِ ثَناءُ المَرءِ على نَفسِه.

(۱۲) بد ترین سچ انسان کا خود اپنی مدح کرنا ہے ۔

١٣ ـ الصِّدقُ جَمالُ الإنسانِ، ودَعامَةُ الإيمان.
(۱۳) صدق، جمال انسان اور ایمان کا ستون ہے۔

١٤ ـ الصِّدقُ مُطابَقَةُ المَنطِقِ لِلوَضعِ الإلهي.
(۱۴) سچائی، کلام کو الٰہی سرشت کے مطابق کرنا ہے۔

١٥ ـ الصِدقُ أمانَةُ اللِسانِ، وحِليَةُ الإيمان.
(۱۵) صدق، زبان کی امانت اور ایمان کا زیور ہے۔

١٦ ـ الصِدقُ يُنَجِّيكَ وَإن خِفتَه.
(۱۶) صدق تمھیں نجات دے گا بھلے ہی تم اس سے خوفزدہ رہو۔

١٧ ـ الصِدقُ صَلاحُ كُلِّ شَيءٍ.
(۱۷) سچائی میں ہر چیز کی بھلائی ہے۔

١٨ ـ الصِّدقُ لِباسُ الدِّين.
(۱۸) صدق دین کا لباس ہے۔

١٩ ـ الصِدقُ فَضيلَةٌ، الكِذبُ رَذيلَةٌ.
(۱۹) صدق فضیلت اور جھوٹ پلیدی ہے۔

٢٠ ـ النَجاةُ مَعَ الصِّدق.
(۲۰) نجات صدق کے ساتھ ہے۔

٢١ ـ إذا أحبَّ اللهُ عَبداً أَلْهَمَهُ الصِّدق.
(۲۱) جب اللہ کسی بندے کو چاہنے لگتا ہے تو اسے صدق کا الہام کر دیتا ہے۔

٢٢ ـ ثَلاثٌ هُنَّ زَينُ المُؤمِن: تَقوَى اللهِ، وصِدقُ الحَديثِ، وأداءُ الأمانَة.
(۲۲) تین چیزیں مومن کی زینت ہوتی ہیں: اللہ کا تقویٰ، سچی بات اور ادائے امانت۔

٢٣ـخَيرُالخِلالِ:صِدقُ المَقالِ ومَكارِمُ الأفعال.
(۲۳) بہترین عادتیں، سچی بات اور بہ وقار افعال ہیں۔

٢٤ ـ شَيئانِ هُما مِلاكُ الدِّينِ: الصِدقُ واليَقين.
(۲۴) دو چیزیں دین کی کسوٹی ہیں: سچائی اور یقین۔

٢٥ ـ عَلَيكَ بِالصِدقِ، فَمَن صَدَقَ في أَقوالِهِ جَلَّ قَدرُه.
(۲۵) تمہارے لئے صدق لازم ہے کیونکہ جو اپنی باتوں میں سچائی سے کام لیتا ہے اس کی قدر و منزلت زیادہ ہو جاتی ہے۔

٢٦ ـ عاقِبةُ الصِّدقِ نَجاةٌ وسلامَةٌ.
(۲۶) صدق کی عاقبت نجات و سلامتی ہے۔

٢٧ ـ لِكُلِّ شيءٍ حِليَةٌ، و حِليَةُ المَنطِقِ الصِّدق.
(۲۷) ہر شئے کا ایک زیور ہے اور بول چال کا زیور صدق ہے۔

٢٨ ـ لاَ يُغلَبُ مَن يَحتَجُّ بالصِّدق.
(۲۸) وہ مغلوب نہیں ہو سکتا جو صدق کے ذریعے استدلال کرے۔

٢٩ ـ مَن صَدَقَ مَقالُهُ زادَ جَلالُه.
(۲۹) جس کی باتیں سچی ہو جاتی ہیں اس کی قدر و منزلت بڑھ جاتی ہے۔

٣٠ ـ مَن صَدقَتْ لَهجَتُهُ قَوِيَت حُجَّتُه.
(۳۰) جس کا لہجہ سچا ہو جاتا ہے اس کے دلائل مستحکم ہو جاتے ہیں۔

٣١ ـ مِلاكُ الإسلامِ صِدقُ اللِسان.
(۳۱) اسلام کی کسوٹی سچی بات ہے۔

[۱۲۷]

# الصَّدَقَة = صدقہ

١ ـ إذا أملَقْتُم فتاجِروا اللهَ بالصَّدقَة.

(۱) جب حد درجہ تنگ دست ہو جاؤ تب اللہ سے صدقے کے ذریعے تجارت کرو۔

٢ ـ استَنزِلُوا الرِّزقَ بِالصَدَقة.

(۲) نزول رزق کو صدقہ کے ذریعے طلب کرو۔

٣ ـ الصَدَقَةُ دَواءٌ مُنْجِحٌ، و أعمالُ العِباد في عاجِلهم نُصْبُ أعْيُنِهِم في آجِلِهِم.

(۳) صدقہ نجات دینے والی دوا ہے اور دنیا میں بندوں کے اعمال ان کی آخرت میں آنکھوں کی ٹھنڈک ہوں گے۔

٤ ـ سوْسُوا إيمانَكُم بِالصَدَقَةِ.

(۴) اپنے ایمان کو صدقہ کے ذریعے محفوظ کر لو۔

٥ ـ إذا ماتَ الإنسانُ انقطَعَ عَنْهُ عَمَلُهُ، إلّا مِن ثَلاثٍ: صَدَقةٍ جارِيةٍ وعِلمٍ كانَ عَلَّمَهُ الناس فانتَفَعُوا بِهِ، و وَلَدٍ صالحٍ يَدعُو لَه.

(۵) جب انسان مر جاتا ہے تو اس کے تمام اعمال کا سلسلہ ٹوٹ جاتا ہے جزء تین اعمال کے: صدقہ جاریہ، وہ علم جس کی وہ لوگوں کو تعلیم دیا کرتا تھا اور لوگوں نے اس سے استفادہ کیا اور وہ صالح بیٹا جو اس کے لئے دعا کرتا ہو۔

٦ ـ أربَعةٌ تَدعُو إلى الجَنَّةِ: كِتمانُ المُصيبَةِ، وكِتمانُ الصدَقَةِ، وبِرُّ الوَالِدين، والإكثارُ مِن قَولِ: لا إلهَ إلّا الله.

(۶) چار چیزیں جنت کی طرف بلاتی ہیں: اپنی مصیبت کو چھپانا، پوشیدہ طور سے صدقہ دینا، والدین کے ساتھ نیکی اور بکثرت "لا الہ الا اللہ" کہنا۔

٧ ـ صَدقَةُ السِرِّ تُطفِئُ الخَطِيئَة.

(۷) مخفیانہ صدقہ گناہوں کو ختم کر دیتا ہے۔

٨ ـ ثلاثٌ يَبلُغنَ بِالعبدِ رضـوانَ الله: كَـثرَةُ الاِستغفارِ، و خَفضُ الجانِبِ، و كَثرَةُ الصَّدَقَة.

(۸) تین چیزیں انسان کو رضائے خدا تک پہنچا دیتی ہیں: کثرت استغفار، انکساری اور کثرت صدقہ۔

٩ ـ الصَدَقَةُ تَستَدفِعُ البلاءَ والنِّقمَة.

(۹) صدقہ بلاؤں اور سزاؤں کو دفع کر دیتا ہے۔

١٠ ـ الصَدَقَةُ أفضلُ الذُخرَين.

(۱۰) صدقہ بہترین ذخیروں میں سے ہے۔

١١ ـ الصَدَقَةُ في السرِّ مِن أفضلِ البِرِّ.

(۱۱) رازداری کا صدقہ بہترین نیکیوں میں سے ہے۔

١٢ ـ الصَّدَقَةُ تَقِي مَصارِعَ السُّوء.

(۱۲) صدقہ برے مقامات سے بچالیتا ہے۔

١٣ ـ الصدقةُ كنزُ المُوسِر.

(۱۳)صدقہ دولت مندوں کا خزانہ ہے۔

١٤ ـ إنّ أفضلَ الخَيرِ صَدقةُ السِّرِّ وبِرُّ الوالدَينِ وصِلةُ الرَّحِم.

(۱۴)یقیناً برترین نیکی رازداری کا صدقہ اور صلہ رحم کرنا ہے۔

١٥ ـ بِالصَّدَقَةِ تُفسَحُ الآجال.

(۱۵)صدقہ کے ذریعے (موت کے معین) وقت کو بڑھایا جاتا ہے۔

١٦ ـ بَرَكَةُ المالِ في الصَدَقَة.

(۱۶)دولت کی برکت صدقے میں ہے۔

١٧ ـ صَدَقَةُ السِّرِّ تُكَفِّرُ الخَطيئَةَ وصَدَقَةُ العَلانيةِ مَثراةٌ في المال.

(۱۷)رازداری کا صدقہ گناہوں کو چھپا دیتا ہے۔

١٨ ـ صَدَقَةُ العَلانِيَةِ تَدفَعُ مِيتَةَ السُوء.

(۱۸)علانیہ صدقہ دینا بری موت کو ٹال دیتا ہے۔

# [۱۲۸]
# الصَّلاة = نماز

۱ ـ الصَّلاةُ قُربانُ كلِّ تَقيٍّ.

(۱) نماز ہر متقی کے لئے اللہ سے تقرب کا وسیلہ ہے۔

۲ ـ ما أهَمَّني ذَنبٌ اُمهِلتُ بَعدَهُ حتى اُصَلِّيَ رَكعَتَينِ، و أسألَ اللهَ العافِية.

(۲) مجھے ایسے گناہ کی پرواہ نہیں جس کے بعد مجھے اتنی مہلت مل جائے کہ میں دو رکعت نماز پڑھ لوں اور خداوند عالم سے طلب عافیت کرلوں۔

۳ ـ اللهَ اللهَ في الصَّلاةِ، فإنّها عَمُودُ دينِكُم.

(۳) اللہ اللہ رے نماز۔۔۔ بلاشبہ یہ تمہارے دین کا ستون ہے۔

٤ ـ الخُشوعُ زينَةُ الصَّلاة.

(۴) خشوع، نماز کی زینت ہے۔

٥ ـ مَن لم يَأخُذ اُهبَةَ الصَّلاةِ قَبلَ وَقتِها فَما وَقَّرَها.

(۵) جو نماز کی تیاری اس کے وقت سے پہلے نہیں کرتا وہ نماز کا احترام نہیں کرتا۔

٦ ـ الصَّلاةُ صابونُ الخَطايا.

(۶) نماز غلطیوں کے لئے صابون ہے۔

۷ ـ الفَرقُ بينَ المُؤمِنِ والكافِرِ الصَّلاةُ، فَمَن تَرَكَها وادَّعَى الإيمانَ كَذَّبَهُ فِعلُهُ، وكانَ عليهِ شاهِدٌ مِن نَفسِه.

(۷) مومن اور کافر کے درمیان صرف نماز کا فرق ہے لہٰذا جو نماز چھوڑ کر ایمان کا دعوی کرے اس کا عمل اس کی تکذیب کرے گا اور خود اس کے خلاف گواہی دے گا۔

۸ ـ اختَبِرُوا شيعَتي بخَصلَتَينِ: المُحافَظَةُ علىٰ أوقاتِ الصَّلاةِ، والمُواساةُ لإخوانِهم بالمالِ، فإن لم تَكونا، فَاعزُب ثمّ اعزُب.

(۸) میرے شیعوں کو دو عادتوں سے پہچانو: نماز کے وقت کی پابندی اور اپنے بھائیوں کا، دولت کے ذریعے تعاون اور اگر یہ (صفات) نہ پائی جاتی ہوں تو ان سے دور ہو جاؤ۔۔۔ ان سے دور ہو جا

۹ ـ الصَّلاةُ حِصنُ الرَّحمنِ، ومَدحَرَةُ الشَّيطان.

(۹) نماز رحمان کا قلعہ اور شیطان کو بھگانے کا ذریعہ ہے۔

۱۰ ـ الصَّلاةُ حِصنٌ مِن سَطَواتِ الشَّيطان.

(۱۰) نماز شیطان کے حملوں سے بچنے کے لئے ایک قلعہ ہے۔

۱۱ ـ الصَّلاةُ أفضَلُ القُربَتَين.

(۱۱) نماز خدا سے قریب ہونے کے دو راستوں میں ایک راستہ ہے۔

۱۲ ـ إذا قامَ أحَدُكم إلَى الصَّلاةِ فَليُصَلِّ صَلاةَ مُوَدِّعٍ.

(۱۲) جب بھی تم میں سے کوئی نماز کے لئے کھڑا ہو تو اسے چاہیے کہ الوداعی نماز پڑھے۔

۱۳ ـ لو يَعلَمُ المُصَلّي ما يَغشاهُ مِنَ الرَّحمَةِ لَما رَفَعَ رَأسَهُ مِن السُّجود.

(۱۳) اگر نماز گزار کو علم ہو جائے کہ کیسی رحمتوں نے اس کا احاطہ کر رکھا ہے تو وہ کبھی سجدے سے سر نہ اٹھائے۔

[۱۲۹]

## صلة الرَّحم = صلہ رحم

١ ـ إنّ افضل ما تَوَسَّلَ به المتوسِّلُونَ إلى الله سبحانه و تعالى: الايمانُ به و برسوله . . . و صلةُ الرَّحِمِ فإنّها مَثراةٌ في المالِ و مَنسأَةٌ في الأجل.

(۱) بلاشبہ بافضیلت ترین شئے کہ جس کے ذریعہ اللہ سے متوسلین توسل اختیار کرتے ہیں اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھنا۔۔۔اور صلہ رحم کرنا ہے کیونکہ یہ دولت میں اضافے اور اجل کو ٹالنے کا باعث ہوتا ہے۔

٢ ـ مَن أتاهُ اللهُ مالاً فَليَصِل بهِ القَرابَة وَليُحسِن منه الضيافَة.

(۲) جسے اللہ نے کچھ دولت عطا کر دی ہو اسے چاہیے کہ اسی کے ذریعہ رشتہ داروں کی مدد کرے اور مہمانوں کی اچھی طرح سے مہمان نوازی کرے۔

٣ ـ [فَرَضَ الله] صِلةَ الرَّحِمِ مَنماةً لِلعَدَد.

(۳) اللہ نے صلہ رحم کو عدد میں نمو کے لئے فرض کیا ہے۔

٤ ـ قال ﷺ: أعوذ بالله من الذنوبِ التي تُعَجِّلُ الفَناءَ! قيل له: أو تكونُ ذنوب تُعَجِّلُ الفَناءَ؟ فقال: ويلك! قَطيعةُ الرحم.

(۴) آپ نے فرمایا "میں اللہ سے ان گناہوں سے پناہ مانگتا ہوں جو فنا میں جلدی کا باعث بن جاتے ہیں" آپ سے پوچھا گیا" کیا ایسے بھی کچھ گناہ ہیں جو فنا میں جلدی کا باعث بن جاتے ہیں؟" تو آپ نے فرمایا "تیرا برا ہو وہ گناہ قطع رحم۔"

٥ ـ ثلاثةُ خصالٍ لا يَموتُ صاحِبُهنَّ أبداً حتى يَرىٰ وَبالَهُنَّ: البغي، و قطيعةُ الرحم و اليمين الكاذبة يُبارِزُ الله بها.

(۵) تین چیزوں کا ارتکاب کرنے والا کبھی ان کی پریشانیاں دیکھے بغیر نہیں مر سکتا: بغاوت، قطع رحم اور جھوٹی قسم جس کے ذریعہ اللہ سے لڑا جاتا ہے۔

٦ ـ مَن يَثِقُ بِكَ أو يَرجُو صِلَتَكَ إذا قَطَعتَ صِلَةَ قَرابَتِك؟

(۶) تم پر کون بھروسہ کرے گا یا کون تمہاری رشتہ داری کے لئے پر امید ہوگا جب تم خود اپنے رشتہ داروں سے قطع تعلق کئے رہو گے؟

٧ ـ لا يَكُنْ أهلُكَ أشقَ الناسِ بِك.

(۷) تمہارے گھر والے تمہارے لئے سب سے بد تر (دشمن) نہ ہو جائیں۔

٨ ـ خَيرُ أهلِكَ مَن كَفاك.

(۸) تمہارے گھر میں سے بہتر وہ ہے جو تمہاری کفایت کرے

٩ ـ ليسَ مَعَ قَطيعَةِ الرَّحِمِ نَماءٌ.

(۹) قطع رحم کے ہوتے ہوئے کسی طرح کا کوئی اضافہ ممکن نہیں۔

١٠ ـ إنَّ قَطيعَةَ الرَحِمِ مِنَ الذُنوبِ التي تُعَجِّلُ الفَناء.

(۱۰) یقیناً قطع رحم ان گناہوں میں سے ہے جو فنا میں جلدی کا باعث بن جاتے ہیں۔

١١ ـ صِلَةُ الرَحِمِ مثرَاَةٌ لِلمالِ، وَمَنسأةٌ لِلأَجَل.

(۱۱) صلہ رحم دولت میں اضافے اور اجل کو بھلانے کا باعث ہوتا ہے

١٢ ـ إنّ صِلَةَ الأرحامِ لَمِن مُوجِباتِ الإسلام و إنّ الله سبحانه أمَرَنا بِاكرامِها و إنّه تـعالى يَصِلُ مَن وَصَلَها و يَقطَعُ مَن قَطَعَها، يُكـرِمُ مَن أكرَمَها.

(۱۲) یقیناً صلہ رحم اسلام کی واجب کردہ اشیاء میں سے ہے اور اللہ نے ہمیں اس کے اکرام کا حکم دیا ہے، خداوند تعالی اسی سے رشتہ استوار کرتا ہے جو صلہ رحم کرتا ہے، جو قطع رحم کرتا ہے اللہ اس سے قطع تعلق کرلیتا ہے اور جو اس کا اکرام کرتا ہے اللہ بھی اس کا اکرام کرتا ہے۔

١٣ ـ صِلَةُ الرَّحِمِ تُدِرُّ النِّعَمَ و تَدفَعُ النِّقَم.

(۱۳) صلہ رحم نعمتوں کو بڑھاتا ہے اور سزاؤں کو دفع کرتا ہے۔

١٤ ـ صِلَةُ الرَّحِمِ تَسوءُ العَدُوَّ و تَقِي مَصارِعَ السُّوء.

(۱۴) صلہ رحم دشمن کو برا لگتا ہے اور یہ (انسان کو) بری جگہوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

١٥ ـ صِلَةُ الرَحِـمِ يُـوجِبُ المَحَبَّةَ وتَكـبِتُ العَدوّ.

(۱۵) صلہ رحم موجب محبت ہوتا ہے اور دشمن کو شکست دے دیتا ہے۔

١٦ ـ صِلَةُ الرَّحِمِ يُوَسِّعُ الآجالَ ويُنمِي الأموال.

(۱۶) صلہ رحم اجلوں کو دور اور اموال کو زیادہ کرتا ہے۔

١٧ ـ صِلَةُ الرَّحِمِ مَثراةٌ فى الأموالِ مُـرفِعَةٌ لِلآجال.

(۱۷) صلہ رحم دولت مندی میں اضافہ اور اجلوں کو دور کرنے کا باعث ہوتا ہے۔

١٨ ـ صِلَةُ الرَّحِـمِ يُـنمِي العَـدَدَ و يُـوجِبُ السُّودَد.

(۱۸) صلہ رحم (تمہارے) اعداد و شمار میں اضافہ کرتا ہے اور سرداری کا باعث بنتا ہے۔

١٩ ـ صِلَةُ الأرحامِ مِن أفضَلِ شِيَمِ الكِرام.

(۱۹) صلہ رحم کریم افراد کی بہترین خصلتوں میں سے ہے۔

٢٠ ـ صِلَةُ الرَحِمِ عِمارَةُ النِّعَمِ وَدِفاعَةُ النِّقَم.

(۲۰) صلہ رحم نعمتوں کی تعمیر اور غم و غصہ کا دفاع ہے۔

٢١ ـ في صِلةِ الرَّحِمِ حِراسَةُ النِعَم.

(۲۱) صلہ رحم میں نعمتوں کا تحفظ ہے۔

٢٢ ـ أقبَحُ المعاصِي قَطيعَةُ الرَّحِمِ و العُقُوق.

(۲۲) بدترین معصیتیں قطع رحم اور عاق ہونا ہیں۔

٢٣ ـ بِقَطيعَةِ الرَّحِمِ تُستَجلَبُ النِّقَم.

(۲۳) (رشتہ داروں سے) قطع رحم کے ذریعے بلائیں بلائی جاتی ہیں۔

٢٤ ـ قَطيعَةُ الرَحِمِ تَجلِبُ كثيراً مِنَ النِّقَم.

(۲۴) قطع رحم بہت سی بلاؤں کا باعث ہوتا ہے۔

۲۵ ـ قَطِيعَةُ الرَّحِمِ أَقبَحُ الشِيَم.
(۲۵) قطع رحم بدترین عادت ہے۔

۲٦ ـ قَطيعةُ الرَّحِمِ تُزيلُ النِّعَم.
(۲۶) قطع رحم نعمت کو زائل کر دیتا ہے۔

۲۷ ـ ليس لِقاطِعِ رَحِمٍ قَريبٌ.
(۲۷) قطع رحم کرنے والے کا کوئی قریبی نہیں ہوتا۔

۲۸ ـ ليس مع قَطيعةِ الرَّحِم نَماءٌ.
(۲۸) قطع رحم کے ساتھ اضافہ ممکن نہیں۔

۲۹ ـ ما آمَنَ بِالله سبحانَه مَن قَطَعَ رَحِمَه.
(۲۹) وہ اللہ پر ایمان نہیں لایا جس نے قطع رحم کیا۔

[ ۱۳۰ ]

## الصُّلحُ = صلح

١ ـ مَن أصلَحَ ما بينه وبينَ الله، أصلَحَ اللهُ ما بينَه وبينَ النّاس، و مَن أصلَح اللهُ أمرَ آخِرَتِه أصلَحَ اللهُ أمرَ دُنياه.

(۱) جو اپنے اور اللہ کے مابین معاملات کی اصلاح کرلیتا ہے تو اللہ اس کے اور لوگوں کے درمیان معاملات کو درست کر دیتا ہے اور جو اپنی آخرت کے امور کی اصلاح کرلیتا ہے اللہ اس کے دنیوی امور کی اصلاح کر دیتا ہے۔

٢ ـ لا تَدفعَنَّ صُلحاً دَعاكَ إليه عَدُوُّكَ و للهِ فيه رِضىً، فإنّ في الصُّلحِ دَعَةً لِجُنودِكَ، وراحَةً مِن هُمُومِكَ، وأمناً لِبلادِكَ، ولٰكنَّ الحَذَرَ كُلَّ الحَذَرِ مِن عَدُوِّك بَعدَ صُلحِه، فإنَّ العَدُوَّ ربَّما قارَبَ لِيتَغفَّلَ، فَخُذ بالحَزمِ، واتَّهِم في ذلك حُسنَ الظَنّ.

(۲) ایسی صلح کو نہ ٹھکراؤ جس کی طرف تمہارے دشمن نے تمھیں بلایا ہو اور اس میں خدا کی مرضی بھی شامل ہو کیونکہ صلح میں تمہارے لشکر کے لئے آرام اور تمہارے غموں کا مداوا ہے اور تمہارے شہر کے لئے امن وامان کا باعث ہے مگر صلح کے بعد دشمن سے پوری طرح ہوشیار رہو کیونکہ دشمن شاید غفلت کا اظہار کرے لہذا دور اندیشی سے کام کرنا اور اس معاملہ میں اپنے حسن ظن پر (غلطی کی) تہمت لگانا۔

٣ ـ أعجَزُ الناسِ مَن عَجَزَ عن إصلاحِ نَفسِه.

(۳) عاجز ترین شخص وہ ہے جو اپنی اصلاح سے عاجز ہو۔

٤ ـ مِن أفضَلِ النُّصحِ الإشارَةُ بالصُّلح.

(۴) بہترین اور بافضیلت ترین نصیحت صلح کی طرف اشارہ ہے۔

٥ ـ مَن لَم يَصلُح على اختيارِه اللهُ، لم يَصلُح على اختيارِهِ لنَفسِه.

(۵) جو اللہ کا چنا ہوا ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا وہ اپنے آپ کو منتخب کرنے کی بھی صلاحیت نہیں رکھتا۔

٦ ـ مِن كَمالِ السَّعادَةِ السَّعيُ في صَلاحِ الجُمهُور.

(۶) کمال سعادت یہ ہے کہ انسان لوگوں کی اصلاح کے لئے کوشش کرے۔

٧ ـ أَصلِح إذا أنتَ أفسَدتَ، و أَتِمّ إذا أنتَ أحسَنت.

(۷) اگر تم نے کوئی برائی کی ہے تو اس کی اصلاح بھی کرو اور اگر تم نے کوئی احسان کیا ہے تو اس کو (ضرور) مکمل کرو۔

[۱۳۱]

# الصَّمْت = خاموشی

١ ـ لا خَيرَ في الصَّمتِ عن الحُكمِ، كما أنّه لا خَيرَ في القَولِ بِالجَهلِ.

(۱) حکمت کی باتوں میں سکوت اختیار کرنے میں کوئی بھلائی نہیں جس طرح جہالت کی باتیں کرنے میں کوئی اچھائی نہیں۔

٢ ـ بِكَثْرَةِ الصَّمتِ تكونُ الهَيبَة.

(۲) کثرت سکوت سے ہیبت (قائم) رہتی ہے۔

٣ ـ في الصَّمتِ السَّلامةُ مِنَ النَّدامَة.

(۳) خاموشی میں شرمندگی سے سلامتی ہے۔

٤ ـ العافِيةُ عَشرَةُ أجزاء، تِسعَةٌ منها في الصَّمتِ، إلّا مِن ذِكرِ اللهِ، و واحدٌ في تَركِ مُجالَسَةِ السُّفَهاء.

(۴) عافیت کے دس اجزاء ہیں جن میں سے نو (اجزاء) ذکر الٰہی کے علاوہ خاموشی میں ہیں اور ایک (جزء) بیوقوفوں کی ہمنشینی ترک کرنے میں ہے۔

٥ ـ تَلافِيكَ ما فَرَطَ مِن صَمتِكَ أَيسَرُ مِن إدراكِكَ مافاتَ مِن مَنطِقِك.

(۵) تمہاری خاموشی میں جو کمی ہو گئی ہو اس کی تلافی کرنا زیادہ آسان ہے بمقابل اس کے کہ تم اپنی باتوں میں جو کچھ چھوڑ چکے ہو اسے پورا کرو۔

٦ ـ أفضَلُ العِبادَةِ الصَّمتُ وانتِظارُ الفَرَج.

(۶) بہترین عبادت خاموشی اور انتظار فرج ہے۔

٧ ـ إنّ مِن السُّكُوتِ ما هُوَ أبلَغُ من الجَواب.

(۷) سکوت میں ایسی چیز ہے جو جواب سے زیادہ بلیغ ہوتی ہے۔

٨ ـ الصَّمتُ نُورٌ.

(۸) خاموشی نور ہے۔

٩ ـ لا حافِظَ أحفَظُ مِن الصَّمت.

(۹) خاموشی سے بڑھ کر کوئی دوسرا محافظ نہیں ہے۔

١٠ ـ إذا فاتَكَ الأدَبُ فَالزَمِ الصَّمت.

(۱۰) اگر تمہارے پاس ادب نہ ہو تو خاموش رہو۔

١١ ـ كلُّ صَمتٍ ليس فيه فِكرٌ فَسهوٌ.

(۱۱) ہر وہ خاموشی بھول ہے جس میں غور و فکر نہ ہو۔

١٢ ـ مَن طالَ صَمتُهُ اجتَلَبَ مِنَ الهَيبَةِ ما يَنفَعُهُ، ومِنَ الوَحشَةِ ما لا يَضُرُّه.

(۱۲) جس کی خاموشی طویل ہو جاتی ہے وہ اتنی ہیبت کا مالک ہو جاتا ہے جو اس کے لئے فائدہ مند ہو اور اتنی وحشت اس کے حصے میں آ جاتی ہے جو اس کے لئے نقصان دہ نہ ہو۔

١٣ ـ مُــرُوا الأَحـداثَ بـالمِراءِ والجِـدالِ، والكُهُولِ بالفِكرِ، والشُيوخَ بالصَّمت.

(۱۳) جوانوں سے بحث و جدال کے ساتھ، ادھیڑ کو فکر اور بوڑھوں کے ساتھ خاموشی کے ذریعہ وقت گزارو۔

١٤ـ الصَّمتُ في أوانِهِ خيرٌ من المَنطِقِ في غَيرِ أوانه.

(۱۴) باموقع سکوت بے وقت بولنے سے بہتر ہے۔

١٥ ـ قِلَّةُ الكَـلامِ تَسـتُرُ العُيُوبَ، وتُـقَلِّلُ الذُنُوب.

(۱۵) کم بولنا عیوب کو چھپائے رکھتا ہے اور گناہوں کو کم کرتا ہے۔

١٦ ـ الصَّمتُ يُكسِبُكَ الوَقارَ، ويَكفيك مُؤنَةَ الاعتِذار.

(۱۶) صمت (تمہارے لئے) وقار لے آتا ہے اور تمھیں اعتذار کی ندامت سے بچائے رکھتا ہے۔

١٧ ـ الصَّمتُ زَينُ العِلمِ، وعُنوانُ الحِلم.

(۱۷) خاموشی علم کی زینت اور حلم کا عنوان ہے۔

١٨ ـ الصَّمتُ وَقارٌ، الهَذَرُ عارٌ.

(۱۸) سکوت وقار ہے اور بہت زیادہ بولنا عار ہے۔

١٩ ـ أُصمُتْ تَسلَم.

(۱۹) خاموش رہو سلامت رہوگے۔

٢٠ ـ أُصمُتْ دَهرَك يجلِ أَمرَك.

(۲۰) اپنے زمانے کو خاموشی سے گزارو، تمہارے امور محفوظ ہو جائیں گے۔

٢١ ـ أَحمَدُ مِنَ البَلاغَةِ الصَّمتُ حِينَ لا يَنبَغي الكَلام.

(۲۱) بلاغت سے زیادہ قابل ستائش اس جگہ پر خاموشی ہے جہاں کلام کی ضرورت نہ ہو۔

٢٢ ـ صَمتٌ يُعقِبُكَ السَّلامَةَ خَيرٌ مِن نُـطقٍ يُعقِبُكَ المَلامَة.

(۲۲) وہ خاموشی جو تمھیں سلامتی عطا کرے اس کلام سے بہتر ہے جو تمہارے لئے ملامت کا باعث بنے۔

٢٣ ـ صَمتُ الجاهِلِ سِترُه.

(۲۳) جاہل کی خاموشی اس کا پردہ ہے۔

٢٤ ـ صَمتُكَ حتّى تُستَنطَقَ أجمَلُ مِن نُـطقِكَ حَتّى تُسكَت.

(۲۴) تمھاری وہ خاموشی جس کے بعد تم سے بات کرنے کی خواہش کی جائے اس کلام سے بہتر ہے جس کے بعد تمھیں خاموش کر دیا جائے۔

٢٥ ـ صَمتٌ تُحمَدُ عاقِبَتُهُ خَيرٌ مِن كَلامٍ تُذَمُّ مَغبَّتُه.

(۲۵) ایسی خاموشی جس کی وجہ سے بعد میں تعریف کی جائے اس کلام سے اچھی ہے جس کے بعد مذمت کی جائے۔

٢٦ ـ صَمتٌ يُكسِبُكَ الوَقارَ خَيرٌ مِن كَـلامٍ يَكسُوكَ العار.

(۲۶) وہ خاموشی جو تمھیں وقار عطا کرے اس کلام سے بہتر ہے جو تمھیں ننگ و عار (کا لبادہ) اوڑھا دے۔

[ ۱۳۲ ]

# الصوم = روزہ

١ ـ كَم مِن صائمٍ لَيسَ لَـهُ مِـن صِـيامِهِ إلّا الجُوعُ والظَّمأ، وكَم مِن قائمٍ لَـيس لَـهُ مِـن قِيامِهِ إلّا السَّهَرُ والعَناءُ، حَبَّذا نَومُ الأكياسِ و إفطارُهُم.

(۱) کتنے ایسے روزہ دار ہیں جنھیں ان کے روزوں سے صرف بھوک اور پیاس ہی ملتی ہے اور کتنے شب کو نماز قائم کرنے والے ایسے ہیں کہ جن کے حصے میں صرف رت جگا اور تھکن کے علاوہ کچھ بھی نہیں آتا ، کتنی اچھی ہے دور اندیش لوگوں کی نیندیں اور ان کا افطار کرنا۔

٢ ـ لِكُلِّ شَيءٍ زَكاةٌ، وزَكاةُ البَدَنِ الصِّيام.

(۲) ہر شئے کی ایک زکات ہے اور بدن کی زکات روزے ہیں۔

٣ ـ فَرَضَ اللهُ الصِّيامَ ابتلاءً لإخلاصِ الخَلق.

(۳) اللہ نے روزے کو مخلوقات کے اخلاص کو آزمانے کے لئے فرض کیا ہے ۔

٤ ـ قال ﷺ في بعض الأعياد: إنّما هُوَ عِيدٌ لِمَن قَبِلَ اللهُ صِيامَهُ و شَكَرَ قِيامَهُ و كـلُّ يـومٍ لا يُعصَى اللهُ فيه فَهُوَ عيدٌ.

(۴) آپ نے کسی عید کے موقع پر فرمایا۔"یہ صرف اس شخص کی عید ہے جس کے روزوں کو اللہ نے قبول کیا اور جس کی نمازوں کا اس نے شکریہ ادا کیا اور ہر وہ دن جس میں اللہ کی معصیت نہ کی جائے عید ہے۔"

٥ ـ الصَّومُ عِبادَةٌ بينَ العَبدِ وخالِقِه، لا يَطَّلِعُ عليها غَيرُه، وكذلِكَ لا يُجازي عنها غَيرُه.

(۵) روزہ، بندہ و خالق کے درمیان ہونے والی عبادت ہے جس پر اس کے علاوہ اور کوئی مطلع نہیں ہو سکتا اسی طرح اس کا اجر بھی اس کے علاوہ اور کوئی نہیں دے سکتا۔

٦ ـ لَيسَ الصَّومُ الإمساكُ عَنِ المَأكَلِ والمَشرَبِ الصَّومُ الإمساكُ عَن كُلِّ ما يَكرَهُهُ اللهُ سُبحانَه.

(۶) روزہ کھانا پینا چھوڑ دینے کا نام نہیں ہے بلکہ روزہ یعنی ہر اس چیز کو ترک کر دینا جو اللہ تعالی کو ناپسند ہو۔

٧ ـ حُبِّبَ إليَّ من دُنياكُم ثَلاثَةٌ: إكرامُ الضَّيفِ، والصَّومُ فِي الصَّيفِ والضَّربُ في سبيلِ اللهِ بالسَّيف.

(۷) مجھے تمہاری دنیا سے تین چیزیں پسند آئیں : مہمان کی عزت کرنا، گرمیوں میں روزہ رکھنا اور اللہ کی راہ میں تلوار چلانا۔

٨ ـ صِيامُ الأيّامِ البِيضِ مِن كُلِّ شَهرٍ يَـرفَعُ الدَّرَجاتِ ويُعَظِّمُ المَثوبات.

(۸) ہر مہینے کے "ایام بیض" (ہر مہینے کی تیرہویں، چودھویں اور پندرہویں تاریخ) میں روزے رکھنا درجات کو بلند اور ثواب کو عظیم کر دیتا ہے۔

٩ ـ الصِّيامُ أَحَدُ الصِّحَّتَين.

(۹) روزہ دو طرح کی صحتوں میں سے ایک طرح کی صحت ہے۔

١٠ ـ صومُ الجَسَدِ الإمساكُ عَن الأَغذِيَةِ بِإرادةٍ واختيارٍ خَوفاً مِنَ العِقابِ ورَغبةً في الثوابِ والأجر.

(۱۰) جسم کا روزہ غذاؤں سے باارادہ واختیار عقاب کے ڈر اور ثواب کی رغبت میں اپنے آپ کو دور رکھنا ہے۔

١١ ـ صومُ النَفسِ إمساكُ الحَمسِ عَن سائرِ المآثِمِ و خُلُوُّ القَلبِ مِن جَميعِ أَسبابِ الشَّرّ.

(۱۱) نفس کا روزہ حواس خمسہ کا تمام گناہوں سے دور رہنا ہے اور تمام اسباب شر سے دل کا خالی ہونا ہے۔

١٢ ـ صومُ القَلبِ خيرٌ مِن صيامِ اللِّسانِ و صَومُ اللِّسانِ خيرٌ مِن صِيامِ البَطن.

(۱۲) دل کا روزہ زبان کے روزے سے اور زبان کا روزہ پیٹ کے روزے سے بہتر ہے۔

١٣ ـ صيامُ القَلبِ عَن الفِكرِ في الآثامِ أَفضَلُ مِن صِيامِ البَطنِ عن الطَعام.

(۱۳) دل کا گناہوں کے بارے میں سوچنے سے روزہ رکھنا، کھانے سے پیٹ کے روزے سے بہتر ہے۔

١٤ ـ صَومُ النفسِ عن لَذّاتِ الدُّنيا أَنفَعُ الصِيام.

(۱۴) نفس کا لذات دنیا سے روزہ سب سے زیادہ فائدہ مند روزہ ہے

[ ۱۳۳ ]

# الضَّحْك = ہنسی

١ ـ إنّ الزاهِدينَ في الدّنيا تَبكي قُلوبُهُم و إن ضَحِكُوا و يَشتَدُّ حُزنُهُم و إن فَرِحُوا.

(۱) بے شک زاہدوں کے دل دنیا میں روتے ہیں بھلے ہی وہ (ظاہرا) ہنس رہے ہوں اور ان کا غم شدید ہوتا ہے بھلے ہی وہ (ظاہرا) خوش ہوں۔

٢ ـ [ المُتقي ] إن صَمَتَ لم يَغُمَّهُ صَـمتُهُ و إن ضَحِكَ لم يَعلُ صَوتُه.

(۲) متقی اگر خاموش رہتا ہے تو اس کی خاموشی اسے رنجیدہ نہیں کرتی اور اگر وہ ہنستا ہے تو اس کی آواز بلند نہیں ہوتی۔

٣ ـ [ يا بُنيَّ ] إيّاك أن تَذكُرَ مِنَ الكَـلامِ مـا يكونُ مُضحِكاً و إن حَكيتَ ذلك عَن غَيرِك.

(۳) اے میرے بیٹے ! لوگوں کو کوئی مضحک بات بتانے سے بچو بھلے ہی تم وہ بات دوسرے سے نقل کی ہو۔

٤ ـ إذا ضَحِكَ العالِمُ ضَحكَةً مَجَّ مِـنَ العِـلمِ مَجّـةً.

(۴) جیسے ہی عالم ایک دفعہ ہنستا ہے اس کے علم میں سے ایک حصہ کم کرلیا جاتا ہے۔

٥ ـ لا تُعَوِّدْ نَفسَكَ الضِـحكَ، فـإنّه يَـذهَبُ بالبَهاءِ، ويُجَرِّئُ الخُصُومَ عَلَى الاعتِداء.

(۵) اپنے آپ کو ہنسنے کا عادی نہ بناؤ کیونکہ یہ عادت وقعت کو ختم کرکے دشمنوں کو تجاوز و سرکشی پر آمادہ کرتی ہے۔

٦ ـ لا تُكثِرَنَّ الضِحكَ فإنَّ كَثرَتَهُ تُميتُ القَلب.

(۶) بہت زیادہ نہ ہنسو کیونکہ اس کی کثرت دل کو مردہ کردیتی ہے

٧ ـ كَثرَةُ الضِّحْكِ تُوحِشُ الجَليسَ، وتَشِـينُ الرَّئيس.

(۷) حد درجہ ہنسی ہم نشین کو وحشت زدہ اور سردار کو (ہنسنے والے کے حق میں) برا کردیتی ہے۔

٨ ـ كَثرَةُ ضِحكِ الرَّجُلِ يُفسِدُ وَقارَه.

(۸) انسان کی بہت زیادہ ہنسی اس کے وقار کو ختم کردیتی ہے۔

٩ ـ كَفىٰ بالمَرءِ جَهلاً أن يَـضحَكَ مِـن غَـيرِ عَجَبٍ.

(۹) انسان کی جہالت کے لئے یہی کافی ہے کہ وہ بغیر کسی خوشی اور پسندیدگی کے ہنس پڑے۔

١٠ ـ خَيرُ الضِحكِ التَّبَسُّم.

(۱۰) بہترین ہنسی مسکرانا ہے۔

١١ ـ مَن كَثُرَ ضِحكُهُ قَلَّت هَيبَتُه.

(۱۱) جس کی ہنسی زیادہ ہوجاتی ہے اس کی ہیبت کم ہوجاتی ہے۔

١٢ ـ مَن كَثُرَ ضِحكُه اِستَرذَل.

(۱۲) جس کی ہنسی زیادہ ہوجاتی ہے وہ ذلیل ہوجاتا ہے۔

[ ١٣٤ ]

# الضيافة = ضیافت

١ ـ [ دخل على العلاء بن زياد الحارثي و هو من اصحابه يعوده فلما رأى سعة داره قال: ] ما كنت تَصنَعُ بِسعَةِ هذه الدار فى الدنيا و أنتَ إليها فى الآخرة كنتَ أحوَجَ؟ و بلىٰ إن شئتَ بلغتَ بها الآخِرة تَقرِى فيها الضيف و يصِلُ فيها الرَّحِمَ و تُطلِعُ مِنها الحقوقَ مَطالِعَها فإذا أنتَ قد بَلغتَ بها الآخرة.

(۱) [ آپ اپنے ایک صحابی، علاء بن زیاد حارثی کے پاس عیادت کے لئے تشریف لے گئے وہاں جب آپ نے ان کے گھر کی وسعت دیکھی تو فرمایا - ] "تمھیں اس دنیا میں اتنے وسیع گھر کی کیا ضرورت تھی جبکہ تم آخرت میں اس کے زیادہ محتاج رہوگے؟ البتہ اب اگر تم چاہتے ہو کہ اس گھر کے ذریعے اپنی آخرت پالو تو اس میں مہمان نوازی کرو، صلہ رحم کرو اور اس گھر سے حقوق الٰہی کو ادا کرو اس طرح کرنے کے بعد تم اپنے آپ کو اس کے ذریعے آخرت میں پہنچا ہوا پاؤگے ۔"

٢ ـ مَن أتاهُ الله مالاً فَليَصِل به القَرابَة و ليُحسِن مِنه الضيافة.

(۲) اللہ نے جسے دولت عطا کی ہو اسے اس دولت کے ذریعے رشتہ داروں کی مدد اور بہترین مہمان نوازی کرنا چاہیے ۔

٣ ـ بكىٰ ﷺ يوماً فقيل له: ما يُبكيك؟ قال: لم يأتِني ضيفٌ مُنذ سَبعَةَ أيام، أخافُ أن يكون الله قد أهانَني.

(۳) ایک دن آپ رو رہے تھے آپ سے پوچھا گیا کہ آپ کیوں رو رہے ہیں؟ تو آپ نے فرمایا "سات دن سے میرے پاس کوئی مہمان نہیں آیا مجھے خوف ہے کہ خدا کہیں میری اہانت نہ کر دے ۔"

٤ ـ ما مِن مؤمنٍ يُحبُّ الضيفَ إلّا و يقوم مِن قبرهِ و وَجهُهُ كالقمرِ لَيلة البدرِ، فَيَنظُرُ أهلُ الجمع فيقولون: ما هذا إلّا نبيٌّ مُرسل! فيقول مَلك: هذا مؤمنٌ يُحبُّ الضيف و يُكرِمُ الضيف ولا سَبيلَ له إلّا أن يَدخُلَ الجنة.

(۴) جو مومن بھی مہمان کو پسند کرتا ہے وہ اپنی قبر سے اس طرح اٹھے گا کہ اس کا چہرہ چودہویں کے چاند کی طرح (دمکتا) ہوگا لوگ اسے دیکھتے ہی کہیں گے : یہ نبی مرسل کے علاوہ اور کوئی ہو ہی نہیں سکتا! تب ایک فرشتہ کہے گا "یہ وہ مومن ہے جو مہمان کو پسند کرتا تھا اور اس کا احترام کرتا تھا لہٰذا اس کے لئے جنت میں داخل ہونے کے سوائے کوئی دوسری راہ نہیں ہے ۔"

٥ ـ ما مِن مؤمنٍ يَسمَعُ بِهَمسِ الضيف و فَرِحَ بذلك إلّا غَفَرَت له خطاياه، و إن كانت مُطبِقَةً بين السماء و الأرض.

(۵) جو مومن مہمان کی آہٹ اور سر گوشی سن کر خوش ہوتا ہے اس کی خطائیں بخش دی جاتی ہیں بھلے ہی وہ زمین و آسمان کے جتنی ہی کیوں نہ ہوں۔

٦ ـ أكرِم ضَيفَكَ و إن كانَ حقيراً و قُم عن مَجلِسِك لأبيك و مُعَلِّمِكَ و إن كُنتَ أميراً.

(۶) اپنے مہمان کی عزت کرو چاہے وہ حقیر ہی کیوں نہ ہو اور اپنے باپ اور معلم کے لئے اپنی جگہ سے (احتراماً) کھڑے ہو جاؤ بھلے ہی تم سردار ہی کیوں نہ ہو۔

٧ ـ ثلاثٌ لا يُستَحيىٰ مِنهُنَّ: خِدمَةُ الرجُلِ ضَيفَهُ و قيامُهُ عن مَجلِسِهِ لأبيه و مُعَلِّمِهِ و طَلَبُ الحقِّ و إن قَلَّ.

(۷) تین چیزوں میں شرمایا نہیں جاتا: انسان کا اپنے مہمان کی خدمت کرنا، انسان کا اپنے باپ اور معلم کے لئے اپنی جگہ سے اٹھنا اور اپنا حق مانگنا بھلے ہی وہ کم ہی کیوں نہ ہو۔

٨ ـ فِعلُ المَعروفِ و إغاثَةُ المَلهُوفِ و إقراءُ الضُيُوفِ آلَةُ السيادة.

(۸) نیک عمل انجام دینا، مظلوم کی مدد کرنا اور مہمان کی خاطر و مدارات کرنا سرداری کے اسباب ہیں۔

٩ ـ مِن أفضَلِ المكارِمِ تَحَمُّلُ المغَارِمِ و إقراءُ الضُيوف.

(۹) بافضیلت کرامتوں میں نقصانات کا تحمل اور مہمان کی خاطر و مدارات کرنا ہے۔

[۱۳۵]

# الطّاعَة = اطاعت

١ ـ إنّ الله سُبحانَهُ جَعلَ الطّاعَةَ غَنيمَةَ الأكياسِ عِندَ تَفريطِ العَجَزَةِ.

(۱) یقیناً خدائے متعال نے اپنی اطاعت کو عاقلوں کے لئے سرمایہ وغنیمت قرار دیا ہے اس وقت جب کہ (ایمان کے لحاظ سے) کاہل افراد اس میں کمی کر رہے ہوں۔

٢ ـ عَليكم بِطاعَةِ مَن لا تُعذَرُونَ بِجَهالَتِه.

(۲) تمہارے اوپر اس کی اطاعت لازم ہے جس سے نادانستگی اور جہالت کا تمہارے پاس کوئی بہانہ نہ ہو۔

٣ ـ وقال عليه السلام لعَبد الله بن العبّاس، وقد أشار عَليه في شيءٍ لم يُوافِقْ رَأيَه: لكَ أن تُشيرَ عَليَّ وأرىٰ، فإن عَصَيتُكَ فَأَطِعني.

(۳) آپ نے عبداللہ ابن عباس سے اس وقت فرمایا جب انھوں نے آپ کو آپ کی رائے کے خلاف مشورہ دیا تھا" تمھیں یہ حق حاصل ہے کہ مجھے مشورہ دو اور میرے لئے لازم ہے کہ اس پر غور کروں لہذا اگر میں نے تمہاری (رائے کی) نافرمانی کی تو تم میری اطاعت کرو۔"

٤ ـ إنّ أعظَمَ الحَسَراتِ يَومَ القيامَة حَسرَةُ رَجُلٍ كَسَبَ مالاً في غَيرِ طاعَةِ الله، فَوَرِثَهُ رَجُلٌ فأنفَقَهُ في طاعَةِ اللهِ سُبحانَه، فدَخَلَ بِه الجَنّةَ، ودخَلَ الأوّلُ بِه النّار.

(۴) یقیناً روز قیامت سب سے شدید حسرت و افسوس اس شخص کو ہو گا جس نے اطاعت خدا سے دور ہو کر دولت کمائی اور وہ ایک ایسے آدمی کو وراثت میں حاصل ہو گئی جس نے اس دولت کو راہ خدا میں صرف کیا اور اس کی وجہ سے داخل بہشت ہو گیا اور پہلا شخص اسی دولت کے سبب داخل جہنم ہو گیا۔

٥ ـ [قالَ عليه السلام لإبنه الحَسن:] لا تُخَلّفَنَّ وراءَك شيئاً مِن الدُّنيا، فإنَّكَ تُخَلِّفُهُ لأحَدِ رَجُلَين: إمّا رجُلٌ عَمِلَ فيه بطاعَةِ اللهِ فَسَعِدَ بما شَقِيتَ به، وإمّا رَجُلٌ عَمِلَ فيه بمَعصِيَةِ الله فَشَقِيَ بما جَمَعتَ له، فكُنتَ عَوناً له عَلىٰ مَعصِيتَهِ،

(۵) آپ نے اپنے بیٹے امام حسن علیہ السلام سے فرمایا" اپنے بعد کے لئے دنیا کی کوئی چیز نہ چھوڑو کیونکہ تم جو کچھ بھی چھوڑو گے وہ دو طرح کے آدمیوں میں سے کسی ایک کے لئے چھوڑو گے: ایسے آدمی کے لئے جس نے تمہاری چھوڑی ہوئی چیزوں کے ذریعے اطاعت خدا انجام دی اور اس چیز کے وجہ سے خوش بخت و

وليس أحَدُ هٰذَين حَقيقاً أَن تُؤثِرَهُ عَلىٰ نَفسِك.

کامیاب ہو گیا جس کی وجہ سے تم بد بخت ہوئے تھے اور یا تو ایسے آدمی کے لئے جس نے تمہاری چھوڑی ہوئی چیز کو معصیت خدا میں صرف کیا اور تمہاری جمع کی ہوئی چیز سے بد بخت ہو گیا اس طرح تم نے اس کی معصیت خدا میں، مدد کی اور ان دونوں میں کوئی اس لائق نہیں ہے کہ تم اسے اپنے آپ پر ترجیح دو۔

٦ ـ إحذَر أن يَراكَ اللهُ عند مَعصِيَتِه، ويَفقِدَكَ عِندَ طاعَتِه، فَتكُونَ مِنَ الخاسِرين، وإذا قَوِيتَ فَاقوَ عَلى طاعَةِ اللهِ، وإذا ضَعُفتَ فَاضعُف عن مَعصِيَةِ الله.

(۶) ڈرو کہ خدا تمھیں اپنی معصیت و نافرمانی کرتے ہوئے تو دیکھے مگر اطاعت گزاری کے وقت تمھیں نہ پائے نتیجتاً تم نقصان اٹھانے والوں میں شامل ہو جاؤ گے اور اگر تم طاقت ور ہو تو اللہ کی اطاعت کے لئے طاقت ور ہو جاؤ اور اگر تم کمزور ہو تو اللہ کی معصیت کے لئے کمزور رہو۔

٧ ـ لا طاعَةَ لِمَخلُوقٍ فِي مَعصِيَةِ الخالِق.

(۷) خالق کی معصیت کے لئے کسی مخلوق کو حق اطاعت حاصل نہیں ہے۔

٨ ـ فَرَضَ اللهُ الإمامَةَ [ الامانَةَ ] نِظاماً لِلأُمَّةِ، والطّاعَةَ تَعظِيماً لِلإمامَة.

(۸) اللہ نے امامت کو امت کے لئے نظام اور اطاعت کو امامت کی تعظیم کے لئے واجب قرار دیا ہے۔

٩ ـ استَتِمُّوا نِعَمَ اللهِ عَلَيكُم بالصَّبرِ عَلىٰ طاعَتِه، والمُجانَبَةِ لِمَعصِيَتِه.

(۹) اپنے اوپر اللہ کی نعمتوں کو اس کی اطاعت پر صبر کرنے اور اس کی معصیت سے اجتناب کر کے تمام کرو۔

١٠ ـ رأسُ الأمرِ مَعرِفَةُ اللهِ تعالى، وعَمودُهُ طاعَةُ اللهِ عزّوجلّ.

(۱۰) تمام امور میں معرفت خدا، سرفہرست ہے جس کا ستون اطاعت ہے۔

١١ ـ مَن تَواضَعَ قَلبُهُ للهِ لم يَسأَم بَدَنُهُ طاعَةَ الله.

(۱۱) جس کا دل اللہ کے لئے متواضع ہو گا اس کا جسم اللہ کی اطاعت میں سستی نہیں کرے گا۔

١٢ ـ مَن سَرَّهُ الغِنى بلا سُلطانٍ، والكَثرَةُ بِلا عَشِيرَةٍ، فليَخرُج مِن ذُلِّ مَعصِيَةِ اللهِ إلى عِزِّ طاعَتِه، فإنّه واجِدٌ ذلِك كلَّه.

(۱۲) جسے بغیر سلطنت کے تونگری اور بغیر خاندان کے کثرت اچھی لگتی ہو اسے چاہیے کہ معصیت خدا کی ذلت سے نکل کر اطاعت خدا کی عزت کی طرف آجائے اس طرح اسے وہ تمام چیزیں مل جائیں گی۔

١٣ ـ إذا شِئتَ أن تُطاعَ فاسأَل ما يُستَطاع.

(۱۳) اگر تم یہ چاہتے ہو کہ تمہارا کہا مانا جائے تو ایسی چیز کا سوال کرو جو حد امکان میں ہو۔

١٤ ـ إنَّ أنصَحَكُم لِـنَفسِه أطـوَعُكُم لِـرَبِّه، وأغَشَّكُم لِنَفسِه أعصاكُم لِرَبِّه.

(۱۴) تم میں سے اپنے آپ کی سب سے زیادہ نصیحت کرنے والا وہ ہے جو تم میں سب سے زیادہ اپنے پروردگار کی اطاعت کرنے والا ہوتا ہے اور تم لوگوں میں سے اپنے آپ کو سب سے زیادہ دھوکا دینے والا ہی اپنے پروردگار کی سب سے زیادہ معصیت کرنے والا ہوتا ہے۔

١٥ ـ مَن يُطِعِ اللهَ يَأمَن، وَمَن يَعصِهِ يَندَم.

(۱۵) جو اللہ کی اطاعت کرے گا وہ امن و امان میں رہے گا اور جو اس کی نافرمانی کرے گا وہ نادم ہو گا۔

١٦ ـ الطّاعَةُ وفِعلُ البِرِّ، هُما المَتجَرُ الرابِح.

(۱۶) اطاعت اور نیکو کاری دونوں ہی فائدہ بخش تجارتیں ہیں۔

١٧ ـ المُؤمِنُ عَلى الطّاعاتِ حَـرِيصٌ، وَعَـنِ المَحارِمِ عَفيفٌ.

(۱۷) مومن اطاعت کی شدید خواہش رکھتا ہے اور محرمات سے بچا رہتا ہے۔

١٨ ـ الطّاعَةُ جُنَّةُ الرَّعِيَةِ والعَدلُ جُنَّةُ الدُّوَل.

(۱۸) اطاعت رعیت کی سپر ہے اور عدل حکومتوں کی۔

١٩ ـ الطّاعَةُ تُطفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ.

(۱۹) اطاعت مالک کے غصہ کو ٹھنڈا کر دیتی ہے۔

٢٠ ـ الطّاعَةُ تُنجي، المَعصِيَةُ تُردِي.

(۲۰) اطاعت نجات دیتی ہے اور معصیت ہلاک کر دیتی ہے۔

٢١ ـ إذا طَلَبتَ العِزَّ، فاطلُبهُ بالطّاعَة.

(۲۱) اگر عزت چاہتے ہو تو اطاعت کے ذریعے چاہو۔

٢٢ ـ آفَةُ الرَّعِيَّةِ مُخالَفَةُ الطّاعَة.

(۲۲) رعایا کی آفت اطاعت کی مخالفت ہے۔

٢٣ ـ أحَقُّ مَن أطَعتَهُ مَن أمَرَكَ بالتُّقى، وَنَهاكَ عَنِ الهَوى.

(۲۳) وہ شخص جو سب سے زیادہ اس بات کا حقدار ہے کہ تم اس کی اطاعت کرو، تمھیں تقوے کا حکم دینے والا اور خواہشات کی پیروی سے تمھیں منع کرنے والا ہے۔

٢٤ ـ أحَبُّ العِبادِ إلى اللهِ أطوَعُهُم لَه.

(۲۴) بندوں میں سب سے زیادہ اطاعت کرنے والا بندہ اللہ کو سب سے زیادہ پسند ہے۔

٢٥ ـ أجـدَرُ النّـاسِ بِـرَحمَةِ اللهِ أقـوَمُهُم بِالطّاعَة.

(۲۵) لوگوں میں رحمت خدا کے لئے سب سے زیادہ شائستہ شخص وہ ہے جو اطاعت خدا میں سب سے زیادہ مستحکم ہو۔

۲٦ ـ أَكرِم نَفسَكَ ما أَعانَتكَ عَلى طاعَةِ اللهِ.

(۲۶) اپنے نفس کی اس وقت تک عزت کرو جب تک وہ اطاعت خدا کے لئے تمہاری مدد کرے۔

۲۷ ـ بِالطّاعَةِ يَكُونُ الفَوز.

(۲۷) اطاعت کے ذریعے کامیابی ملتی ہے۔

۲۸ ـ ثَمَرَةُ الطّاعَةِ الجَنَّة.

(۲۸) اطاعت کا ثمرہ جنت ہے۔

۲۹ ـ ثَوابُ اللهِ لأَهلِ طاعَتِهِ وعِقابُهُ لأَهلِ مَعْصِيَتِه.

(۲۹) اللہ کا ثواب اطاعت گزاروں اور عتاب نافرمانوں کے لئے ہے

۳۰ ـ جِوارُ اللهِ مَبذولٌ لِمَن أَطاعَهُ، وتَجَنَّبَ مُخالَفَتَه.

(۳۰) اللہ کی ہمسائیگی اطاعت کرنے والوں اور معصیت سے اجتناب کرنے والوں کے لئے ہے۔

۳۱ ـ طُوبىٰ لِعَينٍ هَجَرَت في طاعَةِ اللهِ غُمْضَها.

(۳۱) خوش بختی ہے اس آنکھ کے لئے جس نے اللہ کی اطاعت کے لئے بند ہونا چھوڑ دیا ہو۔

۳۲ ـ طاعَةُ اللهِ سُبحانَه أَعلىٰ عِمادٍ، وأَقوىٰ عَتادٍ.

(۳۲) خدائے تعالی کی اطاعت بلند ترین ستون اور قوی ترین معاون ہے۔

۳۳ ـ طاعَةُ اللهِ سُبحانَه مِفتاحُ سِدادٍ، و اصلاحُ مَعادٍ.

(۳۳) اطاعت خدا (گناہوں سے) روک تھام کی کلید اور معاد کی اصلاح ہے۔

۳٤ ـ فَضائِلُ الطّاعاتِ تُنيلُ رَفيعَ المَقامات.

(۳۴) اطاعت کی فضیلتیں اعلی درجات دلا دیتی ہیں۔

۳٥ ـ لا تَعتَذِر مِن أَمرٍ أَطَعتَ اللهَ سُبحانَه فِيه، فَكَفىٰ بذلك مَنقَبَةً.

(۳۵) اس کام کے لئے عذر خواہی نہ کرو جس میں تم اطاعت خدا بجا لائے ہو منقبت و تعریف کے لئے یہی کافی ہے (کہ تم نے یہ کام اللہ کے لئے انجام دیا)۔

۳٦ ـ مَن كَثُرَت طاعَتُهُ كَثُرَت كَرامَتُه.

(۳۶) جس کی اطاعت گزاری بڑھ جاتی ہے اس کی کرامت میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔

۳۷ ـ مَن بادَرَ إلى مَراضِي اللهِ سُبحانَه، وتَأَخَّرَ عن مَعاصِيه، فقد أَكمَلَ الطاعَة.

(۳۷) جس نے اللہ کی اطاعت میں مبادرت اور اس کی نافرمانی میں تاخیر کی اس نے اطاعت مکمل کر دی۔

۳۸ ـ مَن أَطاعَ اللهَ سُبحانَه لم يَضُرَّهُ مَن أَسخَطَ مِنَ النّاس.

(۳۸) جو اللہ کی اطاعت کرتا ہے اسے لوگوں میں دشمنی کرنے والا کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

۳۹ـمَن اتَّخَذَ طاعَةَ اللهِ بِضاعَةً، أَتَتهُ الأَرباحُ مِن غَيرِ تِجارَةٍ.

(۳۹) جو اطاعت خداوندی کو اپنا سرمایہ قرار دیتا ہے اسے بغیر کسی تجارت کے نفع حاصل ہوتا رہتا ہے۔

٤٠ ـ مَن صَبَرَ عَلىٰ طاعَةِ اللهِ عَوَّضَهُ اللهُ سُبحانَه خَيراً مِمّا صَبَرَ عَلَيه.

(۴۰) جو اطاعت خدا کے معاملے میں صبر سے کام لیتا ہے تو اس نے جن چیزوں سے صبر کیا تھا اللہ اسے ان کے بدلے ان سے بہتر عطا کر دیتا ہے۔

٤١ ـ نِعمَ الطّاعَةُ الاِنقِيادُ والخُضُوع.

(۴۱) بہترین اطاعت پیروی اور خضوع ہے۔

٤٢ ـ نالَ الفَوزَ مَن وُفِّقَ لِلطّاعَة.

(۴۲) کامیابی تک پہنچ گیا وہ شخص جسے توفیق اطاعت حاصل ہو گئی۔

٤٣ ـ يَنبَغي لِلمُؤمِنِ أن يَلزَمَ الطّاعَةَ، ويَلتَحِفَ الوَرَعَ والقَناعَة.

(۴۳) مومن کے لئے لازم ہے کہ پابند اطاعت رہے اور تقوی و قناعت کو اپنا معمول بنائے۔

[ ١٣٦ ]

# الطب و الطبيب = طب اور طبیب

١ ـ [ رسول الله ﷺ ] طَبيبٌ دَوّارٌ بِطبِّه قد أحكَمَ مَراهِمَهُ و أحمىٰ مواسِمَهُ يَضَعُ ذلك حيثُ الحاجةُ إليه.

(۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ایسے طبیب ہیں جو اپنے طب کے ساتھ ادھر ادھر کا دورہ کرتا ہو اور آپ کے مرہم بہترین ہوتے تھے، وہ اپنے آلات طب کو ہمیشہ تیار رکھتے تھے اور ضرورت کے وقت انھیں استعمال کرتے تھے۔

٢ ـ أُريدُ أن أُداوي بِكُم و أنتم دائِي كـناقِشِ الشوكةِ بِالشوكة و هو يَعلمُ أنّ ضَلعَها معها، اللّهم قد مَلَّت أطباءُ هذا الداءِ الدَّوِيِّ و كَلَّتِ النزعَةُ بأشطانِ الركيِّ.

(۲) (بڑے تعجب کی بات ہے) میں تو چاہتا ہوں کہ تمھارے ذریعہ لوگوں کا علاج کروں مگر تم لوگ تو خود میری بیماری ہو (میری حالت) بالکل اس شخص کی طرح (ہے) جو کانٹے کو کانٹے کے ذریعہ نکالتا ہے جبکہ اسے معلوم ہوتا ہے کہ کانٹے کی نوک (اور کجی) اس کے ساتھ ہے (یعنی ممکن ہے وہ بھی دھنس جائے) پالنے والے! اس لاعلاج اور پر درد مرض کے اطباء تھک گئے اور ان مردوں کے بازوں جو آب ہمت کو ان لوگوں کے وجود سے نکالتے تھے کمزور ہو چکے ہیں۔

٣ ـ قالَ عليه السلام لِلحسن ابـنه عليه السلام : يـا بُـنَيَّ ألاٰ أُعلِّمُكَ اربع خصال تَستغني بِهـا عـن الطب، فقال: بلىٰ يا أميرالمؤمنين، قال: لا تَجلِس على الطعامِ إلّا و أنتَ جائعٌ ولا تَقُم عَنِ الطعامِ إلّا و أنتَ تَشـتَهيهِ، و جَـوِّدِ المَـضغَ، و إذا نُمتَ فأعرِض نَفسَكَ على الخلاءِ فإذا استعملتَ هذا استَغنَيتَ عن الطبّ.

(۳) آپ نے اپنے بیٹے امام حسن علیہ السلام سے فرمایا "اے میرے بیٹے میں تمھیں چار ایسی خصلتیں بتاتا ہو جن کے ذریعے تم طب سے مستغنی ہو جاؤ گے" امام نے فرمایا "بالکل اے امیر المومنین" حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا۔" کھانے کے لئے اس وقت تک نہ بیٹھو جب تک تم بھوکے نہ ہو اور کھانے سے تھوڑی اشتہا ہونے کے باوجود ہاتھ روک لو، غذا اچھی طرح چبا کر کھاؤ اور سونے سے پہلے رفع حاجت کر لو اگر تم نے ان کا خیال رکھا تو علم طب سے مستغنی ہو جاؤ گے۔"

٤ ـ يَنبغي لِلعاقِل أن يُخاطِبَ الجاهِلَ مُخاطَبَةَ الطبيبِ المريض.

(۴) عاقل کے لئے لازم ہے کہ وہ جاہل سے اس طرح مخاطب ہو جیسے طبیب مریض کو مخاطب کرتا ہے۔

٥ ـ لا شِفاءَ لِمَن كَتَمَ طَبيبَهُ دائَه.

(۵) اس کی شفا نہیں ہو گی جو اپنی بیماری اپنے طبیب سے چھپاتا ہے۔

٦ ـ مَن كَتَمَ الأطباءَ مَرضُ خانَ بَدَنَه.

(۶) جو اطباء سے اپنا مرض چھپاتا ہے وہ اپنے بدن کے ساتھ خیانت کرتا ہے۔

٧ ـ مَن كتمَ مَكنُونَ دائِهِ عَجزَ طَبيبُهُ عَن شِفائِه.

(۷) جو اپنے پوشیدہ مرض کو چھپاتا ہے اس کا طبیب بھی اس کے علاج سے عاجز ہو جاتا ہے۔

٨ ـ مَن لَم يتَدارَك نَفسَهُ بِاصلاحِها أعضَلَ دوائُهُ و أعيىٰ شِفائُهُ و عَدِمَ الطبيب.

(۸) جو نفس کا تدارک اس کی اصلاح کے ذریعہ نہیں کرتا اس کا علاج مشکل شفا غیر ممکن اور طبیب ناپید ہو جاتے ہیں۔

٩ ـ المُجَرَّبُ أحكَمُ مِنَ الطبيب.

(۹) تجربہ کار (شخص) طبیب سے زیادہ مستحکم ہوتا ہے۔

## [۱۷۸]
# الكِبْرُ = تکبر

١ ـ الحِرصُ والكِبرُ والحَسَدُ دَواعٍ إلى التَقَحُّمِ في الذُّنُوب.

(۱) حرص و تکبر اور حسد گناہوں میں ڈوب جانے کا باعث بن جاتے ہیں۔

٢ ـ ضَعْ فَخرَك واْحطُطْ كِبرَكَ، واذكُر قَبرَك.

(۲) اپنے فخر کو گرادو، تکبر کو تباہ کر ڈالو اور اپنی قبر کو یاد کرو۔

٣ ـ عَجِبتُ للمُتَكَبِّرِ الذي كان بالأمسِ نُطفَةً، ويكونُ غَداً جِيفَةً.

(۳) مجھے اس متکبر پر تعجب ہوتا ہے جو کل نطفہ تھا اور کل پھر مردار ہو جائے گا۔

٤ ـ عُجبُ المَرءِ بنَفسِهِ أحَدُ حُسّادِ عَقْله.

(۴) انسان کا خود اپنے آپ کو بڑا سمجھنا اس کی عقل کے حاسدوں میں سے ایک ہے۔

٥ ـ إنّ أوحَشَ الوَحشَةِ العُجب.

(۵) یقیناً متوحش ترین وحشت تکبر ہے۔

٦ ـ الإعجابُ يَمنَعُ الازدِياد.

(۶) خود پسندی (دولت میں) اضافہ کو روک دیتی ہے۔

٧ ـ لا وَحْدَةَ أوحَشُ مِنَ العُجب.

(۷) خود پسندی سے زیادہ کوئی تنہائی، وحشت زدہ کرنے والی نہیں ہے۔

٨ ـ إعلَم أنّ الإعجابَ ضِدُّ الصَّواب وآفَةُ الألباب.

(۸) جان لو کہ خود بینی درستگی کی ضد اور عقلوں کی آفت ہے۔

٩ ـ إستَعِيذُوا باللهِ مِن لَواقِحِ الكِبرِ، كَما تَستَعِيذونَهُ مِن طَوارِقِ الدَّهرِ، فلو رَخَّصَ اللهُ في الكبرِ لأحدٍ مِن عِبادِهِ لَرَخَّصَ فيه لخاصَّةِ انبيائِه و أوليائِه ولكنّه سبحانه كَرَّهَ إليهم التكابُرَ و رَضِيَ لهم التواضُع.

(۹) اللہ کے حضور تکبر کے اثرات سے پناہ مانگو جس طرح تم اس سے زمانے کی سختیوں سے پناہ مانگتے ہو اگر اللہ اپنے بندوں میں سے کسی کو تکبر کی اجازت دیتا بھی تو اپنے خاص بندوں اور انبیاء کو ضرور دیتا لیکن خدا نے ان سب کے لئے تکبر کو ناپسند کیا اور ان کے لئے تواضع کو پسند کیا۔

١٠ ـ مَن تَكَبَّرَ عَلىٰ النّاسِ ذَلَّ.

(۱۰) جو لوگوں سے تکبر کرتا ہے وہ ذلیل ہو جاتا ہے۔

١١ ـ لا ثَناءَ مَعَ كِبرٍ.

(۱۱) تکبر کے ساتھ کوئی تعریف نہیں۔

١٣ ـ إذا طَلَبْتَ الغِنىٰ فَاطلُبهُ بِالقَناعَة.
(۱۳) جب تم تونگری چاہو تو قناعت کے ذریعے اسے طلب کرو۔

١٤ ـ عِزُّ القُنوعِ خَيرٌ مِن ذُلِّ الخُضوع.
(۱۴) قناعت کی عزت انکساری کی ذلت سے اچھی ہے۔

١٥ ـ كُلُّ مُؤَنِ الدنيا خَفيفَةٌ على القانِعِ وَالضَّعيف.
(۱۵) دنیا کا ہر خرچ (اور سختی) قانع اور کمزور کے لئے سبک ہے۔

١٦ ـ لَن تُوجَدَ القَناعَةُ حتّىٰ يُفقَدَ الحِرص.
(۱۶) قناعت اس وقت تک نہیں مل سکتی جب تک حرص ختم نہ ہو جائے۔

١٧ ـ مِن عِزِّ النَّفسِ لُزُومُ القَناعَة.
(۱۷) عزت نفس میں قناعت کی پابندی ہے۔

١٨ ـ مِن أكرمِ الخُلُقِ التَّحلّي بِالقَناعَة.
(۱۸) بہترین اخلاقوں میں سے قناعت سے آراستگی ہے۔

١٩ ـ مَن كَثُرَ قُنُوعُهُ قَلَّ خُضوعُه.
(۱۹) جس کی قناعت زیادہ ہو جاتی ہے اس کا (لوگوں کے مقابل) خضوع کم ہو جاتا ہے۔

٢٠ ـ مَن قَنَعَت نَفسُهُ أَعانَتهُ عَلى النَّزاهَةِ والعفاف.
(۲۰) جو نفس قانع ہو جاتا ہے وہ انسان کی پاکیزگی و عفت پر مدد کرتا ہے۔

٢١ ـ مَن قَنَعَ بِقِسَمِ اللهِ استَغنىٰ عَنِ الخَلق.
(۲۱) جو اللہ کی تقسیم رزق سے راضی ہو جاتا ہے وہ مخلوقات سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔

٢٢ ـ مَن كانَ بِيَسيرِ الدُّنيا لم يَقنَع لَم يُغنِهِ مِن كَثيرِها ما يَجمَع.
(۲۲) جو دنیا کے تھوڑے حصے سے قانع نہیں ہوتا وہ اس دنیا میں جمع کئے ہوئے بڑے حصہ سے بھی مالدار نہیں بن سکتا۔

٢٣ ـ مَن عَدِمَ القَناعَةَ لَم يُغنِهِ المال.
(۲۳) جس کے پاس قناعت نہیں ہوتی سے دولت بے نیاز نہیں کر سکتی۔

٢٤ ـ نالَ العِزَّ مَن لَزِمَ القَناعَة.
(۲۴) عزت دار ہو گیا وہ شخص جو پابند قناعت ہوا۔

## [ ١٧٧ ]
# القَناعَة = قناعت

١ ـ لا كَنْزَ أَغنىٰ مِنَ القَناعَةِ، وَلاَ مالَ أَذهَبُ لِلفاقَةِ مِنَ الرِضىٰ بِالقُوتِ، وَمَنِ اقتَصرَ علىٰ بُلغَةِ الكَفافِ فَقَد انتَظَمَ الرّاحَةَ، وَتَبوَّأَ خَفضَ الدَّعَة.

(۱) قناعت سے زیادہ بے نیاز کرنے والا کوئی اور خزانہ نہیں اور فاقہ کو دور کرنے والا کوئی مال خوارک سے راضی رہنے سے بڑھکر نہیں ۔ اور جو ضرورت بھر مقدار پر اکتفا کر لیتا ہے وہ اپنی راحتوں کو منظم کرکے آرام و آسائش میں رہتا ہے ۔

٢ ـ القَناعَةُ مالٌ لا يَنفَد.

(۲) قناعت کبھی نہ ختم ہونے والی دولت ہے ۔

٣ ـ كُلُّ مُقتَصَرٍ عَلَيهِ كافٍ.

(۳) ہر وہ چیز جس پر اقتصار (واکتفا) کیا جائے (اقتصار کرنے والے کے لئے) کافی ہے ۔

٤ ـ نِعمَ حَظُّ المؤمنِ القُنوع.

(۴) قانع مومن خوش قسمت ہے ۔

٥ ـ الصَّبرُ مَطيّةٌ لا تَكبُو، والقَناعةُ سَيفٌ لا يَنبُو.

(۵) صبر ایسی سواری ہے جو گرتی نہیں اور قناعت ایسی تلوار ہے جس کی دھار کبھی کند نہیں ہوتی ۔

٦ ـ اِنتَقِم مِنَ الحِرصِ بِالقناعَةِ، كَما تَنتَقِمُ مِنَ العَدُوِّ بالقِصاص.

(۶) لالچ سے قناعت کے ذریعے انتقام لو جس طرح تم دشمن سے قصاص کے ذریعے انتقام لیتے ہو ۔

٧ ـ الحُرُّ عَبدٌ ما طَمِعَ، وَالعَبدُ حُرٌّ ما قَنَع.

(۷) آزاد جس کی لالچ کرے اس کا غلام ہوتا ہے اور غلام جس چیز سے قناعت کرے اس میں آزاد ہوتا ہے ۔

٨ ـ ثَمَرةُ القَناعَةِ الرّاحَة.

(۸) قناعت کا ثمر، راحت ہے ۔

٩ ـ خَرَجَ العِزُّ وَالغِنىٰ يَجُولانِ، فَلَقِيا القَناعَةَ فَاستَقَرّا.

(۹) عزت وتونگری گھومنے کے لئے نکلی تو ان کی ملاقات قناعت سے ہو گئی یہ دونوں اسے دیکھ کر رک گئیں ۔

١٠ ـ آفَةُ الوَرَعِ قِلّةُ القَناعَة.

(۱۰) تقوے کی آفت قناعت کی کمی ہے ۔

١١ ـ أَهنأُ الأَقسامِ القَناعَةُ وصِحَّةُ الأَجسام.

(۱۱) بہترین اور بابرکت قسمت، قناعت اور صحت جسم ہے ۔

١٢ ـ القَناعَةُ عَلامَةُ الأَتقياء.

(۱۲) قناعت متقیوں کی علامت ہے ۔

۲۰ ـ الحِكمَةُ شَجَرَةٌ تَنْبُتُ فِي القَلبِ، وَتُثمِرُ عَلَى اللِسان.

(۲۰) حکمت ایسا پودا ہے جو دل میں اگتا ہے اور زبان پر پھل دیتا ہے۔

۲۱ ـ اِجمَعُوا هذِهِ القُلُوبَ، وَاطلُبُوا لَها طُرَفَ الحِكمَةِ، فإنّها تَمَلُّ كما تَمَلُّ الأبدان.

(۲۱) ان دلوں کو اکٹھا کرو اور حکمت کے لطائف ان کے لئے مانگو کیونکہ یہ بھی جسموں کی طرح بوسیدہ ہو جاتے ہیں۔

۲۲ ـ أصلُ صَلاحِ القَلبِ اشتغالُهُ بِذِكرِ الله.

(۲۲) دل کی اصلاح کی اصل (یعنی جڑ) اس کا ذکر خدا میں مشغول ہونا ہے۔

۲۳ ـ أَفضَلُ القُلُوبِ قَلبٌ حُشِيَ بِالفَهم.

(۲۳) سب سے زیادہ بافضلیت وہ دل ہے جو فہم و فراست سے پر ہو

۲٤ ـ أَبعَدُ البُعدِ تَنانِي القُلُوب.

(۲۴) بعید ترین دوری، دلوں کا ایک دوسرے سے دور ہونا ہے۔

۲٥ ـ المَرءُ بأصغَرَيهِ، بِقَلبِهِ وَلِسانِهِ، إن قاتَلَ قاتَلَ بِجَنَانٍ، و إن نَطَقَ نَطَقَ بِبَيانٍ.

(۲۵) آدمی اپنے (وجود کی) دو چھوٹی چیزوں سے ہے اپنے دل سے اور اپنی زبان سے اگر جنگ کرتا ہے تو اپنے دل (کی قوت) سے اور اگر بولتا ہے تو اپنی زبان (کی قدرت بیان) سے۔

۲٦ ـ اِنتباهُ العُيُونِ لا يَنفَعُ مَعَ غَفلَةِ القُلُوب.

(۲۶) آنکھوں کی بیداری دل کی غفلت کے ساتھ چنداں مفید نہیں

۲۷ ـ القَلبُ خازِنُ اللِسان.

(۲۷) دل، زبان کا خزانچی ہے۔

۲۸ ـ طُوبىٰ لِلمُنكَسِرَةِ قُلُوبِهِم مِن أَجلِ الله.

(۲۸) اپنے دل کو اللہ لئے توڑ دینے والوں کے لئے خوش خبری ہے

۲۹ ـ حُزنُ القُلُوبِ يُمَحِّصُ الذُنوب.

(۲۹) دل کا غم گناہوں کو ختم کر دیتا ہے۔

۳۰ ـ لاٰ خَيرَ فِي قَلبٍ لا يَخشَعُ، وَعَينٍ لاٰ تَدمَعُ، وَعِلمٍ لاٰ يَنفَع.

(۳۰) اس دل میں کوئی بھلائی نہیں جو خشوع سے خالی ہو اور اس آنکھ سے کوئی فائدہ نہیں جو آنسو نہ بہاتی ہو اور اس علم میں بھی کوئی بھلائی نہیں جو فائدہ نہ پہنچاتا ہو۔

۳۱ ـ لاٰ يَصدُرُ عَنِ القَلبِ السَليمِ إلّا المعنىَ المُستَقيم.

(۳۱) صحیح دل سے صرف صحیح باتیں نکل سکتی ہیں۔

۳۲ ـ قُلُوبُ العِبادِ الطاهِرةِ مَواضِعُ نَظَرِ اللهِ سُبحانَهُ، فَمَن طَهَّرَ قَلبَهُ نَظَرَ اللهُ إليه.

(۳۲) بندوں کے پاکیزہ قلوب اللہ کی نظر (عنایت) کی جگہ ہوتے ہیں لہذا جس نے اپنے دل کو پاکیزہ کر لیا اللہ اس پر نظر (کرم) کرتا ہے۔

۳۳ ـ قُلُوبُ الرِّجالِ وَحشِيَّةٌ، فَمَن تَألَّفَها أَقبَلَتْ إليه.

(۳۳) (جواں) مردوں کے دل وحشی (جنگلی) ہوتے ہیں، جس نے انھیں رام کر لیا وہ اسی کے پاس آجاتے ہیں۔

٩ ـ أَربَعٌ يُمِتنَ القَلبَ: الذَنبُ عَلىَ الذَنبِ، وَمُلاحاةُ الأَحمَقِ، وَكَثرةُ مُشافَنَةِ النِساءِ، وَالجلُوسُ مَعَ المَوتىٰ. قيل: وما الموتىٰ يا أميرَالمؤمِنِينَ؟ قال ﷺ: كلُّ عَبدٍ مُترَفٍ.

(۹) چار چیزیں دلوں کو مردہ کر دیتی ہیں: گناہ پر گناہ، احمق سے تنازعہ، عورتوں کے پاس زیادہ اٹھنا بیٹھنا اور مردوں کے ساتھ بیٹھنا آپ سے پوچھا گیا "یہ کون سے مردے ہیں اے امیر المؤمنین؟" تو آپ نے فرمایا "نعمتوں میں مست رہنے والا ہر بندہ۔"

١٠ ـ القَلبُ مُصحَفُ البَصَرِ.

(۱۰) دل آنکھ کی کتاب ہے۔

١١ ـ إزالَـةُ الرَواسِي أَيسَرُ مِن تَألِيفِ القُلُوبِ.

(۱۱) پہاڑوں کو تباہ کر دینا، دلوں کو مائل کر لینے سے زیادہ آسان ہے۔

١٢ ـ العُقولُ أئِمَّةُ الأفكارِ أَئِمَّةُ القُلُوبِ، وَ القُلُوبُ أَئِمَّةُ الحَواسِ و الحواس ائمةُ الأعضاء.

(۱۲) عقلیں افکار و قلوب کی امام ہوتی ہیں اور قلوب، حواس کے اور حواس اعضاء کے امام ہوتے ہیں۔

١٣ ـ أَشَدُّ الناسِ بَلاءً وأعظَمُهُم عُناءً مَن بُلِيَ بِلِسانٍ مُطلَقٍ، و قَلبٍ مُطبَقٍ، فَهو لا يَحمِدُ إن سَكَتَ، وَلا يَحسُنُ إن نَطَقَ.

(۱۳) سب سے زیادہ شدید بلا اور بڑی پریشانی اس شخص کو لاحق ہوتی ہے جو آزاد زبان اور بند کئے ہوئے دل کے ذریعے بلاؤں میں مبتلا کیا جاتا ہے کیونکہ وہ اگر خاموش ہو جاتا تو بھی حمد نہیں کرتا اور اگر بولتا ہے تب بھی نیکی انجام نہیں دیتا۔

١٤ ـ مُخُّ الإيمانِ التَقوىٰ وَالوَرَعُ، وَهُما مِن أَفعالِ القَلبِ.

(۱۴) مخ ایمان تقویٰ اور ورع ہے اور یہ دونوں دلوں کے افعال میں سے ہیں۔

١٥ ـ لِقاءُ أَهلِ الخَيرِ عِمارةُ القُلوبِ.

(۱۵) نیک لوگوں سے ملاقات دلوں کو تعمیر کرتی ہے۔

١٦ ـ اتَّقُوا مِن تَبغِضَةِ قُلُوبِكُم.

(۱۶) اپنے دلوں کے بغض سے بچو۔

١٧ ـ قُلوبُ الرَعِيَةِ خَزائِنُ راعِيها، فَما أَودَعَها مِن عَدلٍ أو جَورٍ وَجَدَهُ فِيها.

(۱۷) رعایا کا دل اپنے مالک کے لئے خزانے کی طرح ہوتا ہے لہٰذا وہ حاکم اس میں جو بھی ظلم و عدل (وغیرہ) رکھے گا (بعد میں) وہاں وہی پائے گا۔

١٨ ـ ما جَفَّتِ الدُمُوعُ إلّا لِقَسوةِ القُلُوبِ، وَما قَسَتِ القُلُوبُ إلّا لِكَثرةِ الذُنُوبِ.

(۱۸) آنسو صرف قساوت قلب ہی کی وجہ سے خشک ہوتے ہیں اور قساوت قلب کثرت گناہ کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

١٩ ـ إيّاكم وَالمِراءَ وَالخُصومَةَ، فإنّهما يُمرِضانِ القَلبَ، وَيَنبُتُ عليهما النِفاق.

(۱۹) تم لڑائی جھگڑے سے بچے رہو کیونکہ یہ دونوں دل کو بیمار کر دیتے ہیں اور اس کے نتیجے میں نفاق پیدا ہو جاتا ہے۔

الغَيظُ، وَإن أَسعَدَهُ الرِّضىٰ نَسِيَ التَّحَفُّظَ، و إن غالَهُ الخَوفُ شَغَلَهُ الحَذَرُ، وَإن اتَّسَعَ لَهُ الأَمرُ استَلَبَتهُ الغِرّةُ، وَإن أَفادَ مالاً أَطغاهُ الغِنىٰ، وَإن أَصابَتهُ مُصيبَةٌ فَضَحهُ الجَزَعُ، وَإن عَضَّتهُ الفاقَةُ شَغَلَهُ البَلاءُ، وَإن جَهَدَهُ الجُوعُ قَعَدَ بِهِ الضَّعفُ، وَإن أَفرَطَ بِهِ الشِبَعُ كَظَّتهُ البِطنَةُ، فَكُلُّ تَقصيرٍ بِهِ مُضِرٌّ، وَكُلُّ إفراطٍ لَهُ مُفسِدٌ.

ہلاک کر ڈالتا ہے اور اگر اس کے ہاتھ مایوسی آتی ہے تو تاسف اسے مار ڈالتا ہے اور اگر اسے غصہ آجاتا ہے تو بڑا ہی شدید ہوتا ہے اور اگر اسے خوشی و مسرت، کامیابی سے ہمکنار کر دیتی ہے تو وہ تحفظ کو بھلا بیٹھتا ہے اور اگر خوف اسے گھیر لیتا ہے تو احتیاط اسے تمام کاموں سے دور کر دیتی ہے اور اگر اس کے کام میں کشادگی ہوجاتی ہے تو غفلت اس کی افادیت کو ختم کر دیتی ہے اور اگر کہیں سے دولت مل جاتی ہے تو تونگری اسے سر کشی کرنے پر آمادہ کر دیتی ہے اور اگر اس پر کوئی مصیبت پڑتی ہے تو بے چینی و بے قراری اسے ذلیل کر دیتی ہے اور اگر اسے فاقے جکڑ لیتے ہیں تو وہ بلاؤں میں گرفتار ہو جاتا ہے اور اگر بھوک اسے تھکا ڈالتی ہے تو اس میں کمزوری گھر کر لیتی ہے اور اگر حد درجہ سیری اسے نصیب ہو جاتی ہے تو پرخوری اسے تکلیف میں مبتلا کر دیتی ہے لہذا اس کی ہر کوتاہی مضرت رساں اور ہر زیادتی باعث فساد ہے۔

٧ ـ مَن لَهِجَ قَلبُهُ بِحُبِّ الدُّنيا التاطَ قلبُهُ مِنها بِثَلاثٍ: هَمٍّ لا يَغِبُّهُ، وَحِرصٍ لا يَترُكُهُ، وَأَمَلٍ لا يُدرِكُهُ.

(۷) جس کے دل میں دنیا کی محبت موجزن ہو جاتی ہے اس کا دل اس دنیا کی تین چیزوں سے چپک جاتا ہے: کبھی نہ چھوٹنے والا غم، کبھی نہ جانے والی لالچ اور کبھی نہ پوری ہونے والی امیدیں۔

٨ ـ قال لابنه الحسن ؑ : إنّما قلبُ الحَدَثِ كَالأرضِ الخالِيةِ، ما أُلقِيَ فيها مِن شَيءٍ قَبِلَتهُ، فَبادَرتُك بِالأَدَبِ قَبلَ أن يَقسُوَ قَلبك و يَشتَغِلَ لُبُّك.

(۸) اپنے بیٹے امام حسن علیہ السلام سے فرمایا "نوجوان کا دل خالی زمین کی طرح ہوتا ہے کہ جیسے ہی اس میں کوئی چیز ڈالی جاتی ہے وہ اسے قبول کرلیتی ہے لہذا میں نے تمھیں قبل اس کے کہ تمہارا دل سخت ہو جائے اور افکار (خیالات سے) بھر جائیں، ادب سکھانے میں جلدی کی۔"

[۱۷٦]

# القلب = دل

١ ـ أَلا وَإِنَّ مِن صِحَّةِ البدَنِ تَقوَى القَلب.

(۱) آگاہ ہو جاؤ کہ قلب کا تقوی بدن کی صحت میں ہے۔

٢ ـ مَن قَلَّ وَرَعُهُ ماتَ قَلبُهُ، وَمَن ماتَ قلبُهُ دَخَلَ النار.

(۲) جس کا تقوی کم ہو جاتا ہے اس کا دل مردہ ہو جاتا ہے اور جس کا دل مردہ ہو جائے گا وہ جہنم میں داخل ہو گا۔

٣ ـ إنَّ لِلقُلُوبِ إقبالاً وَإدباراً، فـإذا أَقـبَلَتْ فَاحمِلُوها عَلَى النَوافِلِ، وَإذا أَدبَرَتْ فَاقتَصِروا بِها عَلَى الفَرائِضِ.

(۳) دل میں کبھی آمادگی اور کبھی بے توجہی کی سی کیفیت رہتی ہے لہذا جب وہ آمادہ ہو تو نوافل نمازیں بھی پڑھو اور جب وہ عدم رجحان کی کیفیت سے دوچار ہو تو فرائض و واجبات ہی پر اکتفا کرو

٤ ـ إنّ لِلقُلُوبِ شَهوَةً وَإقبالاً وَإدباراً، فَأتُوها مِن قِبَلِ شَهوَتِها وَإقبالِها، فإنّ القَلبَ إذا أُكرِهَ عَمِيَ.

(۴) دلوں کے لئے خواہشات اور اقبال کی کیفیت ہوتی ہے اسی طرح اسے کبھی انکار کی کیفیت بھی لاحق ہو جاتی ہے لہذا دلوں میں ان کی خواہشوں کے مطابق جب وہ "قبولیت" کی کیفیت سے دوچار ہوں تو ان کے اندر داخل ہو کیونکہ اگر دل (کسی بات پر) مجبور کیا جاتا ہے تو وہ اندھا ہو جاتا ہے۔

٥ ـ أَحْيِ قَلبَكَ بِالمَوعِظَةِ، وأَمِـتهُ بـالزَّهادَةِ، وَقَوِّهِ بِاليَقِينِ، وَنَوِّرهُ بِالحِكمَةِ.

(۵) اپنے دل کو موعظے کے ذریعے زندہ رکھو اور زہد کے ذریعے مار ڈالو، یقین کے ذریعے اسے قوت بخشو اور حکمت کے ذریعے اسے منور کرو۔

٦ ـ لَقَد عُلِّقَ بِنِياطِ هذا الإنسانِ بَضعَةٌ وهِيَ أَعجَبُ ما فِيه، وَذلِكَ القَـلبُ، وَذلِك أَنَّ لَـهُ مَوادن مِن الحِكمَةِ، وَأضداداً مِن خِلافِها، فَإن سَنَحَ لَهُ الرَجاءُ أَذَلَّهُ الطَّـمَعُ، وإنْ هـاجَ بِـهِ الطَّمَعُ أَهلَكَهُ الحِرصُ، وإن مَلَكَهُ اليأسُ قَتَلَهُ الأَسَفُ، وَإن عَرَضَ لَهُ الغَـضَبُ اشـتَدَّ بِـهِ

(٦) اس انسان کی رگ سے (خون کا) ایک لوتھڑا معلق کر دیا گیا ہے اور یہ انسانی جسم میں موجود تمام چیزوں سے زیادہ تعجب خیز ہے وہ دل ہے جس میں حکمت کے خزانے موجود ہیں مگر اس کے ساتھ ہی اس کے برخلاف چیزیں بھی اس میں پائی جاتی ہیں اگر اس میں کوئی امید کی کرن چمکتی ہے تو لالچ اسے ذلیل کر ڈالتی ہے اور اگر اس میں لالچ موجزن ہو جاتی ہے تو پھر حرص اسے

١٥ ـ إذا دَعاكَ القُرآنُ إلى خَلَّةٍ جَمِيلةٍ فَخُذْ نَفسَكَ بِأمثالِها.

(۱۵) جب قرآن تمھیں کسی اچھی عادت کی طرف بلائے تو تم خود اپنے آپ ہی اپنے اندر وہ صفت پیدا کرلو۔

١٦ ـ أهلُ القرآنِ أهلُ اللهِ وَخاصَّتُه.

(۱۶) اہل قرآن خدا کے خواص ہیں۔

١٧ ـ جَمالُ القرآنِ البَقَرَةُ وَآلُ عِمران.

(۱۷) قرآن کا جمال سورہ بقرہ اور آل عمران ہے۔

١٨ ـ لِقاحُ الإيمانِ تِلاوَةُ القُرآن.

(۱۸) ایمان کی کونپل تلاوت قرآن ہے۔

١٩ ـ لِيَكُن سَمِيرُكَ القُرآن.

(۱۹) تمہارا شب و روز کا ساتھی قرآن ہونا چاہیے۔

٢٠ ـ لا تَستَشفِيَنَّ بِغيرِ القرآنِ، فَإنّهُ مِن كُلِّ داءٍ شِفاءٌ.

(۲۰) قرآن کے علاوہ اور کہیں سے ہر گز شفاعت طلب نہ کرنا کیونکہ بلاشبہ یہ تمام امراض کی دوا ہے۔

٢١ ـ مَن اتَّخَذَ قولَ القُرآنِ دَليلاً هُدِيَ إلى اللّتي هِيَ أقوَم.

(۲۱) جو قرآن کے قول کو اپنا رہنما بنائے گا وہ ایک سیدھے و پائیدار راستہ کی طرف ہدایت پاجائے گا۔

مُشَفَّعٌ، وَقائِلٌ مُصَدَّقٌ، وَأَنَّهُ مَن شَفَعَ لَهُ القُرآنُ يَومَ القِيامَةِ شُفِّعَ فيهِ، وَمَن مَحَلَ بِهِ القُرآنُ يومَ القِيامَةِ صُدِّقَ عَلَيهِ، فَإنّهُ يُنادي مُنادٍ يَومَ القِيامة: ألا إنّ كلَّ حارِثٍ مُبتَلَىٰ في حَرثِهِ وَعاقِبَةِ عَمَلِهِ، غيرَ حَرَثَةِ القُرآنِ، فَكونُوا مِن حَرَثَتِهِ وَأتباعِهِ، وَاستَدِلّوهُ عَلى رَبِّكُم، واستَنْصِحُوهُ عَلى أَنفُسِكُم، وَاتَّهِموا عَلَيهِ آراءَكُم، وَاستَغِشّوا فيهِ أهواءَكُم.

اور یہ بھی جان لو کہ یہ شفاعت کیا ہوا شفیع اور تصدیق شدہ قائل ہے یہ روز قیامت جس کی شفاعت کردے گا اس کی شفاعت قبول کرلی جائے گی اور اگر اس نے کسی کی شکایت کر دی تو اس کی شکایت کی فوراً تصدیق کر دی جائے گی یقیناً روز قیامت ایک منادی ندا دے گا: آگاہ ہو جاؤ! ہر کھیتی کرنے والا اپنی کھیتی اور اس کے نتائج کے سلسلے میں پریشان رہتا ہے جز قرآن کی کھیتی کرنے والوں کے۔ لہذا اس کی کھیتی کرنے والے اور اسی کی پیروی کرنے والے ہو جاؤ، اپنے پروردگار کے سامنے اسے استدلال کے لئے پیش کرو اور اسی کو اپنے لئے ناصح قرار دو۔ اس کے سلسلے میں اپنے آراء پر نادرستگی کا الزام لگاؤ اور اپنی خواہشات کی فریب کاریوں کو اسی قرآن کے ذریعے پہچانو۔

١١ ـ مَثَلُ المُؤمِنِ الّذي يَقرَأُ القُرآنَ كَمَثَلِ الأُترُجَّةِ، رِيحُها طَيِّبٌ، وَطَعمُها طَيِّبٌ، وَمَثَلُ المُؤمِنِ الّذي لا يَقرَأُ القرآنَ كَمَثَلِ الرَّيحانَةِ، رِيحُها طَيِّبٌ، وطَعمُها مُرٌّ. وَمَثَلُ الفاجِرِ الّذي لا يَقرَأُ القرآنَ مَثَلُ الحَنظَلَةِ، طَعمُها مُرٌّ، وَلا رِيحَ لَها.

(۱۱) قرآن پڑھنے والے مومن کی مثال ترنج (ایک قسم کا میوہ) کی طرح ہے کہ جس کی بو بھی پاکیزہ اور لذت بھی پاکیزہ ہوتی ہے اور اس مومن کی مثال جو قرآن نہیں پڑھتا ریحان (ایک خوشبودار پودے) کی طرح ہے کہ جس کی بو تو اچھی ہوتی ہے مگر ذائقہ کڑوا ہوتا ہے اور قرآن نہ پڑھنے والے فاجر کی مثال اندرائن کی طرح ہوتی ہے کہ جس کا ذائقہ تو کڑوا ہوتا ہی ہے مگر کوئی خوش بو بھی نہیں ہوتی۔

١٢ ـ تَرتيلُ القُرآنِ: حِفظُ الوُقوفِ وبَيانُ الحُروفِ.

(۱۲) قرآن کی ترتیل: وقفوں کی رعایت اور حروف کا اظہار ہے۔

١٣ ـ تَعَلَّموا القُرآنَ فإنّه رَبيعُ القُلُوبِ.

(۱۳) قرآن سیکھو یقیناً یہ دلوں کی دوا ہے۔

١٤ ـ نَزَلَ القُرآنُ أثلاثاً: ثُلثٌ فينا وفي عَدوِّنا، وَثُلثٌ سُنَنٌ وَأمثالٌ، وَثُلثٌ فَرائِضُ وَأحكامٌ.

(۱۴) قرآن ثلث ثلث نازل ہوا ہے۔ ایک تہائی ہمارے اور ہمارے دشمن کے بارے میں اور ایک تہائی سنن و امثال اور ایک تہائی فرائض و احکام کے بارے میں نازل ہوا۔

٨ ـ تعلَّمُوا القُرآنَ فإنّهُ أَحسَنُ الحَديثِ، وتَفَقَّهُوا فيهِ فإنّهُ رَبيعُ القُلوبِ، وَاستَشفُوا بنُورِهِ فَإنّهُ شِفاءُ الصُّدُورِ، وَأحسِنُوا تلاوَتَهُ فإنّهُ أَنفعُ القَصَصِ، وإنَّ العالِمَ العامِلَ بغيرِ عِلمِهِ كالجاهِلِ الحائِرِ الّذي لا يَستَفيقُ مِن جَهلِهِ، بَلِ الحُجَّةُ عَليهِ أَعظَمُ، والحَسرَةُ لَهُ أَلزَمُ، وَهُوَ عِندَ اللهِ أَلْوَمُ.

(٨) قرآن کی تعلیم حاصل کرو بلاشبہ وہ بہترین کلام ہے اور اس میں غور و فکر کرو کیونکہ یہ دلوں کی بہار ہے اور اس کے نور سے شفا طلب کرو کہ بلاشبہ یہ سینوں کی شفا ہے۔ اس کی تلاوت اچھی طرح کرو کہ بلاشبہ یہ مفید قصے ہیں اور یقیناً وہ عالم جو اپنے علم کو چھوڑ کر عمل کرتا ہے اس حیران و پریشان جاہل کی طرح ہے جو اپنی جہالت سے نہیں نکل پا رہا ہو بلکہ اس پر تو حجت اور عظیم ہے اور اس کی حسرت (جاہل سے) کہیں زیادہ ہے اور یہ اللہ کے نزدیک جاہل سے زیادہ قابل مذمت ہے۔

٩ ـ إنّ القرآنَ ظاهِرُهُ أَنيقٌ، وَباطِنُهُ عَميقٌ، لا تَفنى عَجائِبُهُ ولا تَنقَضِي غَرائِبُهُ، ولا تُكشَفُ الظُّلماتُ إلّا بِه.

(٩) بلاشبہ قرآن کا ظاہر دلفریب و زیبا اور باطن عمیق ہے اس کے عجائب کبھی فنا نہیں ہوں گے اور اس کی حیرت انگیز باتیں کبھی تمام نہیں ہوں گی اور اندھیروں کو صرف اسی کے ذریعہ چھانٹا جا سکتا ہے۔

١٠ ـ وَاعلَمُوا أَنَّ هذا القُرآنَ هُوَ النّاصِحُ الّذي لا يَغُشُّ، وَالهادي الذي لا يُضِلُّ، وَالمُحدِّثُ الّذي لا يَكذِبُ، وَما جالَسَ هذا القرآنَ أَحَدٌ إلّا قامَ عَنهُ بِزيادةٍ أو نُقصانٍ، زيادةٍ في هُدىً، أو نقصانٍ في عَمىً. وَاعلَمُوا أَنَّهُ لَيسَ عَلى أَحَدٍ بَعدَ القُرآنِ مِن فاقَةٍ، وَلا لِأَحَدٍ قَبلَ القُرآنِ مِن غِنىً، فَاسْتَشْفعُوهُ مِن أدوائِكُم، وَاستَعِينُوا بِهِ عَلىٰ لَأْوَائِكُم، فَإنّ فِيهِ شِفاءً مِن أكبرِ الدَّاءِ، وَهُوَ الكفرُ والنِّفاقُ والغيُّ والضَّلالُ. فَاسألوا اللهَ بِهِ، و تَوجَّهُوا إليهِ بِحُبِّهِ، وَلا تَسألُوا بِهِ خَلقَه، إنّهُ ما تَوَجَّهَ العِبادُ إلى اللهِ تَعالىٰ بِمثلِه. وَاعلَموا أَنّهُ شافِعٌ

(١٠) جان لو کہ بلاشبہ یہ قرآن ایسا ناصح ہے جو دھوکا نہیں دیتا اور ایسا ہادی ہے جو گمراہ نہیں کرتا، ایسا بولنے والا ہے جو جھوٹ نہیں بولتا اور جو بھی اس کے پاس بیٹھتا ہے یا تو فائدہ یا کسی کمی کے ساتھ اٹھتا ہے ہدایت میں اضافہ کے ساتھ یا پھر اندھے پن میں کمی کے ساتھ اور یہ بھی جان لو کہ قرآن کے بعد کسی کے لئے فاقہ نہیں اور اس کے پہلے کسی کے لئے بے نیازی نہیں لہذا تم اپنی بیماریوں کے لئے اسے شفیع اور اپنی سختیوں کے لئے اسے مددگار بنا لو یقیناً اس کے اندر سب سے بڑی بیماری کی دوا موجود ہے۔ سب سے بڑی بیماری جو کفر ہے۔ لہذا اللہ سے اس کے ذریعے سوال کرو اور خدا کی بارگاہ کی طرف، اس کی محبت کے ذریعے متوجہ بارگاہ خدا ہو اور اس کے ذریعہ خلق خدا سے سوال نہ کرو بلاشبہ قرآن سے بہتر اللہ کی بارگاہ کی طرف متوجہ ہونے کا کوئی اور ذریعہ نہیں

[ ۱۷۵ ]

# القرآن = قرآن مجید

١ ـ إنَّ اللهَ سُبحانَهُ لَم يَعِظْ أَحَداً بِمِثلِ هذَا القُرآنِ، فَإنَّهُ حَبلُ اللهِ المَتينُ، وَسَبَبُهُ الأَمين.

(۱) اللہ تعالیٰ نے جس طرح سے قرآن کے ذریعہ لوگوں کی نصیحت کی اس طرح کسی اور چیز سے نہیں کی بلاشبہ یہ قرآن اللہ کی مضبوط رسی اور اس کی پر امن راہ ہے۔

٢ ـ يَأتي عَلَى الناسِ زَمانٌ، لا يَبقىٰ فيهِم مِنَ القُرآنِ إلّا رَسمُهُ، وَمِنَ الإسلامِ إلّا اسمُه.

(۲) لوگوں پر ایسا وقت آنے والا ہے جب بنام قرآن صرف رسم الخط اور بنام اسلام صرف اس کا نام رہ جائے گا۔

٣ ـ مَن قَرَأَ القرآنَ فَماتَ فَدَخَلَ النارَ، فَهُوَ مِمَّن كانَ يَتَّخِذُ آياتِ اللهِ هُزُواً.

(۳) جو قرآن پڑھتا ہو اور مر جائے پھر بھی داخل جہنم ہو جائے وہ ان لوگوں میں سے ہوتا ہے جو قرآن کی آیتوں کو مذاق سمجھتے تھے

٤ ـ وَفِي القُرآنِ نَبَأُ ما قَبلَكُم، وَخَبَرُ ما بَعدَكُم، وحُكمُ ما بَينَكُم.

(۴) قرآن میں تم سے پہلے والوں کی اور تمہارے بعد والوں کی خبر ہے اور تمہارے درمیان جو ہے اس کے لئے احکام ہیں۔

٥ ـ اللهَ اللهَ في القرآنِ، لا يَسبِقُكُم بِالعَمَلِ بِهِ غَيرُكُم.

(۵) اللہ اللہ رے قرآن اس پر عمل کرنے کے معاملے میں، دوسرے تم پر سبقت نہ لے جانے پائیں۔

٦ ـ قالَ لعبد الله بن عباس لَمّا بعثه لِلاِحتِجاجِ الى الخَوارِجِ: لا تُخاصِمْهُم بِالقرآنِ، فَإنَّ القُرآنَ حَمّالٌ ذو وُجوهٍ، تَقولُ وَيَقولُونَ، وَلٰكِن حاجِجهُم بِالسُّنَّةِ، فَإنَّهُم لَن يَجِدوا عَنها مَحيصاً.

(۶) آپ نے عبداللہ بن عباس کو خوارج سے بحث کرنے کے لئے بھیجتے ہوئے فرمایا "تم ان سے قرآن کے ذریعہ بحث نہ کرنا کیونکہ قرآن بہت سی جہتوں کو لئے ہوئے ہے تم کچھ کہوگے وہ کچھ کہیں گے بلکہ ان کے سامنے سنت نبوی کے ذریعہ استدلال کرنا کیونکہ وہ اس سے کوئی راہ فرار نہیں پا سکتے۔"

٧ ـ كتب ﷺ الى الحارث الهمداني: و تَمَسَّك بِحبلِ القُرآنِ، وَاستَنصِحهُ، وَأَحِلَّ حَلالَهُ، وحَرِّم حَرامَه.

(۷) آپ نے حارث ہمدانی کو لکھا "اور قرآن کی رسی کو تھام لو اور اسی سے نصیحت حاصل کرو اس کے حلال کو حلال جانو اور اس کے حرام کو حرام۔"

١٣ ـ قَدْرُ المَرءِ عَلى قَدْرِ فَضلِه.

(۱۳) انسان کی قدر و منزلت اس کی خوبیوں کے جتنی ہی ہو گی۔

١٤ ـ قَدْرُ كُلِّ امرِیءٍ ما يُحسِنُه.

(۱۴) ہر آدمی کی قدر و قیمت اس کی وہ نیکیاں ہوتی ہیں جو وہ انجام دیتا ہے۔

١٥ ـ الغَدْرُ يُعَظِّمُ الوِزرَ وَيُزري بالقَدْر.

(۱۵) غداری گناہ کے بوجھ کو بڑا اور قدر و منزلت کو تباہ کر دیتی ہے۔

[ ١٧٤ ]

## القَدْر = مقدار

١ ـ قَدرُ الرَجُلِ عَلى قَدرِ هِمّتِهِ، و صِدقُهُ على قَدرِ مُرُوَّتِهِ، و شَجاعَتُهُ على قَدرِ أَنَفَتِه و عِفَّتُهُ على قَدرِ غَيرَته.

(۱) انسان کی قدر و قیمت اس کی ہمت جتنی ہوگی اور اس کی سچائی اس کی مروت کے جتنی ، اور شجاعت ، دنیا سے ناپسندیدگی کے جتنی ہوگی اور اس کی پاکدامنی اس کی غیرت کے جتنی ہی ہوگی۔

٢ ـ بِالأَفضالِ تَعظُمُ الأَقدار.

(۲) فضل و عطا سے قدر و قیمت بڑھ جاتی ہے۔

٣ ـ [ الله تعالى ] جَعَلَ لِكُلِّ شيءٍ قَدْراً و لِكُلِّ قَدْرٍ أَجَلاً و لِكُلِّ أَجَلٍ كِتاباً.

(۳) اللہ تعالی نے ہر شئے کے لئے مقدار اور ہر مقدار کے لئے ایک معین وقت اور ہر وقت کے لئے حساب و کتاب قرار دیا ہے۔

٤ ـ مَن حَصَّنَ شَهوَتَهُ صَانَ قَدْرَه.

(۴) جو اپنی خواہشات نفسانی کی نگرانی کرتا ہے وہ اپنی قدر و منزلت کو بچالیتا ہے۔

٥ ـ رَحِمَ اللهُ امرَءً عَرَفَ قَدرَهُ، وَلَم يَتَعدَّ طَورَه.

(۵) اللہ اس بندے پر رحم کرے جس نے اپنی قدر و قیمت جان لینے کے بعد اپنی حد سے تجاوز نہ کیا۔

٦ ـ ما هَلَكَ امرَؤٌ عَرَفَ قَدرَه.

(۶) وہ آدمی کبھی ہلاک نہیں ہو سکتا جو اپنی قدر جان گیا ہو۔

٧ ـ كَفىٰ بِالمَرءِ جَهلاً أَن يَجهَلَ قَدْرَه.

(۷) انسان کی جہالت کے لئے بس یہی کافی ہے کہ وہ اپنی قدر و قیمت سے ناواقف رہے۔

٨ ـ مَن وَقَفَ عِندَ قَدْرِهِ أَكرَمَهُ الناس.

(۸) جو اپنی قدر و منزلت پر ٹھہرا رہا لوگ اس کی عزت کرتے ہیں۔

٩ ـ مَن جَهِلَ قَدْرَهُ جَهِلَ كُلَّ قَدرٍ.

(۹) جو اپنی حیثیت سے ناواقف ہوگا وہ تمام قدروں اور حیثیتوں سے ناواقف رہے گا۔

١٠ ـ لا عَقلَ لِمَن يَتَجاوَزُ حَدَّهُ وَقَدْرَه.

(۱۰) اس کے پاس عقل نہیں ہے جو اپنی حیثیت و حد سے تجاوز کرتا ہے۔

١١ ـ لا تَفعَلْ ما يَضَعُ قَدْرَك.

(۱۱) ایسا کام نہ کرو جو تمہاری قدر و منزلت کو گھٹا دے۔

١٢ ـ هَلَكَ مَن لَم يَعرِف قَدْرَه.

(۱۲) جو اپنی قدر و منزلت نہ جان پایا وہ ہلاک ہو گیا۔

٩ ـ المَقاديرُ تَجري بِخلافِ التَّقديرِ والتَّدبيرِ.

(۹) اللہ کی قضا و قدر، تدبیر و تقدیر کے خلاف چلتی ہے۔

١٠ ـ الأُمُورُ بِالتَقديرِ، لا بِالتَدبِيرِ.

(۱۰) امور تقدیر (قضا و قدر) کے ذریعہ انجام پذیر ہوتے ہیں نہ کہ تدبیر کے ذریعہ۔

١١ ـ العَاقِلُ مَن سَلَّمَ إِلى القَضاءِ وَعَمِلَ بِالحَزمِ.

(۱۱) عاقل وہی ہے جو قضا و قدر کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دے اور دور اندیشی سے عمل انجام دے۔

١٢ ـ إذا كانَ القَدَرُ لا يُرَدُّ فَالاِحتِراسُ باطِلٌ.

(۱۲) جب قضا و قدر الٰہی کو ٹالا نہیں جاسکتا تو حفاظت بے کار ہے۔

١٣ ـ بِتَقديرِ أَقسامِ اللهِ لِلعِبادِ قَامَ وَزنُ العالَمِ، وَتَمَّتْ هذِهِ الدُّنيا لِأَهلِها.

(۱۳) چونکہ اللہ نے بندوں کی قسمتیں لکھ دی ہیں لہذا اس دنیا کا پلہ برابر ہے اور اسی وجہ سے دنیا اہل دنیا کے لئے تمام ہوئی۔

١٤ ـ كُلَّما زادَ عَقلُ الرَجلِ قَوِيَ إِيمانُهُ بِالقَدَرِ، وَاستَخَفَّ العِبَرَ.

(۱۴) آدمی کا ایمان جتنا زیادہ ہوتا جاتا ہے اس کا قضا و قدر پر ایمان بڑھتا جاتا ہے اور عبرتیں اس کی لئے آسان ہوتی جاتی ہیں۔

١٥ ـ مَن أَيقَنَ بِالقَدرِ لَم يَكتَرِثْ بِما نابَه.

(۱۵) جو قضا قدر پر یقین رکھتا ہوگا وہ مصیبت پر بہت زیادہ آہ و زاری نہیں کرے گا۔

١٦ ـ مَن تَسَخَّطَ بِالمَقدُورِ حَلَّ بِهِ المَحذُور.

(۱۶) جو تقدیر کی باتوں سے غضب ناک ہوتا ہے وہ پریشانی میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

١٧ ـ لَن يَغلِبَكَ عَلىٰ ما قُدِّرَ لَكَ غالِبٌ.

(۱۷) تمہاری تقدیر میں جو لکھا جاچکا ہے اس پر کوئی شئے غالب نہیں آسکتی۔

---

[۱] جبر یعنی: اللہ بندوں کو تمام کام (نیک ہوں یا بد) پر مجبور کرتا ہے ان کی حیثیت کٹھ پتلیوں کی طرح ہے۔ یہ "مجبرہ" کا عقیدہ ہے۔ تفویض یعنی: اللہ نے بندوں کو خلق کرنے کے بعد تمام امور انھیں کے ذمہ کے دیئے ہیں اور اب کائنات کے نظام میں اس کا دخل نہیں ایسے اعتقاد کے حامل افراد "مفوضہ" کہے جاتے ہیں۔

[ ۱۷۳ ]

# القَدَر = قضاوقدر

١ ـ وَسُئلَ ﷺ عَنِ القَدَرِ، فَقالَ ﷺ : طَريقٌ مُظلِمٌ فَلا تَسلُكُوهُ، وَبَحرٌ عَمِيقٌ فَلا تَـلِجُوهُ، وسِرُّ اللهِ فَلا تَتكلَّفُوه.

(۱) آپ سے قضا و قدر کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا" یہ ایک اندھیرا راستہ ہے اس پر نہ چلو اور گہرا سمندر ہے اس میں نہ داخل ہو اور یہ اللہ کا راز ہے اسے اپنے اوپر لازم نہ کرو۔"

٢ ـ [ قال ﷺ لأشعث قَد عَزّىٰ عن ابن له: ] إن صَـبَرتَ جَـرىٰ عَـلَيكَ القَـدَرُ وَأَنتَ مَأجُورٌ، وَإِن جَزِعْتَ جَـرىٰ عَـليكَ القَـدَرُ وَ أَنتَ مَأزورٌ.

(۲) اشعث بن قیس کو بیٹے کی موت پر تعزیت پیش کرتے وقت فرمایا" اگر تم صبر کروگے تب بھی قضاو قدر الٰہی جاری ہو گی مگر تمہیں صبر کا اجر ملے گا لیکن اگر تم نے بیتابی کا اظہار کیا تب بھی قضاو قدر الٰہی (تو) جاری ہو گی مگر تم گنہ گار ہو جاؤگے۔

٣ ـ إذا حَلَّتِ المَقادِيرُ بَطَلَ الحَذَر.

(۳) جب قضاو قدر پہنچ جاتی ہے تو خوف واحتراز بے کار ہو جاتا ہے

٤ ـ ما مِن عَبدٍ إلّا وَمَعهُ مَلِكٌ يَقِيهِ ما لَم يُقَدَّر لَهُ، فإذا جاءَ القَدَرُ خَلّاهُ وَإيّاه.

(۴) ہر آدمی کے ساتھ ایک فرشتہ ہوتا ہے جو اسے (خطرات سے) بچاتا رہتا ہے مگر جب اس کی قضا آجاتی ہے تب وہ اسے اور اس کی قضا کو تنہا چھوڑ کر چلا جاتا ہے۔

٥ ـ القَدَرُ يَغلِبُ الحَذَر.

(۵) قضاو قدر خوف واحتراز پر غالب آجاتی ہے۔

٦ ـ القَـدَرُ أمـرٌ بَـينَ أَمـرَينِ، لا جَـبرَ وَ لا تفويض.

(۶) قضاو قدر دو راستوں میں سے ایک راستہ ہے نہ جبر ہے اور نہ ہی تفویض۔[ ۱ ]

٧ ـ القَدَرُ سِرٌّ مِن سِرّ اللهِ، مَرفُوعٌ فِي حِجابِ اللهِ، مَطوِيٌّ عمَن خَلَقَ اللهُ، مَختومٌ بِخاتمِ اللهِ، سابِقٌ في عِلمِ اللهِ، وَضَعَ اللهُ العِبادَ عَن عِلمِهِ، وَرَفَعَهُ فَوقَ شَهاداتِهِم، وَمَبلَغِ عُقُولِهِم.

(۷) قضاو قدر اللہ کے رازوں میں سے ایک راز ہے جو اللہ ہی کے حجاب میں مرفوع ہے اللہ کی مخلوقات سے چھپا ہوا اور اللہ کے علم میں پہلے ہی سے ہے اللہ نے بندوں کو اس کے علم سے کمتر رکھا ہے اور اسے ان کے مشاہدہ اور عقل کی رسائی سے بالاتر قرار دیا ہے۔

٨ ـ كَم مِن مُتعِبٍ نَفسَهُ مُقتَرٍ عَليهِ، وَكَم مِن مُقتَصِدٍ فِي الطَلَبِ قَد ساعَدَتهُ المَقادير.

(۸) کتنے ایسے لوگ ہیں جو اپنے آپ کو تھکا ڈالتے ہیں مگر پھر بھی تنگ دست رہتے ہیں اور کتنے ایسے افراد ہیں جنھوں نے طلب میں میانہ روی سے کام لیا مگر تقدیر نے ان کی مدد کی۔

۹ ـ وَقالَ ﷺ [ وَكانَ لا يُقاتِلُ حَتّى نُزوُلِ الشَمسِ ] : تُفتَحُ عندَهُ أَبوابُ السَماءِ، وَتُقبَلُ الرَّحمَةُ، وَيَنزِلُ النَصرُ، وهوَ أقرَبُ إلى اللَيلِ، و أَجدَرُ أن يَقِلَّ القَتلَ، ويُرجعُ الطالبَ ويَفلِتُ المُنهَزِم.

(۹) آپ نے فرمایا (آپ اس وقت تک جنگ نہیں کرتے تھے جب تک زوال شمس نہ جاتا) "اس وقت آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، رحمت کا نزول ہونے لگتا ہے اور مدد و فتح آسمان سے اترنے لگتی ہے اور یہ وقت رات سے زیادہ قریب ہوتا ہے لہذا قتل کم ہونے کی زیادہ امید رہتی ہے۔ جنگ کے خواہاں (اس وقت تک) پلٹ آتے ہیں اور بھاگنے والے بھاگ جاتے ہیں۔"

۱۰ ـ إنّ أكرمَ المَوتِ القَتلُ، والذي نفسُ ابنِ أبي طالبٍ بِيَدِه لأَلفُ ضَربةٍ بِالسَيفِ أهونُ عليَّ مِن مِيتَةٍ على الفِراشِ في غَيرِ طاعَةِ الله.

(۱۰) بلاشبہ سب سے باعزت موت، قتل ہے اور قسم ہے اس کی کہ جس کے ہاتھ میں ابوطالب کے بیٹے کی جان ہے میرے نزدیک تلوار کی ہزار ضربتیں اللہ کی اطاعت سے ہٹ کر بستر پر مر جانے کے مقابل زیادہ آسان ہیں۔

۱۱ ـ طُوبىٰ لِمن لا تَقتُلُهُ قاتِلاتُ الغُرور.

(۱۱) خوشبختی ہے اس کے لئے جسے غرور کی قاتلاؤں نے قتل نہ کیا

۱۲ ـ وَجَدتُ المُسالَمَةَ ما لم يَكُن وَهنٌ في الإسلامِ أَنجَعُ مِنَ القِتال.

(۱۲) میں صلح و صفائی کو "جب اسلام کے لئے سبکی نہ ہو" جنگ سے زیادہ سود مند پاتا ہوں۔

٦ـ [ وَصيَّتُه عليه السلام لِمَعقلِ بن قَيس الرياحي حينَ أَنفَذَهَ إِلَى الشّام : ] لا تُقاتِلَنَّ إلّا مَن قاتلَك... فَإذا لَقِيتَ العَدُوَّ فَقِفْ مِن أَصحابِكَ وَسَطاً، وَلا تَدْنُ مِنَ القَومِ دُنُوَّ مَن يُرِيدُ أَن يُنشِبَ الحَربَ، ولا تَباعَد عَنهُم تَباعُدَ مَن يَهابُ البَأسَ حَتّى يَأتِيَكَ أَمرِي، وَلا يَحمِلَنَّكُم شَنآنُهُم على قِتالِهِم قَبلَ دُعائِهِم والإعذارِ إليهم.

(۶) معقل بن ریاحی کو شام بھیجتے ہوئے آپ کی نصیحت "صرف اسی سے لڑنا جو تم سے لڑے اور جب تم دشمن کے سامنے پہنچ جاؤ تو اپنے ساتھیوں کے وسط میں کھڑے رہو اور لوگوں سے اس طرح قریب نہ ہو جاؤ جیسے آتش جنگ بھڑکانے والے ہوتے ہیں اور نہ ہی جنگ سے ڈرنے والوں کی طرح دور ہی رہو۔ یہاں تک کہ میرا حکم تم تک پہنچ جائے اور ان کے برے الفاظ تمہیں جنگ پر اس وقت تک آمادہ نہ کریں جب تک تم انھیں حق کی طرف بلانہ لو اور ان سے جنگ کی صورت حال کی وضاحت اور عذر تمام نہ کر لو۔

٧ـ قالَ لِعسكره قبل لِقاءِ العَدُوّ بِصفّين: لا تُقاتِلوهُم حَتّىٰ يَبدَؤُوكُم، فَإنّكُم بِحَمدِ اللهِ عَلىٰ حُجَّةٍ، وتَركُكُم إيّاهُم حَتّىٰ يَبدَؤُوكُم حُجَّةٌ أُخرىٰ لَكُم عَلَيهِم، فإذا كانَتِ الهَزيمَةُ بإذنِ اللهِ فلا تَقتُلوا مُدبِراً، ولا تُصيبُوا مُعوِراً، ولا تُجهِزوا على جَريحٍ، ولا تَهيجُوا النساءَ بأذىً وإن شَتَمنَ أَعراضَكُم وسَبَبنَ أُمراءَكُم فَإِنَّهُنَّ ضَعيفاتُ القُوىٰ و الأنفُسِ و العُقول.

(۷) صفین میں دشمن سے ٹکراؤ سے قبل اپنے لشکر سے فرمایا "ان سے اس وقت تک نہ لڑنا جب کہ وہ تم سے لڑنے کی شروعات نہ کر دیں کیونکہ تم لوگ الحمدللہ حجت پر ہو اور تمہارا انھیں اس وقت تک چھوڑ دینا جب تک وہ شروعات نہ کریں تمہارے لئے ان پر دوسری حجت ہے اور جب اللہ کے حکم سے وہ پسپائی اختیار کریں تو پیٹھ دکھانے والے کو ہر گز قتل نہ کرنا اور نہ ہی نجات کے لئے اپنی شرمگاہ کی مدد لینے والے کو نقصان پہنچانا، نہ کسی زخمی کو مارنا اور نہ ہی عورتوں کو کوئی نقصان پہنچانا بھلے ہی وہ تمہاری ناموس کو برا بھلا ہی کیوں نہ کہیں اور تمہارے سرداروں کو گالیاں ہی کیوں نہ دیں کیونکہ ان کے قویٰ، عقل اور نفس ضعیف ہیں

٨ـ قِيلَ لَهُ عليه السلام : كَيفَ صِرتَ تَقتُلُ الأَبطالَ؟ قالَ عليه السلام : لِأَنِّي كنتُ أَلقىٰ الرجلَ فأُقَدِّرُ أَنِّي أَقتُلُهُ، ويُقَدِّرُ أَنِّي أَقتُلُهُ، فَأَكُونُ أنا وَنَفسُهُ عَونَينِ عليه.

(۸) آپ سے کہا گیا "آپ کیسے پہلوانوں کو قتل کرتے ہیں ؟ " تو آپ نے فرمایا " کیونکہ میں جب بھی کسی آدمی کے سامنے لڑنے کے لئے جاتا ہوں تو یہ سوچ لیتا ہوں کہ میں اسے قتل کروں گا اور وہ میرا مقابل بھی یہی سوچتا ہے کہ میں (یعنی حضرت علی) اسے قتل کر دوں گا لہذا اس طرح اس کے خلاف خود میں اور اس کا نفس ایک دوسرے کے مدد گار ہو جاتے ہیں۔

[ ۱۷۲ ]

# القتل = قتل

١ ـ مَن سَلَّ سَيفَ البَغيِ قُتِلَ بِه.

(۱) جو بغاوت کی تلوار کھینچتا ہے وہ اسی سے قتل کر دیا جاتا ہے۔

٢ ـ [قال فی القتالِ بصفین: ] . . . و أمّا قولُكُم شكّاً في أهلِ الشامِ، فواللهِ ما دَفَعتُ الحَربَ يوماً إلّا و أنا أطمَعُ أن تَلحَقَ بي طائفةٌ فَتَهتَديَ بي و تَعشُوَ إلىٰ ضَوئي و ذلك أحبُّ اليَّ مِن أن أقتُلَها على ضَلالِها و إن كانَت تَبوءُ بِآثامِها.

(۲) آپ نے جنگ صفین میں فرمایا ۔۔" اور تم لوگوں کا یہ کہنا کہ میں جنگ کرنے میں متذبذب ہوں تو خدا کی قسم میں جنگ میں ایک دن بھی تاخیر نہیں کرتا مگر مجھے یہ امید ہو کہ شاید ان میں سے کوئی گروہ مجھ سے ملحق ہو جائے، میرے ذریعے ہدایت پاجائے اور میرے نور کے سائے میں آجائے کیونکہ یہ صورت حال میرے لئے گمراہی کے عالم میں انھیں قتل کر دینے سے زیادہ پسندیدہ ہے بھلے ہی وہ گمراہی ان کے گناہوں کا نتیجہ ہی کیوں نہ ہو۔"

٣ ـ وَلقد كُنّا مَعَ رسولِ الله ﷺ نَقتُلُ آباءَنا و أبناءَنا و إخوانَنا و أعمامَنا ما يَزيدُنا ذلك إلّا إيماناً و تسليماً و مُضِيّاً على اللَّقَمِ و صَبراً على مضَضِ الألَمِ و جِدّاً في جِهادِ العَدُوِّ . . .

(۳) ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کے ساتھ اپنے باپ، بھائیوں اور چچاؤں کو قتل کرتے تھے تو یہ صرف ہمارے ایمان میں اضافہ کا باعث ہی ہوتا تھا اور ہم ان کو قتل کرنے کی وجہ سے حق کی وسیع شاہراہ پر، درد کی تلخیوں پر صبر کرتے تھے اور دشمن کے ساتھ جہاد میں سنجیدہ و کوشاں رہتے تھے۔

٤ ـ وَاللهِ لو تَظاهَرَتِ العَرَبُ على قِتالي لَمّا وَلَّيتُ عنها.

(۴) خدا کی قسم اگر تمام عرب میرے قتل کے لئے اکٹھا ہو جائیں تب بھی میں ان کو پیٹھ نہ دکھلاؤں گا۔

٥ ـ [يا مالك ] فلا تُقَوِّيَنَّ سُلطانَك بِسَفكِ دَمٍ حَرامٍ، فإنّ ذلك مما يُضعِفُهُ و يُوهِنُهُ بل يُزيلُهُ و يَنقُلُهُ، و لا عُذرَ لك عِندَ اللهِ و لا عندي في قَتلِ العَمدِ لأَنَّ فيه قَوَدُ البَدَن.

(۵) اے مالک! اپنے سلطان کو حرام خون بہا کر ہرگز قوی نہ کرنا کیونکہ یہ چیز تو اسے کمزور و بے عزت تو کرے گی ہی مگر اس کے ساتھ ہی یہ اس کے زوال اور معزولی کی وجہ بھی ہو جائے گی اور اس طرح کے قتل عمد کے لئے نہ اللہ کے اور نہ میرے سامنے اور نہ ہی تمہارے پاس کوئی عذر ہے کیونکہ قتل عمد میں قصاص ہے۔

١٤ ـ الفكرُ في الأَمرِ قَبلَ مُلابَسَتِهِ يُؤمِنُ الزَلَل.

(۱۴) کسی کام میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے سوچ سمجھ لینا لغزشوں سے بچائے رکھتا ہے۔

١٥ ـ الفِكرُ في العَواقِبِ يُنجي مِنَ المَعاطِب.

(۱۵) نتائج کے بارے میں سوچ لینا ہلاکتوں سے بچالیتا ہے۔

١٦ ـ إذا قَدَّمتَ الفِكرَ في أَفعالِكَ حَسُنَتْ عَواقِبُكَ و فِعالُك.

(۱۶) اگر تمہارے کاموں سے پہلے غور و فکر ہوگی تو تمہارے کاموں کے نتائج اور تمہارے تمام کام اچھے ہو جائیں گے۔

١٧ ـ أَصلُ السَلامَةِ مِنَ الزَّلَلِ الفِكرُ قَبلَ الفِعلِ، وَالرَّوِيَّةُ قَبلَ الكَلام.

(۱۷) لغزشوں سے بچنے کا اصول یہ ہے کہ کام سے پہلے سوچ لے اور بولنے سے پہلے (نتائج سے) مطمئن ہو جائے۔

١٨ ـ أَصلُ العَقلِ الفِكرُ، وثَمَرَتُهُ السَلامَة.

(۱۸) عقل کی جڑ، غور و فکر اور پھل، سلامت ہے۔

١٩ ـ فِكرُكَ يَهدِيكَ إلى الرَّشادِ، وَيَحدُوكَ إلى إصلاحِ المَعاد.

(۱۹) تمہارا غور کرنا تمھیں ہدایت کی طرف لے جائے گا اور تمہارے معاد کے امور کی اصلاح کر دے گا۔

٢٠ ـ طُولُ التفكِيرِ يُصلِحُ عَواقِبَ التَّدبير.

(۲۰) طویل غور و فکر تدبیر و منصوبوں کے نتائج کو اچھا کر دیتی ہے۔

٢١ ـ فِكرُ ساعَةٍ قَصِيرَةٍ خَيرٌ مِن عِبادَةٍ طَوِيلَةٍ.

(۲۱) تھوڑی دیر غور کرنا بہت دیر تک عبادت کرنے سے بہتر ہے

٢٢ ـ فِكرُ المَرءِ مِرآةٌ تُرِيهِ حُسنَ عَمَلِهِ مِن قُبحِه.

(۲۲) انسان کی فکر ایک ایسا آئینہ ہے جو اسے اس کے برے کاموں میں سے اچھے کاموں کو بتاتی ہے۔

٢٣ ـ مَن طالَت فِكرَتُهُ حَسُنَت بَصيرَتُه.

(۲۳) جس کی غور و فکر طویل ہو جاتی ہے اس کی بصیرت اچھی ہو جاتی ہے۔

٢٤ ـ مَن كانَت لَهُ فِكرَةٌ، فَلَهُ في كلِّ شَيءٍ عِبرَةٌ.

(۲۴) جس کے پاس غور و فکر (کی صلاحیت) ہوگی اس کے لئے ہر چیز میں عبرت ہوگی۔

٢٥ ـ مَن تَفَكَّرَ في آلاءِ اللهِ سُبحانَهُ وُفِّق.

(۲۵) جو اللہ کی نعمتوں کے بارے میں غور و فکر کرتا ہے اسے (اللہ کی طرف سے نیک اعمال کی) توفیق عطا کر دی جاتی ہے۔

[۱۷۱]

# الفِكر = فکر

١ ـ الفِكرُ مِرآةٌ صَافِيَةٌ.
(۱) فکر ایک صاف و شفاف آئینہ ہے۔

٢ ـ لاٰ عِلمَ كالتَّفكُّرِ.
(۲) تفکر جیسا کوئی علم نہیں۔

٣ ـ مَن أكثَرَ أهجَرَ، و مَن تَفكَّرَ أبصَرَ.
(۳) جو (کلام میں) زیادہ روی کرتا ہے وہ بکواس کرنے لگتا ہے اور جو غور و فکر کرتا ہے وہ صاحب بصیرت ہو جاتا ہے۔

٤ ـ مَن تَفَكَّرَ اعتَبَرَ، وَمَنِ اعتَبَرَ اعتَزَلَ، وَمَنِ اعتَزَلَ سَلِمَ.
(۴) جو غور و فکر کرتا ہے وہ عبرت حاصل کرلیتا ہے اور جو عبرت حاصل کرلیتا ہے وہ لوگوں سے دور ہو جاتا ہے اور جو لوگوں سے دور رہتا ہے وہ سالم رہتا ہے۔

٥ ـ كُلُّ صَمْتٍ لَيسَ فيهِ فِكرٌ فَسَهوٌ.
(۵) ہر وہ خاموشی جس میں غور و فکر نہیں، غلطی ہے۔

٦ ـ العُقُولُ أَئِمَّةُ الأَفكارِ والأفكارُ أَئِمَّةُ القُلوبِ، وَالقُلوبُ أَئِمَّةُ الحَواسِّ والحواسُّ أَئِمَّةُ الأَعضاءِ.
(۶) عقلیں افکار کی امام ہیں اور افکار، قلوب کے امام ہیں اور قلوب حواس کے امام ہیں اور حواس اعضاء کے امام ہیں۔

٧ ـ نَبِّهِ بالتَّفكُّرِ قَلبَكَ، وَجافِ عَنِ اللَّيلِ جَنبَكَ، وَاتَّقِ اللهَ رَبَّكَ.
(۷) تفکر کے ذریعہ اپنے دل کو جگاؤ اور رات کو (اللہ کی عبادت میں) بیٹھ کر گزارو اور اپنے پروردگار سے ڈرو۔

٨ ـ الفِكرُ في غَيرِ الحِكمَةِ هَوَسٌ.
(۸) حکمت اور دانش مندی کی باتوں کے علاوہ کسی اور چیز کے بارے میں غور و فکر کرنا ہوس ہے۔

٩ ـ التَّفكُّرُ في آلاءِ اللهِ نِعمَ العِبادَةُ.
(۹) اللہ کی نعمتوں کے بارے میں غور و فکر، بہترین عبادت ہے۔

١٠ ـ الفِكرُ يَهدِي إلَى الرُّشد.
(۱۰) غور و فکر ہدایت کی طرف لے جاتی ہے۔

١١ ـ الفِكرُ نُزهَةُ المُتَّقِين.
(۱۱) غور و فکر متقیوں کی تفریح ہے۔

١٢ ـ الفِكرُ جَلاءُ العُقُول.
(۱۲) غور و فکر عقلوں کی جلا ہے۔

١٣ ـ أفضَلُ العِبادَةِ الفِكر.
(۱۳) سب سے افضل عبادت غور و فکر ہے۔

## [ ۱۷۰ ]
## الفقه = فقہ

١ ـ الفَقيهُ كُلُّ الفَقيهِ مَن لَم يُقَنِّطِ الناسَ مِن رَحمـةِ اللهِ، وَلَم يُـؤيِسْهُم مِـن رَوحِ اللهِ، وَلَم يُؤمِنهُم مِن مَكرِ الله.

(۱) کامل فقیہ وہ ہے جو لوگوں کو اللہ کی رحمت سے مایوس نہ کرے اور نہ ہی اس کے الطاف سے دل برداشتہ کرے اور نہ ہی انھیں اللہ کے حیلوں (اور عذاب) سے امان میں ہونے کا یقین دلادے۔

٢ ـ مَن اتَّجَرَ بِغَيرِ فِقهٍ ارتَطَمَ في الرِّبا.

(۲) جو بغیر علم فقہ کے تجارت کرتا ہے وہ سود میں مبتلا ہو جاتا ہے

٣ ـ وَقالَ ﷺ لِسائِلٍ سألَهُ عَن مُعضِلَةٍ: سَلْ تَفَقُّهاً، وَلا تَسأَل تَعَنُّتاً، فإنّ الجـاهِلَ المُـتَعلِّمَ شَـبيهٌ بـالعالِمِ، وَإنّ العـالِمَ المُـتَعَسِّفَ شَـبيهٌ بِالجاهِلِ المُتَعَنِّت.

(۳) آپ نے ایک مشکل کے بارے میں سوال کرنے والے سے کہا "سمجھنے کے لئے پوچھو، الجھنے کے لئے نہیں کیونکہ سیکھنے والا جاہل عالم سے مشابہ ہوتا ہے بلا شبہ تعلیم حاصل کرنے والا جاہل شخص، عالم کی طرح ہے اور گمراہ عالم، گمراہی چاہنے والے جاہل کی طرح ہے۔

٤ ـ تَفَقَّه فِي الدِّينِ، وعَوِّد نَفسَكَ التَّصَبُّرَ عَلَى المكرُوه.

(۴) دین میں تفقہ اختیار کرو اور اپنے نفس کو ناپسندیدہ چیزوں پر صبر کرنے کا عادی بناؤ۔

٥ ـ لا تُمارِ سَفيهاً ولا فَقيهاً، أمّا الفقيهُ فَتَحرَمُ خَيرَهُ، وأمّا السَّفيهُ فَيُحزِنكَ شَرُّه.

(۵) کسی بے وقوف یا کسی فقیہ سے کٹ حجتی نہ کرو کیونکہ کسی فقیہ سے کٹ حجتی کرنے کی صورت میں تم اس کی نیکیوں سے محروم ہو جاؤ گے اور بے وقوف سے کٹ حجتی کرنے کی صورت میں تمہیں اس کی برائی تکلیف دے گی۔

٦ ـ فَقيهٌ واحدٌ أشدُّ عَلى إبليسَ مِن أَلفِ عابِدٍ.

(۶) ایک فقیہ ابلیس کے لئے ہزار عابدوں سے زیادہ سخت ہوتا ہے

٧ ـ لاْ خَيرَ فِي عِبادةٍ لَيسَ فيها تَفَقُّهٌ.

(۷) ایسی عبادت میں کوئی بھلائی نہیں جس میں غور و فکر نہ ہو۔

٨ ـ إذا أرادَ اللهُ بِعَبدٍ خَيراً فَـقَّهَهُ فِي الدِّيـنِ، وأَلهَمَهُ اليَقين.

(۸) اللہ جب کسی بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو اسے دین میں غور و فکر کی توفیق عطا کر دیتا ہے اور یقین سے آشنا کر دیتا ہے۔

٩ ـ ثلاثٌ بِهِنَّ يَكمل المسلم: التَّفَقُّهُ فى الدين و التقدير فى المعيشة و الصبر على النوائب.

(۹) تین چیزوں کے ذریعہ مسلمان کامل ہو جاتا ہے دین میں تفقہ، معیشت تعین مقدار اور مصیبتوں پر صبر کرنا۔

٣٤ ـ أمقَتُ العِبادِ إلَى اللهِ سـبحانَه: اَلفَـقيرُ المَزهُوُّ، وَالشيخُ الزّاني و العالِمُ الفَاجِر.

(۳۴) اللہ سبحانہ کے دشمن ترین بندے یہ ہیں: متکبر فقیر، بوڑھا زانی اور فاجر عالم۔

٣٥ ـ دِرهَمُ الفَقيرِ أزكىٰ عِندَ اللهِ مِن دِيـنارِ الغَنيّ.

(۳۵) وہ درہم جو فقیر خدا کی راہ میں خرچ کردے خدا کے نزدیک دولت مند کے دینار سے زیادہ پسندیدہ ہے۔

٣٦ ـ غَناءُ الفَقيرِ قَناعَتُه.

(۳۶) فقیر کی بے نیازی اس کی قناعت ہے۔

٣٧ ـ مُلوكُ الدُّنيا والآخِرةِ الفُقراءُ الرّاضون.

(۳۷) دنیا اور آخرت کے بادشاہ وہ فقیر ہیں جو خدا کی رضا پر راضی ہوتے ہیں۔

٣٨ ـ مِنَ الوَاجِبِ عَلَى الفَقيرِ أَن لا يَبذُلَ مِن غَيرِ اضطِرارٍ سُؤالَه.

(۳۸) فقیر پر واجب ہے کہ بغیر اضطرار کے دوسروں سے سوال نہ کرے۔

٣٩ ـ مَن أَلَحَّ عَليهِ الفَقرُ فَليُكثِر مِن قول: لا حَولَ وَلا قُوَّةَ إلّا بِاللهِ العَليِّ العَظيم.

(۳۹) جس کے اوپر فقر دباؤ ڈالے وہ بکثرت "لا حول ولا قوۃ الا باللہ العظیم" کہے۔

٤٠ ـ مَن أَحَبَّ السَلامةَ فَليُؤثِرِ الفَقرَ، وَمَن أَحَبَّ الراحَةَ فَليُؤثِرِ الزُهدَ فِي الدُّنيا.

(۴۰) جو دنیا میں سلامتی چاہتا ہے وہ فقر کو چنے اور جو راحت و آرام چاہتا ہے وہ دنیا میں زہد کا انتخاب کرے۔

٤١ ـ اَهلَكَ النّاسَ اثنان: خوفُ الفقرِ و طلب الفخر.

(۴۱) دو چیزوں نے لوگوں کو ہلاک کیا: فقر کا خوف اور تکبر و فخر طلبی۔

۲۱ ـ قيلَ لَه ﷺ: فَأَيُّ فَقرٍ أَشَدُّ؟ قـالَ ﷺ: الكُفرُ بَعدَ الإيمان.

(۲۱) امام سے پوچھا گیا" کون سا فقر سب سے زیادہ سخت ہے؟ "تو آپ نے فرمایا" ایمان کے بعد کفر اختیار کرنا۔"

۲۲ ـ مَن فَتَحَ عَلى نَفسِهِ باباً مِنَ المَسألَةِ فَتَحَ اللهُ عليهِ باباً مِنَ الفَقر.

(۲۲) جو بھی (لوگوں سے) التماس و خواہش کا ایک دروازہ اپنے لئے کھول دیتا ہے تو خدا بھی فقر و ناداری کا ایک دروازہ اس کی طرف کھول دے گا۔

۲۳ ـ شَرُّ الفَقرِ فَقرُ النَفس.

(۲۳) بدترین فقر نفس کا فقر و فاقہ ہے۔

۲٤ ـ الفَقرُ أَزينُ لِلمُؤمِنِ مِنَ العِذارِ عَلى خَدِّ الفَرَس، وَإنَّ فُـقراءَ المُـؤمِنينَ لَـيَتقلَّبُونَ في رِياضِ الجَنّةِ قبلَ أغنيائِهِم بِأَربَعينَ خَرِيفاً.

(۲۴) فقیری مومن کے لئے گھوڑے کے رخسار پر زیورات سے زیادہ بہتر ہے اور فقیر مومنین دولت مند مومنوں سے چالیس سال پہلے بہشت کے باغات میں قبول کئے جائیں گے۔

۲٥ ـ الفَقرُ زِينَةُ الإيمان.

(۲۵) فقیری ایمان کی زینت ہے۔

۲٦ ـ إظهارُ التَّبأُسِ يَجلِبُ الفَقر.

(۲۶) فقر و تنگ دستی کا اظہار کرنا مزید فقر کا باعث ہوتا ہے۔

۲۷ ـ القَبرُ خَيرٌ مِنَ الفَقر.

(۲۷) قبر (اور موت) فقر و ناداری سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔

۲۸ ـ الفَقرُ مَعَ الدَّينِ المَوتُ الأَحمَر.

(۲۸) قرض کے ساتھ فقیری سرخ موت کی علامت ہے۔(قتل ہونے کی طرف اشارہ ہے)

۲۹ ـ الفَقرُ الفادِحُ أَجمَلُ مِنَ الغِنىٰ الفاضِح.

(۲۹) سنگین فقر و فاقہ بدنام کرنے والی دولت سے بہتر ہے۔

۳۰ ـ الفَقيرُ الرّاضي ناجٍ مِن حَبائِلِ إبليسَ، والغَنيُّ واقِعٌ في حَبائِلِه.

(۳۰) ایسا فقیر جو قناعت کے ساتھ زندگی گزارے وہ شیطان کے حیلے اور بہانوں سے محفوظ رہے گا اور قناعت نہ کرنے والا دولت مند شیطان کے مکر و فریب میں گرفتار ہوگا۔

۳۱ ـ الفَقرُ صَلاحُ المُؤمِنِ، و مُريحُهُ مِن حَسَدِ الجيرانِ، وَتَمَلُّقِ الإخوانِ، وَتَسلُّطِ السُّلطان.

(۳۱) مفلسی مومن کے لئے بہتر ہے اس لئے کہ یہ اس کو ہمسایوں کی جلن، دوستوں کی چاپلوسی اور بادشاہ کے تسلط سے نجات دے دیتی ہے

۳۲ ـ الصَبرُ عَلَى الفَقرِ مَعَ العِزِّ أَجمَلُ مِنَ الغِنىٰ مَعَ الذُلّ.

(۳۲) فقر و ناداری پر عزت کے ساتھ صبر کرنا اس مال و دولت سے بہتر ہے جو ذلت کے ساتھ ملے۔

۳۳ ـ آفَةُ الجُودِ الفَقر.

(۳۳) بخشش کی آفت فقر و ناداری ہے۔

٨ ـ ألا وَإِنَّ مِنَ البَلاءِ الفاقَةَ و أشَدُّ مِنَ الفاقَةِ مَرضُ البَدَن، و أشَدُّ مِن مَرَضِ البدِن مَرَضُ القَلب.

(۸) آگاہ رہو کہ فقر وفاقہ ایک مصیبت ہے اور فقر سے زیادہ سخت جسمانی امراض ہیں اور جسمانی امراض سے زیادہ سخت دل کی بیماری ہے (یعنی روحانی بیماری)

٩ ـ لا مالَ أَذهَبَ للفاقَةِ مِنَ الرِّضىٰ بِالقُوت.

(۹) اپنی خوراک سے راضی رہنے سے زیادہ فقر وفاقہ کو دور کرنے والی کوئی اور دولت نہیں ہے ۔

١٠ ـ العَفافُ زِينَةُ الفَقر.

(۱۰) پاکدامنی فقر کی زینت ہے ۔

١١ ـ إذا بَخِلَ الغَنِيُّ بِمَعرُوفِه باعَ الفَقيرُ آخِرَتَهُ بِدنياه.

(۱۱) جب دولت مند نیکی اور احسان میں بخل کرنے لگتا ہے تو فقیر اپنی آخرت کو اپنی دنیا کے بدلے بیچ ڈالتا ہے ۔

١٢ ـ الزِنیٰ مَفْقَرةٌ.

(۱۲) زنا (اسباب) فقر (میں سے) ہے ۔

١٣ ـ الحِرصُ عَلامةُ الفَقر.

(۱۳) حرص و طمع، فقر کی علامت ہے ۔

١٤ ـ لا تُحدِّثِ نَفسَكَ بِالفَقرِ وطولِ العُمر.

(۱۴) اپنے نفس کے ساتھ فقر اور طول عمر کی بات مت کرو ۔

١٥ ـ الصَّبرُ جُنَّةٌ مِنَ الفاقَة.

(۱۵) صبر و تحمل فاقہ سے محفوظ رکھنے والا ہے ۔

١٦ ـ إظهارُ الفاقَةِ مِن خُمُولِ الهِمَّة.

(۱۶) فقر واحتیاج کا اظہار کرنا ہمت کی کوتاہی میں سے ہے ۔

١٧ ـ أربعٌ القَليلُ مِنهُنَّ كَثيرٌ: النارُ، والعَداوةُ، والمرضُ، والفَقر.

(۱۷) چار چیزیں ایسی ہیں جن کی کم مقدار بھی بہت زیادہ ہوتی ہے آگ، عداوت، بیماری اور فقر ۔

١٨ ـ نَظَرتُ إلى كُلِّ ما يُذِلُّ العَزيزَ وَيَكسِرُهُ، فَلَم أَرَ شَيئاً أذَلَّ لَهُ ولا أَكسَرَ مِنَ الفاقَة.

(۱۸) میں نے ان تمام چیزوں کا جائزہ لیا جو باعزت اور باوقار (شخص) کو ذلیل کر دیتی ہیں اور ان کی شوکت کو ختم کر دیتی ہیں ۔لہذا میں نے ذلیل کرنے والی اور شوکت کو ختم کرنے والی چیزوں میں فقر وفاقہ سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں دیکھی ۔

١٩ ـ ما ضَرَبَ اللهُ العِبادَ بِسَوطٍ أَوجعُ مِنَ الفَقر.

(۱۹) اللہ تعالیٰ نے فقر وفاقے کے تازیانے سے زیادہ تکلیف دہ کسی تازیانے سے بندوں کو نہیں مارا۔

٢٠ ـ شَرُّ الدُّنيا والآخِرَةِ في خَصلَتَينِ: الفَقرُ والفجُور.

(۲۰) دنیا اور آخرت کا تمام شر دو خصلتوں میں جمع ہے فقیری اور فسق و فجور ۔

[ ۱۶۹ ]

# الفقر و الفاقه = تنگ دستی

١ ـ الفَقرُ المَوتُ الأَكبر.

(۱) فقیری سب سے بڑی موت ہے۔

٢ ـ الفَقرُ يُخرِسُ الفَطِنَ عَنِ حُجَّتِه، والمُـقِلُّ غَريبٌ في بَلدَتِه.

(۲) فقیری زیرک آدمی کی زبان کو دلائل کی قوت دکھانے سے عاجز کر دیتی ہے اور مفلس اپنے وطن میں بھی غریب الوطن اور اکیلا ہوتا ہے۔

٣ ـ لا غِنىٰ كَالعَقلِ، وَلا فَقرَ كَالجَهل.

(۳) عقل سے بڑھ کر کوئی دولت نہیں اور جہل و نادانی سے بڑھ کر کوئی فقر و ناداری نہیں۔

٤ ـ إنّ أَغنَى الغِنىٰ العَقلُ، وَأكبرَ الفَقرِ الحُمْق.

(۴) ہر بے نیازی سے بالاتر عقل و خردمندی کا سرمایہ ہے اور سب سے بڑی ناداری حماقت ہے۔

٥ ـ [ لإبنه مُحمّد بنِ الحَنَفيّة ] يا بُنيَّ، إنّي أخافُ عليك الفَقرَ، فاستَعذ بِالله مِنه فإنّ الفَقرَ مَنقَصَةٌ لِلدِّينِ، مَدهَشَةٌ لِلعَقلِ، داعِيةٌ لِلمَقت.

(۵) (اپنے بیٹے محمد بن حنفیہ سے فرمایا) اے میرے بیٹے! میں تمہارے لئے فقر و فاقہ سے خوفزدہ ہوں لہٰذا تم اس سے خدا کی درگاہ میں پناہ حاصل کرو اس لئے کہ ناداری دین میں نقص و کمی کا سبب ہوتی ہے، عقل کے لئے تشویش و پریشانی اور لوگوں کی نفرت کا باعث ہے۔

٦ ـ إنّ اللهَ سُبحانَهُ فَرَضَ في أَموالِ الأَغنياءِ أقواتَ الفُقَراءِ، فَما جاعَ فَقيرٌ إلّا بِما مُتِّعَ بِهِ غَنيٌّ، وَاللهُ تَعالىٰ سائِلُهُم عنَ ذلك.

(۶) اللہ سبحانہ نے دولت مندوں کے مال میں فقیروں کی خوراکیں مقرر کی ہیں لہٰذا اگر کوئی فقیر بھوکا رہتا ہے تو اس لئے کہ دولت مند نے اس کے حصہ کو سمیٹ لیا ہے اور خداوند متعال ان سے اس کے بارے میں سوال کرنے والا ہے۔

٧ ـ الغِنىٰ في الغُربَةِ وَطَنٌ، والفَقرُ في الوَطَنِ غُربَةٌ.

(۷) دولت کے ہوتے ہوئے پردیس بھی وطن ہوتا ہے اور مفلسی کے عالم میں اپنا وطن بھی پردیس کی طرح ہو جاتا ہے۔

# [١٦٨]
# الفُرقة = تفرقہ

١ ـ ألزَمُوا السَّوادَ الاعظَمَ فإنّ يَدَ اللهِ مع الجَماعَةِ و إيّاكُم و الفُرقَةَ فإنّ الشاذَّ مِن النّاسِ للشَّيطانِ كما أنّ الشاذَّ مِن الغَنَمِ لِلذِئب.

(۱) اے لوگو! امت کے بڑے حصے کے پابند رہو بلاشبہ اللہ کی حمایت، جماعت کے ساتھ ہے، تفرقہ سے دور رہو کیونکہ لوگوں سے الگ تھلگ رہنے والا شیطان کے لئے اسی طرح ہوتا ہے جیسے گلے سے الگ ہو جانے والی بھیڑ، بھیڑئے کے لئے ہوا کرتی ہے۔

٢ ـ [إنّ الشيطان] يُعطِيكُم بالجماعَةِ الفُرقَةَ و بالفُرقَةِ الفِتنَة.

(۲) شیطان تمہارے مستحکم اجتماعات میں تفرقہ ڈال دیتا ہے اور تفرقہ کے ذریعہ فتنہ و فساد پیدا کر دیتا ہے۔

٣ ـ إيّاكم و التَّلَوُّنَ فى دينِ الله فإنّ جَماعَةً فيما تَكرَهُونَ مِن الحقِّ خَيرٌ مِن فُرقَةٍ فيما تُحِبُّونَ مِن الباطِلِ و إنّ الله سُبحانَه لم يُعطِ أحداً بِفُرقَةٍ خيراً مِمَّن مَضىٰ ولا مِمَّن بَقِيَ.

(۳) دین خدا میں تلون مزاجی سے پرہیز کرو اس لئے کہ حق کی راہ میں اتحاد و یکجہتی اگرچہ تمھیں ناپسند ہو مگر پھر بھی اس اختلاف و پراکندگی سے بہتر ہوتی ہے جو باطل کی راہ میں تمھیں پسند ہو۔ بتحقیق اللہ سبحانہ و تعالی نے اگلوں اور پچھلوں میں سے کسی کو بھی تفرقہ کی حالت میں کوئی بھلائی نہیں دی۔

٤ ـ [وصّى بها حَيثُ بَعَثَه الى العَدُوِّ] إيّاكُم و التَّفَرُّقَ فإذا نَزَلتُم فَأنزِلُوا جميعاً و إذا ارتَحَلتُم فارتَحِلُوا جميعاً.

(۴) (دشمن کی طرف بھیجتے وقت آپ نے ایک سپاہی کو نصیحت کی) تفرقہ اور اختلاف سے پرہیز کرو، جب منزل اختیار کرنا چاہو تو ایک ہی جگہ اترو اور جب کوچ کرنا چاہو تو سب ایک ساتھ کوچ کرو۔

٥ ـ كَدَرُ الجَماعَةِ خَيرٌ مِن صَفوِ الفُرقَة.

(۵) جماعت کے ساتھ ہوتے ہوئے کدورت تفرقہ اور جدائی کے ساتھ صاف دلی سے بہتر ہے۔

٦ ـ الفُرقَةُ أَهلُ الباطِلِ وَإن كَثُرُوا، وَالجَماعَةُ أَهلُ الحقِّ وَإن قَلُّوا.

(۶) تفرقہ اہل باطل کا شیوہ ہے بھلے ہی وہ کتنے ہی زیادہ ہوں اور اتحاد و ہماہنگی اہل حق کا طریقہ ہے اگرچہ وہ کم ہی کیوں نہ ہوں۔

٧ ـ الجَماعَةُ ـ وَاللهِ ـ مُجامَعَةُ أَهلِ الحقِّ وَإن قَلُّوا، وَالفُرقَةُ مُجامَعَةُ أَهلِ الباطِلِ وَإن كَثُرُوا.

(۷) خدا کی قسم جماعت اہل حق کا محل اجتماع ہے اگرچہ وہ کم ہوں اور اختلاف اہل باطل کا محل اجتماع ہے اگرچہ وہ زیادہ ہوں۔

٨ ـ أَلزِمُوا الجَماعَةَ، وَاجتَنِبُوا الفُرقَة.

(۸) جماعت کے پابند رہو اور تفرقہ سے اجتناب کرو۔

## [١٦٧]

# الفرصة = فرصت

١ ـ إضاعَةُ الفُرصَةِ غُصَّةٌ.

(۱) فرصت کا ضائع کرنا رنج و غصہ کا باعث ہوتا ہے۔

٢ ـ مِنَ الخُرقِ المُعاجَلةُ قَبلَ الإمكانِ، وَالأناةُ بَعدَ الفُرصَة.

(۲) امکان پیدا ہونے سے پہلے کسی کام میں جلدبازی کرنا اور فرصت پہنچنے پر دیر کرنا حماقت ہے۔

٣ ـ قُرِنَتِ الهَيبَةُ بِالخَيبَةِ، و الحياءُ بِالحِرمانِ وَالفُرصَةُ تَمُرُّ مَرَّ السَّحابِ، فَانتَهِزُوا فُرَصَ الخَيرِ.

(۳) خوف و ہراس کا نتیجہ ناکامی اور شرم ہے اور شرم کا نتیجہ محرومی ہے اور فرصت کی گھڑیاں (تیز رو) بادل کی طرح گزر جاتی ہیں لہذا نیک کام کے موقعوں کو غنیمت جانو۔

٤ ـ بادِرِ الفُرصَةَ قَبلَ أَن تَكُونَ غُصَّةً.

(۴) فرصت کی طرف جلدی کرو قبل اسکے کہ وہ غصہ میں بدل جائے

٥ ـ الفُرصَةُ سَريعةُ الفَوتِ، بَطيئَةُ العَود.

(۵) فرصت جلدی ہی ختم ہوتی ہے اور دیر میں واپس آتی ہے۔

٦ ـ الفُرصَةُ خُلسَةٌ.

(۶) فرصت ہاتھ سے نکل جانے والی ہے۔

٧ ـ التَثَبُّتُ خَيرٌ مِنَ العَجَلَةِ إلّا في فُرَصِ الخَيرِ.

(۷) ہر کام میں آہستگی، عجلت سے بہتر ہوتی ہے جز نیک کاموں کی فرصتوں کے۔

٨ ـ بادِرِ البِرَّ، فَإِنَّ أعمالَ البِرِّ فُرصَةٌ.

(۸) نیک کام کی طرف شتابی کرو کیونکہ نیک اعمال موقع غنیمت ہوتے ہیں۔

٩ ـ لَيسَ كُلُّ فُرصَةٍ تُصاب.

(۹) ہر فرصت ہاتھ میں آنے والی نہیں ہے۔

١٠ ـ مَن قَعَدَ عَنِ الفُرصَةِ أَعجَزَهُ الفَوت.

(۱۰) جو فرصت کے موقع پر بےعمل بیٹھ جائے گا تو فرصت کا گزر جانا اسے عاجز کر دے گا۔

١١ ـ مَن أَخَّرَ الفُرصَةَ عَن وَقتِها، فَليَكُن عَلىٰ ثِقَةٍ مِن فَوتِها.

(۱۱) جو فرصت سے بروقت فائدہ حاصل نہ کرے وہ اس کے چھوٹ جانے کا اطمینان رکھے۔

١٢ ـ أفضَلُ الرَأيِ ما لَم يُفِتِ الفُرَصَ، وَلَم يُورِثِ الغُصَص.

(۱۲) رائے اس وقت تک بہترین ہوتی ہے جب تک اس سے فرصتیں نہ چھوٹنے پائیں اور وہ غم و غصہ کی باعث نہ بنے۔

[١٦٦]

# الفخر = ناز و فخر

١ ـ ما لِابنِ آدمَ وَالفَخر، أَوَّلُهُ نُطفَةٌ، وآخِرهُ جِيفَةٌ، وَلا يَرزُقُ نفسَهُ، ولا يَدفَعُ حَتفَه.

(۱) آدم کی اولاد کو کس بات کا فخر ہے جب کہ اس کی ابتدا نطفہ اور انتہام دار ہے وہ نہ اپنے لئے روزی مہیا کر سکتا ہے اور نہ ہی اپنی موت کو ٹال سکتا ہے۔

٢ ـ ضَع فَخرَكَ و احطُط كِبرَكَ و اذكُر قَبرَكَ.

(۲) اپنے فخر کو نیچا کرو، اپنے تکبر کو گرادو اور اپنی قبر کو یاد رکھو۔

٣ ـ [الشيطان] إعتَرَضَهُ الحَميَّة فَافتَخَرَ على آدَمَ بِخَلقِهِ و تَعَصَّبَ عليه لِأَصلِه.

(۳) (شیطان پر) حمیت نے غلبہ پالیا تو اس نے اپنی خلقت کے لئے آدم پر فخر کیا اور اپنی اصلیت کی وجہ سے جناب آدم سے تعصب کیا۔

٤ ـ اللهَ اللهَ في كِبرِ الحَميَّةِ و فَخرِ الجاهِليَّة.

(۴) اللہ اللہ --- حمیت کا تکبر اور جاہلیت کا فخر کتنا برا ہے!

٥ ـ إنّ مِن اسخَفِ حالاتِ الوُلاةِ عِندَ صالِحِ النّاس أن يُظَنَّ بِهِم حُبُّ الفَخرِ و يُوضَعَ أمرُهُم على الكِبرِ.

(۵) نیک بندوں کے لئے فرمان رواؤں کی ذلیل ترین حالات یہ ہے کہ ان کے متعلق گمان ہونے لگے کہ وہ فخر و سربلندی کو درست رکھتے ہیں اور ان کے حالات کبر و غرور پر محمول ہونے لگے ہوں۔

٦ ـ لا تَهضِمَنَّ مَحاسِنَكَ بِالفَخرِ وَالتَكبُّرِ.

(۶) اپنی خوبیوں اور نیکیوں کو تفاخر اور تکبر کے ذریعہ نابود نہ کرو۔

٧ ـ أَكبَرُ الفَخرِ أن لا تَفخَرَ.

(۷) سب سے بڑا افتخار یہ ہے کہ فخر نہ کرو۔

٨ ـ الشيءُ الّذي لا يَحسُنُ أن يُقالَ ـ وَإن كانَ حَقّاً ـ مَدحُ الإنسانِ نَفسَه.

(۸) وہ چیز جس کا کہنا مناسب نہیں ہے ___ اگر چہ حق ہی کیوں نہ ہو ___ انسان کی خود اپنی تعریف و مدح ہے۔

٩ ـ أَقبحُ الصِّدقِ ثَناءُ المَرءِ عَلى نَفسِه.

(۹) بد ترین سچائی یہ ہے کہ آدمی خود اپنی ہی تعریف کرنے لگے۔

١٠ ـ الافتِخارُ مِن صِغَرِ الأَقدار.

(۱۰) فخر قدر و منزلت کی پستی میں شمار ہوتا ہے۔

١١ ـ آفَةُ الرِئاسَةِ الفَخر.

(۱۱) سرپرستی اور حکومت کی آفت خود پر ناز کرنا ہے۔

١٢ ـ إقمَعُوا نَواجِمَ الفَخرِ وَاقلَعُوا لَوامِعَ الكِبرِ.

(۱۲) فخر کے ستاروں کو پھینک دو اور تکبر کی چمک دمک کو نوچ ڈالو

١٣ ـ لا جَهلَ أعظَمُ مِنَ الفَخر.

(۱۳) فخر کرنے سے بڑھ کر کوئی جہالت نہیں۔

[ ١٦٥ ]

# الفُحش = گالی بری بات

١ ـ [ المتّقي ] يعفو عمَّن ظَلَمَهُ و يُعطِي مَن حَرَمَهُ، و يَصِلُ مَن قَطَعَهُ، بَعيداً فُحشُهُ و لَيِّناً قَولُه، غائِباً مُنكَرُهُ، حاضِراً مَعرُوفُه.

(۱) پرہیزگار وہ ہے جو اپنے اوپر ظلم کرنے والے کو بخش دے اور جس نے اسے محروم رکھا ہو اسے عطا کرے اور جو اس کے ساتھ ربط ضبط منقطع کرے اس کے ساتھ بھی تعلقات برقرار رکھے اور گالی سے دور رہے ۔ اس کی بات نرم ہوتی ہے اور اس کی برائیاں مخفی ہوتی ہیں مگر اس کی نیکیاں سب کو معلوم رہتی ہیں۔

٢ ـ [ يا بُنيّ ] اَحيِ قَلبَكَ بالمَوعِظَةَ . . . و حَذِّرهُ صَولَةَ الدَّهرِ و فُحشَ تَقَلُّبِ اللَّيالي و الأيّام.

(۲) اے میرے فرزند اپنے دل کو پند و نصیحت کے ذریعہ زندہ کرو ۔۔۔ اسے زمانہ کے قہر و غلبہ سے بچاؤ اور دن رات کے تہ و بالا ہونے میں جو سختیاں پیدا ہو جائیں ان سے اپنے آپ کو دور رکھو۔

٣ ـ ظُلمُ الضَّعيفِ أفحَشُ الظُّلم.

(۳) کمزور پر ظلم کرنا بدترین ظلم ہے۔

٤ ـ الفاحِشَةُ كَاسِمِها.

(۴) برا کام اس کے نام کی طرح برا ہوتا ہے۔

٥ ـ إيّاكُم وَالفُحشَ، فَإنَّ اللهَ لا يُحِبُّ الفُحش.

(۵) گالی سے دور ہو کہ یہ اللہ کو سخت ناپسند ہے۔

٦ ـ مَن سَمِعَ بِفاحِشَةٍ فَأَبدَاها كانَ كَمَن أَتاها.

(۶) جو کسی بری بات کو سننے کے بعد اسے دہراتا ہے وہ اس کے کہنے والے کی طرح ہوتا ہے۔

٧ ـ إحذَر فُحشَ القَولِ والكِذبَ، فَإنَّهُما يُزرِيانِ بِالقائِل.

(۷) بد کلامی اور جھوٹ سے خود کو بچائے رکھو اس لئے کہ یہ دونوں (صفتیں) اپنے فاعل کو خوار و معیوب کر دیتی ہیں۔

٨ ـ أَسفَهُ السُّفَهاءِ المُتَبَجِّحُ بِفُحشِ الكَلام.

(۸) سب سے زیادہ احمق و نادان وہ ہے جو بد کلامی اور گالی دینے پر فخر کرے۔

٩ ـ مَن أفحَشَ شَفىٰ حُسّادَه.

(۹) گالی دینے والا اپنے حاسدوں کے مرض (حسد) کو شفا عطا کرتا ہے۔

١٠ ـ مَا أَفحَشَ حَليمٌ.

(۱۰) بردبار شخص کبھی گالی نہیں دے گا۔

٧ ـ شَرُّ الدُّنيا و الآخِرضة في خـضصلَتينِ: الفَقرُ، والفُجُور.
(۷) دنیا اور آخرت کی ساری برائی دو چیزوں میں ہے : ناداری اور بد کاری۔

٨ ـ إنَّ الكِذبَ يَهدِي إلَى الفُجُورِ، وَالفُجورَ يَهدي إلى النّار.
(۸) بتحقیق جھوٹ انسان کو بد کرداری کی طرف لے جاتا ہے اور بد کرداری آدمی کو جہنم میں پہنچا دیتی ہے۔

٩ ـ مَوتُ الأَبرارِ راحَـةٌ لِأَنـفُسِهِم، وَمَـوتُ الفُجّارِ راحَةٌ لِلعالَمِ.
(۹) نیک افراد کی موت ان کے لئے راحت و آسائش ہے اور بد کرداروں کی موت پوری دنیا کے لئے راحت و آسائش ہے۔

١٠ ـ مَن أَمَّلَ فاجِراً كانَ أدنىٰ عُقُوبَتِه الحِرمان.
(۱۰) جو فاجر سے امید لگاتا ہے اس کی سب سے کم سزا، محرومی ہوگی

١١ ـ إيّاكَ والمُجاهَرةَ بِالفُجُورِ، فَإنّها مِن أَشَدِّ المَآثِم.
(۱۱) فسق و فجور کے بر ملا اظہار سے بچو کیونکہ یہ بد ترین گناہوں میں سے ہے۔

١٢ ـ إنَّ الفُجّارَ كُلُّ ظَلُومٍ خَتُورٍ.
(۱۲) بلاشبہ فاجر ہر بد کار و خبیث شخص ہے۔

١٣ ـ فِرُّوا كُلَّ الفِرارِ مِنَ الفاجِرِ الفاسِق.
(۱۳) فاجر و فاسق سے جتنا دور رہ سکتے ہو، دور رہو۔

١٤ ـ لا وِزرَ أَعظَمَ مِنَ التَبَجُّحِ بِالفُجور.
(۱۴) گناہوں پر فخر کرنے سے بڑا کوئی گناہ نہیں ہے۔

١٥ ـ قَطيعةُ الفاجِرِ غُنْمٌ.
(۱۵) بد کرداروں سے الگ رہنے میں (وغنیمت) بھلائی ہے۔

[١٦٤]

# الفُجور = فجور

١ ـ يأتِي عَلى الناسِ زَمانٌ لا يُقَرَّبُ فيهِ إلّا الماحِلُ، ولا يُظَرَّفُ فِيه إلّا الفاجرُ، ولا يُضَعَّفُ فِيه إلّا المُنصِف، يَعُدُّونَ الصَدَقَةَ فيه غُرماً و صِلةَ الرَّحِمِ مَنّاً و العبادَة إستطالةً علىٰ النّاسِ فعندَ ذلك يكونُ السلطانُ بمشورةِ الإماء (النساء) و امارةِ الصبيان و تدبيرِ الخِصيان.

(۱) لوگوں پر ایسا وقت آنے والا ہے جب صرف بدترین و مکار دشمن ہی مقرب ہوگا اور فاجر ہی کو ظریف سمجھا جائے گا، صرف منصف و انصاف پسند افراد ہی کمزور کئے جائیں گے اس وقت صدقہ، نقصان و گھاٹا سمجھا جائے گا اور رشتہ داروں سے میل جول کو (ان پر) احسان سمجھا جائے گا اور عبادت کو لوگوں پر فخر و بڑائی کا ذریعہ سمجھا جائے گا ایسے زمانہ میں حکومت کا دارومدار عورتوں کے مشوروں، بچوں کی فرمان روائی اور خواجہ سراؤں کی تدبیر و رائے پر ہوگا۔

٢ ـ أَنَا يَعسُوبُ المؤمِنينَ، والمالُ يَعسوبُ الفُجّار.

(۲) میں مومنین کی خوش حالی چاہنے والا امیر ہوں اور بدکرداروں کا امیر مال و دولت ہے۔

٣ ـ يا بُنَيَّ، إيّاكَ وَمُصادَقَةَ الفاجِرِ، فإنّهُ يَبيعُكَ بِالتافَه.

(۳) اے بیٹے! کبھی کسی بدکردار کے ساتھ دوستی نہ کرو اس لئے کہ وہ کوڑیوں کے دام تمھیں بیچ ڈالے گا۔

٤ ـ ليسَ معَ الفُجُورِ نَماءٌ.

(۴) گناہ اور اللہ کی مخالفت میں کبھی رشد و فائدہ نہیں ہے۔

٥ ـ لا تُؤاخِ الفاجِرَ، فإنّهُ يُزَيِّنُ لَكَ فِعلَهُ، وَيُحِبُّ لَو أنّكَ مِثلُهُ، ويُزَيِّنُ لَكَ أسوَأَ خِصالِهِ، ومَدخَلُهُ عليكَ ومَخرجُهُ مِن عِندِكَ شَينٌ وعارٌ.

(۵) گنہ گار اور فاجر کے ساتھ دوستی نہ کرو اس لئے کہ وہ اپنا فعل تمہارے لئے صحیح ثابت کردے گا اور یہ چاہے گا کہ تم بھی اسی کی طرح رہو وہ اپنی بری صفتوں کو اچھے الفاظ میں آراستہ کردے گا اس کی رفت و آمد تمہارے لئے ننگ و عار ہے۔

٦ ـ يا بُنَيَّ، ليسَ معَ قَطيعةِ الرَّحِمِ نَماءٌ، و لا مَعَ الفُجورِ غِنىً.

(۶) اے میرے فرزند! اعزاء و اقرباء سے اچھے روابط کو ختم کرنے میں رشد و فائدہ نہیں ہے اور فسق و فجور میں بے نیازی نہیں ہے۔

٦ـ إنَّ مِن وَرائِكُم فِتَناً عَمياً مُظلِمَةً، لا يَنجُو مِنها إلّا النُّوَمَةُ، قِيلَ: يا أميرَ المؤمنينَ، وَما النُّوَمةُ؟ قالَ: الّذي يَعرِفُ النّاسَ ولا يَعرفونَه.

(۶) بتحقیق تمہارے بعد اندھے اور تاریک فتنے اٹھیں گے (جو سب کو اپنی لپیٹ میں لے لیں گے) ان فتنوں سے "النومۃ" کے علاوہ اور کوئی نجات نہیں پائے گا آپ سے پوچھا گیا "یاامیرالمومنین "النومۃ" کیا ہے؟" تو آپ نے فرمایا "وہ شخص جو لوگوں کو تو پہچانے مگر لوگ اسے نہ پہچانیں۔

٧ـ وَقالَ عليه السلام عِندَ ذِكرِ الفِتَنِ وآخِرِ الزَمانِ: خَيرُ ذلِكَ الزمانُ كُلُّ مُؤمِنٍ نُوَمَةٍ.

(۷) جب فتنوں، اور آخری زمانے کی بات ہو رہی تھی تو امام علیہ السلام نے فرمایا "بہترین آدمی اس زمانے میں وہ مومن ہو گا جو "النومۃ" ہو۔

٨ـ الهَوىٰ مَطِيَّةُ الفِتنَة.

(۸) نفس کی خواہشات فتنہ کی سواری ہے۔

٩ـ ذَكَرَ فِتَناً تكُونُ فِي آخِرِ الزَمانِ، فَقيلَ: مَتىٰ ذلِكَ؟ قالَ عليه السلام: إذا تُفُقِّهَ لِغَيرِ الدِّينِ، وتُعُلِّمَ العِلمُ لِغَيرِ العَمَلِ، و التُمِسَتِ الدُّنيا بِعَمَلِ الآخِرة.

(۹) امام علیہ السلام آخری زمانے میں ہونے والے فتنوں کا تذکرہ کر رہے تھے تو پوچھا گیا "وہ کس وقت ہو گا؟" تو آپ نے فرمایا "جب دین کے علاوہ دوسری چیزوں میں سوجھ بوجھ کی جائے گی، عمل نہ کرنے کے لئے علم حاصل کیا جائے گا اور آخرت کے اعمال کے ذریعے دنیا کی خواہش کی جائے گی۔"

١٠ـ مِن أَعظَمِ المِحَنِ دَوامُ الفِتَن.

(۱۰) فتنہ فساد کا جاری رہنا سب سے عظیم مصیبت اور بلا ہے۔

١١ـ الفِتنَةُ مَقرونَةٌ بِالعَناء.

(۱۱) فتنہ رنج و غم کے ساتھ ہوتا ہے۔

١٢ـ قَد ـ لَعَمري ـ يَهلَكُ فِي لَهَبِ الفِتنَةِ المُؤمِنُ، ويَسلَمُ فِيها غَيرُ المُسلِم.

(۱۲) میری جان کی قسم (مستقبل میں) ایسے فتنے اٹھ کھڑے ہوں گے جن کی آگ میں مومن ہلاک ہوں گے اور غیر مسلم ان سے بچے رہیں گے۔

١٣ـ مَن شَبَّ نارَ الفِتنَةِ كانَ وَقُوداً لَها.

(۱۳) جو فتنہ و فساد کی آگ بھڑ کائے گا وہ خود اسی کا ایندھن بن جائے گا۔

١٤ـ ما كلُّ مَفتونٍ يُعاتَب.

(۱۴) ہر مفتون (یعنی جو آزمائش و ابتلا میں ہو) قابل ملامت اور سرزنش نہیں ہے۔

[١٦٣]

## الفتنة = فتنہ

١ ـ كُنْ في الفِتنَةِ كَابْنِ اللَّبُونِ، لا ظَهْرٌ فَيُرْكَبَ، وَلا ضَرعٌ فَيُحلَبَ.

(۱) فتنہ و فساد میں اونٹ کے دوسالہ بچے کی طرح رہو کہ نہ اس کی اتنی مضبوط) پیٹھ ہوتی ہے کہ اس پر سواری کی جا سکے اور نہ اس کے ایسا تھن ہوتا ہے جس سے دودھ دوہا جاسکے۔

٢ ـ لا يَقُولَنَّ أَحدُكُم: «اَللّهُمَّ إنِيّ أعوذُ بِكَ مِنَ الفِتنَةِ» لأَنَّهُ ليسَ أَحَدٌ إلّا وَهُوَ مُشتَمِلٌ عَلى فِتنَةٍ، وَلكِن مَن استعاذَ فَلْيَستَعِذ مِن مُضِلّاتِ الفِتَنِ، فَإنَّ اللهَ تَعالىٰ يَقولُ: ﴿ وَاعلَموا أَنّما أَموالُكُم وَأَولادُكُم فِتنَةٌ ﴾ وَمعنَىٰ ذٰلِكَ أنّهُ يَختَبِرُهُم بِالأَموالِ والأَولادِ لِيَتَبيَّنَ الساخِطُ لِرِزقِهِ والراضِيُ بِقِسمِهِ.

(۲) تم میں سے کوئی شخص ہرگز یہ نہ کہے "اے اللہ میں تجھ سے فتنہ و آزمائش سے پناہ چاہتا ہوں" اس لئے کہ ایسا کوئی نہیں ہے جو فتنے کی لپیٹ میں نہ ہو بلکہ اگر کوئی پناہ مانگے تو گمراہ کرنے والے فتنوں سے پناہ مانگے اس لئے کہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے "اس بات کو جان لو کہ تمہارا مال اور تمہاری اولاد فتنہ ہیں" اور اس کے معنی یہ ہیں کہ اللہ لوگوں کی آزمائش مال اور اولاد کے ذریعے کرتا ہے تاکہ یہ ظاہر ہو جائے کہ کون اپنی روزی پر ناراض ہے اور کون اپنی قسمت پر شاکر ہے۔

٣ ـ كَمْ مِن مُستدرَجٍ بِالإحسانِ إليهِ، وَمَغرورٍ بالسَّترِ عَليهِ، وَمَفتونٍ بِحُسنِ القَولِ فيه.

(۳) کتنے ایسے لوگ ہیں جنھیں نعمتیں دے کر رفتہ رفتہ عذاب کا مستحق بنایا جاتا ہے اور کتنے ہی لوگ ایسے ہیں جو اللہ کی طرف سے گناہوں کی پردہ پوشی سے دھوکا کھائے ہوئے ہیں اور کتنے ایسے ہیں جو اپنے بارے میں اچھے الفاظ سن کر بلا و آزمائش میں پڑ گئے۔

٤ ـ سَبُعٌ حَطُومٌ أَكولٌ خَيرٌ مِن وَالٍ غَشُومٍ ظَلُومٍ، و وَالٍ غَشومٌ ظَلومٌ خَيرٌ مِن فِتنَةٍ تَدُوم.

(۴) زیادہ کھانے والا درندہ جانور ایسے حاکم سے بہتر ہے جو بہت زیادہ ظلم و ستم کرنے والا ہو اور بہت ظلم کرنے والا حاکم ہمیشہ رہنے والے فتنہ و فساد سے بہتر ہے۔

٥ ـ مَن أَيقَظَ فِتنَةً فَهُوَ آكِلُها.

(۵) جو فتنہ کی آگ بھڑکائے گا وہ خود اس کی لپیٹ میں آجائے گا

## [١٦٢]
# الغَيرة = غیرت

١ ـ ما زَنىٰ غَيورٌ قطُّ.

٢ ـ غَيرَةُ المَرأَة كُفرٌ، وغَيرَةُ الرَجُلِ إيمانٌ.

٣ ـ عِفَّة الرَجُلِ عَلى قَدرِ غَيرَتِه.

٤ ـ إيّاكَ وَالتَغايُرَ في غَيرِ مَوضِعِ غَيرَةٍ، فَإنَّ ذلِكَ يَدعُو الصَحِيحَةَ الَى السَّقمِ، والبَرِيئَةَ إلى الرِّيب.

٥ ـ غَيرَةُ الرَجُلِ عَلى قَدرِ أَنَفتِه.

٦ ـ عَلى قدرِ الحَمِيَّةِ تكونُ الغَيرة.

٧ ـ شَجاعَةُ الرجُلِ على قَدرِ هِمَّتِهِ و غَـيرَتُهُ علىٰ قَدرِ حَمِيَّته.

٨ ـ غَيرَةُ المؤمِنِ بِاللهِ سُبحانه.

(۱) غیرت مند انسان کبھی زنا نہیں کرتا۔

(۲) عورت کی غیرت کفر ہے اور مرد کی غیرت ایمان۔[۱]

(۳) مرد کی پاکدامنی اس کی غیرت کی مقدار جتنی ہی ہوگی۔

(۴) تمھیں چاہیے کہ ایسی جگہ غیرت کرنے سے پرہیز کرو جو اظہار غیرت کا مقام نہ ہو اس لئے کہ اس بدگمانی سے نیک چلن اور باعفت عورت بد کرداری اور شک و شبہ کے راستہ پر چل نکلے گی۔

(۵) مرد کی غیرت اس کے غرور و عزت نفس کے برابر ہوتی ہے۔

(۶) حمیت اور مردانگی کے برابر ہی غیرت ہوتی ہے۔

(۷) آدمی کی شجاعت اس کی ہمت کے برابر ہوگی اور اس کی غیرت اس کی شرم و حیا کے جتنی ہی ہوگی۔

(۸) مومن کی غیرت خدائے سبحانہ کے لئے ہوتی ہیں۔

---

[۱] یعنی اگر عورت یہ برداشت نہ کرے کہ اس کا شوہر دوسری عورت سے گفتگو کرے بھلے ہی وہ اس کی بیوی ہو تو یہ کفر ہے اس کے برعکس اگر کوئی مرد اپنی عورتوں سے دوسرے افراد کے تعلقات کو ناپسند کرتا ہے تو یہ اس کی غیرت ایمان کا تقاضہ ہوتا ہے۔ لہذا یہاں غیرت کے معنی: اپنی بیوی سے کسی غیر کے تعلقات برداشت نہ کرنا ہے چاہے ان کی نوعیت کیسی بھی ہو البتہ اگلی حدیث میں اس طرح کی غیرت سے منع کیا گیا ہے۔

[ ١٦١ ]

# الغَيبَة = غیبت

١ ـ الغَيبَةُ جُهدُ العاجِز.

(۱) غیبت عاجزوں کا انتقام ہے۔

٢ ـ السّامِعُ لِلغيبةِ أَحَدُ المُغتابِين.

(۲) غیبت سننے والا غیبت کرنے والوں میں محسوب ہوتا ہے۔

٣ ـ الغَدرُ ذُلٌّ حاضِرٌ، وَالغَيبةُ لُؤمٌ باطِنٌ.

(۳) بے وفائی اور غداری ظاہری ذلت ہے اور غیبت باطنی پستی ہے

٤ ـ الغَيبةُ رَبيعُ اللِئام.

(۴) غیبت پست اور کمینوں کی بہار ہے۔

٥ ـ الغَيبةُ آيَةُ المُنافِق.

(۵) غیبت منافق کی نشانی ہے۔

٦ ـ الفاسِقُ لا غَيبَةَ لَه.

(۶) فاسق کی کوئی غیبت نہیں ہے۔

٧ ـ العاقِلُ مَن صانَ لِسانَهُ عَنِ الغَيبَة.

(۷) عاقل وہ ہے جو اپنی زبان کو غیبت سے محفوظ رکھے۔

٨ ـ الغَيبةُ قُوتُ كِلابِ النّار.

(۸) غیبت دوزخ کے کتوں کی خوراک ہے۔

٩ ـ إيّاكَ والغَيبةَ، فإنّها تَمْـقُتُكَ إلى النـاسِ، وتُحبِطُ أَجرَك.

(۹) تم پر واجب ہے کہ غیبت سے پرہیز کرو کیونکہ غیبت لوگوں کو تمہاری دشمنی پر آمادہ کرتی ہے اور تمہارے اجر کو برباد کر دیتی ہے۔

١٠ ـ أَبغَضُ الخَلائِقِ إلى اللهِ المُغتاب.

(۱۰) خدا کے نزدیک سب سے زیادہ دشمن، غیبت کرنے والا ہوتا ہے۔

١١ ـ مِن أَقبَحِ اللُّومِ غَيبَةُ الأَخيار.

(۱۱) قبیح ترین پستی یہ ہے کہ نیک لوگوں کی غیبت کی جائے۔

١٢ ـ لا تُعَوِّد نَفسَكَ الغِـيبة، فـإنّ مُـعتادَها عظيمُ الجُرم.

(۱۲) اپنے نفس کو غیبت کا عادی مت بناؤ اس لئے کہ غیبت کا عادی عظیم گناہوں میں مبتلا ہوتا ہے۔

[ ١٦٠ ]

# الغَيّ = گمراہی

١ ـ كَفاكَ مِن عَقلِك ما أوضَحَ لك سُبُلَ غَيِّك مِن رُشدِك.

(۱) تمہاری عقل کے لئے یہی کافی ہے کہ وہ گمراہی کے راستوں کو صحیح اور درست راستوں سے الگ کر دے۔

٢ ـ أكبَرُ الغَيِّ أَن تَعيبَ رَجُلاً بِما فِيكَ، وَأَن تُؤذِيَ جَليسَكَ بِما هُوَ فِيهِ عَبَثاً به.

(۲) سب سے بڑی گمراہی یہ ہے کہ جو صفت تمہارے اندر موجود ہو تم اس کو دوسروں کے لئے عیب سمجھو اور اپنے ہم نشین کو صرف اس لئے اذیت دو کہ اس نے ایک عبث اور بے ہودہ کام کر دیا۔

٣ ـ ما نَجا مَن نَجا بِغَيِّه.

(۳) جو اپنی گمراہی کے ذریعہ نجات کی تلاش کرے وہ نجات نہیں پا سکتا۔

٤ ـ قِيلَ لَهُ عليه السلام: فَأيُّ الناسِ أكيَسُ؟ قَال عليه السلام: مَن أَبصَرَ رُشدَهُ مِن غَيِّه.

(۴) حضرت امیر المومنین علیہ السلام سے پوچھا گیا۔"لوگوں میں سب سے زیادہ چالاک کون ہے؟"تو آپ نے فرمایا"جو صحیح راستوں کو گمراہی کے راستوں سے پہچاننے میں دوسروں سے زیادہ بصیرت رکھتا ہو۔

٥ ـ أَسوَءُ شَيءٍ عاقِبَةً الغَيُّ.

(۵) سب سے بد ترشئے گمراہی انجام ہے۔

٦ ـ وَيلٌ لِمَن تَمادىٰ في غَيِّهِ، وَلَم يَفِ الى الرُّشد.

(۶) برا ہو اس شخص کا جو گمراہیوں میں اس طرح بڑھتا چلا جائے کہ ہدایت کی طرف نہ پلٹ پائے

٧ ـ لا وَرَعَ مَعَ غَيٍّ.

(۷) گمراہی کے ساتھ کوئی تقوی اور پارسائی نہیں۔

٨ ـ إنّ أسوَءَ المَعاصي مَغَبَّةُ الغَيّ.

(۸) بد ترین گناہ یہ ہے کہ گمراہی کی اطاعت کی جائے۔

٩ ـ إنّك لَن تَلِجَ الجَنَّةَ حتّى تَزدَجِرَ عَن غَيِّك و تَنتَهِيَ و تَرتَدِعَ عَن مَعاصِيك و ترعَوى.

(۹) تم اس وقت تک جنت کی پناہ میں نہیں جا سکتے جب تک تم اپنی گمراہی سے دور ہو کر معصیت سے اپنے آپ کو روک نہ لوگے

١٠ ـ في طاعَةِ النَّفسِ غَيُّها.

(۱۰) نفس کی پیروی میں اس کی گمراہی ہے۔

١١ ـ مَن سَرَّهُ الغِنیٰ بِلا مالٍ فَلیَتَّقِ اللهَ.

(۱۱) جس کو بغیر مال کے اس کی بے نیازی خوش حال کردے تو اسے خدا کا خوف کرنا چاہیے۔

١٢ ـ لَیسَ مَعَ الفُجُورِ غِنیٰ.

(۱۲) فسق و فجور کے ساتھ دولت مندی نہیں۔

١٣ ـ خَرجَ العِزُّ والغِنیٰ یَجُولانِ، فَلَقیا القناعةَ فَاستَقرّا.

(۱۳) عزت اور ثروت باہر نکل کر گردش کرنے لگیں مگر جب ان کی ملاقات قناعت سے ہو گئی تو وہ پر سکون ہو گئیں۔

١٤ ـ خَیرُ الدُّنیا وَالآخِرَةِ فِي خَصلَتَینِ: الغِنیٰ، وَالتُّقیٰ. و شَرُّ الدُّنیا و الآخرة فی خَصلَتَینِ: الفقرُ و الفُجُور.

(۱۴) دنیا و آخرت کی بھلائی دو خصلتوں میں ہے: دولت مندی اور پرہیز گاری، اور دنیا و آخرت کی برائی بھی دو چیزوں میں ہے نا داری اور گناہ۔

١٥ ـ الغِنیٰ بِغیرِ اللهِ أَعظمُ الفَقرِ والشَّقاءِ.

(۱۵) مال و ثروت خدا کی طرف توجہ کے بغیر (دولت مندی نہیں بلکہ) سب سے بڑی ناداری ہے۔

١٦ ـ الغِنیٰ عَنِ المُلوكِ أَفضَلُ مُلكٍ.

(۱۶) بہترین سلطنت (و حکومت) یہ ہے کہ انسان بادشاہوں سے بے نیاز رہے۔

١٧ ـ الغِنیٰ والفقرُ یَکشِفانِ جَواهِرَ الرِجالِ وأَوصافَها.

(۱۷) تونگری اور فقیری مردوں کے جوہروں اور اوصاف کو ظاہر کر دیتے ہیں۔

١٨ ـ إظهارُ الغِنیٰ مِنَ الشُکر.

(۱۸) تونگری کا اظہار شکر کے ذریعے ہوتا ہے۔

١٩ ـ الغِنیٰ یُسَوِّدُ غَیرَ السَّیِّد.

(۱۹) دولت سردار نہ ہونے پر بھی سرداری عطا کر دیتی ہے۔

٢٠ ـ اِستَعِیذوا بِاللهِ مِن سَکرَةِ الغِنیٰ، فإنَّ لَهُ سَکرَةً بَعیدةَ الإفاقة.

(۲۰) مال و دولت کی مستی سے خدا کی بارگاہ میں پناہ حاصل کرو اس لئے کہ اس کی مستی سے بہت دیر میں افاقہ ہوتا ہے۔

٢١ ـ شَیئانِ لا یَعرِفُ قَدرَهُما إلّا مَن سُلِبَهُما: الغِنیٰ، وَالقُدرَة.

(۲۱) دو چیزوں کی قدر و قیمت وہی لوگ جانتے ہیں جن سے یہ دونوں چھین لی جاتی ہیں دولت اور طاقت۔

٢٢ ـ قَلیلٌ مِنَ الأَغنیاءِ مَن یُواسِي وَیُسعِف.

(۲۲) بہت کم ہیں ایسے اغنیاء جو دوسروں کی مدد کرتے ہیں اور اپنے مال سے ان کی حاجت پوری کرتے ہیں۔

٢٣ ـ مَن استَغنیٰ عَنِ النّاسِ أَغناهُ اللهُ سُبحانه.

(۲۳) جو بھی لوگوں سے بے نیازی کا اظہار کرتا ہے اللہ اسے دولت مند و بے نیاز کر دیتا ہے۔

[ ۱۵۹ ]

# الغِنى = تونگری

١ ـ أشرفُ الغِنىٰ تَركُ المُنىٰ.

(۱) شریف ترین بے نیازی آرزوؤں کو ترک کرنا ہے۔

٢ ـ أغنىَ الغِنىٰ العَقل.

(۲) گرانقدر بے نیازی، عقل ہے۔

٣ ـ الغِنى الأكبَرُ اليأسُ عَمّا في أيدي النّاس.

(۳) سب سے بڑی دولت مندی (بے نیازی) یہ ہے کہ لوگوں کے پاس موجود اشیاء سے لو نہ لگاؤ۔

٤ ـ لا كَنزَ أغنىٰ مِنَ القَناعَة.

(۴) قناعت سے بہتر کوئی خزانہ نہیں۔

٥ ـ الغِنىٰ والفَقرُ بعدَ العَرضِ علَى الله.

(۵) تونگری اور ناداری (اعمال کو) خدا کے حضور پیش کرنے کے بعد معلوم ہو گی۔

٦ ـ إنّ اللهَ سُبحانَهُ فَرَضَ في أموالِ الأغنياءِ أقوات الفُقَراءِ، فَما جاعَ فَقيرٌ إلاّ بِما مُتِّعَ بِهِ غَنِيٌّ، وَاللهُ تَعالى سائِلُهُم عَن ذٰلِك.

(۶) خداوند عالم نے اغنیاء کے اموال میں فقراء کی خوراک فرض کی ہے پس کوئی فقی بھوکا نہیں رہے گا مگر یہ کہ اس کے حق سے اغنیاء بہرہ مند ہو رہے ہوں اور (اسی لئے) خداوند عالم اغنیاء سے ان کے مال کے بارے میں سوال کرے گا۔

٧ ـ الغِنىٰ في الغُربَةِ وَطَنٌ، وَالفقرُ في الوَطَنِ غُربَةٌ.

(۷) دولت مند کے لئے عالم مسافرت بھی وطن ہے اور فقیر کے لئے اس کا وطن بھی عالم مسافرت ہے۔

٨ ـ شارِكُوا الذي قد أقبَلَ عَلَيهِ الرِّزقُ، فَإنّهُ أخلَقُ لِلغِنىٰ، وَأجدَرُ بِإقبالِ الحَظِّ عَلَيه.

(۸) جس کی طرف فراخ روزی رخ کئے ہوئے ہو اس کے ساتھ شرکت کرو کیونکہ اس میں دولت حاصل کرنے کا زیادہ امکان ہے اور خوش نصیبی کی زیادہ امید ہے۔

٩ ـ إذا بَخِلَ الغَنِيُّ بِمَعرُوفِهِ باعَ الفَقِيرُ آخِرَتَهُ بِدُنياه.

(۹) جب دولت مند نیکی اور احسان کرنے میں بخل کرتا ہے تو فقیر اپنی آخرت کو دنیا کے بدلے بیچ ڈالتا ہے۔

١٠ ـ الحِرفَةُ مَعَ العِفّةِ خيرٌ مِنَ الغِنىٰ مَعَ الفُجُور.

(۱۰) عفت و پاکدامنی سے کسی کام میں مشغول ہونا گناہ کے ساتھ دولت مند ہونے سے بہتر ہے۔

٢٤ ـ الغَضَبُ شَرٌّ، إن أُطعتَهُ دمَّر.

(۲۴)غصہ مکمل شر ہے اگر تم نے اس کی پیروی کی تو یہ تمھیں تباہ و برباد کر دے گا۔

٢٥ ـ إنّكُم إن أطَعتُم سَورَةَ الغَضَبِ أورَدَتكُم مَوارِدَ العَطَب.

(۲۵)اگر تم نے غضب کی پیروی کی تو یہ تمھیں اور ہلاکت کی وادی میں لے جائے گا۔

٢٦ ـ أعدىٰ عَدُوٍّ لِلمَرءِ غَضَبُهُ وَشَهوَتُهُ، فَمَن مَلَكَها عَلَتْ دَرجتُهُ، وَبَلَغَ غَايَتَه.

(۲۶)انسان کا سب سے بڑا دشمن اس کا غصہ ہے اور اس کی نفسانی خواہشیں ہیں پس جس نے بھی (ان دونوں پر) غلبہ پالیا اس کا مقام بلند ہو جاتا ہے اور وہ اپنے مقاصد حاصل کر لیتا ہے۔

٢٧ ـ أَعظَمُ النّاسِ سُلطاناً عَلىٰ نَفسِهِ مَن قَمَعَ غَضَبَهُ، وَأَماتَ شَهوَتَه.

(۲۷)لوگوں میں سب سے زیادہ اپنے نفس پر وہ مسلط ہے جو اپنے غضب کو جڑ سے اکھاڑ پھینکے اور اپنی شہوت کو ختم کر دے۔

٢٨ ـ أَقدَرُ النّاسِ عَلى الصَوابِ مَن لَم يَغضِب.

(۲۸)لوگوں میں سب سے زیادہ صحیح راستے پر قدرت والا وہ شخص ہے جو غضب نہ کرے۔

٢٩ ـ أَحضَرُ الناسِ جَواباً مَن لَم يَغضِب.

(۲۹)سب سے زیادہ حاضر جواب وہ ہے جو غضب نہ کرے۔

٣٠ ـ إيّاكَ وَالغَضَبَ، فَاَوَّلُهُ جُنونٌ، وَآخِرُهُ نَدَمٌ.

(۳۰)غضب سے پرہیز کرو اس لئے کہ اس کا آغاز دیوانگی اور انجام پشیمانی ہے۔

٣١ ـ رأسُ الفَضائِلِ: مِلكُ الغَضَبِ، وإماتَةُ الشَهوَة.

(۳۱)نیکی اور تمام فضیلتوں کی اساس غصہ پر قابو پانا اور شہوت کو مارنا ہے۔

٣٢ ـ غَضَبُ المُلوكِ رَسُولُ المَوت.

(۳۲)بادشاہوں کا غضب موت کا پیغامبر ہوتا ہے۔

٣٣ ـ لا تَسْرَعَنَّ إلَى الغَضَبِ فيَتَسلَّطَ عَلَيكَ بِالعادَة.

(۳۳)کبھی غصہ کرنے میں جلدی مت کرو اس لئے کی غصہ عادت بن کر تمہاری گردن پر مسلط ہو جائے گا۔

٣٤ ـ لا يَغلِبَنَّ غَضَبُكَ حِلمَك.

(۳۴)مبادا تمہارا غصہ حلم و بردباری پر غالب آجائے۔

٣٥ ـ مَن غَلَبَ عَلَيهِ غَضَبُهُ وَشَهوَتُهُ فَهُو في حَيِّزِ البَهائِم.

(۳۵)جس پر اس کا غصہ و شہوت غالب آجائے وہ جانوروں کے زمرے میں داخل ہو جاتا ہے۔

٣٦ ـ مَن أَطلَقَ غَضَبَهُ تَعجَّلَ حَتفَه.

(۳۶)جو اپنے غضب کی مہار چھوڑ دیتا ہے اس کی موت جلدی ہی آجاتی ہے۔

١٠ ـ لا نَسَبَ أَوجَعُ مِنَ الغَضَب.
(۱۰) غصہ سے زیادہ بد تر کوئی اصل ونسب نہیں ہے۔

١١ ـ لا يُقَوِّمُ عِزُّ الغَضَبِ بِذِلّةِ الاعتِذار.
(۱۱) غضب (سے پہلے) کی عزت معذرت خواہی کی ذلت کے برابر نہیں ہو سکتی۔

١٢ ـ أوّلُ الغَضَبِ جُنونٌ، وآخِرُهُ نَدَمٌ.
(۱۲) غضب کی ابتداء دیوانگی اور اس کی انتہا پشیمانی ہے۔

١٣ ـ إذا أَردتَ أَن تُصادِقَ رَجُلاً فَأَغضِبهُ فَإِن أَنصفَكَ فِي غَضَبِهِ وإلاّ فَدَعه.
(۱۳) اگر کسی آدمی سے دوستی کرنا چاہتے ہو تو اس کو غصہ میں لا کر دیکھ لو اگر وہ غصہ کی حالت میں تمہارے ساتھ انصاف کرتا ہے تو وہ دوستی کے قابل ہے اور اگر انصاف سے پیش نہیں آتا تو اسے چھوڑ دو۔

١٤ ـ يُباعِدُكَ مِن غَضَبِ اللهِ أَلاّ تَغضَب.
(۱۴) غصہ نہ کرنے والا شخص اللہ کے غیظ و غضب سے دور رہتا ہے

١٥ ـ ليسَ الحِلمُ ما كانَ حالَ الرِضىٰ، بَلِ الحِلمُ ما كانَ حالَ الغَضَب.
(۱۵) بردباری اسے نہیں کہتے جو خوشی کے عالم میں ہو بلکہ بردباری وہ ہے جو غصہ کی حالت میں ہو۔

١٦ ـ الغَضَبُ يُثيرُ كامِنَ الحِقد.
(۱۶) غصہ چھپے ہوئے کینہ کو ظاہر کر دیتا ہے۔

١٧ ـ إذا غَضِبَ الكريمُ فَأَلِنْ لَهُ الكَلامَ، وإذا غَضِبَ اللَّئِيمُ فخُذ لَهُ العَصا.
(۱۷) جب کوئی کریم النفس انسان غصہ میں آئے تو اپنی گفتگو کا انداز نرم کر دو اور اگر کوئی کمینہ غصہ میں آئے تو لاٹھی سے اس کا مقابلہ کرو۔

١٨ ـ غَضَبُ العاقِلِ في فِعلِه، وَغَضَبُ الجاهِلِ في قَولِه.
(۱۸) عاقل کا غصہ اس کے عمل میں ظاہر ہوتا ہے اور جاہل کا غصہ اس کے قول میں۔

١٩ ـ الحُزنُ سُوءُ استِكانَةٍ والغَضَبُ لُؤمُ قُدرَةٍ.
(۱۹) غم واندوہ برا فروتنی و زاری ہے اور غصہ طاقت کی پستی ہے۔

٢٠ ـ مِن أفضلِ أعمالِ البِرِّ: الجُودُ فِي العُسَر، والصِدقُ فِي الغَضَبِ، والعَفوُ عِندَ القُدرَة.
(۲۰) نیکیوں میں سے بہترین نیکی تنگ دستی میں بخشش، غصہ میں سچ اور (انتقام پر) طاقت رکھتے ہوئے معاف کر دینا ہے۔

٢١ ـ الغَضَبُ يُردِي صاحِبَهُ، ويُبدِي مَعايِبَه.
(۲۱) غصہ، غصہ کرنے والے کو پست اور اس کے عیوب کو ظاہر کر دیتا ہے

٢٢ ـ الغَضَبُ يُفسِدُ الألبابَ ويُبعِدُ مِنَ الصَّواب.
(۲۲) غصہ عقلوں کو تباہ اور صحیح راستے سے دور کر دیتا ہے۔

٢٣ ـ الغَضَبُ عَدوٌّ فلا تُمَلِّكهُ نَفسَك.
(۲۳) غصہ تمہارا دشمن ہے پس اسے اپنے نفس وجان پر مسلط نہ کرو۔

[ ۱۵۸ ]

# الغضب = غضب

١ ـ مَن أحَدَّ سِنانَ الغَضَبِ لِلّهِ قَوِيَ على قَتلِ أشِدّاءِ الباطِلِ.

(۱) جو شخص خدا کے لئے اپنے نیزے کی انی تیز کرے وہ باطل کے بڑے بڑے پہلوانوں کے قتل پر بھی قادر ہو گا۔

٢ ـ مَن شَنِىءَ الفاسِقينَ وَغَضِبَ لِلّهِ، غَضِبَ اللهُ لَهُ و أَرضاهُ يومَ القِيامَةِ.

(۲) جس نے فاسقوں کو برا سمجھا اور اللہ کے لئے غضب ناک ہوا اللہ بھی اس کے لئے دوسروں پر غضبناک ہو گا اور قیامت کے دن اس کو خوش رکھے گا۔

٣ ـ الحِدَّةُ ضَربٌ مِنَ الجُنونِ، لأَنَّ صاحِبَها يَندَمُ، فإن لَم يَندَم فَجُنونُهُ مُستَحكَمٌ.

(۳) غصہ ایک قسم کی دیوانگی ہے اس لئے کہ غصہ کرنے والا شخص (بعد میں) ضرور پشیمان ہوتا ہے اور اگر پشیمان نہ ہوا تو اس کی دیوانگی پختہ ہے۔

٤ ـ إحذَرِ الغَضَبَ، فَإنَّهُ جُندٌ عَظيمٌ مِن جُنُودِ إبليس.

(۴) غصہ کرنے سے پرہیز کرو اس لئے کہ غضب شیطان کے بڑے سپاہیوں میں سے ہے

٥ ـ إيّاكَ والغَضَبَ، فإنّهُ طَيرَةٌ مِنَ الشَيطان.

(۵) غصہ سے ہمیشہ دور رہو اس لئے کہ غضب شیطان کی فوجوں میں ایک بڑی فوج ہے۔

٦ ـ لا تَقضِ وأنتَ غَضبانٌ.

(۶) غصہ کی حالت میں کبھی بھی فیصلہ نہ کرو۔

٧ ـ لا تُلاجُّ الغَضبانَ، فَإنّكَ تُقلِقُهُ بِـاللّجاجِ، ولا تَرُدُّهُ إلى الصَواب.

(۷) طیش و غضب میں آنے والے شخص سے ہٹ دھرمی نہ کرو اس لئے کہ ہٹ دھرمی اسے مزید غصہ کی طرف لے جائے گی اور اس طرح وہ کبھی بھی راہ راست کی طرف نہیں پلٹے گا۔

٨ ـ لا يُعرَفُ الحَليمُ إلّا عِندَ الغَضَب.

(۸) بردبار اور متحمل شخص صرف غصہ کے وقت پہچانا جاتا ہے۔

٩ ـ شِدَّةُ الغَضَبِ تُغَيِّرُ المَنطِقَ، وَتَقطَعُ مـادّةَ الحُجَّةِ، وتُفَرِّقُ الفَهم.

(۹) غضب کی شدت انسان کی منطق (صحیح فکر) کو بدل دے گی، دلیل و حجت کی جڑوں کو کاٹ دے گی اور سوچ پراگندہ کر دے گی۔

[ ۱۵۷ ]

# الغَدْر = عہد شکنی و بے وفائی

١ ـ الوَفاءُ لِأهلِ الغَدرِ غَدرٌ عِندَ اللهِ، والغَدرُ بِأهلِ الغَدرِ وَفاءٌ عِندَ الله.

(۱) غداروں سے وفا کرنا اللہ کے نزدیک غداری ہے اور غداروں سے غداری کرنا اللہ کے نزدیک وفاداری ہے۔

٢ ـ السُّلُوُّ عِوَضُكَ مِمَّن غَدَر.

(۲) غدار کے مقابل بردباری ہی اس کا بدلہ ہے۔

٣ ـ مَا أقبَحَ الغَدرُ لِمَن استَسلَمَ إليك.

(۳) ایسے شخص کے ساتھ غداری کتنی بری ہے جس نے خود کو تمہارے سپرد کر دیا ہو۔

٤ ـ أَعجَلُ العُقوبةِ عُقوبةُ البَغيِ وَالغدرِ وَاليَمينِ الكاذِبَة.

(۴) بغاوت، غداری اور جھوٹی قسم کھانے کی سب سے پہلے سزا ملتی ہے۔

٥ ـ الغَدرُ ذُلٌّ حاضِرٌ وَالغَيبةُ لُؤمٌ باطِنٌ.

(۵) عہد شکنی ظاہری ذلت ہے اور غیبت کرنا باطنی ذلت و پستی ہے

٦ ـ الغدرُ يُضاعِفُ السَيئات.

(۶) عہد شکنی گناہوں کو کئی گنا زیادہ کر دیتی ہے۔

٧ ـ الغَدرُ شِيمَةُ اللِئام.

(۷) غداری (عہد شکنی) پست اور کمینوں کی روش ہے۔

٨ ـ جانِبُوا الغَدرَ، فإنّهُ مُجانِبُ القرآن.

(۸) غداری سے دور رہو اس لئے کہ یہ صفت قرآن سے دور ہے۔

٩ ـ إيّاكَ وَالغَدرَ، فإنّهُ أقبَحُ الخِيانَةِ، إنَّ الغَدرَ لَمُهانٌ عِندَ اللهِ بِغَدرِه.

(۹) تم پر واجب ہے کہ غداری سے پرہیز کرو اس لئے کہ یہ خیانت کا سب سے پست درجہ ہے اور غداری کرنے والا اپنی غداری کی وجہ سے خدا کے نزدیک ذلیل و خوار ہوتا ہے۔

١٠ ـ مِن عَلاماتِ اللُّؤمِ الغَدرُ بِالمَواثيق.

(۱۰) پستی اور حقارت کی علامتوں میں سے عہد شکنی اور معاہدوں کی خلاف ورزی ہے۔

١١ ـ لا تَدُومُ مَعَ الغَدرِ صُحبَةُ الخَليل.

(۱۱) عہد شکن اور بے وفا سے دوستی باقی نہیں رہتی۔

[ ۱۵٦ ]

# الغَبن = غبن ،نقصان

١ ـ المَغبُونُ مَن غَبَنَ نَفسَه.
(۱) حقیقی گھاٹے میں وہ ہے جس نے اپنے نفس کو نقصان پہنچایا۔

٢ ـ التـقصيرُ فی حُسـنِ العَمَلِ إذا وَثِـقتَ بِالثوابِ عليه غَبنٌ.
(۲) اچھے اور نیک کاموں میں کوتاہی کرنا جبکہ ان پر ثواب کے حصول کا تمہیں اطمینان ہو، خود فریبی اور ضرر ہے

٣ ـ المَغبُونُ مَن غُبِنَ نَصِيبُهُ مِنَ اللهِ عَزَّوجلَّ.
(۳) واقعی مغبون وہ ہے جسے خدائے عز و جل کی طرف سے اس کے نصیب میں ضرر پہنچے۔

٤ ـ المَغبُون مَن فَسَدَ دِينُه.
(۴) مغبون وہ ہے جس کا دین فاسد ہو جائے۔

٥ ـ المَغبُونُ مَـن بـاعَ جَـنَّةً عَـلِيَّةً بِـمَعصِيةٍ دَنِيَّة.
(۵) مغبون وہ ہے جو جنت کے بلند مقام کو نہایت پست گناہ کے بدلے فروخت کر دے۔

٦ ـ المَغبونُ مَن شَغَلَ بِالدُّنيا وفاتَهُ حَظُّهُ مِن الآخِرَة.
(۶) مغبون وہ ہے جو دنیا میں اس طرح مشغول ہو جائے کہ آخرت کا حصہ اس کے ہاتھ سے نکل جائے۔

٧ ـ إنّ المَغبونَ مَن غَبَنَ عُمرَهُ و إنّ المَغبُوطَ مَن أنفَذَ عُمرَهُ فی طاعَةِ رَبِّه.
(۷) مغبون وہ ہے جو اپنی عمر میں ضرر اور نقصان دیکھے اور مغبوط یعنی قابل رشک وہ ہے جس نے اپنی ساری عمر خدا کی اطاعت میں گزار دی۔

٨ ـ الراضِي عَن نَفسِهِ مَغبُونٌ و الواثِقُ بهـا مَغرُورٌ مَفتُونٌ.
(۸) جو شخص خود سے راضی ہوگا وہ گھاٹے میں ہے اور جو اپنے نفس پر مکمل اطمینان رکھتا ہو وہ مغرور ہے اور آزمائش میں ہے۔

٩ ـ الكافِرُ خَبٌّ لَئيمٌ خَؤُونٌ مـغرورٌ بِجـهلِهِ مَغبونٌ.
(۹) کافر حیلہ گر کمینہ اور خائن ہے وہ اپنے نفس سے فریب خوردہ اور مغبون ہوتا ہے۔

١٠ ـ إنّك إن أَسَأتَ فَنَفسَكَ تَمـتَهَنُ و إيـاها تَغبُن.
(۱۰) اگر تم نے برا کام کیا تو یقیناً اپنے نفس کی توہین کی اور اپنی ذات کو نقصان پہنچایا۔

٢٣ ـ ما حَفِظَكَ غيبَكَ مَن حَفِظَ عَيبَك.

(۲۳) جو تمہارے عیبوں کو چھپائے رکھے (اور تمھیں ان سے آگاہ نہ کرے) وہ تمہاری غیر حاضری میں تمہارے عیبوں کو نہیں چھپائے گا۔

٢٤ ـ مِن أَشَدّ عُيوبِ المـرءِ أن تَخـفىٰ عَـليهِ عُيوبُه.

(۲۴) آدمی کے بدترین عیوب میں سے یہ ہے کہ وہ خود اپنے آپ کے بارے میں علم نہ رکھتا ہو۔

٢٥ ـ مَن تَتَبّعَ خَفِيّاتِ العُـيوبِ، حَـرَّمَهُ اللهُ مَودّاتِ القُلوب.

(۲۵) جو لوگوں کے چھپے عیبوں کی جستجو میں رہتا ہے اللہ لوگوں کی محبت اور دوستی اس پر حرام کر دیتا ہے۔

٢٦ ـ مَن أَبصَرَ عَيبَ نفسِهِ لَم يَعِبِ أَحَداً.

(۲۶) جو اپنے ذاتی عیبوں پر نظر رکھتا ہے وہ دوسروں میں عیب نہیں نکالتا۔

٢٧ ـ مَـن كـاشَفَكَ فِي عَـيبِكَ حَـفِظَكَ فِي غَيبِك.

(۲۷) جو تمہارے سامنے تمہارے عیبوں کو بتائے وہ تمہاری غیر موجودگی میں تمہاری عزت کی حفاظت کرے گا۔

٢٨ ـ مَن أَبانَ لَكَ عن عُيُوبِك فَهُو وَدُودُك.

(۲۸) جو تمہارے عیبوں کو تمہارے لئے آشکار کر دے وہی تمہارا سچا دوست ہے۔

٢٩ ـ مَن بَحَثَ عَن عُـيوبِ النّـاسِ فَـلْيَبدَء بِنَفسِه.

(۲۹) جو لوگوں کے بارے میں جستجو کرنا چاہتا ہے اسے پہلے اپنے عیبوں سے شروعات کرنا چاہیے۔

١٢ ـ أَعسَرُ العُيُوبِ صَلاحاً العُجبُ واللَّجاجَة.

(۱۲) عیبوں میں خود پسندی اور ہٹ دھرمی کا علاج بہت ہی مشکل اور سخت ہے۔

١٣ ـ طُوبىٰ لِمَن شَغَلَهُ عَيبُهُ عَن عُيوبِ الناس.

(۱۳) کتنا خوش نصیب ہے وہ شخص جو اپنے عیبوں (کی اصلاح) میں مصروف ہو اور دوسروں کے عیوب کو نظر انداز کرے۔

١٤ ـ كُن فِي الحِرصِ عَلى تَفَقُّدِ عُيوبِكَ كَعَدُوِّك.

(۱۴) جس طرح اپنے دشمن کو پہچاننے میں ہوشیار رہتے ہو اسی طرح اپنے عیوب کو جاننے میں بھی چالاک رہو۔

١٥ ـ قِلَّةُ الكَلامِ تَستُرُ العُيُوبَ، وتُقَلِّلُ الذُنُوب.

(۱۵) قلت کلام عیبوں کو پوشیدہ رکھتی ہے اور گناہوں کو کم کرتی ہے۔

١٦ ـ إيّاكَ ومُعاشَرَةَ مُتتَبِّعِي عُيوبِ النّاسِ، فَإنَّهُ لَم يَسلَم مُصاحِبُهُم مِنهُم.

(۱۶) خبردار! لوگوں کے عیب تلاش کرنے والوں سے دوستی نہ کرو کیونکہ اس کا یہ عمل تمھیں بھی محفوظ نہیں رہنے دے گا۔

١٧ ـ أَعقَلُ النّاسِ مَن كانَ بِعَيبِهِ بَصيراً، و عَن عَيبِ غَيرِهِ ضَرِيراً.

(۱۷) لوگوں میں سب سے زیادہ عاقل وہ ہے جو اپنے عیبوں پر نظر رکھے اور دوسروں کے عیوب کو نہ دیکھے۔

١٨ ـ تَتَبُّعُ العُيُوبِ مِن أَقبَحِ العُيوبِ، وَشَرِّ السَيِّئات.

(۱۸) عیبوں کی جستجو کرنا سب سے بڑا عیب ہے اور بد ترین گناہوں میں سے ہے۔

١٩ ـ ذَوُوا العُيوبِ يُحِبُّونَ إشاعَةَ مَعائِبِ النّاسِ، لِيَتَّسِعَ لَهُم العُذرُ فِي مَعايِبِهِم.

(۱۹) صاحبان عیب لوگوں کے عیبوں کو نشر کرنا چاہتے ہیں تاکہ انھیں اپنے عیوب کی عذر خواہی کے لئے کوئی بہانہ مل جائے۔

٢٠ ـ لِيَكُن آثَرُ النّاسِ عِندكَ مَن أَهدىٰ إِليكَ عَيبَكَ، وأَعانَكَ عَلى نَفسِك.

(۲۰) تمہارے لئے سب سے زیادہ لائق ایثار وہ دوست ہونا چاہیے؟ تمہارے عیب کی طرف نشاندہی کرے اور (ہر طرح سے) تمہاری مدد کرے۔

٢١ ـ لا تَعِبْ غَيرَكَ بِما تَأتِيهِ، ولا تُعاقِب غَيرَكَ بِذَنبٍ تُرَخِّصُ لِنفسِكَ فيه.

(۲۱) کسی کی اس کے ایسے عیب کی وجہ سے ملامت نہ کرو جو خود تم انجام دیتے ہو اور کسی کو اس گناہ کی وجہ سے سزا مت دو جس گناہ کو تم اپنے لئے جائز سمجھتے ہو۔

٢٢ ـ مَعرِفَةُ المَرءِ بِعُيوبِهِ أَنفَعُ المَعارِف.

(۲۲) انسان کی اپنے عیوب کی شناخت سب سے اچھی اور نفع بخش معرفت ہے۔

[ ١٥٥ ]

## العَيبُ = عیب

١ ـ أكبرُ العَيبِ أن تَعِيبَ ما فيكَ مِثلُه.

(۱) سب سے بڑا عیب یہ ہے کہ تم ان باتوں کو دوسروں کے لئے عیب قرار دو جو تم میں خود موجود ہوں۔

٢ ـ مَن نَظَرَ فِي عَيبِ نَفسِه اشتَغَلَ عَن عَيبِ غَيرِه.

(۲) جو شخص اپنے عیوب پر غور کرتا ہے وہ دوسروں کی عیب جوئی سے باز رہتا ہے۔

٣ ـ لا يُعابُ المَرءُ على تَأخِيرِ حَقِّهِ، إنّما يُعابُ مِن أَخْذِ ما لَيسَ لَه.

(۳) آدمی کے لئے یہ عیب نہیں کہ اسے اپنا حق دیر سے ملے بلکہ عیب یہ ہے کہ جو چیز اس کا حق نہیں ہے وہ اپنے لئے اسے لے لے۔

٤ ـ مَن نَظَرَ في عُيُوبِ النّاسِ فَأَنكَرَها، ثُمَّ رَضِيَها لِنَفسِهِ، فَذلِكَ الأَحمَقُ بِعَينِه.

(۴) جو لوگوں کے عیبوں کو دیکھے اور ان کے لئے نامناسب سمجھے پھر انھیں عیبوں کو اپنے لئے صحیح جانے تو وہ احمق ہے۔

٥ ـ عَيبُكَ مَستورٌ ما أَسعَدَكَ جَدُّكَ.

(۵) تمہارا عیب اس وقت تک چھپا رہے گا جب تک نصیب تمہارے ساتھ ہو۔

٦ ـ مَن كَساه الحياءُ ثَوبَهُ لَم يَرَ النّاسُ عَيبَه.

(۶) جو حیا کا پیراہن پہن لے لوگ اس کے عیب کو نہیں دیکھیں گے۔

٧ ـ اَلاِحتِمالُ قَبرُ العُيُوب.

(۷) تحمل و بردباری عیبوں کا قبرستان ہے۔

٨ ـ البُخلُ جامِعٌ لِمَساوِئِ العُيوب.

(۸) کنجوسی تمام برے عیبوں کو اکٹھا کرنے والا ہے۔

٩ ـ هِمَّةُ العاقِلِ تَركُ الذُّنُوبِ وَإِصلاحُ العُيوب.

(۹) عاقل کی ہمت گناہوں کو ترک کرنا اور عیوب کی اصلاح ہے۔

١٠ ـ جَهلُ المَرءِ بِعُيوبِهِ مِن أَعظَمِ ذُنُوبِه.

(۱۰) کسی کا اپنے عیوب سے ناواقف ہونا اس کے بڑے گناہوں میں سے ہے۔

١١ ـ مَن عابَ عِيبَ، وَمَن شَتَمَ أُجِيب.

(۱۱) جو عیب جوئی کرے گا اس کی عیب جوئی کی جائے گی اور جو گالی دے گا وہ گالی کھائے گا۔

٨ ـ أَسرَعُ الأشياءِ عُقُوبَةً رَجُلٌ عاهَدتَهُ على أمرٍ كانَ مِن نِيَّتِكَ الوفاءُ له و في نِيَّتِهِ الغَدرُ بِك.

(۸) عذاب کے سب سے زیادہ نزدیک وہ آدمی ہے جس سے کوئی معاہدہ کرو اور تمہارا قصد اس کی وفا کرنا ہو لیکن اس کا مقصد تمہارے ساتھ خیانت ہو۔

٩ ـ أحسنُ الناسِ ذِماماً أحسَنُهُم إسلاماً.

(۹) لوگوں میں اچھی طرح وعدوں پر وفا کرنے والا ہی اچھا مسلمان ہے۔

١٠ ـ خُلوصُ الوُدِّ والوَفاءُ بالوَعدِ مِن حُسنِ العَهد.

(۱۰) محبت میں خلوص اور وعدہ وفا کرنا بہترین عہدوں میں سے ہے

١١ ـ سُنَّةُ الكِرامِ الوَفاءُ بالعُهُود.

(۱۱) کریم النفس لوگوں کا طور طریقہ عہد کی وفاداری ہے۔

١٢ ـ غَشُّ الصَّديقِ و الغَدرُ بِالمَواثِيقِ مِن خِيانَةِ العَهد.

(۱۲) دوست کو فریب دینا اور معاہدوں کی خلاف ورزی کرنا عہد کی خیانت میں سے ہے۔

١٣ ـ إنّ حُسنَ العَهدِ مِنَ الإيمان.

(۱۳) عہد و پیمان میں خوش رفتاری ایمان کی علامت ہے۔

١٤ ـ أشرَفُ الهِمَمِ رِعايةُ الذِمامِ، وأفضلُ الشِيَمِ صِلةُ الأَرحام.

(۱۴) شریف ترین اور بہترین ہمت وعدوں کی وفا ہے اور سب سے بہتر اور برتر خصلت اقرباء سے حسن سلوک کرنا ہے۔

١٥ ـ ما أَيقَنَ بِاللهِ مَن لَم يَرعَ عُهودَهُ و ذِمَمَه.

(۱۵) جو اپنے عہد و پیمان کی رعایت نہیں کرتا وہ خدا پر یقین نہیں رکھتا۔

١٦ ـ آفَةُ العَهدِ قِلَّةُ الرِّعايَة.

(۱۶) عہدوں کی آفت ان میں کم رعایت کرنا ہے۔

١٧ ـ لا تَثِقَنَّ بِعَهدِ مَن لا دِينَ لَه.

(۱۷) ایسے شخص کے وعدے پر اعتماد نہ کرو جس کے پاس دین نہ ہو۔

١٨ ـ لا تَعتَمِد على مَوَدَّةِ مَن لا يُوفِي بِعَهده.

(۱۸) جو اپنے وعدوں کو وفا نہیں کرتا اس کی دوستی پر بھروسہ نہ کرو۔

## [ ١٥٤ ]

# العهد = عہد و پیمان

١ ـ اعتَصِمُوا بِالذِمَمِ في أوتادِها.

(۱) عہد و پیمان کی ذمہ داریوں پر سختی سے عمل کرو۔

٢ ـ تَعصَّبُوا لِخلالِ الحَمدِ مِن الحِفظِ لِلجِوَارِ، والوَفاءِ بِالذِّمامِ، و الطّاعَةِ لِلبِرِّ و المَعصِيَةِ لِلكِبرِ و . . .

(۲) نیک اور اچھی کی خصلتوں کے بارے میں تعصب و حمیت سے کام لو جیسے ہمسایہ کے حقوق کی محافظت، عہد و پیمان سے وفاداری، نیکیوں کی پیروی اور تکبر کی مخالفت۔۔۔

٣ ـ [ يا مالك ] إن عَقَدتَ بينك و بَينَ عَدُوِّك عُقدةً أو اَلبَستَهُ مِنك ذِمَّةً فَحُط عَهدَك بِالوَفاء وَارعَ ذِمَّتَكَ بِالاَمانَةِ، وَ اجعَل نَفسَكَ جُنَّةً دونَ ما اَعطَيتَ.

(۳) اے مالک اگر تم نے اپنے دشمنوں سے کوئی معاہدہ کیا ہے یا اسے اسلامی حکومت کا تابعدار (ذمی) بنایا ہے تو اپنے معاہدے سے ذرہ برابر بھی منحرف نہ ہونا اور اپنے تحت الذمہ افراد کے ساتھ معاہدے کے مطابق سلوک کرنا۔

٤ ـ [ يا مالك ] لا تَغدِرَنَّ بِذِمَّتِك وَلا تَخِيسَنَّ بِعَهدِك ولا تَختِلَنَّ عَدُوَّك فَإنّه لا يَجتَرِئُ على الله الّا جاهِلٌ شَقِيٌّ و قد جَعَلَ اللهُ عَهدَهُ و ذِمَّتَهُ أمناً أفضاهُ بَينَ العِبادِ بِرحمَتِه، و حريماً يَسكُنُونَ إلى مَنعَتِهِ و يَستَفِضُونَ إلى جِوارِه.

(۴) اے مالک ہر گز اپنے عہد و پیمان میں خیانت نہ کرو اور معاہدے کو مت توڑو اور اپنے دشمن کو فریب نہ دو کیونکہ خدا کے مقدس حریم میں جاہل اور شقی کے علاوہ کوئی گستاخی نہیں کرتا چونکہ ایسا عہد جو خود اس کے نام سے شروع ہوتا ہے وہ اسے بندہ تک اپنی رحمت پہنچانے کے لئے ذریعہ قرار دیتا ہے یہ عہد ایسا پر امن حریم ہے جس کی قوت کے سائے میں بندگان خدا راحت کا احساس کرتے ہیں اور جب مضطرب ہوجاتے ہیں تو اسی حریم میں پناہ لیتے ہیں۔

٥ ـ إنَّ مِنَ الكَرَمِ الوَفاءَ بِالذِّمِم.

(۵) وعدوں کو وفا کرنا انسان کے لئے کرامت کا ایک جزء ہے۔

٦ ـ أوفوُا بِعَهدِ مَن عاهَدتُم.

(۶) اگر تم نے کوئی عہد کیا ہے تو اس کی وفا کرو۔

٧ ـ أَكرِم وُدَّكَ و احفَظ عَهدَك.

(۷) اپنی دوستی کو محترم سمجھو اور عہد و پیمان کی حفاظت کرو۔

۱۹ ـ إذا عَـلِمْتُم فَـاعمَلُوا، وإذا تَـيَقَّنْتُم فَأقدِمُوا.

(۱۹) جب تحصیل علم ہو گیا تو عمل کرو اور جب یقین آ گیا تو آگے بڑھ جاؤ۔

۲۰ ـ الداعِي بلا عَمَلٍ كالرَّامي بِلا وَتَرٍ.

(۲۰) بغیر علم کے دعوت عمل دینے والا بلا قوس کے تیر اندازی کرنے والا ہے۔

۲۱ ـ العِلْمُ مقرونٌ بِالعمَلَ فَمَن عَـلِمَ عَـمِلَ، والعِـلمُ يَهْـتِفُ بِـالعَمَلِ، فـإن أجـابَهُ وإلّا ارْتَحَل.

(۲۱) علم عمل سے جڑا ہوا ہے لہذا جو (حقائق کو) جان لیتا ہے وہ (ان پر) عمل (بھی) کرتا ہے اور علم، عمل مانگتا ہے اب اگر اسے یہ مل جاتا ہے تو (یہ علم اس کے پاس باقی) رہتا ہے ورنہ چلا جاتا ہے۔

۲۲ ـ من عَمِل لِدينِهِ كفاهُ الله أمرَ دُنياه.

(۲۲) جو اپنے دین کے لئے عمل انجام دیتا ہے اللہ اس کی دنیا کے لئے کافی ہوتا ہے۔

١٣ ـ لا يَقِلُّ عَمَلٌ مَعَ التَّقوى، وكيفَ يقِلُّ ما يُتَقبَّلُ؟

(۱۳) کوئی بھی عمل تقوے کے ساتھ کم نہیں ہو سکتا اور بھلا قبول ہونے والی چیز کم ہو سکتی ہے؟

١٤ ـ شتّانَ ما بينَ عَمَلَينِ: عَمَلٍ تَذْهَبُ لَذَّتُه وتَبقىٰ تَبِعَتُه، وعَمَلٍ تَـذهَبُ مَـؤونَتُه ويَـبقى أجرُه.

(۱۴) کتنا فرق ہے ان دو عملوں میں وہ عمل جس کی لذت ختم ہو جاتی ہے اور اثرات باقی رہتے ہیں اور وہ عمل جس کی زحمتیں ختم ہو جاتی ہیں مگر اجر باقی رہتا ہے۔

١٥ ـ مَن قَصَّرَ في العَمَل ابتُلِيَ بالهَمِّ.

(۱۵) جو عمل میں کوتاہی کرتا ہے وہ غم میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

١٦ ـ وقالَ ﷺ لِرَجُلٍ سَأَلَه أن يَعِظَه: لا تَكُن مِمَّن يَرجوا الآخرةَ بِغيرِ العَمَل، ويُرجِّي التَّوبَةَ بطولِ الأَمَل، يَقولُ في الدنيا بِقول الزَّاهِدينَ، ويَعْمَلُ فيها بِعَمَلِ الرَّاغِبين.

(۱۶) آپ نے ایک ایسے آدمی سے فرمایا جس نے آپ سے موعظے کی خواہش کا اظہار کیا تھا "ان لوگوں میں سے نہ ہو جانا جو بغیر عمل کے آخرت کی امید کرتے ہیں اور لمبی آرزوؤں کے ذریعے توبہ کو ٹالتے رہتے ہیں۔ دنیا کے بارے میں زاہدوں کی سی باتیں کرتے ہیں مگر اس (دنیا) میں ان کے اعمال دنیا چاہنے والوں کی طرح ہوتے ہیں۔

١٧ ـ مِن أشرَفِ أعمالِ الكَريمِ غَـفْلَتُهُ عـمّا يَعْلَم.

(۱۷) کریم کا سب سے اچھا عمل دوسروں کے بارے میں دانستہ اشیاء سے غفلت ہے۔

١٨ ـ النَّاسُ في الدُّنيا عامِلانِ: عامِلٌ في الدُّنيا للدُّنيا، قَد شَغَلَتْهُ دُنياهُ عَن آخِرَتِه، يَخْشىٰ على مَن يَخْلُفُهُ الفَقرَ ويأمَنُهُ عَلىٰ نَفْسِه، فَيُفْني عُمْرَهُ في مَنْفَعَةِ غَيرِه، وعامِلٌ عَـمِلَ فِي الدُّنـيا لمـا بَعْدَها، فجاءَهُ الذى لَهُ مِن الدُّنيا بِغَيرِ عَمَلٍ، فَأَحْرَزَ الحَظَّينِ مَعاً ومَـلَكَ الدَّاريـن جَـميعاً، فأَصْبَحَ وَجيهاً عِـندَ اللهِ لا يَسألُ اللهَ حـاجَةً فَيَمْنَعُه.

(۱۸) دنیا میں دو طرح کے عامل ہیں: ایک عامل جس نے دنیا میں دنیا ہی کے لئے عمل کیا اور اس کی دنیا نے اسے آخرت سے غافل رکھا وہ اپنے بعد اپنے وارثوں کے فقر سے خوفزدہ رہتا ہے اور خود کو فقر سے محفوظ سمجھتا ہے اس طرح وہ اپنی پوری عمر دوسروں کے فائدے کے لئے فنا کر دیتا ہے اور دوسرا عامل وہ ہوتا ہے جو دنیا میں بعد از دنیا کے لئے عمل کرتا ہے اس طرح دنیا میں اس کا جتنا حصہ ہوتا ہے وہ بغیر کچھ کئے ہی اس کے پاس چلا آتا ہے اس لحاظ سے اس نے دو حصوں کو ایک ساتھ پالیا اور دونوں گھروں (دنیا و آخرت) کا اکٹھا مالک بن گیا اور اللہ کے نزدیک آبرومند ہو گیا اب اگر وہ کوئی حاجت اللہ سے طلب کرتا ہے تو اللہ اسے کبھی نہیں روکتا۔

٦ ـ إعملُوا لِلجنّةِ عَمَلَها، فإنّ الدُّنيا لم تُخلَق لكم دارَ مُقامٍ، بل خُلِقَتْ لَكُم مَجازاً لِتَزَوّدوا مِنها الأعمالَ إلى دارِ القَرار.

(۶) جنت کے لئے جنت کا عمل انجام دو کیونکہ دنیا تمہارے ٹھہرنے کی جگہ کے طور پر نہیں پیدا کی گئی ہے بلکہ یہ تمہارے لئے بطور ایک گزر گاہ خلق کی گئی ہے تا کہ تم اس میں سے اپنی قرار گاہ کے لئے کچھ سامان مہیا کر لو۔

٧ ـ العامِلُ بِالعِلم كالسائِرِ عَلَى الطريقِ الوَاضِحِ، فَلْيَنْظُر ناظِرٌ أسائِرٌ هو أم راجِعٌ.

(۷) علم کے ذریعے عمل کرنے والا صاف راستے پر چلنے والے کی طرح ہے لہذا دیکھنے والے کو دیکھ لینا چاہیے کہ آیا وہ چل رہا ہے یا پلٹ رہا ہے؟

٨ ـ إعلم أنّ لكُلِّ عَمَلٍ نَباتاً، وكُلُّ نباتٍ لا غِنىٰ بِهِ عَن الماءِ، والمِياهُ مُختَلِفةٌ، فما طابَ سَقْيُهُ طابَ غَرْسُه وحَلَتْ ثَمَرَتُهُ، وما خَبُثَ سَقْيُهُ خَبُثَ غَرْسُهُ، و أَمَرَّتْ ثَمَرَتُه.

(۸) یہ جان لو کہ ہر عمل اگتا ہے اور ہر اگنے والی چیز کے لئے پانی سے بے نیازی نہیں ہو سکتی اور پانی مختلف طرح کے ہوتے ہیں لہذا جس پودے کی سینچائی اچھی ہو گی اس کی بوائی بھی عمدہ ہو گی اور پھل بھی میٹھا ہو گا اور جس کی سینچائی خراب ہو گی اس کی بوائی بھی خراب ہو گی اور اس کا پھل بھی کڑوا ہو گا۔

٩ ـ [ الى حارث الهَمدانى ] إحذر كلَّ عَمَلٍ يَرضاهُ صاحِبُه لِنَفْسِه ويُكْرَهُ لعامةِ المُسلِمينَ، واحذَرْ كلَّ عَمَلٍ يُعمَلُ بِهِ في السِّرِّ ويُستَحىٰ مِنه في العَلانية، واحذَرْ كلَّ عَمَلٍ إذا سُئِل عَنْهُ صاحِبُهُ أَنْكَرَهُ أوِ اعتَذَرَ مِنه.

(۹) آپ نے حارث ہمدانی کو لکھا "ہر اس کام سے ڈرو جس کو کرنے کے لئے عامل خود اپنے لئے خوش رہتا ہے مگر عام مسلمانوں کے لئے اس کام کو ناپسند کرتا ہے اور ہر اس کام سے ڈرو جسے تنہائی میں انجام دیا جائے مگر علی الا علان اسے کرنے سے شرمایا جائے اور ہر اس کام سے ڈرو جس کے بارے میں اگر اس کے کرنے والے سے پوچھا جائے تو وہ انکار کر دے یا پھر معذرت کرے۔"

١٠ ـ أعمالُ العِبادِ في عَاجِلِهم نُصْبُ أعيُنِهِم في آجالِهِم.

(۱۰) بندوں کے اس دنیا میں (نیک) اعمال آخرت میں ان کی آنکھوں کا تارا ہوں گے۔

١١ ـ طُوبىٰ لِمَن ذَكَرَ المَعَادَ وعَمِلَ لِلْحِساب.

(۱۱) خوش بختی ہے اس شخص کے لئے جو قیامت کو یاد کرے اور حساب کتاب کے لئے عمل کرے

١٢ ـ مَن أطالَ الأمَلَ أَسَاءَ العَمَل.

(۱۲) جو امیدیں بڑھا لیتا ہے وہ عمل کو خراب کر لیتا ہے۔

[١٥٣]

# العمل = عمل

١ ـ إنَّ المالَ والبَنِينَ حَرْثُ الدُّنـيا، والعَـمَلَ الصالحَ حَرْثُ الآخِرَة.

(۱) بلاشبہ مال و اولاد دنیا کی کھیتی ہیں اور عمل صالح آخرت کی کھیتی ہے۔

٢ ـ إعمَلُوا في غَيرِ رياءٍ ولا سُمعَةٍ، فإنّه مَـن يَعْمَلُ لِغَيرِ الله يَكِلْهُ اللهُ لِمَن عَمِلَ له.

(۲) ریا کاری اور دکھاوے کے بغیر عمل کرو کیونکہ جو اللہ کے علاوہ کسی اور کے لئے عمل کرتا ہے تو اللہ اسے اسی کے سہارے چھوڑ دیتا ہے۔

٣ ـ ألا وإنَّكُم في أيّامِ أَمَلٍ مِن وَرائِـهِ أَجَـلٌ، فَمَن عَمِلَ في أيّام أَمَـلِهِ قَـبلَ حُـضُورِ أَجَـلِهِ فَقد نَفَعَهُ عَـمَلُهُ، وَلَم يَـضرُرْهُ أَجـلُهُ، و مَـن قَصَّرَ فى ايام أمَلِهِ قبلَ حضورِ أَجَلِهِ فَقَد خَسِرَ عَمَلُه وَ ضرَّهُ أجَلُه.

(۳) باخبر ہو جاؤ کہ تم لوگ امیدوں کے دنوں میں ہو جس کے بعد اجل ہے لہذا جس نے اپنی امیدوں کے دنوں میں اجل سے پہلے عمل انجام دیا تو یقیناً اسے اس کا عمل فائدہ پہنچائے گا اور اسے اس کی اجل نقصان نہیں پہنچا سکتی اور جس نے اپنی امیدوں کے دنوں میں اجل کے آنے سے پہلے کوتاہی کی تو بلاشبہ اس کا عمل گھاٹے میں رہا اور اسے اس کی اجل نقصان پہنچائے گی۔

٤ ـ فَلْيَعمَلِ العامِلُ مِنكم في أيّامِ مَهَلِهِ قَـبلَ إرهاقِ أجَلِه وفي فَرَاغِه قَـبلَ أوانِ شُـغُلِه، و في مُـتَنَفَّسِهِ قَـبلَ أن يُـؤخَذَ بِكَـظَمِه لِيُمَـهِّدْ لِنَفْسِهِ وقَدَمِه، وَليَتَزَوَّدْ مِن دَارِ ظَعْنِهِ لِـدار إقامَتِه.

(۴) تم میں سے عمل کرنے والے کو مہلت کے دنوں میں موت کی رکاوٹ سے پہلے، فرصت کے لمحات میں مشغولیت سے پہلے اور سانس لینے کے زمانے میں گلا گھٹ جانے سے پہلے، نیک اعمال انجام دے لینے چاہیے تاکہ وہ اپنے نفس و جان کی جگہ کے لئے کچھ تیاری کرے اور اس کے ذریعے کوچ کرنے والی جگہ سے، ٹھہرنے کی جگہ کے لئے کچھ زادِ راہ لے سکے۔

٥ ـ إعمَلُوا ليومٍ تُذخَرُ له الذَّخائِرُ وتُبلىٰ فيه السَّرائِر.

(۵) اس دن کے لئے عمل کرو جس دن کے لئے تمام ذخیرے جمع کئے جاتے ہیں اور جس دن اسرار عیاں ہوں گے۔

۱۱ ـ الساعاتُ تَنهَبُ الأَعمار.

(۱۱) ساعتیں عمروں کو برباد کر رہی ہیں۔

۱۲ ـ العُمرُ تُفنِيهِ اللَّحَظات.

(۱۲) عمر کو لمحے فنا کر رہے ہیں۔

۱۳ ـ الساعاتُ تَختَرِمُ الأَعمارَ وَتُدني مِنَ البَوار.

(۱۳) گھنٹے عمروں کو ختم اور ہلاکت سے قریب کر رہے ہیں۔

۱٤ ـ العُمرُ الذي يَبلُغُ الرجلُ فيهِ الأَشَدَّ الأَربَعون.

(۱۴) وہ عمر جس میں آدمی منزل کمال تک پہنچ جاتا ہے چالیس سال ہے۔

۱٥ ـ إنّ عُمرَكَ عَدَدُ أَنفاسِكَ، وَعَليها رَقيبٌ يُحصيها.

(۱۵) تمہاری عمر سانسوں کے اتنی ہے اور اس کے لئے ایک نگہبان بھی ہے جو انھیں شمار کرتا رہتا ہے۔

١٦ ـ اِحذَرُوا ضياعَ الأَعمارِ فيما لا يَبقىٰ لَكُم، ففائِتُها لا يَعُود.

(۱۶) اپنی عمر کو تمہارے لئے نہ رہنے والی چیزوں میں ضائع کرنے سے ڈرو کیونکہ اس کا گزرا ہوا حصہ پھر نہیں ملتا۔

١٧ ـ رَحِمَ اللهُ اِمرءً عَلِمَ أَنّ نَفَسَهُ خُطاهُ إلىٰ أَجَلِهِ، فبادَرَ عَمَلَهُ وقَصَّرَ أَملَه.

(۱۷) اللہ اس آدمی پر رحم کرے جو یہ جان لے کہ اس کی ہر سانس موت کی طرف ایک قدم ہے پس وہ (نیک) اعمال انجام دینے میں عجلت کرے اور اپنی امیدوں کو کوتاہ کرے۔

١٨ ـ لا بَقاءَ لِلأَعمارِ مَعَ تَعاقُبِ الليلِ و النهار.

(۱۸) عمروں کی بقا دن و رات کے پے در پے آنے جانے کے ساتھ ممکن نہیں۔

١٩ ـ لا يَعرِفُ قَدرَ ما بَقِيَ مِن عُمرِهِ إلّا نبيٌّ أو صِدّيقٌ.

(۱۹) اپنی باقی ماندہ عمر کی قدر و قیمت صرف نبی یا صدیق ہی سمجھ سکتا ہے۔

# [ ١٥٢ ]
# العمر = عمر

١ ـ اعلَموا، أيُّها الناسُ! أنَّهُ مَن مَشىٰ عَلى وَجهِ الأرضِ فإنّهُ يَصيرُ إلىٰ بَطنِها، والليلُ والنهارُ يَتنازَعانِ في هَدَرِ الأعمار.

(۱) اے لوگو! جان لو جو بھی زمین پر چلتا ہے وہ (ایک دن) اس کے اندر چلا جائے گا اور یہ دن و رات عمروں کو بے کار کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔

٢ ـ الساعاتُ تَهضِمُ عُمُرَك.

(۲) گھنٹے تمہارے عمروں کو نگل رہے ہیں۔

٣ ـ عُمرُ المرءِ لا قيمةَ لَه.

(۳) انسان کی عمر انمول ہے۔

٤ ـ بَقِيَّةُ عُمرِ المؤمِنِ لا ثَمَنَ لها، يُدرِكُ بِها ما فاتَ، ويُحيي ما أماتَ.

(۴) مومن کی باقی عمر کی کوئی قیمت نہیں ہو سکتی یہ اس ذریعہ چھوٹ جانے والی چیزوں کی تلافی کرتا ہے اور ان اشیاء کو زندہ کرتا ہے جنھیں اس نے مار ڈالا تھا۔

٥ ـ لا تُحَدِّث نَفسَكَ بِالفَقرِ وطُولِ العُمر.

(۵) اپنے آپ سے فقر و عمر طویل کی بات نہ کرو۔

٦ ـ لا نِعمةَ فِي الدُّنيا أعظَمُ مِن طُولِ العُمرِ، وصِحَّةِ الجَسَد.

(۶) دنیا میں کوئی نعمت طول عمر اور صحت جسم سے زیادہ بڑی نہیں۔

٧ ـ مَن طالَ عُمرُهُ، رأىٰ في أعدائِهِ ما يَسُرُّه.

(۷) جس کی عمر طویل ہو جاتی ہے وہ اپنے دشمنوں میں خوش کن باتیں دیکھ لیتا ہے۔

٨ ـ مِن سَعادةِ المَرءِ أن يَطُولَ عُمرُهُ، ويَرىٰ في أعدائِهِ ما يَسُرُّه.

(۸) انسان کی خوش قسمتی ہے کہ اس کی عمر طویل ہو جائے اور وہ اپنے دشمنوں میں ایسی باتیں دیکھ لے جو اس کی خوشی کی باعث ہوں۔

٩ ـ اجعَل عُمرَكَ كَنَفَقَةٍ دُفِعَت إليكَ، فكَما لا تُحِبُّ أن يَذهَبَ ما تُنفِقُ ضياعاً، فلا تُذهِبْ عُمرَكَ ضياعاً.

(۹) اپنی عمر کو اس خرچ کی طرح سمجھو جو تمھیں (گزارہ کرنے کے لئے) دیا گیا ہو لہذا جس طرح تم یہ نہیں پسند کرتے کہ تم فالتو خرچ کرو اسی طرح اپنی عمر کو بھی فضول نہ گزارو۔

١٠ ـ العُمرُ أنفاسٌ مُعدَّدَةٌ.

(۱۰) عمر (چند) گنی چنی سانسوں کا نام ہے۔

۹۷ ـ لا هِدايةَ لِمَن لا عِلمَ لَه.

(۹۷) جس کے پاس علم نہیں اس کے پاس ہدایت بھی نہیں۔

۹۸ ـ مَن خالَفَ عِلمَهُ عَظُمَت جَرِيمَتُهُ و إثمُه.

(۹۸) اپنے علم کی مخالفت کرنے والے کا جرم و گناہ عظیم ہوتا ہے۔

۹۹ ـ مَن زادَ عِلمُهُ عَلى عَقلِهِ كانَ وَبالاً عَليه.

(۹۹) جس کا علم اس کی عقل سے زیادہ ہو جاتا ہے وہ اس کے لئے وبال بن جاتا ہے۔

۱۰۰ ـ مَن لَم يَصبِر عَلى مَضَضِ التَعليمِ بَقِيَ في ذُلِّ الجَهل.

(۱۰۰) جو تعلیم کی تلخیوں کو برداشت نہیں کر پاتا وہ جہالت کی ذلت میں باقی رہتا ہے۔

۱۰۱ ـ مَن ادَّعىٰ مِن العلم غَايَتَهُ، فَقَد أَظهَرَ مِن جَهلِهِ نَهايَته.

(۱۰۱) جو علم کی آخری حدوں تک پہنچنے کا دعویٰ کرتا ہے وہ اپنی جاہلیت کی حدوں کو اجاگر کر دیتا ہے۔

۱۰۲ ـ مَجالِسُ العِلمِ غَنيمةٌ.

(۱۰۲) علم کے جلسے موقع غنیمت ہیں۔

۱۰۳ ـ عَلَّمَنِيَ رسولُ الله ﷺ ألفَ بابٍ يَفتَح و الف بابٍ.

(۱۰۳) رسول خدا نے مجھے ہزار باب تعلیم دئے اور ہر باب سے ہزار باب وا ہوئے۔

٨١ـ آفةُ العامَّةِ العالِمُ الفاجِر.

(۸۱) عوام کی آفت فاجر عالم ہے۔

٨٢ـ إذا زادَ عِلمُ الرجلِ، زادَ أَدَبُهُ، وتَضاعَفَت خَشيَتُه لَربِّه.

(۸۲) جب انسان کا علم بڑھ جاتا ہے تو اس کا ادب و لحاظ اور اللہ سے خوف بھی بڑھ جاتا ہے۔

٨٣ـ حَسَبُ المَرءِ عِلمُهُ، وجمالُهُ عَقلُه.

(۸۳) انسان کا حسب نسب اس کا علم اور جمال اس کی عقل ہے۔

٨٤ـ خَيرُ العِلمِ ما أَصلَحتَ بِه رَشادَك، وشَرُّهُ ما أفسَدتَ بِهِ مَعادَك.

(۸۴) بہترین علم وہ ہے جس کے ذریعے تم نے اپنی ہدایت درست کر لی اور بد ترین علم وہ ہے جس کے ذریعہ تم نے اپنی آخرت خراب کر لی۔

٨٥ـ رُبَّ مُدّعٍ لِلعلمِ لَيسَ بِعالمٍ.

(۸۵) بہت سے علم کے دعویدار عالم نہیں ہوتے۔

٨٦ـ زَلّةُ العالِمِ تُفسِدُ العَوالِم.

(۸۶) عالم کی لغزش کائنات کو خراب کر دیتی ہے۔

٨٧ـ عَلَى العالِمِ أن يَتعلَّمَ عِلمَ ما لَم يكُن يَعلَم، ويُعَلِّمَ الناسَ ما قَد عَلِم.

(۸۷) عالم کے لئے ضروری ہے کہ جو وہ نہیں جانتا اس کا علم حاصل کرے اور جو جانتا ہے اسے عوام کو سکھائے۔

٨٨ـ عِلمٌ لا يُصلِحُكَ ضَلالٌ، ومالٌ لا يَنفَعُكَ وَبالٌ.

(۸۸) وہ علم جو تمہاری اصلاح نہ کرے گمراہی ہے اور وہ مال جو تمھیں فائدہ نہ پہنچائے وبال جان ہے۔

٨٩ـ قَولُ لا أَعلَمُ نِصفُ العِلم.

(۸۹) "میں نہیں جانتا" کہنا نصف علم ہے۔

٩٠ـ كُلُّ عالمٍ غَيرِ اللهِ سبحانَه مُتَعلِّمٌ.

(۹۰) اللہ کے علاوہ ہر عالم متعلم ہے۔

٩١ـ لِقاحُ العِلمِ التَّصوُّرُ والتَّفهُّم.

(۹۱) علم کی کونپل تصور و فہم ہے۔

٩٢ـ لِطالبِ العلمِ عِزُّ الدُّنيا وَفوزُ الآخِرَة.

(۹۲) طالب علم کے لئے دنیا کی عزت اور آخرت کی کامیابی ہے۔

٩٣ـ لَن يَصفُوَ العَمَلُ حَتّى يَصِحَّ العلم.

(۹۳) عمل اس وقت تک صاف ستھرا نہیں ہو سکتا جب تک علم درست نہ ہو گا۔

٩٤ـ لَن يُزَكّى العَمَلُ حَتّى يُقارُنهُ العلم.

(۹۴) عمل اس وقت تک پاک نہیں ہو سکتا جب وہ علم سے جڑا نہ ہو

٩٥ـ لا يُؤخَذُ العِلمُ إلّا مِن أَربابِه.

(۹۵) علم صرف صاحبان علم ہی سے حاصل کیا جاتا ہے۔

٩٦ـ لا يُدرَكُ العِلمُ بِراحَةِ الجسم.

(۹۶) جسمانی راحت کے ساتھ علم حاصل نہیں کیا جا سکتا۔

٦٨ـ العالِمُ يَنظُرُ بقلبِهِ وخاطِرِهِ الجاهلُ يَنظُرُ بعَينِه وناظِرِه.

(۶۸) عالم اپنے دل و دماغ سے دیکھتا ہے اور جاہل اپنی آنکھوں سے

٦٩ـ العلمُ زَينُ الأغنياءِ، وغِنى الفُقراء.

(۶۹) علم تونگروں کے لئے زینت اور فقیروں کے لئے تونگری ہے

٧٠ـ العالِمُ يَعرِفُ الجاهلَ لأنّهُ كانَ قَبلُ جاهلاً.

(۷۰) عالم جاہل کو پہچانتا ہے کیونکہ وہ پہلے کبھی جاہل تھا۔

٧١ـ الجاهِلُ لا يَعرِفُ العالِمَ لأنّه لم يَكُن قَبلُ عالِماً.

(۷۱) جاہل عالم کو نہیں پہچانتا کیونکہ وہ پہلے کبھی عالم نہ تھا۔

٧٢ـ الايمانُ والعلمُ أَخَوانِ تَوأَمانِ، و رَفيقانِ لا يَفترِقان.

(۷۲) ایمان و علم جڑواں بھائی ہیں اور کبھی جدا نہ ہونے والے دوست۔

٧٣ـ العالِمُ والمُتعلِّمُ شريكانِ في الأجرِ، ولا خيرَ فيما بينَ ذلك.

(۷۳) عالم اور متعلم دونوں اجر میں شریک ہیں مگر ان کے درمیان والوں کے لئے کوئی اجر نہیں۔

٧٤ـ العلمُ أوّلُ دليلٍ، والمَعرِفَةُ آخِرُ نِهايَةٍ.

(۷۴) علم دلیل کا اولین جزء اور معرفت انتہاء ہے۔

٧٥ـ المُتعبِّدُ بغَيرِ عِلمٍ كَحِمارِ الطاحُونَةِ، يَدورُ ولا يَبرَحُ مِن مكانِه.

(۷۵) بغیر علم عبادت کرنے والا چکی کے گدھوں کی طرح ہے جو چکر لگاتا ہے مگر اپنی جگہ سے نہیں ہٹتا۔

٧٦ـ أولى الناسِ بِالأنبياءِ عليهم السلام أعلمُهُم بِما جاؤُوا بِه.

(۷۶) انبیاء کے نزدیک اولویت اس شخص کو حاصل ہے جو لوگوں میں ان انبیاء کے لائے ہوئے احکامات کے بارے میں سب سے زیادہ علم رکھتا ہو۔

٧٧ـ أَبغَضُ العِبادِ إلى اللهِ سُبحانَهُ العالِمُ المُتَجبِّر.

(۷۷) اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ غضب کے لائق جابر عالم ہوتا ہے۔

٧٨ـ أَوجَبُ العلمَ عَليكَ ما أَنتَ مَسؤولٌ عَنِ العَمِلِ بِه.

(۷۸) تمہارے اوپر علم سب سے زیادہ واجب ہے جس پر عمل کرنے کے متعلق (روز قیامت) تم سے بازپرس ہوگی۔

٧٩ـ أفضلُ الذَّخائرِ علمٌ يُعمَلُ بهِ، ومَعروفٌ لا يُمَنُّ بِه.

(۷۹) بہترین ذخیرہ وہ علم ہے جس پر عمل کیا جائے اور وہ نیکی ہے جو جتائی نہ جائے۔

٨٠ـ أَعوَنُ الأشياءِ على تَزكيَةِ العقلِ التَّعليم.

(۸۰) تزکیہ عقل کے لئے سب سے زیادہ مددگار شئے تعلیم ہے۔

أَندِيَةِ المَقالِ، قد تَسَرْبَلَ بالتَخَشُّعِ، وتَخَلّىٰ مِنَ الوَرعِ، فَدَقَّ اللهُ من هـذا حَـيزومَهُ، وقَـطَعَ خَيشومَه. وأمّا صاحبُ الاستطالَةِ والحِـيلِ، فإنّه يَستطِيلُ عـلى أشـباهِهِ مِـن أشكـالِه، ويَتَواضعُ للأغنياءِ مِن دُونِهِم، فهو لِحلوائِهِم هاضِمٌ، ولدِينِهِ حاطِمٌ، فَأَعمَى اللهُ مِـن هـذا بَصَرَهُ، ومَحا مِن العُلَماءِ أَثَرَه. وأمّـا صـاحبُ الفِقهِ والعَمَلِ فَتَراهُ ذا كآبةٍ وحُزنٍ، قامَ الليلَ في حِندِسِهِ، وانحَنىٰ في بُرنُسِهِ، يَعمَلُ ويَخشىٰ، فشَدَّ اللهُ مِن هذا أركانَهُ، وأَعطاهُ يَومَ القيامةِ أمانَهُ.

جو سمجھنے اور عمل کرنے کے لئے علم حاصل کرتے ہیں اور وہ لوگ جو علم کو کٹ حجتی کے لئے حاصل کرتے ہیں تم انھیں باتوں میں لوگوں سے فخر و مباہات کرتے ہوئے پاؤگے جبکہ وہ ظاہر اً انکساری کا لبادہ اوڑھے ہوئے ہوں گے اور یہ لوگ تقوے سے عاری ہوتے ہیں لہذا اللہ نے ان کے سینوں کو کوٹ ڈالا اور ان کی ناک کاٹ ڈالی ۔البتہ جہاں تک ان علماء کا تعلق ہے جو تکبر و فریب کاری کے لئے علم حاصل کرتے ہیں تو ایسا عالم اپنے جیسے علماء پر فخر و مباہات کرتا ہے مگر مالداروں کے سامنے تواضع اختیار کرتا ہے اس طرح ان کے حلوؤں کو ہضم کرلیتا ہے مگر اپنے دین کو برباد کرلیتا ہے اسی لئے خدا نے اسے اندھا کر دیا اور علماء کے درمیان سے اس کا نام مٹا ڈالا اور تیسری قسم ان علماء کی ہے جو عمل و فقہ کے لئے علم حاصل کرتے ہیں تو تم ایسے طالب علم کو ہمیشہ غم زدہ و محزون دیکھوگے اندھیری راتوں میں (عبادت خدا کے لئے) وہ کھڑا رہتا ہے اور ظلمت کے پردوں میں رکوع کرتا ہے (نیک اعمال انجام دیتا ہے (اللہ سے) خوف زدہ رہتا ہے اسی لئے اللہ اس کے قدموں کو ثبات دے دیتا ہے اور روز قیامت اسے (عذاب سے) امان عطا کر دیتا ہے ۔

٦٤ ـ شُكرُ العالِمِ عَلى عِلمِهِ أَن يَبذُلَهُ لِمَن يَستَحِقُّه.

(۶۴) عالم کا اپنے علم کا شکریہ ہے کہ وہ اپنے علم کی اہلیت رکھنے والوں کو اپنا علم عطا کرے

٦٥ ـ العِلمُ إحدَى الحَياتَين.

(۶۵) علم ایک طرح کی زندگی ہے ۔

٦٦ ـ العِلمُ أصلُ كلِّ خيرٍ.

(۶۶) علم ہر بھلائی کی جڑ ہے ۔

٦٧ ـ العِلمُ لِقاحُ المَعرِفَة.

(۶۷) علم معرفت کی کونپل ہے ۔

٥٧ ـ مَن أفتَى الناسَ بِغَيرِ علمٍ لَعَنَتهُ الأرضُ والسَّماء.

(۵۷) جو لوگوں میں بغیر علم فتوے دیتا ہے اس پر زمین و آسمان لعنت کرتے ہیں۔

٥٨ ـ العلمُ عِلمانِ: علمٌ لا يَسَعُ النـاسُ إلّا النَّظَرَ فيه، و هو صِبغَةُ الإسلامِ، و علمٌ يَسَعُ الناسُ تـركَ النـظرِ فـيه، و هـو قُـدرَةُ اللهِ عزَّوَجلَّ.

(۵۸) علم دو طرح کا ہوتا ہے :ایک وہ علم جس میں لوگوں کے لئے دقت نظری کے علاوہ کوئی چارہ نہیں اور یہ احکام اسلام ہیں اور دوسرا وہ علم جس میں دقت کی ضرورت نہیں ہوتی وہ قدرت خدا ہے۔

٥٩ ـ لا خَيرَ في عِلمٍ ليسَ فيهِ تَفَهُّمٌ.

(۵۹) جس علم میں فہم نہ ہو وہ بے فائدہ ہے۔

٦٠ ـ كلّ شيءٍ يَعُزُّ إذا نَزَرَ ما خَلا العِلمِ فإنَّه يَعُزُّ إذا غَزُر.

(۶۰) دوسری چیزیں جب کم ہو جاتی ہیں تو قیمتی ہو جاتی ہیں مگر علم جب زیادہ ہوتا ہے تب لائق عزت ہوتا ہے۔

٦١ ـ أقـلُّ النّـاسِ قِـيمةً أقـلُّهم عِـلماً، و مَـن لم يَـتَعلَّم في صِـغَرِهِ لم يَـتقدَّم في كِبَرِه.

(۶۱) لوگوں میں سب سے کم قیمت وہ لوگ ہیں جو لوگوں میں سب سے کم علم ہیں اور جو بچپن میں علم حاصل نہ کر سکا وہ بڑا ہو کر بھی آگے نہیں بڑھ سکتا۔

٦٢ ـ لو أنّ حَمَلَةَ العلمِ حَمَلُوهُ بحقّهِ لَأَحبَّهُمُ اللهُ وأهلُ طاعَتِهِ مِن خَلقِهِ، وَلكِنَّهُم حَمَلُوهُ لِطلبِ الدنيا، فَمَقَتَهُمُ اللهُ، و هانُوا عَلَى الناس.

(۶۲) اگر حاملان علم ،جیسا حق تھا اسی طرح علم کو بروئے کار لاتے تو یقیناً اللہ اور اس کی اطاعت کرنے والے سب کے سب انھیں دوست رکھتے مگر انھوں نے تو علم کو دنیا کی چاہت میں حاصل کیا لہذا خدا ان پر غضب ناک ہوا اور یہ لوگوں کے درمیان بے وقعت ہو کر رہ گئے۔

٦٣ ـ طَلَبةُ هذا العلم على ثلاثةِ أصـنافٍ ألا فَاعرِفوهُم بِصفاتِهم: صِنفٌ مِـنهُم يَـتعلَّمُونَ العلمَ للمِراءِ والجَدَلِ، و صِـنفٌ لِـلاستطالةِ والخِيَلِ، وصِنفٌ لِلفِقهِ والعَمل. فأمّا صاحِبُ المِراءِ والجَدلِ، فإنّك تَراهُ مُمـارياً للّـرِجالِ في

(۶۳) اس علم کے تین طرح کے طالب ہوتے ہیں آگاہ ہو جاؤ ان کو ان کی صفات کے ذریعہ پہچانو : ان میں سے ایک نوع ایسے لوگوں کی ہے جو بحث و جدال کے لئے تعلیم حاصل کرتے ہیں اور دوسری قسم ان لوگوں کی ہے جو مختلف حیلوں اور بہانوں کے لئے علم حاصل کرتے ہیں اور تیسری نوع ان لوگوں کی ہوتی ہے

٤٧ ـ إذا ماتَ الإنسانُ انـقطعَ عَـنهُ عَـمَلُهُ إلّا مِن ثَلاثٍ: صَـدَقَةٍ جـارِيَةٍ، وعِـلمٍ كـانَ عَلَّمَهُ الناسَ فَانتَفعُوا بِهِ، و وَلدٍ صالحٍ يَدعُو لَه.

(۴۷) جب انسان مر جاتا ہے تو اس کے تمام اعمال کا سلسلہ ٹوٹ جاتا ہے جزء تین اعمال کے : صدقہ جاریہ، وہ علم جس کی وہ لوگوں کو تعلیم دیا کرتا تھا اور لوگوں نے اس سے استفادہ کیا اور وہ صالح بیٹا جو اس کے لئے دعا کرتا ہو۔

٤٨ ـ أَشرَفُ الأشياءِ العِلمُ، واللهُ تَعالىٰ عـالمٌ يُحِبُّ كُلَّ عالمٍ.

(۴۸) سب سے اشرف شئے علم ہے اور اللہ تعالی چونکہ عالم ہے اس لئے علماء کو پسند کرتا ہے۔

٤٩ ـ لَيتَ شِعري، أيَّ شَيءٍ أَدرَكَ مَن فـاتَهُ العِلمُ! بل أيَّ شيءٍ فاتَ مَن أدرَكَ العِلمَ!

(۴۹) اے کاش میں جان پاتا کہ علم سے ہاتھ دھو دینے والے نے کیا پایا؟ بلکہ جس نے علم حاصل کر لیا اس نے کیا کھویا؟

٥٠ ـ لَو كانَ أحدٌ مُكتَفياً مِن العِـلمِ لاكـتفىٰ نَبيُّ اللهِ مُوسى، وقد سمِعتُم قَولَهُ: ﴿هَل أَتَّبِعُكَ عَلى أن تُعلِّمَنِ مِمّا عُلِّمتَ رُشداً﴾

(۵۰) اگر علم سے کوئی سیر ہو سکتا تو نبی خدا موسیٰ ضرور مطمئن ہو جاتے مگر تم نے ان کو (جناب خضر سے) یہ کہتے سنا ہی ہے "کیا میں آپ کی پیروی کر سکتا ہوں تا کہ آپ مجھے اس ہدایت کی تعلیم دیں جس کی تعلیم آپ کو دی جا چکی ہے؟"

٥١ ـ المُلوكُ حُكّامٌ عَلَى النّاسِ والعُلماءُ حُكّامٌ عَلَى المُلوكِ.

(۵۱) بادشاہ لوگوں پر حاکم ہوتے ہیں اور علماء بادشاہوں پر۔

٥٢ ـ العلمُ تُحفَةٌ في المجـالِسِ، وصـاحِبٌ في السَفَرِ، وأُنسٌ في الغُربَةِ.

(۵۲) علم مجلسوں میں زینت، سفر میں تحفہ اور غربت میں انس ہوتا ہے۔

٥٣ ـ وَسُئِلَ عليه السلام : مَن أعلَمُ النّاسِ؟ فقالَ عليه السلام: مَن جَمَعَ عِلمَ النّاسِ إلىٰ عِلمِه.

(۵۳) آپ سے پوچھا گیا کہ لوگوں میں سب سے زیادہ صاحب علم کون ہے؟ "تو آپ نے فرمایا" جو لوگوں کے علم کو اپنے علم میں اکٹھا کرے۔"

٥٤ ـ العالِمُ حَيٌّ وإن كانَ مَيّتاً، وَالجاهلُ مَيِّتٌ وإن كانَ حَيّاً.

(۵۴) عالم زندہ ہوتا ہے بھلے ہی وہ مر گیا ہو اور جاہل مردہ ہوتا ہے بھلے ہی وہ زندہ ہو۔

٥٥ ـ إذا جَلَستَ إلىٰ عالمٍ فكُن إلىٰ أن تَسمَعَ أَحرَصَ مِنكَ إلى أَن تَقولَ.

(۵۵) جب تم کسی عالم کے پاس بیٹھو تو سننے کے لئے کہنے سے زیادہ مشتاق رہو۔

٥٦ ـ العلمُ أكثَرُ مِن أن يُحصىٰ فَخُذوا مِن كلِّ شيءٍ أَحسَنَه.

(۵۶) علم بے شمار ہے لہذا ہر چیز میں سے جو بہتر ہو اسے لے لو

۳۵ ـ تَعَلَّمُوا العِلمَ تُعرَفوا بِهِ، وَاعـمَلُوا بِـهِ تَكونُوا مِن أَهلِهِ، فإنَّهُ يَأتِي مِن بَعدِكُم زمانٌ يُنكِرُ فيه الحقَّ تِسعَةُ أعشارِهِم، لا يَنجُو فيهِ إلّا كُلُّ نَومَةٍ، أُولئكَ أئمّةُ الهُدىٰ ومَـصابِيحُ العِلمِ، لَيسُوا بالعُجلِ المَذاييعِ البُذُر.

(۳۵) علم حاصل کرو کہ اس کے ذریعے پہچانے جاؤ گے اور اس پر عمل پیرا ہو جاؤ کہ اس کے اہل میں سے ہو جاؤ گے یقیناً تمہارے بعد لوگوں پر ایسا دور گزرنے والا ہے جب لوگوں میں ہر دس میں سے نو آدمی حق کا انکار کر دیں گے اس وقت صرف خاموشی اختیار کر لینے والا ہی نجات پائے گا اور یہی لوگ ہدایت کے امام اور علم کے چراغ ہوں گے یہ لوگ نہ جلد باز ہوں گے اور نہ ہی نام نمود و شہرت والے ہوں گے۔

۳٦ ـ مَن جالَسَ العُلَماءَ وَقَرَ.

(۳۶) جو علماء کے ساتھ اٹھتا بیٹھتا ہے وہ باوقار ہو جاتا ہے۔

۳۷ ـ خَفضُ الجَناحِ زِينةُ العِلمِ.

(۳۷) انکساری و فروتنی علم کی زینت ہے۔

۳۸ ـ العِلمُ في الصِغَرِ كالنَقشِ في الحَجَرِ.

(۳۸) بچپن کا علم پتھر پر نقش کی طرح ہوتا ہے۔

۳۹ ـ لا تَحقِرَنَّ عبداً آتاهُ اللهُ عِلماً، فَـإنّ اللهَ تَعالىٰ لم يَحقِرْهُ حِينَ آتاهُ إيّاه.

(۳۹) ایسے بندے کی تحقیر نہ کرو جسے اللہ نے علم عطا کیا ہو کیونکہ اللہ نے اسے علم دیتے وقت حقیر نہیں سمجھا۔

٤٠ ـ العِلمُ أشرفُ الأحساب.

(۴۰) علم تمام حسب نسب سے زیادہ شریف ہے۔

٤١ ـ الشريفُ مَن شَرَّفَهُ عِلمُه.

(۴۱) شریف وہ ہے جسے اس کے علم نے شریف کیا ہو۔

٤٢ ـ مَن كَتَمَ عِلماً فكأنّهُ جاهِلٌ.

(۴۲) جو علم چھپاتا ہے وہ جاہل کی طرح ہوتا ہے۔

٤٣ ـ زَلّةُ العـالِمِ كـانكِسارِ السَّـفينَةِ تُـغرَقُ ويَغرَقُ مَعَها خَلقٌ.

(۴۳) عالم کی لغزش کشتی کے ٹوٹ جانے کی طرح ہوتی ہے جو خود تو ڈوبتی ہی ہے مگر اپنے ساتھ لوگوں کو بھی لے ڈوبتی ہے۔

٤٤ ـ العِلمُ أفضلُ الكُنوزِ وأجمَلُها خَفيفُ المَحْملِ عظيمُ الجَدوىٰ في المَلَاءِ جَمالٌ وفي الوَحدةِ أُنسٌ.

(۴۴) علم بہترین و زیبا ترین خزانہ ہے اس کا تحمل آسان، مقصد عظیم ہوتا ہے مجمع کے درمیان یہ جمال ہے اور تنہائی میں مونس۔

٤٥ ـ العلمُ سُلطانٌ، مَن وَجَدَهُ صالَ بِهِ، وَمَن لَمْ يَجِدْهُ صِيلَ عَليه.

(۴۵) علم ایسی سلطنت ہے کہ جو اسے پا جاتا ہے وہ اسی کے ذریعے یلغار کرتا ہے اور جو اس سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے وہ اسی کے ذریعے یلغار کا نشانہ بن جاتا ہے۔

٤٦ ـ العِبادةُ مِن غَيرِ عِلمٍ ولا زَهادَةٍ تَعَبُ الجَسَد.

(۴۶) بغیر علم و زہد کے عبادت کرنا جسم کو تھکانا ہے۔

۲۵ ـ بالعِلمِ يُرهَبُ المَوت.

(۲۵) علم کے ذریعہ موت سے ڈرا جاتا ہے۔

۲٦ ـ إنَّ العالِمَ العامِلَ بِغيرِ عِلمِهِ كَالجاهِلِ الحائرِ الذي لا يَستَفيقُ مِن جَهلِهِ، بَلِ الحُجَّةُ عليهِ أعظَمُ، والحَسرَةُ لَهُ ألزَمُ، وهو عِندَ اللهِ ألوَم.

(۲٦) یقیناً وہ عالم جو علم کو چھوڑ کر اعمال انجام دیتا ہے اس حیران جاہل کی طرح ہے جو اپنی جہالت سے کبھی نہیں نکل پاتا بلکہ ایسے عالم پر تو اس جاہل سے بھی زیادہ عظیم حجت ہے اور اس کی حسرت (روز قیامت) اس سے کئی گنا زیادہ ہو گی اور یہ اللہ کے نزدیک اس جاہل سے زیادہ قابل ملامت ٹھہرے گا۔

۲۷ ـ وسُئلَ ﷺ : مَنِ العالِمُ؟ فقالَ ﷺ : مَن اجتَنبَ المَحارِم.

(۲۷) آپ سے پوچھا گیا "عالم کون ہے؟" تو آپ نے فرمایا "جو حرام اشیاء سے اجتناب کرے"۔

۲۸ ـ مَن أحسَنَ السؤالَ عَلِمَ، ومَن عَلِمَ عَمِلَ، ومَن عَمِلَ سَلِم.

(۲۸) جو اچھی طرح سے پوچھتا ہے وہ جان لیتا ہے اور جو جان لیتا ہے وہ عمل کرتا ہے اور جو عمل کرتا ہے وہ (عذاب سے) سلامت رہتا ہے۔

۲۹ ـ رأسُ العِلمِ الرِّفقُ، وآفتُهُ الخُرق.

(۲۹) علم میں سرفہرست نرمی ہے اور اس کی آفت حماقت اور سخت روئی ہے۔

۳۰ ـ العالِمُ بِمَنزِلَةِ النَّخلَةِ، تَنتَظِرُ مَتىٰ يَسقُطُ عَلَيكَ مِنها شيءٌ.

(۳۰) عالم کھجور کے درخت کی طرح ہوتا ہے جس کے پاس تم انتظار کرتے ہو کہ کب کچھ (کھجور) تمہارے اوپر گرے۔

۳۱ ـ العالِمُ أفضلُ مِنَ الصائمِ القائمِ الغازي في سَبيلِ الله.

(۳۱) عالم اللہ کی راہ میں لڑنے والے، روزہ دار و نمازی سے افضل ہے۔

۳۲ ـ مَن استَغنىٰ بِعلِمِهِ زَلَّ.

(۳۲) جو اپنے علم سے بے نیاز ہو جاتا ہے وہ ٹھوکر کھاتا ہے۔

۳۳ ـ إذا ماتَ العالِمُ انثَلَمَ بِمَوتِهِ في الإسلامِ ثُلمَةٌ لا تُسَدُّ إلى يَومِ القِيامَة.

(۳۳) جب عالم مر جاتا ہے تو اسلام میں ایک ایسا خلا پیدا ہو جاتا ہے جو قیامت تک پر نہیں ہو سکتا۔

۳٤ ـ كَفىٰ بِالعلمِ شَرَفاً أنَّهُ يَدَّعِيهِ مَن لا يُحسِنُهُ، ويَفرَحُ بِهِ إذا نُسِبَ إلَيه.

(۳۴) علم کے شرف کے لئے یہی کافی ہے کہ اسے نہ رکھنے والا بھی اس کا دعویٰ کرتا ہے اور اگر اسے کی طرف کسی کو منسوب کر دیا جائے تو وہ خوش ہو جاتا ہے۔

[ يا كميل ] ها، إنّ ها هُنا لَعِلماً جَمّاً ـ وأشارَ بيدِهِ إلى صَدرِهِ ـ لَو أَصبتُ لَهُ حَمَلةً، بَلىٰ أَصبتُ لَقِناً غيرَ مأمونٍ عَليهِ، مُستَعمِلاً آلةَ الدّينِ للدُّنيا، و مُستَظهِراً بِنِعَمِ اللهِ على عِبادِه، وبِحُجَجِهِ عَلى أوليائِهِ، أو مُنقاداً لِحَمَلَةِ الحقِّ لا بَصيرَةَ لَهُ في أَحنائِهِ، يَنقدِحُ الشَكُّ في قَلبِهِ لأوّلِ عارِضٍ مِن شُبهَةٍ. أَلا، لا ذا ولا ذاكَ، أو مَنهوماً بِاللذَّةِ، سَلِسَ القِيادِ لِلشَهوةِ، أو مُغرَماً بالجَمعِ وَالإِدّخارِ، لَيسامِن رُعاةِ الدِينِ فِي شيءٍ، أَقرَبُ شيءٍ شَبَهاً بِهِما الأنعامُ السائِمَةُ، كذلِكَ يَموتُ العِلمُ بِموتِ حامِلِيه.

اے کمیل یہاں (آپ نے ہاتھوں سے اپنے سینے کی طرف اشارہ کیا) علم کا ذخیرہ ہے کاش میں اسے سیکھنے کے لائق افراد پاتا البتہ میں نے بہت سے زود فہم لوگوں کو پایا مگر (میرے اس علم کے) وہ امانت دار نہیں ہو سکتے یہ لوگ دین کو دنیا کے لئے استعمال کرتے ہیں اور اللہ کے بندوں پر اس نعمت کے ذریعے فخر اور دکھاوا کرتے ہیں اور اس علم کی حجت و دلیل کو اس کے اولیاء کے خلاف استعمال کرتے ہیں ۔ یا پھر میں اس علم کے لئے ایسے افراد کو پاتا ہوں جو حق کے پیرو کار تو ہیں مگر ان کے دل میں بصیرت کی کوئی رمق نہیں شبہ ہوتے ہی فوراً ان کے دل میں شک پیدا ہو جاتا ہے کیا نہیں ؟ نہیں وہ بھی نہیں اور یہ بھی نہیں ۔ اور یا تو میں نے علم کے ایسے طالب پائے جو لذات کے بھوکے، شہوتوں کی کٹھ پتلی ہوتے ہیں یا پھر ایسے افراد ہیں جو (مال و دولت) جمع اور اس کا ذخیرہ کرنے میں دھیان دیتے ہیں یہ دونوں گروہ بھی کسی طرح سے دین کی مراعات نہیں کرتے یہ دونوں گرو مخلوقات خدا میں ان جانوروں سے سب سے زیادہ مشابہ ہیں جنھیں چرنے لئے چھوڑ دیا گیا ہو علم اسی طرح اہل علم کے مرنے سے مر جاتا ہے

٢٣ ـ ليسَ الخيرُ أن يَكثُرَ مالُكَ وولَدُكَ، ولكِنَّ الخَيرَ أَن يَكثُرَ عِلمُكَ، وأَن يَعظُمَ حِلمُكَ، وأنَ تُباهِيَ الناسَ بِعبادَةِ ربّك.

(۲۳) بھلائی یہ نہیں ہے کہ تمہاری دولت یا اولاد زیادہ ہو جائیں بلکہ بھلائی یہ ہے کہ تمہارا علم بڑھ جائے اور حلم عظیم ہو جائے اور تم لوگوں پر اپنے پروردگار کی عبادت کے ذریعہ فخر و مباہات کرسکو۔

٢٤ ـ لا تَقُلْ ما لا تَعلمُ، وإن قَلَّ ما تَعلَم.

(۲۴) جو نہیں جانتے وہ نہ کہو بھلے ہی جو تم جانتے ہو وہ کم ہی کیوں نہ ہو۔

١٩ ـ [ مِن وصاياه ﷺ ] لا يَستَحِيَنَّ أحدٌ مِنكُم إذا سُئِلَ عمّا لا يَعلَمُ أن يَقولَ: لا أَعلَمُ، ولا يَستَحِينَّ أحدٌ إذا لم يَعلَمِ الشَّيءَ أن يَتَعَلَّمَه.

(۱۹) آپ کی وصیتوں میں سے" تمھیں کسی سوال کے وقت لاعلمی کی صورت میں "میں نہیں جانتا" کہنے سے ہر گز شرمانا نہیں چاہیے اور نہ ہی لاعلمی کی صورت میں سیکھنے سے شرمانا چاہیے۔

٢٠ ـ مَنهُومانِ لا يَشبَعانِ: طالبُ علمٍ وطالبُ دنيا.

(۲۰) دو بھوکے کبھی سیر نہیں ہوتے، طالب علم اور طالب دنیا۔

٢١ ـ كلُّ وِعاءٍ يَضِيقُ بما جُعِلَ فِيهِ إلّا وِعاءُ العِلمِ فإنّه يَتَّسِعُ به.

(۲۱) ہر ظرف، مظروف کی وجہ سے تنگ ہو جاتا ہے سوائے ظرف علم کے کہ یہ اور وسیع ہوتا رہتا ہے۔

٢٢ ـ [ قال ﷺ للكُميلِ بنِ زيادٍ : ] النّاسُ ثَلاثةٌ: فَعالِمٌ ربّانيٌّ، ومُتَعلِّمٌ على سبيلِ النَّجاةِ، و هَمَجٌ رَعاعٌ، أتباعُ كلِّ ناعِقٍ، يَميلُونَ مَعَ كلِّ ريحٍ، لم يَستَضيئُوا بِنُورِ العِلمِ، وَلَم يَلجَئُوا إلى رُكنٍ وَثيقٍ.

(۲۲) آپ نے کمیل ابن زیاد سے فرمایا "لوگ تین طرح کے ہوتے ہیں، عالم ربانی، راہ نجات میں علم حاصل کرنے والا اور بے اہمیت و بے وقعت، احمق عوام جو ہر آواز پر دوڑ پڑتے ہیں، ہر ہوا کے ساتھ متحرک ہو جاتے ہیں انھوں نے نور علم سے روشنی حاصل نہیں کی اور نہ کسی مستحکم پناہ گاہ میں پناہ لی"

يا كُميلُ، العِلمُ خيرٌ مِنَ المالِ، العِلمُ يَحرُسُكَ وأَنتَ تَحرُسُ المالَ، والمالُ تَنقُصُهُ النَّفَقَةُ، والعِلمُ يَزكُو عَلَى الإنفاقِ، وصَنيعُ المالِ يَزولُ بزوالِه.

اے کمیل علم مال سے بہتر ہوتا ہے علم تمہاری حفاظت کرتا ہے جبکہ مال کی تم حفاظت کرتے ہو اور مال خرچ کرنے سے گھٹ جاتا ہے جبکہ علم خرچ کرنے سے اور بڑھ جاتا ہے اور دولت کے ذریعے بنائے گئے کام دولت کے ختم ہوتے ہی زوال پذیر ہو جاتے ہیں"۔

يا كُمَيلُ، مَعرفةُ العِلمِ دِينٌ يُدانُ بِهِ، بِهِ يَكسِبُ الإنسانُ الطّاعَةَ في حَياتِه، وجَميلَ الاحدُوثةِ بعدَ وَفاتِه، والعِلمُ حاكِمٌ والمالُ محكومٌ عَليه.

"اے کمیل معرفت علم ایک ایسا راستہ ہے جس پر چلا جاتا ہے، اسی کے توسط سے انسان اپنی زندگی میں اطاعت اور موت کے بعد ذکر خیر کی صفت حاصل کر لیتا ہے اور علم تو حاکم ہے جبکہ مال محکوم ہوتا ہے۔

يا كُمَيلُ، هَلَكَ خُزّانُ الأموالِ وهُم أحياءٌ، والعُلَماءُ باقونَ ما بَقِيَ الدَّهرُ، أعيانُهُم مَفقُودَةٌ، وأَمثالُهُم فِي القُلُوبِ مَوجُودَةٌ.

اے کمیل مال جمع کرنے والے زندہ ہوتے ہوئے بھی ہلاک ہونے والے ہیں جبکہ علماء جب تک زمانہ باقی ہے باقی رہنے والے ہیں ان کا جسم تو غائب رہتا ہے مگر ان کی صورتیں دلوں میں موجود رہتی ہیں۔

١١ ـ لا عِلمَ كالتَفكُّر.

(۱۱) غور کرنے سے بڑھ کر کوئی علم نہیں۔

١٢ ـ العالِمُ مَن عَرَفَ قَدرَه.

(۱۲) عالم وہ ہے جو اپنی قدر جان لے۔

١٣ ـ إعقِلُوا الخَبرَ إذا سَمِعتُمُوهُ عَقلَ رِعايةٍ لا عَقلَ رِوايَةٍ، فإنَّ رُوَاةَ العلمِ كـثيرٌ، ورُعـاتَهُ قَليلٌ.

(۱۳) جب تم کوئی خبر سنو تو اسے رعایت وعقل سے سمجھو نہ روایت کے طور سے کیونکہ علم کو نقل کرنے والے تو بہت ہیں مگر اس کی مراعات کرنے والے بہت کم ہیں۔

١٤ ـ رُبَّ عالمٍ قَد قَتَلَهُ جَهلُهُ، وعِلمُهُ مَعَهُ لا يَنفَعُه.

(۱۴) بہت سے ایسے عالم ہیں جو ہلاک ہو گئے جبکہ ان کا علم ان کے ساتھ موجود تھا مگر کچھ فائدہ نہ پہنچا سکا۔

١٥ ـ يا جابِرُ، قِوامُ الدّينِ والدُّنيا بأربعةٍ: عالمٍ مُستَعمِلٍ عِلمَهُ، وجاهِلٍ لا يَستَنكِفُ أن يَتَعَلَّمَ، وجَوادٍ لا يَبخَلُ بمعروفِهِ، وفقيرٍ لا يَبيعُ آخرتَهُ بدنياهُ، فإذا ضَيَّعَ العالِمُ علمَهُ استَنكفَ الجاهلُ أنْ يَتعلَّمَ، وإذا بَخِلَ الغَنيُّ بِمعروفِهِ باعَ الفقيرُ آخرتَهُ بدنياه.

(۱۵) اے جابر چار چیزوں پر دنیا کا انحصار ہے: اپنے علم پر عمل پیرا عالم، تعلیم سے گریز نہ کرنے والا جاہل، اپنے عطیات میں بخل نہ کرنے والا سخی اور اپنی دنیا کے بدلے آخرت نہ بیچنے والا تہی دست لہٰذا جب عالم اپنا علم ضائع کر دیتا ہے تو جاہل تعلّم سے گریزاں ہو جاتا ہے اور جب دولت مند اپنی نیکیوں میں بخل سے کام لینے لگتا ہے تو فقیر اپنی آخرت کو اپنی دنیا کے عوض بیچ ڈالتا ہے۔

١٦ ـ لا تَقُلْ ما لا تَعلَمُ، بَل لا تَقُلْ كُلَّ ما تَعلَمُ، فإنّ اللهَ فَرَضَ على جَوارِحِكَ كُلِّها فَرائِـضَ، يَحتَجُّ بها عليكَ يومَ القِيامَة.

(۱۶) تم جو نہیں جانتے ہو اسے نہ کہو بلکہ جتنا جانتے ہو وہ سب بھی نہ کہہ ڈالو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے تمام اعضاء و جوارح پر کچھ فرائض واجب کر دیئے ہیں اور ان سب کے ذریعہ روز قیامت تم پر حجت قائم کی جائے گی۔

١٧ ـ ما أَخَذَ اللهُ على أهلِ الجَهلِ أن يَتَعلَّمُوا حتّى أخَذَ على أهلِ العِلمِ أَن يُعَلِّمُوا.

(۱۷) اللہ تعالیٰ نے جاہلوں سے پڑھنے کا عہد اس وقت تک نہیں لیا جب تک علماء سے پڑھانے کا عہد نہ لے لیا۔

١٨ ـ مَن أَبصَرَ فَهِمَ، ومَن فَهِمَ عَلِم.

(۱۸) جو غور کرتا ہے وہ سمجھ لیتا ہے اور جو سمجھ لیتا ہے وہ جان لیتا ہے۔

[ ١٥١ ]

## العلم =

١ ـ لا تجعَلوا عِلمَكُم جهلاً، ويَقينَكُم شَكّاً، إذا عَلِمتُم فَاعمَلوا، وإذا تيَقَّنتُم فَأَقدِمُوا.

(۱) اپنے علم کو جہل اور یقین کو شک نہ قرار دو جب تمھیں علم ہو جائے تو عمل کرو اور جب یقین آجائے تو آگے بڑھ جاؤ۔

٢ ـ قَطَعَ العِلمُ عُذرَ المُتَعَلِّلِين.

(۲) علم بہانے بازوں کے عذروں کو برباد کر دیتا ہے۔

٣ ـ أَوضَعُ العِلمِ ما وُقِفَ عَلى اللِّسانِ، وأَرفَعُهُ ما ظَهَرَ في الجَوارحِ والأركان.

(۳) کم ترین علم وہ ہے جو زبان پر رہے اور بالاترین علم وہ ہے جو اعضاء و جوارح سے ظاہر ہو۔

٤ ـ العلمُ وِراثَةٌ كريمَةٌ.

(۴) علم کریم وراثت ہے۔

٥ ـ لا شَرَفَ كَالعِلم.

(۵) علم جیسا کوئی شرف نہیں ہے۔

٦ ـ إذا أرذَلَ اللهُ عَبداً حَظَرَ عَلَيهِ العِلم.

(۶) جب خدا کسی بندے کو ذلیل کرتا ہے تو باب علم اس پر بند کر دیتا ہے۔

٧ ـ العِلمُ مَقرونٌ بِالعَمَلِ، فَمَن عَلِمَ عَمِلَ، والعِلمُ يَهتِفُ بالعَمَلِ، فَإن أجابَهُ وإلّا ارتَحَلَ عَنه.

(۷) علم عمل سے ملا ہوا ہے لہذا جو جان لیتا ہے وہ عمل کرتا ہے اور علم عمل کو آواز لگاتا ہے پس اگر عمل نے جواب دیا تو ٹھیک ہے ورنہ وہ اس کے پاس سے چلا جاتا ہے۔

٨ ـ لا خَيرَ في الصَمتِ عَنِ الحُكمِ، كما أَنَّهُ لا خَيرَ في القَولِ بِالجهل.

(۸) حکمت کی باتوں سے خاموشی میں کوئی بھلائی نہیں جس طرح جہالت کی باتیں کرنے میں کوئی نیکی نہیں۔

٩ ـ العِلمُ عِلمانِ: مَطبُوع، ومَسمُوعٌ، ولا يَنفَعُ المَسمُوعُ إذا لم يَكُنِ المَطبُوع.

(۹) علم دو طرح کا ہوتا ہے: فطری اور سنا ہوا لہذا سنا ہوا علم فائدہ نہیں پہنچا سکتا اگر فطری علم موجود نہ ہو۔

١٠ ـ مَن فَهِمَ عَلِمَ غَورَ العِلمِ، وَمَن عَلِمَ غورَ العِلمِ صَدَرَ عَن شَرائعِ الحُكم.

(۱۰) جو سمجھ لیتا ہے وہ علم کی گہرائیوں سے واقف ہو جاتا ہے اور جو علم کی گہرائیوں سے واقف ہو جاتا ہے وہ احکام شریعت کے چشموں سے (سیراب ہو کر) نکل آتا ہے۔

۷۰۔إنَّ اللهَ سُبحانَهُ يُحِبُّ العَقلَ القَويمَ والعَمَلَ المُستَقيم.
(۷۰) اللہ عقل سلیم اور بے عیب اعمال کو پسند کرتا ہے۔

۷۱۔بِالعَقلِ يُستَخرَجُ غَورُ الحِكمَة.
(۷۱) عقل کے ذریعہ علم کی گہرائی کو حاصل کیا جاسکتا ہے۔

۷۲۔تَزكِيَةُ الرَّجُلِ عَقلُه.
(۷۲) انسان کی پاکیزگی اس کی عقل ہے۔

۷۳۔ثَلاثٌ يُمتَحَنُ بِها عُقُولُ الرِّجالِ: هُنَّ المالُ، والوِلايةُ، والمُصيبَة.
(۷۳) تین چیزوں کے ذریعہ لوگوں کی عقلوں کا امتحان لیا جاتا ہے، مال، حکومت اور مصیبت۔

۷٤۔صاحِبِ العُقَلاءَ تَغنَم، وأعرِضْ عَنِ الدُّنيا تَسلَم.
(۷۴) عقل مندوں کے ساتھ رہو فائدہ اٹھاؤگے اور دنیا سے احتراز کرو تو سلامت رہوگے۔

۷٥۔ضَلالُ العَقلِ يُبعِدُ عن الرَّشادِ ويُفسِدُ المَعاد.
(۷۵) عقل کی گمراہی (انسان کو) ہدایت سے دور کر کے اس کی آخرت کو برباد کر دیتی ہے۔

۷٦۔كَم مِن ذَليلٍ أعَزَّهُ عَقلُه.
(۷۶) کتنے ایسے ذلیل ہیں جنھیں ان کی عقلوں نے عزت دار بنا دیا۔

۷۷۔كَثرَةُ الصَّوابِ يُنبِئُ عَن وُفُورِ العَقل.
(۷۷) حد درجہ درستگی عقل کے ذخیرے کا پتہ دیتی ہے۔

۷۸۔كَمالُ المَرءِ عَقلُهُ، وقيمَتُهُ فَضلُه.
(۷۸) انسان کا کمال اس کی عقل اور اس کی قیمت اس کی فضیلت ہوتی ہے۔

۷۹۔كَلامُ العاقِلِ قُوتٌ وجَوابُ الجاهِلِ سُكوتٌ.
(۷۹) عاقل کا کلام خوراک ہوتا ہے جبکہ جاہل کا جواب خاموشی ہے

۸۰۔لَن يُنجِعَ الأدبُ حَتّى يُقارِنَهُ العَقل.
(۸۰) ادب اس وقت تک ہر گز فائدہ نہیں پہنچا سکتا جب تک عقل اس کے ساتھ نہ ہو۔

۸۱۔مَن مَلَكَ عَقلَهُ كانَ حَكيماً.
(۸۱) جو اپنی عقل کا مالک ہو گیا وہ حکیم ہو جاتا ہے۔

۸۲۔مَن غَلَبَ عَقلُهُ شَهوَتَهُ، وحِلمُهُ غَضَبَهُ، كانَ جَديراً بِحُسنِ السّيرَة.
(۸۲) جس کی عقل اس کی شہوت پر اور حلم غصہ پر غالب آجاتا ہے وہ نیک سیرتی کے لئے بہت زیادہ سزاوار ہوتا ہے۔

۸۳۔ما آمَنَ المُؤمِنُ حتّى عَقَل.
(۸۳) مومن اس وقت تک ایمان نہیں لایا جب تک وہ عقل مند نہ ہوا۔

٥٠ ـ العَقلُ وِلادةٌ، والعِلمُ إفـادَةٌ، ومُجـالَسَةُ العُلَماءِ زِيادةٌ.

(۵۰) عقل ذاتی اور پیدائشی ہوتی ہے اور علم اکتساب و تحصیل سے ہوتا ہے اور علماء کی معاشرت اسے زیادہ کرتی ہے۔

٥١ ـ الكَيِّسُ مَن كانَ يَومُهُ خيراً مِن أَمسِهِ.

(۵۱) عاقل وہ ہے جس کا "آج" "کل" سے بہتر ہو۔

٥٢ ـ اللِّسانُ تَرجُمانُ العَقل.

(۵۲) زبان عقل کی ترجمان ہوتی ہے۔

٥٣ ـ وُكِّلَ الحِرمانُ بِالعَقل.

(۵۳) حرمان کو عقل پر متوقف کیا گیا ہے۔

٥٤ ـ الأَدَبُ والدِّينُ نَتيجَةُ العَقل.

(۵۴) دین، ادب اور عقل کے نتیجے میں ہوتا ہے۔

٥٥ ـ العَقلُ يَنبُوعُ الخَير.

(۵۵) عقل، خیر کا سرچشمہ ہے۔

٥٦ ـ العاقِلُ يَطلُبُ الكَمالَ الجاهِلُ يَطلُبُ المال.

(۵۶) عاقل کمال چاہتا ہے اور جاہل مال۔

٥٧ ـ العَقلُ أصلُ العِلمِ، و داعِيَةُ الفَهم.

(۵۷) عقل علم کی جڑ ہے اور فہم و فراست کی مقتضی۔

٥٨ ـ العَقلُ فِي الغُربَةِ قُربَةٌ.

(۵۸) عقل، بے وطنی میں وجہ قربت ہے۔

٥٩ ـ العقلُ ثَوبٌ جَديدٌ لا يَبلىٰ.

(۵۹) عقل ایسا نیا لباس ہے جو بوسیدہ نہیں ہوتا۔

٦٠ ـ العقلُ سِلاحُ كلِّ أَمرٍ.

(۶۰) عقل ہر کام کے لئے اسلحہ ہے۔

٦١ ـ العاقلُ يَعتمِدُ عَلىٰ عَمَلِهِ الجاهِلُ يَعتَمِدُ عَلىٰ أَمَلِه.

(۶۱) عاقل اپنے کام پر اور جاہل اپنی امیدوں پر بھروسہ کرتا ہے۔

٦٢ ـ العاقلُ مَن صَدَّقَت أقوالَهُ أفعالُه.

(۶۲) عاقل وہ ہے جس کے افعال اس کے اقوال کی تصدیق کریں

٦٣ ـ العاقِلُ مَن يَزهَدُ فيما يَرغَبُ فيهِ الجاهِل.

(۶۳) عاقل وہ ہے جو جاہل کی مرغوب اشیاء میں زہد اختیار کرے۔

٦٤ ـ العاقِلُ مَن هَجَرَ شَهوَتَهُ، وبـاعَ دُنـياهُ بآخِرَتِه.

(۶۴) عاقل وہ ہے جو اپنی شہوت کو ترک کر دے اور اپنی دنیا کو آخرت کے بدلے بیچ ڈالے۔

٦٥ ـ العاقِلُ مَن تَوَرَّعَ عَنِ الذُّنُوبِ وتَنَزَّهَ عَنِ العُيُوب.

(۶۵) عاقل وہ ہے جو گناہوں سے بچے اور عیوب سے پاک رہے۔

٦٦ ـ إتَّهِمُوا عُقُولَكُم، فإنَّهُ مِنَ الثِّقَةِ بِها يَكونُ في الخَطاء.

(۶۶) اپنی عقلوں پر (غلطی کی) تہمت لگاؤ کیونکہ ان پر حد درجہ اعتماد ہی غلطی کا سبب بن جاتا ہے۔

٦٧ ـ أَعقَلُ الناسِ مَن أطاعَ العُقَلاء.

(۶۷) دانش مند ترین آدمی وہ ہے جو عقلاء کی اطاعت کرے۔

٦٨ ـ إذا أرادَ اللهُ بِعَبدٍ خَيراً مَنَحَهُ عَقلاً قَوِيماً، وعَمَلاً مُستقيماً.

(۶۸) جب اللہ کسی بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو اسے عقل محکم اور بے عیب اعمال انجام دینے کی توفیق عطا کر دیتا ہے۔

٦٩ ـ إذا قَلَّتِ العُقُولُ كَثُرَ الفُضُول.

(۶۹) جب عقلیں کم ہو جاتی ہیں تب بے ہودگیاں بڑھ جاتی ہیں۔

٣٩ ـ العقلُ الإصابَةُ بِالظَنِّ، ومَـعرِفَةُ مـا لم يكُن بِما كان.

(۳۹) عقل، گمان میں صحیح ہونے اور وقوع پذیر اشیاء کے ذریعہ وقوع ناپذیر اشیاء کو جان لینے کا نام ہے۔

٤٠ ـ جالِسِ العُقَلاءَ، أعداءً كانُوا أو أَصدِقاءَ، فإنَّ العَقلَ يَقعُ على العَقل.

(۴۰) دانش مندوں کے ساتھ اٹھو بیٹھو چاہے وہ دوست ہوں یا دشمن۔

٤١ ـ مَن زادَ عَقلُهُ نقَصَ حَـظُّهُ، ومـا جَـعَلَ اللهُ لأحدٍ عَقلاً وافِراً إلّا احـتَسبَ بِـه عـليهِ رِزقَه.

(۴۱) جس کی عقل بڑھ جاتی ہے اس کی (دنیا سے) لطف اندوزی کم ہو جاتی ہے اور اللہ جسے بھی بکثرت عقل عطا کرتا ہے اس کا حساب اس کے رزق میں سے کر لیتا ہے۔

٤٢ ـ الرُّوحُ حياةُ البَدَنِ، والعقلُ حياةُ الرُّوح.

(۴۲) روح جسم کی حیات اور عقل روح کی حیات ہے۔

٤٣ ـ فُـضِّلَ العَـقلُ عـلى الهَـوىٰ، لِأنَّ العَقلَ يُمَـلِّكُكَ الزَّمـانَ، والهَـوىٰ يَسـتَعبِدُكَ لِلزَّمان.

(۴۳) عقل کو خواہش پر فضیلت حاصل ہے کیونکہ عقل زمانے کو تمہارے ہاتھوں میں دے دیتی ہے جبکہ خواہشیں تمھیں اس کا غلام بنا دیتی ہیں۔

٤٤ ـ مِن صِفَةِ العاقِلِ ألّا يَتَحَدّثَ بما يُستطاعُ تَكذيبُهُ فيه.

(۴۴) عاقل کی ایک صفت یہ بھی ہوتی ہے کہ وہ کبھی ایسی چیز کے بارے میں بات نہیں کرتا جس میں اسے جھٹلا دینا ممکن ہو۔

٤٥ ـ العـاقِلُ إذا تَكَـلَّمَ بِكَـلِمَةٍ أَتـبَعَها حِكمَةً ومَثَلاً، والأحمقُ إذا تَكلَّمَ بِكَلِمَةٍ أتبَعَها حَلفاً.

(۴۵) عاقل جب بات کرتا ہے تو اس کے بعد حکمت و مثالیں پیش کرتا ہے اور احمق جب کچھ بولتا ہے تو اس کے بعد قسم کھانے لگتا ہے۔

٤٦ ـ العَقلُ يَظهَرُ بالمُعامَلَة.

(۴۶) عقل مندی معاملات ولین دین میں ظاہر ہو جاتی ہے۔

٤٧ ـ لَيسَ العاقِلُ مَن يَعرِفُ الخَيرَ مِنَ الشَرِّ، ولكِنَّ العاقِلَ مَن يَعرِفُ خَيرَ الشَّرَّين.

(۴۷) عاقل وہ نہیں ہے جو بری باتوں میں سے اچھی بات کو پہچان لے بلکہ عاقل وہ ہے جو دو بری چیزوں میں سے بہترین چیز کو پہچان لے۔

٤٨ ـ عَدُوٌّ عاقِلٌ خيرٌ مِن صَديقٍ أحمَق.

(۴۸) عاقل دشمن احمق دوست سے بہتر ہے۔

٤٩ ـ مَن لَم يَتَأمّلْ بعينِ عَقلِهِ لَم يَـقَعْ سَـيفُ حِيلَتِهِ إلّا عَلى مَقاتِله.

(۴۹) جو عقل کی آنکھوں سے امور کو نہ دیکھے گا اس کے تدبیروں کی تلوار خود اس کے ہی جائے قتل پر پڑے گی۔

٢٤ ـ لا مَرضَ أضنىٰ مِن قِلَّةِ العَقل.

(۲۴) کم عقلی سے زیادہ سستی پیدا کرنے والا کوئی اور مرض نہیں ہے۔

٢٥ ـ ظَنُّ العاقلِ كَهانَةٌ.

(۲۵) عاقل کا گمان پیشن گوئی ہوتا ہے۔

٢٦ ـ الأدبُ صُورَةُ العَقلِ فَحَسِّنْ عقلَكَ كيفَ شِئتَ.

(۲۶) ادب عقل کا چہرہ ہے لہذا تم جتنا چاہو اپنی عقل کو زیبا کر لو۔

٢٧ ـ الشرفُ بِالعَقلِ والأَدَبِ لا بِالأَصلِ والنَسَب.

(۲۷) شرف، عقل وادب کے ذریعے ملتا ہے نہ کہ اصل و نسب سے

٢٨ ـ لا عُدّةَ أَنفعُ مِنَ العقلِ، ولا عَدُوَّ أَضَرُّ مِنَ الجَهل.

(۲۸) عقل سے زیادہ نفع بخش کوئی مددگار نہیں ہوتا اور جہالت سے زیادہ مضرت رساں کوئی دشمن نہیں ہوتا۔

٢٩ ـ زِينَةُ الرَّجُلِ عَقلُه.

(۲۹) مرد کی زینت اس کی عقل ہوتی ہے۔

٣٠ ـ مَن صَحِبَ جاهلاً نَقَصَ مِن عَقلِه.

(۳۰) جو جاہل کی صحبت اختیار کرتا ہے اس کی عقل کم ہو جاتی ہے۔

٣١ ـ التَّـثَبُّتُ رَأسُ العَـقلِ، والحِـدَّةُ رأسُ الحُمق.

(۳۱) ثابت قدمی عقل میں سر فہرست ہے اور جلدی غصہ میں آجانا حماقت میں سر فہرست ہے۔

٣٢ ـ غَضَبُ الجاهِلِ في قولِه، وغَضَبُ العاقلِ في فِعلِه.

(۳۲) جاہل کا غصہ اس کی باتوں میں ہوتا ہے اور عاقل کا غصہ اس کے کاموں میں۔

٣٣ ـ العُقُولُ مَواهِبُ، والآدابُ مَكاسِب.

(۳۳) عقلیں عطیات اور آداب کمائیاں ہیں۔

٣٤ ـ فَسـادُ الأخـلاقِ مُـعاشَرَةُ السُّـفَهاءِ، وصَلاحُ الأخلاقِ مُعاشَرَةُ العُقلاء.

(۳۴) عقل کی خرابی بے وقوفوں کی معاشرت میں ہے اور اخلاق کی اصلاح دانش مندوں کی ہم نشینی میں ہے۔

٣٥ ـ مَن تَرَكَ الاستِماعَ مِن ذوِي العُقُولِ ماتَ عَقلُه.

(۳۵) جو دانش مندوں کی باتیں سننا چھوڑ دیتا ہے اس کی عقل مردہ ہو جاتی ہے۔

٣٦ ـ مَن جانَبَ هَواهُ صَحَّ عقلُه.

(۳۶) جو اپنی خواہشات سے اجتناب کرتا ہے اس کی عقل صحیح ہو جاتی ہے۔

٣٧ ـ كَلُّ الدُّنيا عَلَى العاقِلِ، والأَحمَقُ خَفيفُ الظَهر.

(۳۷) دنیا کی زحمتیں عاقل کے لئے ہیں اور احمق کا شانہ اس بوجھ سے خالی ہے۔

٣٨ ـ العَقلُ غَريزَةٌ تُرَبِّيها التَّجارُب.

(۳۸) عقل ایسی طبیعت ہے جس کی پرورش تجربات کرتے ہیں۔

١١ ـ لَيسَ لِلعاقِلِ أن يَكُونَ شاخِصاً إلّا في ثَلاثٍ: مَرَمَّةٍ لِمَعاشٍ، أو خُطوَةٍ في مَعادٍ، أو لَذَّةٍ في غَيرِ مُحَرَّمٍ.

(۱۱) عاقل کے لئے تین چیزوں کے علاوہ کسی اور طرف دھیان دینا مناسب نہیں، اپنی معیشت کو سدھارنے، اپنی آخرت کے لئے کچھ تیاری کرنے اور محرمات کے علاوہ دوسری اشیاء سے لطف اندوز ہونے کی طرف۔

١٢ ـ وَكَم مِن عَقلٍ أسيرٍ تَحتَ هوىً أميرٍ.

(۱۲) کتنی ایسی عقلیں ہیں جو امیری کی خواہش میں گرفتار ہوتی ہیں۔

١٣ ـ لِسانُ العاقِلِ وَراءَ قَلبِهِ، و قَلبُ الأحمَقِ وَراءَ لِسانِه.

(۱۳) عاقل کی زبان اس کے دل کے پیچھے اور احمق کا دل اس کی زبان کے پیچھے ہوتا ہے۔

١٤ ـ قَلبُ الأحمقِ في فيهِ، ولِسانُ العاقلِ في قلبِه.

(۱۴) احمق کا دل اس کے منہ میں اور عاقل کی زبان اس کے دل میں ہوتی ہے۔

١٥ ـ ما مَزَحَ امرَؤٌ مَزحَةً إلّا مَجَّ مِن عَقلِهِ مَجَّةً.

(۱۵) کوئی شخص مذاق نہیں کرتا جز یہ کہ اس کی عقل کا ایک حصہ کم ہو جاتا ہے۔

١٦ ـ قالَ لِابنِهِ محمّدِ بن الحَنفية: يا بُنَيِّ! إنّي أخافُ عليك الفَقرَ فاستَعِذ بِاللهِ منه فإنَّ الفَقرَ مَنقَصَةٌ لِلدينِ، مَدهَشَةٌ لِلعقلِ، داعِيَةٌ لِلمَقت.

(۱۶) اپنے بیٹے محمد بن حنفیہ سے فرمایا "اے بیٹے میں تمہارے لئے فقر سے ڈرتا ہوں لہذا فقر کے لئے اللہ کے حضور طالب پناہ رہو کیونکہ فقر دین کے لئے منقصت، عقل کے لئے حیران کن اور غیظ وغضب کا باعث ہوتا ہے۔

١٧ ـ صَدرُ العاقِلِ صُندُوقُ سِرِّه.

(۱۷) عاقل کا سینہ اس کے اسرار کا صندوق ہوتا ہے۔

١٨ ـ لا عَقلَ كَالتَّدبيرِ.

(۱۸) تدبیر جیسی کوئی عقل نہیں۔

١٩ ـ العاقِلُ يَتَّعِظُ بِالآدابِ، والبهائمُ لا تَتَّعِظُ إلّا بِالضَّربِ.

(۱۹) عاقل آداب کے ذریعے سدھر جاتا ہے مگر جانور صرف مارنے سے ہی سدھرتے ہیں۔

٢٠ ـ مَرتَبَةُ الرَّجُلِ بِحُسنِ عَقلِه.

(۲۰) انسان کا مرتبہ اس کی عقل کی خوبی جتنا ہی ہو گا۔

٢١ ـ العاقِلُ مَن وَعَظَتهُ التَّجارُب.

(۲۱) عاقل وہ ہے جسے تجربات سدھار دیں۔

٢٢ ـ العَقلُ حِفظُ التَّجارُب.

(۲۲) عقل تجربوں کی حفاظت کرتی ہے۔

٢٣ ـ قيلَ عليه السلام: فَمَنِ العاقِلُ؟ قالَ عليه السلام: مَن رَفَضَ الباطِل.

(۲۳) آپ سے پوچھا گیا، عاقل کون ہے؟" تو آپ نے فرمایا "جو باطل کو ٹھکرا دے۔"

[ ١٥٠ ]

# العقل = عقل

١ ـ لا مالَ أعودُ مِنَ العَقل.

٢ ـ لا غِنىٰ كَالعَقلِ، ولا فَقرَ كالجَهل.

٣ ـ ما استودَعَ اللهُ امْرَأً عَقلاً إلّا استَنقَذَهُ بِهِ يَوماً ما.

٤ ـ الحِلمُ غِطاءٌ ساترٌ، وَالعقلُ حُسامٌ قـاطعٌ، فَاستُر خَلَلَ خُـلُقِك بِحِـلْمِكَ، وقـاتِل هَـواكَ بِعَقلِك.

٥ ـ اِنَّ أغنَى الغِنىٰ العَقلُ، وأكبرَ الفقرِ الحُمْق.

٦ ـ إذا تَمَّ العَقلُ نَقَصَ الكَلام.

٧ ـ قِلَّةُ العِيالِ أحدُ اليَسارين، و التَّوَدُّدُ نِصفُ العَقلِ، و الهَمُّ نِصفُ الهَرَم.

٨ ـ ليستِ الرَّوِيَّةُ كالمُعايَنَةِ مَعَ الإبصارِ، فَقَد تَكذِبُ العُيونُ أهلَها، ولا يَغُشُّ العـقلُ مَـنِ استَنصَحَه.

٩ ـ أكثرُ مَصارِعِ العُقُولِ تَحتَ بُرُوقِ المَطامِع.

١٠ ـ قيلَ لَهُ ﷺ: صِفْ لنا العاقِلَ فقالَ ﷺ: هُو الذي يَضَعُ الشَيءَ مَواضِعَه. فَقيل: فصِفْ لنا الجاهِل. فقال ﷺ : قد فَعَلت.

(۱) عقل سے زیادہ فائدہ مند کوئی دولت نہیں۔

(۲) عقل جیسی کوئی بے نیازی اور جہل جیسی کوئی فقیری نہیں۔

(۳) اللہ نے کسی کو عقل نہیں دیتا جز یہ کہ اسے کسی دن اسی عقل کے ذریعہ ہلاکت سے بچالیتا ہے۔

(۴) حلم، چھپانے والا حجاب اور عقل، کاٹ دینے والی تلوار ہے لہذا تم اپنی اخلاقی کمیوں کو اپنے حلم کے ذریعے پوشیدہ رکھو اور اپنی خواہشات سے عقل کے ذریعے لڑو۔

(۵) بلاشبہ سب سے بڑی مالداری عقل اور سب سے بڑا فقر حماقت ہے

(۶) جب عقل کامل ہو جاتی ہے تو باتیں کم ہو جاتی ہیں۔

(۷) قلت عیال دو آسانیوں میں سے ایک طرح کی آسانی ہے۔ دوستی و محبت نصف عقل اور غم و اندوہ آدھا بڑھاپا ہے۔

(۸) سوچنا سمجھنا آنکھوں سے دیکھنے کی طرح نہیں ہو سکتا ہے کبھی کبھی آنکھیں اپنے مالک کو جھٹلا دیتی ہیں۔ لیکن عقل کبھی بھی نصیحت چاہنے والے کو دھوکا نہیں دیتی

(۹) عقل کی اکثر غارت گری طمع کی بجلیوں تلے ہوتی ہیں۔

(۱۰) آپ سے کہا گیا "ہمیں عاقل کی صفات بتایئے" تو آپ نے فرمایا "جو اشیاء کو ان کی جگہوں پر قرار دے" پھر آپ سے پوچھا گیا" جاہل کے صفات بتایئے تو آپ نے نے فرمایا "میں بتا چکا" (یعنی جو اس کے بر خلاف کام انجام دے)۔

١١ ـ يُنادي مُنادٍ يومَ القيامةِ: مَن كانَ لهُ أجرٌ على اللهِ فَليَقُم، فيَقومُ العافونَ عَنِ النّاسِ، ثُمّ تلا: ﴿ فَمَنْ عَفَا وَأَصْلَحَ فَأَجْرُهُ عَلَى اللهِ ﴾.

(۱۱) روز قیامت ایک منادی ندا دے گا "جس کا بھی اللہ اوپر کوئی اجر ہو وہ کھڑا ہو جائے" تو لوگوں کو معاف کر دینے والے کھڑے ہو جائیں گے پھر آپ نے اس آیت کی تلاوت کی "پس جس نے معاف کیا اور اصلاح کیا تو اس کا اجر اللہ پر ہے"

١٢ ـ العَفوُ يُفسِدُ مِنَ اللَّئيمِ بِقَدرِ ما يُصلِحُ مِنَ الكريمِ.

(۱۲) معافی لئیم کو اتنا خراب کرتی ہے جتنا کریم کو سدھارتی ہے۔

١٣ ـ مِن أفضَلِ أعمالِ البرِّ الجُودُ في العُسرِ، والصِّدقُ في الغَضَبِ، والعَفوُ عِندَ القُدرَة.

(۱۳) نیک کاموں میں سب سے افضل اعمال، تنگ دستی میں سخاوت ،غصہ میں صدق اور قدرت کے وقت معافی ہیں۔

١٤ ـ المُبادَرَةُ إلى العَفوِ مِن أخلاقِ الكِرام.

(۱۴) جلدی ہی معاف کر دینا کریم لوگوں کا اخلاق ہے۔

١٥ ـ العَفوُ أحسَنُ الإحسان.

(۱۵) عفو بہترین احسان ہے۔

١٦ ـ العَفوُ زَكاةُ القُدرَة.

(۱۶) معافی، قدرت کی زکات ہے۔

١٧ ـ العَفوُ يُوجِبُ المَجد.

(۱۷) عفو و در گذشت بزرگواری کا سبب ہے۔

١٨ ـ العَفوُ تاجُ المَكارِم.

(۱۸) معافی کرامتوں کا تاج ہے۔

١٩ ـ أحسَنُ مِنِ استيفاءِ حَقِّكَ العَفوُ عَنه.

(۱۹) اپنا حق (قصاص) لینے سے بہتر اسے معاف کر دینا ہے۔

٢٠ ـ أحَقُّ النّاسِ بالإسعافِ طالِبُ العَفو.

(۲۰) مدد و تعاون کا سب سے زیادہ مستحق شخص عفو کا طالب ہے۔

٢١ ـ أحسَنُ الجُودِ عَفوٌ بَعدَ مَقدُرَة.

(۲۱) قدرت کے بعد معافی بہترین جود ہے۔

٢٢ ـ شَرُّ الناسِ مَن لا يَعفُو عَنِ الهَفوَة، ولا يَستُرُ العَورَة.

(۲۲) بدترین آدمی وہ ہے جو لغزشوں کو معاف نہ کرے اور (دوسروں کے) عیوب کو پوشیدہ نہ کرے۔

٢٣ ـ شيئانِ لا يُوزَنُ ثَوابُهُما: العَفوُ، والعَدل.

(۲۳) دو چیزوں کے ثواب کو تولا نہیں جا سکتا، معاف کر دینا اور عدل کرنا۔

٢٤ ـ قِلَّةُ العَفوِ أقبَحُ العُيُوبِ، والتَّسَرُّعُ إلى الانتِقامِ أعظَمُ الذُّنوب.

(۲۴) کم ہی معاف کرنا بدترین عیوب میں سے ہے اور انتقام میں جلدی کرنا عظیم ترین گناہوں میں ہے۔

٢٥ ـ لا تَندِمَنَّ عَلى عَفوٍ، ولا تَبهِجَنَّ بِعُقوبَةٍ.

(۲۵) معاف کر کے کبھی نادم اور سزا دے کر کبھی خوش نہ ہونا۔

٢٦ ـ مَن لَم يُحسِنِ العَفوَ أساءَ بالانتِقام.

(۲۶) جو عفو و درگذشت کے ذریعے نیکی نہیں کر پاتا وہ انتقام کے ذریعے گناہ کر بیٹھتا ہے۔

٢٧ ـ ما أحسَنَ العَفوَ مَعَ الإقتِدارِ!

(۲۷) اقتدار ہوتے ہوئے معاف کر دینا کتنا اچھا ہے!

[١٤٩]

## العَفْو = عفو

١ ـ إذا قَدَرتَ على عَدُوِّكَ فاجعَلِ العَفوَ عَنهُ شُكراً لِلقُدرَةِ عليه.

(۱) جب تم دشمن پر غالب آجاؤ تو اس پر غلبہ پانے پر بطور شکر (خدا) اسے معاف کر دو۔

٢ ـ أَولَى النّاسِ بالعَفوِ أَقدَرُهُم عَلَى العُقوبَة.

(۲) لوگوں میں عفو کے لئے سب سے زیادہ اولویت اس کو حاصل ہے جو ان میں سے سب سے زیادہ سزا دینے پر قادر ہو۔

٣ ـ و كانَ ﷺ يقول: مَتىٰ أَشفِي غَيظي إذا غَضِبتُ؟ أحِينَ أَعجِزُ عَنِ الانتِقامِ فَيُقالُ لي: لَو صَبَرتَ، أم حِينَ أَقدِرُ عليه فَيُقالُ لي: لَو عَفَوتَ!

(۳) آپ کہا کرتے تھے۔ "میرا غصہ کب ٹھنڈا ہوگا؟ کیا اس وقت جب میں بدلہ لینے سے قاصر رہوں اور مجھ سے کہا جائے: صبر کرو؟ یا اس وقت جبکہ میں بدلہ لینے پر قادر رہوں اور مجھ سے کہا جائے: معاف کر دو؟!"

٤ ـ العَفوُ زَكاةُ الظَّفَرِ والسُّلُوُّ عِوَضُكَ مِمَّن غَدَر.

(۴) معافی کامیابی کی زکات، اور بردباری غدار کا بدلہ ہے۔

٥ ـ أحسِنِ العَفوَ، فإنَّ العَفوَ مَعَ العَدلِ أَشَدُّ مِنَ الضَّربِ لِمَن كانَ لَهُ عَقلٌ.

(۵) اچھی طرح سے معاف کرو کیونکہ عدل کے ساتھ عفو عقل مند کے لئے گردن اڑانے سے زیادہ سخت ہے۔

٦ ـ أُعفُ عمَّن ظَلَمَك.

(۶) جس نے تم پر ظلم کیا اسے (بھی) معاف کر دو۔

٧ ـ خُذِ العَفوَ مِنَ النّاسِ، ولا تَبلُغْ مِن أحَدٍ ما يَكرَهُه.

(۷) لوگوں کی عذر خواہیوں کو قبول کر لو اور ان کے ساتھ ایسا برتاؤ نہ کرو جو انھیں ناپسند ہو۔

٨ ـ مَن تَنَزَّهَ عَن حُرُماتِ اللهِ سارَعَ إليه عَفوُ الله.

(۸) جو اپنے آپ کو محرمات سے دور کر لیتا ہے اس کی طرف عفو خدا سرعت سے بڑھتی ہے۔

٩ ـ العَفوُ عَنِ المُقِرِّ، لا عَنِ المُصِرّ.

(۹) معافی (جرم کا) اقرار کرنے والے کے لئے ہوتی ہے نہ کہ اس پر اصرار کرنے والے کے لئے۔

١٠ ـ إيّاكُم وَحَمِيَّةَ الأَوغادِ، فإنّهم يَرَونَ العَفوَ ضَيماً.

(۱۰) کم ظرفوں کے ساتھ مہربانی سے پرہیز کرو کیونکہ وہ معافی کو ظلم سمجھتے ہیں۔

٨ ـ أنعَمُ الناسِ عِيشَةً مَن تَحَلّىٰ بِالعَفافِ، ورَضِيَ بِالكَفافِ، وتَجاوَزَ ما يُخافُ إلى ما لا يُخاف.

(۸) سب سے اچھی زندگی اس کی ہے جو پاکدامنی سے آراستہ ہو، کفایت بھر روزی سے راضی اور خوف کھائی جانے والی چیزوں سے آگے نکل کر ایسے مقام پر پہنچ جائے جہاں خوف کا وجود نہ ہو۔

٩ ـ العَفافُ يَصونُ النَّفسَ، ويُنَزِّهُها عَنِ الدَّنايا.

(۹) پاکدامنی نفس کو بچاتی ہے اور اس کی گندگیوں کو صاف کر دیتی ہے۔

١٠ ـ العِفَّةُ أفضَلُ الفُتُوَّة.

(۱۰) پاکدامنی سب سے اچھی جواں مردی ہے۔

١١ ـ العَفافُ أفضَلُ شِيمَةٍ.

(۱۱) پاکدامنی بافضیلت عادت ہے۔

١٢ ـ العِفَّةُ تُضعِفُ الشَّهوَة.

(۱۲) عفت شہوت نفس کو کمزور کرتی ہے۔

١٣ ـ أفضَلُ العِبادَةِ عِفَّةُ البَطنِ والفَرجِ.

(۱۳) سب سے افضل عبادت پیٹ اور شرمگاہ کی عفت ہے۔

١٤ ـ بالعَفافِ تَزكُو الأعمالِ.

(۱۴) پاکدامنی کے ذریعہ اعمال پاکیزہ ہوتے ہیں۔

١٥ ـ تاجُ الرَّجُلِ عَفافُه، وَ زِينَتُهُ إنصافُه.

(۱۵) مرد کا تاج اس کی پاکدامنی اور اس کی زینت اس کا انصاف ہے۔

١٦ ـ حُسنُ العَفافِ مِن شِيَمِ الأشراف.

(۱۶) اچھی طرح سے پاکدامن رہنا اشراف کا شیوہ ہے۔

١٧ ـ دَليلُ غَيرَةِ الرَّجُلِ عِفَّتُه.

(۱۷) مرد کی غیرت کی علامت اس کی عفت ہے۔

١٨ ـ لَم يَتَحَلَّ بالعِفَّةِ مَنِ اشتَهىٰ ما لا يَجِد.

(۱۸) وہ عفت سے آراستہ نہیں ہو سکتا جو ان اشیاء کی خواہش کرتا ہو جنھیں پا نہ سکے۔

١٩ ـ زَكاةُ الجَمالِ العَفاف.

(۱۹) حسن و جمال کی زکات پاکدامنی ہے۔

٢٠ ـ عَلَيكَ بِالعَفافِ، فَإنّه أفضَلُ شِيَمِ الأشراف.

(۲۰) تمہارے واسطے پاکدامنی لازم ہے کیونکہ یہ اشراف کی سب سے افضل عادت ہے۔

٢١ ـ مَن عَقَلَ عَفَّ.

(۲۱) جو عاقل ہوتا ہے وہ پاکدامن رہتا ہے۔

٢٢ ـ مَن عَفَّ خَفَّ وِزرُهُ، وعَظُمَ عِندَ اللهِ قَدرُه.

(۲۲) جو پاکدامنی اختیار کرتا ہے اس کا بوجھ ہلکا ہو جاتا ہے اور اللہ کے نزدیک اس کی قدر و منزلت بڑھ جاتی ہے۔

٢٣ ـ مَن عَفَّت أطرافُهُ، حَسُنَت أوصافُه.

(۲۳) جس کا دامن پاکیزہ رہتا ہے اس کے تمام اوصاف قابل ستائش اور نیک رہتے ہیں۔

## [١٤٨]
# العِفَّة = پاکدامنی

١ ـ ما المُجاهِدُ الشَّهيدُ في سَبيلِ اللهِ بأعظَمَ أجراً مِمَّن قَدرَ فَعَفَّ، لَكادَ العَفيفُ أن يكونَ مَلَكاً مِنَ المَلائِكة.

(۱) اللہ کی راہ میں شہید ہونے والے مجاہد کا اجر بھی، قدرت (گناہ) کے باوجود عفت اختیار کرنے والے سے زیادہ نہیں ہے پاکدامن کے لئے بہت ممکن ہے کہ وہ اللہ کے ملائکہ میں سے ایک ملک ہو جائے۔

٢ ـ العَفافُ زينَةُ الفَقرِ و الشُكرُ زينةُ الغِنىٰ.

(۲) ضرورت بھر پر اکتفاء فقر کی، اور شکر تونگری کی زینت ہے۔

٣ ـ قَدرُ الرَّجُلِ على قَدرِ هِمَّتِه، وصِدقُهُ على قَدرِ مُروَّتِه، وشَجاعَتُهُ على قَدرِ أَنَفَتِه، وعِفَّتُهُ على قَدرِ غيرَتِه.

(۳) انسان کی قدر و منزلت اس کی ہمت کے جتنی، اس کی سچائی اس کی مروت کے جتنی اور اس کی شجاعت دنیا سے ناپسندید گی کے جتنی ہی ہو گی۔

٤ ـ الحِرفَةُ مَعَ العِفَّةِ خَيرٌ مِن الغِنىٰ مَعَ الفُجُور.

(۴) پاکدامنی کے ساتھ کام کرنا (حرفت اختیار کرنا) فسق و فجور کے ساتھ تونگری سے بہتر ہے۔

٥ ـ تَعَفَّف عن أَموالِ الناسِ، وآستَشعِر منها اليَأس.

(۵) (عثمان بن حنیف کو لکھا) باخبر ہو جاؤ تمہارے امام نے اس دنیا میں صرف دو موٹے کھردرے کپڑوں اور غذا میں دو سوکھی روٹیوں پر اکتفا کی (لہذا) تم لوگوں کی دولت سے پرہیز کرو اور ان کے اموال سے مایوسی کو اپنا شعار بنالو۔

٦ ـ خَيرُ نِسائِكُم العَفيفَةُ في فَرْجِها، الغَلِمَةُ لِزَوجِها.

(۶) تمہاری عورتوں میں سب سے بہترین عورت وہ ہے جو اپنے کردار میں پاکدامن اور اپنے شوہر کو حد درجہ پسند کرنے والی ہو۔

٧ ـ الهَوىٰ آفَةُ العَفاف.

(۷) شہوتیں پاکدامنی کے لئے آفت ہے۔

١٥ ـ لا تَعزِم على ما لَم تَستَبِنِ الرُّشدَ فيه.

(۱۵) ایسی بات کا عزم نہ کرو جس میں ہدایت واضح نہ ہو۔

١٦ ـ لا خيرَ في عَزمٍ بِغَيرِ حَزمٍ.

(۱۶) ایسے عزم میں کوئی بھلائی نہیں جو دوراندیشی اور احتیاط سے خالی ہو۔

١٧ ـ لا اله الّا الله عَزيمةُ الإيمانِ و فاتِحَةُ الإحسانِ ومَرضاةُ الرَحمٰنِ ومَدحَرَةُ الشَّيطان.

(۱۷) "لاالہ الااللہ" ایمان کی عزیمت، اچھائی کا راستہ، اللہ کی رضا اور شیطان کی تباہی ہے۔

[١٤٧]

# العَزْم = عزم

١ ـ مِنَ الحَزمِ العَزْم.
(۱) دوراندیشی سے عزم ہوتا ہے۔

٢ ـ اَللَّهوُ يُفسِدُ عَزائِمَ الجِدّ.
(۲) لہو، سنجیدہ عزائم کو فاسد کر دیتا ہے۔

٣ ـ إذا عَقَدتُم عَلىٰ عَزائمَ خيرٍ فامضُوها.
(۳) جب تم کسی اچھے کام کا عزم کرو تو اسے کر ڈالو۔

٤ ـ إذا عَزَمْتَ فاَسْتَشِر.
(۴) جب (کسی کام کا) عزم کرو تو مشورہ کر لو۔

٥ ـ إذا اقـتَرَنَ العَـزمُ بِـالحَزمِ كَـمُلَتِ السَّعادَة.
(۵) جب عزم، دور اندیشی اور احتیاط کے ساتھ ہو جاتا ہے تو سعادت کامل ہو جاتی ہے۔

٦ ـ تَفَكَّر قَبلَ أن تَعزِمَ و شاوِرْ قَبلَ أن تَقدِمَ و تَدَبَّر قَبلَ أن تَهجُم.
(۶) عزم سے پہلے سوچ لو، آگے بڑھنے سے پہلے مشورہ کر لو اور حملہ سے پہلے غور کر لو۔

٧ ـ أصلُ العَزمِ الحَزمُ، و ثَمَرَتُهُ الظَّفَر.
(۷) حقیقی عزم دوراندیشی ہے اور اس کا ثمرہ کامیابی ہے۔

٨ ـ شـاوِر قَـبلَ أن تَـعزِمَ و فَكِّـر قَـبلَ أن تَقدِمَ.
(۸) عزم کرنے سے پہلے مشورہ کرو اور آگے بڑھنے سے پہلے غور و فکر کر لو۔

٩ ـ ضادُّوا التَّوانيَ بِالعَزم.
(۹) سستی و کاہلی کا مقابلہ عزم سے کرو۔

١٠ ـ عُرِفَ اللهَ سُبحانَهُ بِفَسخِ العَزائِمِ و حَلِّ العُقودِ و كَشفِ البَلِيَّةِ عَمَّن أخلَصَ النيّة.
(۱۰) اللہ تعالیٰ عزائم کے ٹوٹ جانے، مشکلات کے حل ہونے اور خالص نیت والوں سے بلاؤں کے ہٹ جانے سے پہچانا گیا۔

١١ ـ علىٰ قَدْرِ الرَّأيِ تكونُ العَزيمَة.
(۱۱) جس قدر رائے ہوگی، اتنے ہی ارادے ہوں گے۔

١٢ ـ عَزيمَةُ الخَيرِ تُطفِئُ نارَ الشَّرّ.
(۱۲) نیکی کی آمادگی و نیت برائی کی آگ کو بجھا دیتی ہے۔

١٣ ـ عَزيمَةُ الكَيِّسِ وَجِدُّهُ لإصلاحِ المَعادِ و الاستِكثارِ مِن الزّاد.
(۱۳) چالاک اور دوراندیش کا عزم قیامت (کے معاملات) کو سدھارنے اور زادِ راہ میں اضافہ کرنے کے لئے ہوتا ہے۔

١٤ ـ مَن ساءَ عَزمُهُ رَجَعَ عَليه سَهمُه.
(۱۴) جس کا عزم خراب ہو جاتا ہے اس کی تدبیریں الٹی ہو جاتی ہیں۔

[١٤٦]

## العِزّ = عزت

١ ـ لا تَنافَسُوا في عِزِّ الدُّنيا و فَخرِها . . . فإنّ عِزَّها و فَخرَها الى انقطاع.

(۱) دنیا کی عزت و فخر کے لئے بھاگ دوڑ نہ کرو ۔۔۔ کیونکہ اس کی عزت و نخوت منقطع ہونے والی ہے۔

٢ ـ الذليلُ، عندي عزيزٌ حتى آخُذَ الحقَّ له، و القويُّ عندي ضعيفٌ حتى آخُذَ الحقَّ منه.

(۲) ذلیل میرے نزدیک اس وقت تک باعزت ہے جب تک میں اس کے لئے حق نہ لے لوں اور طاقتور میرے نزدیک اس وقت تک کمزور ہے جب تک میں اس سے حق نہ لے لوں۔

٣ ـ كُلُّ عزيزٍ غَيرَهُ [ غير الله تعالى ] ذليلٌ و كلُّ قويٍّ غيرَهُ ضَعيفٌ.

(۳) ہر عزت دار (جز خدا) ذلیل ہے اور ہر قوی اس کے علاوہ ضعیف ہے۔

٤ ـ كلُّ شيءٍ خاشِعٌ له و كُلُّ شَيءٍ قائِمٌ به، غَنِيُّ كلِّ فَقيرٍ و عِزُّ كلِّ ذَليل و قُوَّةُ كلِّ ضَعيفٍ و مَفزَعُ كلِّ مَلهُوفٍ.

(۴) ہر شئے اس کے لئے خاشع ہے اور ہر چیز اسی کے ذریعہ باقی ہے ہر فقیر کے لئے وہی مالدار ہے اور ہر ذلیل کے لئے وہی عزت ہے وہی ہر کمزور کے لئے قوت ہے اور ہر مصیبت زدہ کے لئے جائے پناہ۔

٥ ـ [ الدُّنيا ] عِزُّها ذُلٌّ و جِدُّها هَزلٌ و عُلوُّها سُفلٌ.

(۵) دنیا کی عزت ذلت اور سنجیدگی مذاق ہے اور یہاں کی ہر بلندی پستی ہوتی ہے۔

٦ ـ لا شَرَفَ أعلىٰ مِن الإسلامِ و لا عِزَّ أعَزُّ مِنَ التَّقوىٰ.

(۶) اسلام جیسی کوئی عزت نہیں اور تقوے سے زیادہ بہتر کوئی عزت نہیں۔

٧ ـ لا عِزَّ كَالحِلم.

(۷) حلم جیسی کوئی عزت نہیں۔

٨ ـ عِزُّ المُؤمِن غِناهُ عن النّاس.

(۸) مومن کی عزت، لوگوں سے بے نیازی ہے۔

٩ ـ مَن طَلَبَ عِزّاً بظُلمٍ وباطِلٍ أورَثَهُ اللهُ ذُلّاً بإنصافٍ وحَقٍّ.

(۹) جو ظلم و باطل کے ذریعہ عزت چاہتا ہے اللہ اسے انصاف و حق کے ذریعے ذلیل کر دیتا ہے۔

١٠ ـ العِزُّ مع اليَأسِ.

(۱۰) عزت (دوسروں کی نعمتوں سے) مایوسی ہے۔

١١ ـ مَن أجارَ المُستَغِيثَ أجارَهُ اللهُ سبحانه مِن عَذابِه.

(۱۱) جو مدد چاہنے والے کو پناہ دیتا ہے اللہ اسے اپنے عذاب سے بچا لیتا ہے۔

١٢ ـ ما أمِنَ عَذابَ اللهِ مَن لم يَأمَنِ النـاسُ شَرَّه.

(۱۲) وہ اللہ کے عذاب سے نہیں بچ سکتا جس کے شر سے لوگ نہ بچے ہوں۔

١٣ ـ قُوا أنفُسَكُم مِن عَذابِ اللهِ بالمُبادَرَةِ إلى طاعَةِ اللهِ سبحانه.

(۱۳) اپنے نفوس کو عذاب الٰہی سے اطاعت خدا میں مبادرت کر کے بچاؤ۔

١٤ ـ وَفْدُ النّارِ أبداً مُعذَّبون.

(۱۴) جہنم میں وارد ہونے والے ہمیشہ معذب رہیں گے۔

١٥ ـ هيهات أن يَنجُوَ الظالِمُ مِن أليمِ عَذابِ اللهِ سُبحانَه و عَظيمِ سَطَوَاتِه.

(۱۵) بڑی بعید بات ہے کہ ظالم اللہ کے دردناک عذاب اور عظیم سطوت سے بچ جائے۔

[ ١٤٥ ]

## العَذاب = عذاب

١ ـ لا تَأمَنَنَّ على خَيرِ هذِه الأُمّة عَذابَ الله، لقَولِه تَعالى: ﴿فَلاَ يَأمَنُ مَكْـرَ اللهِ إلّا القـومُ الخاسِرُونَ﴾.

٢ ـ إحـذَرُوا نـاراً قَـعرُها بَـعيدٌ، وَحَـرُّها شَديدٌ، وعَـذابُها جَـديد، دارٌ لَـيسَ فـيها رَحـمَـة، ولا تُسـمَعُ فـيها دَعـوَةٌ، ولا تُـفَرَّجُ فيها كُربَةٌ.

٣ ـ الخُلقُ السَّيِّءُ أحدُ العَذابَين.

٤ ـ الخَشيةُ مِن عذابِ الله شِيمَةُ المُتَّقين.

٥ ـ بإغاثَةِ الملهُوفِ يكونُ لك مِن عذابِ الله حِصنٌ.

٦ ـ زيارةُ بيتِ اللهِ أَمنٌ مِن عَذابِ جَهنَّم.

٧ ـ صُحبَةُ الأحمقِ عذابُ الرُّوح.

٨ ـ طولُ القُنوتِ والسُّجود يُنجي مِن عَذابِ النّار.

٩ ـ ظالِمُ النّاسِ يَومَ القِيامَةِ مَكبُوبٌ بِظُلمِهِ مَحروبٌ مُعذَّبٌ.

١٠ ـ كيفَ يَسلَمُ مِن عذابِ الله المُتَسرِّعُ إلى اليَمين الفاجِرَةِ؟

(۱) اس امت کے اچھے لوگوں کو (بھی) عذاب سے امان میں ہرگز نہ سمجھنا کیونکہ اللہ تعالی نے فرمایا "اللہ کے مکر سے نقصان اٹھانے والی قوموں کے علاوہ اور کون (اپنے آپ کو) امان میں سمجھے گا۔"

(۲) اس آگ سے ڈرو جس کا تلا گہرا، گرمی شدید اور عذاب ہر روز بدلتا رہتا ہے جو ایسا ٹھکانہ جہاں رحمت کا وجود نہیں ہو گا نہ وہاں کسی کی پکار سنی جائے گی اور نہ ہی کسی کی تکلیف کو ختم کیا جائے گا۔

(۳) برا اخلاق دو عذابوں میں سے ایک عذاب ہے۔

(۴) اللہ کے عذاب سے خوف زدہ رہنا متقی کا وطیرہ ہے۔

(۵) مظلوم و مصیبت زدہ کی یاوری کے ذریعے تم عذاب خدا سے بچ جاؤ گے۔

(۶) اللہ کے گھر کی زیارت عذاب جہنم سے امان ہے۔

(۷) احمق کی صحبت روحانی عذاب ہے۔

(۸) طولانی قنوت و سجدے، جہنم کے عذاب سے نجات دے دیتے ہیں۔

(۹) لوگوں پر ظلم کرنے والا روز قیامت اپنے ظلم کی وجہ سے اوندھے منہ پڑا عذاب سہہ رہا ہو گا۔

(۱۰) جھوٹی قسم کھانے میں جلدی کرنے والا بھلا کیسے عذاب الٰہی سے بچ سکتا ہے؟

۳۷ـ لا عَدلَ أنفَعَ مِن ردِّ المَظالِمِ.

(۳۷) مظالم کی تلافی سے زیادہ فائدہ مند کوئی عدل نہیں۔

۳۸ـ مَن عَمِلَ بالعَدلِ حَصَّنَ اللهُ مُلكَه.

(۳۸) جو عدل سے کام لے گا اللہ اس کی مملکت کو مضبوط کر دے گا۔

۳۹ـ مَن عَدَلَ في سُلطانِه استَغنیٰ عَن أعوانِه.

(۳۹) جو اپنی سلطنت میں عدل سے کام لیتا ہے وہ مدد گاروں سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔

۲۰ ـ العَدلُ حَياةُ الأحكام.
(۲۰) عدل احکام کی زندگی ہے۔

۲۱ ـ العَدلُ رأسُ الإيمانِ، وجِماعُ الإحسان.
(۲۱) عدل ایمان میں سرفہرست ہے

۲۲ ـ العَدلُ أنَّكَ إذَا ظَلَمتَ أنصَفتَ، والفَضلُ أنَّكَ إذا قَدَرتَ عَفَوت.
(۲۲) عدل یہ ہے کہ اگر تم نے ظلم کیا تو انصاف کرو اور اگر قدرت ملی تو حق سے فیصلہ کرو۔

۲۳ ـ أعدَلُ الخَلقِ أقضَاهُم بالحَقّ.
(۲۳) سب سے زیادہ عادل وہ ہے جو سب سے زیادہ حق سے فیصلہ کرتا ہو۔

۲٤ ـ إنَّ مِنَ العَـدلِ أن تُـنصِفَ في الحُكـمِ، وَتَجتَنِبَ الظُّلم.
(۲۴) یہ عدل ہے کہ تم قضاوت کے وقت انصاف سے کام لو اور ظلم سے اجتناب کرو۔

۲٥ ـ أعدَلُ السِّيرَةِ أن تُعامِلَ النّاسَ بِما تُحِبُّ أن يُعامِلُوكَ به.
(۲۵) عادلانہ ترین روش یہ ہے کہ تم لوگوں کے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کرو جیسا تم چاہتے ہو کہ وہ تمہارے ساتھ سلوک کریں۔

۲٦ ـ آفَةُ العَدلِ الظّالِمُ الجائِر.
(۲۶) عدل کی مصیبت ظالم و جائر (حاکم) ہے۔

۲۷ ـ بالعَدلِ تتَضَاعَفُ البَرَكات.
(۲۷) عدل کے ذریعہ برکتیں دو گنا ہوتی ہیں۔

۲۸ ـ ثَباتُ الدُوَلِ بالعَدل.
(۲۸) حکومتوں کا ثبات عدل سے ہے۔

۲۹ ـ خَيرُ السِّياسَاتِ العَدل.
(۲۹) بہترین سیاست عدل ہے۔

۳۰ ـ رُبَّ عادِلٍ جائِر.
(۳۰) بہت سے عادل، ظالم ہوتے ہیں۔

۳۱ ـ زَينُ المُلكِ العَدل.
(۳۱) حکومت کی زینت، عدل ہے۔

۳۲ ـ غزارَةُ العَقلِ تَحدُو على استِعمالِ العَدل.
(۳۲) عقل کی فراوانی انسان کو عدل بروئے کار لانے پر آمادہ کرتی ہے۔

۳۳ ـ في العَدلِ سَعَةٌ، وَمَن ضَاقَ عَلَيهِ العَدلُ، فالجَورُ أضيَق.
(۳۳) عدل میں وسعت ہے اور جس کے لئے عدل تنگ ہو تو (پھر ظلم تو اس سے بھی زیادہ تنگ ہے۔

۳٤ ـ لِيَكُن مَركَبَكَ العَدلُ، فَمَن رَكِبَهُ مَلَك.
(۳۴) تمہاری سواری عدل ہونا چاہیے کیونکہ جو اس پر سوار ہوتا ہے وہ مالک ہو جاتا ہے۔

۳٥ ـ لا تُؤيِسِ الضُّعَفاءَ مِن عَدلِك.
(۳۵) کمزوروں کو اپنے عدل سے مایوس نہ کرو۔

۳٦ ـ لا رِئَاسَةَ كالعَدلِ في السِّياسَة.
(۳۶) سیاست میں عدل کرنے جیسی کوئی ریاست نہیں۔

۸ ـ إمامٌ عادِلٌ خَيرٌ مِن مَطَرٍ وابِلٍ.
(۸) امام عادل موسلادھار بارش سے بہتر ہوتا ہے۔

۹ ـ مَن اَستَفادَ الجَهلَ تَرَكَ طَرِيقَ العَدل.
(۹) جو جہالت کی پیروی کرتا ہے وہ عدل کی راہ کو چھوڑ دیتا ہے۔

۱۰ ـ العَدلُ زِينَةُ الإمارَة.
(۱۰) عدل امارت کی زینت ہے۔

۱۱ ـ مَن عَمِلَ بـالعَدلِ فِـيمَن دُونَـهُ، رُزِقَ العَدلَ مِمَّن فَوقَه.
(۱۱) جو اپنے ماتحت افراد کے ساتھ عدل روا رکھتا ہے وہ اپنے سے بلند والوں سے عدل پاتا ہے۔

۱۲ ـ العَدلُ صُورَةٌ واحِدَةٌ، والجَـورُ صُـوَرٌ كَثِيرَةٌ، ولِهٰذَا سَهُلَ ارتِكابُ الجَورِ، وَصَـعُبَ تَحَرِّي العَـدلِ، وهُـما يُشـبِهانِ الإصـابَةَ في الرِّمايَةِ والخَطَأَ فـيها، وإنَّ الإصـابَةَ تَحـتاجُ إلىٰ ارتِياضٍ وتَعَهُّدٍ، والخَطَأُ لا يَحتاجُ إلى شَيءٍ مِن ذٰلِك.
(۱۲) عدل ایک شکل اور ظلم کئی صورتوں والا ہے اسی لئے ظلم کرنا آسان ہے اور عدل کرنا مشکل۔ یہ دونوں تیر اندازی میں صحیح اور غلط نشانے کی طرح ہیں یقیناً تیر کے ٹھیک نشانے پر بیٹھ جانے کے لئے بڑے زمانے اور ریاضت کی ضرورت ہوتی ہے۔ جب نشانہ خطا ہو جانے کے لئے ان سب میں سے کسی ایک کی بھی ضرورت نہیں ہوتی۔

۱۳ ـ أفضَلُ الوُلاةِ مَن بَقِيَ بـالعَدلِ ذِكـرُهُ، واَستَمَـدَّهُ مَن يَأتِي بَعدَه.
(۱۳) سب سے افضل "والی" وہ ہے جس کی یاد عدل کے ذریعے باقی رہے اور اس کے بعد آنے والا اسی سے مدد حاصل کرے۔

۱٤ ـ قَدِّمِ العَدلَ عَلَى البَطشِ تَظفَر بـالمَحَبَّةِ، وَلا تَستَعمِلِ الفِعلَ حَيثُ يَنجَعُ القَول.
(۱۴) عدل کو سخت گیری پر مقدم رکھو گے تو محبت کی کامیابی سے ہمکنار ہو جاؤ گے اور جہاں بات سے کام نکل جائے وہاں عمل میں مشغول نہ ہو

۱٥ ـ عَدلُ السُّلطَانِ خَيرٌ مِن خِصبِ الزَّمان.
(۱۵) سلطان کا عدل زمانے بھر کی سرسبزی و شادابی سے بہتر ہوتا ہے۔

۱٦ ـ قُلوبُ الرَّعِيَّةِ خَزائِنُ راعِيها، فَما أودَعَها مِن عَدلٍ أو جَورٍ وَجَدَهُ فيها.
(۱۶) رعایا کا دل اپنے مالک کے لئے ایک خزانے کی طرح ہوتا ہے لہٰذا وہ اس میں جو بھی عدل و ظلم رکھے گا بعد میں وہاں سے وہی پائے گا۔

۱۷ ـ العَدلُ خَيرُ الحُكم.
(۱۷) عدل بہترین قضاوت ہے۔

۱۸ ـ العَدلُ قِوامُ البَرِيَّة.
(۱۸) عدل، لوگوں کے لئے استحکام کا باعث ہے۔

۱۹ ـ العَدلُ فَضيلَةُ السُّلطان.
(۱۹) عدل، سلطان کی فضیلت ہے۔

[ ١٤٤ ]

# العَدْل = عدل

١ ـ سُئِلَ عليه السلام : أيُّهما أفضَلُ، العَدلُ أو الجُودُ؟ فقال عليه السلام : العَدلُ يَضَعُ الأُمُورَ مَواضِعَها، والجُودُ يُخرِجُها مِن جِهَتِها، و العَدلُ سائِسٌ عامٌّ، والجُودُ عارِضٌ خاصٌّ، فَالعَدلُ أشرَفُهما وأفضَلُهما.

٢ ـ والعَدلُ مِنها [ دَعائِمُ الإيمان ] عَلى أربَعِ شُعَبٍ: عَلى غائِصِ الفَهمِ، وغَورِ العِلمِ، وزُهرَةِ الحُكمِ، و رَساخَةِ الحِلمِ، فَمَن فَهِمَ عَلِمَ غَورَ العِلمِ، وَمَن عَلِمَ غَورَ العِلمِ صَدَرَ عَن شَرائِعِ الحُكمِ، وَمَن حَلُمَ لَم يُفَرِّط فِي أمرِه، وَعاشَ فِي النّاسِ حَميداً.

٣ ـ ليسَ مِنَ العَدلِ القَضاءُ على الثِّقَةِ بالظَّنِّ.

٤ ـ بالسِّيرَةِ العادِلَةِ يُقهَرُ المُناوِئُ.

٥ ـ التَّوحيدُ أَن لا تَتَوَهَّمَهُ، والعَدلُ ألّا تَتَّهِمَه.

٦ ـ إستَعمِلِ العَدلَ، واْحذَرِ العَسْفَ والحَيفَ، فإنّ العَسْفَ يَعودُ بالجَلاءِ، والحَيفَ يَدعُو إلى السَّيف.

٧ ـ يَومُ العَدلِ على الظّالِمِ أَشَدُّ مِن يَومِ الجَورِ على المَظلُوم.

(١) آپ سے پوچھا گیا۔"عدل و جود میں سے کون افضل ہے ؟"تو آپ نے فرمایا"عدل امور کو ان کے ٹھکانوں پر رکھتا ہے اور جود انھیں اپنی جگہوں اور جہتوں سے ہٹادیتا ہے ۔عدل عام سیاست ہے اور جود خاص عارض ہونے والی چیز ہے لہذا عدل ان دونوں میں سے افضل و اشرف ہے ۔

(٢) عدل اسلام کے ستونوں میں سے چار شعبوں میں بٹا ہوا ہے ، عمیق فہم ، گیرائی علم ، حسن قضاوت اور استحکام علم لہذا جو سمجھ گیا وہ علم کی گہرائیوں سے روشناس ہو گیا اور جو علم کی گہرائیوں سے واقف ہو گیا وہ احکام کے سر چشموں سے سیراب نکل آتا ہے اور جو حلم اختیار کرتا ہے وہ اپنے کام میں کوتاہی نہیں کرتا اور اسی لئے وہ لوگوں کے درمیان قابل ستائش بن کر رہتا ہے ۔

(٣) گمان پر بھروسہ کر کے فیصلہ کر دینا عدل نہیں ہے ۔

(٤) عادلانہ روش کے ذریعے مخالف کو شکست دی جاسکتی ہے ۔

(٥) توحید یہ ہے کہ تم اس کو گمان میں بھی نہ لاؤ اور عدل یہ ہے کہ تم اس پر تہمت نہ باندھو ۔

(٦) عدل کو بروئے کار لاؤ اور ناحق شدت و ظلم کی طرف میلان سے دور رہو کیونکہ شدت لوگوں کو ترک وطن پر ،اور ظلم انھیں تلوار کی طرف بلاتا ہے ۔

(٧) ظالم کے خلاف عدل کا دن ،مظلوم پر ظالم کے ظلم کے دن سے زیادہ شدید ہو گا ۔

١٩ ۔مَن زَرَعَ العُدوانَ حَصَدَ الخُسران.

(۱۹) جو دشمنی کے بیج بوتا ہے وہ گھاٹے کی فصل کاٹتا ہے۔

٢٠ ۔ الإستِصلاحُ للأعـداءِ بِحُسـنِ المَـقالِ وجَميلِ الأفعَالِ أهوَنُ مِن مُلاقاتِهِم ومُغالَبَتِهِم بِمَضَضِ القِتال.

(۲۰) دشمنوں کو نیک کام اور اچھی باتوں کے ذریعے صلح پر آمادہ کر لینا، میدان جنگ میں سخت قتل و غارت گری کے ذریعہ ان پر فتح پانے سے زیادہ آسان ہے۔

٢١ ۔بِئسَ القَرينُ العَدُوُّ.

(۲۱) بد ترین ہم نشین دشمن ہے۔

٢٢ ۔رأسُ الجَهلِ مُعاداةُ الناس.

(۲۲) جہالت میں سر فہرست لوگوں سے دشمنی ہے۔

٢٣ ۔كَثرَةُ العَداوَةِ عَناءُ القُلوب.

(۲۳) حد درجہ دشمنی دلوں کو رنجیدہ کرنے کا باعث ہوتی ہے۔

٢٤ ۔ لا تَأمَن صَدِيقَكَ حتّىٰ تَختَبِرَه، وَكُن مِن عَدُوِّكَ علىٰ أشدِّ الحَذَر.

(۲۴) اپنے دوست پر اس وقت تک اعتماد نہ کرو جب تک تم اسے آزمانہ لو اور دشمن سے بہت زیادہ ہوشیار رہو۔

٢٥ ۔ لا تُوقِع بالعَدُوِّ قَبلَ القُدرَة.

(۲۵) قدرت و توانائی سے پہلے دشمن پر چڑھائی نہ کرو۔

٢٦ ۔ مَنِ استَعانَ بِعَدُوِّهِ عَـلىٰ حـاجَتِه اِزدادَ بُعداً منها.

(۲۶) جو اپنی حاجت دشمن سے چاہتا ہے وہ اپنی ضرورت سے اور دور ہو جاتا ہے۔

٢٧ ۔مَن عادَىٰ النّاسَ استَثمَرَ النَّدامَة.

(۲۷) جو لوگوں سے دشمنی روا رکھتا ہے وہ نتیجے میں ندامت پاتا ہے۔

٢٨ ۔مَن نامَ عَن عَدُوِّهِ أنتَبَهَتهُ المكائِد.

(۲۸) جو اپنے دشمن سے غافل ہو جاتا ہے وہ اس کے مکر و فریب کا شکار ہو جاتا ہے۔

٢٩ ۔مَن أستَصلَحَ عَدوَّهُ زادَ في عُدَدِه.

(۲۹) جو اپنے دشمن سے صلح چاہتا ہے وہ (اپنے دوستوں کی) تعداد میں اضافہ کرتا ہے۔

١٠ ـ إستَشِر عَـدُوَّكَ تَجـرِبَةً لِـتَعلَمَ مِـقدارَ عَداوَتِه.

(۱۰) اپنے دشمن سے بطور آزمائش مشورت کرلو تا کہ اس کی دشمنی کی مقدار تمھیں معلوم ہو جائے۔

١١ ـ كُن للعَدُوِّ المُكاتِمِ أَشَدَّ حَذَراً مِنكَ للعَدُوِّ المُبارِز.

(۱۱) چھپے ہوئے دشمن سے سامنے لڑ رہے دشمن کے مقابل زیادہ ہوشیار رہو۔

١٢ ـ لا تَستَصغِرَنَّ أمرَ عَدُوِّكَ إذا حـارَبتَه، فإنَّكَ إن ظَفِرتَ بهِ لم تُحمَد، وإن ظَـفَرَ بِكَ لم تُعذَر، والضَّعِيفُ المُحتَرِسُ مِنَ العَدُوِّ القَـوِيّ أقـرَبُ إلى السَّـلامَةِ مِـنَ القَـوِيِّ المُـغتَرِّ بالضَّعِيف.

(۱۲) جب تم اپنے دشمن سے جنگ کرو تو اس کے کسی کام کو ہر گز معمولی نہ سمجھو کیونکہ ایسی صورت میں اگر تم کامیاب بھی ہو گئے تو تمہاری قطعاً تعریف نہیں کی جائے گی اور اگر وہ کامیاب ہو گیا تو تمہارے لئے کوئی بہانہ نہیں رہے گا اور قوی دشمن سے اپنے آپ کو بچائے رکھنے والا ضعیف، اس قوی شخص کے مقابلے زیادہ محفوظ ہے جسے دشمن کا ضعف دھو کا دے رہا ہو۔

١٣ ـ عَداوَةُ الضُّعفاءِ للأَقـوِياءِ، والسُّـفَهاءِ لِلحُلَماءِ، والأشرارِ لِلأَخيارِ، طَبعٌ لا يُستَطاعُ تَغييرُه.

(۱۳) کمزوروں کی طاقتوروں سے، بے وقوفوں کی بردباروں سے اور برے لوگوں کی نیک لوگوں سے دشمنی ایک ایسی عادت ہے جس کا بدلنا بس سے باہر ہے۔

١٤ ـ إذا اسـتَشارَكَ عَـدُوُّكَ فَـجَرِّد لَـهُ النَّصيحَةَ، لأنَّهُ باستِشارَتِكَ قَـد خـرَجَ مِـن عَداوَتِكَ، ودَخَلَ في مَوَدَّتِك.

(۱۴) جب تم سے تمہارا دشمن مشورہ طلب کرے تو اسے ہر جذبے سے خالی ہو کر نصیحت کرو کیونکہ وہ اپنی اس مشورہ طلبی کی وجہ سے تمہاری دشمنی سے نکل کر دوستی (کی حدوں) میں داخل ہو چکا ہے۔

١٥ ـ أربَـعٌ، القَـلِيلُ مِـنهُنَّ كـثير: النّـارُ، والعَداوَةُ، والمَرَضُ، والفَقر.

(۱۵) چار چیزوں کا تھوڑا بھی بہت ہوتا ہے: آگ، دشمنی، بیماری اور فقیری۔

١٦ ـ أَقتَلُ الأشياءِ لعَدُوِّكَ أن لا تُـعرِّفَهُ أنَّك اتَّخذتَهُ عَدُوّاً.

(۱۶) تمہارے دشمن کے لئے سب سے زیادہ جان لیوا بات یہ ہے کہ اسے یہ نہ بتاؤ کہ تم نے اسے اپنا دشمن بنالیا ہے۔

١٧ ـ صَديقُكَ مَن نَهاكَ، وَعَدوُّكَ مَن أغراك.

(۱۷) تمہارا دوست وہ ہے جو تمھیں (برائیوں سے) روکے اور تمہارا دشمن وہ ہے جو تمھیں فریب میں مبتلا رکھے۔

١٨ ـ عَدُوٌّ عاقِلٌ خَيرٌ مِن صَدِيقٍ أَحمَق.

(۱۸) عاقل دشمن احمق دوست سے بہتر ہوتا ہے۔

[ ١٤٣ ]

## العَداوَة = عداوت

١ ـ بِئسَ الزّادُ إلى المَعادِ، العُدوانُ على العِبَاد.

(ا) قیامت کے لئے بدترین زادراہ بندوں پر ظلم روار کھنا ہے۔

٢ ـ إذا قَدَرتَ علىٰ عَدُوِّكَ فاجعَلِ العَفوَ عَنهُ شُكراً للقُدرَةِ عَليه.

(۲) جب دشمن پر غالب آجاؤ تو اس پر غلبہ پانے پر بطور شکر (خدا) اسے معاف کردو۔

٣ ـ أعداؤُك ثَلاثَةٌ: عَدُوُّك، وعَدُوُّ صَدِيقِكَ، وصَدِيقُ عدُوِّك.

(۳) دشمن تین ہوتے ہیں: تمہارا دشمن، تمہارے دوست کا دشمن کا اور تمہارے دشمن کا دوست۔

٤ ـ ما أقبَحَ العَداوَةَ بَعدَ المَوَدَّة.

(۴) مودت و محبت کے بعد دشمنی کتنی بری بات ہے۔

٥ ـ أكبَرُ الأَعداءِ أخفاهُم مَكِيدَةً.

(۵) سب سے بڑا دشمن وہ ہے جس کا مکر و فریب سب دشمنوں سے زیادہ خفیہ ہو۔

٦ ـ المِزاحُ بَدءُ العَداوَة.

(۶) ہنسی مذاق دشمنی کی ابتدا ہے۔

٧ ـ لا يُرَدُّ بأسُ العَدُوِّ القَوِيِّ وغَضَبُهُ بِمِثلِ الخُضُوعِ والذُلِّ، كسَلامَةِ الحَشِيشِ مِن الرِّيحِ العاصِفِ بِانثِنائِه مَعَها كَيفَما مالَت.

(۷) قوی و قدرت مند شخص کا خضوع و انکساری سے بڑھ کر کوئی جواب نہیں جیسے گھاس تیز طوفانی ہواؤں میں اس کے ساتھ ہر طرف جھکنے کی وجہ سے بچی رہتی ہے۔

٨ ـ قَارِب عَدُوَّكَ بَعضَ المُقارَبَةِ تَنَل حَاجَتَكَ، ولا تُفرِط في مُقارَبَتِهِ فَتُذِلَّ نَفسَكَ وناصِرَك، وتَأَمَّل حالَ الخَشَبَةِ المَنصُوبَةِ في الشَّمسِ التي إن أمَلتَها زادَ ظِلُّها، وإن أَفرَطتَ في الإمَـالَةِ نَقَصَ الظِلُّ.

(۸) اپنے دشمن سے تھوڑا قریب رہو تاکہ اپنے مقصد تک پہنچ جاؤ اور اس کی قربت میں زیادہ روی سے کام نہ لو کیونکہ اس طرح تم خود ذلیل ہوگے اور اپنے مددگاروں کو بھی ذلیل کردوگے تم دھوپ میں سورج کے سامنے نصب اس لکڑی کی حالت پر غور کروکہ اگر سورج ذرا دوسری طرف مائل ہوتا ہے تو اس کا سایہ بڑھ جاتا ہے مگر جیسے ہی اس کا میلان زیادہ ہوجاتا ہے سایہ کم ہوجاتا ہے۔

٩ ـ ما انتَقَمَ الإنسانُ مِن عَدُوِّهِ بأعظَمَ مِن أن يَزدَادَ مِن الفَضائِل.

(۹) انسان کا اپنے دشمن سے انتقام کا سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ وہ اپنی خوبیوں میں اضافہ کرے۔

[١٤٢]

# العِتاب و الاعتاب = عتاب

١ ـ عاتِب أخَاكَ بالإحسانِ إليه و اردُد شَرَّهُ بِالإنعامِ عليه.

(۱)اپنے بھائی کی احسان کے ذریعے سرزنش کرواور اس کے شر کو اسے انعام عطا کر کے اپنے سے دفع کرو۔

٢ ـ لا تُكثِرِ العِتَابَ، فإنَّهُ يُورِثُ الضَّـغِينَةَ، وَيُحَرِّكُ البُغضَة.

(۲) کسی کو حد درجہ نہ ڈانٹو کیونکہ یہ کینے کا باعث اور بغض کا محرک ہوتا ہے۔

٣ ـ مِنكَ مَن أَعتَبَك.

(۳)وہ شخص تم میں ہے جو (تمہاری سرزنش کی وجہ سے) سدھر جائے اور تمھیں اس کے ذریعے خوش کردے۔

٤ ـ إستَعتِب مَن رَجَوتَ إعتابَه.

(۴)اسے منانے کی کوشش کرو جس کے مان جانے کی توقع ہو

٥ ـ لا تُكثِرِ ٱلعَتَبَ فِي غَيرِ ذَنبٍ.

(۵)بغیر گناہ کے ڈانٹتے وقت زیادہ روی سے کام نہ لو۔

٦ ـ لا تَقطَع أخَاكَ عَلَى ارتيابٍ، وَلا تَهـجُرهُ دوُن استِعتَابٍ.

(۶)اپنے بھائی سے شک کی بنا پر قطع تعلق نہ کرو اور اسے منائے بغیر (اس سے) دور نہ رہو۔

٧ ـ مَن كَثُر حِقدُهُ قَلَّ عِتَابُه.

(۷)جس کا کینہ بڑھ جاتا ہے وہ بہت کم ڈانٹتا ہے۔

٨ ـ إذَا عَاتَبْتَ الحَدَثَ فـاترُك لَـهُ مَـوضِعاً مِـن ذَنـبِه، لِـئلاّ يَحـمِلَهُ الإحـراجُ عَـلى المُكابَرَة.

(۸)جب تم کسی نوجوان کو ڈانٹو تو اس کے پاس اپنی غلطی کے لئے عذر کا کوئی موقع چھوڑ دو تا کہ تمہاری سخت گیری اسے غلطی پر اڑ جانے پر آمادہ نہ کردے۔

٩ ـ لا تُعاتِبِ الجَاهِلَ فَيَمقُتُكَ، وَعاتِبِ العاقِلَ يُحِبُّك.

(۹) جاہل کو نہ ڈانٹو کیونکہ وہ تم پر غصہ ہو جائے گا بلکہ عاقل کو ڈانٹو کیونکہ وہ تم سے محبت کرنے لگے گا۔

١٠ ـ مَن عَتَبَ عَلَى الدَّهرِ طالَ مَعتَبُه.

(۱۰) جو زمانے کی سرزنش کرتا ہے اس کی سرزنش طویل ہو گی۔

١١ ـ العِتابُ حَياةُ المَوَدَّة.

(۱۱)(شفقت آمیز) سرزنش حیات مودت ہے۔

١٢ ـ إذا عاتَبتَ فاستَبِق.

(۱۲)جب تم (کسی کو غلط کام پر) ڈانٹو تو خود اس کام کے ترک پر اس پر سبقت حاصل کرو۔

١٢ ـ نِعمَ العِبادَةُ السُّجُودُ والرُّكوع.

(۱۲) بہترین عبادت رکوع و سجود ہیں۔

١٣ ـ تركُ الشَهَواتِ أفضَلُ عِبادَةٍ و أجمَلُ عادةٍ.

(۱۳) خواہشوں کو چھوڑ دینا بافضیلت ترین عبادت اور زیبا ترین روش ہے۔

١٤ ـ الإخلاصُ عِبادَةُ المُقَرَّبين.

(۱۴) اخلاص مقربین (بارگاہ) کی عبادت ہے۔

١٥ ـ اليَقينُ أفضلُ عِبادَةٍ.

(۱۵) یقین سب سے افضل عبادت ہے۔

١٦ ـ التَّنَزُّهُ عَنِ المَعاصي عِبادَةُ التَّوابين.

(۱۶) معصیتوں سے دوری توبہ کرنے والوں کی عبادت ہے۔

١٧ ـ أفضلُ العبادةِ الزَّهادَة.

(۱۷) سب سے افضل عبادت زہد ہے۔

١٨ ـ أفضلُ العِبادةِ غَلبةُ العادة.

(۱۸) سب سے زیادہ بافضیلت عبادت ترک عادت ہے۔

١٩ ـ أفضلُ العبادةِ الفِكر.

(۱۹) سب سے زیادہ بافضیلت عبادت غور و فکر کرنا ہے۔

٢٠ ـ أفضلُ العبادَةِ عِفَّةُ البَطنِ و الفَرْج.

(۲۰) سب سے افضل عبادت پیٹ اور شرمگاہ کی عفت ہے

٢١ ـ آفَةَ العِبادَةِ الرِّياء.

(۲۱) عبادت کی آفت ریاکاری ہے۔

٢٢ ـ إستَديمُوا الذِّكرَ فإنّه يُنيرُ القَلبَ و هُوَ أفضلُ العبادَة.

(۲۲) ذکر (الٰہی) میں مداومت کرو یقیناً یہ دل کو منور کرتا ہے اور یہ بافضیلت ترین عبادت ہے۔

٢٣ ـ فِكرُ ساعةٍ قَصيرةٍ خيرٌ مِن عبادةٍ طويلة.

(۲۳) مختصر سے وقت کی غور و فکر طویل عبادتوں سے افضل ہے۔

٢٤ ـ غايةُ العِبادَةِ الطاعَة.

(۲۴) عبادت کی انتہا اطاعت ہے۔

٢٥ ـ فازَ بالسَّعادَةِ مَن أخلَصَ العِبادة.

(۲۵) جو باخلاص عبادت کرتا ہے وہ کامیابی سے ہمکنار ہو جاتا ہے۔

٢٦ ـ كيفَ يَجِدُ لَذَّةَ العِبادَة مَن لا يَصومُ عَنِ الهَوىٰ.

(۲۶) وہ بھلا کیسے لذت عبادت پا سکتا ہے جو خواہشات سے خود کو روک پائے۔

[ ١٤١ ]

# العِبادَة = عبادت

١ ـ إنَّ قَوماً عَبدُوا اللهَ رَغبَةً، فَتِلكَ عِبادَةُ التُجّار، و إنّ قَوماً عَبدُوا اللهَ رَهبَةً، فتِلكَ عِبادَةُ العَبيد، و إنّ قَوماً عَبدُوا اللهَ شُكراً، فتِلكَ عِبادَةُ الأحرار.

(۱) یقیناً بعض لوگوں نے (جنت کی) رغبت میں خدا کی عبادت کی لہذا یہ تاجروں کی عبادت ہے اور کچھ لوگوں نے (جہنم کے) خوف سے اللہ کی عبادت کی یہ غلاموں کی عبادت ہے اور کچھ لوگوں نے اس کی عبادت بطور شکر کی ہے اور یہی آزاد لوگوں کی عبادت ہے

٢ ـ مَن لم يَختَلِف سِرُّهُ وعَلانِيَتُه، وفِعلُهُ ومَقَالَتُه، فَقَد أدَّى الأمانَةَ، وأخلَصَ العِبادَة.

(۲) جس کا ظاہر و باطن اور قول و فعل مختلف نہ ہو اس نے امانت ادا کر دی اور عبادت میں خلوص پیدا کر لیا۔

٣ ـ العِبادَةُ انتِظارُ الفَرَج.

(۳) عبادت انتظار فرج ہے۔

٤ ـ لا عِبادَةَ كأداءِ الفَرض.

(۴) ادائے فرض جیسی کوئی عبادت نہیں۔

٥ ـ أفضَلُ العِبادَةِ الصَّمتُ، وانتِظارُ الفَرَج.

(۵) بافضیلت ترین عبادت، خاموشی اور انتظار فرج ہے۔

٦ ـ السَّكينَةُ زينَةُ العِبادَة.

(۶) سکون و اطمینان عبادت کی زینت ہے۔

٧ ـ أفضَلُ العِبادَةِ الإمساكُ عَنِ المَعصِيَةِ، والوُقوفُ عِندَ الشُّبهَة.

(۷) سب سے افضل عبادت، گناہ سے اپنے آپ کو روکے رکھنا او شبہ کے وقت توقف ہے۔

٨ ـ لا خَيرَ في عِبادَةٍ ليس فيها تَفَقُّهٌ.

(۸) اس عبادت میں کوئی بھلائی نہیں جس میں غور و فکر نہ ہو۔

٩ ـ [ الهي ] ما عَبَدْتُكَ خَوفاً مِن نارِكَ، ولا طَمَعاً في جَنَّتِك، ولكِن وَجَدتُكَ أهلاً للعِبادَةِ فَعَبَدتُك.

(۹) (الہی) میں نے تیری عبادت نہ تیری جہنم کے خوف سے کی ہے اور نہ ہی تیری جنت کی لالچ میں بلکہ میں نے تجھے عبادت کے لائق پایا لہذا تیری عبادت کی۔

١٠ ـ العِبادَةُ الخالِصَةُ أن لا يَرجُوَ الرَّجُلُ إلّا ربَّه، ولا يَخافَ إلّا ذَنبَه.

(۱۰) خالص عبادت یہ ہے کہ انسان صرف اپنے پروردگار سے امید لگائے اور صرف اپنے گناہوں سے ڈرے۔

١١ ـ إذا أحَبَّ اللهُ عَبداً ألهَمَهُ حُسنَ العِبادَة.

(۱۱) جب اللہ کسی بندے کو پسند کر لیتا ہے تو اسے حسن عبادت کا الہام کر دیتا ہے۔

[١٤٠]

# العاقِبَة = عاقبت

١ ـ لكُلِّ امرِیءٍ عاقِبَةٌ، حُلوَةٌ أو مُرَّةٌ.

(۱) ہر آدمی کی عاقبت ہے چاہے شیریں ہو یا تلخ۔

٢ ـ مَن تورَّطَ في الأُمورِ غيرَ ناظِرٍ في العَواقِبِ، فَقَد تَعَرَّضَ لفادِحَاتِ النَّوائِب.

(۲) جو بلاسوچے سمجھے معاملات میں کود پڑتا ہے وہ اپنے آپ کو بڑی عظیم مصیبتوں کے لئے پیش کر دیتا ہے۔

٣ ـ عاقِبَةُ الكِذبِ الذَّم.

(۳) جھوٹ کا نتیجہ مذمت ہے۔

٤ ـ مَن أكثَرَ فِكرَهُ في العَواقِبِ لم يَشجَع.

(۴) جو بہت زیادہ نتائج کی فکر کرتا ہے وہ کبھی شجاع نہیں بن سکتا

٥ ـ عاقِبَةُ الكِذبِ شَرُّ عاقِبَةٍ.

(۵) جھوٹ کا نتیجہ سب سے برا نتیجہ ہے۔

٦ ـ الحازِمُ مَن لَم يَشغَلهُ البَطَرُ بالنِّعمَةِ عَنِ العَمَلِ للعَاقِبَة.

(۶) دور اندیش محتاط وہ ہے جسے نعمتوں کی مستی آخرت کے لئے عمل کرنے سے نہ روک سکے۔

٧ ـ أحزَمُ النّاسِ مَن كانَ الصَّبرُ والنَّظَرُ في العَواقِبِ شِعارَهُ و دِثارَه.

(۷) دور اندیش ترین آدمی وہ ہے جس کا اوڑھنا بچھونا صبر اور غور و فکر ہو۔

٨ ـ أعقَلُ النّاسِ أنظَرُهُم في العَواقِب.

(۸) دانا ترین آدمی وہ ہے جو نتائج کی سب سے زیادہ فکر کرے۔

٩ ـ راقِبِ العَواقِبَ تَنجُ مِنَ المَعَاطِب.

(۹) نتائج پر دھیان رکھو گے تو ہلاکت خیزیوں سے بچے رہو گے۔

١٠ ـ مَن نَظَرَ فِي العَواقِبِ سَلِم.

(۱۰) جو نتائج کی فکر کرتا ہے وہ سالم رہتا ہے۔

١١ ـ مَن راقَبَ العَواقِبَ سَلِمَ مِنَ النَّوائِب.

(۱۱) جو نتائج پر غور کر لیتا ہے وہ بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔

١٢ ـ لا عاقِبَةَ أسلَمُ مِن عَواقِبِ السِّلم.

(۱۲) دوستی و مسالمت کے نتائج سے زیادہ محفوظ کوئی اور نتیجہ نہیں ہے۔

١٣ ـ مَكروهٌ تُحمَدُ عاقِبَتُهُ خَيرٌ مِن مَحبوبٍ تُذَمُّ مَغَبَّتُه.

(۱۳) ایسا ناپسندیدہ کام جس کی عاقبت قابل ستائش ہو اس محبوب کام سے بہتر ہے جس کے نتیجہ میں مذمت ہو۔

۲۸ ـ حُسنُ الظَّنِّ أَن تُخلِصَ العَمَلَ، وتَرجُو مِنَ الله أن يَعفُوَ عَنِ الزَّلَل.

(۲۸) حسن ظن یہ ہے کہ تم باخلاص عمل انجام دو اور اپنی لغزشوں کی بخشش کے لئے اللہ سے امید رکھو۔

۲۹ـ حُسنُ الظَّنِ مِن أَفضَلِ السَجايا وأَجزَلِ العَطايا.

(۲۹) حسن ظن بافضیلت ترین عادت اور حد درجہ عطیات ہیں۔

۳۰ ـ حُسنُ الظَّنِّ راحَةُ القَلبِ وسَلامَةُ الدِّين.

(۳۰) حسن ظن دلوں کی راحت اور دین کی سلامتی ہے۔

۳۱ ـ مَن حَسُنَ ظَنُّهُ حَسُنَت نِيَّتُه.

(۳۱) جس کا گمان اچھا ہو گا اس کی نیت بھی اچھی ہو گی۔

۳۲ ـ مَن حَسُنَ ظَنُّه فازَ بالجَنَّة.

(۳۲) اچھے گمان والے کو جنت کی کامیابی حاصل ہو گی۔

۳۳ ـ مَن حَسُنَ ظَنُّه بالنّاسِ جازَ مِنهُمُ المَحَبَّة.

(۳۳) جس کا لوگوں کے متعلق گمان اچھا ہو گا وہ ان سے بدلے میں محبت پائے گا۔

۳٤ ـ لا يُحسِنُ عَبدٌ الظَّنَّ بالله سُبحانَه إلّا كان اللهُ سُبحانَه عندَ حُسنِ ظَنِّه.

(۳۴) اللہ تعالی سے کوئی بندہ اس وقت تک حسن ظن نہیں رکھ سکتا جب تک اللہ اس کے حسن ظن کے نزدیک موجود نہ ہو۔

١٢ ـ أسوءُ الناسِ حَالاً من لا يَثِقُ بأحَدٍ لِسُوءِ ظَنِّه، ولا يَثِقُ بِهِ أحَدٌ لسُوءِ أثَرِه.

(۱۲) سب سے زیادہ برا حال اس شخص کا ہے جو بد گمانی کی وجہ سے کسی پر بھروسہ نہ کرے اور کوئی دوسرا بھی اس کے برے اثرات کی وجہ سے اس پر بھروسہ نہ کرے۔

١٣ ـ سُوءُ الظَنِّ يَدوِي القلوبَ ويَتَّهِمُ المَأمُونَ وَ يُوحِشُ المُستأنِسَ، و يُغَيِّرُ مَوَدَّةَ الإخوان.

(۱۳) بد گمانی دلوں کو مریض، امین کو متہم، مانوس کو وحشت زدہ کر کے بھائیوں کی محبت کو بدل دیتی ہے۔

١٤ ـ سَترُ ما عايَنْتَ أحسَنُ مِن إشاعَةِ ما ظَنَنْت.

(۱۴) دیکھی ہوئی اشیاء کو چھپا لینا، گمان کی ہوئی چیزوں کو شائع کرنے سے بہتر ہے۔

١٥ ـ مُجالَسَةُ الأشرارِ تُوجِبُ سُوءَ الظَّنِّ بالأخيار.

(۱۵) برے لوگوں کی صحبت نیکو کاروں سے بد گمانی کا باعث ہوتی ہے۔

١٦ ـ الظَنُّ الصَّوابُ مِن شِيَمِ أُولي الألباب.

(۱۶) درست گمان دانشوروں کا شیوہ ہے۔

١٧ ـ الظَّنُّ يُخطِئُ واليَقينُ يُصيبُ ولا يُخطِئ.

(۱۷) گمان غلطی کرتا ہے مگر یقین (ہمیشہ) صحیح کرتا ہے اور کبھی خطا نہیں کرتا۔

١٨ ـ ظَنُّ الرَّجُلِ عَلىٰ قدَرِ عَقلِه.

(۱۸) ہر انسان کا گمان اس کی عقل جتنا ہی ہوتا ہے۔

١٩ ـ ظَنُّ الإنسانِ مِيزانُ عَقلِه، وفِعلُهُ أصدَقُ شَاهِدٍ على أصلِه.

(۱۹) انسان کا گمان اس کی عقل کا میزان اور اس کا عمل اس کی اصلیت کا گواہ ہوتا ہے۔

٢٠ ـ ظَنُّ العاقِلِ أصَحُّ مِن يقينِ الجاهِل.

(۲۰) عاقل کا گمان جاہل کے یقین سے زیادہ صحیح ہوتا ہے۔

٢١ ـ آفَةُ الدِّينِ سُوءُ الظَنّ.

(۲۱) دین کی آفت بد گمانی ہے۔

٢٢ ـ سُوءُ الظَنِّ بالمُحسِنِ شَرُّ الإثمِ وأقبَحُ الظُّلم.

(۲۲) محسن سے بد گمانی بد ترین گناہ اور سب سے برا ظلم ہے۔

٢٣ ـ سُوءُ الظَّنِّ يُفسِدُ الأُمورَ ويَبعَثُ على الشُّرُور.

(۲۳) بد گمانی امور کو فاسد اور برائیوں پر آمادہ کرتی ہے۔

٢٤ ـ سُوءُ الظَنِّ بِمَن لا يَخُونُ مِنَ اللُّؤم.

(۲۴) خیانت نہ کرنے والے سے خیانت بد طینتی میں سے ہے۔

٢٥ ـ مَن سَاءَ ظَنُّه ساءَت طَوِيَّتُهُ.

(۲۵) جس کا گمان برا ہو گا اس کا ضمیر بھی برا ہو گا۔

٢٦ ـ مَن سَاءَت ظُنُونُهُ اعتَقَدَ الخِيَانَةَ بِمَن لا يَخُونُه.

(۲۶) جس کا گمان خراب ہو جاتا ہے وہ خیانت کے قریب بھی نہ آنے والوں کے بارے میں خیانت کا یقین کرنے لگتا ہے۔

٢٧ ـ أفضَلُ الوَرَعِ حُسنُ الظَنّ.

(۲۷) بر ترین تقوی، حسن ظن ہے۔

[١٣٩]

# الظَّنّ = گمان

١ ـ لا تَظُنَّنَّ بِكَلِمَةٍ خرَجَت مِن أحَدٍ سُوءاً وأنتَ تَجِدُ لها في الخَيرِ مُحتَمَلاً.

(۱) کسی ایسی بات میں سوء ظن نہ کرو جو کسی نے غلط کہا ہو مگر تم اس کے لئے کوئی اچھا احتمال پاتے رہے ہو۔

٢ ـ مَن وَضَعَ نَفسَهُ مَواضِعَ التُّهمَةِ فَلا يَلومَنَّ مَن أساءَ بِه الظَّنَّ.

(۲) جو اپنے آپ کو تہمت کی جگہوں پر رکھتا ہے اسے سوء ظن کرنے والے کو برا بھلا نہیں کہنا چاہیے۔

٣ ـ لَيسَ مِنَ العَدلِ القَضاءُ على الثِّقَةِ بالظَّنّ.

(۳) گمان پر بھروسہ کرکے فیصلہ کردینا عدل نہیں۔

٤ ـ إتَّقوا ظُنونَ المُؤمِنينَ، فَإنَّ اللهَ تَعالَى جَعَلَ الحقَّ على ألسِنَتِهِم.

(۴) مومنوں کے گمانوں سے ڈرو کیونکہ اللہ نے ان کی زبانوں پر حق قرار دیا ہے۔

٥ ـ مَن ظَنَّ بِكَ خَيراً فَصَدِّق ظَنَّه.

(۵) جس نے تم سے اچھائی کا گمان کیا تم اس کے گمان کو سچ کر دکھاؤ۔

٦ ـ البُخلُ والجُبنُ والحِرصُ غَرائِزُ شَتّى يَجمَعُها سُوءُ الظَّنِّ بِالله.

(۶) کنجوسی و بزدلی و حرص مختلف طبیعتیں ہیں جنھیں اللہ سے بدگمانی یکجا کر دیتی ہے۔

٧ ـ لا يَغلِبَنَّ عَلَيكَ سُوءُ الظَّنِّ، فإنّه لا يَدَعُ بينَكَ وبَينَ خَليلِكَ صُلحاً.

(۷) تم پر بدگمانی ہرگز غالب نہ آنے پائے کیونکہ یہ تمہارے اور تمہارے دوست کے درمیان کبھی صلح نہیں رہنے دے گی۔

٨ ـ ظَنُّ العاقِلِ كَهانَةٌ.

(۸) عاقل کا گمان، پیشن گوئی ہوتا ہے۔

٩ ـ لا يُفسِدكَ الظَّنُّ على صَديقٍ أصلَحَهُ لكَ اليَقين.

(۹) تمہارا گمان تمہارے کسی ایسے دوست کو خراب نہ کر دے جسے تمہارے یقین نے "تمہارا" بنایا ہو۔

١٠ ـ لا تَكادُ الظُّنونُ تَزدَحِمُ على أمرٍ مَستورٍ إلّا كَشَفَته.

(۱۰) ڈھکے چھپے کام پر گمانوں کی یلغار اس وقت تک نہیں ہوتی جب تک تم خود اسے عیاں نہ کر دو۔

١١ ـ لا تَكُن مِمَّن تَغلِبُهُ نَفسُهُ على ما يَظُنُّ، ولا يَغلِبُها على ما يَستَيقِن.

(۱۱) ان میں سے نہ ہونا جن پر ان کا نفس گمان والی اشیاء کے ذریعہ غالب ہو جاتا ہے اور وہ اس پر یقینی اشیاء کے ذریعہ غالب نہیں ہو پاتے۔

٢٣ ـ شَرُّ النّاسِ مَن يُعِينُ عَلَى المَظلوم.

(۲۳) بدترین آدمی وہ ہے جو ظلم پر تعاون کرتا ہو۔

٢٤ ـ شَرُّ النّاسِ مَن يَظلِمُ النّاس.

(۲۴) بدترین آدمی وہ ہے جو لوگوں پر ظلم کرتا ہو۔

٢٥ ـ لِكُلِّ ظالِمٍ عُقوبَةٌ لا تَعدُوه، وصَرعَةٌ لا تَخطُّه.

(۲۵) ہر ظالم کی ایک سزا ہے جس سے وہ بھاگ نہیں سکتا اور ایک شکست ہے جس کے آگے کوئی راستہ نہیں۔

٢٦ ـ لا يُؤمِنُ بالمَعاد مَن لا يَتَحَرَّجُ عَن ظُلمِ العِباد.

(۲۶) وہ قیامت پر ایمان نہیں رکھتا جو لوگوں پر ظلم کرنے سے دور نہ رہے۔

٢٧ ـ لا تَظلِمَنَّ مَن لا يَجِدُ ناصِراً إلّا الله.

(۲۷) اس پر ہرگز ظلم نہ کرو جو جز خدا کے کسی اور کو مددگار نہ پائے۔

٢٨ ـ ما أَقرَبَ النُّصرَةَ مِنَ المَظلوم.

(۲۸) مظلوم سے نصرت (الٰہی) کتنا قریب ہے۔

٢٩ ـ مِن لَوازِمِ العَدلِ التَّناهِي عَنِ الظُلم.

(۲۹) عدل کے لوازمات میں ظلم سے خود کو بچانا ہے۔

٣٠ ـ مِن اَفحَشِ الظُلمِ ظُلمُ الكِرام.

(۳۰) واضح ترین ظلم کریم افراد پر ظلم ہے۔

٣١ ـ مَن عامَلَ رَعِيَّتَهُ بالظُلمِ، أزالَ اللهُ سبحانه دَولَتَهُ، و عَجَّلَ بَوارَهُ و هَلَكَه.

(۳۱) جو اپنی رعایا پر ظلم و ستم کرتا ہے اللہ اس کی حکومت کو زائل کر دیتا ہے اور اس کی تباہی و بربادی میں جلدی کرتا ہے۔

٣٢ ـ مَن لَم يُنصِفِ المَظلومَ مِنَ الظّالِمِ عَظُمَت آثامُه.

(۳۲) جو مظلوم کو ظالم سے (توانائی کے باوجود) انصاف نہ دلائے اس کے گناہ بہت زیادہ ہو جاتے ہیں۔

٣٣ ـ مَن ظَلَمَ نَفسَهُ كانَ لِغَيرِهِ أَظلَم.

(۳۳) جو خود پر ظلم کرے گا وہ دوسرے کے لئے اس سے بڑا ظالم ہو گا۔

٣٤ ـ مَن ظَلَمَ عِبادَ اللهِ كانَ اللهُ خَصمَهُ دُونَ عِبادِه.

(۳۴) جو اللہ کے بندوں پر ظلم کرتا ہے بندوں کے علاوہ خدا بھی اس کا دشمن ہوتا ہے۔

٣٥ ـ مَن ظَلَمَ رَعِيَّتَهُ نَصَرَ أضدادَه.

(۳۵) جو اپنی رعایا پر ظلم کرتا ہے وہ اپنے دشمنوں کی مدد کرتا ہے

٩ ـ العامِلُ بالظُّلم، والمُعِينُ عَلَيهِ، والرَّاضِي بِه، شُرَكاءُ ثَلاثةٌ.

(۹) ظالم، اس کی مدد کرنے والا اور اس سے راضی رہنے والا یہ تینوں ظلم میں شریک ہوتے ہیں۔

١٠ ـ للظّالِمِ مِن الرِّجالِ ثَلاثُ عَلاماتٍ: يَظلِمُ مَن فَوقَهُ بالمَعصِيَةِ، وَمَن دُونَهُ بالغَلَبَةِ، ويُظاهِرُ القَومَ الظَّلَمة.

(۱۰) مردوں میں ظالم کی تین علامتیں ہیں: اپنے سے بلند آدمی پر نافرمانی کے ذریعے ظلم کرتا ہے اور اپنے سے نیچے والوں پر طاقت و قہر کے ذریعہ اور ظالم لوگوں کی حمایت کرکے ظلم کرتا ہے۔

١١ ـ الظُّلمُ يُزِلُّ القَدَمَ، ويَسلُبُ النِّعَم، ويُهلِكُ الأُمَم.

(۱۱) ظلم قدموں کو ڈگمگاتا ہے اور نعمتوں کو سلب کرکے امتوں کو ہلاک کردیتا ہے۔

١٢ ـ الظُّلمُ فِي الدُّنيا بَوارٌ وفِي الآخِرَةِ دَمارٌ.

(۱۲) ظلم دنیا میں ہلاکت اور آخرت میں تباہی ہے۔

١٣ ـ الظّالِمُ طاغٍ يَنتَظِرُ إحدَى النِّقمَتَين.

(۱۳) حد درجہ ظالم دو عذابوں میں سے کسی ایک کا منتظر رہتا ہے۔

١٤ ـ الظُّلمُ بَوارُ الرَّعِيَّة.

(۱۴) ظلم رعایا کی ہلاکت ہے۔

١٥ ـ الظُّلمُ أَلأَمُ الرَّذائِل.

(۱۵) ظلم ملامت آور ترین بدی ہے۔

١٦ ـ الظُّلمُ يَطرُدُ النِّعَم.

(۱۶) ظلم نعمتوں کو پلٹا دیتا ہے۔

١٧ ـ أَقبَحُ الظُّلمِ مَنعُكَ حُقوقَ الله.

(۱۷) بد ترین ظلم یہ ہے کہ تم حقوق الہی کو ادا نہ کرو۔

١٨ ـ أَخسَرُكُم أَظلَمُكُم.

(۱۸) تم میں سب سے زیادہ گھاٹے میں وہ ہے جو سب سے زیادہ ظلم کرنے والا ہوتا ہے۔

١٩ ـ إيّاكَ والظُّلمَ، فَمَن ظَلَمَ كَرُهَت أيّامُه.

(۱۹) ظلم سے دور رہو کیونکہ جو ظلم کرتا ہے اس کے ایام ناپسندیدہ ہوجاتے ہیں۔

٢٠ ـ اتَّقوا دَعوَةَ المَظلُومِ، فإنَّهُ يَسأَلُ اللهَ حَقَّهُ، واللهُ سُبحانَهُ أكرَمُ مِن أَن يُسأَلَ حقّاً إلّا أجَابَه.

(۲۰) مظلوم کی دعا سے ڈرو کیونکہ وہ خدا سے اپنا حق مانگتا ہے اور اللہ تعالی سے جب بھی حق مانگا جاتا ہے تو وہ فوراً عطا کردیتا ہے۔

٢١ ـ بِئسَ الظُّلمُ ظُلمُ المُستَسلِم.

(۲۱) بد ترین ظلم ہتھیار ڈال دینے والے پر ظلم کرنا ہے۔

٢٢ ـ راكِبُ الظُّلمِ يَكبُو بِهِ مَركَبُه.

(۲۲) ظلم کے سوار کو اس کی سواری اوندھے منہ گرادیتی ہے۔

[ ۱۳۸ ]

# الظُّلْم = ظلم

١ ـ للظّالِمِ البادِىءِ غداً بِكَفِّهِ عَضَّةٌ.

(۱) پہلے ظلم کرنے والا کل روز قیامت (پشیمانی کی وجہ سے) اپنی ہتھیلی دانتوں سے چبائے گا۔

٢ ـ يومُ العدلِ على الظالِمِ أشَدُّ مِن يومِ الجورِ على المَظلوم.

(۲) ظالم پر انصاف کا دن، مظلوم پر ظلم کے دن سے زیادہ سخت ہے

٣ ـ يومُ المَظلومِ على الظّالِمِ أشَدُّ مِن يومِ الظّالِمِ على المَظلوم.

(۳) ظالم کے خلاف مظلوم کا دن مظلوم کے خلاف ظالم کے دن سے زیادہ سخت ہے۔

٤ ـ ظُلمُ الضَّعيفِ أفحَشُ الظُّلم.

(۴) ضعیف پر ظلم واضح ترین ظلم ہے۔

٥ ـ لا تَظلِم كَما لا تُحِبُّ أن تُظلَم.

(۵) ظلم نہ کرو جس طرح تم ظلم برداشت نہیں کرنا چاہتے۔

٦ ـ ألا و إنَّ الظُّلمَ ثَلاثَةٌ: فَظُلمٌ لا يُغفَرُ، وَظُلمٌ لا يُترَكُ، وَظُلمٌ مَغفُورٌ لا يُطلَبُ، فأمّا الظُّلمُ الذي لا يُغفَرُ، فالشِّركُ بالله، قال الله تعالى: ﴿إنَّ اللهَ لا يَغفِرُ أنْ يُشرَكَ بِه﴾. وأمّا الظُّلمُ الذي يُغفَرُ، فظُلمُ العَبدِ نَفسَهُ عِندَ بَعضِ الهَنَات، وأمّا الظُّلمُ الذي لا يُترَكُ، فظُلمُ العِبادِ بَعضِهِم بَعضاً.

(۶) آگاہ ہو جاؤ ظلم تین طرح کے ہوتے ہیں: ایک وہ ظلم جو بخشا نہیں جائے گا۔ دوسرا وہ ظلم جو چھوڑا نہیں جاتا اور تیسرا وہ ظلم جو بخشا ہوا ہوتا ہے اور جس پر کوئی مواخذہ نہیں ہوتا۔ جو ظلم بخشا نہیں جائے گا وہ اللہ کا شریک قرار دینا ہے۔ اللہ نے فرمایا "بے شک اللہ اس بات کو نہیں بخشے گا کہ اس میں کسی کو شریک قرار دیا جائے۔" اور وہ ظلم جو بخش دیا جائے گا وہ انسان بعض چھوٹے چھوٹے گناہوں کے ذریعہ خود اپنے اوپر ظلم کرنا ہے اور وہ ظلم جو چھوڑا نہیں جائے گا بندوں کا ایک دوسرے پر ظلم کرنا ہے۔

٧ ـ لَيسَ مَعَ الفُجورِ نَماءٌ، ولا مَعَ العَدلِ ظُلمٌ، ولا مَعَ القَتلِ عَدلٌ، ولا مَعَ القَطيعَةِ غِنىً.

(۷) فسق و فجور کے ساتھ برکت اور عدل کے ساتھ ظلم نہیں اور قتل کے ساتھ عدل اور (ارحام سے) قطع تعلق کے ساتھ تونگری نہیں۔

٨ ـ إختَر أن تَكونَ مَغلوباً وأنتَ مُنصِفٌ، ولا تَختَر أن تَكونَ غالِباً وأنتَ ظالِمٌ.

(۸) اپنے لئے ایسی حالت اختیار کرو جس میں (بھلے ہی) تم مغلوب رہو مگر منصف رہو ایسی صورت حال نہ اختیار کرنا جس میں تم غالب (تو) رہو مگر ظالم بھی رہو۔

٩ ـ الحُرُّ عبدٌ ما طَمِعَ، والعَبدُ حُرٌّ ما قَنَعَ.

(۹) آزاد جس چیز کی طمع کرتا ہے وہ اس کا غلام ہوتا ہے اور غلام جس چیز سے قناعت کرتا ہے اس سے آزاد ہوتا ہے۔

١٠ ـ أطوَلُ الناسِ نَصَباً الحَرِيصُ إذا طَمِعَ، والحَقُودُ إذا مُنِعَ.

(۱۰) لوگوں میں سب سے طویل غم اس حریص کا ہوتا ہے جو لالچ کرتا ہو اور اس کینہ پرور کا جسے عطیات دینے سے منع کر دیا گیا ہو۔

١١ ـ ثَباتُ الإيمانِ بالوَرَعِ، و زَوالُهُ بالطَّمَعِ.

(۱۱) ایمان کا ثبات، تقویٰ سے اور زوال، طمع سے ہوتا ہے۔

١٢ ـ ما هَدَّمَ الدِّينَ مِثلُ البِدَعِ، ولا أفسَدَ الرِّجالَ مِثلُ الطَّمَعِ.

(۱۲) دین کو بدعت سے زیادہ کسی (اور شئے) نے منہدم نہیں کیا اور مردوں کو طمع سے زیادہ کسی اور شئے نے فاسد نہیں بنایا۔

١٣ ـ المَذَلَّةُ والمَهانَةُ والشَّقاءُ في الطَّمَعِ والحِرصِ.

(۱۳) ذلت و رسوائی اور بدبختی، طمع و حرص میں ہے۔

١٤ ـ الطامِعُ أبداً في وِثاقِ الذُّلِّ.

(۱۴) لالچی ہمیشہ قعر مذلت میں رہتا ہے۔

١٥ ـ المَطامِعُ تُذِلُّ الرِّجالَ.

(۱۵) لالچیں مردوں کو ذلیل کر دیتی ہیں۔

١٦ ـ إن أطَعتَ الطَّمَعَ أرداكَ.

(۱۶) اگر تم نے لالچوں کی پیروی کی تو وہ تمھیں ہلاک کر دیں گی۔

١٧ ـ آفَةُ القُضاةِ الطَّمَعُ.

(۱۷) قاضیوں کی آفت، طمع ہے۔

١٨ ـ بالأطماعِ تَذِلُّ رِقابُ الرِّجالِ.

(۱۸) لالچوں کے ذریعے مردوں کی گردنیں ذلت سے جھک جاتی ہیں

١٩ ـ ثَمَرَةُ الطَّمَعِ ذُلُّ الدُّنيا والآخِرَةِ.

(۱۹) لالچ کا ثمرہ دنیا و آخرت کی ذلت ہے۔

٢٠ ـ ضادُّوا الطَّمَعَ بالوَرَعِ.

(۲۰) طمع کا مقابلہ ورع و تقویٰ سے کرو۔

٢١ ـ قَليلُ الطَّمَعِ يُفسِدُ كثيرَ الوَرَعِ.

(۲۱) تھوڑی سی طمع تقوے کے بڑے حصے کو فاسد کر دیتی ہے۔

٢٢ ـ كيفَ يَملِكُ الوَرَعَ من يَملِكُهُ الطَّمَعُ.

(۲۲) وہ صاحب تقویٰ کیسے ہو سکتا ہے جسے طمع نے اپنا غلام بنا رکھا ہو۔

٢٣ ـ مَن اتَّخَذَ الطَّمَعَ شِعاراً، جَرَّعَتهُ الخَيبَةُ ضِراراً.

(۲۳) جس نے طمع کو شعار بنا لیا اس کو ناکامی نقصان دہ صورت میں پریشان کر دے گی۔

٢٤ ـ تَوَرُّعٌ يُنجِي خَيرٌ مِن طَمَعٍ يُردي.

(۲۴) ایسے پارسائی جو انسان کو نجات دے دے اس لالچ سے بہتر ہے جو ہلاک کر دے۔

٢٥ ـ لا يَستَرِقَّنَّكَ الطَّمَعُ، وقد جعَلَكَ اللهُ حُرّاً.

(۲۵) تمھیں طمع غلام نہ بنانے پائے، جبکہ خدا نے تمھیں آزاد پیدا کیا ہے۔

[ ۱۳۷ ]

# الطَّمَع = طمع

١ ـ أزرَىٰ بِنَفسِهِ مَن ٱستَشعَرَ الطَّمَعَ، وَرَضِيَ بالذُلِّ مَن كَشَفَ عَن ضُرِّه.

(۱) جس نے طمع کو اپنا شعار بنایا وہ ذلت نفس پر آمادہ ہو گیا اور اور جو اپنی پریشانی کھل کر بیان کر دیتا ہے وہ اپنی ذلت سے راضی ہو جاتا ہے۔

٢ ـ الطَّمَعُ رِقٌّ مُـؤَبَّدٌ.

(۲) طمع ابدی غلامی ہے۔

٣ ـ أكـثَرُ مَـصارِعِ العُـقُولِ تحتَ بُـروقِ المَطامِعِ.

(۳) عقلوں کی بربادی اکثر اوقات لالچوں کی بجلیوں کے تلے ہوتی ہیں۔

٤ ـ إنّ الطَّمَعَ مُورِدٌ غَيرُ مُصدِرٍ، وضامِنٌ غيرُ وَفيٍّ، ورُبّما شَرِقَ شارِبُ الماءِ قَبلَ رِيِّهِ، وكُلَّما عَظُمَ قَدرُ الشَّيءِ المُتَنافَسِ فيهِ عَظُمَتِ الرَّزِيَّةُ لِفَقدِه، والأمانيُّ تُعمِي أعيُنَ البَصائِرِ، والحَظُّ يأتي مَن لا يأتِيه.

(۴) طمع ایسی جگہ ہے جہاں جانے کے بعد واپسی ممکن نہیں اور ایسی ضامن ہے جس میں وفا نہیں ہوتی اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ پانی پینے والا سیراب ہونے سے پہلے ہی اچھو کا شکار ہو جاتا ہے۔ حصول کے لئے سعی کرتے وقت جس چیز کی قدر و منزلت جتنی زیادہ ہو گی اتنا ہی اس کے کھو جانے پر تکلیف ہو گی اور آرزوئیں آنکھوں کو اندھا کر دیتی ہیں اور قسمت تو اس کی بھی ہے جو اس کے لئے بھاگ دوڑ نہیں کرتا۔

٥ ـ لا يُقيمُ أمرَ اللهِ سبحانَه إلّا مَن لا يُصانِعُ، ولا يُضارِعُ، ولا يَتَّبِعُ المَطامِعَ.

(۵) امر خدا کا قیام صرف اسی سے ممکن ہے جو تصنع اور تقابل نہ کرتا ہو اور طمع سے دور ہو۔

٦ ـ إيّاكَ أن تُوجِفَ فيك مَطايا الطَّمَعِ.

(۶) اس بات سے کہ طمع کی سواریاں تمھاری طرف تیزی سے بڑھیں خوفزدہ رہو۔

٧ ـ رُبَّ طَمَعٍ كاذِبٌ.

(۷) بہت سی لالچیں جھوٹی ہوتی ہیں۔

٨ ـ الذُلُّ مَعَ الطَّمَعِ.

(۸) ذلت طمع کے ساتھ ہے۔

١٢ ـ إعجابُ المَرءِ بنَفسِه دَليلٌ على ضَعفِ عَقلِه.

(۱۲) انسان کا خود بینی میں مبتلا ہونا اس کی عقل کی کمزوری کی دلیل ہے۔

١٣ ـ قَلَّ أن تَرَىٰ أحَداً تكبَّرَ علىٰ مَن دونَهُ إلّا وبِذلك المِقدارِ يَجُودُ بالذُّلِّ لِمَن فَوقَه.

(۱۳) یہ تم نے ضرور دیکھا ہوگا کہ کوئی اپنے سے نیچے والوں کے ساتھ جتنا تکبر کرتا ہے اتنا ہی اپنے سے اوپر والوں کے سامنے منکسر و فروتن ہوجاتا ہے۔

١٤ ـ أعسَرُ العُيوبِ صَلاحاً العُجبُ واللَّجاجَة.

(۱۴) اصلاح کے لئے سب سے مشکل عیب تکبر و جھگڑا ہے۔

١٥ ـ لا تَهضِمَنَّ مَحاسِنَك بالفَخرِ والتَكَبُّر.

(۱۵) اپنے محاسن کو فخر و مباہات کے ذریعے ختم نہ کرو۔

١٦ ـ ثلاثٌ مُوبِقاتٌ: الكِبْرُ فإنّهُ حَطَّ إبليسَ عن مَرتَبَتِه، والحِرصُ فإنّهُ أخرَجَ آدَمَ مِنَ الجَنَّةِ، والحَسَدُ فإنّهُ دَعا ابنَ آدَمَ إلى قَتلِ أخيه.

(۱۶) تین چیزیں ہلاک کر دینے والی ہیں: تکبر جس نے ابلیس کو اپنے مرتبہ سے گرادیا، حرص جس نے آدم کو جنت سے نکلوادیا اور حسد جس نے آدم کے بیٹے کو اپنے بھائی کے قتل پر آمادہ کیا۔

١٧ ـ الكِبرُ يُساوِرُ القُلوبَ مُساوَرَةَ السُّمُومِ القاتِلَة.

(۱۷) فخر و تکبر قاتل زہروں کی طرح دلوں میں سرایت کرتا ہے۔

١٨ ـ آفَةُ الشَرَفِ الكِبر.

(۱۸) شرف و بزرگی کی آفت تکبر ہے۔

١٩ ـ تَكَبُّرُ الدَّنِيِّ يَدعُو إلىٰ إهانَتِه.

(۱۹) پست آدمی کا تکبر اس کی اہانت کا باعث ہوتا ہے۔

٢٠ ـ مِن أقبَحِ الكِبرِ تَكَبُّرُ الرَجُلِ على ذَي رَحِمِه وأبناءِ جِنسِه.

(۲۰) بدترین تکبر انسان کا اپنے رشتہ داروں، اور اپنے ہی جیسے لوگوں سے تکبر کرنا ہے۔

٢١ ـ مَن لَبِسَ الكِبرَ والسَّرَفَ خَلَعَ الفَضلَ والشَّرَف.

(۲۱) جو تکبر و اسراف کا لبادہ اوڑھ لیتا ہے وہ خلعت فضیلت و شرف کو اتار پھینکتا ہے۔

٢٢ ـ لا يَتَكَبَّرُ إلّا كُلُّ وَضِيعٍ خامِلٍ.

(۲۲) تکبر صرف پست و گمنام لوگ ہی کیا کرتے ہیں۔

٢٣ ـ لا يَتَعَلَّمُ مَن يَتَكَبَّر.

(۲۳) جو تکبر کرتا ہے وہ علم حاصل نہیں کرسکتا۔

[ ۱۷۹ ]

# الكَذِب = جھوٹ

١ ـ علامة الإيمانُ أن تُـؤثِرَ الصِّـدقَ حَـيثُ يَضُرُّكَ على الكَذِبِ حـيثُ يَـنفعُك، و أن لا يَكونَ في حَديثِك فَضلٌ عن عَمَلِك، وأن تتَّقِيَ اللهَ في حَديثِ غَيرِك.

(۱) ایمان کی نشانی یہ ہے کہ تم اپنے لئے فائدہ مند جھوٹ پر اپنے لئے نقصان دہ سچ کو ترجیح دو اور یہ کہ تمہاری باتوں میں کوئی چیز تمہارے کام سے زیادہ نہ ہو اور یہ کہ تم دوسروں کے بارے میں بات کرتے وقت اللہ سے ڈرتے رہو ۔

٢ ـ [ يا بُنيّ ] إيّاكَ ومُصادَقَةَ الكذّابِ، فـإنَّهُ كَالسَّرابِ، يُقرِّبُ عليكَ البَعيد، ويُبَعِّدُ عَليكَ القَريب.

(۲) اے بیٹے بہت زیادہ جھوٹے شخص سے ہر گز دوستی نہ کرنا کیونکہ وہ سراب کی طرح ہوتا ہے جو دور کی چیزوں کو قریب اور اور قریبی اشیاء کو دور کر دیتا ہے ۔

٣ ـ لا تُحَدِّثِ الناسَ بكُلِّ ما سَمِعتَ بِه، فَكَفىٰ بذلك كَذِباً.

(۳) جو کچھ تم نے سنا ہے وہ لوگوں کو نہ بتا دو کہ جھوٹ کے لئے یہی بات کافی ہے ۔

٤ ـ أما و شَرُّ القَولِ الكَذِب.

(۴) آگاہ ہو جاؤ کہ بد ترین کلام جھوٹ ہے ۔

٥ ـ جانِبُوا الكَـذِبَ فـإنَّهُ مُجـانِبٌ لِـلإيمان، الصادقُ علىٰ شَفا مَنجاةٍ وكرامَةٍ، والكـاذِبُ علىٰ شَرَفِ مَهوَاةٍ ومَهانَةٍ.

(۵) جھوٹ سے اجتناب کرو کیونکہ یہ ایمان سے کنارہ کش ہے سچ بولنے والا کرامت و نجات کے ساحل سے ہمکنار ہوتا ہے اور جھوٹا پستی و بے عزتی سے ملحق ہو جاتا ہے ۔

٦ ـ الكِذبُ ذُلٌّ.

(۶) جھوٹ ذلت ہے ۔

٧ ـ عاقِبَةُ الكِذبِ الذَمُّ.

(۷) جھوٹ کی عاقبت مذمت ہے ۔

٨ ـ لا مُرُوَّةَ لِكَذُوبٍ.

(۸) جھوٹے شخص کے پاس مروت نہیں ہوتی ۔

٩ ـ إنَّ اللهَ أعانَ عَلى الكَذّابينَ بالنِّسيان.

(۹) اللہ نے جھوٹوں کو نسیان دے کر نقصان پہنچایا ہے ۔

١٠ ـ لا تُؤاخِ الكَذّابَ، فإنَّهُ لا يَنفعُك مَـعَهُ عَيْشٌ، يَنقُلُ حَديثَك، ويَنقُلُ الحـديثَ إلَـيكَ حَتّى أنّه لَيُحَدِّثُ بالصِّدقِ فَما يُصَدَّق.

(۱۰) حد درجہ جھوٹے کو بھائی نہ بناؤ کیونکہ اس کے ساتھ تمہاری زندگی بے فائدہ رہے گی ۔ وہ تمہاری بات نقل کرے گا اور تمھیں دوسری باتیں بھی بتائے گا بھلے ہی وہ اس وقت سچ بولے گا مگر

اس کی کوئی تصدیق نہیں کرے گا۔

١١ ـ عاقِبَةُ الكِذْبِ شَرُّ عاقِبَة.

(۱۱) جھوٹ کا انجام سب سے برا انجام ہوتا ہے۔

١٢ ـ أوَّلُ عُقوبَةِ الكـاذِبِ أنَّ صِـدقَهُ يُـرَدُّ عليه.

(۱۲) جھوٹے کی سب سے پہلی سزا تو یہ ہے کہ اس کی سچ باتیں بھی ٹھکرادی جاتیں ہیں۔

١٣ ـ أعظَمُ الخَطايا عِندَ الله اللِّسانُ الكَذُوب.

(۱۳) اللہ کے نزدیک سب سے عظیم خطا جھوٹی زبان ہے۔

١٤ ـ أمرانِ لا يَنفكّانِ مِـنَ الكِـذْبِ: كَـثرَةُ المَواعِيد، وشِدَّةُ الاعتِذار.

(۱۴) دو چیزیں کبھی جھوٹ سے جدا نہیں ہو سکتیں: بہت زیادہ وعدے اور حد درجہ عذر خواہی۔

١٥ ـ الكَذّابُ يُخِيفُ نَفسَهُ وهُوَ آمِنٌ.

(۱۵) جھوٹا اپنے آپ کو امن میں رہتے ہوئے بھی ڈراتا رہتا ہے۔

١٦ ـ لا يَجِدُ عَبدٌ طَعمَ الإيمـانِ حـتّى يـترُكَ الكِذْبَ هَزلَهُ وجِدَّه.

(۱۶) کوئی بندہ لذت ایمان سے اس وقت تک آشنا نہیں ہو سکتا جب تک وہ مذاق و سنجیدگی دونوں حالتوں میں جھوٹ بولنا نہ چھوڑے۔

١٧ ـ لا يَصلُحُ الكِذْبُ في جِدٍّ ولا هَـزلٍ، و لا يَعِدَنَّ أحدُكُم صَبِيَّهُ ثُمّ لا يَفِي لَـهُ بِـه، إنَّ الكَذِبَ يَهدِي إلى الفُجُور، والفُجُور يَهـدي إلى النّار.

(۱۷) جھوٹ سنجیدگی و مذاق میں بھی صحیح نہیں ہے اور تم میں سے کوئی کسی بچے سے ایسا وعدہ نہ کرے جسے بعد میں پورا نہ کر سکے بلاشبہ جھوٹ فسق و فجور کا راستہ بتاتا ہے اور فسق و فجور جہنم میں لے جاتا ہے۔

١٨ ـ الكَذّابُ مُـتَّهَمٌ في قَـولِه، وإن قَـوِيَتْ حُجَّتُهُ، وصدَقَت لَهجَتُه.

(۱۸) جھوٹا (ہمیشہ) اپنی باتوں میں (جھوٹ کے لئے) متہم رہتا ہے بھلے ہی اس کے دلائل قوی اور لہجہ سچا ہو۔

١٩ ـ الكِذْبُ في العاجِلَةِ عارٌ وفي الآجِلَةِ عَذابُ النّار.

(۱۹) جھوٹ دنیا میں ننگ اور آخرت میں عذاب جہنم ہے۔

٢٠ ـ الكِذْبُ يُردِيكَ وإن أمِنتَه.

(۲۰) جھوٹ تمھیں ہلاک کر دے گا بھلے ہی تم امن و امان میں رہو۔

٢١ ـ كَفاكَ مُوَبِّخاً على الكِذْبِ عِـلمُكَ بأنَّك كاذِبٌ.

(۲۱) تمہاری جھوٹ پر سرزنش کرنے کے لئے بس یہی کافی ہے کہ تم جانتے ہو کہ تم جھوٹے ہو۔

٢٢ ـ ليسَ لكَذوبٍ أمانَةٌ، ولا لِفَجُورٍ صِيانَةٌ.

(۲۲) جھوٹے کے پاس امانت داری اور بدکار کے پاس تحفظ نہیں ہوتا۔

٢٣ ـ لا خَيرَ في عُلُومِ الكَذّابِين.

(۲۳) جھوٹوں کے کلام میں کوئی بھلائی نہیں۔

٢٤ ـ لا تَجتَمِعُ الكِذبُ والمُرُوَّة.

(۲۴) جھوٹ اور مروت اکٹھی نہیں ہو سکتیں۔

٢٥ ـ لا حَياءَ لِكَذّابٍ.
(۲۵) جھوٹے کے پاس شرم نہیں ہوتی۔

٢٦ ـ مَن عُرِفَ بِالكِذبِ قَلَّتِ الثِّقَةُ بِه.
(۲۶) جو جھوٹ بولنے میں معروف ہو جاتا ہے اس پر بھروسہ کم ہو جاتا ہے۔

٢٧ ـ مَن عُرِفَ بالكِذبِ لَم تُقبَل صِدقُه.
(۲۷) جو جھوٹ میں معروف ہو جاتا ہے اس کا سچ بھی قبول نہیں کیا جاتا۔

٢٨ ـ نَكَدُ العِلمِ الكِذبُ، ونَكَدُ الجِدِّ اللَّعِب.
(۲۸) علم کی رکاوٹ جھوٹ اور سنجیدگی کی رکاوٹ لہو لعب ہوتا ہے۔

[ ۱۸۰ ]

# الکراهة = ناپسندیدگی

١ ـ أفضلُ الأعمالِ ما أكرهتَ نَفسَك عليه.

(۱) سب سے افضل عمل وہ ہے جس کے لئے تم نے اپنے نفس کو مجبور کیا ہو۔

٢ ـ [ المؤمنُ ] يَكرَهُ الرِّفعَةَ و يَشنأُ السُّمعَةَ.

(۲) مومن رفعت و بلندی کو ناپسند کرتا ہے اور شہرت کو برا سمجھتا ہے۔

٣ ـ كَفاكَ أدَباً لِنَفسِك اجتنابُ ما تَكرَهُهُ مِن غَيرِك.

(۳) تمہارے نفس کے لئے یہی ادب کافی ہے کہ تم ان اشیاء سے اجتناب کرو جنھیں تم دوسروں کے لئے ناپسند کرتے ہو۔

٤ ـ إنّ رسول الله ﷺ كانَ يَقُول: «إنّ الجَنَّةَ حُفَّت بِالمكارِهِ و إنّ النّارَ حُفَّت بِالشَّهَوات» و اعلَمُوا انَّهُ مامِن طاعةِ اللهِ شيءٌ إلّا يأتي في كُرهٍ و ما مِن مَعصيةِ اللهِ شيءٌ إلّا يأتي في شَهوةٍ.

(۴) رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم فرمایا کرتے تھے "جنت ناپسندیدہ چیزوں سے اور جہنم خواہشات سے بھر دی گئی ہے" اور یہ جان لو کہ ہر اطاعت ناپسندیدگی سے کی جاتی ہے اور ہر معصیت میں خواہش نفسانی ضرور کارفرما ہوتی ہے۔

٥ ـ إحذَر كلَّ عَمَلٍ يَرضاهُ صاحِبُهُ لِـنفسَه و يُكرَهُ لِعامَّةِ المُسلِمين.

(۵) ہر اس کام سے بچو جسے کرنے والا خود اپنے لئے پسند کرتا ہو مگر اور تمام مسلمانوں کے لئے ناپسند۔

٦ ـ إنّ للمَكروه غاياتٍ لابَدَّ أن يَنتَهِيَ إليها، فَيَنبَغي للعاقِلِ أن يَنامَ لها إلى حين انقِضائِها، فإنَّ إعمالَ الحيلَةِ فيها قَبلَ تَصَرُّمِها زِيادَةٌ في مكروهِها.

(۶) بلاشبہ ہر ناپسندیدہ چیز کی انتہاء ہوتی ہے جہاں پہنچ کر اسے ختم ہی ہونا ہے لہذا عاقل کو چاہیے کہ اس کے تمام ہونے تک بے پرواہ رہے کیونکہ ان ناپسندیدہ حالات کے تمام ہونے سے پہلے ہی ان کے لئے کوششیں کرنا ان کی برائی میں اور اضافہ کا سبب بن جاتا ہے۔

٧ ـ تَفَقَّه فِي الدِّينِ وعَوِّد نَفسَكَ الصَّبرَ على المكرُوه.

(۷) دین کو سمجھو اور ناپسند چیزوں پر صبر کر لینے کی عادت ڈالو۔

٨ ـ الوُقُوعُ فى المكـرُوهِ أسهَـلُ مِـن تَـوقُّعِ المكرُوه.

(۸) ناپسند کام میں کود پڑنا اس کے انتظار کرنے سے زیادہ آسان ہے

٩ ـ إذا نَزَلَ بِكَ مَكرُوهٌ فَانظُر، فإن كـانَ لَكَ حِيلَةٌ فلا تَعجَز، و إن لم يَكُن فيه حِـيلةٌ فـلا تَجزَع.

(۹) اگر تم کسی ناپسندیدہ چیز میں مبتلا ہو جاؤ تو غور کرو اور پھر اگر (اس سے گلوخلاصی کی) کوئی صورت نظر آئے تو ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے نہ رہو اور اگر کوئی چارہ کار سجھائی نہ دے تو بے قراری و بے صبری کا مظاہرہ نہ کرو۔

١٠ ـ إيّاكَ و الظلمَ فَمَن ظَلَمَ كَرِهَت أيّامُه.

(۱۰) ظلم سے بچو کیونکہ ظالم کے ایام ناپسندیدہ ہوتے ہیں۔

١١ ـ خُذِ العَفوَ مِن النّاسِ، و لا تُبَلِّغ مِن أحدٍ مَكرُوهَه.

(۱۱) لوگوں کی معذرتیں قبول کرلو اور ان میں سے کسی کی دل آزاری نہ کرو۔

١٢ ـ كُن بِالبلاءِ مَحبوراً و بِالمكارِهِ مَسرُوراً.

(۱۲) بلاؤں کے وقت بہادر اور ناپسندیدہ امور کے وقت خوش رہو۔

١٣ ـ مَكرُوهٌ تُحمَدُ عاقِبَتُهُ خيرٌ مِن محـبوبٍ تَذُمُّ مَغَبَّتُه.

(۱۳) ایسی ناپسندیدہ چیز جس کی عاقبت لائق ستائش ہو اس پسندیدہ شئے سے بہتر ہے جس کی عاقبت مذمت ہو۔

١٤ ـ لا تَـسرَع إلى النّـاسِ مِمّـا يَكـرَهُونَ فَيقُولُونَ فيك ما لا يَعلَمُون.

(۱۴) لوگ جس بات کو ناپسند کرتے ہوں اس میں جلدی نہ کرو کہ ایسی صورت میں وہ تمہارے بارے میں ایسی باتیں کہیں گے جن کا انھیں علم نہ ہوگا۔

١٥ ـ لا تُكرِهُوا سُخطَ مَن يُرضيهِ الباطِل.

(۱۵) ایسے آدمی کے غصہ سے ناراض نہ ہو جسے باطل خوش کرتا ہو۔

١٦ ـ المكارِمُ بِالمكارِه.

(۱۶) عزتیں ناپسندیدہ اشیاء کے ساتھ ہیں۔

١٧ ـ بِالمكارِهِ تُنالُ الجنَّة.

(۱۷) ناپسندیدہ (اور سخت) اشیاء (کے تحمل) سے جنت ملا کرتی ہے۔

# [۱۸۱]
# الكَرَم = کرم

١ ـ الكَرَمُ أعطَفُ مِنَ الرَّحِم.
(۱) کرم، رحم سے زیادہ مہربان ہے۔

٢ ـ مِن أشرَفِ أعمالِ الكَريمِ غَفلَتُهُ عمّا يَعلَم.
(۲) کریم کا سب سے اچھا کام (لوگوں کے) متعلق اپنی معلومات سے غفلت ہے۔

٣ ـ أولىٰ الناسِ بِالكَرَمِ مَن عُرِفَت بِهِ الكِرام.
(۳) کرم کا سب سے زیادہ مستحق وہ ہے جس کے ذریعے کریم پہچانے جائیں۔

٤ ـ لا كَرَمَ كالتَّقوىٰ.
(۴) تقوی جیسا کوئی کرم نہیں۔

٥ ـ قيل : فمَنِ الكَريمُ ؟ قال ﷺ : مَن نَفَعَ العَديم.
(۵) آپ سے پوچھا گیا "کریم کون ہے؟" آپ نے فرمایا "جو نادار کو فائدہ پہنچائے۔"

٦ ـ نِعمَ الخُلُقُ التَكَرُّم.
(۶) بہترین اخلاق اظہار کرم ہے۔

٧ ـ لا تُهِن مَن يُكرِمُك.
(۷) جو تمہاری عزت کرے اس کی اہانت نہ کرو۔

٨ ـ إنَّ مِنَ الكَرَمِ الوَفاءُ بالذِّمَم.
(۸) یقیناً وعدوں کو پورا کرنا بزرگی ہے۔

٩ ـ الكريمُ لا يَقبَلُ علىٰ مَعروفِهِ ثَمَناً.
(۹) کریم اپنی نیکی کی کبھی قیمت نہیں قبول کرتا۔

١٠ ـ إحذَرُوا صَولَةَ الكريمِ إذا جاعَ، وصَولَةَ اللّئيمِ إذا شَبِعَ.
(۱۰) کریم جب بھوکا رہے تو اس کی طاقت و حملہ سے ڈرو اور لئیم سے اس وقت ڈرو جب وہ سیر ہو۔

١١ ـ الكَرَمُ حُسنُ الفِطنَةِ واللُّؤمُ سُوءُ التَغافُل.
(۱۱) کرم ذہانت کی خوبی اور بد بختی غفلت ہے۔

١٢ ـ حُبِّبَ إلَيَّ من دُنياكُم ثلاثة: إكرامُ الضَّيفِ والصَّومُ في الصَّيفِ والضَّربُ في سَبيلِ اللهِ بالسَّيف.
(۱۲) تمہاری دنیا کی تین چیزیں مجھے پسند ہیں: مہمان کی عزت گرمی کے روزے اور راہ خدا میں تلوار چلانا۔

١٣ ـ خَيرُ الأعمالِ ما أعانَ عَلَى المَكارِم.
(۱۳) بہترین کام وہ ہے جو بزرگی کے لئے مدد گار ہو۔

١٤ ـ عَوِّد نَفسَكَ فِعلَ المكارِم وتَحَمُّلَ أعباءِ المَغارِم، تَشرَفْ نَفسُكَ، وتَعمُرْ آخِرَتُك ويَكثُرُ حامِدُوك.

(۱۴) اپنے آپ کو کرم کرنے کا، اور خساروں کی سختیاں برداشت کرنے کا عادی بناؤ تو تمہارا نفس شریف ہو جائے گا، آخرت سنور جائے گی اور تعریف کرنے والے بڑھ جائیں گے۔

١٥ ـ الكريمُ إذا وعَدَ وَفىٰ، وإذا تَوَعَّد عَفا.

(۱۵) کریم جب وعدہ کرتا ہے تو اسے پورا کرتا ہے اور جب دھمکی دیتا ہے تو معاف کر دیتا ہے

١٦ ـ الكريمُ إذا احتاجَ إليكَ أعفَاكَ، وإذا احتَجتَ إليهِ كَفاك.

(۱۶) کریم جب بھی تمہارا محتاج ہوتا ہے تو وہ تم کو معاف کر دیتا ہے اور جب تم اس کے محتاج ہوتے ہو تو تمہاری حاجت کو پورا کرتا ہے۔

١٧ ـ الكريمُ مَن صَانَ عِرضَهُ بِمَالِه، واللَّئيمُ مَن صَانَ مالَهُ بِعِرضِه.

(۱۷) کریم وہ ہے جو اپنی عزت، مال کے ذریعے بچاتا ہے اور لئیم وہ ہے جو اپنا مال اپنی ناموس کے ذریعے بچاتا ہے۔

١٨ ـ الكَريمُ يَعفُو مَعَ القُدرَةِ و يَعدِلُ في الأمرَةِ و يَكُفُّ لِسانَهُ و يُبذِلُ إحسانَه.

(۱۸) کریم توانائی کے باوجود بخش دیتا ہے اور حکومت کے زمانے میں عدل سے کام لیتا ہے، اپنی زبان پر قابو رکھتا ہے اور اپنی نیکیوں کو عام کر دیتا ہے۔

١٩ ـ ظَفَرُ الكِرام عَدلٌ وإحسانٌ.

(۱۹) کریم افراد کی کامیابی عدل واحسان ہے۔

٢٠ ـ عُقُوبَةُ الكِرامِ أحسَنُ مِن عَفوِ اللِّئام.

(۲۰) کریموں کی سزائیں لئیموں کی معافی سے بہتر ہے۔

٢١ ـ لذَّةُ الكِرامِ في الإطعامِ وَلَذَّةُ اللِّئامِ في الطَّعام.

(۲۱) کریم لوگوں کو کھلانے اور لئیموں کو کھانے میں مزہ آتا ہے۔

٢٢ ـ مَن لَم تُصلِحهُ الكَرامَةُ أصلَحَتهُ الإهانَة.

(۲۲) جسے بزرگی اچھا نہ بنا سکی اسے اہانت سدھار دیتی ہے۔

٢٣ ـ مَسَرَّةُ الكِرامِ بَذلُ العَطاءِ، ومَسَرَّةُ اللِّئام سُوءُ الجَزاء.

(۲۳) کریم افراد کو عطا کرنے اور لئیموں کو سزا دینے سے مسرت حاصل ہوتی ہے۔

٢٤ ـ يُستَدَلُّ علىٰ كَرَمِ الرَجُلِ بِحُسنِ بِشرِهِ وَبَذلِ بِرِّه.

(۲۴) انسان کے کرم پر اس کی خوش خلقی اور نیکیوں کو دلیل بنایا جا سکتا ہے۔

٢٥ ـ خَيرُ الكَرَمِ جُودٌ بلا طَلَبِ مُكافَاة.

(۲۵) بہترین کرم بغیر بدلے کے عطا کرنا ہے۔

٢٦ ـ الكريمُ مَن بدأ بِإحسانِه.

(۲۶) کریم وہ ہے جو اپنے احسان سے ظاہر ہو۔

٢٧ ـ المُبادَرَةُ إلى العَفوِ مِن أخلاقِ الكِرام.

(۲۷) معاف کر دینے میں جلدی کرنا کریم لوگوں کا شیوہ ہے۔

۲۸ ـ دَولةُ الكريمِ تُظهِرُ مَناقِبَه.

(۲۸) کریم کی حکومت اس کے فضائل کا اظہار کرتی ہے۔

۲۹ ـ دُوَلُ اللِّئامِ مَذَلَّةُ الكِرام.

(۲۹) لئیموں کی حکومتیں کریموں کے لئے ذلت ہوتی ہیں۔

۳۰ ـ عليكُم في قَضاءِ حوائِجِكُم بِكرامِ الأنفُسِ و الأُصولِ تُنْجَح لكُم عِندَهُم مِن غيرِ مَطالٍ ولا مَنٍّ.

(۳۰) اپنی ضرورتوں کے لئے تمھیں لازم ہے کہ کریم النفس اور بااصول لوگوں سے رجوع کرو کیونکہ ان کے پاس تمہاری ضرورتیں بغیر کسی انتظار و منت و سماجت کے پوری ہو جائیں گی۔

۳۱ ـ ليس مِن شِيَمِ الكِرامِ تَعجيلُ الإنتقام.

(۳۱) کریم لوگوں کی عادت میں انتقام میں جلدی کرنا نہیں ہے۔

۳۲ ـ ليس مِن الكَرَمِ تَنكِيلُ المِنَنِ بالمَنّ.

(۳۲) کرم میں سے نہیں کہ احسان جتانے کا جواب احسان جتا کر دیا جائے۔

۳۳ ـ ما أقبَحَ شِيَمَ اللِّئامِ و أحسَنَ سَجايا الكِرام.

(۳۳) لئیموں کے اطوار کتنے برے ہیں اور کریم افراد کے اخلاق کتنے اچھے ہیں۔

۳٤ ـ مِن أفحَشِ الظُلمِ، ظُلمُ الكِرام.

(۳۴) بدترین اور واضح ترین ظلم، کریم لوگوں پر ظلم کرنا ہے

[ ۱۸۲ ]

# الكفاف = قدر ضرورت

١ ـ مَنِ اقتَصَرَ علىٰ بُلغَةِ الكَفاف فَقدِ انتَظَمَ الرَّاحَةَ، وتَبَوَّأَ خَفضَ الدَّعَة، و الرَغبَةُ مِفتاحُ النَصَبِ، ومَطِيَّةُ التعَب.

(۱) جو ضرورت بھر رزق پر ہی اکتفا کرلیتا ہے وہ راحت وسکون پالیتا ہے اور آرام و آسائش بھی اسے حاصل ہو جاتی ہے کیونکہ (دنیا میں) رغبت بلاؤں اور سختیوں کی کنجی ہے اور یہ رنج و مشقت کی سواری ہے۔

٢ ـ طُوبىٰ لِمَن ذكَرَ المَعادَ، وعَمِلَ لِلحِساب، وقَنِعَ بِالكَفافِ، ورَضِيَ عَن الله.

(۲) خوش حال ہے وہ شخص جس نے آخرت کو یاد رکھا، حساب و کتاب کے لئے عمل کیا، بقدر ضرورت پر قانع رہا اور اللہ سے راضی ر

٣ ـ لا تَسألُوا فيها [ في الدُّنيا ] فَوقَ الكَفافِ، ولا تَطلُبُوا مِنها أكثَرَ مِنَ البَلاغ.

(۳) دنیا سے اپنی ضرورت سے زیادہ نہ مانگو اور اپنی زندگی بھر کے خرچ سے بڑھ کر کسی چیز کا سوال نہ کرو۔

٤ ـ حُسنُ التَّدبِيرِ مَعَ الكَفافِ أكفىٰ لكَ مِنَ الكَثيرِ مَعَ الإسراف.

(۴) ضرورت بھر کے خرچ کے ساتھ حسن تدبیر، تمہارے لئے زیادہ دولت کے ساتھ اسراف سے زیادہ فائدہ مند ہے۔

٥ ـ كُلُّ مُقتَصَرٍ عليه كافٍ.

(۵) جو قناعت کرتا ہے اس کے لئے اس کے پاس موجود اشیاء ہی کافی ہوتی ہیں۔

٦ ـ خَيرُ أموالِكَ ما كَفاك.

(۶) تمہارا بہترین مال وہ ہے جو تمہارے لئے کافی ہو۔

٧ ـ الكَفافُ خَيرٌ مِن الإسراف.

(۷) ضرورت بھر ہونا (زیادہ ہونے کے بعد) اسراف کرنے سے بہتر ہے۔

٨ ـ أنعَمُ الناسِ عِيشَةً مَن تَحَلّىٰ بالعَفافِ، ورَضِيَ بالكَفاف، وتجاوَزَ ما يُخافُ إلى ما لا يُخافُ.

(۸) لوگوں میں سب سے زیادہ آرام دہ زندگی اس کی ہے جو پاکدامنی سے آراستہ ہو، ضرورت بھر سے راضی رہے اور خوف کھانے والی چیزوں سے وہ خوف نہ کھانے والی چیزوں کی طرف بڑھ جائے۔

٩ ـ خُذ مِن قَليلِ الدُّنيا ما يَكفيكَ، وَ دَعْ مِن كَثيرِها ما يُطغِيك.

(۹) اپنی ضرورت بھر رزق دنیا سے لے لو اور اس دنیا کے اس زیادہ مال کو چھوڑ دو جو تمھیں سرکش بنا دے۔

١٠ ـ الناسُ رَجُلان: طالِبٌ لا يَجِدُ، و واجِدٌ لا يكتَفي.

(۱۰) لوگ دو طرح کے ہوتے ہیں: ایک ایسا طالب جو محنت نہیں کرتا اور دوسرا وہ شخص جو سب کچھ رکھتا ہے مگر پھر بھی اکتفا نہیں کرتا۔

١١ ـ قَليلٌ يَكفي خَيرٌ مِن كَثيرٍ يُطغي.

(۱۱) وہ تھوڑی دولت جو ضرورت کے لئے کافی ہو اس زیادہ دولت سے بہتر ہے جو سرکش بنا دے۔

١٢ ـ لَم يَتَحَلَّ بِالقَناعَةِ مَن لَم يَكتَفِ بيَسيرِ ما وُجِد.

(۱۲) وہ قناعت سے آراستہ نہیں ہو سکتا جو تھوڑی چیز پا جانے کے بعد اکتفا نہ کر سکے۔

١٣ ـ مَن اقتَنَعَ بِالكَفافِ أدّاهُ إلى العَفاف.

(۱۳) جو ضرورت بھر سے قناعت کرتا ہے وہ اسی کے ذریعے پاکدامنی تک پہنچ جاتا ہے۔

١٤ ـ مَنِ اكتَفىٰ باليَسيرِ استَغنىٰ عَنِ الكثير.

(۱۴) جو تھوڑے پر اکتفا کر لیتا ہے وہ زیادہ سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔

١٥ ـ يَسيرُ الدُّنيا يَكفي، وكَثيرُها يُردي.

(۱۵) دنیا کا تھوڑا کفایت کرتا ہے اور اس کا زیادہ ہلاک کر دیتا ہے

[ ۱۸۳ ]

# الكُفر = کفر

١ ـ الكُفرُ علىٰ أربَعِ دَعـائِمَ: عـلى التَّـعمُّقِ، والتَّنازُعِ، والزَّيغِ، والشِّقاقِ، فَمَن تَعمَّقَ لم يُنِبْ إلى الحقِّ، وَمَن كَثُرَ نِزاعُهُ بالجَهلِ دامَ عَماهُ عَنِ الحَـقِّ، ومَــن زاغَ سـاءَت عِـندَهُ الحَسَـنَةُ، وحَسُنَتْ عِندَهُ السَّيِّئَةُ، وسَكِرَ سُكْرَ الضَّلالَةِ، ومَن شَاقَّ وَعُرَت عليه طُرُقُه، وأعضَلَ عليه أمرُهُ، وضاقَ عليه مَخرَجُه.

(۱) کفر چار ستونوں پر ٹھہرا ہے :حد درجہ کاوش، تنازعہ، کج روی اور آپسی پھوٹ ۔ لہذا جو اوہام پرستی کے نتیجہ میں حد درجہ کوشش کرتا ہے وہ کبھی حق کی طرف نہیں رجوع کرتا اور جس کا جہالت پر تنازعہ ہمیشگی اختیار کر لیتا ہے اس کا حق سے اندھاپن دائمی ہو جاتا ہے اور جو حق سے منہ موڑ لیتا ہے اس کے نزدیک نیکی ،بدی اور بدی ،نیکی ہو جاتی ہے اور وہ گمراہی کی مستی میں ڈوب جاتا ہے اور جو اختلاف میں مبتلا ہو جاتا ہے اس کے راستے دشوار گزار ، معاملات پیچیدہ اور گلو خلاصی کی راہ تنگ ہو جاتی ہے ۔

٢ ـ غَيرَةُ المَرأَةِ كُفرٌ، وغَيرَةُ الرَّجُلِ إيمانٌ.

(۲) عورت کی غیرت کفر اور مرد کی غیرت ایمان ہے ۔

٣ ـ إيّاكُم وكُفرَ النِّعَمِ، فتَحُلَّ بِكُمُ النِّقَم.

(۳) نعمتوں کے کفران سے بچو کیونکہ اس کے نتیجہ میں تمہارے اوپر بلائیں نازل ہوں گی ۔

٤ ـ لا تَكفُرَنَّ ذا نِعمَةٍ، فإنَّ كُفرَ النِّعمَةِ مِن أَلأَمِ الكُفرِ.

(۴) نعمت عطا کرنے والے کی ناشکری نہ کرو کیونکہ کفران نعمت سب سے زیادہ گھٹیا کفر ہے ۔

٥ ـ الكُفرُ علىٰ أربَـعِ دَعـائِمَ: عـلى الجَـفاءِ، والعَمىٰ، والغَفلَةِ، والشَّكِّ. فَمَن جَفا فقدِ احتَقَرَ الحَقَّ وجَهَرَ بالباطِلِ، و مَقَتَ العُلَماءَ، وأصَرَّ على الحِنْثِ العَظيمِ. ومَن عَمِيَ نَـسِيَ الذِكـرَ واتَّبَعَ الظَّنَّ، وَ طلَبَ المَـغفِرَةَ بِـلا تَـوبَةٍ ولا استِكانَةٍ. ومَن غَفَلَ حادَ عَنِ الرُّشدِ، وغَرَّتهُ الأمانِيُّ، وأخَذَتهُ الحَسرَةُ والنَّدامَة، وبَدا لَهُ

(۵) کفر چار ستونوں پر استوار ہے :جفا، اندھاپن ، غفلت اور شک لہذا جو جفا کرتا ہے وہ حق کو حقیر اور باطل کو عیاں کرتا ہے ،علماء سے دشمنی مول لیتا ہے اور بڑے بڑے گناہوں پر اصرار کرتا ہے اور جو اندھا ہو جاتا ہے وہ ذکر کو بھول جاتا ہے اور گمان کی پیروی کرنے لگتا ہے اور بغیر توبہ و فروتنی کے مغفرت چاہنے لگتا ہے ۔اور جو غفلت اختیار کرتا ہے وہ ہدایت سے دور ہو جاتا ہے ، آرزوئیں اسے میں رکھتی ہیں اور حسرت و ندامت اس کا مقدر بن

مِنَ اللهِ ما لَمْ يكُن يحْتَسِب. وَمَن شَكَّ تعالى الله عليه، فأذَلَّهُ بسُلطانِه، وصَغَّرَهُ بجَلالِه، كما فرَّطَ في أمرِه فاغترَّ بربِّه الكريم.

٦ـ قيل له ﷺ: أيُّ فَقرٍ أشَدُّ؟ قال ﷺ: الكُفرُ بعدَ الإيمان.

٧ ـ الكافِرُ، الدُّنيا جَنَّتُهُ، والعاجِلَةُ هِمَّتُهُ، والمَوتُ شَقاوَتُهُ، والنّارُ غايَتُه.

٨ـ سَبَبُ زَوالِ النِّعَمِ الكُفران.

٩ ـ هَمُّ الكافِرِ لِدُنياه، وسَعيُهُ لِعاجِلَتِه، وغايَتُهُ شَهوَتُه.

١٠ ـ كُفرانُ الإحسانِ يُوجِبُ الحِرمان.

١١ ـ مَنِ استَعانَ بِالنِّعمَةِ على المَعصِيَةِ فَهُو الكَفُور.

١٢ ـ مَن كَفَّرَ حُسنَ الصَّنيعَةِ اِستَوجَبَ قُبحَ القَطيعَة.

١٣ ـ مَن أنعَمَ على الكَفُورِ طالَ غَيظُه.

جاتی ہے اللہ کی طرف سے اس پر ایسی ایسی چیزیں ظاہر ہوتی ہیں جنھیں وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا اور جو (وجود خدا میں) شک کرتا ہو ــــ وہ بہت بزرگ ہے اس بات سے کہ اس میں شک کیا جائے ــــ تو اللہ اسے اسی کی حکومت کے ذریعے ذلیل اور اسی کے رعب و دبدبہ کے ذریعے چھوٹا کر دیتا ہے جس طرح اس نے اپنے کام میں کوتاہی کی تھی اور اپنے کریم پروردگار کے الطاف سے دھوکے میں رہا تھا۔

(۶) آپ سے پوچھا گیا کہ "کون سا فقر سب سے زیادہ شدید ہوتا ہے؟" تو آپ نے فرمایا "ایمان کے بعد کفر۔"

(۷) کافر کی دنیا اس کی جنت اور اس کی محنت و لگن اسی جگہ کے لئے ہوتی ہے موت اس کی بد بختی اور آگ اس کی انتہاء ہوتی ہے۔

(۸) نعمتوں کے زوال کا سبب کفران نعمت ہے۔

(۹) کافر کی ساری لگن اپنی دنیا کے لئے ہوتی ہے اور اس کی ساری کاوش بھی اسی جگہ کے لئے وقف ہوتی ہے اور اس کا مقصد اپنی خواہشات (کی تکمیل) ہوتا ہے۔

(۱۰) احسان کا انکار محرومی کا باعث ہوتا ہے۔

(۱۱) جو نعمت کو معصیت کے لئے ذریعہ بناتا ہے وہ بہت ہی ناشکرا ہے۔

(۱۲) جو نیکی کی خوبی سے انکار کرتا ہے وہ قطع تعلقات کی برائی کے لائق ہوتا ہے۔

(۱۳) جو ناشکرے کو نعمتیں عطا کرتا ہے اس کا غم و غصہ طویل ہو جاتا ہے۔

[ ١٨٤ ]

# الكَلام = کلام

١ ـ تكَلَّموا تُعرَفوا، فإنَّ المَرءَ مَخبُوءٌ تَحتَ لِسانِه.

(۱) بات کرو کہ پہچانے جاؤگے کیونکہ انسان اپنی زبان کے نیچے چھپا رہتا ہے۔

٢ ـ رُبَّ قَولٍ أنفَذُ مِن صَولٍ.

(۲) بہت سی باتیں بہت سے حملوں سے زیادہ موثر ہوتی ہیں۔

٣ ـ مَن عَلِمَ أنَّ كلامَهُ مِن عَمَلِه قَلَّ كلامُهُ إلّا فيما يَعنِيه.

(۳) جو یہ جان لے گا کہ اس کی باتیں اس کے اعمال میں سے ہیں تو وہ فائدہ مند باتوں کے علاوہ اپنے کلام کو کم کر دے گا۔

٤ ـ لا تَقُل ما لا تَعلَمُ، بَل لا تَقُل كلَّ ما تَعلَمُ، فإنَّ الله فَرَضَ على جَوارِحِك كلِّها فَرائِضَ يَحتَجُّ بها عليك يَومَ القِيامَة.

(۴) جو نہیں جانتے وہ نہ کہو بلکہ جتنا جانتے ہو وہ سب کچھ بھی نہ کہہ ڈالو کیونکہ یقیناً خداوند عالم نے تمہارے تمام اعضاء و جوارح پر کچھ ایسے فرائض واجب کر دیئے ہیں جن کے ذریعہ روز قیامت تمہارے خلاف حجت قرار دی جائے گی۔

٥ ـ مَن كَثُرَ كَلامُهُ كَثُرَ خَطَؤُهُ، ومَن كَثُرَ خَطَؤُهُ قَلَّ حَياؤُهُ، ومَن قَلَّ حَياؤُهُ قَلَّ وَرَعُه، ومَن قَلَّ وَرَعُهُ ماتَ قَلبُه، ومَن ماتَ قَلبُهُ دَخَلَ النّار.

(۵) جس کی باتیں بڑھ جاتی ہیں اس کی غلطیاں بھی بڑھ جاتی ہیں اور جس کی غلطیاں بڑھ جاتی ہیں اس کی حیا کم ہو جاتی اور جس کی شرم و حیا کم ہو جاتی ہے اس کا تقویٰ بھی کم ہو جاتا ہے اور جس کا تقویٰ کم ہو جاتا ہے اس کا دل مردہ ہو جاتا ہے اور مردہ دل رکھنے والا واصل جہنم ہوتا ہے۔

٦ ـ إذا تَمَّ العَقلُ نَقَصَ الكَلام.

(۶) جب عقل کامل ہو جاتی ہے تو باتیں کم ہو جاتی ہیں۔

٧ ـ الكَلامُ في وَثاقِكَ ما لَم تَتَكَلَّم بِه، فإذا تَكَلَّمتَ بِهِ صِرتَ في وَثاقِه، فاخزُن لِسانَكَ كما تَخزُنُ ذهَبَكَ و وَرِقَك، فَرُبَّ كَلِمَةٍ سَلَبَت نِعمَةً، وجَلَبَت نِقمَةً.

(۷) کلام تمہارے بات کرنے سے پہلے تک تمہارے قبضے میں رہتا ہے مگر جب بول پڑتے ہو تو تم اس کے قبضے میں چلے جاتے ہو لہذا اپنے کلام کی اسی طرح حفاظت کرو جس طرح تم اپنے سونے چاندی کی حفاظت کرتے ہو کیونکہ بہت سی ایسی باتیں ہیں جو نعمت کو سلب کرکے عذاب لے آتی ہیں۔

٨ ـ مَن أكثَرَ أهجَرَ، وَمَن تَفكَّرَ أبصَرَ.

(۸) جو حد درجہ باتونی ہوتا ہے وہ بکواس کرتا ہے اور جو غور و فکر کرتا ہے وہ صاحب بصیرت ہو جاتا ہے۔

٩ ـ مَن حَسُنَ كَلامُهُ كانَتِ الهَيبَةُ أمامَه.

(۹) جس کی باتیں دلکش ہوں گی (لوگوں پر) ہیبت و بزرگی اس کے سامنے ہو گی۔

١٠ ـ خَيرُ المَقالِ ما صدَّقَهُ الفَعالُ.

(۱۰) بہترین قول وہ ہے جس کی تصدیق افعال کر دیں۔

١١ ـ لا تَنظُر إلى مَن قالَ، وانظُر إلى ما قَالَ.

(۱۱) یہ نہ دیکھو کس نے کہا بلکہ یہ دیکھو کہ کیا کہا۔

١٢ ـ إنَّ اللهَ عزَّوجلَّ جَعَلَ صُورَةَ المَرأَةِ في وَجهِها، وصُورَةَ الرَّجُلِ في مَنطِقِه.

(۱۲) اللہ تعالی نے عورتوں کا حسن چہروں میں اور مردوں کا حسن ان کی باتوں میں قرار دیا۔

١٣ ـ كَم مِن نَظرَةٍ جَلَبَت حَسرَةً، وكَم مِن كَلِمَةٍ سلَبَت نِعمَةً.

(۱۳) کتنی ایسی نظریں ہیں جو حسرت کا سبب بن گئیں اور کتنے ایسے کلمات ہیں جنھوں نے نعمت کو سلب کر لیا۔

١٤ ـ كلُّ قَولٍ لَيسَ للهِ فيه ذِكرٌ فَلَغوٌ.

(۱۴) ہر وہ بات جس میں ذکر خدا نہیں لغو ہے۔

١٥ ـ الفَصاحَةُ زِينَةُ الكَلام.

(۱۵) فصاحت، کلام کی زینت ہے۔

١٦ ـ إذا سَمِعتَ الكَلِمَةَ تُؤذِيكَ فَطَأطِئْ لَها فإنّها تَتخطّاك.

(۱۶) اگر تم نے کوئی ایسی بات سنی جس سے تمھیں تکلیف پہنچ رہی ہو تو تھوڑا جھک جاؤ کہ ایسی صورت میں وہ آگے بڑھ جائے گی۔

١٧ ـ إحسَبوا كلامَكُم مِن أعمالِكُم، وأَقِلّوهُ إلّا في الخَيرِ.

(۱۷) اپنی باتوں کو اپنے اعمال میں شمار کرو اور اچھے کاموں کے علاوہ ہر چیز کے لئے اس میں کمی کرو۔

١٨ ـ الكَلِمَةُ إذا خرَجَتْ مِنَ القَلبِ وقَعَتْ في القَلبِ، وإذا خرَجَتْ مِنَ اللِّسانِ لَم تُجاوِزِ الآذان.

(۱۸) وہ بات جو دل سے نکلتی ہے دل میں جا کر ہی ٹھہرتی ہے اور اگر یہ بات صرف زبان سے نکلی ہو گی تو کانوں سے آگے نہ بڑھ پائے گی۔

١٩ ـ رُبَّ حَربٍ أُحيِيَت بِلَفظَةٍ، ورُبَّ وُدٍّ غُرِسَ بلَحظَةٍ.

(۱۹) بہت سی جنگیں ایک لفظ میں بھڑک اٹھیں اور بہت سے محبت کے پودے ایک ہی نظر میں لگ گئے۔

٢٠ ـ قِلَّةُ الكَلامِ تَستُرُ العُيوبَ، وتُقَلِّلُ الذُّنوب.

(۲۰) کم بات عیبوں کو چھپا دیتی ہے اور گناہوں کو کم کر دیتی ہے

٢١ ـ أحسَنُ الكَلامِ ما زانَهُ حُسنُ النِّظامِ، وفَهِمَهُ الخاصُّ والعامّ.

(۲۱) بہترین کلام وہ ہے جسے حسن نظام زینت بخشے اور خاص و عام ہر کوئی اسے سمجھ جائے۔

٢٢ ـ لا يَزالُ المُسلِمُ يُكتَبُ مُحسِناً مادامَ ساكِتاً، فإذا تكلّم كُتِبَ مُحسِناً أو مُسيئاً.

(۲۲) مسلمان جب تک خاموش رہتا ہے نیکو کار لکھا جاتا ہے مگر جب بول دیتا ہے تو کلام کے لحاظ سے نیک یا بد محسوب ہوتا ہے۔

٢٣ ـ القَولُ بالحَقِّ خَيرٌ مِنَ العَيِّ والصَّمت.

(۲۳) حق کہنا گونگے پن اور خاموشی سے بہتر ہے۔

٢٤ ـ التَّثَبُّتُ في القَولِ يُؤمِنُ العِثارَ و الزَّلَل.

(۲۴) باتوں میں ٹھہراؤ اور استحکام لغزشوں اور ہلاکتوں سے بچائے رکھتا ہے۔

٢٥ ـ العاقِلُ لا يتكَلَّمُ إلّا لِحاجَتِهِ أو لِحُجَّتِه، ولا يَشتَغِلُ إلّا بِصَلاحِ آخِرَته.

(۲۵) عاقل صرف اپنی ضرورت یا اپنے دلائل کے لئے بولتا ہے اور صرف اپنی آخرت کی اصلاح میں جٹا رہتا ہے۔

٢٦ ـ إيّاكَ وكَثرَةَ الكَلامِ، فإنَّهُ يُكثِرُ الزَّلَلَ، ويُورِثُ المَلَل.

(۲۶) کثرت کلام سے دور رہو کیونکہ یہ لغزشوں کو زیادہ کرتا ہے اور رنج و ملال کا باعث بن جاتا ہے۔

٢٧ ـ أقلِلِ الكَلامَ تَأمَنِ المَلام.

(۲۷) باتیں کم کرو ملامتوں سے بچے رہوگے۔

٢٨ ـ الكَلامُ كالدَّواءِ، قَليلُهُ يَنفَعُ، وكَثيرُهُ يُهلِك.

(۲۸) کلام اس دوا کی طرح ہوتا ہے جس کا تھوڑا فائدہ مند اور زیادہ ہلاکت خیز ہوتا ہے۔

٢٩ ـ العَقلُ أن تَقولَ ما تَعرِفُ، وتَعمَلَ بما تَنطِقُ به.

(۲۹) عقل مندی یہ ہے کہ تم وہ کہو جو جانتے ہو اور جو کہو اس پر عمل کرو۔

٣٠ ـ آفَةُ الكَلامِ الإطالَة.

(۳۰) کلام کی آفت اسے طولانی کرنا ہے۔

٣١ ـ أحسَنُ الكَلامِ ما لا تَمُجُّهُ الآذانُ، ولا يُتعِبُ فَهمُهُ الأفهام.

(۳۱) بہترین کلام وہ ہے جو کانوں کو برا نہ لگے اور نہ ہی اسے سمجھنے میں کوئی دقت پیش آئے۔

٣٢ ـ أخسَرُ النّاسِ مَن قَدَرَ على أن يَقولَ الحَقَّ فلَم يَقُل.

(۳۲) سب سے زیادہ گھاٹے میں وہ شخص ہے جو حق کہنے پر قادر ہو مگر پھر بھی حق نہ کہہ سکے۔

٣٣ ـ إيّاكَ أن تَذكُرَ مِنَ الكَلامِ مُضحِكاً، وإن حَكَيتَهُ عَن غَيرِك.

(۳۳) مضحک کلام نقل کرنے سے بچو بھلے ہی تم اسے دوسروں سے نقل کر رہے ہو۔

٣٤ ـ إيّاكَ وَما يُستَهجَنُ مِنَ الكَـلامِ، فـإنَّهُ يَحبِسُ عَلَيكَ اللِّئامَ، ويُنَفِّرُ عَنكَ الكِرام.

(۳۴) بری باتوں سے بچو کہ یہ تمھیں لئیموں سے قریب کر کے کریم لوگوں سے متنفر کر دیں گی ۔

٣٥ ـ رُبَّ نُطقٍ أحسَنُ مِنهُ الصَّمت.

(۳۵) بہت سی باتوں سے خاموشی بہتر ہوتی ہے ۔

٣٦ ـ رُبَّ حَرفٍ جَلَبَ حَتفاً.

(۳۶) بہت سے الفاظ موت لے آتے ہیں ۔

٣٧ ـ رُبَّ كَلامٍ كالحُسام.

(۳۷) بہت سی باتیں تلوار کی طرح ہوتی ہیں ۔

٣٨ ـ خَيرُ الكَلامِ ما لا يُمِلُّ ولا يُقِلّ.

(۳۸) بہترین کلام وہ ہے جس سے طبیعت نہ اوبے اور جو مختصر ہو ۔

٣٩ ـ جَميلُ القَولِ دَليلُ وُفُورِ العَقل.

(۳۹) حسن کلام حد درجہ عقل مندی کی دلیل ہے ۔

٤٠ ـ إذا تَكلَّمتَ بِكَلمةٍ مَلَكَتكَ و إن سَكَتَّ عَنها مَلَكتَها.

(۴۰) جب تم کوئی بات کہتے ہو تو وہ تمھاری مالک بن جاتی ہے اور اگر تم خاموش رہتے ہو تو تم اس بات کے مالک ہوتے ہو ۔

٤١ ـ شَرُّ القَولِ ما نَقَضَ بَعضُهُ بَعضاً.

(۴۱) بدترین قول وہ ہے جس کا بعض حصہ بعض حصوں کے خلاف ہو ۔

٤٢ ـ سُنَّةُ الأخيارِ لِينُ الكَلامِ، وإفشاءُ السَّلام.

(۴۲) نیک لوگوں کی روش، کلام کی نرمی اور سلام کرنا ہے ۔

٤٣ ـ مَن قَلَّ كَلامُهُ بَطَنَ عَيبُه.

(۴۳) جس کی باتیں کم ہو جاتی ہیں اس کے عیوب چھپ جاتے ہیں

٤٤ ـ مَن قَلَّ كلامُهُ قَلَّت آثامُه.

(۴۴) جس کی باتیں کم ہو جاتی ہیں اس کے گناہ کم ہو جاتے ہیں ۔

٤٥ ـ يُستَدَلُّ عليٰ عَقلِ الرَجُلِ بِحُسنِ مَقالِه، وَعَليٰ طَهارَةِ أصلِهِ بِجَميلِ أفعالِه.

(۴۵) انسان کی عقل پر اس کے حسن کلام کو اور اس کی اصلیت کی پاکیزگی پر اس کے اچھے کاموں سے استدلال کیا جاتا ہے ۔

٤٦ ـ لا يَتَّقِي الشَّرَّ مِن فِعلِهِ إلّا مَن يَتَّقِيهِ في قَولِه.

(۴۶) اپنے کاموں میں برائی سے صرف وہی بچ سکتا ہے جو اپنی باتوں میں (بھی) برائی سے پرہیز کرے ۔

٤٧ ـ جُمِعَ الخَيرُ كُلُّهُ في ثَلاثِ خِصال: النظرُ و السكوتُ و الكلام.

(۴۷) تمام نیکیاں تین خصلتوں میں اکٹھا کر دی گئی ہیں: غور و فکر، سکوت اور (صحیح جگہ پر) کلام ۔

[ ۱۸۵ ]

# اللّجاج = ہٹ دھرمی

١ ـ اللَّجاجَةُ تَسُلُّ الرَّأيَ.
(۱) ہٹ دھرمی رائے کو تباہ کر دیتی ہے۔

٢ ـ إيّاكَ وأن تَجمَحَ بكَ مَطِيَّةُ اللَّجاجِ.
(۲) اپنے اطراف ہٹ دھرمی کی سواریوں کے اجتماع سے دور رہو

٣ ـ لا تُلاجَّ الغَضبانَ، فإنَّكَ تُقلِقُهُ بِـاللَّجاجِ، ولا تَرُدُّهُ إلى الصَّواب.
(۳) غصہ میں آئے ہوئے شخص کے ساتھ ہٹ دھرمی نہ کرو کیونکہ تم ہٹ دھرمی کے ذریعہ اسے اور زیادہ غصہ دلاؤ گے اور اس کے ذریعے تم اسے راہ راست کی طرف نہیں لا سکتے۔

٤ ـ أعسَرُ العُيوبِ صَلاحاً: العُجبُ، و اللَّجاجَة.
(۴) صلاح و بھلائی کے لئے سب سے زیادہ تنگ عیب خود پسندی او ہٹ دھرمی ہے۔

٥ ـ اللَّجاجُ آفَةُ العَقل.
(۵) ہٹ دھرمی عقل کی آفت ہے۔

٦ ـ اللَّجاجُ أكبَرُ الأشياءِ مَضَرَّةً فِي العاجِلِ والآجِل.
(۶) ہٹ دھرمی دنیا و آخرت میں سب سے زیادہ نقصان دہ شئے ہے

٧ ـ اللَّجاجُ يُنتِجُ الحُرُوبَ، ويُوغِرُ القُلُوب.
(۷) ہٹ دھرمی جنگوں کا سبب بنتی ہے اور دلوں کو جلا ڈالتی ہے

٨ ـ اللَّجاجُ يَكبُو بِراكِبِه و يَنبُوا بِصاحِبِه.
(۸) ہٹ دھرمی اپنے سوار کو پھینک کر اوندھے منہ گرا دیتی ہے

٩ ـ اللَّجاجَةُ تورِثُ ما لَيسَ للمَرءِ إليه حاجَة.
(۹) ہٹ دھرمی انسان کو ایسی چیزوں کے لئے آمادہ کر دیتی ہے جن کی اسے چنداں ضرورت نہیں ہوتی۔

١٠ ـ خَيرُ الأخلاقِ أبعَدُها مِن اللَّجاج.
(۱۰) بہترین اخلاق وہ ہے جو ہٹ دھرمی سے سب سے زیادہ دور ہو

١١ ـ راكِبُ اللَّجاجِ مُتَعَرِّضٌ للبَلاء.
(۱۱) ہٹ دھرمی کا سوار معرض بلا میں ہوتا ہے۔

١٢ ـ لا مَركَبَ أجمَحَ مِن اللَّجاج.
(۱۲) ہٹ دھرمی سے زیادہ سرکش کوئی سواری نہیں۔

١٣ ـ ليسَ لِلَجُوجٍ تَدبيرٌ.
(۱۳) ہٹ دھرم کے لئے کوئی تدبیر نہیں۔

[١٨٦]

# اللِّسان = زبان

١ ـ لا تَجعَلَنَّ ذَرَبَ لِسانِكَ عَلى مَن أنطَقَكَ، وبَلاغَةَ قَولِكَ علىٰ مَن سَدَّدَك.

(۱) اپنی زبان کی تیزی اس کے لئے ہر گز قرار نہ دینا جس نے تمھیں گویائی عطا کی اور نہ ہی اپنے کلام کی بلاغت اس آدمی کے خلاف مخصوص کرنا جس نے تمہیں استحکام بخشا ہو۔

٢ ـ إنّما الأجرُ في القَولِ باللِّسانِ والعَمَلُ بالأيدِي والأقدام.

(۲) اجر زبان سے کہنے اور ہاتھ پیر سے عمل بجالانے میں ہے۔

٣ ـ أوضَعُ العِلمِ ما وُقِفَ على اللِّسان و أرفَعُهُ ما ظَهَرَ في الجَوارِحِ و الأركان.

(۳) پست ترین علم وہ ہے جو زبان پر ہی رہے اور بلند ترین علم وہ ہے جو اعضاء و جوارح سے ظاہر ہو۔

٤ ـ المَرءُ مَخبُوءٌ تَحتَ لِسانِه.

(۴) آدمی اپنی زبان کے نیچے چھپا ہوا ہوتا ہے۔

٥ ـ قَلبُ الأحمَقِ في فِيه، وَلِسانُ العاقِلِ في قَلبِه.

(۵) احمق کا دل اس کی منہ میں ہوتا ہے اور عاقل کی زبان اس کے قلب میں۔

٦ ـ لِسانُ العاقِلِ وَراءَ قَلبِهِ، وقَلبُ الأحمَقِ وَراءَ لِسانِه.

(۶) عاقل کی زبان اس کے دل کے پیچھے اور احمق کا دل اس کی زبان کے پیچھے ہوتا ہے۔

٧ ـ اللِّسانُ سَبُعٌ إن خُلِّيَ عَنهُ عَقَرَ.

(۷) زبان ایسا درندہ ہے کہ اگر اسے چھوڑ دیا جائے تو چبا جائے گا

٨ ـ ألا و إنّ اللِّسانَ بَضعَةٌ مِنَ الإنسانِ، فلا يُسعِدُهُ القَولُ إذا امتَنَعَ، ولا يُمهِلُهُ النُّطقُ إذا اتَّسَع.

(۸) آگاہ ہو جاؤ کہ زبان بھی انسان ہی کا ایک جزء ہے لہذا جب وہ منع کر دے تو بات اسے کامیاب نہیں کر سکتی اور جب وہ وسیع ہو جاتی ہے تو پھر بات اسے مہلت نہیں دیتی۔

٩ ـ اللهَ اللهَ في الجِهاد بأموالِكُم، وأنفُسِكُم، وألسِنَتِكُم في سَبيلِ الله.

(۹) اللہ اللہ (کیا مرتبہ ہے) اللہ کی راہ میں اپنے مال، نفوس اور زبانوں کے ذریعہ جہاد میں۔

١٠ ـ ألا وإنّ اللِّسانَ الصّالِحَ يَجعَلُهُ اللهُ تعالى للمَرءِ في الناسِ خَيرٌ له مِن المالِ يُورِثُهُ مَن لا يَحمَدُه.

(۱۰) آگاہ ہو جاؤ، لوگوں کے متعلق وہ صالح زبان جسے اللہ نے کسی بندے کو عطا کیا ہے اس دولت سے بہتر ہے جس کا وارث کوئی ایسا بنے جو اس کی تعریف نہ کرتا ہو۔

١١ ـ مَن غَلَبَ لِسانَهُ أمَّرَهُ قومُه.

(۱۱) جو اپنی زبان پر قابو پالیتا ہے اسے اس کی قوم سردار بنالیتی ہے۔

١٢ ـ ما أضمرَ أحَدٌ شَيئاً إلّا ظَهَرَ في فَلَتاتِ لِسانِهِ و صَفَحاتِ وَجهِه.

(۱۲) جو شخص بھی کوئی بات (دل میں) چھپاتا ہے وہ اس کی زبان کی لغزشوں اور چہرے (کے اتار چڑھاؤ) سے ظاہر ہو جاتی ہے۔

١٣ ـ قَلَّ ما يُنصِفُكَ اللِّسانُ في نَشرِ قَبيحٍ أو إحسانٍ.

(۱۳) بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ زبان تمہارے ساتھ کسی برائی یا اچھائی کے پھیلانے میں انصاف کرے۔

١٤ ـ هانَت عليه نَفسُهُ مَن أمَّرَ عليها لِسانَه.

(۱۴) اس آدمی کے نزدیک اپنا نفس بے اہمیت ہو جاتا ہے جو اس پر زبان کو سردار بنا دیتا ہے۔

١٥ ـ لِسانُ الإنسانِ سَيفٌ يَخطِرُ على جَوارِحِه.

(۱۵) انسان کی زبان ایک ایسی تلوار ہے جو اس کے اعضاء و جوارح پر پڑتی ہے۔

١٦ ـ لِسانُ المَرءِ مِن خَدَمِ عَقلِه.

(۱۶) انسان کی زبان اس کی عقل کے خادموں میں سے ہے۔

١٧ ـ لِسانُكَ يَقتَضِيكَ ما عوَّدتَه.

(۱۷) تمہاری زبان تم سے وہی چاہے گی جس کی تم نے اسے عادت ڈالی ہو گی۔

١٨ ـ راحَةُ الإنسانِ في حِفظِ اللِّسان.

(۱۸) انسان کی راحت اپنی زبان کی حفاظت میں ہے۔

١٩ ـ مَن عَذُبَ لِسانَهُ كَثُرَ إخوانُه.

(۱۹) جس کی زبان شیریں ہو جاتی ہے اس کے دوست بڑھ جاتے ہیں۔

٢٠ ـ الإحسانُ يَقطَعُ اللِّسان.

(۲۰) احسان، (بدگو کی) زبان کاٹ دیتا ہے۔

٢١ ـ إحفَظ لِسانَكَ، فإنّ الكَلِمَةَ أسيرَةٌ في وَثاقِ الرَجُلِ فإن أطلَقَها صارَ أسيراً في وَثاقِها.

(۲۱) اپنی زبان کی حفاظت کرو کیونکہ الفاظ انسان کے پاس مقید رہتے ہیں اگر وہ انہیں رہا کر دیتا ہے تو وہ خود ان کا اسیر ہو جاتا ہے

٢٢ ـ المَرءُ يَعثَرُ بِرجلِه فيَبرأ، ويَعثَرُ بِلسانِهِ فيُقطَعُ رأسُهُ ولِسانُه.

(۲۲) انسان کے قدم بہکتے ہیں تو وہ غلطی سے (کسی نہ کسی طرح نجات پا جاتا ہے) مگر یہی انسان جب اپنی زبان کے ذریعے غلطی کر بیٹھتا ہے تو اس کا سر اور زبان کاٹ لی جاتی ہے۔

٢٣ ـ أشَدُّ الناسِ بَلاءً وأعظَمُهُم عَناءً مَن بُلِيَ بِلسانٍ مُطلَقٍ، وَقَلبٍ مُطبَقٍ، فهو لا يُحمَدُ إن سكَتَ، ولا يُحسِنُ إن نَطَق.

(۲۳) شدید ترین بلا اور عظیم مشقت میں وہ شخص ہے جو بے لگام زبان اور معلق دل میں مبتلا کر دیا گیا ہو اگر وہ خاموش رہے تو قابل تعریف نہیں اور اگر کچھ بولے تب بھی کوئی اچھائی نہیں کرتا۔

٢٤ ـ لو رَأَيتَ ما في مِيزَانِكَ لَخَتَمتَ علىٰ لِسانِك.
(۲۴) اگر تم دیکھ لو کہ تمہاری میزان میں کیا ہے تو یقیناً اپنی زبان پر مہر لگالوگے۔

٢٥ ـ ما شيءٌ أحَقّ بِطولِ سِجنٍ مِن لِسان.
(۲۵) لمبی قید کی، زبان سے زیادہ کوئی اور شئے مستحق نہیں ہے۔

٢٦ ـ مَن حَفِظَ لِسانَهُ سَتَرَ اللهُ عَورَتَه.
(۲۶) جو اپنی زبان کی حفاظت کرتا ہے اللہ اس کی شرمگاہ (عیوب) کو پوشیدہ رکھتا ہے۔

٢٧ ـ الخَطُّ لِسانُ اليَدِ واللِّسانُ تَرجُمَانُ العَقل.
(۲۷) خط ہاتھ کی زبان ہے اور زبان عقل کی ترجمان ہے۔

٢٨ ـ مَقتَلُ الرَجُلِ بَينَ لَحيَيه.
(۲۸) انسان کا مقتل اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے (زبان کے بارے میں کنایہ ہے)

٢٩ ـ ثَلاثٌ مُنجِياتٌ: تَكُفُّ لِسانَك، وتَبكي على خَطِيئَتِك، وَيَسَعُكَ بيتُك.
(۲۹) تین چیزیں نجات دہندہ ہیں: اپنی زبان پر قابو رکھنا، اپنی غلطیوں پر رونا اور اپنا گھر اپنے لئے کافی ہونا۔

٣٠ ـ الحِكمَةُ شَجَرَةٌ، تَنبُتُ في القَلبِ، وتُثمِرُ على اللِّسان.
(۳۰) حکمت ایک ایسا پودا ہے جو دل میں اگتا ہے اور زبان پر پھل دیتا ہے۔

٣١ ـ اللِّسانُ مِيزانُ الإنسان.
(۳۱) زبان انسان کی میزان ہے۔

٣٢ ـ أَلأَلسُنُ تُتَرجِمُ عمّا تُجِنُّهُ الضَّمائِر.
(۳۲) زبان ان باتوں کی ترجمانی کرتی ہے جنھیں ضمیر چھپائے رکھتے ہیں۔

٣٣ ـ آيَةُ البَلاغَةِ قَلبٌ عَقُولٌ ولِسانٌ قائِل.
(۳۳) بلاغت کی نشانی دانشمند دل اور بولنے والی زبان ہے۔

٣٤ ـ اللِّسانُ مِعيارٌ، أرجَحَهُ العَقلُ، وأطاشَهُ الجَهل.
(۳۴) زبان ایک ایسا ترازو ہے جس کے پلڑے کو عقل بھاری کرتی ہے اور جہالت ہلکا کر دیتی ہے۔

٣٥ ـ أُخزُن لِسانَكَ كما تَخزُنُ ذهَبَكَ و وَرَقَك.
(۳۵) اپنی زبان کو اسی طرح محفوظ رکھو جس طرح تم اپنے سونے چاندی کو جمع رکھتے ہو۔

٣٦ ـ إحذَرُوا اللِّسانَ، فإنّه سَهمٌ يُخطِي.
(۳۶) زبان سے ڈرو کیونکہ یہ ایسا تیر ہے جو نشانہ خطا کرتا ہے۔

٣٧ ـ أصدَقُ المَقالِ ما نَطَقَ به لِسانُ الحال.
(۳۷) بہترین بات وہ ہے جسے زبان حال کہے۔

٣٨ ـ بَلاءُ الإنسانِ في لِسانِه.
(۳۸) انسان کی بلا اس کی زبان میں ہے۔

٣٩ ـ حَدُّ اللِّسانِ أمضىٰ مِن حَدِّ السِّنان.
(۳۹) زبان کی دھار نیزوں کی انیوں سے زیادہ دھار دار ہوتی ہے۔

٤٠ ـ زَلَّةُ اللِّسانِ أَنْكىٰ مِن إصابَةِ السِّنان.

(۴۰) زبان کی غلطی نیزوں کی ضربتوں سے زیادہ اذیت ناک ہوتی ہے۔

٤١ ـ صَلاحُ الإنسانِ في حُسنِ اللِّسانِ وبَذلِ الإحسان.

(۴۱) انسان کی بھلائی زبان کی خوبی اور احسان کرنے میں ہے۔

٤٢ ـ كم مِن إنسانٍ أهلَكَهُ لِسانٌ.

(۴۲) کتنے ایسے انسان ہیں جنھیں ان کی زبانوں نے ہلاک کر دیا۔

٤٣ ـ لِسانَك إن أَسكَتَّهُ أنجاكَ، و إن أَطلَقتَهُ أَردَاك.

(۴۳) تمہاری زبان ایسی ہے کہ اگر تم اسے خاموش رکھوگے تو تمھیں نجات دے گی اور اگر آزاد چھوڑ دوگے تو تمھیں ہلاک کر دے گی۔

٤٤ ـ يُستَدَلُّ علىٰ عَقلِ كلّ امرِىءٍ بما يَجرِي على لِسانِه.

(۴۴) ہر آدمی کی عقل پر، اس کی زبان پر جاری ہونے والی باتوں کے ذریعے استدلال کیا جاسکتا ہے۔

[ ۱۸۷ ]

# اللِّین = نرمی

١ ـ المؤمِنُ بِشرُهُ في وَجهِهِ و حُزنُهُ في قَلبِه... سَهلُ الخَلِيقَةِ لَيِّنُ العَريكة.

(۱) مومن کی خوشی اس کے چہرے پر اور اس کا غم اس کے دل میں ہوتا ہے ---اس اخلاق نرم اور طبیعت گداز ہوتی ہے۔

٢ ـ [ المُتقي ] دُنُوُّهُ مِمن دَنا مِنه لِينٌ و رَحمة.

(۲) مومن کی اپنے سے قریب ہونے والوں سے قربت، نرمی و رحمت کے ساتھ ہوتی ہے۔

٣ ـ مَن لانَ عُودُهُ كَثُفَت أغصانُه.

(۳) جس کا تنا نرم ہوتا ہے اس کی شاخیں موٹی ہو جاتی ہیں۔

٤ ـ مَن تَلِنْ حاشِيَتُهُ يَستَدِم مِن قَومِهِ المَوَدَّة.

(۴) جس کے حواشی نرم مزاج ہوں گے اس کی محبت اس کی قوم میں دائمی رہے گی۔

٥ ـ لِن لِمَن خالَطَك، فإنّه يُوشِكُ أن يَلينَ لك.

(۵) جو تم سے ملے اس کے ساتھ نرمی کرو کہ قریب ہے کہ وہ بھی تمہارے ساتھ نرمی سے پیش آئے۔

٦ ـ مَن لانَت كَلِمَتُهُ وَجَبَت مَحبَّتُه.

(۶) جس کی باتیں نرم ہو گئیں (لوگوں پر) اس کی محبت واجب ہو جاتی ہے۔

٧ ـ إنّ أهلَ الجَنَّةِ كلُّ مؤمِنٍ هَيِّنٍ لَيِّن.

(۷) یقیناً اہل جنت ہر سبک مزاج و نرم خو مومن ہو گا۔

٨ ـ بِلِينِ الجانِبِ تَأنَسُ النُفُوس.

(۸) دل کی نرمی نفوس کو مانوس کرتی ہے۔

٩ ـ أشرفُ الخلايِقِ التواضُعُ والحِلمُ ولِينُ الجانِب.

(۹) بہترین اخلاق تواضع، حلم اور نرم دلی ہے۔

١٠ ـ سُنَّةُ الأخيارِ لِينُ الكلامِ وإفشاءُ السَّلام.

(۱۰) نیکو کاروں کی روش نرم بات اور سلام کرنا ہے۔

١١ ـ إنّ مِن العبادةِ لِينُ الكلامِ وافشاءُ السَّلام.

(۱۱) یقیناً نرم کلام اور سلام کرنا عبادت ہے۔

١٢ ـ لا تُصَعِّرَنَّ خَدَّكَ ولايِن جانِبَك و تَواضَع للهِ سبحانه الّذي رَفَعَك.

(۱۲) اپنی تیوری نہ چڑھاؤ بلکہ اپنے دل کو نرم رکھو اور اس اللہ کے لئے تواضع کرو جس نے تمھیں بلند کیا۔

١٣ ـ كُن لَيِّناً مِن غَيرِ ضَعفٍ، شَدِيداً مِن غَيرِ عُنف.

(۱۳) نرم بنو مگر کمزوری کی حد تک نہیں اور طاقتور بنو مگر نفرت و سختی کے ساتھ نہیں۔

## [ ۱۸۸ ]

# المال = مال

١ ـ المالُ مادَّةُ الشَّهَوات.

(۱) مال، شہوتوں کا مادہ ہے ۔

٢ ـ لا مالَ أعوَدُ مِنَ العَقل.

(۲) کوئی دولت عقل سے زیادہ نفع بخش نہیں ہو سکتی ۔

٣ ـ أنا يَعسُوبُ المُؤمنين والمالُ يَعسُوبُ الفُجّار.

(۳) میں مومنوں کا بادشاہ ہوں اور مال فاجروں کا ۔

٤ ـ إنَّ أخسَرَ الناسِ صَفقَةً، وأخيَبَهُم سَعياً، رَجُلٌ أخلَقَ بدَنَهُ في طَلَبِ مالِهِ، ولم تُساعِدهُ المَقادِيرُ على إرادَتِه، فَخرَجَ مِنَ الدُّنيا بِحسرَتِهِ، وقَدِمَ على الآخِرَةِ بتَبِعَتِه.

(۴) سب سے زیادہ گھاٹے کا سودا اور بے سود کوشش اس شخص کی ہے جس نے اپنی دولت کے لئے اپنے جسم کو بے کار کر ڈالا مگر تقدیر نے اس کا ساتھ نہ دیا اور وہ اس دنیا سے اپنی حسرت لئے نکل گیا اور (اپنے برے کاموں کے ساتھ) آخرت طرف چلا آیا۔

٥ ـ يا كُميل، العِلمُ خيرٌ مِنَ المالِ، العِلمُ يَحرُسُكَ و أنتَ تَحرُسُ المالَ، و المالُ تَنقُصُهُ النَّفَقةُ، و العِلمُ يَزكُو على الإنفاقِ و صَنيعُ المالِ يَزولُ بِزوالِه. . . يا كميل، هلَكَ خُزّانُ الأموالِ وهُم أحياءٌ و العُلَماء باقونَ ما بَقيَ الدَّهر.

(۵) اے کمیل! علم مال سے بہتر ہے کیونکہ علم تمہاری حفاظت کرتا ہے جبکہ تم مال کی حفاظت کرتے ہو اور مال خرچ کرنے سے ختم ہو جاتا ہے جبکہ علم خرچ کرنے سے اور بڑھتا ہے اور علم انفاق سے پاکیزہ ہوتا ہے جبکہ دولت کے ذریعے کی جانے والی نیکی دولت کے زائل ہوتے ہی ختم ہو جاتی ہے ---اے کمیل مال اکٹھا کرنے والے ہلاک ہو گئے جبکہ وہ زندہ ہیں اور علماء جب تک زمانہ باقی ہے باقی رہیں گے ۔

٦ ـ لِكُلِّ امرِىءٍ في مالِهِ شَريكان: الوارِثُ، والحَوادِث.

(۶) ہر آدمی کے مال میں اس کے دو شریک ہوتے ہیں ایک اس کے ورثاء اور دوسرے حادثات ۔

٧ ـ إنَّ أعظَمَ الحَسَراتِ يَومَ القِيامَةِ حَسرَةُ رَجُلٍ كَسَبَ مالاً في غَيرِ طاعَةِ الله، فَورِثَهُ رجُلٌ فأنفَقَهُ في طاعَةِ الله سُبحانه، فدَخَلَ بهِ الجَنّةَ، ودَخَلَ الأوّلُ بِهِ النّار.

(۷) روز قیامت سب سے زیادہ شدید حسرت اس شخص کو ہوگی جس نے اطاعت خدا سے ہٹ کر دولت کمائی اور وہ ایک ایسے آدمی کو وراثت میں مل گئی جس نے اس دولت کو راہ خدا میں صرف کیا اور اس کے ذریعہ داخل بہشت ہو گیا اور پہلا آدمی داخل جہنم ہو گیا۔

٨ ـ وقال لابنِه الحسَن عليه السلام: لا تُخَلِّفَنَّ وَراءَكَ شَيئاً مِنَ الدُّنيا، فإنّك تُخَلِّفُهُ لأحَدِ رَجُلَين: إمّا رَجُلٌ عَمِلَ فيه بطاعَةِ اللهِ فسَعِدَ بِما شَقِيتَ به، وإمّا رَجُلٌ عَمِلَ بِمَعصِيَةِ الله فشَقِيَ بِما جَمَعتَ له، فكُنتَ عَوناً له على مَعصِيَتِه، ولَيسَ أحَدُ هذَين حقيقاً أن تُؤثِرَهُ على نَفسِك.

(٨) آپ نے اپنے بیٹے امام حسن علیہ السلام سے فرمایا "اپنے بعد دنیا کے لئے کوئی چیز نہ چھوڑنا کیونکہ تم جو کچھ بھی چھوڑوگے دو طرح کے آدمیوں میں سے کسی ایک کے لئے چھوڑوگے ایک تو ایسے آدمی کے لئے جس نے تمہاری چھوڑی ہوئی چیز کے ذریعے خدا کی اطاعت کی اور اس چیز کی وجہ سے خوش قسمت و کامیاب ہو گیا جس کی وجہ سے تم بد بخت ہوئے تھے اور یا تو ایسے شخص کے لئے چھوڑوگے جس نے تمہاری چھوڑی ہوئی چیز کے ذریعے معصیت انجام دی اور تمہاری جمع کی ہوئی چیز سے بد بخت ہو گیا اس طرح تم نے اس کی، معصیت خدا میں مدد کی اور ان دونوں میں سے کوئی اس لائق نہیں ہے کہ تم اسے اپنے آپ پر ترجیح دو۔

٩ ـ لا مالَ أذهَبَ للفاقَةِ مِنَ الرِّضیٰ بِالقُوت.

(۹) فقر کو دور کرنے کے لئے اپنی خوراک سے راضی رہنے سے زیادہ بہتر کوئی مال نہیں۔

١٠ ـ و سُئِلَ عن الخير ما هو؟ فقال عليه السلام: ليسَ الخَيرُ أن يَكثُرَ مالُكَ و وَلَدُكَ، وَلكِنَّ الخَيرَ أن يَكثُرَ عِلمُكَ، وأن يَعظُمَ حِلمُكَ، وأن تُباهِيَ النّاسَ بِعِبادَةِ رَبِّك.

(۱۰) آپ سے پوچھا گیا "خیر کیا ہے؟" تو آپ نے فرمایا "خیر و بھلائی، نہیں ہے کہ تمہاری دولت و اولاد بکثرت ہو جائیں بلکہ بھلائی یہ ہے کہ تمہارا علم بڑھ جائے، حلم عظیم ہو جائے اور یہ کہ تم لوگوں پر اپنے پروردگار کی عبادت کے ذریعے فخر کرو (نہ گزشتہ اشیاء مال و اولاد کے ذریعہ)۔

١١ ـ ألا وإنَّ اللِّسانَ الصّالِحَ يَجعَلُهُ اللهُ تعالیٰ لِلمَرءِ فِي النّاسِ، خَيرٌ لَهُ مِنَ المالِ يُورِثُهُ مَن لا يَحمَدُه.

(۱۱) آگاہ ہو جاؤ لوگوں کے متعلق وہ صالح زبان جسے اللہ نے کسی بندے کو عطا کیا ہے اس دولت سے بہتر ہے جس کا وارث کوئی ایسا بنے جو اس کی تعریف نہ کرتا ہو۔

١٢ ـ إعطاءُ المالِ في غَيرِ حَقِّهِ تَبذِيرٌ وإسرافٌ، و هو يَرفَعُ صاحِبَهُ في الدُّنيا و يَضَعُهُ في الآخرة و يُكرِمُهُ في النّاس و يُهينُهُ عِندَ الله.

(۱۲) بلا حق کے مال عطا کرنا تبذیر و اسراف ہے یہ انسان کو دنیا میں تو بلند کر دیتا ہے مگر آخرت میں ذلیل کرتا ہے یہ ایسے شخص کو لوگوں کے نزدیک تو لائق احترام بنا دیتا ہے مگر وہ اللہ کے نزدیک بے عزت ہو جاتا ہے۔

١٣ ـ إعلَم أنَّكَ لا تَكسِبُ مِنَ المالِ شَيئاً فَوقَ قُوتِكَ إلّا كُنتَ خازِناً لِغَيرِك.

(۱۳) یہ جان لو کہ تم اپنی خوراک سے زیادہ دولت نہیں کما سکتے البتہ اگر تم دوسروں کے خزانچی ہو تو الگ بات ہے۔

١٤ ـ خَيرُ أموالِكَ ما كَفاك.

(۱۴) تمہارا بہترین مال وہ ہے جو تمہاری ضرورت کے لئے کافی ہو۔

١٥ ـ لا مالَ لِمَن لا تَدبيرَ لَه.

(۱۵) اس کے پاس کوئی دولت نہیں جس کے پاس تدبیر نہیں۔

١٦ ـ ثَلاثَةٌ يُؤثِرونَ المالَ عَلى أنفُسِهِم: تاجِرُ البَحرِ، وصاحِبُ السُّلطانِ، والمُرتَشي في الحُكم.

(۱۶) تین لوگ دولت کو اپنی جان پر ترجیح دیتے ہیں: سمندری تاجر بادشاہ کا دوست اور فیصلہ میں رشوت لینے والا۔

١٧ ـ ثَلاثَةُ أشياءٍ لا دَوامَ لَها: المالُ في يَدِ المُبَذِّرِ، و سَحابَةُ الصَّيفِ، وَ غَضَبُ العاشِق.

(۱۷) تین چیزوں کو دوام نہیں: فضول خرچ کے ہاتھ میں دولت، گرمی کی بدلی اور عاشق کا غصہ۔

١٨ ـ المُرُوَّةُ بلا مالٍ كالأسَدِ الّذي يُهابُ وَلَم يَفتَرِس، وكالسَّيفِ الذي يُخافُ وهو مُغمَد، والمالُ بِلا مُرُوَّة كالكَلبِ الّذي يُجتَنِبُ عَقراً ولم يَعقِر.

(۱۸) بغیر دولت کے مروت اس شیر کی طرح ہے جس کی ہیبت باقی رہتی ہے جبکہ وہ چیر پھاڑ نہیں کرتا اور اس تلوار کی طرح ہے جس سے ڈر لگتا ہے جبکہ وہ نیام میں ہوتی ہے اور دولت بغیر مروت کے اس کتے کی طرح ہے جس کے کاٹنے سے (لوگ) بچتے ہیں مگر وہ کاٹتا نہیں۔

١٩ ـ إختَبِرُوا شِيعَتي بِخَصلَتَينِ: المُحافَظَةِ على أوقاتِ الصَّلاةِ، والمُواساةِ لإخوانِهِم بِالمالِ، فإن لم تَكوُنا فَاعزُب ثمّ أعزُب.

(۱۹) میرے شیعوں کو دو عادتوں سے پہچانو: نماز کے اوقات کی پابندی اور اپنے بھائیوں کا دولت کے ذریعے تعاون اور اگر ان میں یہ صفات نہ پائی جاتی ہوں تو ان سے دور ہو جاؤ ان سے دور ہو جاؤ۔

٢٠ ـ ثَلاثَةٌ مِن أشَدِّ الأعمالِ: ذِكرُ اللهِ عَلى كلِّ حالٍ، ومُواساةُ الإخوانِ بِالمالِ، وإنصافُ الناسِ مِن نَفسِك.

(۲۰) تین کام بڑے مشکل ہیں: ہر حالت میں اللہ کی یاد، برادران ایمانی کی مال کے ذریعے مدد اور لوگوں کے ساتھ خود سے انصاف کرنا۔

٢١ ـ صِلَةُ الرَّحِمِ مَثراةٌ للمالِ، ومَنسأةٌ للأجَل.

(۲۱) صلہ رحم دولت میں اضافہ اور اجل کو ٹالنے کا باعث ہوتا ہے۔

٢٢ ـ مَن كانَ لَهُ مالٌ فإيّاهُ والفَسادَ، فإنَّ إعطاءَهُ في غَيرِ حَقِّهِ تَبذيرٌ وإسرافٌ، وهو يَرفَعُ ذِكرَ صاحِبِهِ في النّاسِ ويَضَعُهُ عِندَ اللهِ، ولم يَضَع امرؤٌ مالَهُ في غَيرِ حَقِّهِ وعِندَ غَيرِ

(۲۲) جس کے پاس دولت ہو تو اسے فساد سے بچنا چاہیے کیونکہ اسے غیر مستحق کو دینا اسراف و تبذیر ہے جو اپنے انجام دینے والے کے ذکر کو لوگوں کے درمیان تو بلند کر دیتی ہے مگر اللہ کے نزدیک اسے پست کر دیتی ہے اور جو شخص بھی غیر مستحق اور

أهلِهِ إلّا حَرَمَهُ اللهُ شُكرَهُم، وكان لِغَيرِهِ وُدَّهُم.

نااہل کو اپنا مال عطا کرتا ہے تو اللہ اس کا شکر حرام قرار دے دیتا ہے اور ان لوگوں کی محبت اسے چھوڑ کر غیر کے لئے ہوجاتی ہے۔

٢٣ ـ مَن كانَ لَهُ مالٌ فَليَصِل بِهِ القَرابَةَ، وَليُحسِنِ ٱلضِّيافَةَ، وَليَفُكَّ بِهِ العاني والأسير، فإنَّ الفَوزَ بهذِهِ الخِصالِ مَكارِمُ الدُّنيا وشَرَفُ الآخِرَة.

(۲۳) جس کے پاس دولت ہو تو اسے چاہیے کہ اس کے ذریعہ قرابت داروں سے صلہ رحم کرے، مہمان نوازی کرے اور اس کے ذریعہ پریشان حال اور اسیروں کو نجات دلائے۔ بلاشبہ ان تین صفات میں کامیاب ہوجانا دنیا کا بہترین اخلاق اور آخرت کا شرف ہے۔

٢٤ ـ المالُ يُكرِمُ صاحِبَهُ في الدُّنيا ويُهينُهُ عِندَ اللهِ سُبحانَه.

(۲۴) دولت اپنے مالک کو دنیا میں عزت دار بناتی ہے مگر اللہ کے نزدیک اسے بے عزت کر دیتی ہے۔

٢٥ ـ المالُ لا يَنفَعُكَ حتى يُفارِقَك.

(۲۵) مال تمہارے لئے اس وقت تک فائدہ مند نہیں ہوسکتا جب تک کہ تم اس سے دور نہ ہوجاؤ۔

٢٦ ـ المالُ يُفسِدُ المآلَ، ويُوسِّعُ الآمال.

(۲۶) مال مآل کو برباد اور امیدوں کو بڑھا دیتا ہے۔

٢٧ ـ أفضَلُ المالِ ما قُضِيَت بِه الحُقُوق.

(۲۷) سب سے افضل مال وہ ہے جس سے حقوق ادا ہو جائیں۔

٢٨ ـ بِرُكوبِ الأهوالِ تُكتَسَبُ الأموال.

(۲۸) مشکلات اٹھا کر دولت کمائی جاتی ہے۔

٢٩ ـ حُبُّ المالِ يُفسِدُ المَآل.

(۲۹) حب دولت مآل کو تباہ کر دیتی ہے۔

٣٠ ـ حُبُّ المالِ يُقوّي الآمالَ، ويُفسِدُ الأعمال.

(۳۰) دولت کی محبت آرزوؤں کو قوی اور اعمال کو فاسد کر دیتی ہے

٣١ ـ شَرُّ الأموالِ ما لَم يُخرَج مِنهُ حَقُّ اللهِ سُبحانَه.

(۳۱) بدترین دولت وہ ہے جس میں سے حق خدا نہ نکالا جائے۔

٣٢ ـ شَرُّ الأموالِ مالٌ لَم يُنفَق في سَبيلِ اللهِ مِنهُ، ولَم تُؤَدَّ زَكاتُه.

(۳۲) سب سے بری دولت وہ ہے جو راہ خدا میں خرچ نہ کی جائے اور جس کی زکات ادا نہ کی جائے۔

٣٣ ـ حُبُّ المالِ يُوهِنُ الدِّينَ و يُفسِدُ اليَقين.

(۳۳) دولت کی محبت دین کو سبک، یقین کو فاسد بنا دیتی ہے۔

٣٤ ـ كَثرَةُ المالِ تُفسِدُ القُلوبَ، وتُنسِيُ الذُّنوب.

(۳۴) دولت کی فراوانی دلوں کو فاسد بناتی ہے اور گناہوں کو بھلا دیتی ہے۔

٣٥ ـ كُن بمالِكَ مُتَبَرِّعاً، وعَن مالِ غَيرِكَ مُتَوَرِّعاً.

(۳۵) اپنی دولت عطا کرنے والے اور دوسروں کی دولت سے احتراز کرنے والے بن جاؤ۔

٣٦ـ لا يُكرِمُ المَرءُ نَفسَهُ حتّى يُهينَ مالَه.

(۳۶) آدمی اس وقت تک عزت دار نہیں ہو سکتا جب تک اس کے نزدیک اپنی دولت بے مایہ نہ ہو جائے۔

٣٧ـ لا تصرِف مالَكَ في المَعاصي فتَقدَمَ علىٰ ربّك بِلا عَمَلٍ.

(۳۷) اپنی دولت کو اللہ کی نافرمانی میں خرچ نہ کرو کہ نتیجتاً اپنے پروردگار کے سامنے بغیر عمل جاؤگے۔

٣٨ـ لا تَضَعَنَّ مالَكَ في غَيرِ مَعروفٍ.

(۳۸) اپنی دولت کو نیکی کے علاوہ خرچ نہ کرو۔

٣٩ـ مَن اكتَسَب مالاً في غَيرِ حِلِّهِ يَصرِفُهُ في غَيرِ حَقِّه.

(۳۹) جو دولت، حلال راستوں کو چھوڑ کر حاصل کرتا ہے وہ اسے ناحق خرچ بھی کر دیتا ہے۔

٤٠ـ مَن جَمَعَ المالَ لِيَنفَعَ بِه النّاسَ أطاعُوهُ، ومَن جَمَعَهُ لنَفسِهِ أضاعُوه.

(۴۰) جو لوگوں کے فائدہ اٹھانے کے لئے دولت حاصل کرتا ہے لوگ اس کی اطاعت کرتے ہیں اور جو اپنے فائدہ کے لئے دولت جمع کرتا ہے اسے لوگ برباد کر دیتے ہیں۔

# [۱۸۹]
# المِرَاء = کٹ حجتی

١ ـ مَنْ ضَنَّ بِعِرضِهِ فَلْيَدَعِ المِرَاء.

(۱) جسے اپنی عزت پیاری ہو اسے کٹ حجتی چھوڑ دینا چاہیے۔

٢ ـ الشَّكُّ علىٰ أربَعِ شُعَبٍ: على التَّماري، والهَولِ، والتَّرَدُّدِ، والإستِسلامِ، فَمَن جَعَلَ المِراءَ دَيدَناً لم يُصبِح لَيلُه، و مَن هالَهُ ما بين يَدَيه نَكَصَ على عَقِبَيه، و مَن تَرَدَّدَ في الريبِ وَطَئَتهُ سَنابِكُ الشياطين، و مَن استَسلَمَ لِهَلَكَةِ الدُّنيا و الآخرة هَلَكَ فيهما.

(۲) شک چار چیزوں پر استوار ہے: کٹ حجتی، خوف، کشمکش اور خود باختگی۔ لہذا جو بھی (بحث کے وقت) کٹ حجتی کو اپنی روش قرار دے گا اس کی شب تاریک کی کبھی سحر نہیں ہو گی اور جو اپنے سامنے کی چیزوں سے خوف زدہ رہے گا وہ اپنے ماضی کی طرف پلٹ جائے گا اور جو کشمکش میں رہے گا وہ شیطانوں کے پیروں تلے روندا جائے گا اور جو دنیا اور آخرت میں ہلاک کر دینے والی چیزوں سے ہراساں رہے گا وہ دونوں میں ہلاک ہو گا۔

٣ ـ لا تُمارِ سَفيهاً ولا فقيهاً، أمّا الفقيهُ فتُحرَمُ خَيرَهُ، وأمّا السفيهُ فيُحزِنُك شَرُّه.

(۳) کسی بے وقوف یا کسی فقیہ سے کٹ حجتی نہ کرو کیونکہ کسی فقیہ سے کٹ حجتی کرنے کی صورت میں تم اس کی نیکیوں سے محروم ہو جاؤ گے اور بے وقوف سے کٹ حجتی کرنے کی صورت میں تمہیں اس کی برائی تکلیف دے گی۔

٤ ـ لا مَحَبَّةَ مَع مِراء.

(۴) کٹ حجتی کے ساتھ محبت نہیں۔

٥ ـ مُرُوا الأحداثَ بِالمِراء والجِدالِ، والكُهولَ بِالفِكرِ، والشُّيوخَ بِالصَّمت.

(۵) جوانوں کو بحث، ادھیڑ عمر والوں کو غور و فکر اور بوڑھوں کو خاموشی کا حکم دو۔

٦ ـ إيّاكُم والمِراءَ والخُصومَةَ، فإنَّهُما يُمرِضانِ القَلبَ، ويَنبُتُ عَليهِما النِّفاق.

(۶) کٹ حجتی اور لڑائی سے دور رہو کیونکہ یہ دونوں دل کو مریض کر دیتے ہیں اور اسی کے سبب نفاق پیدا ہوتا ہے۔

٧ ـ سَبَبُ الشَّحناءِ كَثرَةُ المِراء.

(۷) جھگڑے کا سبب حد درجہ کٹ حجتی ہے۔

٨ ـ المِراءُ بَذرُ الشَّرِّ.

(۸) کٹ حجتی برائی کا بیج ہے۔

۹۔ مَن صَحَّ يَقِينُهُ زَهِدَ فِي المِرَاء.

(۹) جس کا یقین درست ہوتا ہے وہ کٹ حجتی سے پرہیز کرتا ہے۔

۱۰۔ مَن كَثُرَ مِرَائُهُ لم يَأمَنِ الغَلَط.

(۱۰) جس کی کٹ حجتیاں بڑھ جاتی ہیں وہ غلطیوں سے نہیں بچ سکتا۔

[ ۱۹۰ ]

# المَرَض = مرض

١ ـ قال ﷺ لَبعضِ أصحابه في عِلَّةٍ اعتَلَّها: جَعَلَ اللهُ ما كانَ مِن شَكواكَ حَطّاً لسَيِّئاتِك، فإنَّ المَرَضَ لا أجْرَ فيه، ولكنَّه يَحُطُّ السَّيِّئاتِ، ويَحُتُّها حَتَّ الأوراق.

(۱) آپ نے اپنے بعض اصحاب کو لاحق ہوجانے والی ایک بیماریبیماری کے متعلق فرمایا "اللہ نے تمہاری بیماری کو تمہارے گناہوں کے مٹانے کا سبب بنادیا ہے اور بیماری میں کوئی اجر نہیں ہے بلکہ یہ گناہوں کو ختم کر دیتی ہے اور اسے انسان سے اس طرح الگ کر دیتی ہے جیسے درخت سے پتے (سوکھ کر) جھڑ جاتے ہیں۔"

٢ ـ ألا وإنّ مِنَ البَلاءِ الفاقة، وأشَدُّ من الفاقَةِ مَرَضُ البَدَنِ، وأشَدُّ مِن مَرَضِ البَدَنِ مَرَضُ القَلبِ، ألا وإنَّ مِن صِحَّةِ البَدَنِ تَقوَى القَلب.

(۲) آگاہ ہو جاؤ یقیناً فاقہ بلاؤں میں سے ہے اور فاقے سے زیادہ سخت، جسمانی بیماری ہے اور جسم کی بیماری سے زیادہ سخت دل کی بیماری ہے آگاہ ہو جاؤ کہ صحت جسم سے دل مضبوط ہوتے ہیں۔

٣ ـ كَم مِن دَنِفٍ قَد نَجا، وصَحيحٍ قَد هَوىٰ.

(۳) کتنے زبوں حال مریض نجات پا گئے اور کتنے صحت مند برباد ہو گئے۔

٤ ـ أنا للمَريضِ الّذي يَشتَهي أرْجىٰ مِنّي للصَّحيحِ الّذي لا يَشتَهي.

(۴) میں اشتہار کھنے والے مریض کی صحت کے لئے بے اشتہا صحت مند سے زیادہ امیدوار ہوں۔

٥ ـ لا مَرَضَ أضنىٰ مِن قِلَّةِ العَقل.

(۵) کم عقلی سے زیادہ تکلیف دہ کوئی اور مرض نہیں۔

٦ ـ أربَعٌ القَليلُ مِنهُنَّ كَثير: النارُ، والعَداوَةُ، والمَرَضُ، والفَقر.

(۶) چار چیزوں کی قلت بھی کثرت ہوتی ہے: آگ، دشمنی، مرض اور فقر۔

٧ ـ المَرَضُ أحَدُ الحَبسَين.

(۷) مرض دو میں سے ایک قید ہے۔

٨ ـ شيئانِ لا يُؤَنَّفُ مِنهُما: المَرَضُ، وذو القَرابَةِ المُفتَقِر.

(۸) دو چیزیں شرم و عار کا باعث نہیں: مرض اور وہ رشتہ دار جو محتاج ہو۔

٩ ـ لَيسَ لِلأجسامِ نَجاةٌ مِنَ الأسقام.

(۹) جسموں کو بیماریوں سے نجات نہیں۔

الإخوان في الله. وثلاثٌ في السَّفَر، وهي: بَذلُ الزّادِ، وحُسنُ الخُلُقِ، والمِزاحُ في غير مَعاصي الله.

١٠ـ مُرُوَّةُ المُسلِمِ مُرُوَّتانِ: مُروَّةٌ في حَضَرٍ ومُرُوَّةٌ في سَفَرٍ فأمّا مُرُوَّةُ الحَضَرِ فَقِراءَةُ القُرآنِ ومُجالَسَةُ العُلَماءِ والنَّظَرُ فِي الفِقهِ والمُحافَظَةُ على الصَّلَواتِ في الجَماعاتِ و أمّا مُرُوَّةُ السَّفَرِ فبَذلُ الزّادِ، وقِلَّةُ الخِلافِ على مَن صَحِبَكَ وكَثرَةُ ذِكرِ الله في كُلِّ مَصعَدٍ ومَهبِطٍ وقِيامٍ وقُعودٍ.

١١ ـ أوَّلُ المُرُوَّةِ طَلاقَةُ الوَجهِ، وآخِرُها التَوَدُّدُ إلى النّاس.

١٢ ـ أوَّلُ المُرُوَّةِ البِشرُ وآخِرُها استِدامَةُ البِرّ.

١٣ ـ أفضَلُ المُروَّةِ مُواساةُ الإخوانِ بالأموالِ، ومُساواتُهُم في الأحوال.

١٤ـ أوَّلُ المُروَّةِ طاعَةُ الله وآخِرُها التَنَزُّهُ عن الدَّنايا.

١٥ ـ أفضَلُ الأدَبِ حِفظُ المُروَّة.

١٦ ـ أحسَنُ المُروَّةِ الوُدّ.

١٧ ـ المُروَّةُ: العَدلُ في الإمرَةِ، والعَفوُ مَعَ القُدرَةِ، والمُواساةُ معَ العُسرَة.

١٨ ـ المُروَّةُ إسمٌ جامعٌ لسائِرِ الفَضائِلِ والمَحاسِن.

١٩ ـ الوَفاءُ حِفظُ الذِّمامِ، والمُروَّةُ تَعَهُّدُ ذَوي الأرحام.

٢٠ ـ المُروَّةُ اجتِنابُ الرَّجُلِ ما يَشينُهُ، واكتِسابُهُ ما يَزينُه.

کے لئے لوگوں کو بھائی بنانا اور تین چیزیں سفر میں ہیں اور وہ یہ ہیں زادراہ دینا، حسن اخلاق اور اللہ کی معصیت کے علاوہ (ہم سفروں سے) ہنسی مذاق کرنا۔

(۱۰) مسلمان کی دو مروتیں ہوتی ہیں ایک مروت حضر میں اور دوسری سفر میں حضر کی مروت یہ ہے قرائت قرآن، علماء کی ہمنشینی، فقہ میں غور وفکر اور نماز جماعت کی پابندی اور سفر کی مروت یہ کہ زاد سفر عطا کرے، اپنے ساتھی سے اختلاف کم کرے اور ہر نشیب وفراز میں اٹھتے بیٹھتے اللہ کو یاد کرے۔

(۱۱) اول مروت، چہرے کی بشاشت ہے اور اس کا آخر لوگوں سے محبت ہے۔

(۱۲) اول مروت، خوش روئی ہے اور آخر نیکیوں میں دوام ہے۔

(۱۳) سب سے افضل مروت دولت کے ذریعے برادران کی چارہ جوئی اور تمام حالات میں مساوات سے کام لینا۔

(۱۴) اول مروت اطاعت خدا اور آخر، غلاظتوں سے پاکیزگی ہے

(۱۵) افضل ادب مروت کی حفاظت ہے۔

(۱۶) بہترین مروت محبت وشفقت ہے۔

(۱۷) مروت حکومتوں میں عدل کرنا، قدرت کے ہوتے ہوئے معاف کردینا اور تنگی کے باوجود مواسات کرنا۔

(۱۸) مروت تمام اچھائیوں اور فضیلتوں کا ایک جامع نام ہے۔

(۱۹) وفا، عہدوں کی حفاظت اور مروت قرابت داروں سے میل جول ہے۔

(۲۰) مروت، آدمی کا ان چیزوں سے پرہیز کرنا ہے جو اسے برا بناتی ہیں اور ان چیزوں کا اکتساب کرنا ہے جو اسے زینت بخشتی ہیں۔

| | |
|---|---|
| ٢١ ـ المُرُوَّةُ تَحُثُّ على المكارِم. | (۲۱)مروت بزرگیوں کی ترغیب دیتی ہے۔ |
| ٢٢ ـ ثَلاثٌ فيهِنَّ المُروَّةُ: غَضُّ الطَّرفِ، وغَضُّ الصَّوتِ، ومَشيُ القَصد. | (۲۲) تین چیزوں میں مروت ہے: نظر جھکانا آواز ہلکی رکھنا اور میانہ روی اختیار کرنا۔ |
| ٢٣ ـ على قَدرِ المُرُوَّةِ تكونُ السَّخاوَة. | (۲۳)مروت کے جتنی سخاوت ہوتی ہے۔ |
| ٢٤ ـ مُروءَةُ الرَّجُلِ صِدقُ لِسانِه. | (۲۴)مرد کی مروت، سچی زبان ہے۔ |
| ٢٥ ـ يُستَدَلُّ علىٰ مُروَّةِ الرَّجُلِ ببَثِّ المَعرُوفِ، وبَذلِ الإحسانِ، وتَركِ الإمتِنان. | (۲۵)مرد کی مروت پر نیکی پھیلانے احسان کرنے اور احسان جتانے سے پرہیز کے ذریعے استدلال کیا جاسکتا ہے۔ |
| ٢٦ ـ مُروَّةُ الرَّجُلِ في أحتِمالِ عَثَراتِ إخوانِه. | (۲۶)مرد کی مروت اپنے بھائیوں کی لغزشوں کے تحمل میں ہے |

[۱۹۲]

# المَزاح = مزاح

١ ـ ما مَزَحَ امرؤٌ مَزْحَةً إلّا مَجّ من عَقلِهِ مَجّةً.

(۱) جیسے ہی کوئی آدمی کوئی مذاق کرتا ہے ویسے ہی اس کے عقل کا ایک حصہ کم ہو جاتا ہے۔

٢ ـ المَزاحُ يُورِثُ الضَّغائِن.

(۲) مزاح، کینوں کا باعث ہوتا ہے۔

٣ ـ مَن مَزَحَ استُخِفَّ به.

(۳) جو مذاق کرتا ہے لوگ اس کی سبکی کرتے ہیں۔

٤ ـ مَن كَثُرَ مَزاحُهُ لَم يَخلُ مِن حِقدٍ عليه أو استِخفافٍ به.

(۴) جس کا مذاق بڑھ جاتا ہے وہ لوگوں کی جلن اور بے عزتی سے محفوظ نہیں رہ پاتا۔

٥ ـ المَزاحُ بَدءُ العَداوَة.

(۵) مذاق عداوت کی شروعات ہے۔

٦ ـ السِّبابُ مَزَاحُ النَّوكىٰ، ولا بَأسَ بالمُفاكَهَةِ يُرَوِّحُ بها الإنسانُ عن نَفسِهِ، ويَخرُجُ عن حَدِّ العُبُوس.

(۶) گالی دینا احمقوں کا مذاق ہے البتہ خوش مزاجی میں ایسا ہلکا پھلکا مذاق کرنے میں کہ جس سے انسان خوش ہو جائے اور ترش روئی ختم ہو جائے، کوئی مضائقہ نہیں۔

٧ ـ إيّاكم والمَزاحَ، فإنّه يَجُرُّ السَّخيمَةَ، ويُورِثُ الضَّغِينَةَ، وهو السَّبُّ الأصغر.

(۷) مذاق سے بچو کیونکہ یہ بغض و کینے کا باعث ہوتا ہے اور یہ چھوٹی گالی ہے۔

٨ ـ المَزاحُ فِرقَةٌ، تَتبَعُها ضَغِينَة.

(۸) مزاح، تفرقہ ہے جس کے بعد کینہ وجود میں آتا ہے۔

٩ ـ آفَةُ الهَيبَةِ المَزاح.

(۹) ہیبت و بزرگی کی آفت مذاق ہے۔

١٠ ـ الإفراطُ في المَزاحِ خُرْقٌ.

(۱۰) مذاق میں زیادہ روی، بے وقوفی ہے۔

١١ ـ كَثرَةُ المَزاحِ تُذهِبُ البَهاءَ، وتوجِبُ الشَّحناء.

(۱۱) حد درجہ مذاق عزت و لحاظ کو ختم کر دیتا ہے اور کینہ توزی اور دشمنی کا باعث ہوتا ہے۔

١٢ ـ كَثرَةُ المَزاحِ تُسقِطُ الهَيبَة.

(۱۲) کثرت مزاح ہیبت کو ختم کر دیتی ہے۔

١٣ ـ لكُلِّ شَيءٍ بَذرٌ، وبَذرُ العَداوَةِ المَزاح.

(۱۳) ہر چیز کا ایک بیج ہوتا ہے اور عداوت کا بیج مذاق ہے۔

١٤ ـ لا تُمازِحَنَّ صَديقاً فَيُعاديك، ولا عَـدُوّاً فيُؤذِيك.

(۱۴) اپنے دوست کامذاق ہر گز نہ اڑانا کیونکہ اس طرح وہ تمہارا دشمن ہو جائے گا اور نہ ہی اپنے دشمن کامذاق اڑانا کہ وہ تمھیں اذیت دے گا۔

١٥ ـ لا تُمازِحِ الشَّريفَ فَيَحقِدَ عَليك.

(۱۵) شریف سے مذاق نہ کرو کہ وہ تم سے جلنے لگے گا۔

١٦ ـ مَن كَثُرَ مَزاحُهُ قَلَّ وَقارُه.

(۱۶) جس کامذاق بڑھ جاتا ہے اس کا وقار ختم ہو جاتا ہے۔

## [١٩٣]
# المُشاوَرة = مشورہ

١ ـ مَن استَبدَّ بِرأيِهِ هَلَكَ، وَمَن شاوَرَ الرِجالَ شارَكَها في عُقولِها.

(۱) جو اپنی ہی رائے پر بھروسہ کرتا ہے وہ ہلاک ہو جاتا ہے اور جو لوگوں سے مشورہ کرتا ہے وہ ان کی عقلوں میں شریک ہو جاتا ہے۔

٢ ـ لا ظَهيرَ كَالمُشاوَرَة.

(۲) مشورے جیسا کوئی پشت پناہ نہیں ہے۔

٣ ـ لا مُظاهَرةَ أوثَق مِنَ المُشاوَرة.

(۳) مشورے سے زیادہ بھروسہ مند کوئی پشت بان نہیں۔

٤ ـ الاستِشارَةُ عَينُ الهِدايَةِ، وَقَد خاطَرَ مَن استغنىٰ بِرأيِـه.

(۴) مشورہ کرنا عین ہدایت ہے اور جو اپنی رائے پر بھروسہ کرکے دوسروں کے آراء سے بے نیاز ہو جاتا ہے وہ ضرور خطرات کا سامنا کرتا ہے۔

٥ ـ مَن استَقبَلَ وُجوهَ الآراءِ عَرَفَ مَـواقِـعَ الخَطاء.

(۵) جو آراء کا استقبال کرتا ہے وہ غلطیوں کے مواقع کو پہچان جاتا ہے۔

٦ ـ مَن أعجِبَ بِرأيِهِ ضَلَّ، وَمَنِ استغنىٰ بِعَلمِهِ زَلَّ.

(۶) جسے اپنی ہی رائے پسند ہوتی ہے وہ ہلاک ہو جاتا ہے اور جو اپنے علم کے ذریعے بے نیاز ہو جاتا ہے وہ ٹھوکر کھاتا ہے۔

٧ ـ لا صَوابَ مَعَ تَركِ المَشورَة.

(۷) مشورہ چھوڑنے کے بعد پھر صحت و درستگی باقی نہیں رہ پاتی۔

٨ ـ ما عَطَبَ مَن استشار.

(۸) وہ ہلاک نہیں ہوتا جو مشورہ کر لیتا ہے۔

٩ ـ مَـن شـاوَرَ ذَوي الألبـابِ دُلَّ عـلى الصَواب.

(۹) جو صاحبانِ عقل و دانش سے مشورہ کرتا ہے وہ صحیح راستے کی طرف ہدایت پا جاتا ہے۔

١٠ ـ نِعْمَ المُؤازَرَةُ المُشاوَرَةُ وَبِئسَ الإستعدادُ الإستبداد.

(۱۰) بہترین تعاون مشاورت ہے اور بدترین استعداد، خود سری ہے

١١ ـ مَن أكثَرَ المَشورَةَ لَم يَعْدَم عِندَ الصَوابِ مادِحاً، وعند الخطاءِ عاذِراً.

(۱۱) جو زیادہ مشورہ کرتا ہے اس کے پاس صواب (درستگی) کے وقت ستائش کرنے والوں اور غلطی کرتے وقت عذر قبول کرنے والوں کی کمی نہیں ہو گی۔

۱۲ ـ إذا احتجتَ إلى المَشورَة في أمرٍ قد طَرَأ عليك فاسْتَبِدْهِ ببدايةِ الشُّبّان، فإنّهم أحَدُّ أذهاناً، وأسْرَعُ حَدَساً، ثمّ رُدَّه بَعدَ ذلكِ إلى رأيِ الكُهولِ والشُيوخِ لِيَستَعقِبُوهُ، ويُحسِنوا الاختيار لَه، فإنَّ تَجرِبَتَهم أكثر.

(۱۲) جب تم کسی پیش آنے والے اہم کام میں مشورہ چاہو تو سب سے پہلے نوجوانوں سے مشورہ طلب کرو کیونکہ ان کے اذہان دوسروں کے مقابل زیادہ تیز اور ان کے ادراکات اوروں سے جلدی مقصد تک پہنچ جاتے ہیں اس کے بعد کہن سال اور بوڑھوں کے سامنے اپنا معاملہ پیش کرو تا کہ یہ لوگ اس کے نتائج پر غور کریں اور بہترین راستہ بتائیں کہ بلا شبہ ان کے تجربات دوسروں سے زیادہ ہوتے ہیں۔

۱۳ ـ استَشِر عَدُوَّكَ تَجربَةً لِتَعلم مِقدارَ عَداوته.

(۱۳) اپنے دشمن سے تجربہ کے طور پر مشورہ کرو تا کہ تمھیں اس کی عداوت کی مقدار معلوم ہو جائے۔

۱٤ ـ إذا أرَدتَ أن تَعرِفَ طَبعَ الرجلِ فاستشِرهُ، فإنّكَ تَقِفُ مِن مَشورَتِهِ علىٰ عَدلِهِ وجَوْرِه، وخَيرِه وشَرِّه.

(۱۴) جب بھی تم کسی انسان کی طبیعت پر کھنا چاہو تو اس سے مشورہ طلب کرو اور یقیناً تم اسی مشورے کے ذریعے اس کا انصاف، ظلم، نیکی اور بدی سب کچھ جان لوگے۔

۱٥ ـ إذا استَشارَكَ عَدوُّكَ فَجَرِّد لَهُ النَصيحةَ، لأنَّه باستِشارَتِكَ قَد خَرَجَ مِن عَداوَتِكَ، ودَخَلَ في مَودَّتِك.

(۱۵) جب تم سے تمہارا دشمن کوئی مشورہ مانگے تو تم اسے خالص مشورہ دو کیونکہ وہ اس مشورہ طلبی کے ذریعے تمہاری دشمنی سے نکل کر دوستی کی حدوں میں داخل ہو گیا ہے۔

١٦ ـ إستشارَةُ الأعداء مِن بابِ الخِذلان.

(۱۶) دشمن سے مشورہ کرنا بے عزتی ہے۔

۱۷ ـ ما حارَ مَنِ استخارَ، ولا نَدمَ مَنِ استشار.

(۱۷) جو استخارہ کرے گا وہ کبھی حیران نہیں ہو گا اور جو مشورہ کرے گا وہ کبھی نادم نہیں ہو گا۔

۱۸ ـ لا تُدخِلَنَّ في مَشورَتِكَ بَخيلاً يَعدِلُ بِك عَنِ الفَضلِ، وَيَعِدُكَ الفَقرَ، ولا جَباناً يُضعِفُكَ عَنِ الأُمورِ، ولا حَريصاً يُزَيِّنُ لَكَ الشَرَّهَ بالجَوْرِ، فَإنَّ البُخلَ والجُبنَ والحِرصَ غَرائِزُ شَتّىٰ يَجمَعُها سُوءُ الظَنِّ باللهِ.

(۱۸) اپنے مشورہ میں بخیل کو شامل نہ کرنا کہ وہ تم کو فضیلت سے دور کر کے تمھیں فقیری سے ڈرائے گا اور نہ ہی اپنے مشورہ میں کسی بزدل کو شامل کرنا کہ وہ تمھیں امور کے مقابلہ میں کمزور کر دے گا اور نہ کسی لالچی کو کہ وہ تمہارے لئے جور سے لالچ کو اچھا کر دے گا کیونکہ بلاشبہ کنجوسی، بزدلی اور لالچ مختلف غرائز ہیں جنھیں اللہ سے سوء ظن یکجا کر دیتا ہے۔

١٩ ـ ثَلاثٌ مَن كنَّ فِيهِ لم يَندَم: تركُ العَجلة، والمَشورةُ، والتَّوكّلُ على اللهِ عندَ العَزم.

(۱۹) تین چیزیں جس کے اندر ہوں گی وہ کبھی نادم نہیں ہو گا: ترک عجلت، مشورت اور کسی کام کے عزم کے وقت اللہ پر بھروسہ۔

٢٠ ـ المُشاوَرَةُ راحَةٌ لَكَ وتَعَبٌ لِغيرِك.

(۲۰) مشورہ لینا تمہارے لئے راحت و آرام اور دوسرے کے لئے مشقت و پریشانی ہے۔

٢١ ـ المَشوِرَةُ تَجلِبُ لك صَوابَ غَيرِك.

(۲۱) مشورہ تمہیں دوسرے کی درستگی عطا کرتا ہے۔

٢٢ ـ المُستَشيرُ مُتَحَصِّنٌ مِن السَّقَط.

(۲۲) مشورہ کر لینے والا لغزشوں سے محفوظ رہتا ہے۔

٢٣ ـ إذا عَزَمتَ فاستَشِر.

(۲۳) جب (کسی کام کا) عزم کرو تو مشورہ کر لو۔

٢٤ ـ آفَةُ المُشاوَرَة انتقاضُ الآراء.

(۲۴) مشورہ کی آفت، نقض آراء ہے۔

٢٥ ـ أفضلُ مَن شاوَرتَ ذُو التَّجارب، وشرُّ مَن قارنتَ ذُو المعائب.

(۲۵) تم نے جس سے مشورہ طلب کیا ان میں سب سے بہتر تجربہ کار ہے اور تم سے قریب رہنے والوں میں سب سے زیادہ برا وہ ہے جو عیوب والا ہو۔

٢٦ ـ أفضلُ الناسِ رأياً مَن لا يَستغني عن رأي مُشيرٍ.

(۲۶) لوگوں میں سب سے بہترین رائے اس کی ہے جو مشورہ دینے والے کی رائے سے بے نیاز نہیں ہوتا۔

٢٧ ـ استَشِر عَدوَّك العاقِلَ، واحذَرْ رأيَ صديقِكَ الجاهل.

(۲۷) اپنے عاقل دشمن سے مشورہ کر لو مگر اپنے جاہل دشمن کی رائے سے دور رہو۔

٢٨ ـ حَقٌّ على العاقِلِ أن يُضيفَ إلى رَأيه رَأيَ العُقلاء، ويَضُمَّ إلى عِلمِهِ عُلومَ الحُكَماء.

(۲۸) عاقل کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنی رائے میں عقلاء کے آراء بھی شامل کر لے اور اپنے علم میں حکماء کے علوم بھی ملا لے۔

٢٩ ـ جِماعُ الخيرِ في المُشاوَرَة والأخذُ بقولِ النَّصيح.

(۲۹) نیکی کا اجتماع مشورہ اور ناصح کی بات ماننے میں ہے۔

٣٠ ـ جَهلُ المُشيرِ هَلاكُ المُستَشير.

(۳۰) مشورہ دینے والے کی جہالت، مشورہ لینے والے کی ہلاکت ہے۔

٣١ ـ شاوِر قَبلَ أَن تَعزِمَ، وَفَكِّر قَبلَ أن تَقدِم.

(۳۱) عزم سے پہلے مشورہ کر لو اور آگے بڑھنے سے پہلے سوچ لو

٣٢ ـ ظُلمُ المُستَشيرِ ظُلمٌ وخيانَةٌ.

(۳۲) مشورہ مانگنے والے پر ظلم، ظلم و خیانت ہے۔

٣٣ ـ عَلَى المُشيرِ الاِجتهادُ في الرَّأيِ، وليسَ عليهِ ضَمانُ النُّجح.

(۳۳) مشورہ دینے والے کے لئے رائے زنی میں محنت و کوشش ضروری ہے مگر اس کے پاس کامیابی کی ضمانت نہیں ہے

٣٤ ـ لا تُشاور عَدُوَّك، واستُرهُ خَبَرَك.

(۳۴) اپنے دشمن سے مشورہ نہ کرو اور اپنی باتیں اس سے پوشیدہ رکھو۔

٣٥ ـ ما استَنبَطَ الصوابُ بِمثلِ المُشاوَرَة.

(۳۵) مشورہ سے حد درجہ درستگی وجود میں آتی ہے۔

٣٦ ـ مَن نَصَحَ مُستَشيرَهُ صَلُحَ تدبيرُه.

(۳۶) جو مشورہ مانگنے والے کی نصیحت کرتا ہے اس کی تدبیر صالح ہوتی ہے۔

٣٧ ـ مَن غَشَّ مُستشيرُهُ سُلِبَ تدبيرُه.

(۳۷) جو مشورہ مانگنے والے کو دھوکا دیتا ہے اس کی تدبیر سلب کر لی جاتی ہے۔

٣٨ ـ مَن خالَفَ المَشورَةَ ارتَبَك.

(۳۸) جو مشورے کے خلاف کام کرتا ہے وہ پھنس جاتا ہے۔

٣٩ ـ مَن ضَلَّ مُشيرُهُ بَطَلَ تدبيرُه.

(۳۹) جس کا مشورہ دینے والا گمراہ ہو جاتا ہے اس کی تدبیریں برباد ہو جاتی ہیں۔

[ ١٩٤ ]

# المُصِيبَة = مصیبت

١ ـ مَن عَظَّمَ صِغارَ المَصائِب أبتَلاهُ الله بِكِبارِها.

(۱) جو چھوٹی چھوٹی مصیبتوں کو بڑھاتا ہے اللہ اسے بڑی بڑی مصیبتوں میں مبتلا کر دیتا ہے۔

٢ ـ مَن زهَدَ في الدُّنيا استَهانَ بالمُصيبات.

(۲) جو دنیا میں زہد اختیار کرتا ہے وہ تمام مصیبتوں کو ہلکا سمجھتا ہے۔

٣ ـ يَنزِلُ الصَّبرُ علَى قَدرِ المُصيبَة وَمَن ضَرَبَ يَدهُ على فَخِذِه عِندَ مُصيبَةٍ حَبِطَ عَمَلُه.

(۳) صبر، مصیبت کی مقدار ہی میں ملتا ہے اور جو اپنی مصیبت کے وقت اپنے زانو پر ہاتھ مارتا ہے اس کا عمل برباد ہو جاتا ہے۔

٤ ـ مَن أصبَحَ يَشكو مُصيبَةً نَزَلَت به فقَد أصبَحَ يَشكُو رَبَّه.

(۴) جو اپنے اوپر نازل ہونے والی مصیبت کا شکوہ کرتا ہے وہ اپنے پروردگار کا شکوہ کرتا ہے۔

٥ ـ إنّ مِن كُنوزِ البِرِّ الصَّبرَ على الرَّزايا وكِتمانَ المَصائِب.

(۵) بلا شبہ نیکی کے خزانوں میں بلاؤں پر صبر کرنا اور مصیبت کو چھپانا ہے۔

٦ ـ الصَّبرُ على المُصيبَةِ مُصيبَةٌ على الشامِتِ بِها.

(۶) مصیبت پر صبر کرنا اس کا طعنہ دینے والے کے لئے مصیبت ہے۔

٧ ـ التَّعزِيَةُ بَعدَ ثَلاثٍ تَجديدٌ للمُصيبَة.

(۷) تین دن بعد تعزیت دینا تجدید مصیبت ہے۔

٨ ـ مَن عَظُمَت عليه مُصيبَةٌ فليَذكُرِ المَوتَ، فإنّها تَهونُ عليه، ومَن ضاقَ به أمرٌ فليَذكُرِ القَبرَ فإنّه يتَّسِع.

(۸) جس کی مصیبت بڑھ جائے اسے موت کو یاد کرنا چاہیے اس طرح وہ مصیبت اس کے لئے ہلکی ہو جائے گی اور جس کا کوئی کام تنگی میں ہو تو وہ قبر کو یاد کرے تو اس کا وہ کام کشادہ ہو جائے گا۔

٩ ـ أربَعَةٌ تَدعو إلى الجَنّة: كِتمانُ المُصيبَةِ، وكِتمانُ الصَّدَقَةِ، وبِرُّ الوالِدَين، والإكثارُ من قَولِ: لا إله إلّا الله.

(۹) چار چیزیں جنت کی طرف بلاتی ہیں: مصیبت چھپانا، صدقہ پوشیدہ رکھنا، والدین کے ساتھ نیکی کرنا اور "لا الہ الا اللہ" زیادہ کہنا۔

۱۰ ـ قيل له ﷺ: فأيُّ المَصائِبِ أَشَدّ؟ قال ﷺ: المُصيبَة في الدِّين.

(۱۰) آپ سے پوچھا گیا "کون سی مصیبت سب سے زیادہ سخت ہے؟" تو آپ نے فرمایا "دین میں مصیبت۔"

۱۱ ـ الثوابُ عِندَ اللهِ تعالى عَلى قَدرِ المُصِيبَة.

(۱۱) اللہ کے پاس مصیبت کے جتنا ہی ثواب ہے۔

۱۲ ـ إذا تباعَدَتِ المُصيبَةُ قَرُبَتِ السَّلوَة.

(۱۲) جب مصیبت دور ہوتی ہے تو عیش و عشرت قریب آجاتا ہے۔

۱۳ ـ تَنزِلُ المَثوبَةُ على قَدَرِ المُصيبَة.

(۱۳) ثواب مصیبت کے جتنا ہی ملتا ہے۔

۱٤ ـ عِندَ نُزولِ المَصائِبِ وتَعاقُبِ النَّـوائِبِ تَظهَرُ فَضيلَةُ الصَّبر.

(۱۴) مصائب اور پے در پے بلاؤں کے وقت صبر کی فضیلت عیاں ہوتی ہے۔

۱۵ ـ مِن أعظَمِ مَصائِبِ الأخيارِ حاجَتُهُم إلى مُداراةِ الأَشرار.

(۱۵) نیکو کاروں کی سب سے بڑی مصیبت یہ ہے کہ انھیں بد کرداروں کی مدارات کی ضرورت پڑ جائے۔

[ ۱۹۵ ]

# المعاد = قیامت

١ ـ اعمَلُوا لِيومٍ تُذْخَرُ لَهُ الذَّخائِرُ وتُبلىٰ فيه السَّرائِر.

٢ ـ فإنّ تقوى اللهِ مفتاحُ سَدادٍ، وذخيرةُ مَعادٍ وعِتقٌ مِن كُلِّ مَلَكَةٍ ونجاةٌ مِن كلِّ هَلَكةٍ.

٣ ـ واعلَمُوا عبادَ الله أنّ المُتّقين ذَهبُوا بعاجِلِ الدُّنيا وآجِلِ الآخِرَة.

٤ ـ ومِن الفَسادِ إضاعَةُ الزّاد ومَفْسَدةُ المَعاد، ولكلِّ أمرٍ عاقِبَةٌ سوف يَأتِيك ما قُدِّرَ لك.

٥ ـ [ يا بُنيّ اعلم ] أنّ الدنيا لم تَكن لِتَستَقِرَّ إلّا عَلى ما جَعَلَها اللهُ عليه مِنَ النَّعماءِ والإبتلاءِ والجزاءِ في المعاد أو ما شاءَ ممّا لا تَعلَم، فإن أشكَلَ عليك شيءٌ مِن ذلِك فاحمِلهُ على جَهالَتِكَ به، فإنّك أوّلُ ما خُلِقتَ جاهلاً ثُمّ عَلِمتَ.

٦ ـ [ قال في أوصاف حزبُ الله: ] في معشرٍ أسهَرَ عُيونَهُم خَوفُ مَعادِهم وتَجافَتْ عن مَضاجِعِهم جُنوبُهُم وهَمْهَمَتْ بذكرِ رَبِّهم شِفاهُهُم وتَقَشَّعَتْ بِطولِ استغفارِهم ذُنُوبُهُم، اولئك حِزبُ اللهِ، ألا إنّ حِزبَ اللهِ هُمُ الغالِبون.

(۱) اس دن کے لئے عمل کرو جس دن کے لئے ذخیرہ کیا جاتا ہے اور جس دن اسرار سے پردہ اٹھ جائے گا۔

(۲) بلا شبہ اللہ کا تقوی کلید استحکام ہے اور معاد کا ذخیرہ ہر غلامی سے آزادی اور ہر طرح کی ہلاکت سے نجات ہے۔

(۳) جان لو اے بندگان خدا کہ متقیوں نے دنیا و آخرت دونوں کا فائدہ اٹھایا۔

(۴) زادراہ کی تضیع اور فساد معاد، خرابی ہے اور ہر کام کا ایک نتیجہ ہوتا ہے اور جو تمہاری تقدیر میں ہوگا وہ عنقریب آنے والا ہے۔

(۵) اے میرے بیٹے جان لو کہ دنیا صرف اللہ کی طرف سے قرار دی گئی بلاؤں، نعمتوں اور معاد میں جزا کے ستونوں پر پائیدار ہے یا ایسی چیزوں پر، جسے خدا چاہتا ہے مگر تم نہیں جانتے لہذا اگر ان میں تمہارے لئے کوئی مشکل کھڑی ہو جائے تو اسے اپنی جہالت پر محمول کرو کیونکہ تم سب سے پہلے جب پیدا کئے گئے تو جاہل تھے پھر تم نے علم حاصل کیا۔

(۶) گروہ خدا (حزب اللہ) کی توصیف میں فرمایا "ان کی آنکھوں کو قیامت کے خوف نے جگار کھا ہے وہ آرام گاہوں میں پہلو نہیں ٹکاتے، ان کے ہونٹ ہمیشہ اپنے پروردگار کی یاد میں زمزمہ ریز رہتے ہیں ان کے گناہ استغفار میں مداومت کی وجہ سے جھڑ چکے ہوتے ہیں یہ حزب اللہ ہیں اور آگاہ ہو جاؤ کہ حزب اللہ ہی غالب ہونے والے ہیں۔"

٧ ـ طوبىٰ لِمَن ذَكَرَ المَعادَ وعَـمِلَ لِـلحسابِ وقَنِعَ بِالكفَافِ وَ رضِيَ عَنِ الله.

(۷) خوشحالی ہے اس کے لئے جس نے قیامت کو یاد رکھا حساب کے لئے عمل کیا ضرورت بھر سے قانع رہا اور اللہ تعالیٰ سے راضی رہا

٨ ـ بِئْسَ الزّادُ إلى المَعادِ العُدوانُ عَلَى العِباد.

(۸) سفر قیامت کے لئے بد ترین زادراہ بندوں پر ظلم کرنا ہے۔

٩ ـ أفضلُ الناسِ عقلاً أحسَنُهُم تَقديراً لِمعاشِهِ و أشَدُّهُم اهتِماماً بِاصلاحِ مَعادِه.

(۹) عقلی اعتبار سے لوگوں میں سب سے افضل وہ ہے جسے اپنی معاش کا سب سے زیادہ اندازہ ہو اور جو ان میں اپنی باز گشت (قیامت) کے لئے سب سے زیادہ اہتمام کرنے والا ہو۔

١٠ ـ إنّ مِن الشَقاء إفسادُ المَعاد.

(۱۰) بلاشبہ یہ بد بختی ہے کہ آدمی اپنی باز گشت (معاد) کے امور کو خراب کر ڈالے۔

١١ ـ خَيرُ الإستعداد ما أصلَحَ المعاد.

(۱۱) بہترین استعداد وہ ہے جو معاد کی اصلاح کرے۔

١٢ ـ دَعُوا طاعَةَ البَغيِ و الفِساد، و اسلُكُوا سَبيلَ الطاعَةِ و الإنقيادِ تَسعَدُوا فِي المعاد.

(۱۲) ظلم و فساد کی اطاعت چھوڑ دو اور اطاعت و پیروی کے راستے پر لگ جاؤ تو معاد میں کامیاب رہو گے۔

١٣ ـ مَن أخلَصَ لله استَظهَرَ لِمعاشِهِ و مَعادِه.

(۱۳) جو اللہ کے لئے اخلاص کرتا ہے تو اللہ اس کے معاشی حالات اور اخروی امور میں اس کی پشت پناہی کرتا ہے۔

١٤ ـ مَن أصلَحَ المعادَ ظَفِرَ بِالسَّداد.

(۱۴) جس نے اپنے اخروی امور کی اصلاح کر لی اس نے درست عمل کے ساتھ کامیابی حاصل کر لی۔

١٥ ـ مَن أيقَنَ بِالمعادِ استَكثَرَ مِن الزاد.

(۱۵) جو قیامت کا یقین رکھتا ہو گا وہ زیادہ زادراہ جٹائے گا۔

١٦ ـ ليس بِمؤمنٍ مَن لم يَهتَمَّ باصلاحِ مَعادِه.

(۱۶) وہ مومن نہیں جو اپنی معاد کی اصلاح کے لئے اہتمام نہ کرتا ہو

[١٩٦]

# المَعرِفَة = معرفت

١ ـ عَرَفتُ اللهَ سُبحانَه بِفَسخِ العَزائِمِ وَحَلِّ العُقودِ ونَقضِ الهِمَم.

(۱) میں نے اللہ کو ارادوں کے ختم ہو جانے، عہد و پیمان کے ٹوٹ جانے اور ہمتیں ہار جانے کے ذریعے پہچانا۔

٢ ـ أوّلُ الدِّينِ مَعرِفَتُه و كَمالُ مَعرِفَتِهِ التصديقُ به.

(۲) اول دین اس کی معرفت ہے اور کمال معرفت اس کی تصدیق ہے۔

٣ ـ رأسُ الأمرِ مَعرِفَةُ اللهَ تعالى، وَعَمودُهُ طاعَةُ اللهِ عزَّوجَلّ.

(۳) تمام کاموں میں سرفہرست اللہ کی معرفت ہے اور اس کا ستون اطاعت خدا ہے۔

٤ ـ مَن عَرَفَ نَفسَه فقد عَرَفَ رَبَّه.

(۴) جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا بلاشبہ اس نے اپنے پروردگار کو پہچان لیا۔

٥ ـ مَن عَجَزَ عَن مَعرِفَةِ نَفسِهِ فَهُوَ عَن مَعرِفَةِ خَالِقِه أعجَز.

(۵) جو اپنے نفس کی معرفت سے عاجز رہا تو وہ اپنے پروردگار کی معرفت سے اس سے زیادہ عاجز ہو گا۔

٦ ـ ما مِن حَرَكَةٍ إلّا وأنتَ تَحتَاجُ فيها إلى المَعرِفَة.

(۶) کوئی ایسی حرکت نہیں جس کے لئے تم معرفت کے محتاج نہ ہو۔

٧ ـ العَارِفُ وَجهُهُ مُستَبشِرٌ مُتَبَسِّمٌ، و قَلبُهُ وَجِلٌ مَحزُونٌ.

(۷) عارف کا چہرہ ہشاش بشاش اور مسکراتا ہوا ہوتا ہے جبکہ اس کا دل خائف اور محزون ہوتا ہے۔

٨ ـ العارِفُ مَن عَرَفَ نَفسَهُ فأعتَقَها ونَزَّهَها عَن كُلِّ ما يُبعِدُها وَيُوبِقُها.

(۸) عارف وہ ہے جس نے اپنے نفس کو پہچان کر اسے (خواہشوں کی غلامی سے) آزاد کر دیا اور اسے ہر اس شئے سے دور کر دیا جو اسے اللہ سے دور کرتی ہو اور اس کی تباہی کا باعث ہو۔

٩ ـ المَعرِفَةُ نُورُ القَلب.

(۹) معرفت، دل کا نور ہے۔

١٠ ـ ثَمَرَةُ العِلمِ مَعرِفَةُ الله.

(۱۰) علم کا ثمرہ اللہ کی معرفت ہے۔

١١ ـ رُبَّ مَعرِفَةٍ أدَّت إلىٰ تَضليلٍ.

(۱۱) بہت سی معرفتیں گمراہیوں کی طرف لے جاتی ہیں۔

۱۲ ـ غايَةُ المَعرِفَةِ أن يَعرِفَ المَرءُ نَفسَه.

(۱۲) معرفت کی انتہا یہ ہے کہ انسان اپنے آپ کو پہچان لے۔

۱۳ ـ كُلُّ عارِفٍ مَهمومٌ.

(۱۳) ہر عارف (خداشناس) غم زدہ ہوتا ہے۔

۱٤ ـ لِقاءُ أهلِ المَعرِفَةِ عِمارَةُ القُلوبِ، ومُستَفادُ الحِكمَةِ.

(۱۴) اہل معرفت سے ملاقات دلوں کی تعمیر اور قابل استفادہ حکمت ہے۔

۱٥ ـ مَن لَم يَعرِفِ الخَيرَ مِنَ الشَّرِّ فَهوَ مِنَ البَهائم.

(۱۵) جو برائی میں سے اچھائی نہ پہچان لے وہ چوپایا ہے۔

١٦ ـ مَن أعتَمَدَ عَلىٰ الرَّأيِ والقِياسِ فِي مَعرِفَةِ اللهِ ضَلَّ وتَصَعَّبَت عَلَيهِ الاُمُور.

(۱۶) جو اللہ کی معرفت کے سلسلے میں ذاتی رائے اور قیاس آرائیوں پر بھروسہ کرتا ہے وہ گمراہ ہو جاتا ہے اور تمام امور اس کے لئے سخت ہو جاتے ہیں۔

۱۷ ـ مَن صَحَّت مَعرِفَتُه، انصَرَفَت عَنِ العالَمِ الفانِي نَفسُهُ وهِمَّتُه.

(۱۷) جس کی معرفت صحیح ہو جاتی ہے اس کی ہمت و طبیعت فانی دنیا سے ہٹ جاتی ہے۔

۱۸ ـ يَسيرُ المَعرِفَةِ يُوجِبُ الزُّهدَ فِي الدُّنيا.

(۱۸) تھوڑی سی معرفت بھی دنیا میں زہد کا باعث ہو جاتی ہے۔

۱۹ ـ لا تَزهَدَنَّ فِي شَيءٍ حَتّىٰ تَعرِفَه.

(۱۹) کسی چیز میں اس وقت تک ہر گز دلچسپی نہ لینا جب تک تم اسی پہچان نہ لو۔

۲۰ ـ أفضَلُ الحِكمَةِ مَعرِفَةُ الإنسانِ نَفسَهُ، ووُقُوفُه عِند قَدرِه.

(۲۰) برترین معرفت یہ ہے کہ آدمی خود کو پہچان لے اور اپنی قدر و منزلت سے واقف ہو جائے۔

[ ۱۹۷ ]

# المَعْروف = نیکی واحسان

١ ـ لا يُزَهِّدَنَّكَ في المَعرُوفِ مَن لا يَشكُرُهُ لكَ، فَقَد يَشكُرُكَ عَليهِ مَن لا يَستَمتِعُ بشَيءٍ مِنهُ، وقَد تُدرِكُ مِن شُكرِ الشّاكِرِ أكثَرَ ممّا أضَاعَ الكافِرِ ﴿ والله يُحِبُّ المُحسِنين ﴾.

(۱) تمہاری نیکی کا شکر ادا نہ کرنے والا تمھیں ہرگز نیکی کرنے سے دور نہ کرنے پائے کیونکہ تمہاری اس نیکی کے لئے وہ (خدا) تمہارا شکرگزار ہے جس نے تمہاری نیکی سے کچھ فائدہ حاصل نہیں کیا اور بلاشبہ تم اس شکر گزار کے شکر سے اتنا کچھ پا جاتے ہو جو اس ناشکرے کی ضائع کی ہوئی اشیاء سے کہیں زیادہ ہوتا ہے اور اللہ تو احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

٢ ـ إذا بَخِلَ الغَنيُّ بمَعروفِه باعَ الفَقيرُ آخِرَتَهُ بدُنياه.

(۲) جب بھی تونگر، عطا و نیکی میں کنجوسی کرتا ہے فقیر اپنی آخرت، دنیا کے عوض بیچ ڈالتا ہے۔

٣ ـ المَعرُوفُ أفضَلُ الكُنوزِ وأحصَنُ الحُصون.

(۳) عطا و بخشش برترین خزانہ اور محفوظ ترین قلعہ ہے۔

٤ ـ بَذلُ المَجهُودِ زِينَةُ المَعروف.

(۴) نادار کی بخشش، عطیات کی زینت ہے۔

٥ ـ مَن وَضَعَ مَعرُوفاً في غَيرِ مَوضِعِه عادَ عَليهِ وَبالاً.

(۵) جو نیکی کو بے محل انجام دیتا ہے اس کے لئے نیکی وبال جان بن جاتی ہے۔

٦ ـ الكَريمُ لا يَقبَلُ على مَعروفِه ثَمَناً.

(۶) بزرگوار کبھی اپنے احسان کی قیمت نہیں قبول کرتا۔

٧ ـ المَعروفُ زَكاةُ النِّعَم.

(۷) احسان، نعمتوں کی زکات ہے۔

٨ ـ أوّلُ المَعروفِ مُستَخَفٌ، وآخِرُهُ مُستَثقَلٌ، تَكادُ أوائِلُهُ تَكونُ للهَوى دونَ الرَّأي، وأواخِرُهُ للرَّأي دُونَ الهَوى، ولذلك قيل: رَبُّ الصَّنيعَةِ أشَدُّ مِن الابْتِداءِ بِها.

(۸) نیکی کا آغاز سخت ہوتا ہے مگر انجام سنگین اور باوزن ہوتا ہے ممکن ہے اس کی شروعات رائے کے بغیر ہو مگر آخرکار اس میں غور و فکر بھی شامل ہو جائے اور خواہش کا دخل نہ رہے اسی لئے کہا گیا ہے کہ "نیکی کی پرورش اس کی شروعات سے زیادہ سخت ہے۔"

٩ ـ مَن يُسلِفِ المَعروفَ يَكُن رِبحُهُ الحَمد.

(۹) جو نیکی واحسان چھوڑ جاتا ہے اس کا فائدہ ستائش و تعریف ہوتا ہے۔

١٠ ـ لا تَزهَدَنَّ في معروف، فإنَّ الدَّهـرَ ذو صُرُوفٍ، كَم مِن راغِبٍ أصبَحَ مَرغوباً إليـه، ومَتبوعٍ أمسىٰ تابِعاً.

١١ ـ أحيِ المعروفَ بإماتَتِه.

١٢ ـ النِّعَمُ وَحشِيَّةٌ فَقَيِّدُوها بالمَعرُوف.

١٣ ـ المَعروفُ كَنزٌ، فانظُر عِندَ مَن تُودِعُه.

١٤ ـ ينبغي للعاقِلِ أن يَمنَع مَعُروفَهُ الجـاهِلَ واللَّئِيمَ والسَّفيه؛ أمّـا الجـاهِلُ فـلا يَـعرِفُ المَعرُوفَ ولا يَشكُرُ عليه، وأمّا اللئيمُ فَأَرضٌ سَبِخَةٌ لا تُنبِتُ، وأمّـا السَّـفيهُ فـيَقول: إنّمـا أعطاني فَرَقاً من لِساني.

١٥ ـ المَعروفُ غُلٌّ لا يَفُكُّهُ إلّا شُكرٌ أو مُكافَأَةٌ.

١٦ ـ صَنائِعُ المَعرُوفِ تَدفَعُ مِيتَةَ السُّوءِ، وتَقي مَصارِعَ الهُون.

١٧ ـ لَيسَ مِنَ الشُّكرِ لِواضِعِ المَعروفِ عِندَ غَيرِ أهلِه إلّا مَحمَدَة اللِّـئام وَثَـناءِ الجُـهّالِ، فإنْ زَلَّت بِصاحِبِه النَّعلُ فَشَرُّ خـدِين وألأَم خَليل.

١٨ ـ أهلُ المَعروفِ إلى اصطِناعِه أحوَجُ مِن أهلِ الحاجَةِ إليه، لأنَّ لَهُم أجرَهُ وذِكرَهُ وفَخرَهُ، فَمَهما اصطَنَعَ الرَّجُلُ مِن مَعروفٍ فـإنّما يَـبدَأُ بنَفسِه، فلا يَطلُبَنَّ شُكرَ ما صَنَعَ إلى نَفسِه مِن غَيرِه.

(۱۰) نیکی و احسان سے ہرگز کنارہ کشی اختیار نہ کرنا کیونکہ زمانہ بدلتا رہتا ہے کتنے ایسے راغب ہیں جو صبح ہوتے ہی دوسروں کی توجہ کا مرکز بن جاتے ہیں اور کتنے ایسے رہنما ہیں جو شام ہوتے ہی پیرو کار بن جاتے ہیں۔

(۱۱) نیکی واحسان کو مار کر (یعنی چھپا کر) زندہ کرو۔

(۱۲) نعمتیں وحشی ہیں انھیں نیکی واحسان کے ذریعہ قید رکھو۔

(۱۳) احسان خزانہ ہے لہذا غور کر لیا کرو کہ کس کے پاس رکھ رہے ہو

(۱۴) عاقل کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنی نیکی واحسان سے جاہل، لئیم اور بے وقوف کو دور رکھے کیونکہ جاہل نہ تو احسان جانتا ہے اور نہ ہی اس کا شکر گزار ہوتا ہے اور لئیم تو شورہ زار زمین ہے جس پر پودا اگتا ہی نہیں اور بے وقوف تو یہ کہے گا "اس نے مجھے صرف میری زبان کے ڈر سے دیا ہے۔"

(۱۵) احسان ایسی زنجیر ہے جسے شکر یا مکافات ہی کھول سکتا ہے۔

(۱۶) احسان کی نیکیاں بری موت کو دور بھگاتی ہیں اور ذلت کے گڑھوں سے بچائے رکھتی ہیں۔

(۱۷) بے محل احسان کرنے والے کے لئے بطور شکریہ صرف لئیموں اور جاہلوں کی تعریف و ستائش ہوتی ہے اور جب اس کے قدم لڑکھڑاتے ہیں تو یہ لوگ بدترین دوست اور قابل مذمت احباب ہوتے ہیں۔

(۱۸) نیکو کار افراد احسان کرنے کے لئے ضرورت مند سے زیادہ محتاج ہیں کیونکہ اس احسان کی یاد، اجر اور فخر انھیں کے حصہ میں آتا ہے لہذا کوئی آدمی کتنا بھی احسان کرتا ہو وہ خود پر ہی احسان کرتا ہے لہذا اسے ہرگز ایسی چیز کے لئے دوسروں سے شکریہ طلب نہیں کرنا چاہیے جسے خود اس نے اپنے لئے انجام دیا ہو۔

١٩ ـ لا تَستَصغِر شَيئاً مِنَ المَعروفِ قَدَرتَ على اَصطِنَاعِه، إيثاراً لِمَا هو أكثَرُ مِنهُ، فإنّ اليَسيرَ في حالِ الحاجَةِ إليه أنفعُ مِنَ الكَثيرِ في حالِ الغِنى عَنه.

(۱۹) کسی ایسی نیکی کو کبھی حقیر نہ سمجھنا جس کی انجام دہی پہ تم قادر ہو یہ سوچ کر کہ آیندہ اس سے بڑی نیکی انجام دوں گا کیونکہ ضرورت کے وقت تھوڑی سی چیز، بے نیازی کے عالم میں ڈھیر ساری اشیاء سے زیادہ مفید ہوتی ہے۔

٢٠ ـ المَعروفُ أفضَلُ الكَنزَين.

(۲۰) احسان دونوں خزانوں میں افضل ہے۔

٢١ ـ المَعروفُ ذَخيرَةُ الأبَد.

(۲۱) احسان ابدی ذخیرہ ہے۔

٢٢ ـ المَعروفُ أفضَلُ المَغانِم.

(۲۲) احسان سب سے افضل فائدہ ہے۔

٢٣ ـ إذا صُنِعَ إليكَ مَعروفٌ فانشُرهُ.

(۲۳) جب تمہارے ساتھ احسان کیا جائے تو اسے پھیلاؤ۔

٢٤ ـ إذا صَنَعتَ مَعروفاً فَاستُرهُ.

(۲۴) جب تم احسان کرو تو اسے پوشیدہ رکھو۔

٢٥ ـ جَمالُ المَعروفِ إتمامُه.

(۲۵) احسان کی خوبصورتی اس کی تکمیل میں ہے۔

٢٦ ـ خَيرُ المَعروفِ ما اُصيبَ به الأبرار.

(۲۶) بہترین نیکی وہ ہے جو نیکو کار تک پہنچ جائے۔

٢٧ ـ صاحِبُ المَعروفِ لا يَعثَرُ، وإذا عَثَرَ وجَدَ متَّكَأً.

(۲۷) نیکو کار کبھی نہیں لڑکھڑاتا اور اگر وہ لڑکھڑا بھی جائے تو اسے سہارا مل جاتا ہے۔

٢٨ ـ صَنائِعُ المَعروفِ تُدِرُّ النَّعماءَ، وتَدفَعُ البَلاء.

(۲۸) نیکیوں کی انجام دہی نعمتوں کو زیادہ اور بلاؤں کو رفع کر دیتی ہے۔

٢٩ ـ كَثرَةُ اَصطِناعِ المَعروفِ تَزيدُ في العُمرِ، وتُنشِرُ الذِكر.

(۲۹) بکثرت احسان کرنا عمر کو بڑھاتا ہے اور انسان کے ذکر میں اضافہ کرتا ہے۔

٣٠ ـ لا خَيرَ في المَعروفِ إلى غَيرِ عَروفٍ.

(۳۰) قدر ناشناس کے ساتھ احسان میں کوئی نیکی نہیں۔

٣١ ـ مَن بَذَلَ مَعروفَهُ مالَت إليه القُلوب.

(۳۱) جو اپنے احسانات سے نوازتا ہے اس کی طرف لوگوں کے دل مائل ہو جاتے ہیں۔

٣٢ ـ مَن قَبِلَ مَعروفك فَقَد باعَكَ عِزَّتَهُ ومُرُوَّتَه.

(۳۲) جس نے تمہارے احسان کو قبول کر لیا اس نے اپنی عزت و مروت تمہارے ہاتھوں فروخت کر دیا۔

[۱۹۸]

# المَعصِيَة = نافرمانی

١ ـ إتَّقوا مَعاصِيَ اللهِ في الخَلَواتِ، فإنّ الشّاهِدَ هُوَ الحاكِم.

(۱) خلوتوں میں اللہ کی نافرمانیوں سے ڈرو کیونکہ جو (ان خلوتوں میں تمہارا) شاہد ہے وہی فیصلہ بھی کرنے والا ہے۔

٢ ـ إحذَر أن يَراكَ اللهُ عِندَ مَعصِيَتِه، ويَفقِدَك عِندَ طاعَتِه، فتكونَ مِنَ الخاسِرين، وإذا قَوِيتَ فاقْوَ على طاعَةِ الله، وإذا ضَعُفتَ فاضعُف عَن مَعصِيَةِ الله.

(۲) ڈرو کہ خدا تمھیں اپنی نافرمانی کے وقت تو دیکھے مگر اطاعت کے موقع پر نہ پائے اس طرح تم گھاٹا اٹھانے والوں میں سے ہو جاؤ گے اور اگر قوی ہو گئے تو اللہ کی اطاعت کے لئے قوی ہو جاؤ اور اگر تم ضعیف ہو گئے ہو تو اللہ کی معصیت کے لئے ضعیف ہو جاؤ۔

٣ ـ لا طاعَةَ لِمَخلُوقٍ في مَعصِيَةِ الخالِق.

(۳) کسی مخلوق کی اطاعت خالق کی نافرمانی کے لئے ممکن نہیں۔

٤ ـ أقَلُّ ما يُلزِمُكُم لله ألاّ تَستَعِينُوا بنِعَمِهِ على مَعاصِيه.

(۴) کم از کم اللہ نے تمہارے اوپر یہ لازم قرار دیا ہے کہ تم اس کی نعمتوں کو اس کی نافرمانی کے لئے مددگار نہ بناؤ۔

٥ ـ يابنَ آدَم، إذا رأيتَ ربَّك سُبحانه يُتابِعُ عَلَيكَ نِعَمَهُ وأنتَ تَعصِيهِ فاحذَره.

(۵) اے ابن آدم !! اگر تم یہ دیکھو کہ تمہارا پروردگار تم پر پے در پے نعمتیں نازل کئے جا رہا ہے اور تم اس کی معصیت کرتے جا رہے ہو تو اس سے ڈرو۔

٦ ـ قالَ لِإبنه الحسن ﷺ : لا تُخَلِّفَنَّ وراءَك شَيئاً مِنَ الدُّنيا، فإنّك تُخَلِّفُهُ لأحَدِ رَجُلَين: إمّا رَجُلٍ عَمِلَ فيه بِطاعَةِ اللهِ فسَعِدَ بما شَقِيتَ بهِ، وإمّا رجُلٍ عَمِلَ فيه بمَعصِيَةِ الله فشَقِيَ بما جَمَعتَ له، فكُنتَ عَوناً له على مَعصِيَتِه، و لَيسَ أحَدُ هذَين حَقيقاً أن تُؤثِرَه على نَفسِك.

(۶) آپ نے اپنے بیٹے امام حسن علیہ السلام سے فرمایا "اپنے بعد کے لئے دنیا کی کوئی چیز نہ چھوڑو کیونکہ تم جو کچھ بھی چھوڑو گے وہ دو طرح کے آدمیوں میں سے کسی ایک کے لئے چھوڑو گے : ایسے آدمی کے لئے جس نے تمہاری چھوڑی ہوئی چیزوں کے ذریعے اطاعت خدا انجام دی اور اس چیز کے وجہ سے خوش بخت و کامیاب ہو گیا جس کے وجہ سے تم بدبخت ہوئے تھے اور یا تو ایسے آدمی کے لئے جس نے تمہاری چھوڑی ہوئی چیز کو معصیت خدا میں صرف کیا اور تمہاری جمع کی ہوئی چیز سے بدبخت ہو گیا اس

طرح تم نے اس کی معصیت خدامیں مدد کی اور یہ دونوں میں سے کئی اس قابل نہیں ہے کہ تم انھیں اپنے آپ پر ترجیح دو۔

٧ ـ مِن هَوانِ الدُّنيا على اللهِ أنَّه لا يُعصىٰ إلّا فيها، ولا يُنالُ ما عِندَهُ إلّا بِتركِها.

(۷) اللہ کے نزدیک دنیا کی پستی ایک طرح کی بے عزتی و کم مائیگی ہے کہ اس کی نافرمانی صرف یہیں کی جاتی ہے اور اس کے پاس موجود چیزوں کو بغیر اس دنیا کو چھوڑے حاصل نہیں کیا جاسکتا۔

٨ ـ رَحِمَ اللهُ امرَأً نَزَعَ عَن شَهوَتِه، وقَمَعَ هَوىٰ نَفسِه، فإنَّ هذِهِ النَّفسَ أبعَدُ شَيءٍ مَنزَعاً، وإنّها لا تَزالُ تَنزِعُ إلى مَعصِيَةٍ في هَوىً.

(۸) اللہ اس بندے پر رحم کرے جس نے اپنی خواہشوں کو اکھاڑ پھینکا ہو اور اپنی نفسانی آرزوں کا قلعہ قمع کر ڈالا ہو کیونکہ ان نفسانی خواہشوں کو ختم کر دینا سب سے مشکل کام ہے اور یہ نفس ہمیشہ خواہشوں کے لئے معصیت کی طرف لے جاتی ہے۔

٩ ـ واستَتِمّوا نِعَمَ اللهِ عليكُم بـالصَّبرِ عـلىٰ طاعَتِهِ، والمُجانَبَةِ لمعصِيتِه.

(۹) اپنے اوپر اللہ کی نعمتوں کو اس کی اطاعت پر صبر اور اس کی نافرمانی سے اجتناب کر کے تمام کرو۔

١٠ ـ إنَّ مِنَ الغِرّةِ باللهِ أن يُصِرَّ العَبدُ عـلى المَعصِية، ويَتَمَنّىٰ على اللهِ المَغفِرَة.

(۱۰) اللہ سے یہ غفلت ہے کہ بندہ معصیت کی تکرار کرتا جائے اور اس کے بعد اس سے مغفرت کا متمنی رہے۔

١١ ـ مَن تَلذَّذَ بمَعصِيَةِ الله أورَثَهُ اللهُ ذُلّاً.

(۱۱) جو اللہ کی معصیت سے لطف اندوز ہوتا ہے اللہ اسے ذلیل کر دیتا ہے۔

١٢ ـ تَمامُ الإخلاصِ تَجَنُّبُ المَعاصي.

(۱۲) تکمیل اخلاص، معصیتوں سے اجتناب ہے۔

١٣ ـ أبىٰ اللهُ إلّا أن يُذِلَّ مَن عَصاه.

(۱۳) اللہ صرف اپنی نافرمانی کرنے والوں کو ذلیل کرتا ہے۔

١٤ ـ أفضَلُ العِبادَةِ الإمساكُ عَنِ المَـعصِيَةِ، والوُقوفُ عِندَ الشُّبهَة.

(۱۴) برترین عبادت، معصیت سے پرہیز اور شبہ کے وقت توقف ہے۔

١٥ ـ إذا عَصى الرَّبَّ مَن يَعرِفُهُ سَلَّطَ عليه مَن لا يَعرِفُه.

(۱۵) جب کوئی خداشناس گناہ کرتا ہے تو اللہ اس پر ایسے کو مسلط کر دیتا ہے جو اللہ کو نہیں پہچانتا ہو گا۔

١٦ ـ العَجَبُ مِمَّن يَدعُو ويَستَبطِيءُ الإجابَة وقد سَدَّ طريقَها بالمعاصي.

(۱۶) تعجب ہے جو دعا کرتا ہے اور پھر قبولیت میں دیر ہونے کا شکوہ کرتا ہے جبکہ اس نے قبولیت کا دروازہ نافرمانیوں کے ذریعے بند کر رکھا ہے۔

۱۷ ـ قيل له ﷺ: فأيُّ صاحِبٍ لكَ شَرٌّ؟ قال ﷺ: المُزَيِّنُ لكَ مَعصِيَةَ الله.

(۱۷) آپ سے کہا پوچھا گیا "کون سا دوست آپ کے نزدیک سب سے زیادہ برا ہے؟" تو آپ نے فرمایا "تمہارے لئے اللہ کی نافرمانی کو سنوار کر پیش کرنے والا"۔

۱۸ ـ لا دِينَ لِمَن دَانَ بطاعَةِ مَخلوقٍ في مَعصِيَةِ الخالِق.

(۱۸) اس کے پاس کوئی دین نہیں جس نے مخلوق کی اطاعت، خالق کی نافرمانی کرکے کی۔

۱۹ ـ المَعاصي حِمَى اللهِ، فَمَن يَرتَعُ حَولَها يُوشِكُ أن يَدخُلَها.

(۱۹) معصیتیں اللہ کا ممنوعہ علاقہ ہیں لہٰذا جو اس کے اطراف میں مانی کرتا ہے ممکن ہے کہ وہ اس میں داخل ہو جائے۔

۲۰ ـ إنَّ أنصَحَكُم لِنَفسِهِ أطوَعُكُم لِرَبِّه، وأغَشَّكُم لنَفسِه أعصاكُم لرَبِّه.

(۲۰) بلاشبہ تم میں اپنے نفس کی سب سے زیادہ نصیحت کرنے والا ہی اپنے پروردگار کی سب سے زیادہ اطاعت کرنے والا ہے اور تم میں سے اپنے نفس کو سب سے زیادہ دھوکا دینے والا ہی سب سے زیادہ اپنے پروردگار کی معصیت کرنے والا ہے۔

۲۱ ـ مَن يُطِعِ اللهَ يأمَن، وَمَن يَعصِه يَندَم.

(۲۱) جو اللہ کی اطاعت کرتا ہے وہ امان میں رہتا ہے اور جو اس کی معصیت کرتا ہے وہ نادم ہوتا ہے۔

۲۲ ـ التَنَزُّهُ عَنِ المَعاصي عِبادَةُ التوّابين.

(۲۲) معاصی سے دوری توبہ کرنے والوں کے لئے عبادت ہے۔

۲۳ ـ إنَّ اللهَ لَيُبغِضُ الوَقِيحَ المُتَجرِّي عَلَى المَعاصي.

(۲۳) اللہ تعالیٰ بے شرم اور گناہوں پر جری شخص پر غضبناک ہوتا ہے۔

۲٤ ـ المَعصِيَةُ تَمنَعُ الإجابَة.

(۲۴) معصیت، قبولیت کو روک دیتی ہے۔

۲٥ ـ المَعصِيَةُ تَجلِبُ العُقوبة.

(۲۵) معصیت، سزا لے آتی ہے۔

۲٦ ـ المَعصِيَةُ هِمَّةُ الأرجاس.

(۲۶) معصیت، نجس لوگوں کی لگن ہے۔

۲۷ ـ آفَةُ الطّاعَةِ العِصيان.

(۲۷) اطاعت کی آفت نافرمانی ہے۔

۲۸ ـ بالمَعصِيَةِ يكونُ الشَّقاء.

(۲۸) نافرمانی سے بدبختی وجود میں آتی ہے۔

۲۹ ـ حاصِلُ المَعاصي التَّلَف.

(۲۹) حاصل معصیت، کھو دینا ہے۔

۳۰ ـ راكِبُ المَعصِيَةِ مَثواهُ النّار.

(۳۰) معصیت کے سوار کا ٹھکانہ جہنم ہے۔

٣١ ـ مَن كَثُرَ فِكرُهُ في المَعاصي دَعَتهُ إلَيها.

(۳۱) جو معصیت کے بارے میں بہت زیادہ سوچتا ہے معصیت اسے اپنی طرف بلالیتی ہے۔

٣٢ ـ مَن كَرُمَت عليه نفسُهُ لم يُهِنْها بالمَعصِيَة.

(۳۲) جس کے نزدیک اپنا نفس عزت دار ہوگا وہ معصیت کے ذریعہ اس کی بے عزتی نہیں کرے گا۔

٣٣ ـ وَيلٌ للعاصي ما أجهَلَه، وعَن حَظِّه ما أعدَلَه.

(۳۳) افسوس ہے گنہ گار پر وہ کتنا نادان ہے؟ اور اپنی خوش قسمتی سے کس قدر دور؟

٣٤ ـ مَن سَلِمَ مِن المَعاصي عَمَلُهُ بَلَغَ مِن الآخِرَةِ أمَلَه.

(۳۴) جس کا عمل نافرمانیوں سے بچا رہا وہ آخرت میں اپنی آرزوؤں تک پہنچ جائے گا۔

[۱۹۹]

# الملالة = اکتاہٹ

١ ـ إنّ هذهِ القُلُوبَ تَمَلُّ كما تَمَلُّ الأبدان، فابتَغُوا لها طرائِفَ الحِكَم.

(۱) یقیناً یہ دل بھی جسموں کی طرح بوسیدہ ہو جاتے ہیں لہذا ان کے لئے حکمت کی لطافتیں لے آؤ۔

٢ ـ المــوَدَّةُ قرابــةٌ مُستفادَةٌ و لا تَأمَنَنَّ مَلُولاً.

(۲) لوگوں کی دوستی اور محبت، سود مند قرابت ہے لہذا بہت جلدی غم زدہ ہونے والے پر بھروسہ نہ کرو۔

٣ ـ قَليلٌ تَدُومُ عَليه أرجىٰ مِن كَثيرٍ مَمْلُولٍ مِنه.

(۳) وہ تھوڑا سا کام جسے تم ہمیشہ انجام دے سکو اکتا دینے والے زیادہ کا سے بہتر ہے۔

٤ ـ إيّاكَ والمَلالَةَ فإنّها مِنَ السُّخفِ والنَّذالَة.

(۴) اکتاہٹ سے بچو کیونکہ یہ کم عقلی اور فرومایگی ہے۔

٥ ـ لا وَفاءَ لِمَلُولٍ.

(۵) اکتا جانے والے کے پاس وفا نہیں ہوتی۔

٦ ـ الإكثارُ يُزِلُّ الحكيم، و يُمِلُّ الحليمَ فلا تَكثِر فَتَضجِر ولا تُفرِط فَتُهَن.

(۶) زیادہ روی حکیم کو لغزشوں میں مبتلا کر دیتی ہے، اور حلیم کو اکتا دیتی ہے لہذا زیادہ روی نہ کرو کہ سرزنش کئے جاؤگے اور نہ کمی کرو کہ بے عزت ہو جاؤگے۔

٧ ـ المَلَلُ يُفسِدُ الأُخُوَّة.

(۷) اکتاہٹ دوستی و اخوت کو خراب کر دیتی ہے۔

٨ ـ خيرُ الكلامِ ما لا يُمِلُّ ولا يَقِلُّ.

(۸) بہترین بات وہ ہے جس میں نہ اکتاہٹ ہو اور نہ ہی کمی۔

٩ ـ لا خُلَّةَ لِمَلُولٍ.

(۹) اکتا جانے والے کے لئے کوئی دوستی نہیں۔

١٠ ـ كَثرَةُ السؤال يُورِّثُ المَلال.

(۱۰) حد درجہ سوال اکتاہٹ کا باعث بنتے ہیں۔

١١ ـ كثرةُ الكلامِ يَمِلُّ الإخوان.

(۱۱) کثرت کلام دوستوں اور بھائیوں کو اکتا دیتی ہے۔

١٢ ـ كَثرَةُ الكلامِ يَمِلُّ السمع.

(۱۲) کثرت کلام سے سماعت اوب جاتی ہے۔

١٣ ـ كُلُّ شَيءٍ يَمِلُّ ما خلا طرائِفَ الحِكَم.

(۱۳) حکمت کی لطافتوں کے علاوہ ہر چیز سے جی اوب جاتا ہے۔

١٤ ـ لا تأمَنَنَّ مَلُولاً و إن تَحَلّي بالصِّلَة.

(۱۴) کسی اکتا جانے والے پر بھروسہ نہ کرنا بھلے ہی وہ رشتہ داری کے زیور سے آراستہ ہو۔

[ ٢٠٠ ]

# المَوت = موت

١ ـ مَن طَلَبَ الدُّنيا طَلَبَهُ المَوتُ حتّى يُخرِجَهُ عنها، ومَن طَلَبَ الآخِرةَ طَلَبَتهُ الدُّنيا حتّى يَستَوفِيَ رِزقَهُ منها.

(۱) جو شخص دنیا چاہتا ہے اسے موت ڈھونڈتی ہے تا کہ اسے دنیا سے نکال باہر کر دے اور جو آخرت چاہتا ہے اسے دنیا ڈھونڈتی ہے تا کہ اس کی روزی اس تک پہنچا دے۔

٢ ـ عَجِبتُ لِمَن نَسِيَ المَوتَ، وهوَ يَرَى المَوتىٰ.

(۲) مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو موت کو بھول جاتا ہے جبکہ وہ (ہر روز) مردوں کو دیکھتا ہے۔

٣ ـ مَن أكثَرَ مِن ذِكرِ المَوتَ رَضِيَ مِن الدُّنيا بِاليَسيرِ.

(۳) جو سب سے زیادہ موت کو یاد کرے گا وہ مختصر دنیا سے بھی راضی ہو گا۔

٤ ـ مَنِ ارتَقَبَ المَوتَ سارَعَ إلى الخَيرات.

(۴) جو شخص موت کا انتظار کرتا ہے وہ نیک کاموں میں عجلت کرے گا۔

٥ ـ إذا كُنتَ في إدبارٍ، والمَوتُ في إقبالٍ، فما أسرَعَ المُلتَقىٰ.

(۵) جب تم زندگی کے لمحات کو تیزی سے پیچھے چھوڑ رہے ہو اور موت تمہارے سامنے ہے تو کتنی جلدی تم ایک دوسرے سے ملو گے۔

٦ ـ إنّ للهِ مَلَكاً يُنادي في كلِّ يَومٍ: لِدُوا للمَوتِ، وأجمَعُوا للفَناء، وابنُوا لِلخَراب.

(۶) اللہ تعالیٰ کے پاس ایسا فرشتہ ہے جو ہر روز اعلان کرتا ہے "مرنے کے لئے اولاد پیدا کرو، فنا کے لئے (مال) جمع کرو اور ویران) ہونے کے لئے (گھر) بناؤ۔

٧ ـ الرَّحِيلُ وَشيكٌ.

(۷) دنیا سے کوچ کرنا کتنی جلدی میں ہوتا ہے۔

٨ ـ في وصِيَّتِه للحسَنِ عليه السلام: واعلَم يا بُنيَّ ـ أنَّكَ خُلِقتَ للآخِرَةِ لا للدُّنيا، ولِلفَناءِ لا لِلبَقاءِ، وللمَوتِ لا للحَياةِ، وأنَّكَ في قُلعَةٍ ودَارِ بُلغَةٍ، وطَريقٍ إلى الآخِرَةِ، وأنَّكَ طَريدُ المَوتِ الّذي

(۸) اپنے بیٹے امام حسن علیہ السلام کو وصیت میں فرمایا" میرے بیٹے جان لو کہ تم آخرت کے لئے خلق کئے گئے ہو نہ کہ دنیا کے لئے، فنا کے لئے خلق ہوئے ہو نہ کہ بقا کے لئے مرنے کے لئے آئے ہو نہ کہ جینے کے لئے، تم ایسی منزل میں ہو جس کا کوئی ٹھکانہ

لا ينجو مِنه هارِبُهُ، ولا يَفوتُهُ طالِبُهُ، ولابُدَّ أَنَّهُ مُدرِكُه.

نہیں اور جو آخرت کاسامان مہیا کرنے کے لئے ہے اور جو آخرت کی گزر گاہ ہے در حقیقت تم اس موت کے بھگوڑے ہو جس کی گرفت سے کوئی بھی بھاگ نہیں سکتا اور اس کا طالب اسے کبھی کھوتا نہیں اور ایک دن وہ اسے آلیتا ہے ۔

٩ ـ احذَرُوا عِبادَ الله، الموتَ و قُربَهُ و أَعِدُّوا له عُدَّتَه. . . و أنتُم طُرَداءُ المَوتِ، إن أَقَمتُم لَهُ أَخَذَكُم، وإن فَرَرتُم مِنه أدرككُم، وهـو أَلزَمُ لكُم مِن ظِلِّكُم، المَوتُ مَعقودٌ بنَواصِـيكم و الدُّنيا تُطوَىٰ مِن خَلفِكُم.

(۹) اے بندگان خدا! موت اور اس کے جلدی پہنچنے سے ڈرو اس کے لئے سامان فراہم کرو کیونکہ تم اس کے بھگوڑے ہو اگر اس راہ میں رک جاؤگے تو وہ تمھیں پکڑ لے گی اور اگر بھاگوگے تب بھی وہ تم تک پہنچ جائے گی ،وہ تو تمہارے سائے سے زیادہ تمہارے ساتھ ہے موت تو تمہاری پیشانیوں پر باندھ دی گئی ہے اور دنیا تو تمہارے پیچھے سے جمع کی جارہی ہے ۔

١٠ ـ ما يَنجُو مِنَ المَوتِ مَن خافَهُ، ولا يُعطَى البَقاءَ مَن أَحَبَّه.

(۱۰) جو بھی موت سے ڈرتا ہے وہ موت سے نجات نہیں پاسکتا اور نہ یہ اپنے چاہنے والے کو اس دنیا میں ابدی زندگی عطا کرتی ہے ۔

١١ ـ بِالعِلمِ يُرهَبُ المَـوتُ و بِـالموتِ تُختَـمُ الدُّنيا.

(۱۱) علم کے ذریعہ موت سے ڈراجاتا ہے اور موت سے دنیا اپنے انجام کو پہنچے گی ۔

١٢ ـ ما بَينَ أَحَدكُم وبَينَ الجَنَّةِ أو النـارِ إلّا المَوت أن يَنزِلَ بِه، وإنَّ غايَةً تَنقُصُها اللَّحظَةُ، وتَهدِمُها الساعَةُ، لجَدِيرَةٌ بِقِصَرِ المُـدَّةِ، وإنَّ غائِباً يَحدُوهُ الجَديدانِ الليلُ و النهار لحَـرِيٌّ بسُرعَةِ الاوبَة، وإنَّ قادِماً يـقدُم بـالفَوزِ أو الشِّقوَة لمُستَحِقٌّ لأفضلِ العُدّة.

(۱۲) جنت یا دوزخ تک پہنچنے میں نازل ہونے والی موت کے سوا کوئی فاصلہ نہیں ہے وہ ایک مقصد ہے جسے لمحے کم کر رہے ہیں، ساعتیں اسے منہدم کئے دے رہی ہیں لہذا اسے کم ہونا ہی چاہیے ۔ (بلا شبہ زندگی) ایک گمشدہ (کی طرح) ہے جسے شب و روز آگے بڑھاتے جارہے ہیں اور عنقریب یہ ختم ہو جانے والی ہے اور آنے والا بدبختی یا کامیابی کے ساتھ، بہترین جگہ کے لئے آجائے گا

١٣ ـ لكلِّ زَمَنٍ قوتٌ، وأنتَ قوتُ المَوت.

(۱۳) ہر زمانہ کے لئے کوئی نہ کوئی خوراک ہوتی ہے اور تم موت کی خوراک ہو۔

١٤ ـ إنّ الرَّحيلَ حقٌّ أَحَدِ اليَومَين.

(۱۴) کوچ کرنا حق ہے (چاہے) آج یا کل ۔

۱۵ ـ اعلَموا ـ أيّها النّاس ـ أنّهُ مَن مَشیٰ علیٰ وَجهِ الارضِ فإنّه يَصيرُ إلى بَطنِها، واللّيلُ والنَّهارُ يتنازَعانِ في هَدَرِ الأعمار.

(۱۵) اے لوگو! جو بھی زمین کے اوپر چل رہا ہے وہ ایک دن اس کے اندر چلا جائے گا اور رات و دن عمروں کو برباد کرنے میں جٹے ہیں۔

۱٦ ـ النّاسُ نِيامٌ، فإذا ماتُوا انتَبَهُوا.

(۱٦) لوگ خواب (غفلت) میں ہیں جب مریں گے اس وقت بیدار ہوں گے۔

۱۷ ـ لِكلِّ دارٍ بابٌ، وبابُ دارِ الاخِرَةِ المَوت.

(۱۷) ہر گھر کے لئے ایک دروازہ ہے اور آخرت کے گھر کا دروازہ موت ہے۔

۱۸ ـ إنّ هذا المَوتَ قَد أفسَدَ على النّاسِ نَعيمَ الدُّنيا، فَمَا لَكُم لا تَلتَمِسونَ نَعيماً لا مَوتَ بَعدَه.

(۱۸) بتحقیق اس موت نے لوگوں کی خوشیوں اور نعمتوں کو برباد کردیا تمھیں کیا ہو گیا ہے تم ایسی نعمتوں کی کوشش کیوں نہیں کرتے جس کے بعد موت کا وجود نہیں (نعمت جنت)۔

۱۹ ـ الموتُ خَيرٌ للمُؤمِنِ والكافِرِ: أمّا المُؤمِنُ فَيَتَعَجَّل لهُ النَّعيمُ، وأمّا الكافِرُ فَيَقِلُّ عَذابُه، وآيةُ ذلك مِن كتابِ الله تعالى: ﴿وما عِندَ اللهِ خَيرٌ للأبرارِ﴾ و ﴿وَلاَ يَحسَبَنَّ الّذينَ كَفَرُوا أنَّما نُملي لَهُم خَيرٌ لأنفُسِهِم إنَّما نُملي لَهُم لِيَزدادُوا إثماً﴾

(۱۹) موت مومن اور کافر دونوں کے لئے اچھی ہے مومن کے لئے یوں اچھی ہے کہ آخرت کی نعمتیں اسے جلدی مل جاتی ہیں اور کافر کے حق میں اس لئے بہتر ہے کیونکہ اس کی وجہ سے اس کا عذاب (آخرت) کم ہو جاتا ہے جیسا کہ کتاب خدا کی آیت میں موجود ہے "جو کچھ اللہ کے پاس ہے نیک لوگوں کے لئے اس میں اچھائی ہے" "جو لوگ کافر ہو گئے ہیں یہ گمان نہ کریں کہ ہم نے جو فرصت انھیں دی ہے وہ ان کے لئے اچھی ہے بلکہ ان کو اس لئے فرصت دی گئی ہے تا کہ وہ اپنے گناہ میں اضافہ کریں۔"

۲۰ ـ مَوتُ الابرارِ راحَةٌ لأنفُسِهِم، ومَوتُ الفُجّارِ راحَةٌ للعالَمِ.

(۲۰) نیک لوگوں کی موت خود ان کے لئے راحت و آسائش ہوتی ہے اور بد کردار لوگوں کی موت دنیا والوں کے لئے آسائش ہوتی ہے۔

۲۱ ـ إذا كانَ هُجومُ المَوتِ لا يُؤمَنُ، فَمِنَ العَجزِ تَركُ التأهُّبِ له.

(۲۱) جب موت کے حملہ سے بچاؤ کا کوئی راستہ نہیں ہے تو پھر اس کے آمادہ نہ ہونا عجز و ناتوانی ہو گی۔

٢٢ ـ إنَّ هذا المَوت لَطالِبٌ حَثِيثٌ لا يَـفوتُهُ المُقِيمُ ولا يُعجِزُهُ مَن هَرَب.

(۲۲) بلاشبہ یہ موت ایسی طالب ہے جو مقیم کے ہاتھ سے جانے نہ پائے گی اور بھاگنے والا اسے عاجز نہیں کر سکے گا۔

٢٣ ـ إنّ المَوتَ لَزائِرٌ غيرُ مَحبُوبٍ، وواتِرٌ غيرُ مَطلُوبٍ، وقِرْنٌ غَيرُ مَغلُوبٍ.

(۲۳) بتحقیق موت ایک ناپسندیدہ زائر، غیر مطلوب آنے والا اور غیر مغلوب قرین ہے۔

٢٤ ـ أَشَدُّ مِنَ المَوتِ ما يُتَمنّىٰ الخَلاصُ مِنهُ بِالمَوت.

(۲۴) موت سے شدید تر وہ درد ہے جس سے نجات حاصل کرنے کے لئے انسان موت کی آرزو کرتا ہے۔

٢٥ ـ أفضَلُ تُحفَةِ المُؤمِنِ المَوت.

(۲۵) مومن کے لئے بہترین تحفہ موت ہے۔

٢٦ ـ أكـثَرُ النّـاسِ أمَـلاً أقَـلُّهُم للـمَوتِ ذِكراً.

(۲۶) لوگوں میں اس شخص کی خواہشات سے سب سے زیادہ ہیں جو بہت کم موت کی یاد میں ہوتا ہے۔

٢٧ ـ أَسمِعُوا دَعوَةَ المَـوتِ آذانَكُـم قَـبلَ أن يُدعىٰ بِكُم.

(۲۷) موت کی طرف سے بلاوا آنے سے پہلے اپنے کانوں تک موت کی دعوت کی آواز کو پہنچاؤ۔

٢٨ ـ المَوتُ رَقيبٌ غافِلٌ.

(۲۸) موت ایک غافل نگہبان ہے۔

٢٩ ـ المَوتُ يأتي علىٰ كلِّ حَيٍّ.

(۲۹) موت ہر جاندار پر نازل ہو گی۔

٣٠ ـ المَوتُ أَوّلُ عَدلِ الاخِرَةِ.

(۳۰) موت آخرت کی عدالت کی پہلی منزل ہے۔

٣١ ـ المَوتُ مُفارَقَةُ دارِ الفَناء، وارتِحالٌ إلى دارِ البَقاء.

(۳۱) موت دار فنا سے جدائی اور ہمیشہ رہنے والی دنیا کی طرف انتقال ہے۔

٣٢ ـ المَوتُ أَلزَمُ لَكُم مِن ظِلِّكُم، وأملَكُ بِكُم مِن أنفُسِكُم.

(۳۲) موت تمہارے سایہ سے زیادہ تم سے نزدیک اور تم سے زیادہ تمہاری مالک ہے۔

٣٣ ـ ذِكرُ المَوتِ يُهَوِّنُ أسبابَ الدُّنيا.

(۳۳) موت کی یاد دنیا کے اسباب کو آسان کرے گی۔

٣٤ ـ غائِبُ المَوتِ أحَقّ مُنتَظِرٍ، وأقرَبُ قادِمٍ.

(۳۴) چھپی ہوئی موت اس کے انتظار میں رہنے کے لئے سب سے زیادہ مستحق ہے اور آنے والوں میں سب سے زیادہ نزدیک ہے۔

٣٥ ـ لَـن يَـنجُوَ مِـنَ المَـوتِ غَـنيٌّ لِكَـثرَةِ مالِه.

(۳۵) مالدار شخص ہرگز مال کی کثرت کی وجہ سے موت کی گرفت سے رہائی نہیں پائے گا۔

٣٦ ـ لو أنَّ المَوتَ يُشتَرىٰ لاشتَراهُ الاغنِياء.

(۳۶) اگر موت خریدنے کے قابل ہوتی تو یقیناً اغنیاء اسے خرید لیتے۔

٣٧ـ مَن رَأى المَوتَ بِعَينِ يَقينهِ رآهُ قَريباً.

(۳۷) جوشخص موت کو یقین کی نظر سے دیکھے گا اسے نزدیک پائے گا۔

٣٨ ـ مَن صَوَّرَ المَوتَ بينَ عَينَيهِ هانَ أمرُ الدُّنيا عليه.

(۳۸) جوشخص موت کو اپنی آنکھوں کے سامنے تصور کرتا ہے دنیا کے (سخت) کام اس کے لئے آسان ہو جاتے ہیں۔

٣٩ ـ ما أقرَبَ الحَيَّ مِنَ المَيِّتِ لِلحاقِهِ به!

(۳۹) زندہ مردہ سے ملحق ہونے کے اعتبار سے کتنا نزدیک ہے۔

٤٠ ـ ما أبعَدَ المَيِّتَ مِن الحَيِّ لانقِطاعِه عنه!

(۴۰) مردہ زندہ سے کتنا دور ہے ہے اس سے جدا ہونے کی وجہ

٤١ ـ لا قادِمَ أقرَبَ مِنَ المَوت.

(۴۱) آنے والوں میں کوئی موت سے زیادہ انسان کے نزدیک نہیں ہے۔

٤٢ ـ لا تَذكُرِ المَوتىٰ بِسوءٍ فَكفىٰ بِذلِك إثماً.

(۴۲) مرنے والوں کو برائی سے یاد مت کرو چونکہ گناہ کے لئے یہی کافی ہے۔

٤٣ ـ وافِدُ المَوتِ يَقطَعُ الأَجَلَ ويَفضَحُ الامَل.

(۴۳) موت کا ہرکارہ زندگی کی مہلت کو جدا کر دے گا اور خواہشات کو رسوا کرے گا۔

٤٤ ـ مَوتُ الوَلَدِ قاصِمَةُ الظَّهر.

(۴۴) بیٹے کی موت انسان کی کمر توڑ دیتی ہے۔

٤٥ ـ مَوتُ الوَلَدِ صَدعٌ في الكَبِد.

(۴۵) بیٹے کی موت جگر کو پارہ کر دیتی ہے۔

٤٦ ـ مَوتُ الاخِ قَصُّ الجَناحِ و اليَد.

(۴۶) بھائی کی موت سے بال و پر کٹ جاتے ہیں۔

[ ۲۰۱ ]

# المَوَدَّة = دوستی

١ ـ المودَّةُ قَرابَةٌ مُستَفادَةٌ.

(۱) لوگوں سے مودت رکھنا حاصل کیا ہوا فائدہ ہے۔

٢ ـ التودُّدُ نِصفُ العَقل.

(۲) مودت کا اظہار عقل کا نصف حصہ ہے۔

٣ ـ البَشاشَةُ حِبالَةُ المَودَّة.

(۳) خندہ پیشانی سے پیش آنا محبت کا جال ہے۔

٤ ـ حَسَدُ الصَّديقِ مِن سُقمِ المَودَّة.

(۴) دوست کے ساتھ حسد کرنا مودت کی بیماری ہے۔

٥ ـ مَودَّةُ الآباءِ قَرابَةٌ بينَ الأبناء، والقَرابَةُ إلى المَودَّةِ أحوَجُ مِنَ المَودَّةِ إلى القَرابَة.

(۵) باپ کی بچوں سے مودت، بچوں کے درمیان رشتہ داری ہے اور قرابت کو مودت کی ضرورت، مودت کی قرابت کی ضرورت سے زیادہ شدید ہے۔

٦ ـ مَن تَلِن حاشِيَتُهُ يَستَدِم مِن قَومِهِ المَودَّة.

(۶) جس کے حواشی نرم ہوں گے اس سے اس کی قوم کی محبت دائمی ہوجائے گی۔

٧ ـ البَشاشَةُ مُخُّ المَوَدّة.

(۷) خوشروئی مغ محبت ہے۔

٨ ـ أبذُلْ لصَديقِك كُلَّ المَودَّةِ، ولا تَبذُلْ لَهُ كُلَّ الطُّمَأنِينَة.

(۸) اپنے دوست کو اپنی مکمل دوستی دے دو مگر اپنا مکمل اطمینان نہ دینا۔

٩ ـ ما أقبَحَ العَداوَةَ بَعدَ المَوَدَّة!

(۹) مودت کے بعد عداوت کتنی بری شئے ہے۔

١٠ ـ لا يَكونُ أخُوك أقوىٰ مِنكَ على مَوَدَّتِه.

(۱۰) تمہارا دوست مودت میں تم سے زیادہ قوی نہ ہونے پائے۔

١١ ـ المَوَدَّةُ أشبَكُ الأنساب والعلمُ أشرفُ الأحساب.

(۱۱) مودت رشتہ داری کا بہترین جال اور علم بہترین حسب ہے۔

١٢ ـ سَلُوا القُلوبَ عن المَودّاتِ، فإنّها شُهودٌ لا تَقبَلُ الرِّشا.

(۱۲) محبت و دوستی کے بارے میں دلوں سے سوال کرو کیونکہ یہ ایسے گواہ ہیں جو رشوت قبول نہیں کرتے۔

١٣ ـ خَيرُ الإخوانِ مَن إذا استَغنَيتَ عنه لَم يَزِدكَ في المَوَدّة، وإنِ احتَجتَ إليه لَم يَنقُصكَ منها.

(۱۳) تمہارا سب سے اچھا بھائی وہ ہے کہ اگر تم غنی ہو گئے تو وہ تم سے اپنی محبت میں اضافہ نہ کرے اور اگر تم فقیر ہو گئے تو وہ اپنی محبت میں کمی نہ کرے۔

١٤ ـ إذا شَككتَ في مَودَّةِ إنسانٍ فاسأَل قَلبَك عَنه.

(۱۴) اگر کسی انسان سے محبت کے بارے میں شک ہو تو اس کے بارے میں اپنے دل سے سوال کرو۔

١٥ ـ رُبَّ حَربٍ أُحيِيَت بِلَفظَةٍ، ورُبَّ وُدٍّ غُرِسَ بلَحظَةٍ.

(۱۵) بہت سی جنگیں ایک لفظ کی وجہ سے بھڑک اٹھیں اور بہت سی محبتیں ایک لمحے میں پروان چڑھ گئیں۔

١٦ ـ المَوَدَّةُ إحدَى القَرابَتَين.

(۱۶) مودت دو قرابتوں میں سے ایک قرابت ہے۔

١٧ ـ المَودَّةُ أقرَبُ رَحِمٍ.

(۱۷) مودت قریب ترین رشتہ داری ہے

١٨ ـ التَودُّدُ إلى الناسِ رأسُ العَقل.

(۱۸) لوگوں سے محبت عقل میں سر فہرست ہے۔

١٩ ـ المَودَّةُ في الله آكَدُ مِن وَشِيجِ الرَّحِم.

(۱۹) اللہ تعالی کے لئے محبت و دوستی کرنا رشتہ داری کے اتحاد سے زیادہ مضبوط تر ہے۔

٢٠ ـ المَـودَّةُ تُـعاطِفُ القُـلوبَ في ائـتِلافِ الأرواح.

(۲۰) مودت لوگوں کی روح کے درمیان الفت برقرار کرنے کے لئے دلوں کو ایک دوسرے سے نزدیک کرتی ہے۔

٢١ ـ إنَّ المَودَّةَ يُعَبِّرُ عنها اللِّسان، وعَنِ المَحبّة العَيان.

(۲۱) مودت کے بارے میں زبان بتا دیتی ہے اور محبت مشاہدہ کے ذریعے معلوم ہوتی ہے۔

٢٢ ـ أفضَلُ الناسِ مِنَّةً مَن بَدَءَ بِالمَودَّة.

(۲۲) جو دوستی و مودت کی ابتدا کرتا ہے وہ احسان کرتا ہے۔

٢٣ ـ أسرَعُ المَودّاتِ انقِطاعاً مَوَدّاتُ الأشرار.

(۲۳) سب جلدی ختم ہونے والی دوستی اشرار کی دوستی ہوتی ہے۔

٢٤ ـ بِالتَوَدُّدِ تَتأكَّدُ المَحبَّة.

(۲۴) مودت و دوستی سے محبت مستحکم ہوتی ہے۔

٢٥ ـ إذا ثَبَتَ الوُدُّ وجَبَ التَرافُدُ والتَعاضُد.

(۲۵) جب محبت مستحکم ہو جائے تو ایک دوسرے کی مدد اور پشت پناہی کرنا واجب ہو جائے گا۔

٢٦ ـ في الضِّيقِ والشِّدَّةِ يَظهَرُ حُسنُ المَوَدَّة.

(۲۶) تنگ دستی اور مصیبت کے وقت محبت کا حسن ظاہر ہوتا ہے۔

٢٧ ـ مَودَّةُ أبناءِ الدُّنيا تَزولُ لأدنى عارِضٍ يَعرِض.

(۲۷) ابنائے روزگار کی محبت مختصر عارضے سے زائل ہو جاتی ہے

٢٨ ـ وُدُّ أبناءِ الآخِرَة لا ينقطِعُ لِدَوامِ سَبَبِه.

(۲۸) آخرت سے دل وابستہ کرنے والوں کی محبت کبھی زائل نہ ہو گی چونکہ اس کے اسباب ہمیشہ کے لئے ہیں۔

٢٩ ـ لا تَبذُلَنَّ وُدَّك إذا لم تَجِد لَهُ مَوضِعاً.

(۲۹) ہوشیار رہو تم اپنی دوستی و محبت کو عطا نہ کرو اگر تم اس کے لئے درست مقام نہ پا سکو

[۲۰۲]

# الموعظة = پند و نصیحت

١ ـ بَينكُمْ وبَيْنَ المُوعِظةِ حِجابٌ مِن الغِرَّة.

(۱) تمہارے اور وعظ و نصیحت کے درمیان غرور اور غفلت کا پردہ ہے۔

٢ ـ مَن كانَ لَهُ مِن نَفسِهِ واعِظٌ كانَ عَليه مِنَ اللهِ حافِظٌ.

(۲) جس کے پاس اپنی ذات کے اندر سے کوئی نصیحت کرنے والا موجود ہوگا، اس کے لئے اللہ تعالی کی طرف سے ایک محافظ معین ہوگا۔

٣ ـ اليَقِينُ مِنها [ مِن دَعائِمِ الايمان ] عَلى أربع شُعَب: على تَبْصِرَةِ الفِطنة، وتَأَوُّلِ الحِكمَة، وموعِظةِ العِبرَة، وسُنَّةِ الأوّلين: فَمَن تَبصَّرَ في الفِطنَةِ تَبَيَّنَت لَهُ الحِكمَةُ، ومَن تَبَيَّنَتْ لَهُ الحِكمةُ عَرَفَ العِبرةَ، ومَن عَرَفَ العِبرةَ فَكأنَّما كانَ في الأَوّلين.

(۳) اور یقین کی (جو ایمان کے ستون میں سے ہے) چار شاخیں ہیں بصیرت ذہن، حقائق کا ادراک، عبرت آموزی اور گزشتہ لوگوں کی روشیں۔ پس جس کے ہوش کی نگاہیں تیز ہوں اس کے سامنے علم و عمل کی راہیں واضح ہو جائیں گی اور جس کے لئے علم و عمل کی راہیں آشکار ہو جائیں وہ عبرت آموز حوادث کو پہچان لے گا اور جو عبرت آموز حوادث کو پہچان لے گا گویا وہ گزشتہ لوگوں کے درمیان رہ چکا ہے۔

٤ ـ [ يا بُنيّ ] أحْيِ قَلبَكَ بِالموعِظةِ، و أمِتهُ بِالزَّهادَةِ، وَقَوِّهِ بِاليَقين، ونَوِّرهُ بِالحِكمَة.

(۴) (اے میرے بیٹے) اپنے دل کو موعظے کے ذریعے زندہ کرو، زہد کے ذریعہ اپنے دل (کی دنیاوی خواہشات) کو مار ڈالو، یقین کے ذریعے اس کو طاقتور بناؤ اور حکمت و علم کے ذریعے اس کو نورانی کرو۔

٥ ـ السَّعيدُ مَن وُعِظَ بِغَيرِه.

(۵) سعادت مند وہ ہے جو دوسروں سے موعظہ حاصل کرے۔

٦ ـ مَن لَم يَنفَعهُ اللهُ بِالبلاءِ والتَّجارُب، لم يَنتَفع بشيءٍ مِنَ العِظَة.

(۶) اللہ جسے بلاؤں اور تجربوں کے ذریعہ فائدہ نہیں پہنچاتا وہ کسی نصیحت سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا۔

٧ ـ اتّعِظُوا بِمَن كانَ قَبلَكُم قَبلَ أن يَتَّعِظَ بِكُم مَن بَعدَكُم.

(۷) گزشتہ لوگوں (کے طور و طریقہ) سے پند و نصیحت حاصل کرو قبل اس کے تم سے تمہارے بعد والے نصیحت حاصل کریں۔

٨ ـ إنَّ اللهَ سُبحانَه لم يَعظْ أحَداً بِمِثلِ هذا القُرآنِ، فإنّه حَبْلُ اللهِ المَتين، وسَبَبُهُ المُتبين.

(۸) جس طرح سے اللہ تعالی نے قرآن کے ذریعہ لوگوں کی نصیحت کی ہے اس طرح کسی اور شئے سے نہیں کی بلاشبہ یہ اللہ تعالی کی مضبوط رسی اور اس کا آشکار راستہ و وسیلہ ہے۔

٩ ـ المَوعِظةُ كَهْفٌ لِمَن وَعاها.

(۹) موعظہ اس شخص کی پناہ گاہ ہے جو اسے سمجھ لے۔

١٠ ـ العَاقِلُ مَن وَعَظَتْهُ التَّجارُب.

(۱۰) عاقل وہ ہے جس کی نصیحت تجربے کریں۔

١١ ـ خَيرُ ما جَرَّبْتَ ما وَعَظَك.

(۱۱) تمہارا بہترین تجربہ وہ ہے جس سے تم نصیحت حاصل کرو۔

١٢ ـ لا تَكُونَنَّ مِمَّن لا يَنْتَفِعُ مِنَ العِظَةِ إلّا بِما لَزِمَهُ فألَمَهُ، فإنّ العاقِلَ يَتَّعِظُ بِالأدب والبَهائِمُ لا تَتَّعِظُ إلّا بِالضَّرب.

(۱۲) ایسے لوگوں میں سے ہر گز نہ ہونا جو صرف ان چیزوں سے نصیحت حاصل کرتے جن میں مبتلا ہو کر تکلیف اٹھا چکے ہوتے ہیں عاقل تو ادب کی باتیں سن کر نصیحت حاصل کر لیتا ہے البتہ چوپائے صرف مار ہی سے سدھرتے ہیں۔

١٣ ـ مَن وَعَظَ أخاهُ سِرّاً فَقَدْ زانَهُ، ومَن وَعَظَهُ عَلانِيَةً فَقَد شانَه.

(۱۳) جس نے اپنے بھائی کی تنہائی میں نصیحت کی اس نے اس کی خوبیوں کو آراستہ کیا اور جس نے دوسروں کے سامنے موعظہ کیا اس نے اس کی بے عزتی کر دی۔

١٤ ـ إحمَد مَن يَغْلِظُ عَلَيكَ ويَعِظُك، لا مَن يُزَكّيك ويَتَمَلَّقُك.

(۱۴) ایسے شخص کی تعریف کرو جو تمہارے ساتھ سختی سے پیش آتا ہے مگر تمھاری نصیحت کرتا ہے نہ ایسے شخص کی جو چاپلوسی سے کام لیتا ہے اور تمھیں عیوب سے مبرا قرار دیتا ہے۔

١٥ ـ الجاهِلُ لا يَرتَدِع، وبِالمَواعِظِ لا يَنتَفِع.

(۱۵) نادان نہ تو اپنی نادانی سے باز آتا ہے اور نہ وعظ و نصیحت سے ہدایت پاتا ہے۔

١٦ ـ العاقِلُ مَنِ اتَّعَظَ بِغَيرِه.

(۱۶) عاقل وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرتا ہے۔

١٧ ـ المَواعِظُ شِفاءٌ لِمَن عَمِلَ بِها.

(۱۷) موعظہ ان لوگوں کے لئے شفا بخش ہے جو اس پر عمل کریں۔

١٨ ـ أنفَعُ المَواعِظِ ما رَدَع.

(۱۸) سب سے زیادہ فائدہ اس موعظے میں ہے جو انسان کو گناہ سے بچائے۔

١٩ ـ أبلَغُ العِظاتِ الاعتبارُ بِمَصارِعِ الأَموات.
(۱۹) سب سے اچھا موعظہ یہ ہے کہ انسان قبرستانوں سے عبرت حاصل کرے۔

٢٠ ـ بِالمَواعِظِ تَنْجَلي الغَفْلَة.
(۲۰) موعظہ کے ذریعہ غفلت (کے بادل) چھنٹ جاتے ہیں۔

٢١ ـ رُبَّ واعِظٍ غَيرُ مُرْتَدِعٍ.
(۲۱) بہت سے نصیحت کرنے والے خود (برائیوں سے) دور نہیں رہتے۔

٢٢ ـ غَيرُ مُنْتَفِعٍ بِالعِظات قَلْبٌ مُتَعَلِّقٌ بِالشَّهوات.
(۲۲) موعظوں سے نصیحت نہ حاصل کرنے والا وہ دل ہوتا ہے جو خواہش نفسانی سے وابستہ ہو۔

٢٣ ـ مَن وَعَظَك أحسَنَ إليك.
(۲۳) جس نے تمہیں نصیحت کی اس نے تمہارے اوپر احسان کیا۔

٢٤ ـ مَن لم يَتَّعِظ بِالناسِ وَعَظَ اللهُ النّاسَ بِه.
(۲۴) جو لوگوں سے نصیحت حاصل نہیں کر پاتا اللہ تعالی لوگوں کی اس کے ذریعہ نصیحت کر دیتا ہے۔

٢٥ ـ نِعمَ الهَدِيّةُ المَوعِظة.
(۲۵) بہترین تحفہ، نصیحت ہے۔

[ ۲۰۳ ]

# النّار = جہنم کی آگ

١ ـ كُلُّ نَعيمٍ دُونَ الجنَّةِ فهو مَحْقُورٌ و كُلُّ بلاءٍ دُونَ النّارِ عافِيَةٌ.

(۱) جنت کے سامنے جتنی نعمتیں ہیں سب حقیر و ناچیز ہیں اور دوزخ کے سامنے جتنی بلائیں اور مصیبتیں ہیں سب عافیت اور آسائش ہیں۔

٢ ـ ما خَيرٌ بِخَيرٍ بَعدَهُ النّار.

(۲) وہ خیر جس کے بعد جہنم کی آگ ہو خیر نہیں۔

٣ ـ ما أخسَرَ المَشَقَّةَ وَراءَها العِقابُ، وأربَحَ الدَّعَةَ مَعَها الأمانُ مِنَ النّار.

(۳) کتنی نقصان دہ ہے وہ مشقت اور مصیبت جس کے بعد جہنم کا عذاب ہو اور کتنی فائدہ مند ہے وہ آسائش و سکون جس کے ساتھ جہنم سے نجات حاصل ہو۔

٤ ـ مَن أشفَقَ مِنَ النّارِ اجتَنَبَ المُحَرَّمات.

(۴) جو بھی دوزخ سے ڈرے گا اللہ تعالیٰ کے محرمات سے اجتناب کرے گا۔

٥ ـ إحذَرُوا ناراً قَعرُها بَعيدٌ، وَحَرُّها شَديدٌ، وعَذابُها جَديدٌ، دارٌ لَيسَ فيها رَحمَةٌ، ولا تُسمَعُ فيها دَعوَةٌ، ولا تُفرَّجُ فيها كُربَةٌ.

(۵) ایسی آگ سے ڈرو جس کی گہرائی بہت زیادہ، حرارت بہت شدید اور عذاب ہر روز نیا ہے ایسی جگہ میں نہ رحمت ہے اور نہ کسی کی دعا سنی جائے گی اور نہ ہی عذاب ختم ہو گا۔

٦ ـ ألا وَمَن أكَلَهُ الحَقُّ فإلى الجنَّةِ، ومَن أكَلَهُ الباطِلُ فإلى النّار.

(۶) آگاہ رہو جس کے ساتھ حق ہو گا وہ جنت کی طرف چلا جائے گا اور جو لقمہ باطل بنا اس کا ٹھکانہ جہنم ہو گا۔

٧ ـ ما بَينَ أحَدِكُم وبَينَ الجَنَّةِ أو النّارِ إلّا المَوتُ أن يَنزِلَ به.

(۷) تمہارے اور جنت یا دوزخ کے درمیان کوئی فاصلہ نہیں مگر موت کا پہنچ جانا۔

٨ ـ الكريمُ مَن أكرَمَ عَن ذُلِّ النّارِ وَجهَه.

(۸) کریم انسان وہ ہے جو اپنے چہرہ کو جہنم کی آگ کی ذلت سے بچالے۔

٩ ـ النّارُ غايَةُ المُفرِطين.

(۹) افراط کرنے والوں کی آخری منزل دوزخ ہے۔

١٠ ـ كفىٰ بِجَهَنَّمَ نَكالاً.

(۱۰) سزا کے لئے جہنم کی آگ کافی ہے۔

١١ ـ لَن يَنجُوَ مِنَ النّارِ إلّا التارِكَ عَمَلَها.

(۱۱) آتش جہنم سے کوئی نجات نہیں پائے گا سوائے ان لوگوں کے جنھوں نے جہنمیوں کے اعمال ترک کر دئے ہوں۔

١٢ ـ لَيسَ لهذا الجِلدِ الرّقيقِ صَبرٌ على النّار.

(۱۲) یہ نازک کھال آتش جہنم کے عذاب کو برداشت نہیں کر سکتی

١٣ ـ وَفدُ النّارِ أبَداً مُعَذَّبُون.

(۱۳) جہنم میں جانے والے ہمیشہ عذاب میں رہیں گے۔

١٤ ـ وارِدُ النّارِ مُؤَبَّدُ الشَّقاء.

(۱۴) دوزخ میں داخل ہونا ابدی شقاوت ہے۔

١٥ ـ الدُّنيا جَنَّةُ الكافِرِ و الموتُ مُشَخَّصُهُ و النارُ مَثواه.

(۱۵) دنیا کافر کی جنت، موت اس کی تشخیص دہندہ اور آتش جہنم اس کا آخری ٹھکانہ ہو گا۔

١٦ ـ إنّ أهلَ النّارِ كلُّ كَفُورٍ مَكُورٍ.

(۱۶) ہر کفران نعمت کرنے والا اور مکار جہنمی ہو گا۔

١٧ ـ التَّهَجُّمُ عَلَى المَعاصي يُوجِبُ عذابَ النّار.

(۱۷) گناہوں کی طرف یلغار کرنا عذاب جہنم کا باعث ہو گا۔

١٨ ـ أنا قَسيمُ النّارِ و خازِنُ الجَنان و صاحِبُ الحَوضِ و صاحِبُ الأعراف.

(۱۸) میں دوزخ کو تقسیم کرنے والا، جنتوں کا خزانہ دار، حوض کوثر کا مالک اور اعراف (جنت اور دوزخ کا درمیانی مقام) کا صاحب اختیار ہوں۔

[ ٢٠٤ ]

# النَّجاة = نجات

١ ـ ما يَنجُو مِنَ المَوتِ مَن خافَهُ، ولا يُعطىٰ البَقاءَ مَن أحَبَّه.

(۱) موت سے ڈرنے والا اس سے نجات حاصل نہیں کرسکتا اور اسے چاہنے والے کو ابدی زندگی بھی نہیں عطا کی جاسکتی۔

٢ ـ [ رحم الله امرءً ] جَعَلَ الصبرَ مَطيَّةَ نَجاتِه.

(۲) اللہ اس بندے پر رحم کرے جس نے صبر کو اپنی نجات کی سواری قرار دیا۔

٣ ـ قال ﷺ : العَجَبُ لِمَن يَهلَكُ ومَعهُ النَّجاة، قيل له ﷺ : و ما هي؟ قال ﷺ : التَّوبَةُ و الاستِغفار.

(۳) امام نے فرمایا" مجھے ہلاک ہونے والے پر تعجب ہوتا ہے جبکہ اس کے ساتھ نجات ہوتی ہے۔" آپ سے کہا گیاوہ کیا ہے؟" تو فرمایا" توبہ اور استغفار۔"

٤ ـ ما نَجا مَن نَجا بِغَيِّه.

(۴) جو اپنی گمراہی کے ذریعے نجات حاصل کرنا چاہتا ہے وہ کبھی نجات نہیں پاسکتا۔

٥ ـ في المُناجاةِ سَببُ النَّجاة.

(۵) مناجات میں نجات کا راستہ و ذریعہ ہے۔

٦ ـ ثَلاثٌ مُنجِيات: تَكُفُّ لِسانَكَ، وتَبكي على خَطِيئَتِك، ويَسَعُكَ بَيتُك.

(۶) تین چیزیں نجات دہندہ: تم اپنی زبان روک رہو، اپنی غلطی پر گریہ کرو اور تمہاری گھر تمہارے لئے کافی ہو۔

٧ ـ مَلاكُ النَجاةِ لُزُومُ الإيمانِ وصِدقُ الإيقان.

(۷) میزان نجات ایمان کی پابندی اور یقین کی صحت ہے۔

٨ ـ لَن يُدرِكَ النَّجاةَ مَن لم يَعمل بالحق.

(۸) وہ ہرگز نجات نہیں پاسکتا جو حق پر عمل نہ کرتا ہوگا۔

٩ ـ كُن لِهواكَ غالِباً و لِلنَّجاةِ طالِباً.

(۹) اپنی خواہشات نفسانی پر غالب اور نجات کے طالب رہو۔

١٠ ـ النَّجاةُ مع الإيمان.

(۱۰) نجات و رستگاری ایمان کے ساتھ ہے۔

١١ ـ النَّجاةُ مع الصِّدق.

(۱۱) نجات و رستگاری سچائی کے ساتھ ہے۔

١٢ ـ الصِّدقُ يُنجِيكَ و إن خِفتَه.

(۱۲) سچائی تمھیں نجات دے گی اگر تم اس سے خوف زدہ رہو۔

١٣ ـ طُوبىٰ لِمَن جَعَلَ الصبرَ مَطيَّةَ نَجاتِهِ و التَّقوىٰ عِدَّةَ وَفاتِه.

(۱۳) کتنا اچھا حال ہے اس شخص کا جو صبر کو اپنی نجات کا ذریعہ اور تقوے کو اپنی وفات کا سرمایہ بنائے۔

١٤ ـ عَجِبتُ لِمَن يَقنَطُ و مَعَهُ النَّجاةُ و هـو الإستغفار.

(۱۴) مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو ناامید ہوتا ہے جبکہ نجات کا وسیلہ یعنی استغفار اس کے پاس ہے۔

١٥ ـ عاقِبةُ الصِّدقِ نَجاةٌ و سلامَةٌ.

(۱۵) سچائی کا انجام نجات و سلامتی ہے۔

١٦ ـ إرضَ بمحمّدٍ ﷺ رائداً و إلى النَّجاةِ قائِداً.

(۱۶) حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی قیادت اور نجات کی طرف رہنمائی سے راضی و خوش رہو۔

١٧ ـ رُبَّ جاهِلٍ نَجاتُهُ جَهلُه.

(۱۷) بہت سے جاہلوں کی نجات ان کا جہل ہوتا ہے۔

١٨ ـ ثَلاثٌ فِيهِنَّ النَّجاةُ لُزُومُ الحقِّ و تَجَنُّبُ الباطِلِ و ركوبُ الجِدِّ.

(۱۸) تین چیزوں میں نجات ہے: حق کی پابندی، باطل سے اجتناب اور جد و جہد کو اختیار کرنا۔

[ ٢٠٥ ]

# النَّدَم = ندامت

١ ـ ألحِدَّةُ ضَربٌ مِن الجُنُونِ لأنّ صاحِبَها يَندمُ فإن لَم يَندم فَجنُونُهُ مُستَحكَمٌ.

(۱) غیظ و غضب جنون کی ایک قسم ہے اس لئے کہ غصہ کرنے والا اپنے فعل پر پشیمان ہوتا ہے اور اگر پشیمان نہ ہو تو اس کا جنون ثابت اور مستحکم ہے۔

٢ ـ ألاٰ إنّ شرايِعَ الدِّينِ واحدةٌ و سُبُلَهُ قاصِدةٌ مَن أخَذَ بِها لَحِقَ و غَنِمَ و مَن وَقَفَ عنها ضَلَّ و نَدَم.

(۲) آگاہ رہو کہ دین کے تمام قوانین ایک ہی ہیں اس کے راستے سیدھے اور آسان ہیں جس نے انھیں حاصل کرلیا وہ دین سے ملحق ہو گیا اور فائدہ میں رہا اور جو ان پر عمل پیرا نہ ہوا وہ گمراہ و پشیمان ہو گیا۔

٣ ـ ثَمَرةُ التفريطِ الندامَةُ و ثَمَرةُ الحَزمِ السلامَة.

(۳) کوتاہی کا نتیجہ ندامت اور پشیمانی ہے اور دور اندیشی کا ثمرہ سلامتی ہے۔

٤ ـ في الصَّمتِ السَّلامَةُ مِنَ النَّدامَة.

(۴) خاموش رہنے انسان پشیمانی سے محفوظ رہتا ہے۔

٥ ـ التَدبيرُ قبلَ العَمَلِ يُؤمِنُك مِنَ النَّدَم.

(۵) کام شروع کرنے سے پہلے چارہ اندیشی کرنا تمھیں ندامت سے بچالے گا۔

٦ ـ لاٰ خَيرَ في لَذَّةٍ تُعقِبُ نَدامَةً.

(۶) اس لذت میں کوئی خیر نہیں جس کے بعد پشیمانی آئے۔

٧ ـ إذا نَدِمتَ فأقلِع، وإذا أَسأتَ فاندَم.

(۷) جب پشیمان ہو جاؤ تو اس کام سے رک جاؤ اور جب برائی کرو تو پشیمان ہو جاؤ۔

٨ ـ النَدَمُ تَوبَةٌ.

(۸) پشیمانی، توبہ کا پہلا مرحلہ ہے۔

٩ ـ ثَلاثٌ مَن كُنَّ فيه لم يَندَم: تَركُ العَجَلَة، والمَشوَرةُ، والتَوَكُّلُ علىٰ الله عِندَ العَزم.

(۹) جس کے پاس یہ تین چیزیں ہوں گی وہ پشیمان نہیں ہوگا: عجلت نہ کرنا، مشورہ کرنا اور عزم کرتے وقت اللہ پر توکل کرنا۔

١٠ ـ النَّدَمُ أَحَدُ التَّوبَتَين.

(۱۰) ندامت، توبہ کی دو قسموں میں سے ایک قسم ہے۔

١١ ـ النَّدَمُ على الخَطِيئةِ اَستِغفارٌ.

(۱۱) خطا کے بعد پشیمانی خود طلب مغفرت ہے۔

١٢ ـ النَّدَمُ علىٰ الذَّنبِ يَمنَعُ مِن مُعاوَدَتِه.

(۱۲) گناہ پر پشیمان ہونا دوبارہ گناہ کرنے سے بچالیتا ہے۔

١٣ ـ إذا فارَقتَ ذَنباً فَكُن عليه نادِماً.

(۱۳) جب تم نے کسی گناہ کو چھوڑ دیا تو اس کے انجام پر پشیمان رہو۔

١٤ ـ اندَم علىٰ ما أسأتَ، ولاٰ تَندَم علىٰ مَعروفٍ صَنَعتَ.

(۱۴) اپنے برے کاموں پر پشیمان ہو لیکن اچھے کاموں پر پشیمان نہ ہونا۔

١٥ ـ طُوبىٰ لِكُلِّ نادِمٍ علىٰ زَلَّتِه، مُستَدرِكٍ فارِطِ عَثرَتَه.

(۱۵) کتنا اچھا حال ہے اس شخص کا جو اپنی خطا و لغزش پر پشیمان ہو اور پشیمانی کے بعد اپنے گناہوں کے تدارک میں پیش قدمی کرتا ہو۔

١٦ ـ مَن نَدِمَ فَقَد تابَ.

(۱۶) جو پشیمان ہو جائے یقیناً اس نے گناہ سے توبہ کیا۔

١٧ ـ عِندَ مُعايَنَةِ أهوالِ القِيامَةِ تَكثُرُ مِنَ المُفرِطينَ النَّدامَة.

(۱۷) قیامت کی ہولناکیوں کے مشاہدے کے بعد (گناہ میں) زیادہ روی کرنے والوں کی پشیمانی بہت زیادہ ہو گی۔

١٨ ـ نَدَمُ القَلبِ يُكَفِّرُ الذَّنبَ ويُمَحِّصُ الجَريرَة.

(۱۸) دل کی پشیمانی گناہوں چھپا لیتی ہے اور ظلم و گناہ کو مٹا دیتی ہے۔

# [۲۰۶]
# النَّصِيحَة = نصیحت

١ ـ ولا تدَّخِرُوا أنفُسَكُم نَصيحَةً.
(۱) اپنے نفس کی نصیحت کو ترک نہ کرنا۔

٢ ـ لا تَدَع أن تَنصَحَ أهلَكَ، فإنّك عَنهُم مَسؤولٌ.
(۲) اپنے اہل و عیال کی نصیحت ترک نہ کرنا اس لئے تم ان کے ذمہ دار ہو اور تم سے ان کے متعلق سوال کیا جائے گا۔

٣ ـ ربَّما نَصَحَ غيرُ ناصِحٍ.
(۳) کبھی نصیحت نہ کرنے والا بھی نصیحت کر جاتا ہے۔

٤ ـ النُّصحُ بينَ المَلأ تَقريعٌ.
(۴) لوگوں کے سامنے نصیحت کرنا سرزنش اور ملامت ہے۔

٥ ـ النُصحُ لِمَن قَبِلَه.
(۵) نصیحت اس شخص کے لئے ہوتی ہے جو اسے قبول کرتا ہو۔

٦ ـ كَثرَةُ النُصحِ تَهجُمُ بِكَ علىٰ كَثرَةِ الظِّنَّة.
(۶) حد درجہ نصیحت تمہارے لئے بہت سی بد گمانیوں کی باعث ہو گی۔

٧ ـ لَيسَ يَفهَمُ كَلامَكَ مَن كانَ كَلامُهُ لَكَ أحَبَّ إليهِ مِنَ الإستِماعِ مِنكَ، ولا يَعلَمُ نَصيحَتَكَ مَن غَلَبَ هَواهُ علىٰ رأيِكَ، ولا يُسَلِّمُ لَكَ مَنِ اعتَقَدَ أنّه أتَمُّ مَعرِفَةً بما أشَرتَ عليه بِهِ مِنك.
(۷) وہ تمہاری بات نہیں سمجھے گا جس کے نزدیک تمہارے لئے اپنا کلام تم سے (تمہاری بات) سننے سے زیادہ اچھا ہو گا اور اسے تمہاری نصیحت کا علم نہیں ہو سکتا جس کی خواہش نفسانی تمہاری رائے پر غالب ہو اور وہ کبھی تمھیں تسلیم نہیں کر سکتا جس کا یہ اعتقاد ہو کہ اس چیز کے متعلق تم سے زیادہ جانتا ہے جس کے بارے میں تم نے اشارہ کیا ہے۔

٨ ـ النَّصيحَةُ مِن أخلاقِ الكِرام.
(۸) نصیحت کریم النفس لوگوں کے اخلاق میں سے ہے۔

٩ ـ النَصِيحَةُ تُثمِرُ الوُدّ.
(۹) نصیحت کا ثمرہ دوستی اور محبت ہے۔

١٠ ـ إنَّ أنصَحَ الناسِ أنصَحُهُم لِنَفسِه، وأطوَعُهُم لِرَبِّه.
(۱۰) سب سے بڑا ناصح وہ ہے جو خود کو سب سے زیادہ نصیحت کرے اور سب سے زیادہ اپنے رب کی اطاعت کرے۔

١١ ـ أشفَقُ الناسِ عَليك أعوَنُهُم لكَ علىٰ صَلاحِ نَفسِك، و أنصَحُهُم لك في دينك.
(۱۱) تمہارے لئے سب سے زیادہ مہربان وہ شخص ہے جو اصلاح نفس میں تمہارا سب سے بڑا مددگار اور دین میں سب سے اچھا ناصح ہو۔

١٢ ـ إسمَعُوا النَصِيحَةَ مِمَّن أهـداهـا إليكـم، وأعقِلُوها على أنفُسِكم.

(۱۲) اس کی نصیحت کو سنو جس نے اسے تمہارے لئے بطور ہدیہ پیش کیا اور اسے سمجھ کر اپنے اوپر منطبق کرو۔

١٣ ـ إمحَض أخاكَ النَّصِيحَةَ، حَسَنَةً كانَت أو قَبِيحَةً.

(۱۳) اپنے دوست کو خالص طور پر نصیحت کرو چاہے اسے پسند آئے یا وہ برا مانے۔

١٤ ـ طُوبىٰ لِمَن أطاعَ ناصِحاً يَهدِيه، وتَجَنَّبَ غاوِياً يُردِيه.

(۱۴) خوش حالی اس کے لئے جو اپنے اس ناصح کی اطاعت کرے جو اس کی ہدایت کرتا ہو اور اور گمراہ کن شخص سے دور رہے جو اس کو ہلاک کرتا ہو۔

١٥ ـ كـيـفَ يَـنتَفِعُ بـالنَّصِيحَةِ مَـن يـلتَذُّ بالفَضِيحَة؟!

(۱۵) جو رسوائی اور بدنامی سے لذت حاصل کرتا ہو وہ کیسے نصیحت سے ہدایت پا سکتا ہے۔

١٦ ـ مَن بَصَّرَكَ عَيبَكَ فَقَد نَصَحَك.

(۱۶) جو تمہارے عیب کو تمھیں دکھائے یقیناً اس نے تمھیں نصیحت کیا ہے۔

١٧ ـ مَرارَةُ النُصحِ أنفَعُ مِن حَلاوَةِ الغِشّ.

(۱۷) نصیحت کی تلخی، فریب کی شیرینی سے زیادہ فائدہ مند ہے۔

١٨ ـ ما أخلَصَ المَوَدَّةَ مَن لم يَنصَح.

(۱۸) وہ دوستی میں پر خلوص نہیں ہے جس نے نصیحت نہ کی۔

١٩ ـ مِن أكبَرِ التَوفيقِ الأخذُ بالنَّصِيحَة.

(۱۹) نصیحت کو قبول کرنا بڑی توفیقات میں سے ہے۔

٢٠ ـ مِـن أحسَـنِ النَـصِّيحَةِ الإبـانَةُ عَـنِ القَبِيحَة.

(۲۰) بہترین نصائح میں سے ہے کہ انسان خود کو برائیوں سے جدا کردے۔

٢١ ـ مَن تاجَرَكَ في النُصحِ كانَ شَرِيكَك في الرِّبح.

(۲۱) جو نصیحت میں تم سے تجارت کرے وہ اس کے فائدہ میں تمہارا شریک ہو گا۔

٢٢ ـ مَن قَبِلَ النَّصِيحَةَ سَلِمَ مِنَ الفَضِيحَة.

(۲۲) جو نصیحت کو قبول کرے وہ رسوائی سے محفوظ رہے گا۔

٢٣ ـ لا واعِظَ أبلَغُ مِنَ النُصح.

(۲۳) نصیحت سے زیادہ بلیغ کوئی واعظ نہیں ہے۔

٢٤ ـ لا شَفيقَ كالوَدُودِ الناصِح.

(۲۴) محبت کے ساتھ نصیحت کرنے والے کی طرح کوئی مہربان نہیں۔

[۲۰۷]

## النِّعمَة = نعمت

١ ـ إنَّ للهِ في كُلِّ نِعمَةٍ حَقّاً، فَمَن أدّاهُ زادَهُ مِنها، ومَن قَصَّرَ فيه خاطَرَ بِزَوالِ نِعمَتِه.

(۱) بلاشبہ اللہ تعالی کا ہر نعمت میں ایک حق ہوتا ہے جو بھی اس کا حق ادا کر دیتا ہے اللہ اس کی نعمت کو زیادہ کر دیتا ہے اور جو اس حق کو ادا کرنے میں کوتاہی کرتا ہے وہ اپنے نعمت کو زوال کے خطرے سے دوچار کر دیتا ہے۔

٢ ـ أقَلُّ ما يَلزَمُكُم للهِ ألاّ تَستَعِينُوا بِنِعَمِه علىٰ مَعاصِيه.

(۲) تمہارے اوپر اللہ کی طرف سے لازم شدہ اشیاء میں سے سے چھوٹی شئے یہ ہے کہ تم اس کی نافرمانی کے لئے اس کی نعمتوں کی مدد نہ حاصل کرو۔

٣ ـ يابنَ آدمَ، إذا رأَيتَ ربَّك سُبحانَهُ يُتابِعُ علَيكَ نِعَمَهُ وأنتَ تَعصِيه فَاحذَره.

(۳) اے فرزند آدم جب تم دیکھو کہ تمہارا پروردگار پے در پے تمھیں اپنی نعمتوں سے نواز رہا ہے اور تم اس کی نافرمانی اور گناہ کر رہے ہو تو اس کے عذاب سے خوف کرو۔

٤ ـ يا جابر، مَن كَثُرَت نِعَمُ اللهِ عَلَيهِ كَثُرت حَوائجُ الناسِ إليه، فَمَن قامَ للهِ بما يَجِبُ فيها عرَّضَها للدَّوامِ والبَقاءِ، ومَن لم يَقُم فيها بِما يَجِبُ عَرَّضَها للزَوالِ والفَناء.

(۴) اے جابر! جس پر اللہ کی نعمتوں زیادہ ہو جاتی ہیں اس کے پاس لوگوں کی ضرورتیں بھی بڑھ جاتی ہیں، لہذا ان میں سے جتنا لوگوں کا حق بنتا ہو اگر کسی نے اللہ کے لئے وہ ادا کر دیا تو اس نے اپنی نعمتوں کو دوام بخش دیا اور جس نے ان میں سے واجبات کو ادا نہ کیا اس نے اپنی نعمتوں کو زوال وفنا کے سپرد کر دیا۔

٥ ـ رُبَّ مُنعَمٍ عَليه مُستَدرَجٌ بالنُعمىٰ.

(۵) بہت سے نعمت الہی سے بہرہ مند افراد ایسے بھی ایسے جنھیں ان کی نعمتیں ہی بربادی کی طرف لے جاتی ہیں۔

٦ ـ إنَّ للهِ عباداً يَختَصُّهُمُ اللهُ بالنِعَم لِمَنافِعِ العِباد، فيُقِرُّها في أيدِيهِم، ما بَذَلوها، فإذا منَعُوها نزَعَها مِنهم، ثمّ حَوَّلَها إلى غَيرِهم.

(۶) بلاشبہ اللہ کے چند ایسے بندے ہیں جنھیں وہ لوگوں کے فائدہ کے لئے نعمتیں عطا کرتا ہے اور ان نعمتوں کو ان کے ہاتھوں میں اس وقت تک رہنے دیتا ہے جب وہ عطا میں کوتاہی نہیں

کرتے ہو اور جیسے ہی وہ اس میں کوتاہی کرنے لگتے ہیں اللہ ان سے اپنی نعمتوں کو سلب کر کے دوسروں کو عطا کر دیتا ہے۔

٧ ـ أيّها النّاس، لِيَرَكُمُ اللهُ مِنَ النِعمَةِ وَجِلِينَ كما يَراكُم مِنَ النُّقمَة فَرِقِينَ، إنّه مَن وُسِّعَ عَلَيه في ذاتِ يَدِه فَلَم يَرَ ذٰلِكَ استِدراجاً فَقَد أَمِـنَ مَخُوفاً، ومن ضُيِّقَ عليه في ذاتِ يَدِهِ فلم يَـرَ ذلك اختِباراً فقد ضَيَّعَ مأمُولاً.

(٧) اے لوگو! نعمت کی فراوانی کے وقت اللہ سے اسی طرح ڈرتے رہو جس طرح تم اس سے عذاب کے وقت ڈرتے رہتے ہو کیونکہ جسے مال و دولت میں وسعت عطا کی گئی ہو اور وہ اس عطا کو اپنی ہلاکت کا سامان نہ سمجھے تو بلاشبہ وہ ایک خوفناک شئے سے اپنے آپ کو امان میں سمجھتا ہے اور جو اپنے آپ کو تنگ دست پائے مگر اپنی اس تنگ دستی کو امتحان نہ سمجھے تو وہ اپنی جزا کو برباد کر دیتا ہے۔

٨ ـ أُوصيكُم أيّها النّاسُ، بتَقوَى اللهِ، و كَثرَةِ حَمدِهِ علىٰ آلائِه إليكُم، و نَـعمائِهِ عـليكم، و بَلائِهِ لَدَيكم، فَكَم خَصَّكُم بِنِعمَةٍ وتَدارَكَكُم بِرَحمَةٍ.

(٨) اے لوگ! میں اللہ کے تقوے اور اس کی نعمتوں کی فراوانی، تمہارے اوپر نازل ہونے والے نعمتوں، اور اللہ کی طرف سے تمہارے امتحان کے لئے، حد درجہ شکر کی تاکید کرتا ہوں بلاشبہ اس نے کتنی ہی نعمتوں کو تم سے مخصوص کر دیا اور کتنے امتحانات کی رحمت کے ذریعہ تلافی کر دی۔

٩ ـ لَم تَعظُم نِعمَةُ اللهِ علىٰ أحَدٍ إلّا ازدادَ حَقُّ اللهِ عَلَيهِ عِظَماً.

(٩) کسی پر بھی خدا کی نعمتیں بہت زیادہ نہیں ہوئیں سوائے اس کے کہ اسی نسبت سے خدا کا حق بھی اس کی گردن پر زیادہ ہو گیا۔

١٠ ـ وآستَتِمّوا نِعَمَ اللهِ عليكُم بالصَّبرِ عـلى طاعَتِه، والمُجانَبَةِ لِمَعصِيتَه.

(١٠) اپنے اوپر خدا کی نعمتوں کو اس کی اطاعت میں صبر و تحمل اور اس کی نافرمانی اور گناہ سے اجتناب کے ذریعے مکمل کرو۔

١١ ـ نَسألُ اللهَ سُبحانَهُ أن يَجعَلَنا وإيّاكُم مِمَّن لا تُبطِرُه نِعمَةٌ.

(١١) اللہ تعالیٰ سے ہم یہ سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اور تمھیں ان میں سے قرار دے جنہیں نعمتیں سرکش و متکبر نہیں بناتیں۔

١٢ ـ اتَّقُوا سَكَراتِ النِعمَةِ واحذَرُوا بَوائِقَ النِقمَة.

(١٢) نعمت کی مستی اور عذاب کی سختی سے ڈرو۔

١٣ ـ ما أنعَمَ اللهُ علىٰ عبدٍ نِعمَةً فَشَكَرَها بِقَلبِهِ إلّا اَستَوجَبَ المَزِيدَ مِنها قَبلَ أن يَظهَرَ شُكرُها على لِسانِه.

(۱۳) اللہ تعالی جب بھی کسی بندے کو کوئی نعمت عطا کرتا ہے اور وہ بندہ اس اپنے دل کے ذریعہ شکر ادا کر دیتا ہے تو خداوند عالم اس نعمت کا شکر اس کی زبان پر جاری ہونے سے پہلے ہی اس میں اضافہ کر دیتا ہے۔

١٤ ـ إيّاكُم وكُفرَ النِعَمِ، فَتَحُلَّ بِكُمُ النِقَم.

(۱۴) کفران نعمت سے پرہیز کرو کیونکہ یہ خدا کے عذاب کا سبب ہے۔

١٥ ـ لاٰ تَكفُرَنّ ذا نِعمَةٍ، فإنَّ كُفرَ النِعمَةِ مِن ألأَمِ الكُفر.

(۱۵) کسی صاحب نعمت کی ناشکری مت کرو کیونکہ کفران نعمت پست ترین کفر میں سے ہے۔

١٦ ـ إن اَستَطَعتَ ألاّ يَكونَ بَينَكَ وبينَ اللهِ ذو نِعمةٍ فافعَل.

(۱۶) اگر تمہارے امکان میں یہ ہو کہ تمہارے اور خدا کے درمیان کوئی صاحب نعمت واسطہ نہ بنے تو ایسا کر ڈالو۔

١٧ ـ المعروفُ زَكاةُ النِعَم.

(۱۷) نیکی اور خدمت، نعمتوں کی زکات ہے۔

١٨ ـ إحذَروا نِفارَ النِّعَمِ، فَما كُلُّ شارِدٍ بَمَردود.

(۱۸) نعمتوں کے دور ہو جانے سے ڈرو کیونکہ ہر بھاگنے والا واپس نہیں آتا۔

١٩ ـ لانِعمَةَ فِي الدُّنيا أعظَمُ مِن طُولِ العُمرِ وصِحَّةِ الجَسَد.

(۱۹) دنیا میں طول عمر اور صحت بدن سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں۔

٢٠ ـ النِعَمُ وَحشِيَّةٌ، فَقَيِّدوها بالمَعروف.

(۲۰) نعمتیں وحشی ہیں انھیں بھلائی کے ذریعہ قید رکھو۔

٢١ ـ أحسِنوا صُحبَةَ النِعَم فإنّها تَزولُ، وتَشهَدُ على صاحِبِها بما عَمِلَ فيها.

(۲۱) نعمتوں کے ساتھ حسن سلوک رکھو اس لئے کہ وہ زائل ہونے والی ہیں اور صاحب نعمت نے اس کے ساتھ جو کچھ کیا ہے اس کی گواہی دیں گی۔

٢٢ ـ كُفرُ النِعمَةِ لُؤمٌ.

(۲۲) نعمت کی ناشکری فرومائیگی ہے۔

٢٣ ـ صَلاحُ كلِّ ذي نِعمَةٍ فِي خِلافِ ما فَسَدَ عليه.

(۲۳) ہر صاحب نعمت کی خوبی اور بہتری اس چیز کی مخالفت میں ہے جو اس کی نعمت کو فاسد اور تباہ کر رہا ہے۔

٢٤ ـ إذا أرادَ اللهُ أن يُزيلَ عَن عَبدٍ نِعمَةً كانَ أوَّلُ ما يُغَيِّرُ مِنهُ عَقلُه.

(۲۴) جب اللہ تعالی کسی بندے سے کسی نعمت کو زائل کرنا چاہتا ہے تو سب سے پہلے اس کی عقل میں تغیر پیدا کر دیتا ہے۔

٢٥ ـ إنّما يُعرَفُ قَدرُ النِعَمِ بُمقاساةِ ضِدِّها.

(۲۵) نعمت کی قدر و قیمت اس کی ضد کے ساتھ مقایسہ کرنے کے بعد ہی پتہ چلتی ہے۔

٢٦ ـ إنَّ لله تعالىٰ في السَّرّاءِ نِعمَةَ الإفضالِ، وفي الضَّرّاءِ نِعمَةَ التَّطهير.

(۲۶) بلاشبہ اللہ تعالی آرام کے وقت نعمت فضل و عطا سے نوازتا ہے اور سختی و تنگی کی وقت نعمت تطہیر سے۔

٢٧ ـ أَولى الناسِ بالإنعامِ مَن كَثُرَتْ نِعَمُ اللهِ عَلَيه.

(۲۷) عطا و بخشش کے لئے سب سے زیادہ سزاوار وہی ہوتا ہے جس پاس نعمت الہی کی فراوانی ہو۔

٢٨ ـ أفضَلُ الكَرَمِ إتمامُ النِعَم.

(۲۸) بہترین کرم نعمتوں کا اتمام ہے۔

٢٩ ـ لِيُرَ عليك أثَرُ ما أنعَمَ اللهُ به عَليك.

(۲۹) اللہ تعالی نے جو نعمتیں تمھیں دی ہیں ان کے آثار تمھارے اندر معلوم ہونا چاہیے۔

٣٠ ـ مَن بَسَطَ يَدَهُ بالإنعامِ حَصَّنَ نِعمَتَهُ مِنَ الانصِرام.

(۳۰) جس نے اپنے ہاتھ کو (محتاج افراد کی) بخشش و عطا میں کھلا رکھا اس نے اپنی نعمت کو زائل ہونے سے بچالیا۔

٣١ ـ ما أعظَمَ نِعَمَ الله سُبحانه في الدُّنيا، وما أصغَرَها في نِعَمِ الآخِرَة.

(۳۱) اللہ سبحانہ کی نعمات دنیا میں کتنی عظیم اور آخرت کی نعمات کی نسبت کتنی چھوٹی اور حقیر ہیں۔

٣٢ ـ ما أنعَمَ اللهُ علىٰ عَبدٍ نِعمَةً فَظَلَمَ فيها إلّا كانَ حَقيقاً أن يُزيلَها.

(۳۲) جب بھی خدا اپنے کسی بندے کو نعمت عطا کرتا ہے اور وہ بندہ اس نعمت کے سلسلے میں ظلم کرتا اللہ کے نزدیک وہ زوال نعمت کا حقدار ہو جاتا ہے۔

٣٣ ـ لا تَكونُوا لِنِعَمِ الله سُبحانه عليكم أضداداً.

(۳۳) اپنے اوپر خدا کی نعمتوں کے سلسلے میں ایک دوسرے کے مخالف نہ بنو۔

[ ٢٠٨ ]

# النِّفاق = نفاق

١ ـ خُذِ الحكمة أنىّٰ كانَت فإنّ الحكمةَ تكونُ في صَدرِ المُنافِقِ فتَلَجلَج في صَدرِه حتّى تَخرجُ إلى صَواحِبها في صَدرِ المؤمِن.

(۱) حکمت جہاں بھی ملے لے لو کیونکہ یہ جب تک منافق کے سینے میں رہتی مضطرب و متحرک رہتی ہے۔یہاں تک کہ وہ وہاں سے نکل کر اپنے حقیقی مالکان ، مومنین کے سینوں میں منتقل ہو جاتی ہے۔

٢ ـ الحكمةُ ضالَّةُ المؤمِنِ فَخُذِ الحِكمَةَ، ولَو مِن أهلِ النِّفاق.

(۲) حکمت مومن کی گمشدہ چیز ہے اسے حاصل کرو اگر چہ اہل نفاق سے کیوں نہ لینا پڑے۔

٣ ـ نِفاقُ المَرءِ ذِلَّةٌ.

(۳) انسان کا نفاق اس کی ذلت و خواری ہے۔

٤ ـ كَثْرَةُ الوِفاقِ نِفاقٌ.

(۴) بہت زیادہ موافقت، دوروئی کا باعث ہے۔

٥ ـ للمُنافِقين علاماتٌ يُعرَفونَ بها: تَحِـيَّتُهم لَعنَة، وطعامُهُم تُهمَة، وغَـنيمَتُهم غـلُول، لا يعرِفونَ المَساجِدَ إلّا هَجَراً، ولا يأتُونَ الصَّلاة إلّا دُبُراً، مُستَكبِرونَ لا يألَفُون ولا يُـؤلَفُونَ، خُشُبٌ باللّيل، صُخُب بِالنَّهار.

(۵) منافقین کی چند ایسی علامتیں ہیں جن کے ذریعہ وہ پہچانے جاتے ہیں : ان کا سلام لعنت ،خوراک تہمت اور ان کی غنیمت خیانت ہوتی ہے وہ مساجد کو صرف متروک گھر جانتے ہیں اور نماز کے لئے نہیں آتے ہیں مگر اس کے آخری وقت میں ، تکبر کرتے ہیں ، کسی سے مانوس نہیں ہوتے ہیں اور نہ ان سے کوئی الفت پیدا کرتا ہے ،رات کو لکڑی کی طرح سوتے ہیں اور دن میں شور غل مچاتے ہیں۔

٦ ـ إيّاكُم والمِراءَ والخُصومةَ، فإنَّهما يُمرِضَانِ القَلبَ، ويَنبُتُ عليهِما النِفاق.

(۶) کٹ حجتی اور دشمنی سے بچے رہو اس لئے کہ یہ دونوں دل کو مریض کرتے ہیں اور اس کے اوپر نفاق کا پودا اگاتے ہیں۔

٧ ـ إنَّ المؤمِنَ يُرىٰ يَقينُهُ في عَمَلِه، وإنَّ المُنافِقَ يُرى شَكُّهُ في عَمَلِه.

(۷) بتحقیق مومن کا یقین اس کے عمل میں ظاہر ہو جاتا ہے اور منافق کے عمل میں اس کا شک ظاہر ہو جاتا ہے۔

٨ ـ أشَدُّ الناسِ نِفاقاً مَن أمَـرَ بِـالطاعَةِ ولَم

(۸) لوگوں میں سب سے بڑا منافق وہ ہے جو لوگوں کو خدا کی

يَعمَل بِهـا، ونَهـىٰ عَـنِ المَـعصِيَةِ وَلَم يَـنتَهِ عَنها.

اطاعت کا حکم دے اور خود اس پر عمل نہ کرے اور لوگوں کو گناہ سے روکے مگر خود اس گناہ کا ارتکاب کرے۔

٩ ـ إيّاكَ والنِفاق، فإنَّ ذا الوَجهَين لا يَكونُ وَجيهاً عِندَ الله.

(۹) نفاق اور دوغلی صفت سے بچے رہو اس لئے کہ دورو خدا کے نزدیک کبھی لائق احترام نہیں ہوتا۔

١٠ ـ النِفاقُ أخُو الشِّرك.

(۱۰) نفاق، شرک کا بھائی ہے۔

١١ ـ النِفاقُ تُوأمُ الكُفر.

(۱۱) نفاق، کفر کا جڑواں ہے۔

١٢ ـ النِفاقُ يُفسِدُ الإيمان.

(۱۲) نفاق ایمان کو فاسد کر دیتا ہے۔

١٣ ـ النِفاقُ شَينُ الأخلاق.

(۱۳) نفاق اخلاق کی پلیدی ہے۔

١٤ ـ النِفاقُ مَبنِيٌّ على المَين.

(۱۴) نفاق جھوٹ پر مبنی ہے۔

١٥ ـ النِفاقُ مِن أثافِيّ الذُّلّ.

(۱۵) نفاق ذلت و خواری کے ستونوں میں سے ہے۔

١٦ ـ تَجَنَّبُوا البُخلَ و النِفاقَ فَـهُما مِـن أذَمّ الأخلاق.

(۱۶) بخل و نفاق سے پرہیز کرو اس لئے کہ یہ دونوں مذموم ترین اخلاقوں میں سے ہیں۔

١٧ ـ رأسُ النِفاق الخِيانَة.

(۱۷) نفاق کی اساس خیانت ہے۔

١٨ ـ المُنافِقُ لنَفسِهِ مُداهِنٌ، وَعَـلى النّـاسِ طاعِنٌ.

(۱۸) منافق اپنے اعمال کی توجیہ کرتا ہے اور لوگوں پر تہمت لگاتا ہے۔

١٩ ـ الحِكمَةُ لا تَحِلُّ قَلبَ المُنافِقِ إلّا وهِيَ على إرتِحالٍ.

(۱۹) حکمت منافق کے دل میں ٹھہرتی ہی نہیں اور اگر کچھ دیر ٹھہر بھی جائیں تو فوراً خارج ہو جاتی ہیں۔

٢٠ ـ المُنافِقُ قَولُهُ جَميلٌ، وفِعلُهُ الداءُ الدَّخيل.

(۲۰) منافق کی بات خوبصورت اور اس کا عمل درد جانکاہ ہوتا ہے۔

٢١ ـ المُنافِقُ لِسانُهُ يُسِرُّ، وقَلبُهُ يُضِرُّ.

(۲۱) منافق کی زبان خوش کن ہوتی ہے اور اس کا باطن مضر ہوتا ہے۔

٢٢ ـ شُكرُ المُنافِقِ لا يَتجاوَزُ لِسانَه.

(۲۲) منافق کا شکر اس کی زبان سے آگے نہیں بڑھتا۔

٢٣ ـ ما أقبَحَ بِالإنسانِ ظاهراً مُوافِقاً و باطِناً مُنافِقاً.

(۲۳) انسان کے لئے کتنا برا اور قبیح ہے کہ اس کا ظاہر موافق اور باطن منافق ہو۔

[۲۰۹]

# النفس = نفس

١ ـ إنّ الأمرَ يَـنزِلُ مِـن السماء إلى الأرضِ كَقَطَراتِ المطرِ إلى كلِّ نَفسٍ بما قُسِمَ لَها مِـن زيادةٍ او نُقصانٍ.

(۱) ہر انسان کے مقدر میں جو کچھ کم زیادہ ہوتا ہے وہ ہر روز ہر انسان پر بارش کے قطروں کی طرح آسمان سے امر خدا کی شکل میں نازل ہوتا ہے۔

٢ ـ أيّها الناسُ، كلُّ امرءٍ لاقٍ ما يَفِرُّ مِنه في فراره، الأجلُ مَساقُ النـفس و الهَـرَبُ مِـنه مُوافاتُه.

(۲) اے لوگو! ہر انسان عالم فرار میں جس شئے سے بھاگ رہا ہے اس سے ضرور ملے گا اور اجل نفس کو (موت کی طرف) ہانکتی ہے لہٰذا اس سے بھاگنا اس اجل کو پورا کرنا ہے۔

٣ ـ رَحِمَ اللهُ امرأً نَزَعَ عن شهوتِه و قَمَعَ هوىٰ نَفسه فإنّ هذه النفس أبعدُ شيءٍ مَنزِعاً و إنّها لا تَزالُ تَنزِعُ إلى معصيةٍ في هَوىً.

(۳) خدا رحمت کرے اس شخص پر جو اپنی شہوات کو دل سے اتار پھینکے، اپنی خواہشات نفسانی کو دل سے نکال باہر کرے اس لئے کہ نفس کی خواہشات بہت دیر میں دل سے باہر نکلتی ہیں اور نفس ہمیشہ گناہ اور معصیت کی طرف مائل کرتا ہے۔

٤ ـ واعلَمُوا عبادَ اللهِ أنّ المؤمِنَ لا يُصبِحُ و لا يُمسي إلّا و نَفسُهُ ظنونٌ عِنده.

(۴) اے خدا کے بندو! تمھیں معلوم ہونا چاہیے کہ مومن صبح و شام اپنے نفس کے بارے میں بد گمان رہتا ہے۔

٥ ـ طُوبىٰ لِـنفسٍ أدَّت إلى ربِّهـا فَـرضَها و عَرَكَت بِجَنبِها بُؤسَها.

(۵) کیا اچھا حال ہے اس نفس کا جو خدا کے واجبات کو پوری طرح سے ادا کرے اور اس ضمن میں اس پر جو سختی اور مشقت وارد ہوئی ہے اسے خدا کے لئے تحمل کرے۔

٦ ـ أمره عليه السلام [ اى مالك الأشتر النخعي ] أن يَكسِرَ نَفسَهُ مِن الشهـوات و نَـزَعَها عِـندَ الجَمَحات، فإنّ النَّفسَ أمّارَةٌ بِـالسوءِ إلّا مـا رَحِمَ الله.

(۶) آپ نے مالک اشتر سے فرمایا "نفسانی خواہشات کے وقت اپنے نفس کو کچلو اور وسوسہ اور سر کشی کے وقت اس کو روکو اس لئے کہ انسان کا نفس ہمیشہ برائی ہی کی طرف لے جاتا ہے سوائے اس کہ رحمت خدا شامل حال ہو جائے۔

٧ ـ [ المؤمن ] أوسَعُ شيءٍ صدراً و أذَلُّ شيءٍ نفساً.

(۷) مومن سینے کی وسعت کے اعتبار سے سب سے بڑا ہوتا ہے اور نفس کے لحاظ سے سب سے چھوٹا۔

٨ ـ لَبِئسَ المَتجرُ أن تَرىٰ الدُّنيا لِنفسِك ثمناً و مما لك عِندَ الله عِوضاً.

(۸) کتنی بری تجارت ہے کہ تم دنیا کو اپنے نفس کی قیمت سمجھو اور اللہ کے پاس جو کچھ تمہارے لئے ہے اسے (اپنے اعمال کا) عوض جانو۔

٩ ـ لا تأمَن على نَفسِك صغيرُ مَعصيةٍ فَلَعَلَّكَ مُعَذَّبٌ عليه.

(۹) چھوٹے گناہ انجام دینے پر اپنے نفس کو امان میں مت سمجھو اس لئے کہ شاید اسی معصیت کے سبب تمھیں سزا دی جائے۔

١٠ ـ حاسِب نَفسَكَ لِنَفسِك، فإنّ غيرَها مِن الأنفس لَهَا حَسيبٌ غيرُك.

(۱۰) اپنے نفس کا اپنے لئے حساب کرو اس لئے کہ دوسرے نفسوں کا حساب و کتاب کرنے والا کوئی اور موجود ہے۔

١١ ـ لا تَجعَلَنَّ لِلشيطانِ فيك نَصيباً ولا على نفسِك سبيلاً.

(۱۱) اپنی ذات میں شیطان کے لئے کوئی حصہ مت چھوڑو اور اپنے نفس کی جانب اس کے لئے کوئی راستہ کھلا نہ رکھو۔

١٢ ـ [ الى محمّد بن ابى بكر ] أنتَ محقوقٌ أن تُخالِفَ على نَفسِك و أن تُنافِحَ عن دِينك ولو لم يَكُن لك إلّا ساعةٌ مِن الدَّهر.

(۱۲) محمد بن ابی بکر سے کو لکھا" تم پر واجب ہے کہ اپنے نفس کی خواہشات کی مخالفت کرو اور اپنے دین کا دفاع کرو اگر چہ اس کام کے لئے تمہاری عمر میں سے صرف ایک ساعت ہی باقی رہ ہے۔"

١٣ ـ أكرِم نَفسَك عَن كلِّ دَنِيَّةٍ و ان ساقَتك إلى الرغائِب فإنّك لن تَعتاضَ بِما تَبذُل مِن نَفسِك عِوَضاً.

(۱۳) ہر پستی سے اپنے نفس کو بلند و محترم رکھو اگر چہ وہ تمھیں دل کی خواہشات تک پہنچا دے اس لئے کہ اس راستے میں جو عزت و شخصیت تمہارے نفس سے چلی جائے گی اس کے عوض تمہیں کچھ نہیں ملے گا۔

١٤ ـ يا بُنيّ، إجعَل نَفسَك ميزاناً فيما بَينك و بينَ غيرك، و أحبِب لِغيرك ما تُحِبُّ لِنَفسِك، و أكرِه له ما تَكرَهُ لها ولا تَظلِم كما لا تُحِبُّ أن تُظلَمَ، و أحسِن كما تُحِبُّ أن يُحسَنَ إليك، و استَقبِح مِن تَستَقبِحُهُ مِن غيرك و أرضَ مِن الناس بما تَرضاهُ لَهُم مِن نَفسِك.

(۱۴) اے میرے بیٹے! اپنے اور دوسروں کے درمیان کے معاملات میں اپنے نفس کو معیار و میزان بناؤ دوسروں کے لئے وہی چاہو جو تم اپنے لئے پسند کرتے ہو اور دوسروں کے لئے وہی ناپسند کرو جو تم اپنے لئے ناپسند کرتے ہو دوسروں پر ظلم نہ کرو جیسا کہ تم نہیں چاہتے کہ تم ظلم کیا جائے نیکی کرو جیسا کہ تم چاہتے ہو کہ تمہارے ساتھ نیکی کی جائے جو اپنے لئے برا جانتے ہو اسے

دوسروں کے لئے بھی برا جانو اور لوگوں کی اتنی ہی اچھائیوں سے خوش رہو جتنی نیکیوں کے ذریعے تم انھیں خوش رکھتے ہو۔

١٥ ـ [ يا مالك ] إيّاك و الإعجاب بنَفسِكَ و الثقةَ بما يُعجِبُك مِنها، و حُبَّ الإطراء فإنّ ذلك مِن أوثَقِ فُرَصِ الشيطان في نَفسِهِ لِيَمحَقَ ما يكونُ مِن إحسانِ المُحسنين.

(۱۵) اے مالک! اپنے نفس کو خود پسندی اور ان چیزوں پر اعتماد کرنے سے بچاؤ جو تمھیں خود پسندی کی طرف لے جاتی ہیں اسی طرح چاپلوسی کی صفت سے بچو کہ یہ صفات شیطان کے لئے بہترین فرصت پیدا کرتی ہیں کہ وہ نیکو کار لوگوں کی نیکیوں کو محو و نابود کر دے۔

١٦ ـ [ الى عبدالله بن العباس ] لا يَكُن أفضلَ ما نِلتَ في نَفسِك مِن دُنياك بُلوغُ لَذَّةٍ او شِفاءُ غيظٍ، ولكن إطفاءُ باطِلٍ او احياءُ حقٍّ.

(۱۶) عبد اللہ ابن عباس کے پاس لکھا " دیکھو دنیاوی لذات میں سے تمھیں مل جانے والی اشیاء صرف حصول لذت یا غصہ ختم کرنے کے لئے ہی نہ ہوں بلکہ وہ باطل کو خاموش اور حق کو حیات نو عطا کرنے کے لئے ہوں۔

١٧ ـ أفضلُ الأعمالِ ما أكرهْتَ نَفسَكَ عَليه.

(۱۷) بہترین اعمال وہ ہیں جن کی انجام دہی پر تم نے اپنے نفس کو مجبور کر دیا ہو۔

١٨ ـ كَفىٰ أدباً لِنَفسِك تَجَنُّبُكَ ما كَرِهتَهُ لِغيرِك.

(۱۸) نفس کے ادب کے لئے بس یہی کافی ہے کہ تم ان اشیاء سے اجتناب کرو جو تمھیں دوسروں میں ناپسند ہوں۔

١٩ ـ إنّ أنصَحَ الناسِ لِنَفسِهِ أطوَعُهُ لِربِّه، و إنّ أغَشَّهُم لِنَفسِهِ أعصاهُم لِرَبِّه.

(۱۹) اپنی ذات کے بارے میں سب سے زیادہ خیرخواہ وہ ہے جو اپنے پروردگار کی سب سے زیادہ اطاعت کرے اور لوگوں میں سب سے زیادہ خود کو فریب دینے والا وہ ہے جو اپنے پروردگار کی سب سے زیادہ معصیت اور نافرمانی کرے۔

٢٠ ـ المَغبُونُ مَن غَبَنَ نَفسَهُ و المَغبُوطُ مَن سَلِمَ له دِينُه.

(۲۰) حقیقی فریب خوردہ وہ ہوتا ہے جو اپنے نفس کو فریب دے اور قابل رشک بندہ وہ ہوتا ہے جس کا دین اس کی خاطر سالم رہے۔

٢١ ـ المؤمنُ اذا أرادَ أن يَتَكَلَّمَ بِكلامٍ تَدَبَّرَهُ في نَفسِهِ فإنّ كانَ خَيراً أبداهُ و إن كانَ شرّاً واراه.

(۲۱) مومن جب کوئی بات کہنا چاہتا ہے تو پہلے اپنی ذات میں اس کے بارے میں غور و فکر کر لیتا ہے پس اگر وہ مفید بات ہوئی تو اسے ظاہر کرتا ہے اور اگر وہ بات شر ہوئی تو اسے چھپا لیتا ہے۔

۲۲ ـ المسألَةُ خِباءُ العُيوبِ، و مَن رَضِيَ عَن نَفسِهِ كَثُرَ الساخِطُ عليه.

(۲۲) (نامعلوم اشیاء کے بارے میں) سوال کرنا عیبوں کے اوپر ایک پردہ ہے اور جو شخص خود سے راضی ہو جاتا ہے اس کے دشمن بہت زیادہ ہو جاتے ہیں۔

۲۳ ـ مَن نَصَبَ نَفسَهُ للناسِ إماماً فَليَبدَأْ بِتَعليمِ نَفسِهِ قَبل تعليمِ غَيرِه... و مُعَلِّمُ نَفسِهِ و مؤَدِّبُها أحقُّ بِالإجلالِ مِن معلِّمِ الناسِ و مؤدِّبِهِم.

(۲۳) جو اپنے آپ کو لوگوں لئے رہبر بناتا ہے اسے چاہیے کہ دوسروں کی تعلیم سے پہلے اپنی تعلیم کرے ---اور اپنے آپ کی تعلیم و تادیب کرنے والا، لوگوں کی تعلیم و تادیب کرنے والے سے زیادہ قابل احترام ہوتا ہے۔

۲٤ ـ طُوبىٰ لِمَن ذَلَّ في نَفسِه و طابَ كسبُهُ و صَلَحَت سريرتُه.

(۲۴) کتنا اچھا حال ہے اس کا جو اپنے آپ میں ذلیل ہوا، جس کا ذریعہ معاش پاکیزہ ہوا اور جس کا باطن صالح ہو گیا۔

۲٥ ـ مَن وَضَعَ نَفسَهُ مَواضِعَ التُّهمَةِ فلا يَلُومَنَّ مَن أساءَ به الظَّنَّ.

(۲۵) جس نے اپنے آپ کو مقام تہمت میں رکھا اسے اپنے سے سوء ظن کرنے والے کی ہرگز مذمت نہیں کرنا چاہیے۔

۲٦ ـ مَن حاسَبَ نَفسَهُ رَبِحَ و مَن غَفَلَ عنها خَسِر.

(۲۶) جو اپنے نفس کا حساب کر لیتا ہے وہ فائدہ میں رہتا ہے اور جو اس سے غفلت برتتا ہے وہ گھاٹے میں رہتا ہے۔

۲۷ ـ عُجبُ المرءِ بِنَفسِهِ أحدُ حُسّادُ عَقلِه.

(۲۷) انسان کی خود پسندی اس کی عقل کے حاسدوں میں سے ہے

۲۸ ـ مَن نَظَرَ في عيبِ نَفسِهِ إشتَغَلَ عَن عيبِ غيرِه.

(۲۸) جو اپنے نفس کے عیب کو دیکھے گا وہ دوسروں کے عیوب کو بھول جائے گا۔

۲۹ ـ مَن فاتَهُ حَسَبُ نَفسِهِ لم يَنفعهُ حَسَبُ آبائه.

(۲۹) جو اپنی اخلاقی قدروں کا تحفظ نہ کرے اس کے آباء واجداد کی اقدار اسے کوئی فائدہ نہیں دیں گی۔

۳۰ ـ مَن كَرُمَت عليه نَفسُهُ هانَت عليه شَهواتُه.

(۳۰) جو اپنی بزرگی اور کرامت نفس کو مد نظر رکھے اس کی نفسانی خواہشات اور شہوات اس کی نظر میں خوار و حقیر ہوں گی۔

۳۱ ـ أهِن نَفسَكَ ما جَمَحَت بِك إلى مَعاصِي الله.

(۳۱) معاصی خدا کی طرف جب تک تمہارا نفس سرکشی کرتا رہے تم اس کی اہانت کرتے رہو۔

۳۲ ـ استَقبِح مِن نَفسِك ما تَستَقبِحهُ مِن غيرِك.

(۳۲) جن صفات کو دوسروں کے لئے برا جانتے ہو انھیں اپنے لئے بھی برا جانو۔

٣٣ ـ أملِك حَمِيَّةَ نَفسِكَ و سَورَةَ غَـضَبِك و سَطوَةَ يَدك و أعزِب لِسـانِك و احـتَرِس في ذلك كُلِّهِ بتأخيرِ المبادِرَةِ و كَفِّ السَّطوَةَ حتى يَسكُنَ غَضَبُك و يَثُوبُ إليك عَقلُك.

(۳۳) اپنے نفس کی غیرت ، غیظ و غضب کی شہوت اور بازو کی طاقت کو اپنے اختیار میں رکھتے ہوئے اپنی زبان کو روکے رکھو اور ان تمام کو ترک عجلت و طاقت کا استعمال نہ کرنے کے ذریعے اپنے قابو میں رکھو یہاں تک کہ تمہارا غصہ ٹھنڈا ہو جائے اور تمہارے ہوش و عقل پلٹ آئیں۔

٣٤ ـ إيّاك و الثِّقَةَ بِنَفسِك فإنّ ذلك مِن أكبرِ مَصائِدِ الشيطان.

(۳۴) اپنے نفس پر اعتماد کرنے سے پرہیز کرو اس لئے کہ یہ شیطان کی سب بڑی شکار گاہوں میں سے ہے۔

٣٥ ـ إنّ لِأنـفسِكُم أثمـاناً فـلا تَـبيعُوها إلّا بِالجنّة.

(۳۵) تمہارے نفسوں کی بہت بیش بہا قیمت ہے اسے جنت کے علاوہ کسی اور شئے کے عوض نہ بیچنا۔

٣٦ ـ أقوى الناسِ مَن قَوِيَ على نفسه.

(۳۶) قوی ترین شخص وہ ہوتا ہے جو اپنے نفس کے مقابل قوی ہوتا ہے۔

٣٧ ـ سياسَةُ النفسِ أفضلُ سياسةٍ و رياسةُ العلمِ أشرفُ رياسةٍ.

(۳۷) سیاست نفس بلند ترین سیاست اور ریاست علم شریف ترین ریاست ہے۔

٣٨ ـ صَومُ النفسِ عَنِ لذّاتِ الدُّنيا أنفَعُ الصيام.

(۳۸) لذات دنیا سے نفس کا روزہ سب سے زیادہ فائدہ مند روزہ ہے

٣٩ ـ صَومُ النفسِ إمساكُ الخمسِ عن سائِرِ المآثِمِ و خُلُوُّ القَلبِ مِن جَميعِ أسبابِ الشَّرِّ.

(۳۹) نفس کا روزہ یہ ہے کہ حواس خمسہ کو تمام گناہوں سے بچایا جائے اور دل کو شر کے تمام اسباب سے خالی کیا جائے۔

٤٠ ـ ضَبطُ النفسِ عِندَ الرَّغبِ والرَّهبِ مِن أفضلِ الأدب.

(۴۰) رغبت کے موقع پر ضبط نفس اور خوف بہترین ادب ہے۔

٤١ ـ طوبىٰ لِمَن كانَ لَهُ مِن نَفسِهِ شُغلُ شاغِلٍ عَنِ الناس.

(۴۱) کتنا اچھا حال ہے اس کا جس کے پاس اپنی ہی ایسی مصروفیت ہو جو اسے دوسروں سے دور رکھے۔

٤٢ ـ عَجِبتُ لِمَن يَتَصَدّىٰ لإصلاحِ الناس، و نَفسُهُ أشَدُّ شَيءٍ فَساداً فلا يُصلِحُها و يَتَعاطىٰ صلاحَ غَيره.

(۴۲) مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو لوگوں کی اصلاح کا ذمہ اپنے عہدہ پر لیتا ہے جبکہ اس کا نفس سب سے زیادہ فاسد ہوتا ہے۔ وہ اپنی اصلاح نہیں کرتا اور دوسروں کی اصلاح اور تزکیہ کے لئے محنت کرتا ہے۔

٤٣ ـ خِدمَةُ النفسِ صِيانَتُها عَنِ اللّـذاتِ و

(۴۳) اپنے نفس کی خدمت یہ ہے کہ اسے دنیاوی لذات اور ناجائز

المُـقتَنِياتِ و ريـاضَتُها بِـالعُلومِ و الحِكَـم و إجهادُها بالعبادات و الطاعاتُ و في ذلك نَجاةُ النفس.

مال کے منافع سے روکا جائے، اسے علوم اور حکمت کی باتوں کے ذریعے مہذب کیا جائے اور عبادت اور خدا کی اطاعت کے کاموں کا عادی بنادیا جائے اسی میں نفس کی نجات ہے۔

٤٤ ـ إنّ مَن بَذَلَ نَفسَهُ في طاعَةِ الله سبحانَه و رسولِه كانَت نَفسُهُ نـاجِيةً سـالِمةً و صَـفقَتُهُ رابِحةً غانِمةً.

(۴۴) بلاشبہ جو اپنے نفس کو خدا و اس کے رسول کی اطاعت میں دے دیتا ہے اس کا نفس نجات یافتہ اور سالم ہو جاتا ہے اور اسے اس سودے میں منافع بھی بہت ہوتا ہے۔

٤٥ ـ إنّ سَخاءَ النفسِ عما في أيدي النـاسِ لأفضلُ مِن سخاءِ البَذل.

(۴۵) انسان کے نفس کی لوگوں کے پاس موجود اشیاء سے سخاوت (نہ چاہنا) اپنے پاس موجود اشیاء کو عطا کر دینے سے زیادہ بافضیلت ہے۔

٤٦ ـ إنّ النَّفسَ لَجَوهَرَةٌ ثَمينَةٌ مَن صانَها رَفَعَها و مَنِ ابتَذَلَها وَضَعَها.

(۴۶) انسان کا نفس نہایت گراں قیمت ہے جو اس کو گناہ سے بچا لیتا وہ اس کا مقام بلند کر دیتا ہے اور جو اس کو (خواہشات اور شہوات میں) آلودہ کر لیتا ہے وہ اسے پست اور ذلیل کر دیتا ہے۔

٤٧ ـ إنّ نَفسَكَ لَخَدوعٌ إن تَثِق بِهـا يَـقتَدكَ الشيطانُ إلى اِرتكاب المَحارِم.

(۴۷) حقیقت یہ ہے کہ تمہارا نفس بہت زیادہ فریب دینے والا ہے اگر تم نے اس پر بھروسہ کر لیا تو شیطان تمھیں حرام اشیاء کے ارتکاب کی طرف کھینچ لے جائے گا۔

٤٨ ـ إنّ طاعةَ النفسِ و مُتابَعَةَ أهوِيَتِها اُسُّ كلِّ مِحنَةٍ و رأسُ كلِّ غَوايةٍ.

(۴۸) بتحقیق نفس (امارہ) کی فرمان برداریاں اور اس کی درخواستوں کی پیروی تمام رنج و غم کی اساس اور ہر گمراہی کا سر آغاز ہے۔

٤٩ ـ ظَلَمَ نَفسَهُ مَن رَضِيَ بِدارِ الفَناءِ عِوَضاً عَن دار البَقاء.

(۴۹) وہ اپنے اوپر ظلم کرتا ہے جو دار فنا سے، دار بقا کے عوض کے طور پر خوش و راضی ہو جاتا ہے۔

٥٠ ـ ظَـلَمَ نَـفسَهُ مَـن عَـصَى اللهَ و أطـاعَ الشيطان.

(۵۰) جس نے خدا کی نافرمانی اور شیطان کی اطاعت کی، اس نے اپنے نفس پر ظلم کیا۔

[۲۱۰]

# النَّوافِل = مستحبات

١ ـ لاٰ قُرْبَةَ بالنَّوافِل إذا أضَرَّت بالفَرائِض.

(۱) اگر مستحبات انجام دینے سے واجبات کو نقصان پہنچے تو وہ خدا کی قربت کا سبب نہ ہوں گے۔

٢ ـ إذا أضَرَّتِ النَوافِلُ بالفَرائِض فارفُضُوها.

(۲) جب کبھی مستحبات کے ذریعے واجبات کو نقصان پہنچے تو ان کو ٹھکرادو۔

٣ ـ إنَّ لِلقُلوبِ إقبالاً وإدباراً، فـإذا أقـبَلَت فاحمِلُوها على النَّوافِلِ، وإذا أدبَرَت فاقتَصِروا بها على الفَرائِض.

(۳) دل کبھی مائل اور کبھی اچاٹ ہو جاتے ہیں اگر مائل ہوں تو مستحبات انجام دینے کی ترغیب کرو اور اگر اچاٹ ہوں تو واجبات کی انجام دہی پر ہی اکتفا کرو۔

٤ ـ لا تُضَيِّعِ الفَرائِضَ وَتَتَّكِلَ على النَّوافِل.

(۴) خبردار ہرگز مستحبات پر عمل کرتے ہوئے واجبات کو ضائع نہ کرنا۔

٥ ـ إنّكَ إن اشتَغَلتَ بفَضائِلِ النَّوافِل عَن أداءِ الفَرائِض فَلَن يَقومَ فَـضلٌ تَكسِـبُه بِـفَرضٍ تُضَيِّعُه.

(۵) اگر تم مستحبات کے افضل اعمال پر عمل کرتے ہوئے واجبات سے محروم ہو گئے تو اس طریقہ سے جو ثواب اور فضیلت تم نے حاصل کیا ہے وہ کبھی ضائع شدہ واجبات کی جگہ پر نہیں کر سکتی۔

٦ ـ لا تَقْضِ نـافِلَةً في وقت فَـريضةٍ، إبـدأ بِالفَريضةِ ثم صَلِ ما بَدا لَك.

(۶) نماز واجب کے وقت میں کبھی مستحب نماز بجا نہ لاؤ پہلے واجب نماز بجالاؤ اور اس کے بعد جو چاہو بجالاؤ۔

٧ ـ المُـتَقَرِّبُ بِأداءِ الفـرائِـضِ و النَّـوافِـل مُتضاعِفُ الأَرباح.

(۷) فرائض و نوافل کے ذریعہ قربت خدا چاہنے والے کو دو گنا فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

[ ۲۱۱ ]

# النَّوْم = نیند

١ ـ نَومٌ على يَقينٍ خَيرٌ مِن صَلاةٍ في شَكٍّ.

(۱) یقین و معرفت کے ساتھ سونا حالت شک میں نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔

٢ ـ كَم مِن صائمٍ لَيسَ له مِن صِيامِه إلّا الجُوعُ الظَّمأُ، وكَم مِن قائمٍ لَيسَ لَهُ مِن قِيامِه إلّا السَّهَرُ والعَناءُ، حَبَّذا نَومُ الأكياسِ وإفطارُهُم.

(۲) کتنے ایسے روزہ رکھنے والے ہیں جن کو بھوک اور پیاس کے علاوہ کچھ نہیں ملتا اور کتنے راتوں کو عبادت کرنے والے ایسے ہیں جن کو اس کے بدلے صرف رت جگا اور تھکن ہی ملتی ہے۔ ہوشیار عارفوں کی نیندیں اور ان کی افطاریں کتنی اچھی ہیں۔

٣ ـ بِئسَ الغَريمُ النَّومُ، يُفني قَصيرَ العُمرِ، ويُفَوِّتُ كَثيرَ الأجرِ.

(۳) نیند کتنی بری شئے ہے جو قلیل عمر کو کم کر دیتی ہے اور کثیر اجر و ثواب کو ختم کر دیتی ہے۔

٤ ـ مَن كَثُرَ في لَيلِهِ نَومُهُ فاتَهُ مِن العَمَلِ ما لا يَستَدرِكُهُ في يَومِه.

(۴) جو رات کو بہت زیادہ سوتا ہے وہ ایسے عمل کو کھو دیتا ہے جس کی تلافی وہ دن میں نہیں کر سکتا۔

٥ ـ ما أنقَضَ النَومَ بِعَزائِمِ اليَومِ!

(۵) رات کی نیند دن کے عزم و استقامت کو کتنا زیادہ توڑنے والی ہے!

٦ ـ وَيلٌ للنائمِ ما أخسَرَهُ! قَصُرَ عُمرُهُ، وقَلَّ أجرُه.

(۶) برا ہو سونے والے کا وہ کتنے گھاٹے میں ہے! اس نے اپنی عمر تو کم کر ہی لی مگر اس کے ساتھ ساتھ اس کا اجر و ثواب بھی کم ہو گیا۔

٧ ـ كَثرَةُ الأكلِ و النومِ يُفسِدانِ النَّفسَ و يَجلِبانِ المَضَرَّة.

(۷) بہت زیادہ نیند اور خوراک نفس کو فاسد و تباہ کر دیتی ہے اور نقصان کا سبب بن جاتی ہے۔

٨ ـ النومُ راحَةٌ مِن ألَمٍ و مُلائِمَةُ المَوت.

(۸) نیند تکلیف سے آرام اور موت کے موافق ہے۔

[ ۲۱۲ ]

# الوَرَع = پرہیز گاری

١ ـ مَن قَلَّ حَياؤُهُ قَلَّ وَرَعُه، وَمَن قَلَّ وَرَعُهُ ماتَ قَلبُهُ، و مَن ماتَ قَلبُهُ دَخَلَ النّار.

(۱) جس کی حیا کم ہو جاتی ہے اس کی پرہیز گاری بھی کم ہو جائے گی اور جس کی پرہیز گاری کم ہو جاتی ہے اس کا دل مردہ ہو جائے گا اور جس کا دل مردہ ہو جاتا ہے وہ دوزخ میں داخل ہو گا۔

٢ ـ الزُهدُ ثَروةٌ، الوَرِعُ جُنّةٌ و نِعمَ القَرينُ الرِّضیٰ.

(۲) زہد، دولت پارسائی جہنم کے سامنے سپر ہے اور حوادث زندگی پر رضامندی، بہترین دوست ہے۔

٣ ـ لاٰ وَرَعَ كالوُقوفِ عِندَ الشُّبهَة.

(۳) شبہ کے وقت توقف سے بہتر کوئی پارسائی نہیں ہے۔

٤ ـ لا مَعقِلَ أحسَنُ مِنَ الوَرَع.

(۴) پرہیز گاری سے بہتر کوئی چیز انسان کو (گناہوں سے) نہیں بچاتی۔

٥ ـ [ الى عثمان بن حنيف ] ألاٰ و إنّ إمامَكم قد اكتفىٰ مِن دنياه بِطِمْرَيه و مِن طُعمِهِ بِقُرصَيه، ألا وإنَّكُم لا تَقدِرُونَ على ذلك، ولكِن أعِينُوني بِوَرَعٍ واجتهاد، وعِفَّةٍ وسَداد.

(۵) عثمان بن حنیف کو لکھا "بلاشبہ تمہارے امام نے ساری دنیا سے دو پرانے کپڑوں کے ٹکڑوں اور خوراک سے دو روٹیوں پر اکتفا کر لی ہے آگاہ رہو کہ تم ایسا نہیں کر سکتے لیکن پرہیزگاری، سعی و کوشش، پاکدامنی اور صحیح راستے کے ذریعے میرا ساتھ دو"۔

٦ ـ [ يا مالك ] الصَق بِأهلِ الوَرَعِ والصِّدق، ثمّ رُضْهُم عَلى ألّا يُطرُوكَ ولا يَبجَحُوك بِباطِلٍ لم تَفعَلْهُ فإنّ كِثرةَ الإطراءِ تُحدِثُ الزَّهْوَ و تُدني مِن العِزَّة.

(۶) "اے مالک! پرہیزگار اور سچے لوگوں سے اپنے کو وابستہ رکھو پھر انھیں اس کا عادی بناؤ کہ وہ تمھاری بڑھ چڑھ کر مدح سرائی نہ کریں اور جو کام تم نے انجام نہیں دیا اس کے بارے میں تمھاری تعریف کر کے تمہیں خوش نہ کریں اس لئے کہ زیادہ مدح سرائی غرور پیدا کر دیتی ہے اور سرکشی کی منزل سے قریب کر دیتی ہے"۔

٧ ـ ايها النّاس، الزَّهادةُ قِصرُ الأَملِ، والشُكرُ عِندَ النِعَمِ، والوَرَعُ عِندَ المَحارِمِ.

(۷) اے لوگو! زہد برتنا، (یعنی) امیدوں کو کم کرنا، نعمتوں کے سامنے شکر گذاری اور حرام کام کے وقت پارسائی اور پرہیز گاری ہے۔

٨ ـ تَركُ ما لا يَعني زِينَةُ الوَرَعِ.

(۸) بیہودہ اور لایعنی کاموں کو ترک کرنا پارسائی کی زینت ہے۔

٩ ـ مُخُّ الإيمانِ التَّقوىٰ والوَرَعِ، وهُما مِن أفعالِ القُلوبِ.

(۹) مخ ایمان تقوی اور پرہیزگاری ہے اور یہ دونوں دل کے اعمال میں سے ہیں۔

١٠ ـ كُن وَرِعاً تَكُن مِن أعبَدِ النّاسِ.

(۱۰) پرہیز گار رہو (تو) لوگوں میں سب سے زیادہ عابد ہو جاؤ گے۔

١١ ـ ما شيءٌ أهوَنُ مِن وَرَعٍ، إذا رابَكَ أمرٌ فَدَعهُ.

(۱۱) کوئی کام پرہیز گاری سے زیادہ آسان نہیں ہے، جب بھی تمھیں کسی معاملے میں شک ہو تو اسے چھوڑ دو۔

١٢ ـ ثَباتُ الإيمانِ بِالوَرَعِ، و زَوالُهُ بِالطَّمعِ.

(۱۲) ثبات ایمان پرہیز گاری سے اور اس کا زوال لالچ سے ہوتا ہے

١٣ ـ الوَرَعُ يُصلِحُ الدِّينَ، ويَصونُ النَفسَ، وَيزينُ المُرُوَّةَ.

(۱۳) پرہیز گاری دین کی اصلاح کرتی ہے، نفس کو گناہوں سے بچاتی ہے اور مروت کو زینت بخشتی ہے۔

١٤ ـ الوَرِعُ مَن تَنَزَّهَت نفسُه، وشَرُفَت خِلالُه.

(۱۴) پرہیز گار وہ ہے جس کا نفس آلودگیوں سے منزہ ہو اور جس کی دوستی نیک ہو جائے۔

١٥ ـ الوَرَعُ خَيرٌ مِن ذُلِّ الطَّمَعِ.

(۱۵) پرہیز گاری طمع کی ذلت سے بہتر ہے۔

١٦ ـ الوَرَعُ يَحجِزُ عَنِ ارتكابِ المَحارِمِ.

(۱۶) پرہیز گاری، محرمات سے روکتی ہے۔

١٧ ـ الوَرَعُ شِعارُ الأتقِياءِ.

(۱۷) پارسائی متقیوں کا شعار ہے۔

١٨ ـ إنَّما الوَرَعُ التَّطَهيرُ عَنِ المَعاصي.

(۱۸) صرف گناہوں سے پاکیزگی میں ہی پرہیز گاری ہے۔

١٩ ـ أصلُ الوَرَعِ تَجَنُّبُ الآثامِ، والتَنَزُّهُ عَنِ الحَرامِ.

(۱۹) پرہیز گاری کی اساس گناہوں سے اجتناب اور حرام کاموں سے پاکیزگی ہے۔

٢٠ ـ زادُ المَرءِ إلى الآخِرَةِ الوَرَعُ والتُّقىٰ.

(۲۰) آخرت کے لئے آدمی کا رخت سفر، تقوی اور پارسائی ہے۔

٢١ ـ حُبُّ الفَقرِ يَكسِبُ الوَرَعَ.

(۲۱) فقر کی محبت پرہیز گاری کی موجب ہوتی ہے۔

٢٢ ـ جَمالُ المُؤمِنِ وَرَعُه.

(۲۲) مومن کا جمال، اس کی پرہیز گاری ہے۔

٢٣ ـ شَيئانِ لا يُوازِنُهما عَمَلٌ: حُسنُ الوَرَعِ، والإحسانُ إلى المُؤمنين.

(۲۳) دو چیزوں کے برابر کوئی عمل نہیں ہو سکتا: پرہیز گاری کی خوبی اور مومنین کے ساتھ احسان۔

٢٤ ـ صَلاحُ الإيمانِ الوَرَعُ، وفَسادُهُ الطَّمَع.

(۲۴) ایمان کی اصلاح پارسائی میں ہے اور اس کی خرابی لالچ میں۔

٢٥ ـ مَن لَم يُصلِحْهُ الوَرَعُ أفسَدَهُ الطَّمَع.

(۲۵) جسے پرہیز گاری صالح نہ بنا سکے اسے طمع خراب کر دیتی ہے

٢٦ ـ مَن أحَبَّنا فَليَعمَل بِعَمَلِنا، وَليَتَجَلبَبِ الوَرَع.

(۲۶) جو ہم سے محبت کرتا ہے اسے ہمارے کام کو اختیار کرنا چاہیے اور جامہ پارسائی زیب تن کر لینا چاہیے۔

٢٧ ـ نِعمَ الرَّفيقُ الوَرَعُ وبِئسَ القَرينُ الطَمَع.

(۲۷) بہترین رفیق پرہیز گاری ہے اور بدترین ساتھی لالچ ہے۔

٢٨ ـ وَرَعُ الرَجُلِ علىٰ قَدرِ دِينه.

(۲۸) انسان کی پارسائی اس کی دینداری کے برابر ہی ہو گی۔

٢٩ ـ وَرعٌ يُعِزُّ خيرٌ مِن طَمَعٍ يُذِلُّ.

(۲۹) عزت عطا کرنے والی پرہیزگاری ذلیل کر دینے والی طمع سے بہتر ہے۔

٣٠ ـ وَرَعُ المرءِ يُنزِّهُهُ عن كلِّ دَنِيَّةٍ.

(۳۰) انسان کی پرہیزگاری اسے ہر طرح کی برائی سے منزہ کر دیتی ہے۔

[۲۱۳]

# الوسط = وسط

١ ـ اليمنُ و الشِّمال مَضَلَّةٌ و الطريقُ الوُسطىٰ هي الجادة، عليها باقِ الكتاب و آثارُ النُبوَّة.

(۱) دائیں اور بائیں طرف منحرف ہونا گمراہی ہے صحیح راستہ وہی درمیان کا راستہ ہے قرآن کریم اور آثار نبوت (اہل بیت) اسی پر دلالت اور تاکید کرتے ہیں۔

٢ ـ نَحنُ النُّمرُقَةُ الوُسطىٰ، بها يَلحَقُ التالي و إليها يَرجِعُ الغالي.

(۲) ہم اعتدال کی وہ تکیہ گاہ ہیں جس سے پیچھے رہ جانے والا آخر کار ملحق ہو گا اور آگے بڑھ جانے والا بھی اسی کی طرف لوٹے گا۔

٣ ـ خيرُ النـاسِ فيَّ حـالاً، النَّمـطُ الأوسـطُ فَالزمُوه.

(۳) میرے متعلق درمیانی راستہ اختیار کرنے والے ہی سب سے بہتر ہوں گے اس لئے اسی راہ پر جمے رہو۔

٤ ـ [ يا مالك ] وليَكُـن أحبُّ الأمُـورِ إليك أوسَطَها في الحقِ و أعَمَّها في العدلِ و أجمَعَها لِرِضَى الرَّعيَّة.

(۴) (اے مالک) تمھاری نظر میں وہ کام سب سے زیادہ محبوب ہونا چاہیے جو حق کے اعتبار سے درمیانہ، عدل کے لحاظ سے سب زیادہ عام اور سب سے زیادہ رعایا کی مرضی کے مطابق ہو۔

٥ ـ خَيرُ الأُمورِ أوساطُها.

(۵) کاموں میں سب سے بہتر ان کا درمیانی راستہ ہے۔

٦ ـ عليكُم، بأوساطِ الأُمور، فإنَّه إليها يَرجِعُ الغالي، وبها يَلحَقُ التالي.

(۶) تمہارے لئے تمام کاموں میں درمیانی کام لازم ہے اس لئے کہ اسی کی طرف غالی لوٹے گا اور اسی سے پیچھے رہ جانے والا ملحق ہو گا۔

٧ ـ كُن في الناسِ وَسَطاً، وامشِ جانِباً.

(۷) لوگوں کے درمیان متوسط راستہ اختیار کرو اور ایک طرف ہو کر چلو۔

٨ ـ خَيرُ هذِه الأمَّةِ النَمطُ الأوسَطُ، يَـرجِـعُ إليهم الغالي، ويَلحَقُ بِهِم التّالي.

(۸) اس امت کے بہترین لوگ متوسط لوگ ہوں گے غلو کرنے والا انھیں کی طرف لوٹے گا اور پیچھے رہ جانے والا بھی انھیں سے آکر ملحق ہو گا۔

[ ٢١٤ ]

# الوطن = وطن

١ ـ الغِنى في الغُربةِ وَطَنٌ، والفقرُ في الوَطَنِ غُربةٌ.

(۱) تونگری میں غربت بھی وطن ہے اور فقر و ناداری کے عالم میں اپنا وطن بھی عالم غربت ہے ۔

٢ ـ ليسَ بَلَدٌ بِأحقَّ مِنْ بَلَدٍ، خَيرُ البِلادِ ما حَمَلَك.

(۲) تمہارے لئے کوئی شہر دوسرے شہر سے زیادہ اچھا نہیں ہے، بہترین شہر وہ ہے جو تمہارا بوجھ اٹھائے ۔

٣ ـ مِن كَرَمِ المَرءِ: بُكاهُ على ما مَضىٰ مِن زَمانِه، وحَنينُهُ إلى أوطانِه، وحِفْظُهُ قَديمِ إخوانِه.

(۳) آدمی کی کرامت اور بزرگواری میں سے ہے کہ وہ اپنی گزشتہ زندگی پر آنسو بہائے، اپنے وطن واپس جانے کی آرزو رکھے اور اپنے قدیمی ساتھیوں کی دوستی محفوظ رکھے ۔

٤ ـ عَمَرَتِ البُلدانُ بِحُبِّ الأُوطان.

(۴) شہروں کی تعمیر و آبادی وطن دوستی کی وجہ سے ہوئی ۔

٥ ـ شَرُّ الأُوطانِ ما لَم يَأمن فيه القُطّان.

(۵) سب سے برے وطن وہ ہیں جن کے رہنے والے امن و امان میں نہ ہوں۔

٦ ـ شَرُّ البِلادِ بَلَدٌ لا أمنَ فيه ولا خِصبٌ.

(۶) سب سے برے وطن وہ ہیں جہاں امن و امان اور سرسبزی و شادابی کا وجود نہ ہو۔

٧ ـ الحُمقُ في الوَطَنِ غُربَةٌ.

(۷) وطن کے اندر حماقت، غربت اور بے وطنی ہے ۔

٨ ـ الفَقيرُ في الوَطَنِ مُمتَهَنٌ.

(۸) اپنے وطن میں فقیر کی اہانت ہوتی ہے ۔

٩ ـ الدُّنيا دارُ الغُرباء و مَواطِنُ الأشقياء.

(۹) دنیا اجنبیوں کی سرائے اور بدبخت لوگوں کا وطن ہے ۔

١٠ ـ دارُ البَقاءِ مَحَلُّ الصِّديقينَ و مَوطِنُ الأبرارِ و الصالحين.

(۱۰) ہمیشہ باقی رہنے والی منزل صدیقیم کی جگہ، اور صالح و نیک افراد کا وطن ہے ۔

١١ ـ فَضِيلةُ السلطانِ عِمارَةُ البُلدان.

(۱۱) بادشاہ کی فضیلت شہروں کو آباد کرنے میں ہے ۔

١٢ ـ ليس في الغُربَةِ عارٌ إنَّما العارُ في الوَطَنِ و الإفتقار.

(۱۲) غریب الوطنی میں کوئی ننگ و عار نہیں بلکہ عار وطن میں رہنے اور محتاج ہونے میں ہے ۔

[۲۱۵]

# الوعد = وعدہ و نوید

١ ـ المسؤولُ حُرٌّ حتّى يَعِد.

(۱) مسئول و سرپرست اس وقت تک آزاد ہوتا ہے جب تک وہ کوئی کوئی وعدہ نہ کرے۔

٢ ـ أمْرَانِ لا يَـنفكّانِ مِـنَ الكِـذب: كَـثْرَةُ المَوَاعِيد، وشِدَّةُ الإعتذار.

(۲) دو چیزیں کبھی جھوٹ سے خالی نہیں ہو سکتیں: بہت زیادہ وعدہ کرنا اور بہت زیادہ عذر خواہی کرنا۔

